حصہ سوم

قال اللہ تعالیٰ وقولوا للناس حسنا الآیۃ

چوں نص مزبور مخبر ست از مطلوبیت کلمات حسنہ تکلماً بالمطابقہ
واستماعاً واشاعۃ بالالتزام وکراسۃ

الافاضات الیومیہ

من

الفادات القومیہ

کہ حصہ ایست از ملفوظات سراج الملۃ حکیم الامۃ مولانا مولوی شاہ محمد اشرف علی صاحب
تھانوی دام ظلہم مصداقے بود از ہمچنیں کلمات حسنہ بنا علیہ

الحقیر شبیر علی از مطبع اشرف المطابع تھانہ بھون باہتمام اشاعت کرد

رسالہ المبلغ ۸ ج

بابتہ ماہ ربیع الثانی سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الافاضات الیومیہ من الافادات القومیہ

حصہ سوم

۲۹۶۰۲۲
۲۳۱۶۹
۷۰3
DATA ENTERED

از ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم شنبہ،

نصرۃ النساء

مردوں کے ظلم اور تعدی کی بنا پر حضرت والا نے عورتوں کے حقوق اور ان کے ساتھ زندگی کے دستور العمل کے متعلق احکام شریعت کے ماتحت حسب ذیل تقریر فرمائی ؛

۸۸

(ملفوظ) فرمایا کہ آج ایک بی بی کا خط آیا ہے عرصہ تقریباً چالیس ۴۰ برس کا ہوا ہے مجھسے بیعت ہوئی تھیں یہ بی بی نہایت دیندار ہیں خاوند کے ستانے اور بے مروتی اور بیوفائی کی شکایتیں لکھی ہیں جسکو پڑھکر بیحد دل کو قلق اور صدمہ ہوا۔ فرمایا کہ ان عورتوں کے بارہ میں عدم ادائے حقوق کے متعلق لوگوں نے بیحد ظلم پر کمر باندھ رکھی ہے اس غریب نے یہانتک لکھا ہے کہ روتے روتے میری بینائی کمزور ہوگئی ہے کبھی کبھی جی میں آتا ہے کہ کپڑے پھاڑ کر باہر نکل جاؤں یا کنوئیں میں ڈوب مروں مگر دین کے خلاف ہونیکی وجہ سے کچھ نہیں کر سکتی دل کو سمجھا کر رک جاتی ہوں شب و روز سوائے رونے کے کوئی کام نہیں فرمایا کہ بڑے ظلم کی بات ہے آخر رونے کے سوا اور بیچاری کرے بھی کیا۔ ان بی بی کے عقد ثانی کو تقریباً عرصہ ستر دبرس کا ہوا ان صاحب نے بڑی آرزوں اور تمناؤں سے ان بی بی سے نکاح کیا تھا اسوقت رنگ و روغن اچھا ہوگا اسوقت تو سفارشیں کراتے پھرتے

Marfat.com

تھے لوٹ ہو رہے تھے اب ضعیفی کا وقت ہے اب بیچاری کو منہ بھی نہیں لگاتے حتی کہ نان نفقہ سے بھی محتاج ہے میاں عمر میں چھوٹے ہیں اور بیوی بڑی ہیں۔ فرمایا کہ اتنے زمانہ تک رفاقت رہی یعنی سترہ برس اسکا ہی حق ادا کیا ہوتا کیا ٹھکانا ہے اس سنگدلی اور بے رحمی کا کسی بات کا بھی اثر نہیں۔ اگر وہ بیچاری کہتی بھی ہے کہ میری دیرینہ خدمات کا کیا یہی ثمرہ ہے تو کہتے ہیں تو نے خدمات ہی کونسی کی ہیں۔ فرمایا کہ نہ معلوم خدمات کی فہرست ان کے ذہن میں کیا ہے جسکو یہ پورا نہ کر سکیں۔ میں آجکل ایک رسالہ لکھ رہا ہوں اسمیں ان ہی عاجزوں کے حقوق کے متعلق بیان کیا گیا ہے حکومت کرنے کو تو سبکا جی چاہتا ہے محکوم پر اسکا مضائقہ نہیں مگر محکوم کے کچھ حقوق بھی تو ہیں انکی بھی تو رعایت کی ضرورت ہے۔ فرمایا کہ ذکر کرنے کی تو بات نہ تھی مگر چونکہ ضرورت ہے اسلئے کہتا ہوں کہ میرے گھر والوں سے معلوم کیا جائے کہ میں اپنے گھر والوں پر کسقدر حکومت کرتا ہوں اور اُن سے کیا کیا خدمتیں لیتا ہوں۔ الحمد للہ میں نہ خود مقید ہوتا ہوں نہ دوسروں کو مقید کرتا ہوں بادشاہوں کی سی زندگی بسر ہوتی ہے۔ میرا معمول ہے کہ گھر جاکر دیکھا کہ تازی روٹی نہیں پکی تو باسی روٹی کھالی اور اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ دیکھا کہ وہ کسی کام میں مشغول ہیں خود اپنے ہاتھ سے روٹی لیلی پانی بھر کر پاس رکھ لیا برتن لیکر اپنے ہاتھ سے سالن لیلیا اور بیٹھکر کھالیا بلکہ یہانتک کرتا ہوں کہ دیکھتا ہوں کہ وہ روٹی وغیرہ پکانے میں مشغول ہیں اور انکو کسی چیز کی ضرورت ہے اکثر گھروں میں ایسا ہوتا ہے مثلاً پانی کی ضرورت ہے اپنے ہاتھ سے نل سے یا گھڑے سے لوٹا بھر کر دیدیتا ہوں اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ جاکر جب دیکھا کہ فارغ ہیں تو کہدیا کہ کھانا لاؤ وہ بیچاری دیدیتی ہیں ان باتوں کی رعایت رکھنا ضروری ہے اور مشغولی عدم مشغولی ہی پر کیا موقوف ہے انسان ہی تو ہے ہر وقت طبیعت یکساں نہیں رہتی کسی وقت خادم کی طبیعت پر کسل ہوتا ہے اور اپنی طبیعت بشاش دیکھی اپنے سب کام اپنے ہاتھ سے کر لئے غرضکہ اسکا کوئی معمول یا التزام نہیں کہ وہ ہی کریں سو اگر حدود میں رہتے ہوئے اور انکے راحت و آرام کا خیال کرتے ہوئے اُن سے خدمت بھی لیجائے تو کوئی مضائقہ نہیں آخر ہیں کس مرض کی دوا لیکن بے مروتی اور بے رحمی اور ظلم کا درجہ تو نہ ہونا چاہئے۔ یہ عورتوں کا طبقہ تو مردوں کے ہاتھ میں مردہ بدست زندہ کا مصداق ہوتا ہے انکو ستانے سے کے رکعت کا ثواب ملتا ہے اگر ایسی ہی بہادری اور حکومت کا جوش ہے

رسالہ المبلغ ص ۸ بابتہ ماہ ربیع الثانی ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

توکسی قدرت والے پر آدمی حکومت کرے ہم تو جب جانیں مثلاً کوئی ملازم ہو اور ہو ٹرا اسکو ذرا کچھ کہیں میاں کو حکومت کی حقیقت معلوم ہو جائے بعض بے رحم تو حدود سے گذر کر عورتونکو زدوکوب کرتے ہیں جسکے تصور سے بھی وحشت ہوتی ہے عورتوں پر اس قسم کے تشدد کرنا نہایت کم حوصلگی اور بزدلی کی دلیل ہے جو مرد کی شان کے بالکل خلاف ہے میں یہ عرض کر رہا تھا کہ میں بہت سے کام اپنے ہاتھ سے کر لیتا ہوں تو مجھکو کونسی تکلیف ہوتی ہے اور میرا کونسا کام ہونے سے رہجاتا ہے۔ بلکہ جیسی مجھے اس سے راحت ہوتی کہ وہ میری خدمت کرتیں اس سے بھی راحت ہوتی ہے کہ انکو راحت ملگئی۔ رات کو مجھکو نیند کم آتی ہے تو گھر والوں کو سوتا دیکھکر خدا کا شکر ادا کرتا ہوں کہ انکو تو نیند آرہی ہے ورنہ دو قلق جمع ہو جاتے ایک اپنے نہ سونے کا اور نیند نہ آنیکا اور ایک الگا۔ پھر گھر سے چلنے کے وقت پوچھتا ہوں کہ کوئی ضروری کام میرے متعلق تو نہیں میں جا رہا ہوں اگر کہا کہ کوئی کام نہیں چلا آیا اگر کہا کہ ہے بیٹھ گیا مثلاً کوئی خط ہی لکھوانا ہے سو اس کام کو پورا کر کے چلا آیا۔ کھانا کھاکے فارغ ہوا اور پان کو جی چاہا پوچھ لیا کہ پاندان کہاں ہے انھوں نے بتلا دیا اسمیں سے پان نکالکر کھا لیا آجکل کے نوجوانوں کا محاورہ ہے کہ بیوی کو رفیق زندگی کہتے ہیں۔ ارے بھلے مانسو رفاقت کا کوئی حق بھی ادا کرتے ہو یا محض الفاظ ہی الفاظ ہیں عملی صورت میں تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ بیچاری کو فریق زندگی بنا رکھا ہے۔ اور سنئے کہ خاوند کی طرف سے تو یہ ظلم اور تشدد اب وہ شکایت کرتی ہے ماں باپ سے اکثر وہ بھی اُسی کو دباتے اور دھمکاتے ہیں اب بیچاری کے پاس کوئی ذریعہ بظاہر نہیں رہا بجز اسکے کہ وہ خدا سے فریاد کرے اور کوسا کرے اور واقعی وہ کوسنا کوس نہ دو کوس اسقدر قریب ہوتا ہے کہ فوراً قبول ہوتا ہے مظلوم کی آہ حق سبحانہٗ تعالیٰ بہت قبول فرماتے ہیں۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ عورتیں تو خود ہی گھر کے اسقدر کام کرتی ہیں اور مشقتیں اٹھاتی ہیں کہ کسی وقت چین سے نہیں بیٹھتی ہیں تو وہ خود ہی راحت نہیں چاہتیں۔ فرمایا انکا ایسا کرنا انکی ذاتی مصلحت سے ہے وہ یہ ہے کہ اس سے انکی تندرستی ٹھیک رہتی ہے مثلاً کھانا پکانا ہے پیسنا ہے کوٹنا ہے خود ہمارے گھروں میں سب کام اپنا اپنے ہاتھ سے کرتی ہیں حتی کہ اگر ضرورت ہو تو سیر دو سیر پیس بھی لیتی ہیں سو وہ اگر اپنی رائے اور مصلحت سے مشقت اختیار کریں یہ دوسری بات ہے مگر اُنپر ظلم کی راہ سے مشقت ڈالنا نہایت بے رحمی

Marfat.com

اور بے مروتی کی بات ہے۔ فرمایا کہ ان بی بی کے خاوند نے ایکمرتبہ مجھسے خود شکایت کی تھی کہ یہ وظیفہ وظائف میں رہتی ہیں میری خدمت کی پرواہ نہیں کرتیں بندہ خدا ایسی کونسی خدمات ہیں جو بغیر وظائف ترک کئے ہوئے نہیں ہوسکتیں مرد کی خدمات ہی کیا ہیں چند محدود خدمات یہ دوسری بات ہے کہ خدمات کا باب اسقدر وسیع کر دیا جائے جنکا پورا کرنا ہی بیچاری پر دوبھر ہوجائے۔ پھر فرمایا کہ ایک مقولہ مشہور ہے کہ مرد ساٹھا پاٹھا اور عورت بیسی کھیسی سو عورتیں اعضاء کا جلد ضعیف ہوجانا اسکا سبب بھی زیادہ یہ ہی ہے کہ اُسپر ہر وقت غم اور رنج کا ہجوم رہتا ہے سیکڑوں اذکار گھیرے رہتے ہیں امور خانہ داری کا انتظام بیچاری کے ذمہ ڈالکر مرد صاحب بیفکر ہوجاتے ہیں وہ غریب کھپتی ہے مرتی ہے۔ اگر یہ حضرت دو روز بھی انتظام کرکے دکھادیں ہم تو اسوقت انکو مرد سمجھیں باوجود ان سب باتوں کے کمال یہ ہے کہ اپنی زبان سے اظہار بھی نہیں کرتی کہ مجھپر کیا گذر رہی ہے۔ یہ سبب ہے عورت کے جلد ضعیف ہونیکا۔ یہاں پر بعض عورتیں عیش اور راحت میں ہیں اور عمر انکی تقریباً چالیس چالیس پینتالیس پینتالیس برس کی ہے کم وبیش مگر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ابھی سال دو سال کی بیاہی ہوئی آئی ہیں اور انکو کوئی پچیس برس کی عمر سے زائد نہیں بتلا سکتا تو بیوی کو عیش و آرام میں رکھنا ایک یہ بھی بڑی حکمت ہے کہ وہ تندرست رہیگی ضعیفی کا اثر جلد نہ ہوگا دراز مدت تک ان کے کام کی رہیگی مگر لوگ اپنے راحت و مصلحت کا خیال کرکے بھی تو انکی رعایت نہیں رکھتے اور میں یہ نہیں کہتا کہ جوروں کے غلام بنجاؤ ہاں یہ ضرور کہتا ہوں کہ حدود کی رعایت رکھو اور ظلم تک نوبت نہ پہونچاؤ اگر کبھی ضرورت ہو دباؤ بھی دھمکاؤ بھی کوئی حرج نہیں حاکم ہوکر رہنا چاہئے اور محکوم کو محکوم بنکر لیکن جیسے محکوم کے ذمہ حاکم کے حقوق ہیں اسی طرح حاکم کے ذمہ محکوم کے بھی حقوق ہیں انکو پیش نظر رکھتے ہوئے برتاؤ کرنا چاہئے۔ ایک مولوی صاحب فرماتے تھے کہ عورتوں کے ذمہ واجب ہے کھانا پکانا۔ میری رائے ہے کہ ان کے ذمہ واجب نہیں میں نے اس آیت سے استدلال کیا ہے عدم وجوب پر ومن ایاتہ ان خلق لکم من انفسکم ازواجا لتسکنوا الیہا وجعل بینکم مودۃ ورحمۃ حاصل یہ ہے کہ عورتیں اسواسطے بنائی گئی ہیں کہ اُن سے تمھارے قلب کو سکون ہو قرار ہو جی بہلے تو عورتیں جی بہلانیکے واسطے ہیں نہ کہ روٹیاں پکانے کے واسطے اور آگے جو فرمایا کہ تمھارے درمیان محبت و

Marfat.com

ہمدردی پیدا کردی - میں کہا کرتا ہوں کہ مودۃ یعنی محبت کا زمانہ تو جوانی کا ہے اُسوقت جانبین میں جوش ہوتا ہے اور ہمدردی کا زمانہ ضعیفی کا ہے دونوں کا اور دیکھا بھی جاتا ہے کہ ضعیفی کی حالت میں سوائے بیوی کے دوسرا کام نہیں آسکتا - اس ضعیفی اور ہمدردی پر ایک حکایت یاد آئی ایک مقام میں ایک ولائتی رئیس تھے گورنمنٹ میں انکا بڑا اعزاز اور بڑی قدر تھی یہ کابل سے یہاں آکر رہے تھے گورنمنٹ نے کچھ گاؤں دیدئے تھے انکی بیوی کا انتقال ہوگیا کلکٹر صاحب تعزیت کیلئے آئے ملاقات ہوئی کلکٹر صاحب نے فرمایا کہ آپ کی بیوی کا انتقال ہوگیا ہمکو بڑا رنج ہوا اسپر یہ ولایتی صاحب اپنی ٹوٹی پھوٹی زبان میں فرماتے ہیں کلکٹر صاحب (کلکٹر صاحب) وہ ہمارا بیوی نہ تھا ہمارا اماں تھا ہمکو گرم گرم روتی (روٹی) کہلاتا تھا پنکھا جھلتا تھا ٹھنڈا ٹھنڈا (ٹھنڈا ٹھنڈا) پانی پلاتا تھا یہ کہتے جاتے تھے اور روتے جاتے تھے خیر وہ تو ولایتی تھے کچھ ایسے لکھے پڑھے نہ تھے اپنی سادگی سے ایسا کہدیا مگر ایک ہندو لیڈر نے اپنے ایک لکچر میں یہ ہی کہا کہ یہ میری بیوی نہیں اماں ہے یہ میں نے خود ایک اخبار میں دیکھا ہے یہ تو تعلیم یافتہ بیرسٹری پاس کئے ہوئے ہے اس کو کیا سوجھی یہ بھی کوئی فخر کی بات تھی - میں یہ کہہ رہا تھا کہ ضعیفی میں سوائے بیوی کے کوئی کام نہیں آسکتا - ایسے بہت واقعات ہیں شاہجہانپور میں ایک صاحب نے نوے برس کی عمر میں شادی کی تھی لڑکے لڑکیاں بہوئیں سب خلاف تھے اور یہ کہتے تھے کہ ہم خدمت کو موجود ہیں آپکو نکاح کی ضرورت ہی کیا ہے بڑے میاں نے کہا کہ تم میری مصلحت کو کیا سمجھ سکتے ہو - اتفاق سے بڑے میاں بیمار ہوگئے اور بیماری بھی دستوں کی اور ان دستوں میں تعفن بحد کہ مکان تک سڑ جاتا تھا لڑکے لڑکیوں وغیرہ میں سے کوئی پاس نہ آیا سب نفرت کرتے تھے اس بیوی بیچاری نے خدمت کی اور ذرا نفرت نہیں کی باوجود اسکے کہ نئی شادی ہوکر آئی تھی اور عمر بھی تھوڑی تھی ایسا تعلق ہوتا ہے بیوی کو خاوند سے جسکی خاوند صاحب کو قدر بھی نہیں ہوتی **دوسرا واقعہ** - ایک صاحب بڑے آدمی تھے انھوں نے نکاح کیا مگر انکو ضعف تھا کشتوں وغیرہ سے کام چل جاتا تھا ایک طبیب نے نہایت گرم کشتہ دیدیا جس سے انکو جذام کا مرض ہوگیا تمام بدن پھوٹ نکلا کوئی پاس جانا بھی گوارا نہ کرتا تھا مگر بیوی کے اولاد ہوتی تھی تو ایسی حالت میں بھی اسنے نفرت نہ کی اور کسی خدمت سے عذر نہ کیا

Marfat.com

کیا ٹھکانا ہے اس تعلق اور ایثار کا دوسرا کر نہیں سکتا۔ **تیسرا واقعہ** حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے آخر وقت میں نکاح کیا تھا محض اسوجہ سے کہ حضرت کو ناسور کا مرض ہو گیا تھا اسکی دیکھ بھال سوائے بیوی کے ہو نہیں سکتی تھی وہ بی بی بیچاری برابر اپنے ہاتھ سے شب و روز میں کئی کئی مرتبہ دھوتیں اور صاف کرتی تھیں نہایت خوشی کے ساتھ کوئی گرانی یا نفرت انکو نہ ہوتی تھی دنیا میں کوئی اس تعلق کی نظیر پیش نہیں کر سکتا۔ **چوتھا واقعہ** حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے آخر عمر میں نکاح کیا اسکی وجہ یہ تھی کہ حضرت پیرانی صاحبہ بانجھ ہو گئیں تھیں۔ حضرت نے محض خدمت کی غرض سے نکاح کیا تھا یہ بی بی حضرت کی بھی خدمت کرتیں اور پیرانی صاحبہ کی بھی۔ ان واقعات سے پتہ چلتا ہے کہ عورت محض شہوت ہی کیلئے تھوڑا ہی ہوتی ہے اور بھی مصالح اور حکمتیں ہیں۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ بعض عورتیں پھوہڑ ہوتی ہیں اس وجہ سے بھی بعض اوقات خاوند کو اسکی حرکات سے بددلی پیدا ہو جاتی ہے۔ فرمایا کہ عورت کا پھوہڑ ہونا تو اپنے ایک خاص اثر کے سبب ایسے کمال کی صفت ہے جو نہایت ہی محبوب اور قدر کی چیز ہے اور وہ خاص اثر عفیفہ ہونا ہے پھوہڑ عورتیں اکثر عفیفہ ہوتی ہیں بخلاف غیر عفیفہ عورتوں کے کہ وہ ہر وقت بناؤ سنگار اور تصنع اور ظاہری تہذیب و صفائی میں رہتی ہیں اسی طرح بعض عورتیں بدمزاج بدخلق ہوتی ہیں مگر یہ بھی ان کے کھرے پن کی دلیل ہے بعض تو خاوند تک کو منہ نہیں لگاتیں مگر مجھکو ایسی عورتوں کی عفت میں شبہ نہیں ہوتا اور غیر عفیفہ بس چکنی چپڑی رہتی ہیں اور پھر ظاہری اخلاق بھی شائستہ ہوتے ہیں یہ خطرناک ہوتی ہیں اپنی چالاکیوں سے اپنی شرارتوں کو بلی کے گو کی طرح چھپاتی ہیں اور مرد کو گرویدہ بنائے رکھتی ہیں ایسی عورتوں پر مجھے اطمینان نہیں۔ اور پھوہڑ عورت کا پھوہڑ پن گو طبعاً ناگوار ہوتا ہے وہ اسلئے کہ بھنگن سی بنی ہوئی ہے نہ بات میں مزا نہ اٹھنے بیٹھنے کی تمیز نہ کھانا پکانے کا سلیقہ نہ بچوں کی خبر گیری اور خدمت مگر ایک صفت عفت کی وجہ سے اسکی تمام برائیاں اور بدتمیزیاں بدل بہ کمال ہو جاتی ہیں کہ وہ عفیفہ ہوتی ہیں مجھکو ایسی عورتوں پر بیحد اطمینان ہے عفیف ہونے ہی کی وجہ سے وہ بناوٹی باتوں سے مستغنی ہے اس بنا پر یہ عورت کا ایک بہت بڑا جوہر ہے اسکی قدر کرنا چاہیئے۔ خیر سب کچھ سہی مگر ہر حال میں ہر شئے کے حدود ہیں عورتوں کو مجبور

رسالہ المبلغ ص ۸ ج ۸ — بابتہ ماہ ربیع الثانی ۵۶ھ

Marfat.com

اور کمزور سمجھکر ظالم تو نہ بننا چاہئے۔ بادشاہ اپنی رعیت پر حکومت کرے گوارا مگر ظلم گوارا نہیں۔ اور یہاں تو خاوند اور بیوی میں محض حاکم اور محکومیت ہی کا علاقہ نہیں۔ بلکہ دو علاقہ ہیں ایک حکومت کا دوسرا محبوبیت کا دونوں کے حقوق ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ بڑا شبہ بعضے مردوں کو اس سے ہوتا ہے کہ مرد تو اظہار محبت کرتا ہے اور عورت اظہار محبت نہیں کرتی مگر اسکی وجہ یہ ہے کہ مرد کیلئے تو اظہار محبت زینت ہے اور عورت کیلئے عیب ہے اسکو شرم حیا رمانع ہوتی ہے گو دل میں اسکے سب کچھ ہوتا ہے جسکا رات دن واقعات سے مشاہدہ ہوتا ہے مزاحاً فرمایا کہ اگر مجھکو سلطنت ملجائے تو میں سب سے پہلا اعلان یہ کروں کہ جو عورتیں ستائی جائیں اور انپر ظلم ہو تو وہ میرے یہاں درخواست کریں میں تحقیق کرکے فیصلہ اور راحت رسانی کا انتظام کرونگا مگر خدا گنجے کو ناخون ہی کیوں دینے لگا جب پہلے ہی سے یہ نیت ہے کہ مردوں کو مارو لگا مرد ووٹ ہی نہ دیں گے گو عورتیں روٹ پکا کر کھلادیں کیونکہ انکی نصرت اور اعانت ہوگی اسلئے کہ آجکل سلطنت ووٹ پر موقوف ہے ایک صاحب نے عرض کیا کہ قرآن میں عورتوں کو مکار فرمایا گیا ہے فرمایا سبکا مکار ہونا تو کہیں قرآن میں نہیں آیا البتہ حدیث شریف میں ناقص العقل والدین فرمایا ہے پھر حضور نے اس ناقص ہونیکی شرح بھی فرمادی ہے تاکہ اعتقاد میں حدود سے تجاوز نہ ہوجائے مثلاً دین کا نقصان اسکو فرمایا کہ یہ حیض میں نفاس میں نماز نہیں پڑھ سکتیں اور نقصان عقل اسکی شہادت کا نصف ہونا فرمایا سو یہ نقصان عقل و دین کوئی معصیت نہیں جو مقتضی ہو انپر تشدد کرنے کو پھر فرمایا کہ آج عورتوں کی میں نے بیحد نصرت کی ہے اسلئے اس ملفوظ کا نام نصرۃ النساء کہدینا مناسب ہے۔ ۴۰

۱۱ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم یکشنبہ

(ملفوظ ۸۹) ایک سلسلہ گفتگو میں کسی خاص معاملہ کی نسبت فرمایا کہ اسکو اعتقاد ہی نہیں کہتے۔ اعتقاد تو اسکو کہتے ہیں جو جازم ہوتا ہے جو ٹل نہیں سکتا ہرٹ نہیں سکتا۔ جیسے کوئی کسی پر عاشق ہوجائے تو اسکو کوئی بات بھی ہٹا نہیں سکتی یہ ہے حقیقت اعتقاد کی۔

(ملفوظ ۹۰) فرمایا کہ لوگ طریق کی حقیقت سے بے خبر ہیں ایک شخص کا خط آیا تھا لکھا تھا کہ میں

Marfat.com

ذکر و شغل کی حالت میں بھی کبائر میں مبتلا رہتا تھا اب سمجھا کہ طریق کیا چیز ہے پہلے ذکر و شغل کو طریق سمجھتے تھے جو کبائر کی ساتھ بھی جمع ہو سکتا ہے۔ فرمایا کہ اللہ بچائے جہل سے۔

۱۱ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم یکشنبہ

۹۱ (ملفوظ) فرمایا کہ ایک صاحب نے سرمہ بھیجا ہے جسکا وزن ایک تولہ ہے اور قیمت آٹھ آنہ ہے لکھا ہے کہ ویسے ہی نذر کرتا ہوں۔ ایک ہفتہ استعمال کے بعد نفع ظاہر ہوگا جو نفع ہو اسکو تحریر فرماویں میں اسکو شائع کرونگا۔ میں نے سرمہ واپس کر دیا اور لکھدیا ہے کہ میں کوئی چیز بدون اپنے معالج کے مشورہ کے استعمال نہیں کیا کرتا لہذا آپکا سرمہ واپس ہے فرمایا اسکی وجہ سے میں اپنی آنکھوں کو تختۂ مشق بناؤں موافق آئے نہ آئے اگر کوئی مضرت پہونچگئی تو اسکا کیا بگڑ جائیگا زحمت تو مجھکو اٹھانا پڑیگی میں ہمیشہ اسکی احتیاط رکھتا ہوں۔

۹۲ (ملفوظ) ایک صاحب نے حضرت والا کیلئے ایک چادر بطور ہدیہ بھیجی اسپر حضرت والا کا یہ جواب گیا۔ السلام علیکم۔ قبول کرکے عرض ہے کہ بدون مشورہ لئے ہوئے کوئی چیز بھیجنے کا نتیجہ اکثر یہ ہوتا ہے کہ وہ چیز حاجت سے زائد ہوتی ہے اب بجز فروخت کوئی سبیل نہیں اور قیمت نہ معلوم ہونیسے خسارہ کا احتمال ہوتا ہے۔

۹۳ (ملفوظ) کسی مسماۃ کے آنے کے متعلق ایک سوال کے جواب میں فرمایا کہ کسی سے اسکے حالات خود پوچھکر جرح و قدح کرنا اچھا نہیں معلوم ہوتا اگر وہ مسماۃ خود کچھ کہتیں اور یہاں پر آنیکی وجہ بیان کرتیں تو اسکا جواب بھی ہوتا اور جرح و قدح کا بھی حق ہوتا میں اسکی بھی رعایت رکھتا ہوں اسپر مجھکو سخت مشہور کیا جاتا ہے۔

۹۴ (ملفوظ) فرمایا کہ جب دو ساتھی شخص مہمان آتے ہیں تو کھانے کے معاملہ میں انکے ساتھ ایک سا برتاؤ کرتا ہوں مجھے یہ بھی نامناسب معلوم ہوتا ہے کہ ایک کے ساتھ کچھ معاملہ کیا جائے اور دوسرے کے ساتھ کچھ دونوں کے ساتھ یکساں برتاؤ ہونا مناسب ہے۔

۹۵ (ملفوظ) ایک صاحب نے سوال کیا کہ کیا حدیث شریف میں یہ ہے کہ چالیس دن مسلسل گوشت

(در مطبع جمال برقی پریس دہلی طبع شد)

Marfat.com

کھانے سے دل پر سختی آجاتی ہے۔ فرمایا کہ حدیث شریف میں تو نہیں بعض بزرگوں کا قول ہے اور یہ بھی بزرگوں کا قول ہے کہ "مسل" نہ کھانے سے بھی دل سخت ہو جاتا ہے۔ غرض ہر چیز میں اعتدال مطلوب ہے۔

۹۶

(ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک مرتبہ ہمارے حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم دیدیا تھا کہ جو کتے پلے ہوئے ہیں کھیتی وغیرہ کے واسطے ان کے علاوہ اور سبکو مار دیا جائے حضور تو بادہی بھی کرتے تھے مال وجاہ کے اعتبار سے مسکین نہ تھے۔ البتہ مزاج کے اعتبار سے اخلاق کے اعتبار سے مسکین تھے اسی طرح حضور شجاع بھی ایسے ہی تھے ایکمرتبہ رکانہ پہلوان نے جو تنہا ایکہزار آدمیوں کا مقابل سمجھا جاتا تھا آکر حضور سے عرض کیا کہ حضور مجھے پچھاڑ دیں تو میں ایمان لے آؤں آپنے فرمایا آؤ وہ آیا آپنے اٹھا کر پھینکدیا اس نے کہا کہ حضور دوسری مرتبہ پچھاڑیئے فرمایا بہت اچھا پھر دوبارہ اٹھا کر پھینکدیا یہ شخص ایمان لے آیا۔ فرمایا کہ آپکی امت کسی بات میں بھی کسی جماعت سے شرمندہ نہیں اسلئے کہ حضور جامع کمالات ہیں حسین بھی ایسے ہی شجاع بھی ایسے ہی حسین پر یاد آیا ایک صحابی فرماتے ہیں کہ میں حضور کو ایکمرتبہ اس حالت میں دیکھ رہا تھا کہ چاندنی رات تھی حضور بھی موجود تھے اور چاند مقابل میں تھا میں ایک نظر چاند پر کرتا اور ایک نظر حضور پر تو حضور زیادہ حسین معلوم ہوتے تھے۔ آپکا حلیہ ہر ہر اعضاء کا الگ الگ بیان کیا گیا ہے اسکے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور نہایت ہی حسین تھے۔

۹۷

(ملفوظ) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرات صحابہ کے قد وقامت اس زمانہ کے لوگوں سے بہت بڑے ہونگے فرمایا کہ مجھکو بھی یہی خیال ہوا کرتا تھا مگر ایک مدنی مجھسے کہتے تھے کہ عرصہ ہوا ایکمرتبہ مدینہ کے پہاڑوں میں پانی جمع ہوکر سیلاب کی صورت میں ایکدم چڑھ آیا اور اس نے بہت سے مقامات کو کاٹ ڈالا جنجلہ اور مقامات کے شہداء احد کی قبریں بھی اس سیلاب سے کھل گئیں کثرت سے لاشیں دیکھی گئیں اُن میں کوئی تغیر نہ تھا یہ معلوم ہوتا تھا کہ آج ہی دفن کی گئیں ہیں ہزاروں مخلوق نے دیکھا ذرہ برابر لاشوں میں تغیر نہ ہوا تھا فرمایا کہ شہید کو اُن ہی کپڑوں میں دفن کیا جاتا ہے وہ لباس بجنسہ موجود تھا کہتے تھے کہ موٹا کپڑا تھا اسقدر موٹا کپڑا آجکل دیکھنے میں نہیں آتا میں نے اُن سے دریافت کیا کہ قد ان حضرات کے کیسے تھے کہا کہ اسوقت کے لوگوں سے زائد فرق نہ تھا یہ میں نے اس ہی وجہ سے سوال

رسالہ المبلغ ص۸ ج۸

بابتہ ماہ جمادی الاولیٰ سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

کیا تھا کہ میں بھی یہی خیال کرتا تھا کہ شاید اس زمانہ کے لوگوں سے زیادہ فرق ہوگا مگر معلوم ہوا کہ کوئی زیادہ تفاوت نہیں ہوا تھوڑا ہی سا فرق ہوا ہے۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ جن لوگوں نے شہداء احد کی لاشوں کی زیارت کی اسکا حاصل یہ ہوا کہ اُن کو صحابہ کی زیارت نصیب ہوگئی کیا وہ تابعی ہوگئے فرمایا کہ بعد وفات کے صحابہ کی زیارت کرنیسے تابعی نہیں ہوسکتا۔

(ملفوظ ۹۸) ایک ملازم لڑکے کے متعلق فرمایا کہ وہ آج پٹا ہے۔ اسکو کسی کام کو بھیجا جاتا تھا تو کئی گھنٹہ میں واپس آتا تھا پیٹنے کے بعد ڈاکخانہ بھیجا اسقدر جلد آیا شبہ ہوتا تھا کہ شاید ڈاکخانہ گیا بھی یا نہیں معلوم ہوا کہ دوڑا ہوا گیا اور دوڑا ہوا آیا۔ ٹھیک ہوگیا۔ مگر یہ اثر دو چار ہی روز رہیگا۔ پھر وہی حرکت کریگا فرمایا کہ یہی معاملہ بندہ کا حق سبحانہٗ تعالیٰ کے ساتھ ہے کہ اسکو متنبہ کیا جاتا ہے چند روز اثر رہا پھر کچھ بھی نہیں وہی حرکتیں شروع کردیتا ہے مگر حجت الٰہی تمام ہوجاتی ہے یہ نہیں کہہ سکتا کہ مجھکو تنبہ نہ ہوا تھا۔

(ملفوظ ۹۹) ایک صاحب پنجاب سے حاضر ہوئے اُن کے ہمراہ دو بی بی بغرض بیعت آئیں تھیں حضرت والا نے دریافت فرمایا کہ کوئی خط میرا آپکے پاس ہے جسمیں میں نے انکو آنیکی اجازت دی ہے۔ عرض کیا کہ عرصہ دو ماہ کا ہوا اسوقت ایک خط کے جواب میں حضرت والا نے آنیکی اجازت فرمائی تھی دریافت فرمایا کہ وہ خط کہاں ہے عرض کیا کہ وہ خط ساتھ لانا یاد نہیں رہا۔ فرمایا کہ پھر مجھکو کیسے اطمینان ہوا اور یہ کسطرح معلوم ہو کہ میں نے کن شرائط سے آنیکی اجازت دی تھی یہ تو سب کچھ خط ہی سے معلوم ہوسکتا تھا اسپر انھوں نے کوئی معقول جواب نہ دیا فرمایا کہ ایسے ایسے کوڑ مغزوں سے سابقہ پڑتا ہے اب بتلایئے میں کیا کروں گھر میں ایک ایسا مریض ہے کہ جسکی وجہ سے تمام گھر بھر پریشان ہے اور اُسپر مہمانداری خیر اگر گھر میں یہ حالت بھی نہ ہوتی تب بھی تو اس طرح آنا بے اصول ہے اور بے اصول بات سے اذیت پہونچتی ہے اگر کوئی دوسرے سے اپنی سیر بھر رعایت چاہے تو دوسرے کی پاؤ بھر تو رعایت کرنا چاہیے اگر خط ہمراہ لے آتے تو بڑی سہولت ہوتی پتہ چل جاتا کہ اس شخص کا تعلق ہمسے کس قسم کا ہے اور یہ کس برتاؤ کا مستحق ہے اور میں تو یہ لکھ بھی دیتا ہوں کہ یہ خط ہمراہ لانا اور آتے ہی دکھا دینا اسمیں بڑی مصلحت ہوتی ہے اب اگر یہ کہیں عدالتمیں جاتے تو کیا کاغذات متعلقہ مقدمہ کا نپر بھول آتے ہرگز نہیں یا نوکری

Marfat.com

کی درخواست کو گھر رکھ آتے اور خالی ہاتھ حاکم کے سامنے جا کھڑے ہوتے یہ ہم ہی غریب مسکین ملاّ نے تختۂ مشق کیلئے رہ گئے ہیں اب اگر سکوت کرتا ہوں تو ان کے اخلاق خراب ہوتے ہیں اگر سکوت نہیں کرتا تو بعد میں دل دکھتا ہے کہ اتنی دور سے آئے ان کے ساتھ ایسا برتاؤ ہوا۔ مگر ان کے بے اصولی سے سبب اسکا وہی ہے جسکو میں اکثر کہا کرتا ہوں یعنی قلت وقعت اسمیں تو کوئی شک ہی نہیں۔ فرمایا کہ اکثر لوگ پنجاب کے پیروں کے بگاڑے ہوئے ہیں۔ وہ پیر تو یہ دیکھ لیتے ہیں کہ آنے والے نے مدور یا منور (روپیہ) بھی دیا ہے یا نہیں۔ یا آئندہ دینے کی امید ہوئی پھر نہ کچھ روک نہ ٹوک نہ پوچھ نہ گچھ۔ مدور ابیض کہتے ہیں روپیہ کو یہ مشہور محاورہ ہے مگر میں نے بجائے ابیض کے منور کر دیا ہے۔ واقعی بڑی ہی منور چیز ہے بلکہ منور بھی اس سے دل اور داغ سب منور ہو جاتے ہیں مگر الحمد للہ یہاں اس سے کام نہیں چلتا یہاں تو خلوص کی ضرورت ہے فلوس کی ضرورت نہیں۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ ان آنے والے صاحب کی زبانی معلوم ہوا کہ آنے والیوں میں سے ایک بی بی بہت رو رہی ہیں کہ حضرت ناراض ہو گئے فرمایا کیا میں نے رولایا ہے بھگتیں اپنے بے ڈھنگے پن کو ہم اپنے قواعد نہیں چھوڑ سکتے چاہے کوئی روئے یا ہنسے ہمکو ستایا جاوے تکلیف پہونچائی جاوے اور ہم اپنی مصالح کا انتظام بھی نہ کریں عجیب بات ہے

۱۲ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم دوشنبہ

(ملفوظ) ایک صاحب نے سوال کیا کہ کیا نقشبندی سلسلہ میں بھی بدعات ہیں اور مروج پیر زادگی کا سلسلہ ہے فرمایا کہ ہاں بہت لوگ بدعات میں مبتلا ہیں ان لوگوں نے محض چشتیوں کے بدنام کرنے کو بدعت کو صرف سماع میں منحصر کر دیا ہے ورنہ آج کل نقشبندیوں میں کثرت سے بدعات ہوتی ہیں۔ میں نے خود دیکھا ہے ایک شخص کو مجدد صاحب کے مزار پر سجدہ کرتے ہوئے پس ان کے نزدیک صرف ایک سماع ہی بدعت ہے اور کوئی چیز بدعت نہیں۔

(ملفوظ) فرمایا ایک مولوی ..... صاحب کا جو ایک مدرسہ میں مدرس ہیں خط آیا ہے لکھا ہے کہ پہلے سے علالت کا سلسلہ تھا اب طبیعت سنبھل چلی تھی صرف کمزوری کی شکایت باقی رہ گئی

Marfat.com

تھی مگر مدرسہ والوں کے اصرار پر سبق پڑھانے میں تقریر کرنا پڑی اس سے پھر دوبارہ علالت عود کر آئی
دعا کا خواستگار ہوں **جواب** غلطی ہے اگر خود ایسا کیا تو اپنی ورنہ آمر کی۔ فرمایا کہ اکثر مدرسہ والے کسی
کی راحت یا آرام کا خیال نہیں کرتے ایکمرتبہ مجھکو ایک مدرسہ کے سالانہ جلسہ میں موعود کیا گیا اس
وقت مجھکو بخار آچکا تھا کمزوری باقی تھی تعلقات کی وجہ سے بلانے پر چلا گیا مگر میں نے پہونچکر کہدیا
کہ میں حاضر تو ہو گیا ہوں مگر میری طبیعت اچھی نہیں بیان نہ کرونگا اسپر اصرار ہوا میں نے عذر کیا کہ
کمزوری کی وجہ سے میں بیان پر قادر ہی نہیں اور اگر ہمت کر کے تقریر شروع بھی کر دی تو درمیان
میں بوجہ ضعف کے تقریر کو قطع کرنا پڑیگا ایک طبیب صاحب نے کہا کہ میں ایسی دوا دونگا کہ ضعف
نہ ہوگا انھوں نے ماء اللحم کسی اچھے نسخہ کا بنا ہوا تھا اسکی ایک خوراک مجھکو دیدی اسکو پیکر
طبیعت میں نشاط پیدا ہوا میں نے بیان شروع کر دیا اور مرتبہ سے زیادہ جوش کے ساتھ بیان ہوا غرض
یہ ہوئی کہ دوا خود گرم تھی اس نے حرارت غریزیہ کو مشتعل کر دیا درمیان بیان ہی میں بخار شروع ہو گیا
اسی وقت بعضے دیکھنے والے حاضر جلسہ طبیبوں نے کہدیا کہ طاعونی بخار ہو گیا وہاں سے آکر مجھپر
سترہ روز تک غشی طاری رہی مگر یہ اللہ کا فضل تھا کہ عین نماز کے وقت ہوش ہو جاتا تھا بحمداللہ نماز
ایک وقت کی بھی قضا نہیں ہوئی۔ بلکہ فرض بھی کھڑے ہو کر پڑھے۔

(ملفوظ ۱۰۲) ایک صاحب نے عرض کیا کہ فلاں صاحب آنا چاہتے تھے مگر انکا لڑکا کچھ رقم لیکر بھاگ گیا
ہے اس پریشانی کی وجہ سے نہ آسکے فرمایا کہ اگر بالغ ہو گیا ہے نکال باہر کرو کس جھگڑے میں پڑے
فرمایا کہ نالائق اولاد کی مثال ایسی ہے جیسے زائد انگلی نکل آتی ہے اگر رکھا جائے تو عیب اور کاٹا
جائے تو تکلیف۔

(ملفوظ ۱۰۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل اکثر مدارس میں عمارتیں بڑی بڑی عمارتیں پڑی
بڑی مگر اصل چیز علم و عمل گویا مفقود۔ پھر فرمایا کہ یہ بھی نعمت ہے جو کچھ ان لوگوں کے ہاتھ سے ہو رہا
ہے خدانہ کرے وہ دن جب یہ لوگ بھی نہ ہونگے۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ کیا ایسا وقت بھی
آئیگا فرمایا کہ ضرور آئیگا مگر اسمیں بھی ایک جماعت اعلاء کلمۃ الحق کرتی رہیگی حدیث شریف میں صحیح
صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ لایزال طائفۃ من امتی منصورین علی الحق لا یضرھم من
خذلھم۔ لایزال فرماتے ہیں یعنی کہ ہمیشہ بلا فصل یہ جماعت رہیگی اور اصل حق کی تبلیغ کرتی رہیگی

Marfat.com

حتی تقوم الساعۃ یعنی قیامت تک اور اس جماعت کی دو شانیں فرمائی ہیں ایک علی الحق جسکا مطلب ظاہر ہے دوسرے منصورین یعنی انکی نصرت ہوگی اور انپر کوئی شخص غلبہ پا نہیں سکے گا۔ مطلب یہ ہے کہ انکو حق کے اظہار سے روک نہ سکیگا نیز ایک نصرت یہ ہے کہ جسطرح پہلے ادیان میں تحریف ہو چکی ہے اسمیں نہ ہوگی یہ اس ہی جماعت کی برکت ہے جسکا میں ذکر کر رہا ہوں کہ باوجود اسکے کہ حضور کے زمانہ کو اسقدر عرصہ گذر چکا مگر انکی برکت سے حق و باطل ایسا متمیز ہے کہ صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ حق ہے اور یہ باطل اگر کوئی خالص دین اور اسکے احکام معلوم کرنا چاہے تو نہایت سہولت سے معلوم ہو سکتے ہیں۔

۱۲ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم دوشنبہ

۱۰۴ (بلفوظ) فرمایا کہ میں کسی شخص سے جسکا دوسرے کیساتھ ماتحتی کا تعلق ہو خود اپنے اثر سے کام نہیں لیتا جو جسکا ماتحت ہے اسکی اجازت سے کام لیتا ہوں گو وہ شخص جسکی اجازت حاصل کیجاتی ہے خود میرا ہی ماتحت ہو اس سے انتظام میں گڑبڑ نہیں ہوتی ہے یہ اصولی بات ہے۔

۱۰۵ (بلفوظ) حضرت والا نے ایک شخص کو کام بتلا کر فرمایا کہ آکر اطلاع کر دینا کہ فلاں کام کر آیا ہوں پھر فرمایا کہ آجکل اطلاع نہ کرنیکا مرض بھی عام ہے جس سے بڑی تکلیف ہوتی ہے کام کے بعد اطلاع کرنا ضروری بات ہے میری ان باتوں کو لوگ وہم سے تعبیر کرتے ہیں پھر فرمایا کہ ایک رئیس..... صاحب یہاں پر آکر رہے تھے انھوں نے وطن جاکر کہا کہ وہاں کی تعلیم کا خلاصہ یہ ہے کہ جسکو مقدمہ بازی سیکھنا ہو وہاں چلے جاؤ۔ فرمایا کہ مجھسے وہاں کے ایک ثقہ عالم نے نقل کیا مجھے خود یاد نہیں کہ وہ کب آئے تھے اور کون صاحب تھے اور انھوں نے جسکو مقدمہ بازی فرمایا حقیقت اسکی یہ ہے کہ یہاں پر جو واقعہ کو چھپانا چاہتا ہے تلبیس کرتا ہے اسپر کھود کرید ہوتی ہے جس سے اس واقع کی حقیقت کھلجاتی ہے ایسا کوئی معاملہ ان کے سامنے یا خود انہیں سے ہوا ہوگا جسکو انھوں نے مقدمہ بازی سے تعبیر کیا یہ انکا قول ایسا تھا جیسا ایک صاحب قصبہ سیکری کے رہنے والے حج کر کے آئے تو بعض لوگوں نے ان سے وہاں کے حالات دریافت کئے کہنے لگے کہ خلاصہ بیان کردوں وہ یہ ہے

رسالہ المبلغ ص۸ ج۸

بابتہ ماہ جمادی الاولیٰ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

کہ خدا وہاں کسی مسلمان کو نہ لیجائے فرمایا کمبخت منحوس حج کرکے بھی کھویا۔

(ملفوظ ۱۰۶) ایک مولوی..... صاحب نے بوقت رخصت مصافحہ کرتے ہوئے عرض کیا کہ حضرت سے خاص وقت میں یاد رکھنے کی درخواست کرتا مگر وہ مقولہ یاد آگیا کہ وہ وقت خاص ہی کب رہتا ہے جسمیں ماسوا کو یاد رکھا۔ فرمایا اجی حضرت یہ تو غریب الحال لوگوں کے مقولے ہیں میرا خیال تو یہ ہے کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے شب معراج میں اپنی امت کو یاد رکھا حالانکہ اس سے زیادہ کونسا قرب کا وقت ہوگا اگر یہ یاد رکھنا سبب ہوتا بُعد کا تو حضور ہرگز اپنی امت کو ایسے وقت خاص میں یاد نہ فرماتے۔

(ملفوظ ۱۰۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک لطیفہ یاد آیا حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے ایک بڑے بزرگ ملاقات کیلئے آئے حضرت نے کچھ مدحیہ الفاظ انکی نسبت فرمائے عرض کیا کہ حضرت میں تو کچھ بھی نہیں حضرت نے مزاحاً فرمایا کہ عارف جب اپنی تعریف کرتا ہے تو یہی کہتا ہے کہ میں کچھ نہیں یعنی من فانیم دوسرا لطیفہ ایک صاحب نے کانپور میں دوسرے صاحب سے بسلسلہ گفتگو کہا کہ من آنم کہ من دانم انھوں نے جواب دیا کہ اسکے معنی تو یہ ہیں کہ آپ عارف ہیں کیونکہ من عرف نفسہ فقد عرف ربہ۔

(ملفوظ ۱۰۸) فرمایا کہ میں ایکمرتبہ پانی پت سے چلا صرف ایک صاحب دہلی تک پہونچانے کیلئے ہمراہ تھے میں دہلی اسٹیشن پر پہونچکر شاہ درہ جانے والی گاڑی میں سوار ہوگیا اس ڈبہ میں ایک پنجاب کے رئیس بھی سوار ہوئے جب وہ پانی پت کے صاحب مجھکو سوار کرکے واپس ہوگئے تو ان رئیس صاحب نے مجھسے دریافت کیا کہ آپ کہاں کے رہنے والے ہیں میں نے کہا کہ ایک قصبہ ہے تھانہ بھون پوچھا کہ آپ اشرف علی کو بھی جانتے ہیں میں نے کہا کہ اشرف علی میرا ہی نام ہے میں نے سفر میں جیسے کبھی اپنے کو ممتاز نہیں بنایا اسی طرح کبھی اپنے کو چھپایا بھی نہیں یہ سنکر ان پر کچھ شگفتگی کے آثار نہیں معلوم ہوئے مکرر مجھسے پوچھا کیا آپ ہی ہیں وہ اسوقت میرے اس کہنے کو جھوٹ سمجھے کہ یہ نام بتلاکر اپنی عزت چاہتا ہے ان کے ذہن میں یہ ہوگا کہ جسکا نام لیکر یہ اپنے کو ظاہر کرتا ہے وہ تو بڑا چوغہ پہنے ہوگا بڑا عمامہ سر پر ہوگا اور ایک بہت بڑی تسبیح ہاتھ میں ہوگی جیسا کہ پنجاب کے پیر ہوتے ہیں (مزاح کے طور پر فرمایا کہ وہ پیر تو کیا پیر بھی نہیں ہوتے) میں نے

رسالہ المبلغ ص۵ ج ۸ — ۱۳ جمادی الاولیٰ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

کہا صاحب کیا اُس شخص کا کوئی خاص حلیہ ہے جو مجھپر منطبق نہیں خاموش ہو گئے مگر متردد ہے تھوڑی دیر میں کہا کیا میں کچھ پوچھ سکتا ہوں میں نے کہا پوچھئے جو معلوم ہوگا عرض کر دونگا اسکے بعد انھوں نے مجھسے کچھ سوالات کئے میں نے انکے جوابات دے تب اُنکو یقین ہوا اور پھر تو بہت ہی گرویدہ ہوئے اور تمام راستہ بیچارے اپنے ہاتھ سے خدمت کرتے چلے آئے حتی کہ اسباب بھی اسٹیشن شاہدرہ پر خود ریل سے اُتار کر رکھا یہ سب اُن کی تواضع تھی بعض طبائع ایسی ہوتی ہیں کہ ان میں نخوت یا کبر نہیں ہوتا تکبر بھی بڑی ہی بلا کی چیز ہے مگر بعض دفعہ دیہات میں سمجھ میں آتا ہے ایک شخص بہانپور آئے تھے میں نے اُن سے کہا کہ تم میں کبر کا مرض ہے مگر تسلیم نہیں کیا پانچ سال کے بعد خود لکھا کہ آپنے جو میرے اندر کبر کا مرض تجویز کیا تھا بالکل صحیح کیا تھا اب مجھکو معلوم ہوا کہ فی الحقیقت میرے اندر کبر کا مرض ہے میں نے اپنے دل میں کہا کہ جانبرہ خدا بتک تو علاج بھی ہو جاتا پانچ سال تک بیٹھا ہوا اُسکو پالتا رہا غرض یہ مرض نہایت خطرناک ہے اور لوگوں کو کثرت سے اسی میں ابتلا ہے اور اسکے ہی علاج سے غفلت ہے۔

(ملفوظ ۱۰۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بدون کافی مشاہدہ کے بہانکے طرز کے متعلق لوگ رائے قائم کر لیتے ہیں اس نا تمام فیصلہ کی بالکل ایسی مثال ہے جیسے ایک شخص نے وعظ میں سنا تھا کہ قبر میں سوال جواب ہوتے ہیں اور منکر نکیر آتے ہیں وہ شخص امتحان کیلئے کسی ٹوٹی ہوئی قبر میں جا کر پڑ گیا بہت دیر ہو گئی نہ منکر نکیر نہ سوال نہ جواب کچھ بھی نہیں اتفاق سے ایک سپاہی کا اُس قبرستان کی طرف سے گذر ہوا وہ گھوڑی پر سوار تھا گھوڑی نے بچہ دیدیا اب اُسکو فکر ہوئی کہ گاؤں تک بچہ کس طرح پہونچے اس فکر میں کھڑا تھا کہ گڑھے میں سے کچھ آہٹ محسوس ہوئی فوجی سپاہی دلیر ہوتے ہی ہیں جا کر دیکھا تو ایک شخص چادر اوڑھے لمبے پیر کئے لیٹا ہے سپاہی نے ڈانٹ کر کہا کہ کون پڑا ہے باہر نکل ورنہ مارے باہر آیا اُس نے ایک یا دو ہنٹر رسید کئے اور کہا کہ یہ گھوڑی کا بچہ فلاں گاؤں تک پہونچا دے بچے کو لیکر سائیس ہو لیا گاؤں میں پہونچکر سپاہی نے کچھ پیسے دئے اور رخصت کر دیا اب مولوی صاحب کے پاس پہونچا کہ مولوی صاحب تم تو کہتے تھے کہ یوں قبر میں سوال و جواب ہوتے ہیں اور منکر نکیر آتے ہیں وہاں تو ان میں سے ایک بات بھی نہیں ہوتی خواہ مخواہ ہی ڈرا رکھا ہے میں تو امتحان کر آیا ہوں صرف یہ ہوتا ہے کہ کچھ دیر پڑا رہنا پڑتا ہے پھر ایک سوار آتا ہے وہ ڈانٹتا ہے باہر

Marfat.com

نکل آنیکا حکم کرتا ہے پھر ایک یا دو ہنٹر لگاتا ہے اور ایک گھوڑی کنبے کو قبرستان سے اٹھوا کر ایک گاؤں تک لیجاتا ہے اور کچھ پیسے دیکر واپس کر دیتا ہے تو جیسے اس شخص کو اس خلاصہ نکالنے میں غلطی ہوئی ایسے ہی یہاں جو لوگ تھوڑی دیر کیلئے آتے ہیں اُن سے یہ غلطی ہوتی ہے کہ وہ حقیقت سے بے خبر رہتے ہیں اور میں یہ چاہتا ہوں کہ اسکو اپنی غلطی اور جہل پر اطلاع ہو جائے ورنہ ہر بات کو اس جہل ہی پر مبنی کرتا چلا جائیگا اسلئے اول ہی مرتبہ میں ہر بات کو بیں صاف اور مقصود کو واضح کر دیتا ہوں کہ اسکو کوئی دھوکا نہ ہو اور یہ غلط فہمی میں مبتلا نہ رہے اسکا نام ان جاہلوں نے تشدد رکھا ہے

(ملفوظ) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت فلاں شخص نے مجھ سے کہدیا تھا کہ میں قرآن شریف حفظ کر رہا ہوں حافظہ کی کمزوری کی شکایت ہے اگر کوئی دعا حضرت والا بتلانے کو فرما دیں تو میں اس شخص کو بتلا دوں فرمایا کہ حافظہ کا اس سے تعلق تو ہے نہیں مگر برکت کے لئے باقی گیارہ مرتبہ سر پر ہاتھ رکھکر پڑھ لیا کرے حافظہ کی قوت کیلئے انشاء اللہ نافع ہوگا اور اگر وسعت ہو تو اصل تدبیر یہ ہے کہ کسی طبیب سے کوئی نسخہ تجویز کرالے۔

(ملفوظ) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ پیر کی افضلیت بمعنی انفعیت کا عقیدہ ہونے میں راز یہ ہے کہ منافع باطنیہ کا مدار جمعیت قلب پر ہے تو اس عقیدہ اور خیال کی بدولت جمعیت قلب میسر ہو جاتی ہے اور اسکے خلاف میں جمعیت قلب نہیں ہو سکتی اسلئے قلب مشوش رہیگا

(ملفوظ) ایک نو وارد صاحب نے حضرت والا سے بیعت کی درخواست کی حضرت والا نے فرمایا کہ بیعت کوئی ضروری چیز نہیں اصل چیز تعلیم ہے اور یہ خیال کہ بدون بیعت ہوئے نفع نہیں ہو سکتا یہ خیال جہالت کا ہے بیعت الگ چیز ہے اسکی بھی ایک خاص برکت ہے مگر اسکو اس درجہ کا دخل نہیں کہ اسکے وجود و عدم پر نفع اور ضرر کا مدار ہو اسپر اُن صاحب نے عرض کیا جو حضرت حکم فرمائیں میں تعمیل کیلئے حاضر ہوں فرمایا اسمیں حکم کی کونسی بات ہے اصول بتلا رہا ہوں اور میں جو قاعدہ بیان کرتا ہوں مجھے تنگ کرنا مقصود نہیں مرطلب میرا یہ ہوتا ہے کہ طالب حقیقت سمجھ لے اور معاملہ صاف ہو اور بدون اسکے محض باتیں بنانے سے کام نہیں چلتا کام تو کرنے سے چلتا ہے اور کام بھی طریقہ اور اصول سے ہو ان اصول پر عمل کر کے تو دیکھے جو پھر کبھی بھی تنگی یا دشواری پیش آئے اور ناواقف لوگ اسی سے گھبراتے ہیں اگر میرے یہاں یہ اصول نہ ہوتے خواہ مخواہ وصول کر لیا کرتا مگر عوام

Marfat.com

خوش رہتے مگر میں نے اپنا دینوی خسارہ گوارا کرلیا محض اسواسطے کہ یہ لوگ راستہ پر پہنچ جائیں اسلئے یہ اصول اختیار کئے اسلئے نہ معتقد بنانے کی کوشش کرتا ہوں نہ غیر معتقد بنانے کی کوشش کرتا ہوں صحیح اصول پیش کردیتا ہوں اسپر چاہے کوئی معتقد رہے یا غیر معتقد نہ اسکی خوشی کہ کوئی معتقد ہو نہ اسکا رنج کہ کوئی غیر معتقد ہو الحمدللہ سب برابر ہیں کسی کو بلانے نہیں جاتا کوئی اشتہار نہیں دیا اور کیا میرے دماغ میں جنون ہے یا مالیخولیا ہے کہ میں یہ چاہوں کہ لوگ مجھسے غیر معتقد ہوں ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت والا کے رسائل اور کتابیں اشتہار ہی تو ہیں انکو لوگ دیکھکر آتے ہیں. فرمایا کہ مگر یہاں آکر رسائل کو بزعم خود جب میرے معاملات پر منطبق نہیں پاتے تو میں انکی طرف سے یہ شعر پڑھتا ہوں۔

چہ قیامت است جانا کہ بعاشقاں نمودی ۔۔۔ رخ ہمچو ماہ تاباں دل ہمچو سنگ خارا

اور میں بحمداللہ اپنی اصلاح سے بھی غافل نہیں چاہے مجھسے کوئی قسم لے لے جو بات معلوم ہوتی جاتی ہے اسکی اصلاح کرتا رہتا ہوں میں اپنے کو بھی اصلاح سے بری نہیں سمجھتا صدہا نقائص میرے اندر ہیں بلکہ اہل معاملہ جو ناواقفی سے اعتراض کرتے ہیں وہ اکثر غلط ہوتا ہے اور میں جو اپنی نسبت کہتا ہوں وہ صحیح بقول شاعر ؎

خود گلہ کرتا ہوں اپنا تو نہ سن غیروں کی بات ۔۔۔ ہیں یہی کہنے کو وہ بھی اور کیا کہنے کو ہیں

ناواقفوں کی تو یہ حالت ہے کہ ایک بار ایک چھکڑا بھرا ہوا عورتوں کا قصبہ تیتروں سے آیا بیعت ہونیکی درخواست کی میں نے دریافت کرایا کہ خاوندوں کی اجازت لیکر آئیں یا نہیں معلوم ہوا کہ نہیں میں نے بیعت سے انکار کردیا اور کہدیا کہ خاوندوں سے اجازت لیکر اور اُن کے دستخط کرا کر سب الگ الگ خطوط میرے پاس بھیجو میں بیعت کرونگا جناب نہ پھر کوئی تیتروں سے آیا اور نہ تیتروں سے یہ تو طلب کی حالت ہے اگر طلب ہوتی تو میں نے کونسی ایسی سخت شرط لگائی تھی کہ وہ ہو نہیں سکتی تھی اسپر میری شامت ہوکر اور اعتراض کرکے گئیں۔

اب مقابلہ میں اہل فہم کی حالت بیان کرتا ہوں۔ مولوی عبدالحی صاحب حیدرآباد دکن سے چلے تو چار شرطیں ذہن میں لیکر چلے تھے کہ جہاں یہ شرطیں پاؤنگا وہاں بیعت ہونگا ایک تو یہ کہ بیعت کو تعلیم کی شرط نہ بنادے دوسرے یہ کہ وہاں لنگر نہ ہو تیسرے یہ کہ ان پڑھ نہ ہو چوتھے یہ کہ بہت بوڑھا نہ ہو چاروں شرطیں عجیب ہیں اور یہاں پر بحمداللہ اپنے بزرگوں کی دعا کی برکت سے چاروں پہلے ہی سے ہیں سو دیکھ لیجئے

Marfat.com

کہ کیسی سمجھ کی بات ہے یہاں کا طرز الحمدللہ اس مقولہ کا مصداق ہے محبت رکھیں پاک لینے دینے کے منہ میں خاک غرض اس طریق سے ناواقفی کے سبب لوگوں کو پریشانی میں ابتلا ہے بس میں اسی کو ظاہر کرنا چاہتا ہوں۔

۱۱۳ (**ملفوظ**) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اس طریق کی حقیقت مردہ ہوگئی تھی اب بحمداللہ مدتوں کے بعد زندہ ہوئی اور اسی احیاء کے سلسلہ میں صاف کہتا ہوں کہ ہمتو طالب علم ہیں ہم نہیں جانتے کہ درویش کسے کہتے ہیں لوگ تو یہ چاہتے ہیں کہ رنگین کپڑے ہوں آنکھیں بند ہوں بڑے دانوں کی تسبیح ہاتھ میں ہو کہ جو لٹھ کا بھی کام دے ہر وقت ایک پینک سی میں رہے جیسے افیون والا استغراق کی حالت میں ہوتا ہے سو یہ ڈھونگ یہاں نہیں اگر درویشی یہ ہے تو ہم درویش نہیں کیوں صاحب کیا کیمیا گر کیلئے کسی خاص ہیئت اور خاص لباس کی بھی ضرورت ہے اور کیا اسکی بھی ضرورت ہے کہ کیمیا گر فیشن ایبل ہو بلکہ اسکے لئے تو ایسا ہونا عیب کی بات ہے اسکے پاس ایسی چیز ہے کہ اگر وہ ملگئی تو ان سب سے استغنا ہو جاویگا تو کیا دین کیمیا سے بھی کم ہے کہ اسکے لئے ان رسوم کی ضرورت ہو بحمداللہ یہاں پر صحیح دین ہے اسی کی تعلیم ہے اسی کی تدابیر ہیں اسی کی اشاعت ہے اگر یہ اشاعت نہیں ہے تو اشاعت کسے کہتے ہیں میں تو ہر وقت اسی کا اہتمام تقریر سے تحریر سے رکھتا ہوں کہ اس طریق کی حقیقت کا انکشاف لوگوں پر ہو جائے اور انکا دین محفوظ ہو جائے بدفہم اس سے کوسوں دور بھاگتے ہیں چاہتے ہیں کہ اس رسمی اور عرفی پیری مریدی کا شکار بنے رہیں سو اگر وہ اسی میں رہنا چاہتے ہیں تو اور کہیں جائیں یہاں تو سیدھی اور سچی تعلیم دیجائیگی اگر یہ منظور نہیں تو اور بہت درویش اور مشائخ ہیں دنیا میں جائیں ان کے پاس وہاں مرضی کے موافق تعلیم ہوگی یہاں پر نباہ نہیں ہو سکتا یہاں پر بدفہم نہ رہ سکتا ہے نہ میں اسکو رہنے دے سکتا ہوں۔

۱۳ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم شنبہ

۱۱۴ (**ملفوظ**) ایک صاحب نے دستی استفتاء پیش کیا حضرت والا نے دریافت فرمایا کہ ممکن ہے کہ کتاب دیکھکر جواب لکھوں تو آپ کو کس طرح پہونچاؤنگا اسپر ان صاحب نے نہایت آہستہ آواز

Marfat.com

سے جواب دیا کہ جسکو حضرت والا نہ سُن سکے اسپر تنبیہ فرمائی کہ ایسے طریق سے کلام کرنا چاہیئے کہ دوسرا سُن سکے اس تنبیہ پر بھی اُن صاحب کی آواز میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی فرمایا کہ آپ سنانے سے معذور ہیں اور میں سننے سے معذور ہوں بند کیجئے گفتگو یہ آجکل کا ادب رہگیا ہے کہ جس سے دوسرے کو اذیت پہونچے۔ (**نوٹ**) جامع ملفوظات نے اس استفسار کے رکھنے یا واپس کردینے کا ذکر نہیں کیا غالب تو یہی ہے کہ واپس کردیا ہوگا (محشی)۔

115 (**ملفوظ**) ایک طالب علم نے ایک واقعہ کی نسبت کہیں باہر علماء سے استفسار کیا تھا جواب آنے پر حضرت والا کو دکھایا گیا بلاحظہ فرماکر فرمایا کہ جواب صحیح نہیں فلاں فلاں علماء کو اور دکھانا چاہیئے ایک صاحب نے عرض کیا کہ اگر جواب صحیح نہ ہو تو کیا چند مفتیوں کو دکھلانا ضروری ہے فرمایا کہ ضرورت کی بناء تو آپ خود ہی فرض کر رہے ہیں کہ اگر جواب صحیح نہ ہو عرض کیا کہ اگر شبہ ہو فرمایا کہ اگر شبہ ہو تب ہی دکھلانا ضروری ہے اور اگر شبہ نہ ہو تو پھر اسکا مکلف نہیں عرض کیا کہ اگر مفتی کو خود شبہ ہو تو کیا اسکو دوسرے مفتی سے پوچھنا چاہیئے فرمایا کہ اُسوقت بھی پوچھنا واجب ہے۔

116 (**ملفوظ**) ایک مسئلہ خاص کے سلسلہ میں حضرت والا کوئی فقہ کا فتاویٰ ملاحظہ فرما رہے تھے فرمایا کہ عجیب عجیب جزئیات لکھی ہیں لکھا ہے کہ اگر سائل آکر سلام کرے اور پھر مانگے اُسکے سلام کا جواب دینا واجب نہیں اسلئے کہ مقصود اُسکو سلام کرنا نہیں بلکہ مانگنا ہے۔ فرمایا کہ اور ایک جزئی لکھی ہے کہ ہمارے زمانہ میں روافض داہنے ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے ہیں اسلئے گو یہ سنت ہے مگر روافض کا شعار ہونیکی وجہ سے مکروہ ہے۔ فرمایا کہ ایک اور جزئی لکھی ہے یہ جو کاغذ میں مٹھائی وغیرہ لپیٹتے ہیں اسکے متعلق لکھا ہے کہ نجوم و طب و ادب کی کتاب کے اوراق میں لپیٹ لینا جائز ہے مگر شرط یہ ہے کہ اُسمیں اللہ اور رسول کا نام نہ ہو اور اگر ہو اُسکو جدا کرلیا جائے۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ لپیٹ لینا ناجائز ہے یا مکروہ ہے فرمایا کہ الفاظ تو مجھے یاد نہیں مگر تقابل کیا ہوا مکروہ بھی تو ناجائز ہی کی ایک قسم ہے اسی سلسلہ میں فرمایا کہ اس بلا میں تو ہم بھی مبتلا ہیں ایسی چیزیں بدون ان قیود کی رعایت کے لپیٹ لیتے ہیں اور یہ بہت ہی بُرا ہے کہ جسمیں خود مبتلا ہو اُسکو کھینچ تانکر جائز کرنے کی کوشش کرے اس سے یہ اچھا ہے کہ اپنی غلطی کا اقرار کرلے۔

117 (**ملفوظ**) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضور کا لفظ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ استعمال ہوتا ہے

Marfat.com

تو کیا یہ لفظ اوروں کیلئے بھی استعمال کرنا جائز ہے فرمایا کہ جہاں پہلے سے تخصیص ہو جاوے وہاں یہی حکم ہے اور جہاں پہلے ہی سے عموم ہو وہاں یہ حکم نہیں۔

(ملفوظ ۱۱۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ تشبہ کا مسئلہ نہایت نازک ہے لوگ اسکو ہلکا سمجھتے ہیں ایک صاحب نے عرض کیا کہ عورتیں خصوص لڑکیاں آجکل سفید لباس پہنے لگی ہیں یہ مردوں سے تشبہ تو نہ ہو جاویگی فرمایا کہ وہاں کے رسم و رواج پر ہے دیکھ لیا جاوے کہ عام دیکھنے والوں کو اس سے کھٹک تو نہیں۔

(ملفوظ ۱۱۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل فضول سوالات کرنیکا مرض قریب قریب عام ہو گیا ہے شاہجہانپور میں ایک طالب علم نے مجھسے دریافت کیا کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کو شفاعت کا اذن ہو چکا یا وہاں پر ہوگا میں نے کہا کہ اس تحقیق سے فائدہ کیا کہا کہ ویسے ہی پوچھتا ہوں میں نے کہا کہ آخر اس سوال کی غایت کیا ہے یہ تو معلوم ہے کہ شفاعت ہوگی اور یہ بھی معلوم ہے کہ بعد اذن کے ہوگی اب یہ کہ یہاں اذن ہو چکا یا وہاں ہوگا اس سوال کی کیا ضرورت پیش آئی مولوی مسیح الزماں خاں شاہجہانپوری بڑے ہی ظریف تھے وہ بھی تشریف رکھتے تھے کہنے لگے کہ بڑا فائدہ ہے اگر انکو یہ تحقیق ہو گئی کہ اذن ہو چکا تب تو مایوس ہو کر بیٹھ جائیں گے اور اگر یہ معلوم ہوا کہ ابھی نہیں ہوا تو یہ بھی درخواست دیں گے شاید ان کے حق میں قبول ہو جائے وہ طالب علم بہت شرمندہ ہوا اور پھر سوال نہیں کیا اس قسم کے سوالات کرنا فضول وقت کو برباد کرنا ہے۔

(ملفوظ ۱۲۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ عیسیٰ علیہ السلام کے نزول میں کسی نے اختلاف نہیں کیا بلکہ اجماع ہے سوائے اس قادنی کے کہ صرف اسنے عیسیٰ علیہ السلام کی آمد سے انکار کیا اور انکار ہی کیسا کہ خود ہی عیسیٰ بن بیٹھا کسی نے خوب کہا ہے ؎

بنمائے بصاحب نظرے گوہر خود را — عیسیٰ نتواں گشت بتصدیق خرے چند

اور اس شخص کے نزدیک اجماع تو کیا چیز ہے یہ تو یہ کہتا ہے کہ اگر حدیث بھی میرے اصول سے ثابت نہ ہو تو اس حدیث کو بھی ردی کے ٹوکرے میں ڈالدیا جائے ایک صاحب کے سوال کے جواب میں اس مدعی کے دلائل کے متعلق فرمایا کہ ایسے دلائل تو کوئی بات نہیں آدمی جب کوئی کام کرتا ہے تو شیطان اور نفس اسکو ایسی ہزاروں چیزیں سجھا دیتے ہیں۔ عرض کیا کہ ذہانت سے کام لیتا تھا فرمایا کہ سب ہی

رسالہ المبلغ ص۸ ج۸

بابتہ ماہ جمادی الاولی سنہ ۵۶ھ

Marfat.com

کچھ آدمی کے اندر رہے چاہے جس سے کام لیلے فرمایا کہ ذہانت پر ایک حکایت یاد آگئی جس سے معلوم ہوگا کہ ذہانت کچھ اہل حق ہی کی ساتھ خاص نہیں لکھنؤ پر جب انگریزوں کا تسلط ہو گیا تو ایک انگریز افسر نے ایک مجتہد کو بلایا اُن مجتہد نے کہا کہ اگر حاکمانہ طور پر بلاتا ہے تو حکم دیکر گرفتار کر لیا جائے اور اگر دوستانہ طریق پر بلاتا ہے تو جسطرح بادشاہ بلاتے تھے احترام شان وشوکت سے اُس طرح پر بلایا جاوے اُس انگریز افسر نے کہا کہ ہم دوستانہ طریق پر بلانا چاہتے ہیں اور اُس نے بڑی شان وشوکت سے استقبال وغیرہ کا انتظام کیا مجتہد گئے ملاقات ہوئی اس انگریز نے اول یہ سوال کیا کہ آپکے نزدیک یہاں جہاد کا کیا حکم ہے کہا کہ ہمارے یہاں جہاد کیلئے امام کا ہونا شرط ہے اور امام اسوقت ہے نہیں اسلئے یہ سوال سنیوں سے کیجئے اُس نے دریافت کیا کہ اگر امام ہو تو کیا حکم ہے انھوں نے کہا کہ امام مہدی علیہ السلام سے اس طرف کوئی امام نہ ہوگا سو جب مہدی علیہ السلام ہونگے تو اُنکی ساتھ عیسیٰ علیہ السلام بھی ہوں گے اور دونوں حضرات مشورہ کرکے جو فیصلہ کردیں گے اُس سے نہ تمہیں انکار ہوگا نہ ہمکو وہ انگریز دم بخود رہ گیا پھر کوئی سوال نہیں کیا مقصود اُسنے اپنا حاصل کر ہی لیا تھا کہ اُن کے یہاں جہاد نہیں۔

۱۴ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم چہارشنبہ

۱۲۱ (بلفوظہ) فرمایا کہ رنگون سے ایک خط آیا ہے ایک مولوی ہے بدعتی اُس نے ایک شجرہ چھپوایا ہے دہانپیری مریدی کا جال پھیلا رہا ہے اُس شجرہ میں یہ گڑبڑی کی ہے کہ بزرگوں کے نام کیساتھ صلی اللہ علی محمد وعلیہ وسلم لکھا ہے وہ شجرہ چھپ چکا ہے جسمیں مقصود تو صلوٰۃ علی المشائخ ہے مگر الزام سے بچنے کے لئے علی محمد کا اضافہ کردیا ہے پھر الزام لگایا جاتا ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی تنقیص کرتے ہیں اور یہ تنقیص نہیں خطیں لکھا ہے کہ اُسکے ہی گروہ کے لوگ اُس سے بدعقیدہ ہوگئے اب وہ لوگ دکھانہ بھوں سے استفتا کرنے والے ہیں ان اہل باطل کو راتدن یہ فکر ہے کہ اہل حق کے خلاف ایجادیں کیا کریں۔ جونپور میں ایک مولوی صاحب تھے اُنھوں نے دسویں قائم کی تھی جو ہر مہینہ کی دسویں تاریخ کو ہوا کرتی تھی کسی نے پوچھا کہ گیارہویں تو ہر ہی اب یہ کیا ہے کہا کہ رافضیوں کے یہاں دسویں ہوتی ہے اُنمیں سُنی شریک ہوتے ہیں اُنکو روکنے کے واسطے اپنے یہاں یہ دسویں ایجاد کی ہے

رسالہ المبلغ ص۸ ج۸

۳۱۱۹

Marfat.com

ایک شخص نے خوب جواب دیا کہ لوگ ہندوؤں کی ہولی دیوالی میں شریک ہوتے ہیں تو آپ ہولی دیوالی بھی کیا کریں تاکہ مسلمان وہاں جانے سے رک جائیں فرمایا کہ حضرت حب مال وحب جاہ سب خرابیوں کی جڑ ہے اور جسقدر اہل باطل ہیں سب جاہ اور مال کے دلدادہ ہیں اسکے لئے طرح طرح کی تدبیریں کیجاتی ہیں چنانچہ اسی شہرت کی غرض سے القاب عجیب وغریب تجویز کئے جاتے ہیں کوئی طوطی ہند بنتا ہے کوئی بلبل ہند کوئی شیر پنجاب اللہ نے آدمی بنایا اور یہ جانور بنتے ہیں معلوم ہوتا ہے چند روز میں خر ہند اور اسپ ہند فیل ہند بھی بنیں گے یہ نہیں معلوم کہ اس جاہ پرستی میں اور ان خرافات میں کیا رکھا ہے اللہ کے نزدیک اگر مومن لقب ہو جائے تو اسکے سامنے سب گرد ہے اور ہیچ ہے اور صاحب جسکو یہ خبر نہ ہو کہ میں اللہ کے نزدیک مومن ہوں یا غیر مومن تو وہ کچھ بھی بنجائے کچھ بھی نہیں دوسرے یہ القاب اکثر عوام کی طرف سے عطا ہوتے ہیں جو کمالات کی حقیقت بھی نہیں جانتے تو محض واہیات ہوئے ہاں اگر چند طالب علم ملکر کسی کو طالب علم کہدیں یہ ہے مسرت کی چیز اسلئے کہ وہ اس لقب کی حقیقت سمجھتے ہیں باقی دوسروں کے کہنے پر کیا مسرت وہ کیا جانیں طالب علم کسے کہتے ہیں ایک حکایت ہے کہ ایک نائی بادشاہ کا خط بنایا کرتا تھا ایک بار غیر حاضر ہو گیا معتوب ہوا اس نے خادم خاص سے ملکر جس وقت بادشاہ کو نیند آگئی نائی آیا اور سوتے ہوئے بادشاہ کا خط بنا گیا کسقدر سبک دست تھا بادشاہ کی آنکھ کھلی اور جب بادشاہ نے شیشہ دیکھا خط بنا ہوا تھا بیحد خوش ہوا اور استاد ہونیکا خطاب دیا چند عورتیں برادری کی جمع ہو کر اس نائی کی بیوی کو مبارکباد دینے گئیں کہ تیرے خاوند کو استاد کا خطاب ملا اس عورت نے پوچھا کہ کس نے خطاب دیا کہا کہ بادشاہ نے اس نے کہا کہ کوئی خوشی کی بات نہیں اور نہ مبارکباد کی اسلئے کہ بادشاہ اس فن سے ناواقف ہے وہ کیا جانے اس فن کو اگر چار بھائی نائی ملکر خطاب دیں تو وہ ہے مسرت کی بات اسلئے کہ وہ اس فن سے واقف ہیں واقعی نہایت ہی کام کی حکایت ہے اسی طرح اگر چند طلبہ ملکر کسی کو طالب علم کہدیں تو وہ ہے مسرت کی بات ورنہ کچھ بھی نہیں گو اس مسرت کے بعد کی اب بھی خبر نہیں کہ آخرت میں کیا خطاب تجویز ہوا ہے اسلئے وہ بھی کوئی زیادہ خوشی کی بات نہیں مگر خیر اگر ایسی ہی جہالت کی خوشی ہے تو اہل کے لقب دینے سے خوش ہونا چاہئے نہ کہ عوام کے القاب دینے پر خوش ہونا انہیں کیا خبر۔

۱۲۳ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ سب دعوے آسان ہیں اور خلاف واقع چل ہی جاتے ہیں

رسالہ المبلغ ص۸ ج ۸ بابتہ ماہ جمادی الاولیٰ سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

اگر اتباع سنت کا غیر واقعی دعویٰ بہت مشکل ہے یہ نہیں چلتا۔

(ملفوظ ۱۲۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت مرزا صاحب رحمۃ اللہ علیہ نہایت ہی لطیف المزاج اور بہت ہی نازک طبع تھے آپ کے ایک مرید تھے جو سال بھر میں دو مرتبہ آتے تھے دو چار روز رہکر چلے جاتے تھے ایک روز اُن مرید صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اتنے دنوں سے آتا ہوں اس تمنا میں کہ حضرت کوئی فرمائش کریں میرا جی چاہتا ہے فرمایا کہ بھائی محبت سے آتے ہو جی خوش ہو جاتا ہے یہ فرمایش سے بڑھکر ہے عرض کیا کہ حضرت میری خوشی یہی ہے فرمایا کہ فرمایش کروں عرض کیا کہ ضرور فرمایا کہ تم سال بھر میں دو مرتبہ آتے ہو ایکمرتبہ آیا کرو تو بہتر ہے کیونکہ تم کھاتے بہت ہو اُسکے تصور سے میرے معدہ میں ثقل ہو جاتا ہے اور مسہل لینا پڑتا ہے سو سال بھر میں دو مسہل مشکل ہیں اگر ایکمرتبہ آؤگے تو ایک ہی مسہل لینا پڑیگا۔ ۱۲۴

(ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اسکا تو اکثر لوگوں کو خیال ہی نہیں کہ ہماری وجہ سے دوسرے کو اذیت نہ ہو تکلیف نہ پہونچے البتہ رسمی ادب رسمی تعظیم یہ سب کچھ ہے بعض لوگ ادب کی وجہ سے پشت کیجانب اکر بیٹھ جاتے ہیں جس سے سخت تکلیف ہوتی ہے قلب پر ایک بار ہوتا ہے ایک صاحب آئے اور میری پشت کیجانب بیٹھ گئے میں اُسوقت کچھ پڑھ رہا تھا اسقدر قلب پر گرانی ہوئی کہ پورا کرنا مشکل ہو گیا آخر میں نے یہ کیا میں اپنی جگہ سے اٹھکر اُن کی پشت کی طرف جا بیٹھا اب وہ کسمسائے اور اٹھنا چاہا میں نے ڈانٹ کر کہا کہ خبردار جو یہاں سے جنبش کی بجا پڑھ بیٹھا رہا میں نے کہا کہ کچھ پتہ چلا کہ پشت پر بیٹھنے سے کیسی تکلیف ہوتی ہے کہا ہاں میں تو آپکو بزرگ سمجھکر ادب کی وجہ سے پیچھے بیٹھ گیا تھا میں نے کہا کہ یہ کیسے معلوم ہوا کہ میں آپکو عاصی گنہگار فاسق فاجر سمجھتا ہوں توبہ کی کہ اب کبھی پشت کیجانب نہ بیٹھوں گا ان بدتمیزوں کے دماغ اسی طرح سیدھے ہوتے ہیں۔

ڈھاکہ بلکہ کل بنگال میں ملاقات کے وقت پیر پکڑنے کی رسم ہے جب میں ڈھاکہ گیا یہی برتاؤ میرے ساتھ کیا۔ میں نے منع کیا مگر مانا نہیں پھر بھی ایسی رسمی تہذیب بہت زیادہ ہے جب میں وہاں گیا خیال ہوا کہ جب میں ایسے تصنعات نہ برتونگا تو بد تہذیب سمجھا جاؤنگا اسلئے میں نے اُسکا یہ علاج کیا کہ جو میرے پیر پکڑتا میں اُسکے پیر پکڑ لیتا۔ حیدرآباد دکن میں میں نے اعلان کر دیا کہ ہر جگہ کی تہذیب جدا ہے میں یہاں کی تہذیب پر عمل نہ کرونگا بلکہ تھانہ بھون کی تہذیب پر عمل کرونگا تو میں نے سادگی کو تہذیب کی فرد بنا دی حیدرآباد ہی کا واقعہ ہے ایک شخص آئے میرے قدم چومنا چاہتے تھے صورت یہ تھی کہ میں چلنے کی تیاری

بابتہ ماہ جمادی الاولیٰ سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

کر رہا تھا اور ایک چارپائی پر پیر لٹکائے بیٹھا ہوا سبب بند ہو رہا تھا وہ پیروں کی طرف بڑھے میں نے کہا کہ ذرا ٹھیریئے میں آرام سے بیٹھ جاؤں وہ رک گئے میں نے پیر سمیٹ کر پھنگا پر رکھ لئے اور قدرے ران کے نیچے چھپا لئے اور کہا کہ اب اجازت ہے آپ جو چاہیں کریں رہ گئے اپنا سامنہ لیکر وہ انکے پیر تو اچھی خاصی پرستش کراتے ہیں حقائق تو ان جاہل پیرونکی وجہ سے بالکل ہی مستور ہو گئے بس رسوم رسوم رہ گئے میں انہیں رسوم کو مٹانا چاہتا ہوں اسی پر لوگوں سے آئے دن لڑائی رہتی ہے

۱۳۵ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ہمارے بزرگوں کی عجیب شان تھی کوئی انکی نظیر پیش نہیں کر سکتا ... مولوی محمود صاحب رامپوری نے مجھسے حضرت مولانا محمود حسن صاحبؒ کی ایک حکایت بیان کی مجھکو تو حیرت ہو گئی اور لوگ تو اپنا احترام اپنی خدمت اپنی پرستش چاہتے ہیں اور ان حضرات کی یہ حالت تھی کیا ٹھکانا ہے اس بے نفسی کا انھوں نے بیان کیا کہ ایکمرتبہ میں اور میرے ساتھ ایک ہندو ایک مقدمہ کے سلسلہ میں دیوبند آئے دیوبند پہونچکر اس ہندو نے مجھسے پوچھا کہ تم کہاں ٹھہروگے میں نے کہا کہ میں مولانا کے یہاں قیام کرونگا وہ ہندو بولا کہ جی میں روٹی تو اپنے اقارب میں کھاتا ہوں لگا باقی سونے کے واسطے اگر کوئی چھوٹی سی چارپائی مجھکو بھی ملجائے تو وہیں ٹھہر جاؤنگا میں نے کہا کہ ملجائیگی تو روٹی کھاکر آجانا ایسا ہی ہوا میں نے حضرت مولانا کی بیٹھک میں ایک چارپائی اسکے لئے الگ بچھادی ایک چارپائی پر میں لیٹ گیا وہ ہندو لیٹتے ہی سو گیا اور میں جاگ رہا تھا کہ حضرت مولانا دبے پیروں زنانہ مکان سے تشریف لائے اور اس ہندو کی چارپائی کی پٹی پر بیٹھکر اسکے پیر دبانے لگے میں ایکدم چارپائی سے کھڑا ہو گیا اور جاکر عرض کیا کہ حضرت چھوڑ دیں میں دبا دونگا فرمایا کہ یہ تمہارا حق نہیں میرا مہمان ہے یہ خدمت میرے ذمہ ہے میں نے اصرار کیا اس پر فرمایا کہ جاؤ تم کون ہوتے ہو گر بیمار کی خدمت کرو بیچارے کی آنکھ کھلیگی تو تکلیف ہوگی بس وہ ہندو تو پڑا ہوا خرخر کر رہا تھا اور مزاحاً فرمایا کہ انا مقدس تھا اور مولانا پاؤں دبا رہے تھے اب مدعی تو بے نفسی کے بہت ہیں مگر ذرا عمل کرکے تو دکھائیں تب حقیقت معلوم ہو ایکمرتبہ اسٹیشن مرادآباد پر حضرت مولانا محمود حسن صاحبؒ کا اور میرا اجتماع ہو گیا سیوہارہ کے بھی کچھ حضرات تھے انھوں نے مجھے اور حضرت مولانا کو سیوہارہ آنا چاہا میں نے اضمحلال طبع کا عذر کر دیا اور حضرت مولانا نے قبول فرمالیا لوگوں نے میرے عذر پر کہا ہم وعظ کی درخواست نہ کریں گے جس سے اضمحلال میں تکلیف ہو میں نے

۱۷

Marfat.com

کہا کہ بدون وعظ کہے تو مجکو کسی کی روٹی کھاتے ہوئے بھی شرم معلوم ہوتی ہے مولانا بیساختہ کیا فرماتے ہیں کہ ہاں بھائی ایسے بے شرم تو ہم ہی ہیں کہ بلا کام کئے کہا لیتے ہیں میں اُسوقت بہت شرمندہ ہوا اور کسی معذرت پیش کرنے کی بھی ہمت نہ ہوئی مگر مولانا بشاش تھے۔

(ملفوظ ۱۲۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ جوتا روشن دماغ ہے اس سے بڑی جلدی فیصلہ ہو جاتا ہے جوتے پر ایک حکایت یاد آگئی مولانا شیخ محمد صاحبؒ کے ایک خلیفہ تھے مولوی رحم الٰہی صاحب منگلوری پڑوسی انکو ستایا کرتے تھے چنانچہ اُن کے مکان کے سامنے ایک چوک ہے مشترک اسمیں چند مفسدین نے جمع ہو کر ناچ کی تجویز کی اور شامیانہ وغیرہ سب سامان مہیا کر کے ایک طوائف نے آکر ناچنا شروع کیا مولوی صاحب کا راستہ مسجد جانے کا وہی تھا نماز کو جاتے ہوئے۔ تو مولوی صاحب نے بمشکل ضبط کر لیا مگر واپسی میں تحمل کیا جب تحمل نہ ہو سکا جوتہ ہاتھ میں لیکر اور تمام مجمع کو اندر گھس کر اس عورت کے سر پر بجانا شروع کیا مگر کوئی کچھ بولا نہیں اسلئے کہ بزرگوں کی ہیبت خدا داد ہوتی ہے مگر ظاہر ہے کہ اس مارنے کی وجہ کوئی قانونی تو تھی ہی نہیں نیز فقہا نے بھی لکھا ہے کہ علماء کا کام زبان سے روکنے کا ہے اور حکام کا کام ہاتھ سے روکنے کا تو اس بنا پر مفسدین مجتمع ہوئے اور اُس عورت کو بہت زیادہ اشتعال دیا کہ تو دعویٰ کر ہم سب شہادت دیں گے ہم روپیہ صرف کریں گے اُس عورت نے کہا کہ روپیہ تو خود میرے پاس بہت ہے اور تم شہادت کو تیار ہو مگر مجکو ایک خیال دعوے سے مانع ہے وہ یہ کہ میں سوچتی ہوں کہ اس شخص کے اندر اگر دنیا کا ذرا بھی نام و نشان ہوتا تو مجھپر اسکا ہاتھ ہرگز نہ اُٹھتا اس سے معلوم ہوا کہ یہ اللہ والا ہے سو اسکا مقابلہ حق تعالیٰ کا مقابلہ ہے میری اتنی ہمت نہیں دیکھئے یہ ایک بازاری عورت کا بیان ہے پھر یہاں تک یہ اثر پڑا کہ وہ عورت مولوی صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا کہ میں تائب ہوتی ہوں کسی بھلے آدمی سے میرا نکاح کر دیا جاوے واقعی ان حضرات کی توجہ میں بھی برکت ہے۔ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحبؒ کا فرمانا کہ جوتہ روشن دماغ ہوتا ہے بالکل صحیح ہے غیر محصن زانی کے متعلق حکم ہے کہ سو درّے لگاؤ اس سے دماغ درست ہو جاتا ہے اور اسی حکم کے ساتھ یہ بھی ارشاد ہے کہ خدا کے معاملہ میں رحم نہ ہونا چاہئے مومنین کو اور اس عدم ترحم کو شرط ایمان فرمایا ہے ان کنتم تومنون باللہ والیوم الاخر حضرت مولانا محمد یعقوب صاحبؒ کو طلبا

رسالہ المبلغ ص ۸ ج ۸

بابتہ ماہ جمادی الاولیٰ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

کو پیٹتے وقت بڑی ہی ظرافت سے کام لیا کرتے تھے پیٹنے والا کہتا کہ حضرت اللہ اور رسول کیواسطے معاف کردو فرماتے کہ اللہ اور رسول ہی نے حکم دیا ہے کہ ایسے شریر وں کی جوتڈوں سے خبر لو میں اللہ اور رسول ہی کیواسطے مارتا ہوں اور حضرت مولانا نے ایک بار فرمایا کہ یہ بھی سنت اللہ ہی ہے کہ ایک کے سبکو پہونچتا قحط وبا رعام ہوتا ہے اور واقع میں کہنے والے بھی سب ہی ہوتے ہیں مثلاً قدرت ہوتے ہوئے نہ روکنا ومثل ذلک مگر ظاہر کے اعتبار سے یہ فرمایا کہ ایک کیوجہ اور سب کو سزا ہو پھر اسکی ظاہری تائید میں مولانا نے ایک حکایت فرمائی کہ عالمگیر رحمۃ اللہ علیہ کے زمانہ میں روزانہ بازار والوں میں اور فوج والوں میں لڑائی ہوا کرتی مقدمہ ہوتا زیادہ تر فوج والوں ہی کو سزا ہوتی جیلخانہ پُر ہوگیا بادشاہ کو اطلاع ملی کہ یہ صورت ہے اور روزانہ ایسا ہونے لگا ہے حکم دیا کہ اب کے جو ایسا معاملہ پیش آئے ہمارے پاس بھیجدو چنانچہ اگلے ہی روز ایک معاملہ پیش آیا عالمگیر رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں بھیجدیا گیا عالمگیر رحمۃ نے فوجیوں کی ساتھ آس پاس جو بازار والے تھے اُن کو بھی سزا دی بس پھر کوئی مقدمہ نہ آیا اور اُسکی وجہ عالمگیر رحمۃ نے یہ فرمائی کہ پہلے بازار والے تماشہ دیکھتے تھے نہ چھوڑاتے تھے نہ منع کرتے تھے ایک مشغلہ بنا لیا تھا اب جہاں باہم تیزی سے گفتگو ہوئی تمام بازار والے منع کرنے کھڑے ہوجاتے کہ ایسا مت کرو ہم سب پھنسیں گے بس سمجھا دیتے ہیں لڑائی نہیں ہونے پاتی اور یہ تو معمولی جزئی انتظامات ہیں باقی مکمل اور کلی انتظام خلفاء اور فقہاء نے کرکے دکھلا دیا جسکو مخالفین بھی مانتے ہیں چنانچہ ایک انگریز نے لکھا ہے کہ حنفی فقہ میں ایک خاص امتیازی شان ہے کہ اگر بڑی سے بڑی سلطنت کا انتظام اسکے موافق کیا جاوے تو کہیں اُسکا کوئی کام نہیں رُک سکتا بلکہ بہت اچھی طرح سلطنت چل سکتی ہے۔ ایک حاکم انگریز نے اپنے مسلمان شیشہ دار سے کہا کہ ہماری ایک بڑی جماعت منتظمین کی ڈیڑھ سو برس میں وہ انتظام نہیں کرسکی جو حضرت عمر فاروق رضی اللہ نے تیرہ چودہ برس میں کردیا پھر اس شیشہ دار نے کہا کہ اب تو مانوگے کہ اُنکی ساتھ تائید غیبی تھی اُس نے کہا تائید غیبی کیا ہوتی اُن کو عقل بہت بڑی دی گئی تھی انھوں نے کہا کہ عقل کے اس ہی درجہ کا نام تائید غیبی ہے دیکھئے یہ شہادت ہے مخالفین کی اور یہ باوقعت اسلئے ہے کہ جاننے والے کی شہادت ہے اور جانتا وہ چیز ہے کہ ساحران موسیٰ معجزہ دیکھکر ایمان لے آئے اور فرعون ایمان نہیں لایا اسلئے کہ وہ سمجھتے تھے کہ سحر کی حقیقت کیا ہے اور اس سے آگے قوت بشریہ کام نہیں دے سکتی اسی طرح اہل تمدن کا قول حضرت عمر کی

Marfat.com

نسبت معتبر ہے اور لطف یہ ہے کہ ان حضرات کو کبھی ایسے امور کا تجربہ بھی نہ ہوا تھا چنانچہ خلافت سے پہلے حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بزازہ کا کام کرتے تھے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ بکریاں چرایا کرتے تھے ان میں سلطنت کی اہلیت پیدا کب ہو گئی جن کے مقابلہ میں ہرقل اور کسریٰ سب ماند تھے یہ سب سردار کونین جناب رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کی صحبت کی برکت تھی جس نے ایکدم کایا پلٹ کر دی۔

(ملفوظ ۱۲۷) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ جی ہاں اول وحی کے بعد دوسری وحی کو حضور صلے اللہ علیہ وسلم پر موخر کر دیا گیا حضور کو اسقدر رنج ہوا کہ اشتیاق کی وجہ سے پہاڑی پر چڑھ کر کئی بار جان دینا چاہا جس پر گذرتی ہے وہی خوب جانتا ہے اسی کو فرماتے ہیں ؎

اے ترا خارے بپا نشکستہ کے دانی کہ چیست حال شیرانے کہ شمشیر بلا بر سر خورند

(ملفوظ ۱۲۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ صحابہ کی عجیب حالت ہے حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی جو وقعت اور عظمت اُن کے قلوب میں پیدا ہوئی وہ حضور کا معجزہ تھا یا صحابہ کی کرامت اور یہ جو صحابہ میں لڑائی ہوئی یہ بھی اُن کی قوت ایمانیہ کی دلیل ہی یعنی اُنکو یہ اطمینان تھا کہ یہ دین حق ہے ایسے اختلافات سے مٹ نہیں سکتا ورنہ اتنی جلدی اختلاف نہ کرتے کیونکہ نئے مشن میں اختلاف کرنے سے خیال ہوتا ہے کہ اس مشن کو مضرت ہوگی نقصان پہونچ جائیگا اس سے صحابہ کے جذبات کا پتہ چلتا ہے سو لوگ نزدیک تو یہ بات عیب کی ہے اور میرے نزدیک کمال کی۔

(ملفوظ ۱۲۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اپنے بڑے پر اور جاننے والے پر اعتماد کرنا چاہئے ورنہ کام چل نہیں سکتا چنانچہ میدان میں تمام جرنیل پر مدار ہوتا ہے اسی طرح ادنیٰ سے ادنیٰ چیز میں ضرورت ہے اتباع کی اور جاننے والے کی البتہ یہ علم ہو جانا ضرور ہے کہ جاننے والا ہے اور ہمارا خیر خواہ ہے بس پھر تو اُسکے سامنے یہ حالت ہو جانی چاہئے ؎

دلارامے کہ داری دل در و بند دگر چشم از ہمہ عالم فرو بند

(ملفوظ ۱۳۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک مولوی صاحب کہنے لگے کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے جو چند نکاح کئے اس سے مقصود مجاہدہ ہوگا میں نے کہا کہ حضور کو مجاہدہ کی ضرورت نہ تھی منتہی امتی کو بھی ضرورت مجاہدہ کی نہیں رہتی نہ کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کو۔

رسالہ البلغ ص ۸ ج ۸ بابتہ ماہ جمادی الاولیٰ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

(ملفوظ ۱۳۱) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ بیعت میں کیا رکھا ہے اصل چیز تو اتباع ہے اتباع میں بیعت سے بھی زیادہ قوی علاقہ ہو جاتا ہے اور میں تو تجربہ کی بناء پر کہتا ہوں کہ بعض لوگوں کو بیعت مضر ہوتی ہے اسلئے کہ بعض طبیعتیں ایسی ہوتی ہیں کہ وہ مرید ہو کر بیفکر ہو جاتے ہیں

۱۴ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم چہارشنبہ

(ملفوظ ۱۳۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ سلیقہ خداداد چیز ہے انگریزی یا عربی پر موقوف نہیں جسکو خدا تعالیٰ عطاء فرمادیں۔

(ملفوظ ۱۳۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ لباس کا بھی اثر ہوتا ہے اخلاق پر میں تو کہا کرتا ہوں کہ شیروانی میں شیر ہے گرگابی میں گرگ ہے سر سے پاؤں تک درندوں میں لپٹے ہوئے ہوتے ہیں ثقہ لوگوں کو ایسے لباس سے اجتناب ضروری ہے۔

روایت

(ملفوظ ۱۳۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جلال الدین سیوطی نے تو ثابت کیا ہے کہ حضور کے آباء اور اجداد سب کے سب حضرت آدم علیہ السلام تک کوئی بھی کافر نہ تھا گو وہ روایات ضعیف ہیں اور جمہور علماء کا مذہب اسکے خلاف ہے مگر اسپر سب کا اجماع ہے کہ کسی کی گستاخی یا بدزبانی نہ کرنا چاہئے

(ملفوظ ۱۳۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ سلاطین کی خوبیوں میں سے اسکو تو شمار کیا گیا کہ وہ سادہ لباس پہنتے تھے مگر مورخین نے یہ کہیں نہیں لکھا کہ سو روپیہ گز کا کپڑا پہنتے تھے یہ سادگی علو اور عظمت کی دلیل ہے میں جب کسی کو بناؤ ٹھناؤ دیکھتا ہوں تو سمجھ جاتا ہوں کہ نہایت پست خیال شخص ہے اگر بلند ہمت ہوتا تو اسکی اسکو فرصت ہی نہ ملتی جو شخص علوم عالیہ میں مشغول ہوتا ہے اسکا ذہن ہی ان چیزوں تک نہیں پہونچتا اور اہل دین جو مقتدا کہلاتے ہیں انکو بننے کی ضرورت ہی کیا ہے حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے ؎

این ہمہ زینت زناں باشد۔ اور دوسرے مصرعہ کی جگہ الی آخرہ فرمادیتے یہ بھی ایک مزاح ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں ہرقل اپنی جگہ تھرا رہا ہے قیصر اور کسریٰ اپنی اپنی جگہ ہرقل کا بھیجا ہوا سفیر مدینہ آتا ہے اور اہل مدینہ سے دریافت کرتا ہے ؎

Marfat.com

گفت کو قصر خلیفہ اے حشم — تا من اسپے زخت را آنجا کشم

تو ہم جواب دیتی ہے ؎

قوم گفتندش کہ او را قصر نیست — مر عمر را قصر جاں روشنے است

حضرت انکی شان اور شوکت بدون ٹھنسنے ہی ہوتی ہے اسی کو فرماتے ہیں ؎

ہیبت حق است این از خلق نیست — ہیبت این مرد صاحب دلی نیست

۱۳۵۶ھ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعض لوگوں نے تو ملانوں کو بھیڑ سمجھ رکھا ہے اور بعض نے بھیڑیا پاس بھی نہیں آتے مگر ہماری جوتی سے نہیں آتے ہم اپنی طرف سے خدمت کو تیار ہیں اگر ہم پسند آئیں خدمت لو ورنہ جاؤ بلانے کون جاتا ہے ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ انبیاء علیہم السلام پر تو تبلیغ فرض تھی اسلئے وہ کلفت زیادہ برداشت فرماتے تھے اور اب جبکہ حق سبکو پہونچ گیا فرض نہیں الا ماشاء اللہ اسی سلسلہ میں ارشاد فرمایا کہ انبیاء علیہم السلام کا تحمل انبیاء علیہم السلام کا ضبط انبیاء علیہم السلام کا صبر کون کر سکتا ہے اسلئے خود کسی کو لپٹنے کی ضرورت نہیں البتہ اگر کوئی خود اپنی اصلاح کی درخواست کرے اسکی خدمت ضروری ہے مگر بالارعایت کیونکہ اگر ایسی رعایتیں کیجائیں تو اصلاح کسطرح ہو جیسے طبیب نبض دیکھکر سمجھ لے کہ بخار ہے مگر رعایت کرکے کہے کہ بخار نہیں بلکہ گرم چیز کھانے سے نبض جلدی جلدی چلنے لگی ہے یہ تاویل ہے تو کیا مریض کو اس طریق سے صحت ہو سکتی ہے یا مریض کہے کہ بخار نہیں ہے بلکہ دوڑکر آیا ہوں اسلئے نبض جلدی جلدی چل رہی ہے سو اگر طبیب ایسا کرے تو خیانت ہے اور اگر مریض ایسا کرے جہالت ہے شفیق طبیب تو یہی کہیگا کہ جاہل کیا جانے ہم جانتے ہیں جو مرض ہے اسی کے ساتھ یہ بات بھی سمجھنے کی ہے کہ طبیب مریض کو مرض یا علاج کی حقیقت سمجھانا چاہے تو قیامت تک نہیں سمجھا سکتا اسکی صرف ایک ہی واحد صورت ہے کہ طبیب تدابیر بتلائے اور مریض عمل کرے۔

۱۳۵۷ھ (ملفوظ) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ یہ طرز بعض علماء کا نہایت ہی ناپسندیدہ ہے کہ ہر سوال کا جواب دینے کو ضروری سمجھتے ہیں جو سوال ضروری اور قابل جواب ہو اسکا جواب دینا چاہیئے اور جو اعتراض کی قابل ہو اس سے اعراض کرنا چاہیئے علماء کے اس طرز مذکور کا اثر یہ ہوا کہ عوام الناس علماء کو اپنا تابع سمجھنے لگے میں کہا کرتا ہوں کہ اگر کوئی خر دماغ ہے تو ہم اسپے دماغ ہیں گو اور ہوں

رسالہ المبلغ ص۸ ج۸

بابتہ ماہ جمادی الاولی سنہ ۵۶ھ

Marfat.com

سے اسکی امید نہیں مگر خیر سب نہ سہی اُن میں ایک تو ایسا ہو کہ ان متکبرین کی غلطیوں پر تنبیہ کرے ورنہ قیامت تک بھی انکو خبر نہ ہو پس لوگ ایسی تنبیہ اور روک ٹوک پر گھبراتے ہیں میں سبکو تو نہیں مگر جو صاحب طریق ہو کر گھبراوے اُس سے کہتا ہوں کہ بھائی بے سوچے سمجھے اس راہ میں قدم ہی کیوں رکھا تھا بس یوں چاہتے ہیں کہ ہو تو جائیں سب کچھ اور کرنا کچھ نہ پڑے تو جب یہ حالت ہے تو میدان میں کس بوتے پر آیا تھا اسی کو مولانا فرماتے ہیں ؎

تو بیک زخمے گریزانی ز عشق ، تو بجز نامے چہ میدانی ز عشق

اور فرماتے ہیں ؎

گر بہر زخمے تو پر کینہ شوی ، پس کجا بے صیقل آئینہ شوی

چوں نداری طاقت سوزن زدن ، پس تو از شیر ژیاں ہم دم مزن

ارے جب تیرے اندر ایک سوئی کے کوچنے کی بھی برداشت اور قوت اور تحمل نہیں تو اس میدان میں جہاں ہزاروں توپیں اور مشین گنیں اور تلواریں چل رہی ہیں کیوں قدم رکھا تھا جھوٹا ہے تو اور کذاب ہے اپنے کو مرد میدان کہتا ہے اور یہ سب تیری باتیں ہی باتیں ہیں صرف باتوں سے اس میدان میں کام نہیں چل سکتا اسی کو کہتے ہیں ؎

قدم باید اندر طریقت نہ دم ، کہ اصلے ندارد دم بے قدم

یہ تو وہ راہ ہے کہ بڑوں بڑوں کو چرکہ دیا جاتا ہے ایکمرتبہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا گنگوہی رح ساتھ بیٹھے ہوئے کھانا کھا رہے تھے مولانا شیخ محمد صاحب آ گئے دیکھکر کہنے لگے کہ آہا آج تو مرید صاحب کے اوپر بڑی ہی نوازش ہو رہی ہے ساتھ کھانا کھلایا جا رہا ہے حضرت حاجی صاحب نے باوجودیکہ حضرت مولانا کا بیحد ادب فرماتے تھے مگر اسوقت مصلحت تربیت کیلئے فرمایا کہ ہاں ہے تو میری عنایت کہ میں اس طرح ساتھ بٹھلا کر کھلا رہا ہوں ورنہ مجھکو تو یہ حق ہے اور انکی یہ حیثیت ہے کہ میں روٹی ان کے ہاتھ پر رکھکر کہتا کہ وہاں بیٹھکر کھاؤ اور اس ارشاد کی ساتھ ہی کن انکھیوں سے دیکھ رہے تھے کہ کوئی تغیر تو نہیں ہوا یہ واقعہ ہے کہ حضرت مولانا گنگوہی رح پر ذرہ برابر ناگواری کا اثر نہیں ہوا کسی نے پوچھا کہ حضرت آپکو ناگوار تو نہیں ہوا تھا فرمایا کہ جہاں سے کچھ ملا کرتا ہے یا ملنے کی کچھ امید ہوتی ہے وہاں سے ناگواری نہیں ہوا کرتی مشاہدہ ہے کہ کیمیاگر اگر لنگوٹا مند بھی ہو مگر اُس کے

Marfat.com

پیچھے بڑے بڑے آدمی حقہ اُٹھائے پھرتے ہیں گو وہ کتنا ہی میلا کچیلا سڑا ہو تو طالب کی تو یہ شان ہونا چاہئے اور مصلحین کی یہ شان ہونا چاہئے کہ ؎

ہر کہ خواہد گو بیا و ہر کہ خواہد گو برو　　دار و گیر و حاجب و دربان دریں درگاہ نیست

میں ناتمام سی نقل اس شان کی کرتا ہوں تو بدنام کیا جاتا ہوں کہ متشدد ہے۔ اور میں تو واللہ اپنے نفس پر بھی متشدد ہوں اور اپنی فکر میں دوسروں کی اصلاح سے زائد لگا ہوا ہوں بیفکر نہیں ہوں خدا کے سامنے مجھے بھی کھڑا ہونا ہے اسی لئے میں بھی اپنی حالت کے متعلق سوچتا رہتا ہوں اور فکر کرتا رہتا ہوں بیفکر نہیں ہوں سو جو شخص اپنی اصلاح کی فکر میں ہو وہ دوسروں کی اصلاح کے معاملہ میں کیا خوشامد کریگا یا چاپلوسی کریگا ہرگز نہیں اور میں تو کسی کو کوئی مشکل کام ہی نہیں بتلاتا مگر اسکا کیا علاج کہ وہ اتباع ہی کو مشکل سمجھتے ہوں سو وہ مشکل دوسرے کا ابتلاء ہے کیونکہ اسمیں نفس کے خلاف کرنا پڑتا ہے اور عوام اسمیں غلطی کریں تو کریں حیرت تو یہ ہے کہ علماء بھی غلطی کرتے ہیں اور یہاں تو عوام زیادہ نہیں آتے اکثر علماء ہی آتے ہیں مگر میں دیکھتا ہوں کہ اُن میں بھی اکثر اصلاح سے بیفکر وجہ اسکی یہ ہے کہ یہاں پر اگر غلطیوں پر تنبیہ ہوتا ہے تب آنکھیں کھلتی ہیں دوسری جگہ کہیں روک ٹوک نہیں ہوتی نہ متنبہ کیا جاتا ہے اسلئے وہ بجائے فکر کے برعکس مجھکو متشدد سمجھتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ جو حساب خود لگا کر آتے ہیں میں اسمیں اُنکی موافقت کروں جیسے ایک بہرہ نے اپنی دوست کی عیادت میں حساب لگایا تھا قصہ یہ ہے کہ ایک بہرہ شخص کسی دوست کی عیادت کو گیا اور چونکہ سنتا کم تھا ادھر بیمار کی آواز ضعیف اسلئے ذہن میں حساب لگا لیا کہ میں یہ پوچھوں گا وہ یہ جواب دیگا پھر میں یوں کہونگا چنانچہ جا کر پوچھا کہ کیا حال ہے مریض نے کہا کہ مر رہا ہوں وہ کہتا ہے الحمد للہ پھر پوچھا کہ غذا کیا ہے کہا کہ زہر ہے کہا کہ خدا کرے ہضم ہو جان کو لگے بڑے خوش ہوئے کہ ہمنے عیادت کی اسی طرح یہ لوگ دو چار تسبیح و نوافل پڑھکر سمجھتے ہیں کہ ہمنے بڑی عبادت کی اور اصلاح ہو گئی اسطرح حساب لگا کر آتے ہیں جسطرح اُس بہرہ شخص نے حساب لگا لیا تھا اور میں اس حالت میں بھی آنے والوں کی حرکات پر صبر کر سکتا ہوں مگر اس صبر سے اُن کا کیا بھلا ہوگا دوسرے صبر سے تو ہو سکتا ہے دوست سے نہیں ہو سکتا ایک شخص ہے کہ وہ دعویٰ کرتا ہے انا نحب انا نحلہ انا عاشق انا کذا انا کذا تو اُسکی مخالفت کیسے گوارا ہوگی حضور صلے اللہ علیہ وسلم پر کفار نے پتھر برسائے

Marfat.com

کچھ پرواہی نہیں کی اور صحابہ سے ذرا کوئی بات ہوتی تھی فوراً تغیر ہو جاتا تھا۔ حضرت اسامہ ابن زید صحابی ہیں حضور نے ایک عورت فاطمہ نامی کو چوری کے جرم میں ہاتھ کاٹنے کی سزا کا حکم دیا تو حضرت اسامہ نے سفارش کی حضور برہم ہو گئے اور فرمایا کہ حدود کے باب میں سفارش کرتے ہو واللہ اگر فاطمہ بنت محمد بھی ایسا کرتی اُسپر بھی حد جاری کرتا سو دیکھئے اسامہؓ پر آپ برہم ہوئے صاحبو جو بات برہمی کی ہو گی اُسمیں برہمی تو ہو ہی گی جیسے کوئی کسی کے سوئی چبھو دے تو اُسکی سوزش اور جلن تو ہو ہی گی اور اُس سوزش میں وہ شکایت بھی کرے ہی گا اور یہ شکایت اور برہمی دوسرے کو نافع بھی ہو گی اگر اُس جگہ رعایت کرے تو سخت مضرت ہے جیسے آپریشن کی جگہ اگر مرہم رکھدے تو ظاہر ہے اندر ہی اندر مادہ بڑھکر سڑ جاویگا اور سبب ہلاکت کا ہو گا پھر اگر رعایت سے دوسرا شخص بھی رعایت کرے تو اسکا بھی مضائقہ نہیں مگر یہ بات بھی لوگوں میں نہیں رہی کہ جو ہماری رعایت کرے ہم اُسکی رعایت کریں ذلیل کرکے اور تابع بنا کر خدمت لینا چاہتے ہیں سو ہمیں طریق کی ذلت ہے گو ہم کوئی چیز نہیں

۱۳۸ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعضے لوگ جو مجھسے ناخوش ہو جاتے ہیں میں تو خوش ہوتا ہوں کہ بدفہموں سے نجات ملی امام کے پیچھے جسقدر مقتدی کم ہوں راحت ہی ہے کیونکہ اگر نماز میں کوئی خرابی آجائے تو تھوڑوں ہی کو اطلاع دینی پڑیگی یہاں کا تو یہ طرز ہے کہ نہ بیعت کا جھگڑا اسلئے کہ آج کل اکثر یہ مشغلہ دکانداروں کا اور رسمی پیروں کا رہگیا ہے اُن کے یہاں سکا تو اہتمام ہی نہیں کہ اصلاح ہو روکنا ٹوکنا ہو بس شب و روز مجمع بڑھانے کی فکر اور نہ یہاں وہ مشغلہ جیسے اکثر درباروں میں ہوتا ہے مثلاً یہاں پر نہ دہرہ دون کی چار کا ذکر نہ سہارنپور کے گنوں کا ذکر نہ شملہ کی ناشپاتیوں کا ذکر الحمد للہ صرف مشاغل دینیہ ہی کا شغل ہے ؎

ما ہر چہ خواندہ ایم فراموش کردہ ایم الا حدیث یار کہ تکرار می کنیم

مشائخ کے درباروں کی طرح ایسی چیزوں کا ذکر ہی نہیں حضرت میں تو نہ چار پیوں نہ پلاؤں نہ چاول کھاؤں نہ کھلاؤں یہاں تو روکھا سوکھا معاملہ ہے اگر پسند ہو آئیں ورنہ اپنے گھر بیٹھیں بلانے کون جاتا ہے۔

۱۳۹ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جس شخص میں دو صفتیں ہونگی دین اور عقل کی وہ ہمیشہ غالب

۲۵

Marfat.com

رہیگا ایک بار ہرقل کے دربار میں سفیر اسلام آیا اُس نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حالات دریافت کئے تو ان سفیر اسلام کا جواب سنئے فرماتے ہیں کہ ہمارے امیر المومنین کا مختصر حال یہ ہے لَا یَخْدَعُ وَلَا یُخْدَعُ ہرقل ان جملوں کو سنکر ششدر اور حیران رہگیا اور دربار عام میں یہ بات کہی کہ ان کے خلیفہ وقت میں یہ دو صفتیں ہیں نہ کسی کو دھوکہ دیتے ہیں جو دلیل ہے اُن کے دین کی نہ کسی کے دھوکہ میں آتے ہیں جو دلیل ہے اُن کی عقل کی سو جسمیں یہ دو باتیں جمع ہوں گی ساری دنیا اُسکا مقابلہ نہیں کر سکے گی۔

(ملفوظ ۱۴۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ انبیاء ایسے کامل العقل اور کامل الدین بھیجے گئے کہ ارسطو افلاطون جالینوس بھی اُن کے سامنے گردن جھکا کر بیٹھ جاویں اگر مسلمانوں میں تدبیں راسخ ہو جاوے تو اُن کی عقل کو جلا رہو اور پھر تمام پر یہی غالب ہو جائیں مگر اسکی طرف تو آتے ہی نہیں ایک نیا دین تراش رکھا ہے چنانچہ انگریزی داں ایک عالم سے کہنے لگے کہ ہمارا اسلام ٹھیٹ اسلام ہے مولوی صاحب نے خوب جواب دیا کہ ٹھیٹ نہیں ٹینٹ اسلام ہے۔

۱۵ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم پنجشنبہ

(ملفوظ ۱۴۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک صاحب اسکول کے مدرس یہاں آئے اور کہنے لگے کہ تقدیر کے مسئلہ پر مجھکو کچھ شکوک ہیں میں نے کہا کہ اسکے سمجھنے کیلئے تبحر علمی کی ضرورت ہے کہنے لگے کہ آپ تقریر کر دیں میں سمجھوں یا نہ سمجھوں شاید سمجھ ہی لوں میں نے کہا کہ میرا مقصد کا دماغ نہیں ہاں ایک صورت ہے کہ آپ کسی درسیات پڑھے ہوئے طالب علم کو بلا لائیے وہ مجھسے پوچھے میں اُسکے سامنے تقریر کرونگا اُس سے آپ کو دو باتوں کا اندازہ ہو جائیگا ایک تو یہ کہ بلا لاؤں گے پاس جواب ہے دوسرا یہ کہ آپ سمجھ نہیں سکتے اور ایسی حالت میں طبیعت بھی تقریر کرتے ہوئے اچھی ہے تقریر کا جوش مخاطب کے جذب پر موقوف ہے جیسے ماں کے دودھ میں جوش ہوتا ہے بچے کی طلب پر ایک اور کام کی بات عرض کرتا ہوں وہ یہ کہ طبیب کے مطب میں دو قسم کے لوگ حاضر ہوتے ہیں ایک مریض اور ایک شاگرد اگر شاگرد کہے کہ اس نسخے میں گل بنفشہ کیوں لکھا ہے اُسکے سامنے طبیب تقریر کرے گا یا مریض؟

Marfat.com

اسلئے کہ وہ فن کو حاصل کر رہا ہے اسلئے اُسکا حق ہے سوال کا اور اگر مریض یہی بات پوچھے کان پکڑ کر نکال دیا جائیگا اسلئے کہ اسکو حق نہیں سوال کا اُسکا مطلب صرف معالجہ ہے نہ کہ فن اور معالجہ اس تحقیق پر موقوف نہیں اسیطرح بے علم کو چاہئے کہ وہ حکم معلوم کرے اسکی علت دریافت کرنا ضروری کیا جائز بھی نہیں

..... ہاں طالب علم بیشک علت مسئلہ لیعلم کی اگر سمجھنا چاہیگا اُسکے سامنے تقریر کیجاویگی وہ بھی خاص قیود سے نہ کہ ہر حالت میں چنانچہ بعض طلباء مجھسے پوچھتے ہیں کہ فلاں مسئلہ کی تحقیق کیا ہے میں لکھدیتا ہوں کہ اُستاد سے پوچھو وہ لکھتے ہیں کہ پوچھا تسلی نہیں ہوئی میں لکھتا ہوں کہ اُنکی تقریر لکھو اور جو تم اُس سے سمجھے ہو وہ لکھو پھر اُسمیں جو شبہ ہو وہ لکھو اگر وہ تقریر اس شبہ کے رفع کے لئے کافی نہ ہوگی پھر میں تقریر کا ذمہ دار ہوں انشاء اللہ تعالیٰ بتاؤنگا میں اسقدر سستا نہیں ہوں کہ مجھکو ہر وقت مشغلہ بنالیا جائے۔

(ملفوظ ۱۴۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک غیر مقلد کا خط آیا تھا لکھا تھا کہ مجھکو بیعت کرلو اور کچھ ذکر و شغل کی تعلیم کردو میں نے محض فہم کا اندازہ کرنیکے لئے لکھا کہ تم ائمہ کی تو تقلید نہیں کرتے مگر یہ بتلاؤ اسمیں میری بھی تقلید کروگے یا نہیں۔ لکھا کہ بہت سوچا کوئی جواب سمجھ میں نہیں آیا۔ اشکال یہ ہوا کہ اگر تقلید نہیں کرتے تو بدون اتباع کے اصلاح کیسے ہوگی اور اگر کرتے ہیں تو غیر مقلدی کے خلاف ہے۔ میں نے کہا کہ جا بندہ خدا تجھ ہی سے جواب پوچھ لیتا میں ہی جواب سکھلا کر اپنے کو لاجواب کرلیتا وہ جواب یہ ہے کہ تقلید کی شق اختیار کرتے اب اسپر ائمہ کی تقلید نہ کرنے کا اشکال پڑتا اسکا جواب یہ لکھتے کہ ائمہ کی تقلید تو احکام میں کرائی جاتی ہے اور تمھاری تقلید احکام میں ہی ہوگی بلکہ تدابیر اصلاح میں تقلید کرونگا اکثر غیر مقلدین کے اس قسم کے خطوط آتے ہیں میں اول اُن سے یہی سوال کرتا ہوں کہ تقلید کو کیسا سمجھتے ہو بعض لکھتے ہیں کہ ہم جائز سمجھتے ہیں واجب نہیں ایسوں کو تو بیعت کرلیتا ہوں۔ اور بعض لکھتے ہیں کہ ہم حرام اور شرک سمجھتے ہیں میں ایسوں کو لکھدیتا ہوں کہ اتباع کا تعلق کرنا ایسے شخص سے کب جائز ہے جو حرام اور شرک میں مبتلا ہو۔

(ملفوظ ۱۴۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک صاحب یہاں آئے تھے بیعت ہونیکی درخواست کی میں نے شرائط بیعت بیان کئے کہنے لگے کہ مرید کرکے آپ چھوڑ دیں شرطیں پوری کرنے نہ کرنے کا میں ذمہ دار ہوں میں نے کہا ایسا چھوڑ دوں جیسے سانڈ کو چھوڑ دیتے ہیں خواہ کسی کے چنے کھائے

۱۷ ابتداء جمادی الاولیٰ ۵۷ھ

رسالہ المبلغ ص ۸ ج ۸

Marfat.com

خواہ چنان کھائے خواہ چنیں کھائے اس پیری مریدی کو آجکل لوگوں نے ایک مشن بنا رکھا ہے جیسے پارٹی بندی ہوتی ہے اور وہ بھی دین کے واسطے نہیں بلکہ دنیا کے واسطے یہ تو عملی فساد ہے پھر اور اسکے متعلق عقیدہ بھی عوام کا خراب کر رکھا ہے یہ سمجھتے ہیں کہ پیر بخشوا لیتے ہیں چاہے پیر ہی مارے مارے پھریں کہ میری ہی دستگیری کرلو معلوم بھی ہے کہ جہاں سفارش ہوگی اُدھر سے ارشاد ہوگا کہ سفارش کرو ورنہ کیا مجال ہے کسی کی اپنی رائے سے سفارش کرسکے

(ملفوظ ۱۴۴) ایک صاحب کے ہدیہ پیش کرنے کے وقت اُنکی ایک خاص غلطی پر تنبیہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ ہدیہ جو پیش کرتے ہیں سو غرض دنیا کی لیکر آتے ہیں ہمکو تو غیرت آتی ہے کہ ہمکو ہدیہ دیکر کوئی دنیا کی خدمت نہ لے بلکہ اگر دین کی بھی خدمت لے وہ بھی شان ہدیہ کے خلاف ہے ہدیہ تو بالکل خالص محبت کی بنا پر ہونا چاہئے حق تعالیٰ فرماتے ہیں انما نطعمکم لوجہ اللہ لا نرید منکم جزاءً ولا شکورا سود دینے والے کو تو یہ حکم ہے اور لینے والے کو حکم ہی کا فتوہ سود دینے والے کو تو منع کیا گیا ہے مکافات طلب کرنے سے اور لینے والے کو حکم ہے کہ مکافات کرو اور بزرگوں نے تو ہدیہ میں سنت کے موافق یہانتک احتیاط کی ہے کہ اگر انتظار کے بعد کوئی چیز آوے اُس سے بھی انکار کر دیا ہے کہ خلاف سنت ہے محبت تو یہ ہے کہ انتظار کی بھی تکلیف نہ دے اسلئے کہ اگر انتظار ہوگا تو تکلیف ضرور ہوگی یہ ہیں بعض آداب ہدیہ کے جسکی کوئی دینے والا رعایت نہیں کرتا مگر انکا بھی قصور نہیں آجکل رسمی مشائخ نے اسی قسم کے ڈھونگ بنا رکھے ہیں اور بنا بھی رکھے ہیں جس سے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اگر نہ دیا ناراض ہونگے کہ ایکی مرتبہ اس نے کچھ نہیں دیا بڑا نامعقول ہے ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اس انتظار میں بھی تفصیل ہے اگر انتظار ایسا ہے کہ اگر چیز نہ ملی تو کلفت ہوئی شکایت ہوئی یہ انتظار تو اشراف ہے اور اس حالت میں لینا خلاف سنت ہے اور اگر تکلیف نہ ہو تو محض خیال اور احتمال ہے اور وسوسہ کا درجہ ہے ایسے وقت میں لے لینا جائز ہے یہ اشراف نہیں ہے۔

(ملفوظ ۱۴۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ لوگوں کو اپنے اپنے مشائخ کی طرف کھینچ تان کر لانے میں اور ترغیب دینے میں اگر دوسرے بزرگوں کی تنقیص کیجاوے تو یہ گناہ ہے۔ ورنہ گناہ نہیں گو بے غیرتی ہے۔

Marfat.com

(ملفوظ ۱۴۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مسلمانوں کے لئے دین و دنیا دونوں کی عزت جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اتباع ہی میں ہے باقی اسکے علاوہ سب اسباب ذلت کے ہیں۔

(ملفوظ ۱۴۷) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ دین کی بھی رونق اور دنیا کی بھی رونق غرباہی سے ہے امرا تو ہمیشہ بے رونقی کے سبب بنے ہیں۔

(ملفوظ ۱۴۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ زکوٰۃ ہی ایک ایسی چیز ہے کہ اگر انتظام سے خرچ کیجائے اور سب لوگ دیا کریں تو غریب مسلمانوں کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو۔

(ملفوظ ۱۴۹) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ خراج کا روپیہ رفاہ عام میں صرف ہو سکتا ہے مگر عشر کا یہ مصرف نہیں وہ زکوٰۃ کے مصرف میں صرف ہو سکتا ہے۔

(ملفوظ ۱۵۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ دوسری قوموں کا جہانتک صدیوں کے بعد ذہن پہونچ رہا ہے وہ اسلام کا بالکل اول سبق ہے چنانچہ حقوق کے متعلق ایک بزرگ کی حکایت ہے کہ ان کے ساتھ ایک شخص سفر میں چلے آپس میں یہ طے ہوا کہ ایک امیر ہو ایک ماموریہ اس شخص کو خیال ہوا کہ میں بزرگ صاحب کے سامنے کیسے امیر بن سکتا ہوں لہذا عرض کیا کہ آپ ہی امیر ہیں بزرگ نے قبول فرمالیا ایک مقام پر پہونچکر خیمہ گاڑنے کی ضرورت ہوئی بزرگ صاحب نے اپنے ہاتھ سے خیمہ لگانا شروع کیا یہ شخص بولا کہ حضرت میں اس کام کو انجام دونگا فرمایا کہ جو میں حکم دوں اسکا اتباع کرو اسلئے کہ میں امیر ہوں لہذا میں حکم کرتا ہوں کہ تم ہاتھ مت لگاؤ میں خود خیمہ نصب کرونگا ابتو یہ شخص بہت پچتایا کہ بڑی غلطی ہوئی میں ہی امیر ہو جاتا تاکہ ان بزرگ صاحب کی خدمت کرنا تو نصیب ہوتی۔ ایکمرتبہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم سفر میں تھے صحابہ سے کھانا پکانے کا انتظام کیا گیا سب کام صحابہ نے آپسمیں تقسیم کر لئے یہ کسی کو یاد نہ رہا کہ لکڑیاں بھی جنگل سے آئیں گی حضور جنگل تشریف لیگئے اور گٹھہ لکڑیوں کا لیکر تشریف لائے تب صحابہ کو معلوم ہوا کہ یہ کام کسی کو یاد ہی نہ رہا تو یہ رعایت اسلام کا اول سبق ہے جسپر آج دوسری قومیں نازاں ہیں۔

(ملفوظ ۱۵۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ تحریکات حاضرہ میں بڑا ہی ہرج ہے لوگوں نے مچایا باوجود اسکے کہ باب فتن حدیث شریف میں موجود ہے اور تمام احکام بالتصریح مذکور ہیں اور لوگوں

Marfat.com

نمونے حضور پر گذرے ہیں پھر زیادہ کلام کی گنجایش کہاں ہے بس یہ دیکھنا کافی ہو کہ اگر مظالم سے بچنے پر قادر نہیں ہو اپنے کو بکی سمجھو اور صبر کرو اور اگر قادر ہو مدنی سمجھو اور قدرت سے کام لو مگر ابتو یہ ہو رہا ہے کہ یا تو بکی کی جگہ بکی اور ذلیل بنیں گے اور یا مدنی کی جگہ بدنی اور پہلوان بنیں گے اور خطرات میں پھنسیں گے شارع نے ہر چیز کا انتظام کیا ہے اسی کو سمجھکر فقہا نے یہانتک کیا ہے کہ سردی اور گرمی میں استنجے کے ڈھیلے لینے تک کا طریقہ بتلایا ہے حقیقت میں امت پر بیحد شفقت کی ہے اور حضرت باپ اگر اپنے بچے کو نہ سکھلاوے تو اور کون سکھاوے بہت امور بدون تعلیم محض طبعی طور پر معلوم نہیں ہو سکتے تھے مثلاً پیشاب پاخانہ کے وقت قبلہ کی طرف منہ نہ کرو کس چیز سے استنجا کرو آبدست کس طرح لو یہ چیزیں تو سکھلانے ہی کی تھیں۔

۱۵۲ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ صحابہ کے ایمان کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ اپنی دارالحکومت میں تشریف رکھتے ہیں بڑے بڑے رئیس اہل فارس درباری حاضر ہیں کھانے کا وقت آگیا کھانا شروع فرمایا ایک لقمہ ہاتھ سے زمین پر گر گیا آپنے اسکو اٹھاکر اور صاف کرکے کھالیا بعض خادموں نے کان میں کہا کہ یہ متکبر کفار ایسی بات کو تحقیر کی نظر سے دیکھتے ہیں آپ نے بآواز بلند جواب دیا کہ کیا میں ان احمقوں کی وجہ سے اپنے رسول کی سنت چھوڑ دونگا کیونکہ حدیث میں ہے کہ اگر زمین پر کھانے کی کوئی چیز گر جائے اسکا اٹھاکر کھالینا سنت ہے جسکو آجکل معیوب سمجھا جاتا ہے سبحان اللہ صحابہ نے عشق اور حکومت کو جمع کرکے دکھلایا

۱۵۳ (ملفوظ) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ یہ مراقبہ نہایت نافع ہے کہ خدا تعالیٰ ہمیں چاہتے ہیں اس سے محبت خوف پر غالب آجائیگی اسلئے کہ اکثر حالات میں محبت عقلی ہے اور خوف طبعی اور آثار طبعی ہی کے غالب ہوتے ہیں احکام عقل پر مثلاً اونچی دیوار پر چلنے کیلئے طبیعت اور عقل کا مناظرہ ہوتا ہے تو طبیعت غالب رہتی ہے جو بلا دلیل کہتی ہے کہ گر جاؤ گے اسلئے چل نہیں سکتا مگر اس مراقبہ سے محبت طبعی ہو جائیگی اور خوف عقلی

۱۵۴ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حق تعالیٰ جسکو عذاب دیں گے وہ بھی ایک درجہ کی معافی ہی ہے مسند احمد میں ایک حدیث ہے حق تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جہنم میں وہی جائیگا جسکے متعلق میرا یہ علم ہے کہ اگر اسکو دوبارہ دنیا میں بھیجدوں تو پھر بھی وہ ایسا ہی کریگا ایک مقدمہ

Marfat.com

تو یہ ہوا اور دوسرا مقدمہ کلیات سے ثابت ہے کہ بعد معائنہ عذاب کے پھر جو فرمانی کرنے لگے وہ پہلے سے زیادہ مستحق ہوگا عذاب کا تو اللہ تعالیٰ نے ان اہل جہنم کو اس زائد سے بچا لیا تو ایک قسم کی معافی ہی ہوئی۔ تو حضرت ایسے بد استعداد لوگوں کو جہنم میں بھیجا جائیگا ورنہ کسی کو جہنم میں نہ بھیجیں گے یعنی عذاب ابدی کے لئے اور غیر ابدی تو حقیقت میں تزکیہ ہے۔

(ملفوظ ۱۵۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مصائب اور تکالیف میں بھی انسان کو گھبرانا نہیں چاہئے حق تعالیٰ جو معاملہ بھی اپنے بندہ کے ساتھ فرماتے ہیں وہ حکمت اور رحمت سے خالی نہیں ہوتا اور اہل بصیرت کا تو اس باب میں مذاق ہی جدا ہوتا ہے جو اس سے بہت آگے بڑھا ہوا ہے یعنی انکو تو محبوب کی ہر چیز محبوب معلوم ہوتی ہے کسی نے کہا ہے ؎

اُن کو آتا ہے پیار پر غصہ ہمکو غصہ پہ پیار آتا ہے

اس محبوبیت کی بالکل ایسی مثال ہے کہ کسی کا محبوب جسکی برسوں سے ملنے کی تمنا اور آرزو تھی اس نے پشت کی جانب سے آکر دبا لیا اور ایسا دبایا کہ پسلیاں ٹوٹنے لگیں آنکھیں نکل آئیں اور سخت تکلیف ہوئی مگر منہ پھیر کر جو دیکھتا ہے تو وہ محبوب ہے جسکی وجہ سے برسوں جنگلوں اور گلیوں کی خاک چھانی اس حالت میں وہ محبوب کہتا ہے کہ اگر میرا تجکو آغوش میں لیکر دبانا ناگوار ہے تو اپنے دوسرے عاشق کو اسی طرح آغوش میں لیکر جا دباؤں تو اسوقت یہ محب صادق یہی کہیگا ؎

نہ شود نصیب دشمن کہ شود ہلاک تیغت سر دوستاں سلامت کہ تو خنجر آزمائی

جب نفسانی محبت کی یہ حالت ہے کہ اسکی دی ہوئی تکلیف تکلیف نہیں معلوم ہوتی تو حق تعالیٰ کی محبت کی کیا حالت ہوگی خوب فرماتے ہیں ؎

عشق مولیٰ کے کم از لیلیٰ بود گوئے گشتن بہر اولیٰ بود

حضرت محبت ہی وہ چیز ہے کہ بڑی سے بڑی تکلیف کو بدل بہ راحت کر دیتی ہے اور سوائے محبوب کے سبکو فنا کر دیتی ہے خوب فرمایا ہے ؎

عشق آں شعلہ است کو چوں برفروخت ہر چہ جز معشوق باقی جملہ سوخت

اور محبت کے پیدا کرنیکا طریق سب سے سہل اور آسان یہ ہے کہ اہل محبت کاملین کی محبت اختیار کرو اُنکی جوتیاں سیدھی کرو اور سیدھی کرنے سے بھی کچھ نہیں ہوتا بلکہ اُنکی جوتیاں کھا کر گردہ

Marfat.com

جوتیاں مارلیگا نہیں مگر تمکو اسکے لئے تیار ہوکر جانا چاہئے اور اپنے کو دربست اُسکے سپرد کر دینا چاہئے اسی کو مولانا فرماتے ہیں ؎

قال را بگذار مردِ حال شو، پیشِ مردِ کاملے پامال شو،

اسکے بدون کام نہیں چلسکتا یہی اس طریق میں جزو اعظم ہے یہی کام بنانیوالی چیز ہے خوب سمجھ لو ؎

نہم خاطر تیز کردن نیست راہ، جز شکستہ می نگیرد فضل شاہ

خلاصہ یہ ہے کہ اُسکی صحبت سے شکستگی اور پستی پیدا ہوگی جو اس راہ میں اول قدم ہے پھر پستی اور شکستگی کا یہ اثر ہوگا ؎

ہر کجا پستی است آب آنجا رود، ہر کجا مشکل جواب آنجا رود،
ہر کجا دردے دوا آنجا رود ہر کجا رنجے شفا آنجا رود،

۱۵ ذیقعدہ سنہ ۳۵ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم پنجشنبہ

۳۲ (ملفوظ ۱۵۶) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ذہن کیلئے ایک تعویذ کی ضرورت ہے فرمایا کہ ذہن کا تعویذ نہیں ہوتا ذہن فطری چیز ہے البتہ قوت حافظہ قوت دماغ پر موقوف ہے اُسمیں اگر کمی ہو تو اُسکا علاج طبیب کر سکتا ہے پھر ان تعویذوں کے بارہ میں فرمایا کہ بعض مرتبہ لوگوں کے عقیدہ میں عملو ہوتا ہے کہ ضرور نفع ہوگا نہ ہوا تو اسمار الٰہیہ سے غیر معتقد ہو جاتے ہیں حالانکہ یہ جو تعویذ پر آثار مرتب ہوتے ہیں یہ للنصوص نہیں اور نہ اُنکا کہیں وعدہ ہے یہ سب گڑبڑ جاہل عاملوں کی بدولت پیدا ہو رہی ہیں اس سے عوام کے عقائد تو اس بارہ میں نہایت ہی خراب ہیں جنکی اصلاح کی سخت ضرورت ہے۔

(ملفوظ ۱۵۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک طالب علم کا خط آیا تھا لکھا تھا کہ توجہات مربیانہ سے سرفراز فرماتے رہیں اور بھی بعض باتیں زائد اور غیر متعلق اور مبہم لکھیں تھیں میں نے اُسپر متنبہ کیا کل معذرت کا خط آیا ہے لکھا ہے کہ بدفہمی اور لاعلمی سے لغزش ہوگئی آئندہ ایسا نہیں کرونگا معافی چاہتا ہوں میں نے لکھدیا ہے کہ ایک بات متعین کر کے لکھو کہ بدفہمی سبب ہے یا لاعلمی یہ گڈمڈ کیسی

Marfat.com

وہی فضول کا مرض اب بھی رہا یہ دونوں جمع نہیں ہوتے دیکھئے کیا جواب آتا ہے طریق اصلاح بڑا ہی نازک ہے ہر شخص مصلح نہیں ہوسکتا جیسے ہر شخص طبیب نہیں ہوسکتا۔

۱۵۸ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میرے نزدیک ادب کی حقیقت یہ ہے کہ دوسروں کو جس چیز سے تکلیف ہو اُس سے اجتناب چاہیئے یہی ادب ہے صرف تعظیم کا نام ادب نہیں اسمیں بڑوں کی بھی تخصیص نہیں چھوٹوں کا ادب بھی یہ ہی ہے کہ انکو تکلیف نہ پہونچائی جائے گو وہ فعل تکلیف کے لئے موضوع نہ ہو۔ ایک پیر صاحب کی حکایت ہے کہ مرید اپنی جوتیاں ڈھونڈ رہا تھا پیر نے اٹھا دیدیں سو یہ فعل گو موضوع نہیں تکلیف دینے کیلئے مگر تاہم یہ بڑا ہی ظلم تھا بیچارے مرید پر کہ اُس کو تکلیف پہونچائی بڑی چیز علم صحیح اور عمل خالص ہے اسکے مقابلہ میں کہاں کی کرامت کہاں کا کشف اور اگر کرامت ہی مطلوب ہے تو آفاقی کرامت کی ضرورت نہیں انفسی کرامت چاہیئے۔

۱۵۹ (ملفوظ) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ شیخ کو صاحب مقام ہونا چاہیئے صاحب حال ہونا نافع نہیں اسمیں احتمال حدود سے تجاوز کا ہے جس سے مریدین میں گڑبڑ ہوجانیکا اندیشہ ہے۔

۳۳

۱۶۰ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مقصود تک رسائی صرف ذکر و شغل سے تھوڑا ہی ہوسکتی ہے بلکہ عمل صحیح اور فہم سلیم پر موقوف ہے اور ان میں بھی بڑی چیز فہم ہے قلت فہم کے سبب حقیقت طریق کی بہت کم لوگ جانتے ہیں حالانکہ طریق میں قدم رکھنے سے پہلے تصوف کی حقیقت سمجھنا چاہیئے کہ ہے کیا اکثر لوگ آجکل وظائف کو تو طریق اور کیفیات کو مقصود سمجھتے ہیں سو یہی غلط ہے یہ اس طریق کی قدر کیجاتی ہے جہل سے بھی اللہ بچائے حقیقت یہ ہے کہ اعمال تو طریق ہے اور رضاء حق مقصود ہے اور یہ سب ضروری علم صحبت شیخ سے حاصل ہوسکتا ہے چنانچہ یہاں تعلق رکھنے والوں کیلئے تجربہ سے معلوم ہوا کہ چند روز یہاں پڑا کر رہیں پھر مناسبت پیدا ہوجانیکے بعد تعلیم کا سلسلہ شروع کریں ایک صاحب سے جنکو مناسبت نہ ہوئی تھی میں نے کہا تھا کہ آپ میں کبر کا مرض ہے مجھپر اعتماد نہیں کیا پانچ برس کے بعد خود اقرار کیا کہ واقعی آپکی تشخیص صحیح تھی مجھ میں کبر کا مرض ہے میں نے کہا کہ جا بندہ خدا یہ زمانہ یوں ہی برباد کیا اتنک تو کیا سے کیا ہوجاتا پانچ برس کی بڑی مدت ہوتی ہے کبر کے متعلق ایک صاحب کے جواب میں فرمایا کہ کبر کا ایک سبب

رسالہ المبلغ ص۸ ج ۸ — بابتہ ۱۰ جمادی الاولی ۵۶ھ

Marfat.com

تھوڑا ہی ہے کبھی مال کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے کبھی جاہ کی وجہ سے کبھی حسن وجمال کی وجہ سے کبھی شجاعت کی وجہ سے اسکی تشخیص کرنا کامل ہی کا کام ہے اسلئے کہ ہر ایک کا علاج جدا ہی اور اُس علاج میں ہاتھ پر ہاتھ رکھنے کی ضرورت جسکا نام بیعت ہے نہ پاؤں پر پاؤں رکھنے کی ہاں یہ ضرور ہے کہ جو شیخ کہدے اسکی اطاعت کرے بس کافی ہے اور یہی حقیقت ہے بیعت کی مگر عوام الناس نہیں سمجھتے اور نہ سمجھنے کا سبب یہ ہے کہ ہر شخص خود محقق بننا چاہتا ہے تقلید سے عار آتی ہے پھر کام کیسے بنے۔

۱۶۱ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل جسطرح مرشدی حکام کو پسند کیا جاتا ہے کہ وہ لیکر ہمارا کام کردیگا اور غیر مرشدی سے امید نہیں ہوتی اسی طرح پیرونکو سمجھتے ہیں کہ اگر لیتے رہیں بلکہ مانگتے رہیں تو بہت خوش ہیں کہ حضرت کی بڑی عنایت بڑی توجہ ہے خدا جانے کیا دیدیں گے واقعی بڑی توجہ ہے کہ لوٹ رہے ہیں یہ بدفہم لوگ ایسوں ہی سے خوش رہتے ہیں کہ پیر یہ کہتا رہے کہ فلاں جگہ کے انگور بھیجدینا اور فلاں جگہ کی چاے اور فلاں جگہ کے امرود اور پانچ روپیہ ششماہی بھیجدیا کرنا یہ تو عنایت اور توجہ کی حقیقت ہے اب خوش اخلاقی کی حقیقت سمجھ لیجئے وہ یہ ہے کہ خوش اخلاقی کے معنی یہ ہیں کہ ایک تو اُسکا ہر کام کردیا جاوے گو حد دوسے باہر ہی ہو اور اگر یہ بھی نہ ہو تو جھوٹی امیدیں دلاکر گو ڈرسے پیٹ بھر دے اور اگر پھر بھی کامیابی نہ ہو تو معتقد کہتا ہے کہ خوش اخلاق تو بڑے ہیں کوشش تو بہت کی مگر میری قسمت مزاحاً تبسم فرماتے ہوئے فرمایا کہ اگر صاف بات کہدے تو پھر پیر کا قسمت سے مرید کی نہیں۔

۱۶۲ (ملفوظ) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ امیر شاہ خاں صاحب مرحوم فرماتے تھے کہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ جسکا پیر بڑا نہ ہو اُس مرید کی اصلاح نہیں ہو سکتی بڑے کام کی بات ہے اور راوی بھی ثقہ ہیں۔

۱۶ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم جمعہ

۱۶۳ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک خط میں ایک مضمون ہونا چاہیے چاہے باطن کے متعلق

Marfat.com

ہو چاہے ظاہر کے متعلق ہو خواہ فقہ کے متعلق ہو خواہ اصول کے متعلق ہو خواہ کلام کے متعلق ہو ہر حال میں ایک ہی مضمون ہو کیونکہ اسمیں بھی دو چیزیں صرف ہوتی ہیں وقت اور دماغ۔ پھر دماغ کے صرف ہونیکی بھی دو صورتیں ہیں ایک تو یہ ایسا ہی قسم کا کام ہے طبعاً اسمیں گرانی نہیں ہوتی اور ایک یہ کہ مختلف قسم کا کام ہے اسمیں گرانی ہوتی ہے ہاں مختلف قسم کا کام مختلف لوگوں کا ہو تو اس سے بھی گرانی نہیں ہوتی۔

(ملفوظ ۶۱۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ یہاں آنے والوں کے واسطے میں مشورۃً کہا کرتا ہوں سوائے ملاقات کے اور کسی غرض سے نہیں آنا چاہیے حتیٰ کہ مخاطبت و مکاتبت بھی مقصود نہ ہونا چاہیے کیونکہ اگر خلاف اصول کچھ کہا یا لکھا چونکہ وہ سامنے ہوتے ہیں اسلئے ایسی مخاطبت مکاتبت سے تغیر ہوتا ہے۔ اور سامنے ہونے سے بالمشافہ انکو تنبیہ کیجاتی ہے پھر طالبوں کی شان بھی مختلف ہوتی ہے بعض کی تو بدتمیزی ناگوار نہیں ہوتی اور بعض کی بیحد ناگوار ہوتی ہے اور اکثر بدمزگی کی یہی وجہ ہوتی ہے کہ متکلم یا کاتب میں سلیقہ نہیں ہوتا اور ہوتا ہے وہ سامنے اسلئے اضطراراً مشافہت کا تقاضا ہوتا ہے اور اختلاف بڑھ جاتا ہے بخلاف اسکے کہ وطن سے مکاتبت کیجائے سو چونکہ سامنے ہوتا نہیں اسلئے اتنی ناگواری بھی نہیں ہوتی یہ اصول ہیں ان کے خلاف میں طرفین کو تکلیف ہوتی ہے اور چونکہ اصول صحیحہ ہر موقع پر واجب الاتباع ہوتے ہیں اسلئے میں بیعت بھی اصول سے کرتا ہوں اور تعلیم بھی اصول کے ماتحت ہوتی ہے مثلاً انکی قوت کی رعایت اُن کے مشاغل کی رعایت الحمد للہ ہر ہر چیز پہ میری نظر رہتی ہے اور یہ میں نے تجربہ مذکورہ کی بنا پر طے کر لیا ہے کہ یہاں پر نئے آنے والوں کی تعلیم و بیعت سے خدمت نہ کرونگا یہاں پر تو صرف ملاقات کیلئے آئیں پھر اگر وہ میری باتیں سنکر وطن ہو چکر اپنے حالات سے اطلاع دیں تو میں خدمت کو موجود ہوں ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ مشافہۃً بیعت کی شرائط بھی نہ بتلاؤنگا یہاں پر تو اسکے متعلق کوئی ذکر ہی نہ ہونا چاہیے خاموش بیٹھے رہیں پھر وطن میں جاکر غور اور فکر کے بعد جو رائے قائم ہو اس سے اطلاع دیں اور یہ بھی اختیار ہے کہ جو کچھ یہاں سے لیکر جائیں وہاں جاکر ردی کی ٹوکری میں رکھیں ہاں جن سے بے تکلفی ہے وہ ان قواعد سے مستثنیٰ ہیں اور ان اصول اور قواعد میں میری تو صرف مصلحت

Marfat.com

دنیاوی ہی ہے یعنی راحت مگر اُنکی مصلحت دینیہ ہے اور میں تو ترقی کر کے کہتا ہوں کہ یہ ایک عام بات ہونا چاہیئے کہ اگر کسی کو شاگرد بنائے چاہے علوم میں چاہے صنعت میں حتی کہ اگر روٹی ہی لگانا سکھائے سیکھو اصول اور قاعدہ سے سکھانا چاہیئے اگر بے ڈھنگے پن سے کام لیا تو اُسکا اثر فن پر پڑیگا یعنی فن بدنام ہوگا اور یہ سب باتیں بعد تجربہ کے امور طبعی ہیں اور بہت سے تجربوں کے بعد یہ اصول اور قواعد منضبط ہوئے ہیں اور تجربہ کے بعد ہی یہ باتیں ذہن میں آئی ہیں یا بندری قواعد کی مثال کے طور پر فرمایا کہ ایک شخص نے خط لکھا وہ کارڈ تھا میں نے لکھا کہ یہ جواب کیلئے کافی نہیں ہے اُس نے لکھا کہ اگر کسی کے پاس لفافہ کے پیسے نہ ہوں میں نے لکھا کہ تم خرچ ہمسے منگا لو مگر جواب لفافہ ہی میں ہوگا وہ دہائی آئے ہمارے پاس سے لو مگر وہاں سے جب آوے باقاعدہ اور باضابطہ ہی آوے اُس شخص نے لکھا کہ دام بھیجدو میں نے ایکروپیہ بھیجدیا اور لکھدیا کہ جب یہ خرچ ہو جائے اور منگا لو مگر ایکدفعہ میں ایکروپیہ سے زائد نہ بھیجا جائیگا حاکم کو دس روپیہ دینا آسان مگر درخواست جب آویگی کورٹ فیس کا ٹکٹ اُسپر ضرور ہوگا اُسکے بدون منظور نہ ہوگی اور بعض گستاخوں کا یہ کہنا کہ یہ اصول تو انگریزوں کے سے ہیں بالکل غلط ہے انھوں نے خود ہمسے سیکھا ہے مانگنے والوں کو تو حق ہوگیا اور ہمارے گھر کی چیز ہے ہمکو حق نہیں ہمکو بھی تو ان پر قبضہ رکھنا چاہیئے اور مزاحًا فرمایا کہ کہیں اُنکا قبضہ مخالفانہ نہ ہو جاوے اسی سلسلہ میں ایک واقعہ بیان کیا کہ ایک طالبعلم یہاں پر آکر دو چار روز ٹھیرے تھے یہاں سے مرادآباد پہونچکر لکھا کہ تمھارے یہاں جو کچھ اصول اور قواعد وضوابط ہیں سب بدعت ہیں خیر القرون میں یہ کچھ نہ تھا ان طالب علم صاحب نے مرادآباد کے مدرسہ میں تعلیم پائی ہے میں نے کہا کہ اگر جواب کیلئے کارڈ یا لفافہ آتا تو میں یہ جواب دیتا کہ آپنے خود طریقہ بدعت سے کتابیں ختم کی ہیں کیونکہ مدرسہ میں اسباق کے گھنٹے مقرر تھے اور خیر القرون میں نہ تھے پھر بطور ظرافت کے ایک حکایت نقل کی کہ ایک غیر مقلد سے ایک شخص نے کہا تھا کہ خیر القرون میں تو آپ بھی نہ تھے اسلئے آپ مجسم بدعت ہیں۔ ۱۶۵

(ملفوظ) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ جی ہاں مقلد بنکر تقلید کی برکت سے تو محقق ہو سکتا ہے اور بدون اسکے محقق نہیں ہو سکتا۔ اسکی بالکل ایسی مثال ہے

Marfat.com

کہ بچہ اگر الف بے تے شروع کرے اور وہ کہے کہ اسکی کیا دلیل ہے کہ یہ الف ہے یعنی ابتدا ہی سے محقق بننا چاہیئے تو بس وہ پڑھ چکا اور تم اسکو پڑھا چکے اُس بچہ سے یہی کہا جاویگا کہ دلیل مانگنا اور محقق بننے کی کوشش فضول ہے اسوقت تو تقلید ہی سے مان لو گھر جاکر الٹی سیدھی دلیل بھی تراشی جاسکتی ہے اور اُسی سے اُسکا جواب بھی دیا جاسکتا ہے مگر دیکھنا یہ ہے کہ وہ جواب مقبول ہے یا مردود دیکھئے حق تعالیٰ کے سوال کے جواب میں شیطان نے بھی کہدیا تھا کہ خلقتنی من نار وخلقتہ من طین آگ افضل ہے اور اور طین یعنی خاک ارذل ہے تو افضل کو ارذل کے سامنے جھکانا خلاف حکمت ہے تو دیکھئے جواب تو یہ بھی ہے مگر یہ دیکھیئے کہ اس جواب پر شیطان کا کیا حشر ہوا اسکو معلوم نہیں اور حق تعالیٰ نے اس جواب پر جو جواب ارشاد فرمایا وہ بھی معلوم ہے وہ جواب یہ ہے اخرج منہا فما یکون لک ان یتکبر فیہا سے جو کہ حاکمانہ جواب ہے گو اسکا حکیمانہ جواب بھی حق تعالیٰ فرما سکتے تھے مگر یہ اُسی وقت ہوتا جبکہ یہ امید ہوتی کہ مخاطب میں فہم وانصاف ہے کوڑ مغز نہیں اور جب یہ معلوم ہے کہ مخاطب بدفہم ہے سمجھے گا نہیں یا اگر سمجھ بھی لے مگر سوال میں نیت اچھی نہیں تو اُسوقت حکیمانہ جواب نہ دیا جائیگا حاکمانہ جواب دیا جائیگا پس حاکمانہ جواب کا سنت اللہ ہونا بھی ثابت ہے آجکل بھی یہ طرز علما کو اختیار کرنا چاہیئے کہ اگر مخاطب فہیم ہے اور محض تحقیق مقصود ہے تب تو حکیمانہ جواب دینا چاہیئے اور اگر یہ بات نہیں بلکہ اسکا عکس ہے تو حاکمانہ جواب دینا چاہیئے۔ علیگڈھ میں ایک صاحب نے جو لکھنے پڑھے تھے انگریزی بھی عربی بھی مجھسے ایک حکم کی حکمت کا سوال کیا میں نے کہا کہ اگر حکمت نہ معلوم ہو تو نقصان کیا ہے کہا کہ نقصان تو کچھ نہیں لیکن معلوم ہونے میں نفع ہے میں نے کہا کہ کیا نفع ہے کہا کہ اطمینان میں نے کہا کہ خود ایسے اطمینان کے مطلوب ہونیکی کیا کیا دلیل ہے کہا کہ اگر اطمینان مطلوب نہ ہوتا تو ابراہیم علیہ السلام یہ نہ عرض کرتے ولکن لیطمئن قلبی میں نے کہا کہ یہ کیا ضرور ہے کہ جو چیز ابراہیم علیہ السلام کو نافع ہو آپکو بھی نافع ہو اسکی کیا دلیل ہے اسپر کچھ نہیں بولے خاموش ہو گئے اور اُٹھکر چلدیئے میں نے کہا کہ ایک بات اور سنتے جایئے شاید آپکو یہ خیال ہو کہ اسکا جواب انکے پاس نہ تھا سو الحمد للہ جواب ہے مگر نہیں بتلاتے اور میں نے یہ شعر پڑھا ؎

Marfat.com

مصلحت نیست کہ از پردہ بروں افتد راز ورنہ در مجلس رندان خبرے نیست کہ نیست

اب ایسی جواب پر زیادہ سے زیادہ کوئی کہیگا کہ انکو کچھ آتا جاتا نہیں سو کہا کرے مگر اصول کو کسی کے کہنے سننے سے نہیں چھوڑا جا سکتا اگر ساری دنیا حق تعالیٰ کے وجود کا انکار کرے تو حق تعالیٰ کا کیا ضرر حضور صلے اللہ علیہ وسلم کا انکار کرے تو حضور کا کیا ضرر اسکی ایسی مثال ہے کہ ایک شخص مالدار ہے اور دنیا اسکو غیر مالدار کہے تو اسکا کیا ضرر اور نہ اسکو اسکی ضرورت کہ وہ اپنا مالدار ہونا ثابت کرے بلکہ وہ مالدار اسپر مسرور ہوگا کہ اچھا ہے یہ جہل ہی میں مبتلا رہے وہ اسی میں اپنی خیر اور راحت سمجھتا ہے اور اسکی بدفہمی اور حماقت سے مزے لیگا اور بتلانے کی کوشش نکریگا

(ملفوظ ۱۶۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ہمارے حضرت مولانا محمد یعقوب صاحبؒ کے زمانہ میں مدرسہ دار العلوم میں ایک سوال آیا وہ حضرت نے میرے سپرد فرمایا کہ اسکا جواب لکھدو میں نے جواب لکھدیا وہاں سے اسپر کچھ اشکال لکھا ہوا آیا میں نے پیش کیا تو فرمایا کہ لکھدو کہ ہم مرغان جنگی نہیں یہ ہمارا تبرع اور احسان تھا کہ وقت نکالکر جواب لکھدیا اگر آپکو ہمارے جواب سے شفا نہیں ہوتی تو فوق کل ذی علم علیم اور کسی سے تحقیق کرلو میں نے عرض کیا کہ حضرت جواب تو ہونا چاہیئے فرمایا نہیں جی چنانچہ اسی پر عمل کیا گیا بعد میں اسی کا مصلحت ہونا معلوم ہوا غرض ہمکو بچپن سے یہ ہی تعلیم کی گئی ہے اور یہی پسند ہے مگر افسوس ہے آجکل تو یہ بات خواص میں بھی نہیں دیکھی جاتی الا ماشاء اللہ اور وہ بھی محض اس خیال سے کہ لوگ سمجھیں گے کہ انہیں کچھ آتا جاتا نہیں کیا واہیات خیال ہے علماء کو تو ایسے لغو خیال سے اجتناب چاہیئے انکی تو یہ شان ہونا چاہیئے ؎

دلفریبان نباتی ہمہ زیور بستند دلبر ماست کہ با حسن خداداد آمد

حدیث شریف میں آیا ہے کہ اگر مناظرہ کرنیکے وقت خاموش ہوجائے ایسی حالت میں کہ وہ حق پر تھا مگر جدال سے نفرت کی وجہ سے خاموش ہوگیا اسکا مکان وسط جنت میں بنیگا اور جو اس حالت میں خاموش ہوگیا کہ وہ باطل پر تھا تو اسکا مکان جنت کے کنارے بنے گا ایک عام خرابی جہلاء میں یہ ہو رہی ہے کہ احکام کے دلائل پوچھتے ہیں اور علماء میں یہ خرابی ہے کہ انکو دلیل بتلاتے ہیں ایک بزرگ ایسے موقع پر عجیب جواب دیا کرتے تھے جہاں کسی نے مسئلہ کی دلیل پوچھی تو فرماتے

رسالہ المبلغ ص۵ ج ۸

یا بتہ ماہ جمادی الاولیٰ سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

کہ بھائی ہمارے باپ دادا تو شروع ہی سے مسلمان چلے آرہے ہیں یہ تو مسلموں سے پوچھو کہ یہ مسئلہ تم نے کہاں سے سمجھا باقی ہمیں اسکی ضرورت نہیں دوسرے یہ کہ ہمارے باپ نے عمل کیلئے پڑھایا لڑنے کے واسطے نہیں پڑھایا تھا کیسی کام کی بات ہے۔

(ملفوظ ۱۶۷) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ یہ انبیاء علیہم السلام ہی کا ظرف تھا کہ ایک وقت میں سب کاموں کو مجتمع کر سکتے ہیں کہ خوف کا بھی غلبہ ہے اور اسی میں ازواج و اولاد کا حق بھی ادا کر رہے ہیں یا اولیاء کاملین ایسا کر سکتے ہیں اور ہم حبسیوں کا کیا مونہ ہے اور ہم ہیں کس شمار میں اگر ہمپر ایسا غلبہ ہو جاوے غالباً مجنون یا ہلاک ہو جاویں۔

(ملفوظ ۱۶۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حدیث میں جو آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ موٹے عالم سے نفرت رکھتے ہیں یہاں پر مراد موٹا ہونا بے فکری سے ہے اسلئے کہ فکر آخرت وہ چیز ہے کہ بدن کو گھلا دیتی ہے اور روح کو تازہ کرتی ہے اسی کو فرماتے ہیں ؎

صحت ایں حس ز معموری تن — صحت آں حس ز تخریب بدن
صحت ایں حس بجوئید از طبیب — صحت آں حس بجوئید از حبیب
چند خوانی حکمت یونانیاں — حکمت ایمانیاں را ہم بخواں

ایک بزرگ کی حکایت ہے کہ رات کو سوتے نہ تھے بیوی نے کہا کہ سو جایئے تکلیف ہوگی فرمایا کہ جب سے یہ آیت تلاوت کی ہے کہ قوا انفسکم واھلیکم نارًا وقودھا الناس والحجارۃ نیند نہیں آتی اور یہی فکر ہے جس سے حظوظ نفس مضمحل ہو جاتے ہیں حظوظ کے مغلوب ہو جانے پر ایک حکایت فرمائی کہ کرامات الاولیاء میں ہے کہ ایک بزرگ جو قرشی کہلاتے تھے جذامی تھے اُن کے بی بی بھی نہ تھی اُن کے ایک مرید کی لڑکی نے سنا کہ شیخ کو نکاح کی ضرورت ہے اُس لڑکی نے دین پر اپنی دنیاوی حیا کو نثار کر کے باپ سے کہا کہ معلوم ہوا ہے کہ آپکے شیخ کو ضرورت نکاح کی ہے آپ جا کر کہیں کہ میری بیٹی حاضر ہے اور وہ نکاح آپ سے کرنے پر راضی ہے مرید نے جا کر شیخ کی خدمت میں عرض کیا شیخ بھی تیار ہو گئے غرضکہ نکاح ہو گیا اب شب کو شیخ اپنی بیوی کے پاس پہونچے تو اس حالت میں کہ نہایت تندرست جوان نہایت حسین بڑی بڑی آنکھیں پتلے پتلے ہونٹ لانبی صراحی دار گردن اُس لڑکی نے مونہ چھپا لیا اور سوال کیا کہ تم کون

رسالہ المبلغ ص ۸ ج ۸ — ۱۰ جمادی الاولیٰ ۵۶ھ

Marfat.com

فرمایا کہ میں تیرا شوہر ہوں تیری دینداری کی وجہ سے میں نے خدا سے دعا کی مجھکو اللہ نے ایسی قوت تصرف کی عطا فرمادی کہ صورت بدل سکوں اب میں تمہارے پاس اسی شان سے آیا کہ وہ لڑکی جواب دیتی ہے کہ اسمیں تو میرا حظ نفس شامل ہوگیا میں نے تو محض اللہ کے واسطے آپکی خدمت کو قبول کیا تھا اب یا تو اس صورت کو چھوڑ دو ورنہ مجھکو چھوڑ دو کیا ٹھکانا ہے اس للّٰہیت کا عجیب حکایت ہے حقیقت میں بعض لوگوں کو اللہ تعالیٰ اپنے ہی واسطے پیدا فرماتے ہیں اور ظاہری سبب اس کا فکر آخرت ہے کہ حظوظ کو مغلوب کر دیتا ہے اگر کسیکو یہ شبہ ہو کہ دنیا میں رہکر تو ایسے حضرات بھی اکثر سب ہی کام کرتے ہیں کھانا پینا سونا آرام کرنا تو یہ حظوظ کہاں فنا ہوئے جواب یہ ہے کہ یہ بالکل صحیح ہے مگر اسکی ایسی مثال ہے کہ ایک شخص نے چاقو خریدا ہے قلم بنانیکے واسطے مگر کبھی کبھی ناخن بھی تراش لیتا ہے لیکن رہیگا وہ قلم تراش ہی۔ اسی طرح اصل وظیفہ ان حضرات کا شغل آخرت ہی ہے اور دوسرے حظوظ وقتی اور عارضی ہیں۔

۴۰ (ملفوظ ۱۶۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک صاحب غلام احمد قادیانی کے متعلق فرماتے تھے کہ شروع میں تو کوئی غلطی ہوگئی مگر آخر میں نفسانیت ہوگئی اسیکی وجہ سے ہمیشہ غلطی پر اصرار رہا اور رجوع ایک دعوی سے بھی نہیں کیا بات یہ ہے کہ جب ایسا ابتلا ہوتا ہے تو وہ وقت بڑا ہی خطرناک ہوتا ہے بدون رہبر کامل کے اس راہ سے گذرنا غیر ممکنات سے ہوتا ہے۔

(ملفوظ ۱۷۰) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ یہ جو کہا جاتا ہے کہ جانوروں میں عقل بالکل نہیں ہوتی محققین کے نزدیک صحیح نہیں البتہ وہ عقل نہیں ہوتی جس سے احکام کا مکلف بنتا ہے وہ خاص ہے انسان کے ساتھ جو شخص اپنی اس عقل سے کام نہ لے وہ جانور کے مشابہ ہے مگر جانور بے عقل کہلائیگا اور یہ شخص کم عقل سو یہی کم عقلی بہت ہی بری چیز ہے اس سے یہاں پر بھی گمراہی ہوتی ہے وہاں پر سزا اور کبھی یہاں بھی سزا ہو جاتی ہے ایک شیعی کو ایک انگریز نے اپنے اجلاس سے تبرا پر سزا دی تھی اس نے کہا کہ تبرا ہمارے یہاں مذہبی عبادت ہے اور عبادت میں ہر شخص آزاد ہے اس انگریز نے کہا کہ ہم بھی اسکو تسلیم کرتے ہیں کہ یہ مذہبی عبادت ہے مگر اس عبادت کا اجر آخرت میں ملے تو ملے مگر یہاں تو فلاں دفعہ کے ماتحت سزا بھگتنی ہی

Marfat.com

پڑے گی خوب ہی فیصلہ دیا بعض حکام بڑے دانشمند ہوتے ہیں بعض حکام کی دانشمندی پر یہ حکایت بیان کی کہ ایک مولوی صاحب نے جن پر تحریک خلافت کے زمانہ میں بعض نوکریوں کی حرمت کے فتوے پر کراچی میں جیل کی سزا ہوئی تھی یہ کہا کہ فلاں شخص بھی تو (اس سے میں مراد تھا) یہ ہی فتویٰ دیا ہے جسکی بناء پر ہم مجرم قرار دئے گئے حاکم نے جواب دیا کہ آپکی نیت اضرار سلطنت کی ہے یہ جرم ہے انکی نیت اضرار سلطنت کی نہیں تھی وہ جرم نہیں یہ فرق سمجھنا فہم کے متعلق ہے پھر فرمایا کہ عنایت فرماؤں کی عنایت مجھ پر ہمیشہ رہی اسپر مجھکو ایک شعر یاد آگیا ؎

قتل این خستہ بشمشیر تو تقدیر نبود ورنہ ہیچ از دل بے رحم تو تقصیر نبود

(ملفوظ ۱۷۱) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ کسی کافر کا کسی مسلمان کی نسبت یہ کہنا کہ فلاں شخص ہمارا دوست ہے ہے جیسے مولانا فضل الرحمن صاحب کے متعلق بعض ہندو کا یہ کہنا کہ انکا کیا مسلمان اور کیا ہندو اس کہنے کا واقعہ یہ ہے کہ مولانا سے اکثر لوگ تبرک مانگتے تو مولانا نے ایک چورن کی گولیاں ایک بنئے کو بنوا دی تھیں جو کوئی تبرک مانگتا فرماتے وہ گولیاں خرید کر دم کرا لو چنانچہ بعض اوقات ہندو بھی دم کرانے لاتے تو چونکہ مولانا پر اکثر اوقات جذب غالب رہتا تھا اسلئے کبھی تو .... دم کر دیتے اور بعض مرتبہ تھوک دیتے اور اس سے ہندوؤں کو ذرہ برابر بھی ناگواری نہ ہوتی تھی ایسے لوگوں سے بعض غیر معتقد ہندوؤں نے بطور اعتراض کے کہا کہ تم مسلمان کا تھوک کھاتے ہو اسپر ان معتقدین نے جواب دیا تھا کہ انکا کیا ہندو کیا مسلمان

(ملفوظ ۱۷۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت ہمارے پاس تو یہی ایک سرمایہ ہے کہ دوستونکو محبت ہے اسی سے امید ہے کہ شاید آخرت میں نجات ہو جائے اور تو کچھ بھی نہیں۔

۱۶ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز جمعہ

(ملفوظ ۱۷۳) ایک صاحب نے عرض کیا کہ فلاں بی بی بیعت کے لئے یہاں آنا چاہتی ہیں اگر اجازت ہو تو دریافت فرمایا کہ ہمراہ کون آئیگا عرض کیا کہ میں ہمراہ ہونگا وہ شخص اس بی بی کا بہنوئی تھا فرمایا کہ اجنبی عورت کا بہنوئی کے ساتھ آنا شریعت میں جائز نہیں اور کوئی عورت بھی ہمراہ آئیگی

(در مطبع حالا بہ فی زیل دہلی طبع شد)

Marfat.com

عرض کیا کہ میری والدہ آجائینگی فرمایا کہ یہ ٹھیک ہے اب کہی کام کی بات اب آنیکی اجازت ہی
ان سے کہدینا کہ فلاں دن دس بجے دن کے قریب آؤ۔ کھانا کھاکر آؤ۔ اور اگر اسوقت کسی وجہ سے
بیعت نہ کرسکوں تو شبکو ٹھہرو مگر اپنا انتظام ٹھہرنیکا خود کرنا ہوگا شب کا کھانا ساتھ لانا ہوگا
ان شرائط کے ساتھ آسکتی ہو یہ سب باتیں تفصیل سے کہدینا اگر زبانی یاد نہ رہیں تو ایک پرچہ پر
بطور یادداشت لکھ لو اگر اسکے خلاف ہوا تو آپ ذمہ دار ہونگے میں ذمہ دار نہ ہونگا صاف بات
ہے اسی سلسلہ میں فرمایا کہ آجکل پیروں نے اصول چھوڑ دیے وصول پر پڑ گئے اسلئے نفع دینی کا
حصول نہیں ہوتا۔

(ملفوظ) ایک صاحب کے غیر واقع سوال کے جواب میں فرمایا کہ فقہا کو تو ضرورت تھی کہ فرض
کرکے مسائل فرماتے تھے کہ شاید وقوع ہوجائے مگر سائل کو کون ضرورت ہے کہ وہ فرض کرکے مسائل کی
تحقیق کرے اسکو تو واقعی ضرورت کا سوال کرنا چاہیئے فضولیات سے بچنا چاہیئے بزرگان دین نے
فضولیات سے بچنے کی قولاً بھی بہت تاکید فرمائی ہے اور فعلاً بھی حتی الامکان فضولیات
سے بہت بچاتے تھے۔

(ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ شیطان تو کمبختی مارا بدنام ہی ہوگیا ورنہ ہم حبیبوں کے
بہکانیکے لیے تو نفس ہی بڑی چیز ہے شیطان کی بھی ضرورت نہیں شیطان کے ذریت یعنی ذریت شیطان
کافی ہیں باقی اگر ان سب کے شرور سے بچنا چاہو تو پہلے یہ معلوم کرلینے کی ضرورت ہوگی کہ دشمن مقابلہ
پر کون ہے یہ معلوم ہوجانیکے بعد مقابلہ آسانی سے ہوسکتا ہے یعنی پہلے یہ معلوم کرلو کہ اس خاص
گناہ کی طرف شیطان رغبت دلا رہا ہے یا نفس سو اسکا معیار یہ ہے کہ جسوقت قلب میں معصیت
کا وسوسہ پیدا ہو تو یہ دیکھو کہ باوجود بار بار کے دفع کرنیکے بعد اگر پھر وہی وسوسہ ہوتا ہے تو یہ نفس
کی طرف سے ہے اسلئے کہ نفس کو گناہ سے محض حظ مقصود ہے اور خاص وقت میں حظ خاص ہی
گناہ میں ہے اور اگر دفع کرنیکے بعد قلب سے وہ وسوسہ نکلجائے دوسرے گناہ کا وسوسہ پیدا ہو تو سمجھو
کہ یہ شیطان کی طرف سے ہے اس لئے کہ شیطان کو کوئی خاص حظ مقصود نہیں بلکہ عداوت کی وجہ
سے مطلق گناہ میں مبتلا کرنا مقصود ہے اسلئے یہ شخص اگر ایک سے ہٹے گا تو وہ اسکو دوسرے میں
مبتلا کرنے کی کوشش کریگا اس سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ زیادہ تر صدور معاصی کا نفس ہی کیطرف سے

Marfat.com

ہے مگر لوگ دھوکے میں ہیں کہ ایسے خطرات کے وقت کثرت سے لاحول پڑھتے ہیں مگر پھر بھی وسوسہ میں کمزوری پیدا نہیں ہوتی کیونکہ لاحول نفس کا علاج نہیں ہو سکتی بڑی غلطی ہے بوجہ عدم علم کے ابتلا ہو رہا ہے نفس کا علاج کرو جو گناہ کرانے میں شیطان کی بھی اصل ہے چنانچہ ظاہر ہے کہ اور لوگو کو شیطان بہکاتا ہے مگر شیطان کو کس نے بہکایا ظاہر ہے کہ شیطان کو اسکے نفس نے بہکایا تھا تو اصل کون ہوا نفس ہی تو ہوا البتہ بعد حق میں دخل دونوں کو ہے جب یہ معلوم ہو گیا تو شیطان کا مقابلہ لاحول اور ذکر سے کرو اور نفس کا مقابلہ ہمت سے کرو آجکل گڈمڈ معاملہ ہے سبکو ایک ہی لکڑی ہانکنا چاہتے ہیں جسکا نتیجہ ناکامی ہے اس ہی لئے کسی کامل کی صحبت کی ضرورت ہے ایسے علوم اُسی کی صحبت سے حاصل ہوتے ہیں اسی وجہ سے فرمایا گیا ہے کہ ایک فقیہ شیطان پر ہزار عابد سے بھی زیادہ بھاری ہے کیونکہ وہ خود بھی ان کے مکر و فریب سے بچتا ہے اور دوسرو کو بھی حقائق بتلا کر بچاتا ہے۔

(ملفوظ) ایک خط کے جواب میں تحریر فرمایا کہ کچھ نہ کچھ کرتے رہنا چاہیئے اسی سے سب کچھ ہوتا ہوگا

دوست دارد دوست ایں آشفتگی کوششِ بیہودہ بہ از خفتگی

ایک شخص نے حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے شکایت کی کہ حضرت اعمال میں دوام نہیں ہوتا حضرت نے جواب میں فرمایا کہ اس مجموعہ ہی پر دوام کرلو کہ کبھی ہو گیا کبھی نہ ہو یہ بھی ایک قسم کا دوام ہے یہ حضرت کا فرمانا انکے حکیم ہونے پر دال ہے اسمیں راز یہ ہے کہ گو یہ دوام مطلوب نہیں مگر اسکو دوام میں داخل کر دینے سے طالب کا دل بڑھیگا اُس سے دوام مطلوب نصیب ہو جائیگا غرض یہ جواب تحقیقی نہیں علاجی ہے اسی سلسلہ میں فرمایا کہ اگر تہجد کیلئے ہمت نہ اُٹھنے کی تو اتنا تو ضرور کرے جسکو فرماتے ہیں تجافی جنبہ عن المضاجع جب لیٹے سے اُٹھکر بیٹھ گئے تجافی تو صادق آگیا پھر اُٹھکر زیادہ ذکر کی توفیق نہ ہو کوئی چھوٹی سی دعا ہی کرلو دو تین بار لا الٰہ الا اللہ ہی پڑھ لو انشاء اللہ تعالیٰ اگلے روز اُٹھنا آسان ہو جائیگا یہ سب تدابیر ہیں جو آئندہ کام کرنے کی ہمت میں معین بنجاتی ہیں۔

(ملفوظ) فرمایا کہ ایک خط آیا ہے لکھا ہے کہ ایک عورت ہے اُس سے زنا تو نہیں کیا مگر اس نیت سے اشارہ سے اُسکو بلایا اُسکی لڑکی سے نکاح جائز ہے یا نہیں میں نے ابھی جواب مسئلہ کا نہیں دیا بیباکی برستی ہے بلکہ یہ پوچھا ہے کہ کسی اور عورت سے تو ایسا کرنیکا ارادہ

Marfat.com

نہیں خوب پریشان کرکے جواب دیا جائیگا اسی سلسلہ میں حکیمانہ جواب کی تائید میں فرمایا کہ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے پاس ایک شخص دوسرے کو پکڑ کر لایا کہ اس نے ایک انگریز کا جھوٹا کھالیا ہے آپنے اُس سے دریافت فرمایا کہ ایسا کیوں کیا اُس شخص نے عرض کیا کہ حضرت غلطی ہوئی اب ایسا نہ ہوگا فرمایا اچھا بھائی پھر آنا بہت نازک مسئلہ ہے چھوٹی موٹی کتابوں میں بھی نہ ملیگا بڑی کتابوں میں دیکھکر بتلاؤنگا غرض خوب پریشان کرکے بتلایا یہ سب حکیمانہ تدابیر ہیں۔

(ملفوظ ۱۷۸) فرمایا کہ ایک خط آیا ہے لکھا ہے کہ ذکر و شغل جب سے شروع کیا ہے حقہ پینا چھوڑ دیا تھا اب پھر پینے کی ضرورت محسوس ہوئی اسلئے کہ پیٹ میں درد اور نفخ رہتا ہے اب اسکا پینا میرے لئے مضر تو نہ ہوگا جواب یہ دیا گیا کہ ضرورت کی وجہ سے کوئی حرج نہیں مگر پھر فوراً منہ صاف کرلیا جائے مسواک کرلی جائے۔

(ملفوظ ۱۷۹) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اہل میں بیعت کی حقیقت یہ ہے کہ جانبین کی طرف سے خاص خاص التزام ہوتا ہے شیخ تعلیم کا وعدہ کرتا ہے اور مرید اُس تعلیم کی اتباع کا بس یہ ہی بیعت ہے۔

(ملفوظ ۱۸۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں بغیر شوہر کی اجازت کے عورت کو مرید نہیں کرتا اسلئے کہ بہت ممکن ہے کہ مرد غیر معتقد ہو اور عورت معتقد ہو اور مرد اُس پیر کی نسبت کچھ کہنے لگے تو عورت کو ناگوار ہو اسلئے یہ مرد کو کوئی جواب دے پھر گھر میں فساد ہو اسلئے مرید کرنا مناسب نہیں میرے یہاں ہر بات الحمد للہ اصول کے ماتحت ہوتی ہے۔

(ملفوظ ۱۸۱) ایک صاحب نے خط میں دریافت کیا تھا کہ حضرت کو... اب تو نیند کی شکایت نہیں جواب لکھا گیا کہ شکایت تو نہیں حکایت ہے کہ نیند اب بھی کم ہے شکایت وہ ہے جسمیں ناگواری کا اظہار ہو۔

(ملفوظ ۱۸۲) ایک صاحب نے خط میں دریافت کیا کہ قیام میں سبحانک اللّٰھمّ سے پہلے اور رکوع میں سبحان ربی العظیم سے پہلے اور قعدہ میں التحیات سے پہلے بسم اللہ پڑھنا کیسا ہے جواب لکھا گیا کہ بدعت ہے۔

Marfat.com

(ملفوظ ۱۸۳) ایک صاحب نے خط کے پتہ پر صرف حکیم الامۃ لکھا تھا اسپر حضرت والا نے جواب میں لکھا کہ کیا حکیم الامۃ میرا نام ہے اور آپ کو کس دلیل سے یہ ثابت ہو گیا کہ ڈاکخانہ والے مجھے اس لقب سے پہچان لیں گے فرمایا کہ آج اُن صاحب کا خط آیا ہے۔ لکھا ہے کہ مجھسے غلطی ہوئی معافی کا خواستگار ہوں ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ادب کی وجہ سے نہیں لکھ سکے فرمایا کہ ادب کی وجہ سے پھر خط بھی کبھی نہ آئے اور نہ خود کبھی آئیں گے کہ میری کیا مجال ہے کہ میں کچھ لکھ سکوں یا حاضر ہو سکوں ایک پہلو پر تو نظر جاتی ہے دوسری جانب کا احتمال ہی نہیں ہوتا نظر محیط ہونی چاہئے یہ جو کچھ ہو رہا ہے سب رسم کے ماتحت ہے اور کچھ نہیں محض تکلفات ہیں لوگوں میں عجمیت غالب ہے حالانکہ عربیت ہونا چاہئے۔

(ملفوظ ۱۸۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جب آدمی بار بار اپنی کوتاہیوں کا اقرار کرتا ہے مصلح پر اسکا اثر ہوتا ہی ہے اور ایسے شخص کی اصلاح کی امید ہوتی ہے بخلاف اُس شخص کے کہ جو اپنی کوتاہیوں کا اقرار نہ کرے بلکہ تاویل سے کام لے اور سخن پروری کرے اُسکی اصلاح کی امید نہیں نہ مصلح کی اُسپر توجہ ہوتی ہے۔

(ملفوظ ۱۸۵) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت جن امراض کی اصلاح کی ضرورت ہے ان سب کا مجموعہ جمع ہو جاوے فرمایا کہ ایسے خطوط کو ایک ایک کر کے جمع کر لو اسی طرح مجموعہ جمع ہو جاویگا جیسے ایک عورت سے دوسری عورت نے پوچھا تھا کہ فوج کسے کہتے ہیں اُس نے جواب دیا کہ میرا میاں اور تیرا میاں سب ملکر فوج ہو گئی تو یہی جو حالات پیش آتے رہتے ہیں وقتاً فوقتاً ان ہی کے جمع ہونے سے مجموعہ بنجائیگا اور اسکے لئے کسی خاص اہتمام کی ضرورت نہیں۔

(ملفوظ ۱۸۶) ایک صاحب نے اپنے بعض امراض لکھکر لکھا تھا کہ فلاں مرض کا علاج میں اسطرح کر رہا ہوں اگر آپ پاس فرمادیں۔ جواب لکھا گیا میں دور ہی سے پاس کرتا ہوں۔

(ملفوظ ۱۸۷) فرمایا کہ ایک صاحب نے خط میں لکھا ہے کہ مزاج مقدس کیسا ہے میں نے جواب میں لکھدیا ہے کہ مقدس تو معدوم مگر غیر مقدس اچھا ہے۔

(ملفوظ ۱۸۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اخلاق کی درستی درشتی پر موقوف ہے مصلح بدون تھوڑی سی سختی کے دوسرے کی اصلاح نہیں کر سکتا مامون رشید کے پاس قاضی یحییٰ بن اکثم آیا

Marfat.com

بخاری کے شیخ قیام فرمائے ہوئے تھے شبکو کسی ضرورت سے مامون رشید نے پکارا یا غلام یا غلام یا غلام اول تو غلام بولا نہیں اور جب بولا تو بہت ہی بگڑا کہ غلاموں کو زہر دیدو تلوار سے سر قلم کردو دن بھر تو راحت ملتی نہیں شبکی بھی چین نہ رہی یا غلام یا غلام یہ ہی ہر وقت رہتا ہے باوجود اسقدر گستاخی کے مامون رشید غلام پر برہم نہیں ہوا قاضی صاحب نے کہا کہ یہ بہت گستاخ ہوگئے ہیں انکی اصلاح ہونا چاہیئے مامون رشید نے کہا کہ پہلے میں اپنے اخلاق خراب کروں جب انکے اخلاق درست ہوں اور انکی اصلاح ہو سو میری جوتی کو کیا غرض پڑی کہ میں انکی وجہ سے اپنے اخلاق خراب کروں اور بدون مواخذہ و مطالبہ و محاسبہ اصلاح ہو نہیں سکتی پھر فرمایا میرے یہاں اصلاح کے لئے مواخذہ تو ہے مگر بحمداللہ یہ میں مواخذہ کے وقت بھی تحقیر کسی کی قلب میں نہیں ہوتی ہاں مجھے ہر ایک کی ہتک بھی نہیں اور یہ عدم توافق کسی نقص ہی کی بنا پر نہیں ہوتا بلکہ عدم مناسبت اسکا اصل سبب ہے دیکھئے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور خضر علیہ السلام کا واقعہ عدم مناسبت ہی کی بنا پر تھا جسپر ھٰذا فراق بینی وبینک کہا گیا ورنہ موسیٰ علیہ السلام میں کس قسم کا نقص ہو سکتا ہے نعوذ باللہ ایسے ہی یہاں ہے کہ میں کسی نقص ہی کی بنا پر فراق جواب نہیں دیتا بلکہ عدم مناسبت ہی اکثر سبب ہوتا ہے۔

۱۸۹ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم پر مخالفین کی طرف سے نفس پرستی کا اعتراض ہے کثرت ازدواج کے متعلق مگر یہ نہ دیکھا کہ عرب کے بڑے بڑے عمائد نے حضور کی خدمت میں کتنی کتنی حسین عورتیں اور سلطنت اور حکومت اور مال پیش کرنے کی درخواست کی تھی اور یہ چاہتے تھے کہ ہمارے لات اور عزیٰ کو برا نہ کہیے حضور نے صاف انکار فرمادیا کیا حظ نفس والے کا یہ ہی رنگ ہوتا ہے اس قسم کا اعتراض ایسی ذات مقدس پر وہی کر سکتا ہے جو یا تو اندھا ہو اور اگر اندھا نہیں تو شرارت ہے۔

۱۹۰ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ معمولات تو افعال ہوتے ہیں اور اتباع اقوال کا ہوتا ہے اسلئے کسی بزرگ کے معمولات لکھنا بیکار ہے بلکہ یہ مورخین کا مذہب ہے کہ دوسروں کے معمولات لکھتے پڑھتے ہیں طالب کو اس سے کیا بحث حضرت تعلیم پر عمل ہونا چاہیئے کہ اصل چیز تعلیم کی ہے اور تعلیم سے کیا ہوتا ہے اور اسکو پوچھتا کون ہے۔

رسالہ المبلغ ص۹ ج ۸

بابتہ ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

۱۷ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم شنبہ

۱۹۱ (ملفوظ) فرمایا کہ آجکل میں ایک رسالہ لکھ رہا ہوں جسکا نام کثرت الازواج لصاحب المعراج ہے اسمیں چھوٹی چھوٹی عبارتوں میں بڑے بڑے اشکال کا حل کر دیا گیا ہے طالب علموں کے نہایت کام کی چیز ہے مگر مشکل یہ ہے کہ آجکل لوگ اون مضامین کو پسند کرتے ہیں کہ جنمیں نئے طرز کے الفاظ ہوں اور ناول کا سا طرز اور رنگ ہو۔

۱۹۲ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں غیر اہل فن سے قیل وقال کو پسند نہیں کرتا اہل فن کے دخل دینے سے تکدر ہوتا ہے اہل فن کے سامنے غیر اہل فن کا قیل وقال کرنا دوسرے کا وقت ضائع کرنا ہے۔

۱۹۳ (ملفوظ) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اگر آپ طبیب ہوتے تو آپ کے قول پر عمل کر لیتا اور اگر اب بدون طبیب کے مشورہ کے مفرحات استعمال کروں تو وہ مقرحات ہو جاتیں بڑی راحت اسی میں ہے کہ اپنے سے زیادہ جاننے والے سے حالت بیان کر دی اور جو اس نے تدبیر بتلا دی اسپر عمل کر لیا آگے سب گڑبڑ ہے، تو فرض ہے مرید کا باقی شیخ میں بھی تین چیز کی ضرورت ہے وہی انبیاء کا سا ہو تدبیر طبیب کی سی ہو سیاست ملوک کی سی۔ کذا فی رسالۃ الشیخ محی الدین ابن العربی۔

(ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں تو اسکا خاص اہتمام رکھتا ہوں کہ قلب فضولیات سے خالی رہے کیونکہ فقیر کو تو برتن خالی رکھنا چاہئے نہ معلوم کس وقت کسی سخی کی نظر عنایت ہو جائے ایسے ہی قلب کو خالی رکھنے کی ضرورت ہے نہ معلوم کس وقت نظر رحمت ہو جائے اسی کو فرماتے ہیں ؎

یک چشم زدن غافل ازاں شاہ نباشی　　شاید کہ نگاہے کند آگاہ نباشی،

غرضکہ قلب کو خالی رکھنا چاہئے فضولیات سے اور معصیت سے تو خالی رکھنا ضروری ہے بعض سالکین تو مباحات سے بھی خالی رکھتے ہیں مگر اسمیں غلو کرنا مضرت ہے کیونکہ شیطان خالی

Marfat.com

گھر دیکھکر اپنا تصرف کرنے لگتا ہے اسلئے اگر طاعات سے پُر رکھنا مشکل ہے تو مباحات نافعہ سے پُر رکھے مثلاً دوستوں سے ملنا کھانے وغیرہ کا اہتمام کرنا یا کتاب دیکھ لینا خواہ وہ طاعات کی جنس سے نہ ہو تفریح ہی کی جنس سے ہو یہاں تفریح سے مراد تھیٹر اور سینما وغیرہ نہیں بلکہ مباحات ہیں جنکا اوپر ذکر ہو چکا ہے حاصل یہ ہے کہ وہ مباح فی الجملہ نافع ہو اور اسمیں معصیت نہ ہو یہ سب تدابیر ہیں دین کی درستی کی اس ہی لئے تو یہ فن بڑا دقیق ہے اسی لئے یہاں شبہ ہو سکتا ہے کہ مباح کا دین سے کیا تعلق اسی طرح اگر خلوت میں نشاط جاتا رہے واجب ہے ہنسنا بولنا مجمع میں آکر بیٹھ جانا صوفیہ نے جو سمجھا ہے وہ حقیقت پر سے بڑے بڑے فلاسفروں کی تحقیق کے سامنے گر رہے افلاطون کو کسی نے خواب میں دیکھا تھا بعض حکما کا نام لیکر پوچھا کیا یہ حکما ہیں جواب نفی میں دیا پھر پوچھا اچھا بایزید شہاب الدین سہروردی کو بتلاؤ کہا اولئک ھم الفلاسفۃ حقا میں ایک مثال بیان کرتا ہوں جو فی نفسہ تو مباحات کے درجہ میں ہے لیکن بعض اوقات واجب کے درجہ میں ہو جاتا ہے مثلاً بیوی کے ساتھ ہنسنا بولنا کہ بیوی سے بولتے ہنستے میں اجنبیہ کی طرف میلان نہیں ہوتا تو یہ کتنی بڑی مصلحت ہے نواب ڈھاکے سے ایک دیش کہہ گئے تھے کہ بیوی کے ساتھ مشغول رہنے میں حق تعالیٰ سے غفلت ہوتی ہے انھوں نے مجھسے پوچھا میں نے کہا جتنی زیادہ محبت ہوگی بیوی سے اتنا ہی اجر اور ثواب و قرب حق ملتا ہے یہ ہی تو شریعت کی خوبی ہے اگر شریعت نہ بتلاتی اور طبیعت سلیم ہوتی اسکو ہی تجویز کرتے ..... مگر باوجود تعلیم شریعت کے فن کے جاننے والے کی اب بھی ضرورت ہے مثلاً طبیب کے پاس جاکر کہا جائے کہ یہ مصالحہ ہے وہ کہتا ہے کہ دھنیہ اور اتنا بڑھا لیا جائے۔

(ملفوظ ۱۹۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ذمہ دار کو صاحب بصیرت ہونیکی ضرورت ہے یہ بڑا ہی دقیق فن ہے دیکھ لیجئے گورنمنٹ اگر کسی چیز کو نافذ کرنا چاہتی ہے تو پہلے اعلان کرتی ہے نافذ نہیں کرتی اسکا چرچا ہو جاتا ہے۔ چند روز میں سنتے سنتے طبیعت جو گر ہو جاتی ہے پھر نافذ کر دیا جاتا ہے یہ سب تدابیر ہیں جس سے انتظام کو بقا ہوتا ہے۔

(ملفوظ ۱۹۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ الحمد للہ طریق تو واضح ہو گیا اب آگے توفیق عمل رہ گئی۔

Marfat.com

(ملفوظ ۱۹۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں تو ان نوتعلیم یافتوں سے جو قابلیت کے بڑے مدعی ہیں کہا کرتا ہوں کہ تم چند روز کسی محقق کے پاس بیٹھو تب تم میں سوال کی قابلیت پیدا ہوگی اور پاس بھی اس طرح بیٹھو کہ مجلس میں بالکل مت بولو اس محقق کی باتیں دن کو سنا کرو اور رات کو سوچا کرو بعضے لوگوں کو اپنی قابلیت پر بڑا ناز ہوتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ انکو سوال کرنیکی بھی تمیز نہیں ہوتی ایک صاحب نے حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کو تنہا بیٹھے دیکھا تو ارادۂ حق کیلئے کچھ گفتگو کرنا چاہی اور یہ گفتگو کی کہ حضرت وہ چھوٹی چھوٹی باتیں کونسی ہیں جن سے نکاح ٹوٹ جاتا ہے حضرت نے فرمایا کہ چھوٹی چھوٹی باتوں سے انبھٹہ والوں کا نکاح ٹوٹ جاتا ہوگا ہمارا نہیں ٹوٹتا کہنے لگے حضرت یہی کفر و شرک کی باتیں حضرت نے فرمایا کہ حضرت کفر و شرک کی باتیں تو چھوٹی ہوگئیں پھر بڑی کونسی باتیں ہونگی شرمندہ ہوکر خاموش ہوگئے تو حضرت نری نقل سے کام نہیں چلتا جیسے انھوں نے اہل فہم کو مسائل کی تحقیق کرتے دیکھا تو خود بھی تحقیق کا جوش اٹھا ایک جاہل مجسٹریٹ کی حکایت ہے کہ وہ مجسٹریٹ ہوگیا۔ آتا جاتا کچھ تھا نہیں اب فکر ہوئی کہ فیصلے کس طرح دیا کرونگا فیصلے دیکھنے کیلئے ایک اور مجسٹریٹ کے اجلاس میں پہونچے ۹
وہاں جاکر دیکھا اتفاق سے ایک درخواست پیش آگئی اسکو منظور کرلیا دوسری آئی اسکو منظور کردیا بس آپ نے اپنے اجلاس میں آکر اس طرح نقل شروع کردی جو طاق کے سلسلہ میں درخواست آگئی منجور اور جو حیفت کے سلسلہ میں درخواست آگئی نامنجور حضرت جس فن میں بدون شیخ یا استاد کے قدم رکھیگا یہی حالت ہوگی کہ اسکا درجہ نقال سے نہیں بڑھ سکتا۔ ایک صاحب نے حکایت ہے کہ انکی بیوی گلگلے پکا رہی تھی انکو بیوی سے کسی کام کی ضرورت تھی بیوی نے کہا کہ میں اسوقت کام میں لگی ہوئی ہوں اس سے فارغ ہوکر کرونگی کہنے لگے کہ یہ کام میں کردونگا وہ بیچاری چھوڑ کر کھڑی ہوگئی میاں گلگلے پکانے پر تیار ہوئے اور کھڑے کھڑے کڑاہی میں آٹا چھوڑ دیا تمام تیل کی چھینٹیں اوپر آئیں بھاگے چولہے کے پاس سے دیکھ لیجئے ایک معمولی سی بات مگر چونکہ کسی اہل فن سے سیکھی نہ تھی اسکو انجام نہ دیسکے تو بھلا اور کام تو کیا کوئی انجام دیسکتا ہے خصوص جن کا سونکا تعلق ذوق اور وجدان سے ہو

(ملفوظ ۱۹۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ سچ تو یہ ہے کہ ہمارے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اس فن کے امام مجتہد و مجدد تھے اور یہ بھی حضرت ہی کی برکت تھی کہ مجھکو حضرت کی کسی بات پر کبھی

Marfat.com

نکیر اور اعتراض نہیں ہوا فوراً سمجھ میں آجاتی تھی اور یہ منجانب اللہ مناسبت ہوتی ہے بکتسب نہیں
(ملفوظ ملقب بہ التحذیر عن التحقیر) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جب نیت خالص 1994
اور محض حق کے واسطے کوئی کام ہوتا ہے حق تعالیٰ اسمیں برکت اور امداد فرماتے ہیں مولوی رحم الٰہی
صاحب منگلوری مرحوم کا ایک عجیب واقعہ ہے یہ بات سبکو معلوم ہے کہ یہ سنت اللہ ہے کہ
جہاں اللہ والے ہوتے ہیں وہاں ان کے مخالف بھی ہوتے ہیں لہذا مولوی صاحب کے پڑوس میں
ان کے مخالف بھی رہتے تھے جہاں برہمن وہیں قصائی پھر مخالفین میں بھی بعض کی طبائع
میں خبث ہوتا ہے انکا جی اسی سے خوش ہوتا ہے کہ دوسروں کو تکلیف میں دیکھیں ان اہل
محلہ نے یہ شرارت کی کہ مولوی صاحب کے گھر سے مسجد جانے کا ایک چوک کی شکل میں جو راستہ
تھا اسمیں گانے بجانے کا انتظام کیا اور ایک طوائف کو بلا کر مجلس رقص قائم کی مولوی صاحب
گھر سے نماز کیلئے مسجد کو چلے تو راستہ میں یہ طوفان بے تمیزی برپا دیکھا چونکہ نماز کا وقت
قریب تھا صبر کئے ہوئے مسجد پہونچگئے بعد فراغ نماز جب گھر کو واپسی ہوئی دوبارہ دیکھکر
صبر نہ ہو سکا آخر صبر اور ضبط کی بھی تو کوئی حد ہے اب مولوی صاحب نے سوچا کہ جڑ ہی کی
خبر لینا چاہئے جوتہ نکالکر مجمع سے پھاندتے ہوئے اور بیچ مجمع میں پہونچکر جو جڑ اور بنا تھی
اسکے سر پر جوتہ بجانا شروع کر دیا مگر اہل مجلس میں سے کسی کی یہ ہمت نہیں ہوئی کہ کوئی کچھ بولتا
یہ ہیبت حق ہے جو اہل اللہ کو عطا فرمائی جاتی ہے اور یہ مولوی صاحب کا جوش اور ہمت
تمامتر محض حق کے واسطے تھی اس واقعہ کے بعد جلسہ تو ختم ہو گیا اور شریر لوگوں نے اس
عورت سے کہا کہ ہم روپیہ صرف کریں گے اور گواہی دیں گے تو مولوی صاحب پر دعویٰ کر
اس نے کہا کہ روپیہ تو میرے پاس بھی بہت ہے اور گواہ تم ہو ہی مگر دیکھنا یہ ہے کہ جس شخص کا
مقابلہ کرنے کی تیاری کا مجھکو مشورہ دیا جا رہا ہے وہ خالص اللہ والا ہے اسلئے کہ اگر اس شخص
کے قلب میں دنیا کا ذرہ برابر بھی شائبہ ہوتا تو مجھپر اسکا ہاتھ ہرگز نہ اٹھتا اس سے ثابت ہوا
کہ یہ شخص محض اللہ والا ہے تو اسکا مقابلہ حقیقت میں اللہ تعالیٰ کا مقابلہ ہے میں کہتا ہوں کہ
مولوی صاحب کا تو کمال تھا ہی مگر اس عورت کا بھی معتقد ہونا پڑتا ہے پھر اس ہی پر بس نہیں
کیا وہ عورت مولوی صاحب کے مکان پر پہونچی اور معافی کی درخواست کی اور یہ کہا کہ مجھکو اس

رسالہ المبلغ ص۹ ج۸ بابتہ ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

فعل سے توبہ کرادیجے اور کسی نیک شخص سے میرا نکاح کرادیجے مولوی صاحب نے توبہ کرا کر کسی بھلے آدمی سے نکاح کرادیا وہ پردہ میں بیٹھ گئی اور بھلی بی بی بن گئی یہ سب حق تعالیٰ کا فضل اور مولوی صاحب کے خلوص اور جوتیوں کی برکت تھی اگر ہر شخص خلوص سے ہمت کرکے دین کے کاموں کو انجام دے انشاء اللہ برکت ہو اور کامیابی نصیب ہو آجکل خلوص کا تو کہیں نام ونشان نہیں محض فلوس کی فکر ہے عجیب ہی حکایت ہے اس سے کام کرنے والوں کو سبق حاصل کرنا چاہئے میں اس واقعہ پر یہ تفریع بھی کیا کرتا ہوں کہ کسی کی تحقیر نہیں کرنا چاہئے بلکہ ہر شخص کے متعلق بدرجہ احتمال یہ اعتقاد رہنا چاہئے کہ ممکن ہے کہ اسمیں خدا کے نزدیک کوئی بات ہم سے بہتر ہو دیکھئے اُس عورت کے اس فہم وخلوص کی کسکو خبر تھی پھر مولوی صاحب کی للہیت کی برکت کے متعلق ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ برکت کا اثر بھی ہر شخص پر نہیں ہوتا دیکھئے انبیاء کی برکت ابوجہل اور ابوطالب کیلئے کارگر نہ ہوئی اور تو کس کا منہ ہے کہ انبیاء غیر متخلف برکت کا دعویٰ کرے پس برکت کی بھی ایک حد ہے اُسکو بھی بلکہ ہر چیز کو اپنی حد پر رکھنا چاہئے غلو ہر چیز میں بُرا ہے اُس عورت کی حکایت کے مناسب ایک اور حکایت حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل فرمائی۔ گنگوہ میں ایک بے قید رویش آباشہرت ہوئی ایک آوارہ عورت کو بھی معلوم ہوا اس نے اپنے آشنا سے کہا کہ چلو ہم بھی اللہ والے کی زیارت کرآئیں دونوں گئے مرد تو جاکر شاہ صاحب کے پاس بیٹھ گیا اور یہ عورت بوجہ شرمندگی ایک طرف بیٹھ گئی شاہ صاحب نے پوچھا یہ کون ہے اُس نے کہا کہ ایک بازاری عورت ہے آپ کی زیارت کو آئی ہے مگر بوجہ اس پیشہ کے شرمندگی کے سبب پاس آنے سے رکتی ہے وہ شاہ صاحب کیا کہتے ہیں کہ بی پاس آجاؤ جی شرمندگی کی کونسی بات ہے وہی کرتا ہے وہی کراتا ہے یہ الفاظ سنکر اُس عورت کے سر سے پیر تک آگ لگ گئی اور کھڑی ہو گئی اور اُس آشنا یعنی اپنے ساتھی سے کہا کہ پھروے تو تو اسکو بزرگ بتلاتا تھا یہ تو مسلمان بھی نہیں یہ کہکر وہاں سے چلدی میں کہتا ہوں کہ ان الفاظ سے اس حقیقت تک کسی مفتی کا ذہن تو پہونچ سکتا تھا مگر بیچاری جاہل نے کیسا سمجھا یہ فہم کی بات ہے اور اس میں فہم تو تھا ہی بغض فی اللہ کس درجہ تھا کہ بیٹھ نہ سکی خاموش نہ رہ سکی چلدی بھلا ان واقعات سے کیا کوئی کسی کی

رسالہ المبلغ ص۹ ج ۸ بابتہ ماہ جمادی الثانی ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

تحقیر کرسکتا ہے اور حقیر سمجھ سکتا ہے۔ اسی سلسلہ میں فرمایا کہ میرے ایک دوست تھے قنوج میں وہ شاعر بھی تھے انکا ایک ماہواری رسالہ بھی نکلتا تھا اب انتقال ہوگیا انھوں نے لکھا تھا کہ آپ میرے نام پر ہنسیں گے میرا نام ہے بھگوخاں میں نے لکھا کہ میں ہنسوں گا نہیں یہ تو ففروا الی اللہ کا ترجمہ ہے اللہ کی طرف بھاگنے والا اسپر خط آیا مسرت کا اظہار کیا غرض کسی کے نام پر کسی کے اعمال پر کسی کے لقب پر کسی کی ظاہری حالت پر ہرگز تحقیر کرنا چاہئے مگر اتنی بھی رعایت نہ چاہئے جیسے ان شاہ صاحب نے کی کہ اسکے فعل معصیت کو توحید میں داخل کیا نعوذ باللہ منہ مگر اب یہ حالت ہوگئی ہے کہ جیسے ان شاہ صاحب نے اس آوارہ اور بازاری عورت کی رعایت کی کو اسکی نظر میں شاہ صاحب مسلمان بھی نہ رہے اسی طرح لوگ علماء کو مشورہ دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ زمانہ کے اعتبار سے مسائل میں عوام کی رعایت کرنا چاہئے مگر معلوم بھی ہے کہ ایسا کرنے سے سب سے اول ہم ہی انکی نظروں سے گریں گے پس نتیجہ یہ ہوگا کہ تمہاری نظر سے بھی گریں گے اور دیندار وں کی نظر سے بھی اب اہل حق کی نسبت کہتے ہیں کہ میاں یہ تو پرانے خرانٹ ہیں پرانی لکیر کے فقیر ہیں ان سے تو زمانہ شناسی کی امید نہیں یہ تو پک گئے اچھا صاحب ہم تو جیسے کچھ ہیں ہیں تم اپنے بچوں کو روشن دماغ مولوی بناؤ ہم خاک نشین سہی ذلیل سہی تمکو ہماری خیر خواہی کرنے کی کیا ضرورت تم اپنی فکر کرو۔

(ملفوظ ۲۰۰) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ آجکل کے شمس العلماء شمس تو ہیں مگر شمس بکسوفہ ہیں۔

(ملفوظ ۲۰۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حد سے تجاوز کرنا کسی چیز میں بھی پسندیدہ نہیں حتی کہ تقوی میں بھی اسی واسطے ایک مولوی صاحب جو نہایت متقی تھے وہ کہتے تھے کہ میں ڈرتا ہوں کہیں اسپر مواخذہ نہ ہو کہ تو اتنا متقی کیوں تھا انکی مراد یہی غلو ہے حقیقت میں صوفیا اور فقہا حکمار است ہیں یہ تو ایک صوفی کا قول تھا باقی فقہا نے لکھا ہے کہ زہر یار و قابل تعزیر ہے اسکی مثال لکھی ہے کہ کوئی شخص گیہوں کا ایک دانہ اٹھا کر دکھاتا پھرے کہ اسکا کون مالک ہے تو اسکو مستحق تعزیر فرمایا ہے کیونکہ شریعت نے اسکو متقوم نہیں فرمایا اور یہ اسکو لقطہ بنا کر متقوم میں داخل کرتا ہے اسکو زہد خشک اور زہد یار و کہتے ہیں اور درحقیقت اسمیں اظہار ہے اپنے

رسالہ المبلغ ص۹ ج۸

بابتہ ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

درع اور تدیں کا۔

۱۷ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم شنبہ

(ملفوظ ۲۰۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ہمارے اکابر اہل بدعت کی مذمت میں بھی غلو نہیں فرماتے کیونکہ یہ اہل بدعت اگر اپنے علماء کے کہنے سے غلطی اور دھوکہ میں ہیں تو معذور ہیں اللہ تعالیٰ معاف فرماویں اور اگر قصداً ایسا کرتے ہیں تو وہ مواخذہ فرمائیں گے ہم کیوں اپنی زبان گندہ کریں اسلئے اپنے بزرگوں کو کچھ زیادہ کہتے ہوئے یا لکھتے ہوئے نہیں دیکھا پھر فرمایا کہ میں تو کہا کرتا ہوں اگر میرے پاس دس ہزار روپیہ ہو سبکی تنخواہ کر دوں پھر دیکھو خود ہی سب وہابی بنجائیں اہل باطل کے پاس روپیہ وافر ہے اسکے لالچ میں انکی خواہشوں کی موافقت کرتے ہیں اہل حق بیچاروں کے پاس روپیہ کہاں مگر اسپر بھی انکو شب و روز ان تعدوا نعمۃ اللہ لا تحصوھا کا مشاہدہ ہوتا ہے۔

(ملفوظ ۲۰۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آج کل کیا دھکا ہے ترفع کا عموماً چھوٹی چھوٹی قومیں اپنے حسب نسب ہی کو چھپانا چاہتی ہیں اور بڑے خاندانوں میں داخل ہونا چاہتے ہیں مگر شرعاً یہ بڑا گناہ ہے پھر علاوہ گناہ کے ان چیزوں میں کیا رکھا ہے کام کی باتیں کرنا چاہئے یعنی وہ کام کرو جس سے ذلت گلوگیر نہ ہو پھر خود بخود معزز ہو جاؤ گے قوم کو کوئی دیکھے گا بھی نہیں اصل عزت افعال کی ہے نہ کہ قوم کی اب شرفا ہی کو دیکھ لیا جاوے جو جیسے عمل کر رہا ہے ویسا ہی اسکے ساتھ لوگ برتاؤ کرتے ہیں باقی بعض لوگوں کا یہ خیال کہ شرفا ہمکو نظر تحقیر سے دیکھتے ہیں یہ بالکل غلط ہے اخلاق و افعال میں جو جسقدر کا ہوتا ہے اسکی ساتھ ویسا ہی برتاؤ کیا جاتا ہے اور یہ ایسی بات ہے جو شرفا کیلئے بھی عام ہے اگر وہ ذلیل کام کرتے ہیں انکو بھی ذلیل سمجھا جاتا ہے پھر غیر اختیاری چیز پر کسی کو کیا حق ہے کہ دوسرے کو حقیر سمجھے اسکی بالکل یہی مثال ہے اگر کسی کے دونوں آنکھیں ہوں تو شکر تو واجب ہے مگر اندھوں کو حقیر سمجھنا تو جائز نہیں ہے۔

رسالہ المبلغ ص ۹ ج ۸

بابتہ ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

۲۰۴ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ فقہا نے لکھا ہے کہ بیوی اگر خاوند کے لئے محبت کا تعویذ کرادے تو حرام ہے یہ ایک جزئی ہے جو ظاہراً مطلق ہے مگر واقع میں یہ تفصیل کی محتاج ہے وہ تفصیل یہ ہے کہ جو حقوق خاوند کے ذمہ واجب ہیں اُنکے لئے تو حب کا تعویذ وغیرہ جائز ہے اور جو حقوق شرعاً اسپر واجب نہیں محض تبرع ہیں اُنمیں ایسی تدبیرات سے اُسکی رائے اور آزادی کو سلب کرنا یہ حرام ہے کیونکہ تبرع میں جبر حرام ہے اور واجب میں جائز ہے اسی طرح جس چیز پر حسّاً جبر جائز ہے وہاں جبری سفارش بھی جائز ہے اور جہاں حسّاً جبر جائز نہیں وہاں پر زور سفارش بھی جائز نہیں حاصل یہ ہے کہ حقوق غیر واجبہ میں رائے کی آزادی سلب نہ ہونا چاہیئے مضطر نہ کرنا چاہیئے امیر آدمیوں کو اکثر لوگ ان تعویذات وغیرہ سے مسخر کرتے ہیں سو اگر ایسا مسخر ہو جائے کہ مضطر و مغلوب ہو جائے یہ قطعاً حرام ہے عوام کے نزدیک یہ چیزیں آجکل کمالات میں شمار ہوتی ہیں حالانکہ اسکی ایک فرد یعنی جسمیں دوسرا مغلوب ہو جائے معصیت بھی ہے۔

۲۰۵ (ملفوظ) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ پردے کی ضرورت چونکہ امر فطری ہے اسلئے اگر اسمیں نص بھی نہ ہوتی تو ضرر نہ تھا جیسے پیشاب پینے کا قبح امر فطری ہے اگر اسمیں کوئی نص بھی نہ ہوتی مضر نہ تھا پس اگر خصم اسکا قائل ہو جائے کہ پیشاب پینا اور بے پردگی ایک ہی درجہ میں ہیں تب بھی ہمارا مدعا ثابت ہو گیا۔

۱۸ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم یکشنبہ

۲۰۶ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعض لوگوں کی بدفہمی کی بھی کوئی حد نہیں یہ ایک شخص ہے (یہ شخص بے اجازت آگیا تھا) ان نے کئی سال سے اذیتیں پہونچانے پر کمر باندھ رکھی ہے مجھکو اس شخص کی صورت دیکھکر تکلیف ہوتی ہے۔ گو اسوقت جو تازہ تکلیف دی ہے وہ کوئی بڑی تکلیف نہیں اور ایک تکلیف تو ایسی پہونچائی ہے کہ اگر یہ بھی سو برس زندہ رہے رہیں بھی تو اُسکا اثر نہیں جا سکتا وہ یہ ہے کہ اس شخص نے مجھکو لکھا تھا کہ میری حالت

Marfat.com

افلاس کی ہے اگر کوئی صورت افلاس سے خلاصی کی نہ ہوئی تو میں عیسائی ہوجاؤنگا میں ہرچند چاہتا ہوں کہ اس سے قلب میں ذہول ہوجائے مگر نہیں ہوتا کیا کروں وہ یاد آکر قلب میں کانٹا سا چبھتا ہے مجھکو تو لوگ بدنام کرتے ہیں اسکو کوئی نہیں دیکھتا کہ نالائق موذی لوگ کیا کرتے ہیں اگر یہ شخص آنیکے وقت بذریعہ خط مجھسے اجازت لے لیتا تو میں اجازت دیدیتا مگر کچھ شرائط کے ساتھ خدانخواستہ میں کوئی جلاد نہیں ہوں قصائی نہیں ہوں مگر بدون اجازت آدھمکے نہ کوئی اصول نہ کوئی قاعدہ سو یہ خودرائی اور حکومت اور آزادی کی صورت مجھکو گوارا نہیں اب آپ ہی انصاف کیجئے کہ اگر یہ واقعہ کسی کو نہ معلوم ہو جو میں نے اس شخص کا بیان کیا اور محض میرا اس وقت کا برتاؤ دیکھے تو آخر کیا کہیگا کہ بڑا ہی ظلم کیا بیچارے پر اور اسکے ظلم کو کوئی بھی نہ سنتا میں سچ عرض کرتا ہوں کہ جو جسکے ساتھ میں برتاؤ کرتا ہوں اسمیں میری کوئی مصلحت نہیں ہوتی بلکہ اسی کی مصلحت ہوتی ہے اور اسکی بھی کیا اسکے دین کی مصلحت ہوتی ہے خوب اچھی طرح پرکان کھولکر سن لینا چاہیئے کہ طریق میں جسکا بھی داخل ہونیکا ارادہ ہو اسکو چاہیئے کہ وہ تابع بنکر داخل ہو جو اسکی حالت کے مناسب ہوگا اسکے ساتھ وہی برتاؤ کیا جائیگا ذرہ برابر رعایت نہ ہوگی اور ذرا سی ذرا بات پر بھی درگذر نہ کیا جائیگا ایسا تسامح کرنیکو میں خیانت سمجھتا ہوں ہاں اگر طریق میں داخل نہ ہوں تو میں بھر پاخانہ اٹھانیکو تیار ہوں مگر طریق میں داخل ہونیکی نیت سے آکر دق کرنا یہ کونسا طریق ہے اور یہ طریق کا کونسا ادب ہے اگر میں خدمت تربیت کیلئے پسند نہیں دوسری جگہ جاؤ اور جب یہ چاہتے ہو کہ ہماری خدمت کیجاوے تو تابع بنکر آؤ یہ کونسا انصاف ہے کہ مصلح کا کیا اتنا بھی حق نہ ہو کہ وہ تمکو روک ٹوک کرسکے عجیب فلسفہ ہے جس کام میں اسکو مقید بھی کریں یہ تو کھلی بے انصافی ہے ایک بی بی تین مرتبہ آچکی ہیں اور تینوں دفعہ محروم گئیں سمجھتی ہونگی کہ اس سے زیادہ کوئی سخت نہیں اور آج سلیقہ سے آنا ہوا سب دفعہ کی کلفت جاتی رہی اب کہتی ہونگی کہ اس سے زیادہ کوئی نرم نہیں حالانکہ میں سخت ہوں نہ نرم میں تو اصول کے ماتحت کام کرتا ہوں یہ ہی دوسروں سے بچاتا ہوں باقی کسی کا اصول اور سلیقہ سے کام کرنیکا قصد نہ ہو اسکی تو فصد ہی لیجائیگی یہی ناگوار ہوتا ہے کیونکہ مذاق وہ ہورہا ہے جیسا حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ کسی گرو کے پاس ایک شخص گیا کہ چیلا بنالو گرو نے کہا چیلا بنانا بڑا مشکل ہے تو کہتا ہے کہ گرو ہی بنالو یہ لوگ گرو بننے

رسالہ المبلغ ص۹ ج ۸ ماہنامہ ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

آتے ہیں سو میں بھی گروہی بنا کر بھیجتا ہوں میرے یہاں ان سب شرائط اور صورتوں کا مشترک مقصد حصول مناسبت ہے ان سب تدابیر سے مناسبت پیدا کرنیکی کوشش کرتا ہوں اور اسی سے اذیت ہوتی ہے کہ یہ اپنے مقصد کے خلاف کر رہا ہے محروم رہیگا۔

(ملفوظ ۲۰۷) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ آجکل اس قسم کے خطوط بصورت دھمکی کے اکثر آتے ہیں کہ یا تو افلاس کا علاج یا تدبیر بتلاؤ ورنہ تبدیل مذہب کی نوبت آجائیگی میں ایسے موقع پر سختی کرتا ہوں اسلئے کہ اس سے اشتعال ہوگا اور اشتعال میں زیادہ اندیشہ ہوتا ہے اور نہ نرمی کرتا ہوں اس سے چاپلوسی کیسی صورت معلوم ہوتی ہے یہ بھی مضر ہے بس یہ اکثر لکھدیتا ہوں کہ اسقدر تکلیف پہونچی ہے کہ جواب دینے کی ہمت نہیں تجربہ سے یہ جواب بہت ہی مفید ثابت ہوا اکثر جواب میں ندامت اور توبہ ہی لکھی ہوئی آتی ہے یہ وہ زمانہ ہے کہ ایمان ہی کے لالے پڑے ہوئے ہیں کہ افلاس کے سبب اسلام چھوڑنے کو تیار ہو جاتے ہیں اس ہی لئے میں کہا کرتا ہوں کہ اس زمانہ میں پیسہ کی قدر کرنی چاہئے اور فضول اخراجات سے مسلمانوں کو اجتناب کی سخت ضرورت ہے آجکل فضول خرچ کرنیوالے کو سخی سے تعبیر کرتے ہیں جو غلط ہے وہ شخص مسرف ہے جو بے موقع اور بے محل خدا کی عطا کی ہوئی نعمت کو صرف کرتا ہے اور یہ معصیت کی ایک فرد ہے۔ ۱۶

(ملفوظ ۲۰۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک صاحب جو بظاہر لکھے پڑھے بھی معلوم ہوتے تھے کہنے لگے کہ تمہاری تصانیف دیکھکر حقیقت کا انکشاف ہوا بڑی زبردست غلطیوں میں ابتلا تھا یکسوئی اور کیفیت پیدا ہونیکو نسبت مع اللہ سمجھتا تھا بات یہ ہے کہ بدون رہبر کامل کے اس طریق میں قدم رکھنا خطرہ سے خالی نہیں اس راہ میں یہ بڑی ضروری چیز ہے کہ استفادہ کیلئے مصلح کی تقلید کرے میری ان تمام تر سعی اور کوششوں و تدابیر سے غرض یہی ہے اور یہی چاہتا ہوں کہ سب کام کے ہو جائیں اجی نام کے تو سب ہیں ہی اور اگر کسی اور کے کام کے نہ ہوں تو اپنے ہی کام کے ہو جائیں اور یوں ہی بھرتی بھرنے سے کیا مطلب کوئی فوج تھوڑا ہی جمع کرنا ہے اور اگر کسی کو فوج بھی مقصود ہو تو فوج بھی وہی ہے جو کارآمد ہو بیکار تو فوج بھی کارآمد نہیں یہ تو ایسی بات ہے جیسے آجکل سنا ہے کہ بعض مدارس میں حدیث کا دورہ ہوتا ہے ایک پارہ نو ماہ میں اور انتیس ۲۹

Marfat.com

پارے ایک ماہ میں ایسی صورت میں ظاہر ہے کہ کیا خاک کام ہوگا سوائے نام کے اور طلبہ کیا سمجھ سکتے ہیں سوائے اسکے کہ تعداد گنوادی جائے کہ امسال اسقدر فارغ ہوئے تو کیا تعداد مقصود ہے جب کام ہی نہ ہوا اور جب یہ حالت ہے تو ایسی باتوں پر روک ٹوک کرنے والے سے کوئی خوش ہوسکتا ہے خیر سے ہوں ناراض جوتی سے وہ کتمان حق کرکے اپنی گردن پر کوئی بوجھ تھوڑا ہی رکھ سکتا ہے۔

(ملفوظ ۲۰۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ہمارے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ بعضے اسپر فخر کرتے ہیں کہ معاصی سے بھی ہماری نسبت سلب نہیں ہوتی فرمایا کہ نسبت کیا ہوئی بی بی تمیزہ کا وضو ہوگیا لوہا لاٹ کہ سب کچھ کیا اور وضو باقی رہا اور ایسی نسبت کے متعلق بجز اسکے کیا کہا جاسکتا ہے کہ وہ شیطانی نسبت تھی۔

(ملفوظ ۲۱۰) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ عقل ایسی ضعیف چیز ہے کہ وہم کا تو مقابلہ کر ہی نہیں سکتی نہ کہ حق تعالیٰ کے احکام کا مقابلہ کرے مثل دوسرے مدرکات کے عقل کے احکام بھی ایک حد خاص تک ہیں آگے وحی کی ضرورت ہے اسکی ایسی مثال ہے کہ کسی کو پہاڑ پر چڑھنا ہے تو گھوڑا دامن کوہ تک جاسکتا ہے اور آگے خود طے کرنا پڑتا ہے اسی طرح بیچاری عقل کا پہاڑ کے اوپر گذر نہیں یہ حقیقت ہے اسکی جسپر اتنا بڑا ناز ہے۔ ۱۷

(ملفوظ ۲۱۱) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ وساوس غیر اختیاریہ چاہے کفر ہی کیوں نہ ہوں اگر یہ شخص صراط مستقیم سے نہ ہٹے تو وہ گمراہ نہیں بلکہ میں تو توسع کرکے کہتا ہوں کہ یہ عین قوت ایمانیہ کی دلیل ہے کہ باوجود مزاحم کے پھر اس راہ پر لگا ہوا ہے ایسی حالت میں گھبرانا نہیں چاہئے اور قوت وہمت کے ساتھ راہ طے کرتا ہوا چلا جائے بڑا اجر ہے اور میں تو کہتا ہوں کہ مسلمان کی کوئی حالت غیر اختیاریہ ایسی نہیں کہ وہ محمود نہ ہو اور اسپر اسکو اجر اور ثواب نہ ہو اسی کو فرماتے ہیں ؎

در طریقت ہرچہ پیش سالک آید خیر اوست ۔۔۔ بر صراط مستقیم اے دل کسے گمراہ نیست

کام میں لگے رہنے کی ضرورت ہے لگے رہو جو کچھ بن پڑے کئے جاؤ ایک صاحب کا مقولہ مجھکو تو بہت ہی پسند آیا کہ وہ تو ایسا دربار ہے کہ کئے جاؤ اور لئے جاؤ واقعی کمی کیا ہے کوئی لینے والا چاہئے

Marfat.com

مگر محض قیل وقال سے کام نہیں چلتا ہے پھر دیکھو کیا کچھ عطا ہوتا ہے کام کرنے اور نہ کرنے پر ایک مثال یاد آئی ایک شخص کہتا ہے کہ میں بھوکا ہوں مگر جو روٹی مجکو دیجاوے اُسکا قطر چار انگشت کا ہو اس سے معلوم ہوگا کہ اسکو بھوک نہیں ورنہ قیل وقال نہ کرتا ارے بھائی روٹی ہوتا چاہئے وہ ایک بالشت کی ہو یا چار انگشت کی ہو اسی طرح جنت میں تو پہنچ جاؤ چاہے وہ درجہ والے ہو یا بائیں نیچے ہو یا اوپر۔

(ملفوظ ۲۱۲) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ جی ہاں آجکل ترقی تو نیکا مرض ایسا عام ہوا ہے کہ شاید ہی کوئی بچا ہو حالانکہ جسکو یہ لوگ ترقی سمجھے ہیں وہ اعلیٰ درجہ کی پستی اور تنزل ہے میں نے لکھنؤ میں ایک وعظ میں جسکا نام الحدود والقیود ہے اور بڑے بڑے بیرسٹر اور نوتعلیم یافتہ لوگ اس وعظ میں شریک تھے یہ کہا تھا کہ کیوں صاحب اگر ترقی مطلقاً مطلوب ہے تو پھر جسلم پر جو ورم آجاتا ہے اُسکا علاج کیوں کرتے ہو بس جیسے طب میں ترقی کی ایک حد ہے وہی ہمارے یہاں شریعت میں بھی اُسکی ایک حد ہے حد سے گذر کر کسی چیز کا ہونا وہ مرض کہلاتا ہے صحت نہیں اسپر سبکی آنکھیں کھلی رہ گئیں بعد وعظ کے اکثر نے کہا کہ آج حقیقت معلوم ہوئی بڑی زبردست غلطی میں ابتلا تھا۔

۱۸ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم یکشنبہ

(ملفوظ ۲۱۳) ایک صاحب کی غلطی پر جنھوں نے اپنی غلطی کا کوئی منشا بغرض برأت کے بیان کیا تھا مواخذہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ بے منشا سمجھے تو کوئی غلطی ہو ہی نہیں سکتی کوئی منشا ہی سمجھکر غلطی ہوتی ہے شیطان بھی تو کچھ سمجھا ہی تھا اور یہ سمجھا تھا کہ میں بڑا ہوں اور یہ چھوٹا مگر وہ سمجھ غلط نکلی معلوم ہوا کہ محض منشا کا ہونا برأت کیلئے کافی نہیں ورنہ پھر تو کسی بات پر بھی مواخذہ نہ ہونا چاہئے اسپر وہ صاحب خاموش رہے اور منشا کے غلط ہونے تک کا اقرار نہیں کیا فرمایا کہ یہ دوسری غلطی ہے کہ جواب نہیں دیتے کہا تک آپ لوگوں کے اقوال وافعال میں تاویلات کیا کروں کیوں ستانے پر کمر باندھ رکھی ہے بتلائیے باوجود تنبیہ کے پھر بھی کوئی جواب نہیں کیا ٹھکانا ہے

رسالہ المبلغ ص۹ ج ۸

بابتہ ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

اس تمرد اور سرکشی کا یہ اصلاح کرانے کیلئے آئے ہیں پتھر کے بت بنکر خود اپنی پرستش چاہتے ہیں میں تو کہتا کہتا تھک گیا قریب قریب ناامید ہو گیا اسقدر بدفہمی اور کم عقلی کا دور دورہ ہے کہ کوئی بات بھی توڈھنگ اور سلیقہ کی نہ رہی اور یہ بات تو دنیا سے قریب قریب مفقود ہی ہو گئی کہ اس کا خیال ہو کہ ہماری وجہ سے کسی کو تکلیف اور اذیت نہ پہونچے اور زیادہ افسوس ناک تو میری حالت ہے کہ میں ہی ساری دنیا سے کیوں جدا ہوں اور لوگوں کی غلطیاں نکالتا ہوں حالت موجودہ بالکل اسکے مشابہ ہے کہ ایک وزیر نے آثار سے معلوم کیا کہ ایک بارش ہوگی اور جو کوئی اسکا پانی پیئے گا مجنون ہو جائیگا بادشاہ سے عرض کیا اور اسکی اجازت سے یہ انتظام کیا کہ اچھے پانی کا ایک حوض بھر لیا گیا تاکہ اس بارش کا پانی استعمال نکریں چنانچہ وہ بارش ہوئی اور بجز بادشاہ اور وزیر کے سب نے اسکا پانی پیا اور مجنوں ہو گئے اب شہر میں جلسے شروع ہوئے کہ وزیر بادشاہ مجنوں ہو گئے ہیں انکو تخت و تاج سے الگ کر دینا چاہیئے بادشاہ بہت گھبرایا اور وزیر سے مشورہ کیا بعد مشورہ یہ قرار پایا کہ ہم تم بھی پی لیں غرضکہ بادشاہ اور وزیر نے بھی وہ پانی پی لیا اسکی بھی وہی مجنونانہ حالت ہو گئی سب رعایا میں خوشی ہوئی کہ بادشاہ اور وزیر کو خدا نے صحت عطا فرمادی وہی صورت قریب قریب یہاں نظر آرہی ہے اسی سلسلہ میں فرمایا کہ آدمی جسکے پاس اپنا کام لیکر جائے کم از کم اسکی بھی تو کچھ رعایت کرنا چاہیئے کہ اسکو تکلیف ندے یہ میں نہیں کہتا کہ تم بزرگ سمجھکر آؤ معتقد بنکر آؤ اگر جوتے سیدھے کرو صرف یہ چاہتا ہوں کہ خدمت لو مگر انسانیت سے تہذیب سے گنوار پن سے کام مت لو فرض کرلو کہ جسکے پاس تم آئے ہو وہ بزرگ نہ سہی مگر کیا اسکو بلاوجہ ستانا چاہیئے مجھکو تو اسکا رنج ہوتا ہے کہ جو باتیں طبعی تھیں جنمیں تعلیم کی حاجت نہیں انکی تعلیم میں تمام وقت صرف ہوتا ہے اور جو باتیں تعلیم کی تھیں انکی تعلیم کی نوبت بھی نہیں آتی ان ہی خرافات میں وقت ضائع ہو جاتا ہے میں تو دوسروں کی یہانتک رعایت کرتا ہوں کہ اپنا کام چھوڑکر دوسرے کا پہلے کام کر دیتا ہوں سو جو شخص دوسروں کی اتنی رعایت کرے ظاہر ہے کہ ایسے شخص کو تو بے اصولی بات سے اذیت پہونچ ہی گی اگر کوئی اصول سے کام لے خادم ہوں اور بے اصولی کے ساتھ تو مخدوم بھی بننا نہیں چاہتا۔

(ملفوظ ۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اسلام کی ہر تعلیم عجیب و غریب ہے عیادت کے باب

Marfat.com

میں حکم ہے فلیخفف المجلس اور یہ حکم ہے کہ اگر تین شخص ایک جگہ ہوں تو دو شخصوں کو سرگوشی کرنے کی اجازت نہیں تیسرے کی دل شکنی ہوگی کہ مجکو غیر سمجھا اسلئے مجھسے اخفا کیا اگر تعزیت کیلئے جائیں تو غمزدوں کی تسلی کی باتیں کرنیکا حکم ہے تاکہ وہ خیال اُن کے دلپر سے ہٹ جائے نہ یہ کہ جیسی آجکل رسم ہے کہ مرنے والیکی جدائی کا صدمہ بیان کرتے ہیں اس سے تو گھر والونکو اور بھی تکلیف ہوتی ہے غرضکہ تمھارے گھر میں ہر قسم کے تعلیمی خزانے دبے ہوئے ہیں مگر تمکو قدر نہیں اسی کو فرماتے ہیں ؎

یک سبد پرنان ترا بر فرق سر، تو ہمی جوئی لب نان در بدر،
تا بزانوئی میاں قعر آب وز عطش وز جوع گشتستی خراب

(ملفوظ ۲۱۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اگر کسی شخص سے میرا کوئی کام متعلق ہو اور اتفاق سے وہ میرے پاس آجاوے تو میں اپنے کام کی اُس سے اسوقت فرمایش نہیں کرتا اس سے اُسکو آئندہ کے لئے یہ وہم نہ ہو کہ جب وہاں جاؤنگا ممکن ہے کہ کوئی کام کہدے اور آتے ہوئے بعض اوقات بار ہو بلکہ خود اُس شخص کے پاس جاکر جو کام ہوتا ہے کہدیتا ہوں یہ حسن معاشرت ہے۔ ایک عالم غیر مقلد یہاں پر قیام کئے ہوئے تھے اور میرے پاس بیٹھے تھے مجھکو ایک کتاب کی ضرورت تھی میں خود جاکر کتبخانہ سے لے آیا تو اُنپر بڑا اثر ہوا اپنے دوستوں سے کہا کہ ہم لوگوں کو تو محض دعویٰ ہی ہے اتباع سنت کا باقی اتباع سنت تو فلاں شخص میں ہے اور کتاب لانیکا قصہ بیان کیا۔ میں نے کہا کہ یہ بھی کوئی بڑے کمال کی بات تھی مجھکو تو اسکا وسوسہ بھی نہیں کہ میں نے کوئی کام کیا یہ تو حسن معاشرت ہے۔

(ملفوظ ۲۱۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک شخص نے کہا تھا کہ منکر نکیر کے سوالات کا جواب تو آسان مگر اسکے (یعنی میرے) سوالات کا جواب مشکل ہے میں نے کہا کہ بالکل صحیح ہے جسکی وجہ یہ ہے کہ وہاں تو اینچ پینچ سے کام نہ لوگے سیدھی اور سچی بات کہوگے اسلئے خود ہی وہاں کے سوالات کا جواب آسان ہوگا اور یہاں تیر اینچ پینچ سے کام نکالنا چاہتے ہو اور وہ چلتا نہیں اسلئے یہاں کے سوالات کا جواب مشکل ہوجاتا ہے۔

(ملفوظ ۲۱۷) ایک نوعمر شخص نے آکر تعویذ مانگا اور یہ نہیں بتلایا کہ کس چیز کا تعویذ اسپر حضرت والا

Marfat.com

نے اسکو تنبیہ فرمائی ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت یہ بے خبری کا نتیجہ ہے فرمایا کہ یہ بے خبری کا نتیجہ نہیں آپکو تجربہ نہیں یہ خیر کا نتیجہ ہے جو فطری چیزیں ہیں اُن میں ضرورت نہیں تعلیم کی خلاف فطرت میں ضرورت ہے تعلیم کی جسوقت گھر سے چلا ہوگا یہ تو ضرور معلوم ہوگا کہ کس چیز کا تعویذ لاؤنگا وہی آکر ظاہر کر دیتا مگر اسکو خلاف پر تعلیم کی گئی ہوگی کہ جاکر چپ بیٹھ جانا جب تک وہ خود نہ پوچھیں تو خود کچھ مت بولنا اور اسکو ادب قرار دیا گیا ہوگا اگر آپکو شبہ ہے تو میں ابھی معلوم کرائے دیتا ہوں تاکہ آپ کو بھی تجربہ ہو جائے حضرت والا نے اُس شخص کی طرف مخاطب ہو کر دریافت فرمایا اُس نے اقرار کیا کہ یہ ہی مجھسے کہا گیا تھا۔ فرمایا کہ مجھکو تو شب و روز ایسے لوگوں سے سابقہ پڑا رہتا ہے اسکے بعد فرمایا کہ جاؤ ایک گھنٹہ کے بعد آکر پوری بات کہنا تب تعویذ ملیگا وہ شخص چلا گیا فرمایا کہ اب کبھی انشاء اللہ ادھوری بات نہ کہیگا یہ طریق ہے اصلاح کا تاکہ ہمیشہ یاد رہے اب اس ہی واقعہ میں بتلایئے کہ میری کونسی مصلحت ہے اسکی ہی مصلحت سے میں نے ایسا کیا اسپر مجھکو بدنام کیا جاتا ہے کہ بدخلق ہے آنے والوں کے اخلاق کو کوئی نہیں دیکھتا کہ وہ کیا برتاؤ کرتے ہیں۔ اسی سلسلہ میں فرمایا کہ اسکو ادب سمجھتے ہیں کہ خاموش آکر بیٹھ جائے کچھ بولے نہیں میرے نزدیک ادب تعظیم کا نام نہیں بلکہ ادب کا ایسا مفہوم ہے کہ جو چھوٹوں بڑوں میں سب میں مشترک ہے وہ یہ کہ ادب کے معنی ہیں حفظ حدود اور اُسکے لئے لازم ہے کہ کسی کو ایذا نہ پہونچے چاہے بڑا ہو یا چھوٹا ہو کافر ہو یا مسلمان ہو سو یہ سب کے لئے مساوی ہے۔

(ملفوظ ۱۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل تو محبت و عقیدت کا دعویٰ ہی دعویٰ ہے محبت اور عقیدت تو اسکو کہتے ہیں کہ ایکمرتبہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اپنی ساتھ حضرت مولانا گنگوہی رح کو کھانا کھلا رہے تھے مولانا شیخ محمد صاحب تشریف لے آئے دیکھکر فرمایا کہ آہا تو مرید کے حال پر بڑی نوازش ہو رہی ہے کھانا ساتھ کھلایا جا رہا ہے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ واقعی ہے تو نوازش ورنہ مجھکو تو یہ حق تھا کہ ایک روٹی اور اُسپر دال انکے ہاتھ پر رکھ کر کہتا کہ وہاں الگ بیٹھ کر کھاؤ حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ حضرت یہ فرما کر کن انکھیوں سے میرے چہرہ کو دیکھ رہے تھے کسی نے حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا کہ اُسوقت آپکی کیا حالت تھی فرمایا کہ خدا کی قسم اُسوقت قلب پر اسکا استحضار تھا کہ

Marfat.com

ہیں تو اس سے بھی زیادہ ذلیل وحقیر ہوں جو حضرت میری نسبت فرمارہے ہیں اھ میں تو کہا کرتا ہوں کہ مرتبہ بننا آسان نہیں جب تک تکلوں سے چاقو سے اُسکو کوچا نہ جاوے مٹھائی اندر تک اثر کر نہیں سکتی نیز جوش بھی دیا جاوے چولہے کے پانی میں اور وہ چوں نہ کرے کسی نے خوب کہا ہے۔

صوفی نشود صافی تا درنکشد جامے ۔۔۔ بسیار سفر باید تا پختہ شود خامے

۲۱۹ (ملفوظ) ایک صاحب کی غلطی پر مواخذہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ صدق کا اور اثر ہوتا ہے کذب کا اور اثر ہوتا ہے صدق سے قلب کو اطمینان ہوتا ہے سکون ہوتا ہے کذب میں اضطراب ہوتا ہے بے اطمینانی ہوتی ہے خدانخواستہ مجکو کسی مسلمان کو ذلیل کرنا تھوڑا ہی مقصود ہے استغفراللہ لیکن اگر میں اس طرح پر کھود کرید نہ کروں تو پھر آخر اصلاح ہو کیسے جو بات اسوقت آپنے کہی دق کرکے تکلیف پہونچا کر پہلے ہی کیوں نہ کہدی تھی مجھکو خدانخواستہ آپ سے بغض نہیں کینہ نہیں عداوت نہیں اب آپنے سچ بات کہی سب کلفت دور ہوگئی یہ آپکے صدق کا اثر ہے پہلی باتوں میں سے ایک بھی دل کو نہ لگی تھی بہت اچھا میں خدمت کے لئے حاضر ہوں

۲۲۰ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ یہ وقت مسلمانوں کی غفلت کا نہیں مگر مشکل تو یہ ہے کہ اگر مسلمان غفلت سے بیدار ہوتے بھی ہیں تو اسکے مصداق ہو جاتے ہیں ؎

اگر غفلت سے باز آیا جفا کی ، ۔۔۔ تلافی کی بھی ظالم نے تو کیا کی ،

یعنی اُس بیداری میں نہ اتباع احکام کا ہوتا ہے نہ باہمی اتفاق ہوتا ہے اسی نااتفاقی کے متعلق ایک انگریز حاکم نے ایک بات خوب کہی کہ ہندوؤں کے دو دشمن ایک مسلمان اور ایک انگریز۔ انگریزوں کے دو دشمن ایک ہندو اور ایک مسلمان۔ اور مسلمانوں کے تین دشمن ایک ہندو ایک انگریز ایک خود مسلمان۔

۱۹ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم دوشنبہ

۲۲۱ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ انگریز نے تاریخ لکھی ہے بھائی اکبر علی مرحوم بیان کرتے تھے اُس نے ایک خود غرض قوم کے بارہ میں یہ ثابت کیا ہے کہ وہ اور چمار ایک دادا کی اولاد ہیں انکی

Marfat.com

حرکات بھی چماروں سے کم نہیں نہایت کم حوصلہ اور بزدل قوم ہے اب ان تحریکات کی بدولت بہادری کا دعویٰ ان کے اندر بھی پیدا ہو گیا ہے مگر پھر بھی بندر بھبکی سے زیادہ نہیں جہاں کہیں خانہ جنگی ہوتی ہے میدان میں ان کو کہیں فتح نصیب نہیں ہوئی یہ دوسری بات ہے کہ کوٹھے پر چڑھکر اینٹیں برسادیں یا جہاں کہیں سارے گاؤں میں دو چار گھر مسلمانوں کے ہوئے وہاں پر سالے گاؤں نے ملکر مسلمانوں کو نقصان پہونچا دیا۔

(ملفوظ ۲۲۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مولوی فیض الحسن صاحب کی ایک عجیب حکایت ہوذہانت کی اس سے پہلے کبھی ایسی حکایت کسی عالم کی سننے میں نہیں آئی جب لاہور تشریف رکھتے تھے اُس زمانہ میں ایک خربوزہ والیکی دکان سے چار آنہ کے خربوزے خرید کر گھر لائے انکو تراش کر دیکھا تو پھیکے واپس لیکر دکان پر پہونچے کہ بھائی یہ تو سب پھیکے ہیں اس دوکاندار نے کہا کہ مولانا اب میرے یہ کس کام کے ہیں آپنے سبکو تراش ڈالا اب انکو کوئی خرید نہیں سکتا کہا اچھا بھائی یہ کہکر اُسکی دکان کے قریب چادر بچھا اور اُسپر خربوزے رکھ بیٹھ گئے اب جو خریدار اُسکی دکان پر آتا ہے اُس سے کہتے ہیں کہ میاں خربوزے تو خرید وہی گے مگر پہلے نمونہ چکھ لو اب کوئی نہیں خریدتا اُس دوکاندار نے کہا کہ مولانا اپنے چار آنہ پیسہ بھی لو اور مجھکو معاف کرو بس چار آنہ واپس لیکر گھر آگئے غضب کی ذہانت کی حکایت ہے میں تو کہا کرتا ہوں کہ اگر درسی کتابیں کوئی سمجھ کر پڑھ لے تو وہ سب کام کرسکتا ہے حتیٰ کہ سلطنت بھی اگر ہاتھ میں آجائے تو اُسکو بھی اوروں سے اچھی طرح پر انجام دیسکتا ہے اور ایک چیز درسی کتابوں سے بھی بڑھکر ہے یعنی صحبت دیکھئے صحابۂ کرام نے کونسا تمدن سیکھا تھا محض حضور کی صحبت کی برکت تھی قیصر اور کسریٰ اُنکا لوہا مانگئے ایک ادنیٰ سا کمال اُن حضرات کا یہ ہے کہ اُسوقت نقشے نہ تھے قبلہ نما نہ تھے ریاضی کے آلات نہ تھے وہ خود ریاضی کے قواعد نہ جانتے تھے اسپر بھی دور دراز ممالک مفتوحہ میں جو مساجد بنائی گئی ہیں سب کا سمت قبلہ نہایت صحیح اسی طرح آجکل کے تمدن والے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے تمدن کا لوہا مانتے ہوئے ہیں۔

(ملفوظ ۲۲۳) ایک صاحب کی غلطی پر تنبیہ فرماتے ہوئے حاضرین سے فرمایا کہ آدمی دوسروں کی وجہ سے اپنے دین کو خطرہ میں کیوں ڈالے اپنی اصلاح مقدم ہے اپنی تو کچھ فکر نہیں دوسروں کی فکر ہے

Marfat.com

یہ بھی آجکل مرض عام ہوگیا ہے اور انکی نسبت یہ بھی فرمایا کہ ان سے کچھ مناسبت نہیں معلوم ہوتی معلوم ہوتا ہے کہ انکے اندر ذوق نہیں حالانکہ انھوں نے مجھسے اُسوقت تک کوئی بات نہیں کی تھی مگر مجکو ان کے بشرے سے معلوم ہوتا تھا کہ ذوق کی کمی ہے آخر بات چیت کرنے سے وہی بات ثابت ہوئی۔

۲۲۴ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ کپڑا تو گھٹیا پہننا چاہیئے کہ مقصود اُس سے بھی حاصل ہے مگر کھانا اگر خدا دے تو اچھا کھانا چاہیئے کیونکہ نہ کھانے سے مضمحل ہو جائیگا اور اُسکی وجہ سے بیمار ہو جانیکا اندیشہ ہے پھر کوئی کام دین کا بھی نہ کر سکے گا آجکل لوگ اسکا عکس کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ کھانے کو کس نے دیکھا ہے پہننے کو سب دیکھتے ہیں یہ بھی ایک مرض ہے جسکا تعلق جاہ سے ہے اور مزاحاً فرمایا کہ کھانیکا تعلق باہ سے ہے۔

۱۹ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم دوشنبہ

۲۲۵ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل لڑکیوں کو کچھ نہیں پڑھاتے بالکل جاہل رکھتے ہیں یہ بُرا ہے کم از کم قرآن شریف اور دینیات کے چند رسالہ جس سے نماز روزہ اور ضروری معاملات کے احکام سے بخوبی واقفیت ہو جائے پڑھا دینا چاہیئے۔

۲۲۶ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے زمانہ میں جب سب حضرات یہاں حاضر ہوتے حضرت مولانا محمد یعقوب صاحبؒ جو ذرا نازک تھے جب شب میں اٹھتے تو حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے کہ ابھی نہیں لیٹے رہو جب وقت ہوگا ہم خود جگا دیں گے یہ شفقت ہے شیخ کی مطلب یہ تھا کہ کام وہ کرنا چاہیئے جسمیں مداومت ہو سکے اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اس طریق میں رہبر کامل کی سخت ضرورت ہے اسی کو مولانا فرماتے ہیں ؎

قال را بگذار مردِ حال شو، پیش مردے کاملے پامال شو،

۲۲۷ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کو بھی لوگ بدنام

Marfat.com

کرتے تھے کہ خشکی ہے حالانکہ یہ بالکل غلط ہے حضرت کے یہاں انتظام تھا اُسکو نخوت سے تعبیر کیا

(ملفوظ ۲۲۸) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اگر لوگ آکر سیدھی اور سچی بات کہدیا کریں تو کوئی بھی جھگڑا نہ ہو گنوار بھی تو شہریوں والی باتیں آکر گنوارتے ہیں اُسمیں کھنڈت پڑتی ہے ہمتو دیہاتی آدمی ہیں ہمکو تو وہی سیدھا سادہ طرز پسند ہے بات وہ ہونی چاہئے جسمیں دوسرے کو اذیت نہ ہو تکلیف نہ ہو اُلٹی لپٹی بات سے دوسرے کو تکلیف ہوتی ہے خدا ناس کرے اس رسم و رواج کا جس نے معاشرت ہی بدل دی۔ ان بیہودہ باتوں میں نہ راحت ہے نہ اطمینان نہ سکون سوائے اذیت اور کلفت کے کچھ بھی نہیں۔

۲۱ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم چہارشنبہ

(ملفوظ ۲۲۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ پردہ کے متعلق آجکل بہت ہی گڑبڑ ہو رہی ہے بڑے بڑے مدعیان عقل کی عقلوں پر پردہ پڑا ہوا ہے اس بیباکی اور جرأت کی کوئی انتہا ہے ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ جی ہاں حج فرض ہے عورت سفر کرکے جا سکتی ہے مگر یہ بھی فرض ہے کہ محرم ساتھ ہو اتنی بڑی فضیلت کی چیز اور اتنا بڑا اشعار مگر وہ بھی مشروط ہے مگر آجکل آزادی کا اسقدر زہریلا اثر پھیلا ہوا ہے کہ قطعاً احکام کی پروا نہیں کیجاتی اور یہ سب بے فکری کے کرشمے ہیں اگر نتائج کی فکر ہو ایسا کرنیکی کبھی ہمت نہیں ہو سکتی فکر عجیب چیز ہے اس سے سب راہیں کھلتی چلی جاتی ہیں اسوقت تحریکات کی بدولت بہت آزادی بڑھ گئی ان تحریکات میں مسلمانوں کو شریعت کا کبھی پاس و احترام نہیں رہا جو نہایت خطرناک بات ہے اور اسی کی بدولت اہل باطل خصوص اہل ہنود کو بڑی قوت پہونچی اُن کے قلب میں مسلمانوں کی کوئی وقعت ہی نہ رہی اسپر ایک حکایت فرمائی کہ کاندھلہ میں ایک وکیل صاحب ہیں جو ظریف بھی ہیں وہ ریل میں سفر کر رہے تھے چند ہنود بھی اُسی ڈبہ میں تھے اہل باطل کو ہمیشہ عادت ہوتی ہے چھیڑ کیا کرتے ہیں اُن ہنود میں سے ایک شخص نے ان وکیل صاحب سے پوچھا کہ اگر تمکو سلطنت ملجائے تو تم ہنود کے ساتھ کیا کرو انھوں نے کہا کہ کیا کریں گے

Marfat.com

جو شریعت کا حکم ہے وہی کریں گے اول اسلام کی دعوت پھر جزیہ کی دعوت اسکو بھی نہ مانا جاوے تو جنگ کی دعوت اب انھوں نے نادانی کی اُن سے پوچھا کہ اگر تمکو سلطنت ملجائے تو تم مسلمانوں کے ساتھ کیا کروگے کہا کہ مسلمانوں کے اتنے جوتے لگاویں گے کہ سر پہ کیل بھی باقی نہ رہے انھوں نے ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا شروع کی کہ اللہ تیرا شکر ہے احسان ہے وہ بولے کس بات کا شکر ادا کرتے ہو کیا جوتے کھانیکا شکر ادا کرتے ہو انھوں نے کہا کہ نہیں یہ نہیں بلکہ اسکا شکر ادا کرتا ہوں کہ انشاء اللہ تعالیٰ تمکو کبھی سلطنت اور حکومت نہ ملیگی کیونکہ تمھاری نیت پہلے ہی سے ظلم کی ہے۔ اور کہیں تاریخ میں نہیں کہ کسی ایسی قوم کو سلطنت ملی ہو جنکا ارادہ پہلے سے ظلم کا ہو۔

(ملفوظ ۲۳۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک صاحب کہتے تھے کہ اہل یورپ میں علاوہ کفر کے اور سب خوبیاں ہیں میں نے کہا کہ ایک خوبی تو میں بھی بیان کرتا ہوں وہ یہ کہ کسی پر شفقت نہیں سوائے اپنے مطلب کے اسپر خاموش ہو گئے کوئی جواب نہیں دیا۔

(ملفوظ ۲۳۱) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ مسلمانوں کی سمجھ میں اگر اور بھی کچھ نہیں آتا مگر دوسری قوموں کی ان سے عداوت یہ تو کھلم کھلا نظر آتی ہے مگر یہ جانکر بھی دھوکے میں آجاتے ہیں اور اس سے بھی بڑا سبب مسلمانوں کے نقصان کا یہ ہے کہ ان میں نظم نہیں۔

(ملفوظ ۲۳۲) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت مسلمانوں کی تو اس بات پر افسوس ہے کہ دوسری قوموں کی سی صورت بناتے ہیں فرمایا کہ یہ بالکل صحیح ہے مگر وہ لوگ ہماری جیسی شکل نہیں بناتے پھر ہمیں ہی کیا ضرورت ہے کہ دوسروں کی وضع اور لباس اختیار کریں۔

(ملفوظ ۲۳۳) ایک صاحب کے جواب میں فرمایا کہ عجب اور کبر دونوں میں صرف یہ فرق ہے کہ عجب میں دوسرے کو حقیر نہیں سمجھتا اپنے کو عظیم سمجھتا ہے اور کبر میں دوسرے کو بھی حقیر سمجھتا ہے

(ملفوظ ۲۳۴) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ ضروری علوم میں تدقیق ضروری نہیں دقائق میں پڑکر فن کو مشکل کردیا باقی ناواقف کے نزدیک تو خود فن ہی مشکل ہے گو اسمیں تدقیق بھی نہ ہو ایسے شخص کے سامنے فن کا بیان کرنا ایسا ہے جیسے طبیب مریض کے سامنے بیٹھکر فن کو بیان کرنے لگے اسکو تو مشکل ہی معلوم ہوگا گو تدقیق نہ کرے۔

Marfat.com

(ملفوظ ۲۳۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل رسمی پیرونکی بدولت لوگوں کے قلب میں طریق کی عظمت وقدر نہیں رہی بلکہ رسم کا غلبہ ہوگیا ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ جی ہاں سادات کی عظمت بھی رسم ہی کے ماتحت ہے بلکہ قرآن شریف کی عظمت بھی وہی رسمی ہے اگر حقیقی عظمت ہوتی تو اسکی تعلیم پر تو عمل ہوتا حالانکہ دونوں چیزوں کے جمع کرنے کی ضرورت ہے یعنی عظمت بھی ہونی چاہیئے اور عمل بھی اسی طرح بزرگی کا معیار بھی رسمی رہگیا جہاں ایک دو کرامت ظاہر ہوئی خواہ حقیقی یا خیالی اور بزرگی کی رجسٹری ہوئی کیا خرافات ہے اور اگر کہیں کسی بزرگ نے لڑکے لڑکی بیوی نوکر سے کنارہ کرلیا پھر تو تارک دنیا یہی ہوگئے اگر غلبہ سے ایسا ہو تب بھی کمال نہیں سالک تو وہ ہے اسکے مقام کو غلبہ ہو اور اسکا حال مغلوب ہو۔

(ملفوظ ۲۳۶) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ مغلوبیت میں اختیار نہیں رہتا اور بعض اوقات شعور رہتا ہے شعور اور چیز ہے اور اختیار اور چیز ہے جیسے اپریشن کے وقت نشہ لگنے پر آہ نکلتی ہے اسوقت اختیار نہیں رہتا مگر شعور ہوتا ہے یہ حالت بے اختیاری کی اضطرار کہلاتا ہے اسکو غلبہ حال بھی کہتے ہیں اور حال کوئی مقصود چیز نہیں ایک وقتی بات ہے اور مقام مقصود ہے مگر غیر مبصر ان دونوں میں فرق نہیں کرسکتا اسلئے اسکو حق نہیں کہ وہ کسی پر اعتراض کرے اسکو تو اشتباہ کے موقع پر صرف یہ کرنا چاہیئے کہ خاموش رہے ہاں مبصر کو حق ہے کہ اپنی بصیرت سے صاحب حال کو یہ بتلائے کہ یہ تیری حالت قابل اطمینان نہیں بلکہ ایک کیفیت کا غلبہ ہے جو چند روزہ ہے اور یہ بتلانا بھی جزئی طور ہو کلی تحقیق نہ کرنے لگے اور جب طالب کے سامنے کلی تحقیق مناسب نہیں تو غیر طالب سے تو ایسا خطاب ہرگز نہیں چاہیئے اسمیں فن کی بے قدری بھی ہے۔

(ملفوظ ۲۳۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ زیادہ وجہ لوگوں کی مجھسے ناراض ہونے کی یہ بھی ہے کہ میں سچی اور اصولی بات کہتا ہوں اسمیں افراط تفریط نہیں ہوتی وہ لوگوں کو پسند نہیں آتی اسپر خفا ہوتے ہیں مزاجاً فرمایا کہ یہ اسلئے کہ وہ بات صاف ہوتی ہے اسمیں خفا نہیں ہوتا۔

(ملفوظ ۲۳۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اس زمانہ میں ایکدم ایسی کایا پلٹ ہوئی ہے کہ جس کا وہم گمان بھی نہ تھا کہ کبھی ایسا وقت بھی آئیگا فلاں مدرسہ کے ارکان اور مجلس شوریٰ سے

Marfat.com

گفتگو ہوئی اُس سے معلوم ہوتا تھا کہ اپنے بزرگوں کے مسلک اور مشرب کی انکو ہوا تک نہیں لگی
ایک بیہودہ تحریر پیش جسمیں ایک رکن صاحب نے مجکو خطاب کیا تھا یہ سب گڑبڑ ہوئی آخر تہذیب
بھی تو کوئی چیز ہے اُسمیں تہذیب بھی نہ تھی میں نے سرپرستی سے انکار کر دیا اور کہدیا کہ خط کا معاملہ
تو ماضی کا ہے وہ تو مضی ما مضی مگر سرپرستی کا معاملہ مستقبل ہے جسمیں مجکو ہر طرح کا اختیار ہے
منسوخ بھی کر سکتا ہوں باقی بھی رکھ سکتا ہے میرے اختیار سے تو باہر نہیں مگر بقار اسی وقت
ہو سکتا ہے کہ حدود اور اصول شرعیہ سے تجاوز نہ کیا جائے۔ کہنے لگے کہ اُس تحریر ماضی کے متعلق
بھی کچھ تدارک ہونا چاہیے میں نے کہا کہ میں کیا تدارک کروں کیا میں خود اپنے منہ میاں مٹھو بنوں
اور یہ لکھوں کہ میں ویسا نہیں جیسا اُس تحریر سے معلوم ہوتا ہے۔ کہا کہ مسودہ لکھدیجئیگا ہم لوگونکی
طرف سے اُسکی اشاعت کر دیجائیگی میں نے کہا کہ مجھکو ضرورت نہیں آپ خود لکھیں اور اخیر بات
یہ ہے کہ ان قصوں کی ضرورت ہی کیا ہے کسی اور کو سرپرست تجویز کر لیجئے مجھکو تو ویسے ہی ایسے
بکھیڑوں سے وحشت ہوتی ہے جو چیز یکسوئی میں مخل ہو اور ہو غیر ضروری اُس سے علیحدہ ہی رہنے
کو طبیعت چاہتی ہے کہا کہ سرپرست کے اختیارات کیا ہونا چاہئیں میں نے کہا کہ جو پہلے سے
مدرسہ کے قواعد میں سرپرست کے اختیارات ہیں وہی رکھے جائیں دیکھ لیا جائے کہ کیا
اختیارات تھے میں نے یہ بھی کہا کہ ہر حال میں یہ ضرور ہے کہ سرپرست ایسے شخص کو بنایا جائے
جو اپنے بزرگوں کا نمونہ ہو اسکے خلاف کو میں خیانت سمجھتا ہوں مگر مجھکو نہ بنائیے اسلئے کہ مجھکو
ایسے معاملات سے مناسبت نہیں اور نہ دلچسپی اسپر کہا کہ آپ ہی کو منظور کرنا ہوگا میں نے کہا
کہ سرپرستی کی میری کوئی خواہش نہیں درخواست نہیں اگر آپ کی خواہش ہے تو مجھکو شرائط
کا حق ہے۔ ایک صاحب نے کہا کہ میری ذاتی رائے ہے کہ سرپرست کو بالکلیہ اختیارات ہوں اسپر
ایک صاحب بولے کہ تو اس صورت میں اہل شوریٰ نکمی ہوئی۔ میں نے کہا کہ نہیں اہل شوریٰ کا
جو کام ہے یعنی محض مشورہ وہ اُس کام کو برابر انجام دیتے رہیں جسکا فائدہ یہ ہوگا کہ اُن کے
مشوروں سے سرپرست کی رائے اور نظر محیط ہو جائیگی کیونکہ ایک شخص کی رائے اور نظر ہر وقت
اور ہر کام میں محیط نہیں ہوتی اسی لئے اہل شوریٰ کی ضرورت ہے اور اس سے زائد اہل شوریٰ
کا کوئی منصب نہیں حق تعالیٰ فرماتے ہیں وشاورھم فی الامر فاذا عزمت فتوکل علی اللہ

رسالہ المبلغ ص ۸ ج ۸

بابتہ ماہ جمادی الثانی ۱۳۵۱ھ

Marfat.com

نہیں فرمایا نہ اذا عزمت اکثر کم فرمایا بلکہ فاذا عزمت فرمایا اس سے جمہوریت کوئی چیز نہیں ہوتی
ایک صاحب کہنے لگے کہ اگر سرپرست کو بالکلیہ اختیارات دیدئے جائیں تو اندیشہ ہے کہ صاحب
غرض آکر اسکی رائے کو بدلدیں اور متاثر کردیں میں نے کہا کہ یہ ہی احتمال شوریٰ میں بھی ہے بلکہ
اہل شوریٰ کے متعلق تو ایسے واقعات ہیں جسمیں انکی رائے پر اثر ڈالا گیا اور سرپرست کے تو ایسے
واقعات بھی نہیں۔ غرض اسپر اتفاق رائے ہوگیا کہ مجھکو سرپرست بنایا جائے میں نے کہا کہ ایک
میری رائے اور ہے وہ یہ کہ عجلت سے کام لینا مناسب نہیں مرکز پر جاکر اور اپنے احباب سے
مشورہ کرکے اور خود بھی آزادی کے ساتھ فکر اور غور کرکے جو بات قرار پائے مجھکو لکھدیا جائے
اور یہ بھی سن لیجئے کہ مجھکو اسکا انتظار بھی نہ ہوگا اسلئے کہ مجھکو اسکا اشتیاق نہیں جن صاحب کے
ہاتھ کی وہ بیہودہ تحریر تھی جس سے انھوں نے معافی مانگ لی تھی اس معافی کی اشاعت کے متعلق
انھوں نے تو کچھ نہیں کہا مگر ان کی طرف سے ایک صاحب بطور وکیل گفتگو کرنے لگے کہا کہ وہ
مضمون معافی کا النور یا الہادی میں شائع کردیا جائے میں نے کہا کہ یہ رسالے تو میری طرف
منسوب ہیں انمیں چھاپنا موہم ہوگا میری استدعا کو مستقل چھاپو کہا کہ اخبارات میں مضمون
دیدیا جائے میں نے کہا کہ یہ بھی مناسب نہیں اسلئے کہ اخبارات نااہلوں کے ہاتھ میں جاتے ہیں
مجھکو یہ بھی گوارہ نہیں کہ ان صاحب تحریر کی اہانت نااہلوں کی نظر میں ہو غرضکہ میری طرف منسوب
رسالوں میں شائع ہو یہ میری وضع کے خلاف ہے اور اخبارات میں شائع ہو وہ انکی شان کے
خلاف ہے اور جو کچھ مجھکو شکایت ہوئی محض اسوجہ سے کہ ایکو محبت کا دعویٰ ہے معاملہ سے بھی
اسکا اظہار کیا جاتا ہے اور زبان سے بھی کہا جاتا ہے انا احب لک ورنہ میں تو اپنے کو اس سے
بھی بدتر سمجھتا ہوں جتنا مجھکو کہا جاتا ہے دیکھئے احمد رضا خاں صاحب نے مجھکو ہمیشہ برا کہا مگر
مجھپر ذرہ برابر بھی اثر نہیں ہوا ایک صاحب بولے کہ جس تحریر پر شکایت ہے ان صاحب تحریر
کی عادت ہی ایسی ہے انکی تحریر کا طرز ہی یہ ہے میں نے کہا آپ کچھ خیال نکریں اس جاننے کے
ساتھ کہ انکا یہ طرز ہے یہ بھی جان لینا چاہیے کہ دوسرے کا یہ طرز ہے کہ وہ اس سے دلگیر دل گرفتہ
ہوتا ہے انکا یہ طرز ہمارا یہ طرز پھر ہمارے طرز سے ہمکو کیوں روکا جاتا ہے اسپر خاموش ہوگئے اور
کوئی جواب نہیں دیا۔ اور صاحب تحریر نے مجھسے جب معافی مانگی میں نے سمجھا کہ یا کہ معافی تو یہ ہے

رسالہ المبلغ ص۹ ج۸ ماہنامہ جمادی الثانی ۱۳۵۲ھ

Marfat.com

ہیں، نہ دنیا میں مزا غذہ کرو لگانہ آخرت میں لیکن اگر تعلقات بھی ویسی ہی رکھنا چاہتے ہو تو اس کے لئے یہی شرط ہے کہ اپنی غلطی کو چھپوا کر شائع کرو اور میں جو مدرسہ کی وجہ سے مدرسہ والوں کی موافقت کرتا تھا لوگ کہتے تھے کہ مولوی حبیب الرحمٰن صاحب مرحوم سے متاثر ہے مولوی مرتضیٰ حسن صاحب نے خوب جواب دیا تھا کہ میاں جو زمانہ تحریکات میں سارے ہندوستان کی مخالفت سے متاثر نہیں ہوا وہ ایک بیچارے مولوی حبیب الرحمٰن صاحب سے کیا متاثر ہوگا۔

۲۳۹ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ سبحان اللہ حضرت مولانا دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ کی عالی حوصلگی قابل دید ہے کہ میرا مسلک جو حضرت مولانا کے مسلک سے ظاہراً مختلف تھا ڈھکا چھپا نہ تھا مگر حضرت ذرا بھی دلگیر نہ ہوئے بڑے اور چھوٹوں میں یہ فرق ہوتا ہے۔

۲۴۰ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم میں قوت بدنیہ بھی اسقدر تھی کہ حجۃ الوداع میں ترسٹھ اونٹ اپنے دست مبارک سے ذبح کئے اونٹ کا ذبح کرنا کوئی آسان بات نہیں کل سو اونٹ حضور نے اپنی ملک سے قربانی کئے تھے اب تو کسی کو یوں کہنے کا حق نہیں رہا کہ ہمارے حضور نعوذ باللہ مفلس ..... تھے دکھائے تو کوئی کسی تاریخ میں کہ کسی بادشاہ نے سو اونٹ اپنی ملک سے قربانی کئے ہوں اور اس بادشاہی شان کے ساتھ محبوبیت کی شان یہ ظاہر ہوئی کہ ذبح کے وقت ہر اونٹ کی یہ حالت تھی کہ وہ حضور کی طرف بڑھتا تھا کہ حضور پہلے مجھکو ذبح کریں بس یہ حالت تھی ؎

ہمہ آہوانِ صحرا سر خود نہادہ بر کف ۔۔۔ بامید آنکہ روزے بشکار خواہی آمد

۲۴۱ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک تحصیلدار صاحب میرے پاس آئے کہنے لگے کہ طاعون سے بھاگنا کیوں ناجائز ہے میں نے کہا کہ پہلے آپ میرے ایک سوال کا جواب دیدیں وہ یہ کہ سپاہی کا میدان جنگ سے بھاگنا کیوں جرم ہے حالانکہ وہاں پر جان کا خوف طاعون سے بھی زیادہ ہے تو میدان میں رہنا تو خلاف عقل نہیں اور طاعون میں رہنا خلاف عقل ہے وہ سمجھ گئے میں نے کہا کہ بادشاہ مجازی کو تیس روپیہ تنخواہ دیکر حق حاصل ہے کہ وہ جان کا مالک بنجاوے اور حق تعالیٰ کو پیدا کر کے بھی یہ حق نہ ہو اس جواب پر بہت مسرور ہوئے پوری تسلی ہوگئی اور بہت ہی خوش ہوئے ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ وہاں تو

رسالہ المبلغ ص ۹ ج ۸

بابتہ ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

احتمال بہت ضعیف ہوتا ہے کہ جان بچاکر آجاؤنگا بلکہ اگر یقیناً معلوم ہوجائے کہ گولی سے مار دیا جاویگا تب بھی کوئی نہ سنے گا کہ مجھکو یقین ہوگیا تھا کہ مارا جاؤنگا بھاگ جانیکو جرم ہی قرار دیا جاویگا اور طاعون میں تو یہ یقین بھی نہیں۔

(ملفوظ ۲۴۲) ایک مولوی صاحب کے اس سوال کے جواب میں کہ جب اللہ تعالیٰ بندوں کو معذب دیکھیں گے کیا اُن کو رحم نہ آویگا جبکہ ہمکو رحم آجاتا ہے فرمایا کہ رحیم ہونیکے معنی یہ ہیں کہ اپنے بندوں کے ساتھ اپنے ارادہ سے لطف کا معاملہ کرتے ہیں یہ نہیں کہ وہ مخلوق کی طرح کسی کی تکلیف دیکھکر متاثر ہوتے ہیں اسی لئے علماء نے کہا ہے کہ ان صفات میں افعال مراد ہیں نہ کہ مبادی

.....

.....انفعالات نہیں

محض افعال ہیں بدون افعال کے ثمرہ عطا نہ فرما سکیں معترض نے اپنے اوپر قیاس کرلیا یہ دو سیات تمام شبہات کے لئے بالکل کافی ہیں اگر سمجھ کر پڑھ لے سب ظلمات وشبہات دور ہوجائیں چنانچہ مبادی کا مراد نہ ہونا افعال کا مراد ہونا صریح الفاظ میں کتابوں میں موجود ہے مگر سمجھکر نہیں پڑھتے۔

(ملفوظ ۲۴۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ایک قانون مقرر کرکے کیا اچھا انتظام کیا تھا کہ سارے ملک کو درسگاہ بنا دیا تھا وہ یہ کہ انھوں نے حکم دیا تھا کہ بازار میں بجز ایسے شخص کے کسی کو بیٹھنے کی اجازت نہیں جو مسائل فقہیہ جانتا ہو مطلب یہ تھا کہ جو خریدار اُن سے معاملہ کرینگے اُنکو بھی مسائل سے آگاہی ہوجائیگی اس طرح سے بلا مشقت تمام ملک مدرسہ ہوجائیگا سو وہ تو سارے ملک کو مدرسہ بنانا چاہتے تھے اور آجکل بقول مولانا اشرف علی صاحب مولویوں میں یہ کمی ہوگئی ہے کہ پڑھکر یا تو دنیا میں مشغول ہوجاتے ہیں یا ذکر وشغل میں درس وتدریس چھوڑ بیٹھتے ہیں تو وہ اپنے مقام کو بھی مدرسہ نہیں بناتے۔

(ملفوظ ۲۴۴) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ صحابہ کے متعلق کسی نے ایک بزرگ سے پوچھا کہ کیا صحابہ ہنستے بھی تھے اُنھوں نے کہا کہ اسقدر کہ ایک کے اوپر ایک گرتا تھا۔ مگر ایک ہنسنا ہوتا ہے غفلت کا اور ایک ہنسنا ہوتا ہے خوش خلقی اور محبت کا جو کہ دوستوں کا حق ہے جیسے کہ

Marfat.com

حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی یاد وجود کمال عشق ومحبت الٰہی کے جسکو ہر ایمان والا سمجھ سکتا ہے یہ حالت تھی کہ خالق اور مخلوق دونوں کا حق ادا فرماتے تھے۔

۲۴۵ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ صحابہ کرام کے قلب میں تو بسی ہوئی تھی آخرت اور دنیا انکی نظر میں اس سے زیادہ وقعت نہ رکھتی تھی جیسے پیشاب پاخانہ کا معاملہ بضرورت کرنا پڑتا ہے اور آجکل اسکے عکس معاملہ ہے کہ آخرت کی طرف تو بقدر ضرورت بھی توجہ نہیں اور دنیا میں انہماک ہے

۲۴۶ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ قلبی کیفیت کی حقیقت سے عشاق ہی کچھ آشنا ہوتے ہیں اور آخر وہ کیا چیز تھی جس سے حضور صلے اللہ علیہ وسلم پہاڑی پر چڑھکر جان دینے کو تیار تھے آخر کوئی تو چیز تھی اور اس کیفیت میں شعور ہوتا ہے اختیار نہیں ہوتا۔

۲۴۷ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اسلام میں حق تعالیٰ کی عظمت کی تعلیم اسقدر کی گئی ہے کہ دوسرے مذاہب میں نہیں پائی جاتی یہ بات ہر شخص کی سمجھ میں ابتداءً نہیں آتی کام کرنے سے سمجھ میں آتی ہے بہت سی باتیں ایسی ہیں کہ وہ کرنے سے سمجھ میں آتی ہیں۔

۳۲

۲۲ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم پنجشنبہ

۲۴۷ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل طلب ہی نہیں اگر طلب ہو تو سخت سے سخت شرائط اور باتیں بھی منظور کرلیں اور شبہات بھی سب عدم طلب ہی کی بناء پر پیدا ہوتے ہیں جب طلب ہوتی ہے تو طالب کی شان ہی کچھ اور ہو جاتی ہے اگر وہ زبان سے بھی اپنے حال کا اظہار نہ کرے تب بھی چھپا نہیں رہتا۔

۲۴۸ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک بی بی کا خط آیا تھا اسمیں لکھا تھا کہ میرے دو ماموں ہیں جنکی دو دو ڈھائی ڈھائی ہزار روپیہ تنخواہ ہے میں بیوہ ہوں عرصہ دو سال سے بیمار ہوں کئی کئی خط دونوں ماموں کے پاس روانہ کر چکی ہوں خرچ تو بڑی چیز ہے خط کا جواب بھی نہیں دیتے فرمایا کہ ایسے واقعات معلوم ہو کر بہت ہی دل دکھتا ہے آدمی تو آدمی جانوروں کی تکلیف سے بھی دل کی یہی حالت ہو جاتی ہے میں کہتا ہوں کہ محبت نہ ہو تو کم از کم دل میں ترحم تو ہو کسقدر بے رحمی

Marfat.com

اور سنگدلی کی بات ہے کہ خط کے ذریعہ سے بھی بیچاری کی تسلی تشفی نہیں کر دیتے۔

(ملفوظ ۲۴۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا ایک مضمون عجیب وغریب نظر سے گذرا کہ گناہ کم کرو یعنی نہ کرو موت آسان ہو جاویگی اور کسی سے قرض مت لو دنیا میں آزاد رہکر زندگی بسر ہوگی ترک ذنوب میں یہ خاصہ ہے کہ موت کے وقت آسانی ہوتی ہے کیونکہ مرنے کیوقت بشارت نصیب ہوگی جس سے موت سہل ہو جاویگی۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ قرض لینا ضرورت شدیدہ میں جائز ہے جیسے جہاد کیلئے یا کفن ڈالنے کیلئے یا کپڑے پھٹگئے ہوں ستور ظاہر ہونے لگا اس کے چھپانے کیلئے ومثل ذلك ..... ایسے شخص کے حق تعالیٰ قرض ادا ہو جانے کے کفیل ہیں

۲۳ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم جمعہ

(ملفوظ ۲۵۰) ایک نئے خیال کے مولوی صاحب کا ذکر فرماتے ہوئے فرمایا کہ وہ یہاں پر آئے تھے ۳۴
میں نے مہمان سمجھکر اچھا برتاؤ کیا وہ کھلے تو مجھسے کہا کہ مجھے تنہائی میں کچھ کہنا ہے میں نے انکو تنہائی کا وقت دیا مختلف باتیں ہوتی رہیں کہا کہ آپکو کیا ضرورت ہوئی کہ آپنے ترجمہ قرآن پڑھانے کا نیا طرز کا لامتقدمین کے خلاف کہنے لگے کہ اب نئے نئے شبہات ہونے لگے ہیں اُن نئے شبہات کا جواب بدون اس طرز جدید کے نہیں ہو سکتا میں نے کہا کہ پرانے طرز کی تفسیروں کو اگر سمجھکر پڑھ لیا جاوے سب شبہات کا جواب اُن میں موجود ہے اور میں نے یہ بھی کہا کہ اسکا ایک امتحان ہے وہ یہ کہ دو گریجویٹ لیلئے جائیں ایک کو میں پرانے اصول پر ترجمہ پڑھاؤں اور ایک کو آپ اپنے نئے اصول پر پڑھائیں پھر کوئی شخص اپنے نئے شبہات دونوں کے سامنے پیش کرے اور دونوں اپنے اپنے طرز پر جواب دیں پھر اُس سائل سے پوچھ لیا جاوے کہ بولو کس کے جوابوں سے تسلی ہوئی کہنے لگے کہ پرانے طرز سے تسلی کر دینا آپ کے ساتھ مخصوص ہے دوسرے نہیں کر سکتے میں نے کہا کہ میں کیا چیز ہوں مجھسے بڑے بڑے اکابر ہیں اور اگر یہی فرض کر لیا جاوے تو جن کو آپ پڑھاتے ہیں یہاں بھیجدیجئے آپ کیوں پڑھاتے ہیں اسکا کوئی شافی جواب نہ دے سکے۔

(ملفوظ ۲۵۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک صاحب یہاں پر آئے میں نے دریافت کیا کہ کیسے تشریف

Marfat.com

لائے کہا کہ فلاں مولوی صاحب نے بھیجا ہے کہ تم جاکر لے آؤ میں نے کہا کہ شاید میرے عذر کی خبر نہیں آپکو کہا کہ مجھکو تو خبر ہے میں نے کہا کہ پھر کیوں آئے کہا کہ اس خیال سے کہ اس بہانہ سے زیارت ہوجاویگی میں نے کہا کہ کرایہ آنکا اور زیارت تم کرو یہ جائز ہے یہ تو خیانت ہے آپکو مشورہ دینا چاہیئے تھا اسکے متعلق کہ اُسکو آنے میں یہ عذر ہے مجھکو اُنکی یہ حرکت سخت ناگوار ہوئی میں نے کہا کہ آپ کو ٹھیرنے کی اجازت نہیں واپس تشریف لیجایئے گاڑی جانے والی تھی وقت قریب تھا چلے گئے بعد میں کوئی خط وغیرہ نہیں آیا معلوم ہوتا ہے کہ خفا ہوگئے ایسے ایسے کور مغز آتے ہیں اور مجھکو بدنام کرتے ہیں کہ اخلاق اچھے نہیں ان کے اخلاق بہت پاکیزہ ہیں لوگوں کو دھوکہ دیتے پھرتے ہیں۔

(ملفوظ ۲۵۲) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت نئی روشنی والوں کو حضرت کی تقریر اور تحریر سے بہت تسلی ہوتی ہے فرمایا کہ انکو دوسرے اہل تحقیق کی خبر نہیں اسلئے تسلی ہونا ہی چاہیئے اور اور ایک بڑا سبب تسلی کا یہ ہے کہ میرے یہاں سیدھی اور سچی بات ہوتی ہے یہ اُسکا اثر ہے اسکی بالکل ایسی مثال ہے کہ رنڈی اور گھرستن کو پاس پاس بٹھلا دو اول وہلہ میں لوگ رنڈی ہی کو پسند کریں گے اسلئے کہ وہ چکنی چپڑی ہوتی ہے اچھی معلوم ہوتی ہے مگر چند روز کے بعد جب حقیقت منکشف ہوگی اُسوقت گھرستن ہی کو پسند کریں گے گو وہ چکنی چپڑی نہیں ایسے ہی لوگ اول وہلہ میں چکنی چپڑی باتوں کو پسند کرتے ہیں مگر کشف حقیقت کے بعد پھر سادہ ہی باتیں پسند ہونگی اسطرح تسلی بھی اُن نئی روشنی والوں کی ہوتی ہے جنکو کچھ بھی لگاؤ ہے کیونکہ کچھ حقیقت اُن پر بھی منکشف ہوجاتی ہے ورنہ اکثر نئی روشنی والے تو ایسے احمق ہیں کہ جہاں کوئی نئی بات دیکھتے ہیں کہتے ہیں کہ واہ کیا عجیب تحقیق ہے پرانی بات کیسی ہی ہو اُسکو پسند نہیں کرتے جیسے کسی ناحقیقت شناس کو اگر گھرستن چودہ سال کی بھی ہو تو پسند نہیں اور بازاری اگر پچاس برس کی بھی ہو پسند ہے ان کا یہی مذاق ہے اور ہم مذاق میں مزاحمت نہیں ہوتی مگر اُس مذاق کی تائید میں قرآن وحدیث پر کیوں مشق کرتے ہیں ناگواری اسپر ہوتی ہے مگر آجکل کے مدعیان عقل کا مذاق یہ ہوگیا ہے کہ ہر چیز کو قرآن شریف میں ٹھونسنا چاہتے ہیں خواہ وہ چیز قرآن سے کچھ بھی تعلق نہ رکھتی ہو یہ تو ایسا ہے جیسے طب اکبر میں کوئی شخص

رسالہ البلغ عدد ج ۸

بابتہ ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

جوتی سینے کی ترکیب ٹھونس دے بس تفسیریں ہیں آجکل کی چنانچہ ایک صاحب نے اذا الصحف نشرت کی تفسیر میں لکھا ہے کہ قیامت کے قریب اخبار بہت جاری ہو جائیں گے۔ ایک اور شخص نے کہا تھا کہ تحقیق جدید سے ثابت ہے کہ منی میں کیڑے ہوتے ہیں اور یہ قرآن سے ثابت ہے خلق الانسان من علق۔ ایک اور شخص نے کہا تھا کہ آجکل سائنس سے ثابت ہو گیا ہے کہ تخم میں گٹھلی میں دو حصے ہوتے ہیں ان میں نر و مادہ کے خواص ہیں اسکے بعد کہتے ہیں کہ سورہ یٰسین میں سبحان الذی خلق الازواج کلہا مما تنبت الارض سے یہ مسئلہ ثابت ہوتا ہے کہ نباتات میں بھی میاں بیوی ہوتے ہیں ان چیزوں کو قرآن میں ٹھونسنے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ پچاس برس کے بعد اگر کوئی ان تحقیقات کا نافی پیدا ہو گیا اور تم نے ان تحقیقات کو قرآن کا جز تسلیم کر لیا تھا تو وہ بہت آسانی سے قرآن کی تکذیب کر سکے گا۔

(ملفوظ ۲۹۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مولویوں میں یہ نئے نئے لقب کہاں سے گھس آئے ہمارے اکابر اتنے اتنے بڑے گذرے ہیں کسی کا کوئی لقب نہ تھا نہ امام الہند نہ شیخ الہند نہ شیخ الحدیث نہ شیخ التفسیر نہ ابو الکلام نہ امیر الکلام محض سادگی تھی ہمکو تو وہی طرز پسند ہے ایک صاحب نے عرض کیا کہ دیوبند میں حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر جو کتبہ ہے اسپر حضرت کے نام کے ساتھ شیخ الاسلام لکھا ہے فرمایا کہ یہ آج ہی آپکی زبانی سنا ہے مگر خیر یہ لقب پھر پرانا ہے نئے القاب کی سی اسمیں ظلمت نہیں ہمارے بزرگوں کی سادگی کی تو یہ حالت تھی ایکمرتبہ حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ پانوں دبوا رہے تھے ایک گنوار آیا اس نے نہایت بیباکی سے کہا کہ مولوی جی بڑا جی خوش ہو رہا ہوگا کہ ہم ایسے ہیں کہ لوگ ہمارے پانوں دبا رہے ہیں حضرت نے فرمایا کہ ہاں بھائی راحت سے تو جی خوش ہوتا ہی ہے اس نے کہا کیا یہ جی میں نہیں آتا کہ میں بڑا ہوں فرمایا الحمد للہ بڑے ہونیکا تو قلب میں وسوسہ تک بھی نہیں آتا اس نے کہا کہ مولوی جی تو پھر تم کو پانوں دبوانا جائز ہے اس واقع سے حضرت کی بے نفسی اور سادگی اور اس شخص کی بھی بے تکلفی اور سادگی کا پتہ چلتا ہے آجکل کے مدعیان تہذیب اس واقع سے سبق حاصل کریں اگر یہ نہیں تو میں تو آجکل کی تہذیب کو تعذیب کہا کرتا ہوں۔

Marfat.com

۲۳ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز جمعہ

(ملفوظ ۲۵۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک صاحب کہتے تھے کہ آپکا جواب مختصر بہت ہوتا ہے جی نہیں پھر تامیں نے پوچھا کہ کافی بھی ہوتا ہے کہا کہ کافی تو ہوتا ہے میں نے کہا کہ میرے پاس اتنا وقت نہیں کہ وہ جواب وافی بھی ہو اور جب کافی ہے تو شافی بھی ہے وافی نہ سہی۔

(ملفوظ ۲۵۵) ایک صاحب کے لباس پر حضرت والا نے تکلفات کی مذمت بیان فرماتے ہوئے فرمایا کہ لباس میں کیا رکھا ہے حافظ صاحب فرماتے ہیں ؎

میں حقیر گدایان عشق را کایں قوم شہان بے کمر و خسروان بے کلہ اند

حافظ صاحب کا بھی عجیب کلام ہے موجد ہیں اس طرز کے اس سے قبل کسی نے یہ طرز نہیں اختیار کیا البتہ ان کے بعد لوگوں نے اس طرز کا اتباع کیا مگر ہو نہیں سکا اسی سلسلہ میں فرمایا کہ ایک شخص خشک مزاج مدعی عمل بالحدیث کہنے لگے کہ حافظ شیرازی کو باوجود اُن کے رندانہ کلام کے کیوں بزرگ مانا جاتا ہے اور کلام میں تاویل کیوں کیجاتی ہے اُن میں کونسی بات بزرگی کی ہے میں نے کہا کہ عمل بالحدیث کی ضرورت سے ایسا کیا جاتا ہے کہنے لگے کونسی حدیث ہے میں نے کہا حدیث شریف میں آیا ہے انتم شہداء اللہ فی الارض اب تم جامع مسجد کے دروازہ پر کھڑے ہو جاؤ اور ہر شخص سے ان کے متعلق دریافت کرنا شروع کرو دیکھو کہ کیا جواب ملتا ہے دوسرے علی سبیل التنزل اگر غیر بزرگ کو کوئی بزرگ خیال کرے تو کوئی معصیت نہیں اور اسکے عکس میں اندیشہ ہے معصیت کا

(ملفوظ ۲۵۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ہمارے بزرگوں کی جیسی شان تھی وہ اُن کے واقعات سے معلوم ہو سکتی ہے ایک شخص نے حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے عرض کیا کہ ایک صاحب ہیں انبہٹہ میں وہ کہتے ہیں حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مجکو سماع کی اجازت دی ہے حضرت نے جواب میں فرمایا کہ اگر ایسا ہوا بھی ہو تو حجت نہیں حضرت حاجی صاحب جس فن کے امام ہیں اس میں ہم اُن کے غلام ہیں باقی یہ مسائل فقہیہ ہیں اسمیں فقہاء کا اتباع کیا جائیگا۔ دیکھئے حضرت مولانا اسمٰعیل حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے خطوط میں اپنے نام کے ساتھ یہ ہی لکھتے تھے کہ کمترین غلام

رسالہ البلغ ص ۹ ج ۸

یا بتہ ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

کمینہ خدام مگر اس موقع پر صاف صاف حقیقت ظاہر کردی بلکہ یہ بھی فرمایا کہ ان مسائل میں حضرت کو ہمسے فتویٰ لیکر عمل کرنا چاہئے نہ کہ ہم آپ کے قول پر عمل کریں حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ میں انتظامی شان بڑی زبردست تھی جسکو بعض بدفہموں نے نخوت سے تعبیر کیا نخوت نہ تھی بلکہ صفائی تھی جو ایک مجتہدانہ محققانہ شان کا مظہر تھی اسکے بعد ایک واقعہ حضرت شاہ محمد اسحاق صاحب کا بیان فرمایا کہ جب حضرت شاہ صاحب ہجرت کرکے تشریف لیگئے تو اجمیر کی طرف سے ارادہ فرمایا اسوقت ریل نہ تھی یہی گاڑی چھکڑے تھے اجمیر میں شاہ صاحب کے ایک شاگرد تھے عالم تھے انکو لکھا کہ میں مکہ کو جارہا ہوں اور اجمیر کی طرف سے جاؤنگا اور وہاں پر ٹھیرونگا اور حضرت خواجہ صاحبؒ کی زیارت کرونگا شاگرد لکھتے ہیں کہ آپ یہاں تشریف نہ لائیے آپکی تشریف آوری سے انتظام شریعت میں گڑبڑ ہوگی اسلئے کہ میں یہاں پر تبلیغ کررہا ہوں اور سفر کرکے قبر کی زیارت کرنیکو انتظاماً منع کرتا ہوں آپ کے آنے سے میرا سب انتظام بگڑ جائیگا شاہ صاحب نے شاگرد کو اسکا جو جواب لکھا وہ قابل غور ہے لکھا کہ اس انتظام شریعت کے محفوظ رہنے کی ایک تدبیر ہے وہ یہ کہ میں جب اجمیر آؤں تو تم مجمع کرکے وعظ کہنا اور یہ کہنا کہ بعض لوگ بڑے بڑے عالم کہلاتے ہیں مگر بزرگوں کی قبر کی زیارت کیلئے سفر کرکے آتے ہیں جو جائز نہیں اور انکا یہ فعل حجت نہیں میں اس ہی مجمع میں کھڑا کہ آپ بالکل ٹھیک کہہ رہے ہیں مجھسے غلطی ہوئی پھر ایسا نکرونگا چنانچہ ایسا ہی ہوا کیا ٹھکانا ہے ان حضرات کی حق پرستی کا یہ لوگ عاشق تھے شریعت کے آجکل تو کوئی ایسی بات کرکے دکھلائے سلسلۂ گفتگو میں ایک اور واقعہ بیان فرمایا کہ مولوی فضل حق صاحب خیرآبادی مولانا شاہ عبدالقادر صاحب سے حدیث کی سند لینے جایا کرتے تھے کسی نے ان سے پوچھا آپ کو کیا حاجت ہے آپ وہاں جاتے ہیں کہنے لگے کہ معقول تو ہماری گھر کی لونڈی ہے اسمیں تو ہم کسی کے محتاج نہیں البتہ حدیث میں بزرگوں کا معمول ہے کہ برکت کیلئے سند لیتے ہیں سند ہی کیلئے میں جایا کرتا ہوں شاہ صاحب کشف میں بڑے تھے فوراً انپر اسکا انکشاف ہوگیا جب یہ حاضر ہوئے انکا دعویٰ توڑنے کیلئے فرمایا آج سبق رہنے دو کچھ تفریح کے لئے معقولات میں گفتگو کریں اول انھوں نے ادب کے سبب عذر کیا پھر راضی ہوگئے جب گفتگو کی رائے ٹھہر گئی اسوقت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب نے اپنے لئے تو چٹائی مسجد کے حصہ میں بچھوائی اور مولوی فضل حق صاحب کیلئے مسجد سے باہر کے حصہ میں گفتگو شروع ہوئی تو تھوڑی

Marfat.com

ہی دیر میں مولوی فضل حق صاحب کو بند کر دیا خیر یہ کمال تو ظاہر ہے باقی ایک اور دقیق کمال اس واقعہ میں قابل غور ہے وہ چٹائیوں کے مواقع کا اختلاف ہے سو میں یہ سمجھا ہوں کہ مسجد عبادت کے لئے ہے شاہ صاحب کی نیت گفتگو میں اصلاح تھی مولوی صاحب کی اور وہ عبادت ہے اسلئے مسجد کے اندر بیٹھے اور مولوی صاحب کی نیت اظہار علم تھا اس لئے اُن کو مسجد سے باہر بچھلایا واللہ اعلم۔

۲۵۸ (ملفوظ) مولوی لطف اللہ صاحب علیگڈھی مصنفین کی غلطی کی بھی ہمیشہ توجیہ کر دیتے تھے اور فرماتے تھے کہ یہ بڑے لوگ ہیں ہمارا منہ نہیں انپر اعتراض کرنے کا اجکل مدرسین اعتراض بھی کر لیتے ہیں پہلے بزرگوں کی طبیعت کا یہ رنگ تھا۔

۲۵۸ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایکمرتبہ بچپن میں کسی کی ہمراہ حضرت مولانا شیخ محمد صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا مجھسے فرمایا کہ قرآن شریف سناؤ سنکر بہت خوش ہوئے اور حاضرین سے فرمایا کہ یہاں سے بعد یہ لڑکا ہوگا پھر یہ قصہ بیان کر کے فرمایا کہ بھائی ہماری پاس اور سرمایہ ہی کیا ہے بس یہی اپنے بزرگوں کی توجہ وعنایت ہے۔

۲۵۹ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ہمارے حضرات سے جب تک کوئی ملتا نہیں جبھی تک وحشت ہے مگر اختلاط کے بعد پھر اپنی وحشت پر تعجب ہوتا ہے جیسے محمود غزنوی کی حکایت ہے کہ جب وہ ہندوستان پر آئے چند ہندو لڑکوں کو گرفتار کر کے لیگئے اُنمیں سے ایک لڑکے میں آثار لیاقت کے پاکر اُس کو ایک بڑا عہدہ دیا اُسوقت وہ لڑکا رویا محمود غزنوی نے پوچھا کہ یہ رونے کا وقت ہے لڑکے نے کہا کہ میں غم سے نہیں روتا بلکہ مجھکو میری ماں کی ایک بات یاد آگئی وہ یہ کہ جب آپ بار بار ہندوستان پر آتے تھے تو بچونکو یہ کہکر ڈرایا جاتا تھا کہ تجھے محمود کو دیدیں گے ہم یہ سُنکر ڈر جاتے اور سہم جاتے کہ یا اللہ محمود کیسا ہوگا اگر آج میرے پاس ماں ہوتی تو اُسکو دکھاتا کہ دیکھ یہ ہے محمود۔

۲۶۰ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ علامہ تفتازانی جب اول مرتبہ بلائے ہوئے تیمور لنگ کے دربار میں تشریف لیگئے تو تیمور نے اپنے تخت پر اُن کو جگہ دی تیمور چونکہ لنگ ہونے کے تخت پر پاؤں پھیلا کر بیٹھتا تھا علامہ نے بھی اپنا پاؤں پھیلا دیا تیمور کو ناگوار ہوا مگر نرمی سے کہا کہ

Marfat.com

معذورم دارمرا ننگ ست۔ اُنھوں نے فی الفور فرمایا معذورم دارمرا ننگ ست۔ یہ حضرات توسلاطین کے دربار میں بھی اظہار حق سے نہیں رکے۔

(ملفوظ ۲۶۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایکمرتبہ وقار الملک کے بلانے پر علیگڈھ کالج میں جانا ہوا وہاں مجکو ایک سائنس کے کمرہ کی بھی سیر کرائی گئی اُسمیں بجلی بھی دکھلائی گئی اُسکے بعد جمعہ کی نماز پڑھکر میرا بیان ہوا میں نے اُسمیں ایک موقع پر یہ بھی کہا کہ ممکن ہے کہ آپ کو اسپر شبہ ہو کہ جو برق کی حقیقت حضور نے حدیث شریف میں بیان کی ہے وہ اس برق پر صادق نہیں آتی میں کہتا ہوں کہ ممکن ہے کہ برق کی دو قسمیں ہوں ایک برق سماوی اور ایک برق ارضی تو حضور نے جس برق کی حقیقت بیان فرمائی ہے وہ سماوی ہے اور یہ قسم برق کی ارضی ہے اسی طرح اور بھی بعض چیزوں کو میں نے بیان کیا سامعین حیرت سے منہ تکتے تھے آنکھیں کھلگئیں اور اُس تقریر کا بیحد اثر ہوا پھر کبھی جانیکا اتفاق نہیں ہوا کیونکہ پھر بلایا نہیں گیا وجہ یہ ہوئی نئی روشنی کے بعض اخباروں نے یہ لکھا کہ اگر ایک دومرتبہ یہ شخص کالج میں اور آگیا تو سرسید کے کیے کو دیر بنا دیگا یہ حقیقت ہے انکی تحقیقات کی اور فہم کی۔

(ملفوظ ۲۶۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جو خدا کا قائل نہیں اُس نالائق سے خطاب نہیں مگر جو قابل ہیں اُنکی طرف سے جو مسلمانوں پر الزام اور اعتراض ہے کہ یہ لوگ بے رحم ہیں اور بے رحمی کی وجہ سے ان کے یہاں ذبیحہ ہے میں انکو جواب دیتا ہوں کہ تمھارے یہاں گو ذبیحہ نہیں مگر جانوروں کو پھر بھی مارتے ہو تم بڑے بارحم ہو پھر یہ کہ جو جانور ذبح نہیں ہوتے آخر مرتے ہیں تو یہ بتلاؤ کہ اُن کو کس نے مارا ظاہر ہے کہ تمھارے اعتقاد میں بھی خدا نے مارا تو اسکو بھی رحیم نہ کہنا چاہیے پس جس طرح انھوں نے عزرائیل علیہ السلام کو حکم دیا کہ روح نکال لو جو حقیقت ہے موت کی اسیطرح ہمیں ذبح کرنیکا حکم دیا گیا ہے بس ایک صورت ہلاک کی یہ ہے اور ایک صورت ہلاک کی وہ ہے اگر یہ ترحم کے خلاف ہے تو وہ بھی ہے اگر وہ نہیں تو یہ بھی نہیں ..... جیسے اگر نوکر سے کہے کہ اسکے مارو ایک چپت یا خود مار دے ان میں فرق کیا ہوا اور صاحب تمام شبہات کی جڑ ضعف تعلق ہے اور بڑی چیز خدا سے تعلق محبت ہے اسکے بعد تمام قانونوں کی حکمت سمجھ میں آنے لگتی ہیں جیسے کوئی کسی پر عاشق ہو جائے تو اُسکی ہر ادا اور اسکا ہر حکم محبوب معلوم

Marfat.com

ہونے لگتا ہے عظمت اور محبت ایسی ہی چیز ہے خدا کی محبت اور اسکی عظمت پیدا کرو سب اشکال رفع ہو جائیں گے اور اسکے پیدا کرنیکا طریقہ یہ ہے کہ کسی اللہ والے کی جوتیاں سیدھی کرو مولانا اسی کو فرماتے ہیں ؎

قال را بگذار مرد حال شو پیش مردے کاملے پامال شو،

(۲۶۳) **ملفوظ** تقدیر کے متعلق ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اگر لکھا ہوا بھی نہ ہوتا تب بھی چونکہ علم و قدرت کا تو ہر حادثہ سے تعلق ہے اسلئے جو ہو رہا ہے اُسکے خلاف ہرگز نہ ہوتا قضیہ عقلیہ مسلمہ ہے کہ الشئ ما لم یجب لم یوجد پھر اس وجوب پر جو اشکالات ہیں اُن کو نہ متکلمین حل کر سکے اور نہ فلاسفہ۔ یہی مسئلہ ہے تقدیر کا جس کی کنہ کسی مخلوق کو معلوم نہیں اسی لئے اسمیں خوض کرنے سے منع فرمایا گیا ہے اور یہ وہ مسئلہ ہے کہ اسکا انکشاف تام جنت میں بھی نہ ہوگا ہاں اتنا فرق ہے کہ یہاں وساوس اور تردد ہوتا ہے جنت میں تردد اور وساوس نہ ہونگے بوجہ غلبۂ محبت کے اور اس مسئلہ میں شفاء جبھی ہو سکتی ہے کہ خدا تعالیٰ سے تعلق صحیح ہو جائے اور قیل و قال سے اور زیادہ شبہات پیدا ہوتے ہیں اسی واسطے سلف نے علم کلام میں انہماک کو منع کیا ہے سو ان دلائل اور چھان بین سے تو یہ بہتر ہے کہ حق تعالیٰ کی طرف توجہ کیجاوے اور یہ سمجھا جاوے کہ ہمارے نوکر ہمارے اسرار نہیں جانتے اور اگر ہمکو یہ معلوم ہو جاوے کہ ہمارا نوکر ہمارے اسرار معلوم کرنے کی کوشش کر رہا ہے تو وہ مستوجب سزا ہوگا کہ تجھکو منصب کیا ہے ہمارے اسرار پر مطلع ہونیکا بس ایسے ہی یہ نہ سمجھ لیا جاوے اس معاملہ میں تو صحابۂ کرام کی عجیب شان تھی اُنکی طبیعتیں اسقدر سلیم تھیں کہ جس طرح حضور نے فرمایا تھا اُسی طرح اُنکو یقین ہو گیا اُنکو ایسے اشکال بھی نہیں ہوتے تھے اسقدر عقل سلیم اور طبیعتیں پاک تھیں اور ہماری تحقیق ہی کیا کہ جسکی بنا پر حقیقت کا انکشاف ہو اور اسرار پر مطلع ہوں حقائق کے سامنے ہماری یہ مثال ہے کہ پانی کے ایک قطرہ میں لاکھوں کیڑے ہوتے ہیں اگر اُن میں سے ایک کیڑا سر ابھار کر آئے اور کہے کہ اس ریل سے کیا فائدہ اور اس تھرمامیٹر سے کیا نفع اور ٹیلیفون کیا چیز ہے اور ٹیلیگراف کسکو کہتے ہیں تو کیا اُسکی یہ کوشش معقول ہو سکتی ہے سو جیسے اس کیڑے کی حقیقت ہے انسان کے سامنے ایسے ہی انسان کی حقیقت ہے حق تعالیٰ کے سامنے بلکہ اُس کیڑے کو تو کچھ انسان

(باقی آئندہ)

Marfat.com

سے نسبت ہے بھی کیونکہ دونوں محدود ہیں اور انسان کو حق تعالیٰ کی ذات کے سامنے اتنی بھی نسبت نہیں۔ کیونکہ محدود کو غیر محدود سے کیا نسبت

ع ۲۶۴ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ صوفیہ کے ایسے کلام کو دیکھنا جو علم مکاشفہ سے تعلق رکھتا ہو عوام الناس کے لئے حرام ہے اندیشہ گمراہی کا ہے اور وہ اس وجہ سے کہ سمجھ تو سکتے نہیں یوں ہی گڑبڑ میں پھنسکر گمراہ ہوں گے۔

۲۴ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم شنبہ

ع ۲۶۵ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ صحیح اصول بھی حضرات اہل اللہ ہی کو نصیب ہیں دنیادار کو یہ بھی نصیب نہیں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے پاس بصورت مہمان پہونچے کھانیکے وقت خادم نے اول امام شافعیؒ کے ہاتھ دھلانے چاہے امام مالک صاحبؒ نے فرمایا کہ پہلے ہمارے ہاتھ دھلاؤ پھر خادم نے پہلے کھانا امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے رکھنا چاہا امام مالک صاحبؒ نے فرمایا کہ پہلے ہمارے سامنے کھانا رکھوا سکے بعد کھانا بھی خود ہی شروع کر دیا میری سمجھ میں اسکی جو حکمت آئی وہ یہ ہے کہ تجربہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مہمان کو کھانے میں سبقت کرتے ہوئے ایک قسم کا حجاب ہوتا ہے تو امام مالک کو اصل تو کھانے میں اپنی تقدیم مقصود تھی مگر جو مقصود کا حکم ہوتا ہے وہی مقدمات کا حکم ہوتا ہے اسلئے کھانیکے مقدمات میں بھی تقدیم کی امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ ایک رئیس کے یہاں مہمان تھے انکے یہاں غلام کو کھانیکی فہرست دیدیجاتی تھی کہ اسکے مطابق کھانا تیار کر کے لاوے ایک روز امام شافعیؒ نے اُس سے فہرست لیکر اسمیں ایک کھانیکا اضافہ کر دیا عین کھانیکے وقت میزبان نے دیکھا کہ ایک کھانا دسترخوان پر زائد ہے غلام سے وجہ دریافت کی اُس نے عرض کیا کہ حضرت امام صاحب نے ایک کھانیکا اضافہ فہرست میں فرما دیا تھا اس سے میزبان کو اسقدر خوشی حاصل ہوئی کہ اُس غلام کو آزاد کر دیا محض اسکی خوشی ہوئی کہ مجھپر مہمان نے فرمایش کی قدردانی بھی ہو تو ایسی ہو اور مہمان نوازی اسکو کہتے ہیں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا مذاقِ محبت اس سے معلوم ہوتا ہے کہ فرمایا کرتے تھے کہ جب سے مجکو یہ معلوم ہوا ہے کہ جنت میں دوستوں سے ملاقات ہوا کریگی تب سے

Marfat.com

جنت کی تمنا کرنے لگا واقعی یہ حظ تمام نعمتوں سے بڑھکر ہے پھر فرمایا اس باب میں میری طبیعت ایک خاص رنگ کی ہے وہ یہ کہ مجکو کسی سے ملنے کا اشتیاق نہیں ہوتا البتہ ملکر مسرت ہوتی ہے اشتیاق و انتظار سے آزادی یہ سب سے مجذوب صاحب کا اثر ہے جنکی دعا سے پیدا ہوا ہوں

ملفوظ ۲۶۶ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ کتاب سے کیا ہوتا ہے ضرورت مہارت کی ہے جو موقوف ہے ماہر کی صحبت پر اسکی تائید میں ایک قصہ بیان فرمایا کہ مجکو ایک زمانہ میں قلت نوم کی شکایت ہو گئی اپنے معالج سے ظاہر کرتا تھا مگر تدبیر سے نفع نہ ہوتا تھا مجکو خیال ہوا کہ حکیم صاحب کچھ یاد سے تبلا دیتے ہیں کتاب کا مطالعہ کرکے نہیں تبلاتے یہ خیال کرکے ایک روز میں خود حکیم صاحب کے پاس پہونچا اور یہ کہا کہ مجکو شرح اسباب دیدیجئے اور میں نے دل میں یہ خیال کیا کہ کتاب میں میں خود دیکھونگا اور سبب کی تعیین کرکے تدبیر کرونگا چنانچہ کتاب میں وہ بحث دیکھی اب جتنے اسباب دیکھتا ہوں سب اپنے اندر پاتا ہوں میں نے کہا کہ اے اللہ یہ تو سب میرے اندر ہیں اب کسکی تعیین کروں کتاب کو سمجھتا تھا مگر اپنا فیصلہ نہیں کر سکتا تھا وجہ اسکی یہ تھی کہ ہر سبب موثر نہیں ہوتا بلکہ وہی موثر ہوتا ہے جو معتد بہ ہو اور اسکی تحقیق موقوف ہے مناسبت اور ذوق پر وہ طبیب میں ہوتا ہے مجھ میں نہ تھا اسی طرح ہر فن کی حالت ہے اسلئے تصوف کے مطالعہ کو کافی نہ سمجھنا چاہئے

ملفوظ ۲۶۷ - ایک صاحب کے جواب میں فرمایا کہ اگر فہم سلیم ہو تو پھر شیخ کی ضرورت نہیں کتاب و سنت پر عمل کیا جائے کافی ہے ایک صاحب نے عرض کہ کیا اسقدر فہم سلیم ہو سکتا ہے فرمایا ہو سکتا ہے مگر قلیل باقی جو اسقدر فہم سلیم نہ رکھتا ہو اسکو اس راہ میں بدون شیخ کے قدم رکھنا نہایت خطرناک ہے اسوقت نہ کتاب سے کام چلیگا نہ اپنی رائے سے اسی لئے فرماتے ہیں کہ ؎

جملہ اوراق و کتب در نار کن سینہ را از نور حق گلزار کن

البتہ کتابیں معین ضرور ہیں کتابیں پڑھنے والا جسقدر سمجھ سکتا ہے نہ پڑھنے والا سمجھ نہیں سکتا پس یہ شرط کے درجہ میں ہے علت کے درجہ میں نہیں اور یہ جو میں کہا کرتا ہوں کہ اختیاری کا ترک بھی اختیاری ہے تو پھر پیر کی کون ضرورت ہے یہ کتابوں کی مدد سے نہیں کہتا یہ بھی شیخ ہی کی صحبت کا فیض ہے ورنہ کتابیں اوروں سے زیادہ ہم نے بھی نہیں پڑھیں پس یہ سب کچھ صحبت شیخ ہی کی بدولت ہے اور یہ ضرورت شیخ کی ایسی ہے کہ جیسے کسی بچہ کا باوا چاہے جو اگر مر جائے پرورش میں اسکی

Marfat.com

ضرورت نہیں مگر جنوانے میں تو ضرورت ... ہے باوا کی یا جیسے مرغی کے نیچے انڈے رکھتی ہیں تو ضرورت تھی مرغی کی لیکن اگر انڈے بطخ کے ہیں تو بچے نکلنے کے بعد جو مرغی تو دریا کے کنارے کھڑی ہے اور اُس کے بچے تیر رہے ہیں یہ تفاوت استعداد کا ہے پس ممکن ہے کہ مرید اکمل ہو جائے پیر سے مگر تربیت کیلئے اسکو بھی پیر ہی کی ضرورت ہوگی پھر بعد حصول مقصود بعض اوقات پیر کو مرید کے مقام کی خبر ہی نہیں ہوتی یہاں سے ایک شخص کا جہل بھی ثابت ہو گیا جو اپنے شیخ کے ساتھ گستاخی کرنے سے مسلوب الحال ہو گیا تھا مگر وہ اس گمان میں تھا کہ میں صاحب حال ہوں جب دوسروں کے کہنے سے اسکو شبہ واقع ہوا تو اُس نے ایک مجذوب سے کہا تھا کہ دیکھنا مجھ میں نسبت باقی ہے یا نہیں اسکی ایسی مثال سمجھ لو کہ ایک ضعیف الباہ شخص کسی طبیب سے کہے کہ میرا خاص بدن پکڑ کر دیکھنا کہ میں مرد ہوں یا نہیں اس سے خود معلوم ہو گیا کہ مرد نہیں دوسروں سے معلوم کراتا پھر تلہی یہی حالت اس مسلوب الحال کی تھی اور اسی سلسلہ میں فرمایا کہ ابتداء ہی میں جو محجوب ہو وہ اتنا بُرا نہیں جسقدر مسلوب الحال بُرا ہوتا ہے محجوب کو نسبت حاصل ہو سکتی ہے مگر مسلوب النسبۃ کو عادۃً پھر نسبت حاصل نہیں ہوتی - اور یہ مسلوب کہنا باعتبار ظاہر کے ہے ورنہ واقع میں یہ شخص صاحب نسبت ہی نہیں ہوا تھا کیونکہ نسبت حقیقی حاصل ہو کر پھر غیر اہل نسبت نہیں ہو سکتا جیسے پھل پک کر کچا نہیں ہوتا یا بالغ ہو کر نابالغ نہیں ہو سکتا کو غلطی سے اُسکو شبہ ہو گیا کہ میں صاحب نسبت ہو گیا جیسے صبح کاذب کو کوئی صادق سمجھ لے جسکو مولانا فرماتے ہیں۔

اے شدہ تو صبح کاذب را رہین　　صبح صادق راز کاذب ہم ببین

نابالغی کے زمانہ میں کسی کا نکاح ہو گیا کچھ عارضی جوش اُٹھا مگر عورت کے پاس جا کر دیکھا کہ اب کچھ نہیں تو حقیقت میں وہ بلوغ نہ تھا وہ کہ ہوا البلوغ کا حاصل یہ ہے کہ بلوغ کا جو درجہ مطلوب ہے وہ نہیں ہوا اسلئے اپنے خیال پر اعتماد نکرے شیخ کی شہادت کا انتظار کرے اور شیخ کو حقیقی تعلق مع اللہ کا جو کہ محض غیب ہے علم نہیں ہوتا مگر نقص کا تو علم ضروری ہے پس شیخ عالم الغیب نہیں ہوتا مگر عالم الغیب ہوتا اسی طرح شیخ کا صاحب کشف ہونا صاحب الہام ہونا ضروری نہیں حتی کہ شیخ کا من حیث الشیخ صاحب تقویٰ ہونا بھی ضروری نہیں غیر متقی صحیح راہ تبلا سکتا ہے البتہ شیخ اگر متقی ہوگا اُسکی تعلیم میں برکت ہوگی اگر متقی نہ ہوگا برکت نہ ہوگی - البتہ حق کا جاننا شیخ کیلئے ضروری ہے مگر ولی و مقبول

باتبہ ماہ رجب المرجب سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

ہونا شیخ کے لئے شرط نہیں۔ یعنی افادہ کی۔

ملفوظ ۲۶۸ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میرے یہاں رسمی پیرونکی طرح پیر پرستی نہیں ہیں مخلوق پرستی کراتا نہیں یہاں تو خدا پرستی کا سبق ملتا ہے میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ اپنے کام میں لگے رہیں اور ایک یہ کہ عمل میں میری تعلیم کے خلاف نکریں گو میری خدمت بھی نکریں اس خدمت کے متعلق تو یہ مذہب ہونا چاہئے۔ ؎

بہشت آنجا نکہ آزارے نباشد کسے را با کسے کارے نباشد

اپنے کام میں لگو دوسروں کے تعلقات سے تمکو کیا سروکار

ملفوظ ۲۶۹ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اگر میرا خطاب میری اصلاح میری تدبیر میرا انتظام طالبین کے نزدیک ناکافی ہے تو کہیں اور جائیں میں بلا نے کب جاتا ہوں مگر یہ یاد رہے کہ میرے اندر سختی سیاست سب کچھ ہی لیکن طالب طریق کو یا طالب علم کو بحمد اللہ کبھی نظر تحقیر سے نہیں دیکھتا بلکہ اسکو اپنے سے افضل سمجھتا ہوں میں ایک طالب علم کو کانپور میں نصیحت کر رہا تھا ایک شہر کے شخص میرے پاس بیٹھے تھے انہوں نے بھی میری تائید میں طالب علم کو کچھ کہا میں نے اُن سے بگڑ کر کہا کہ آپکو کہنے کا کیا حق ہے آپ انکو غریب اور مسکین سمجھکر ذلیل سمجھتے ہیں اور ڈانٹتے ہیں مجھے اُنکے کہنے کی برداشت نہیں ہوئی اور نہ گوارا ہوا مجکو طالبین سے محبت ہے مگر ماں کی سی نہیں بلکہ باپ کی سی ہے مگر باپ کی محبت معلوم نہیں ہوتی ماں کی محبت ظاہر ہو جاتی ہے اسلئے کہ وہ پیار کرتی ہے چومتی چاٹتی ہے اور باپ ہے کہ ادھر سے چپت مارا ادھر سے دھول رسید کی باپ بلائیں دے رہا ہے ماں بلائیں لے رہی ہے۔ یہانیر جو لوگ آتے ہیں مجھے کبھی گوارا نہیں ہوا کہ دوسرے اونچیں کچھ کہیں میں چاہتے کچھ معاملہ کروں یہ جہاد اصلاح تو فرض کفایہ ہے میں ہی سبکی طرف سے کافی ہوں اور جس اصلاح میں سب شور و شغب کرنے لگیں وہ جہاد نہیں ہوتا فساد ہوتا ہے ان مجموعی باتوں کو لوگ دیکھتے نہیں لوہا مشہور کر دیتے ہیں کہ سخت ہے حالانکہ یہ سختی نہیں قوت ہے دیکھئے ریشم کا ڈورہ ہے اسکو جس طرف کو چاہو موڑ لو مسوس لوگرہ لگا لو نرم تو اتنا ہے ہاں مضبوط ہے حتی کہ اگر ہاتھی بھی زور لگائے تو نہیں توڑ سکتا تو سختی اور چیز ہے اور مضبوطی اور چیز ہے اب لوگ چاہتے ہیں کہ کچا ڈورا ہو ہاتھ لگاتے ہی بکھر جائے تو میں ایسا بھی نہیں جعل لکم الارض میں مفسرین نے فرمایا ہے کہ زمین اسقدر نرم ہے

رسالہ المبلغ ص ۱۰۔

بابتہ ماہ رجب المرجب سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

کہ چلنے والا پانی کی طرح اسمیں اُترتا چلا جائے اور نہ اسقدر سخت کہ کھودنے سے بھی کچھ اثر نہ ہو اصل یہ ہے کہ لوگ نہ نرمی کو سمجھتے ہیں اور نہ سختی کو جو چاہا ہانک دیا مگر میں نے اسکا بھی اہتمام نہیں کیا کہ کوئی مجھکو برا نہ کہے کوئی برا کہا کرے میرا بگڑتا کیا ہے۔

عنف ۲۷۱ چلہ یا ۱

ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مولوی مسیح الزماں خاں صاحب حضور نظام کے اُستاد شاہجہانپور کے رہنے والے تھے بڑے ظریف تھے اُنکے پاس ایک فقیر آیا کہ میں یہاں کا قطب ہو کر آیا ہوں یعنی میرے معتقد ہو جاویں اُنہوں نے کہا کہ میں اسکو ماننے کیلئے تیار نہیں ہوں اسلئے کہ پہلے سے میں یہاں کا قطب ہوں اور میرے پاس کوئی حکم نہیں آیا کہ میں آپ کو چارج دیدو یا تو میرے پاس حکم منگادو ورنہ اپنی قطبیت سے تم میں اخراج کا تصرف کرونگا اپنا سامنہ لیکر

عنف ۲۷۱

ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک آریہ کا اعتراض مسئلہ تقدیر پر میرے ایک عزیز نے میرے پاس لغرض جواب لکھکر بھیجا میں نے جواب دیا کہ یہ مسئلہ مخصوص نہیں اسلام کیساتھ بلکہ عقلی ہے اسلئے ہمارے یہاں بھی ہے اور تمہارے یہاں بھی موجب طرح ہمارے ذمہ اُسکا ثبوت ہے ویسی ہی تمہارے ذمہ بھی اسکا ثبوت ہے ہم بھی غور کریں تم بھی غور کرو صرف ہمیں ہی اسکا ذمہ دار کیوں بنایا جاتا ہے

۲۴ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم شنبہ

عنف ۲۷۲

ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ یہ طریق بہت نازک ہے اسمیں مجھ پر خود ایسی حالت گذر چکی ہے کہ اگر حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا اُس حالت کے قبل یہ ارشاد نہوتا کہ جلدی نہ کرنا تو میں خودکشی کرلیتا اسلئے میں اسکے متعلق جو کچھ کہتا ہوں دیکھکر کہتا ہوں اس حالت کا قصہ ہے کہ میرے ایک دوست مجھسے ملنے آئے اُنکے پاس بھری بندوق تھی کئی مرتبہ جی میں آیا کہ اُن سے کہوں کہ میرے گولی مارو میں مگر اللہ تعالیٰ نے سنبھال لیا اس حالت میں جبکہ بڑے گھر میں سے بہت اور اولاد بھی اور کوئی ایسا تھا نہیں جس سے کہتا حق تعالیٰ نے اُنکو ہی غمگسار بنا دیا تھا اُن سے اپنی حالت کہتا تھا اُن کے جواب ایسے ہوتے تھے جیسے حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہ کے جوابات حضور صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

کے لئے ہوئے تھے۔

ملفوظ ۲۷۳ھ - ایک خط کے جواب میں حضرت والا نے تحریر فرمایا کہ اب راہ پر آئے اب یہ لکھو کہ طریق کی حقیقت کیا سمجھے اگر خود سمجھ میں نہ آوے تو قصد السبیل دیکھکر لکھو اگر قصد السبیل دیکھکر بھی سمجھ میں نہ آوے تب مجھسے پوچھیں میں بتاؤنگا میں یہ چاہتا ہوں کہ طلب سے پہلے مطلوب کا تعین ہو جاوے تاکہ پھر کبھی الجھن نہ ہو۔

ملفوظ ۲۷۴ھ - حضرت والا نے ایک مضمون بیان کرنا شروع ہی فرمایا تھا ایک صاحب درمیان میں ایک بے تعلق سوال کر بیٹھے اُسپر فرمایا کہ ایک شخص تو مشقت کر کے افادہ کرے اُسکی یہ قدر کیجاوے بے محل سوالوں سے تقریر بالکل بے لطف ہو جاتی ہے بات یہ ہے کہ جو چیز مفت میں ملتی ہے اُسکی یہ ہی گت بنتی ہے اگر ناک رگڑوا کر چھ مہینہ میں ایک بات کہتا تب قدر ہوتی پھر اُن صاحب کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ جواب دیجئے آپنے یہ بے جوڑ سوال کیا اسکا اسوقت کیا محل تھا اُن صاحب نے عرض کیا کہ غلطی ہوئی آئندہ انشاء اللہ ایسا کبھی نہ ہوگا فرمایا کہ آدمی کو فہم سے کام لینا چاہئے، اسکا ہمیشہ خیال رکھنا چاہئے کہ ایسی بات نہ کیجاوے کہ جس سے دوسرے کو اذیت ہو یہ اول عمل ہے اس راہ میں۔

ملفوظ ۲۷۵ھ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اسلام کی تعلیم کا اصل مقصد خدا کی یاد خدا کی طاعت خدا سے صحیح تعلق رکھنا ہے ایسی تعلیم غیر اسلام میں کوئی نہیں دکھا سکتا چنانچہ تمام احوال کے متعلق مثلاً گھر میں جاؤ گھر سے باہر آؤ پاخانہ جاؤ پاخانہ سے باہر آؤ وضو کرو نماز پڑھو حتی کہ انزال کے وقت جبکہ سوائے بیوی کے اور کوئی چیز نظر میں نہیں ہوتی اسوقت کیلئے بھی اسکی تعلیم موجود ہے کہ خدا کو یاد رکھو پس ہر کام میں دین کو مقصود بنایا گیا ہے یہاں ایک بات یہ بھی یاد رکھنے کی ہے کہ ہر مذہب کے مقتداؤں کو کیفما اتفق بلا انتخاب دیکھنا چاہئے کہ کثرت سے دین کیطرف لگاؤ والوں کی تعداد کن ادیان میں زیادہ ہے سو حضرت مسلمانوں کے مقتدا ہیں کسی مذہب کے ایسے پیشوا نہیں بعضے ادیان کے پیشوا تو اکثر فاسق فاجر ہیں۔

ملفوظ ۲۷۶ھ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں اپنی تمام تصنیفات میں رسالہ حیوٰۃ المسلمین کو اپنے لئے ذریعہ نجات سمجھتا ہوں کیونکہ اسمیں انتظام ہے مسلمانوں کے دین و دنیا کا قیامت تک کے لئے لیکن بعض ثمرات ایسے ہوتے ہیں کہ وہ بدون جماعت کے مرتب نہیں ہو سکتے جیسے نماز میں جماعت کے فضائل ہیں مگر جبتک سب جمع ہو کر نہ پڑھیں وہ فضائل نہیں حاصل ہو سکتے ایسے ہی حیوٰۃ المسلمین کے اعمال کے

Marfat.com

ثمرات بدون کثرت سے مسلمانوں کے جمع ہوئے اور عمل کئے حاصل نہیں ہو سکتے اگر سب مسلمان اسکی تعلیم پر عمل کریں اور اسکو اپنا دستور العمل بنالیں تو میں خدا کی ذات پر بھروسہ کرکے کہتا ہوں کہ دین دونیا میں انکو اعلیٰ درجہ کی کامیابی اور فتح نصیب ہو۔

۲۷۶ھ
ملفوظ۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ عربی زبان علمی زبان ہے دوسری زبانیں علمی نہیں چنانچہ اگر اردو فارسی میں سے مثلاً عربی الفاظ نکال دئے جائیں تو مطلب اسطرح ادا ہو ہی نہیں سکتا جیسے عربی کے الفاظ سے یہ عربی زبان ہی میں ہے احاطہ اور جامعیت۔

۲۷۸ھ
ملفوظ۔ ایک شخص نے خاموشی کیساتھ ایک رقعہ حضرت والا کے پاس رکھدیا اور زبان سے کچھ نہیں کہا حضرت والا ڈاک کی تکمیل میں مصروف تھے اُس طرف خیال بھی نہ ہوا اتفاقاً نظر پڑ جانے پر دریافت فرمایا کہ یہ کن صاحب کا پرچہ ہے تب اُن صاحب نے عرض کیا کہ یہ میرا ہے فرمایا کہ بندۂ خدا کچھ تو زبان سے کہدیا ہوتا اگر میں نہ دیکھتا تو مجکو اسکا علم کسطرح ہوتا پھر مزاحاً فرمایا کہ آدمی کو چاہئے کہ پہلے رکاوے۔ (یعنی بلند آواز سے بات کہنا) اُسکے بعد رقعہ دے اب غلطی پر متنبہ کیا جاتا ہے تو بدنام کرتے ہیں اسکا میرے پاس کیا علاج ہے کہ خواہ مخواہ بھیڑ یا بنا رکھا ہے میرے تو کپڑے بھی سفید نہیں جنکی وجہ سے رعب ہو سکتا تھا اور سفید اسلئے نہیں کہ جمعہ کے روز نہ بدل سکا اور آج کا دن بھی یوں ہی گذر گیا میں خادم تو بننا چاہتا ہوں مگر غلام بننا نہیں چاہتا اور خادم بھی اسطرح کا کہ نہیں اُسکا تابع نہ وہ میرا تابع بلکہ اصول صحیحہ کا دونوں کو تابع ہونا چاہئے مگر اصول سے لوگ گھبراتے ہیں وصول کو پسند کرتے ہیں اصول سے مراد رقم اینٹھنا ہے چاہے پھر کچھ بھی حصول نہ ہو۔

۲۷۹ھ
ملفوظ۔ فرمایا کہ ایک صاحب کا کارڈ آیا تھا اُسمیں سات سوالات کئے تھے میں نے لکھدیا کہ تمہیں رحم نہیں آیا خود لفافہ میں بھی دو سوال سے زیادہ نہ ہوں نہ کہ کارڈ میں سات سوال اب بتلائے کیا تک خوش اخلاق بن سکتا ہوں ایک کارڈ میں سات سوالات کا جواب کسطرح لکھدیتا ایسے ایسے بدفہموں سے پالا پڑتا ہے یہ لوگ یہ سمجھتے ہوں گے کہ اور کوئی کام نہ ہوگا اسلئے اتنے سوال بھیج دیتے ہیں پھر یہ سب سوالات اُسی وقت تک ہیں کہ مفت جواب مل جاتا ہے اگر فی سوال قلیل فیس بھی مقرر کر دیجائے تو اُمید ہے کہ ایک سوال بھی نہ آئے۔ ایک مولوی صاحب فتویٰ کی فیس لیتے ہیں اور وہ اس لینے کو چھپاتے بھی نہیں اعلان کرکے لیتے ہیں اور صاحب تجارت کا تو اعلان ہونا ہی چاہئے۔ اور دیوبند

Marfat.com

ہیں کثرت سے فتوے آتے ہیں ایک پیسہ بھی نہیں لیا جاتا اور گو لینا جائز ہے مگر اس طرز میں یعنی لینے میں آزادی نہیں رہ سکتی اسلئے یہ اچھا طرز نہیں۔

ملفوظ ۲۸۱ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میرے یہاں بحمداللہ ہر چیز کا اہتمام ایسا ہے کہ اسمیں رائی برابر بھی کسی پر گرانی نہ ہو سالہا سال میں مرتب ہوئے ہیں قواعد۔

ملفوظ ۲۸۲ - ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ میں بعض اوقات قواعد سے جواب لکھدیتا ہوں مگر جبکہ شرح صدر ہو جائے اور اگر شرح صدر نہ ہو تو نہیں لکھتا۔

ملفوظ ۲۸۳ - ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ ان قواعد اور اصول کی بدولت اگر مجکو بھی طبعی راحت ملجاوے تو اسکو بھی جی چاہتا ہے لیکن اگر یہ نہ ہو تو دوسروں کو تو راحت ہوتی ہے سو کبھی میری ہی راحت سہی۔

ملفوظ ۲۸۴ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ معاملہ تربیت میں جب میری کوئی رعایت کرتا ہے تو میرا بھی جی چاہتا ہے کہ رعایت کروں اگر وہ رعایت کا اہتمام نہیں کرتا میں بھی نہیں کرتا کہ اس سے اسکا جہل بڑھتا ہے۔

ملفوظ ۲۸۵ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ برسوں کے مجاہدہ اور ریاضت کے بعد اگر یہ سمجھ میں آجاوے کہ مجھکو کچھ حاصل نہیں ہوا تو اسکو سب کچھ حاصل ہو گیا لیکن آجکل تو مجھ کو کبھی یہ خیال نہیں ہوتا دعویٰ ہی دعویٰ ہر چنانچہ ذرا ذرا سے بچے شیخ الحدیث شیخ التفسیر شیخ الادب کہلائے جانے پر نازاں ہیں مگر ابھی تک کوئی شیخ الشعرا بنا نہیں ہوا۔

ملفوظ ۲۸۶ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اکثر لوگ حضرت مولانا دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ کو فخر المشائخ الہند کہتے ہیں اور لکھتے ہیں یہ مجکو اسقدر ناگوار ہوتا ہے کہ شیخ العالم کو شیخ الہند کہتے ہیں اگر ایسا ہی تھا تو شیخ العرب کہنا چاہیئے تھا نسبت بھی کی تو کفر کے ملک سے یہ کونسے فخر کی بات ہے اصل میں یہ نیچریوں کا لقب تجویز کیا ہوا ہے مگر افسوس اپنی جماعت کے لوگ بھی بڑے فخر سے شیخ الہند کہتے ہیں بس افسوس انکی سمجھ پر ہے اسکی بالکل ایسی مثال ہے کہ واسرائے گورنمنٹ کا نسٹیٹیوشنل کہے کیا یہ اہانت نہیں ہے یہ تعریف ایسی ہی ہے جسکو مولانا رومی کہتے ہیں۔

شاہ را گویند کے جولاہہ نیست ۔۔۔ ایں نہ مدح ست او مگر آگاہ نیست

Marfat.com

نئے نئے لقب ایجاد ہو رہے ہیں امام الشریعت امام الہند ہمارے بزرگوں کو ہمیشہ ایسی باتوں سے اجتناب رہا اون حضرات کی زندگی سلف کا نمونہ تھی مگر آجکل وہ باتیں پرانی اور دقیانوسی خیال کی جاتی ہیں۔

۲۵ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم یکشنبہ

۲۸۶ء **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے فیض اسی وجہ سے زیادہ ہوا کہ حضرت طالبین کے ساتھ توجہ اور سہولت اور تسلی بہت فرماتے تھے ظاہر میں کیسی ہی منکر بات ہوتی مگر اسکو بھی بشرط گنجائش اچھی ہی حالت پر منطبق فرما دیتے اور یہ فرماتے کہ ... فلانی حالت میں ایسی بات ہو جاتی ہے کیا ٹھکانا ہے اس شفقت کا۔

۲۸۷ء **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعضے بعضے جاہل صوفی اس غلطی میں مبتلا ہیں کہ مخلوق کا جمال مظہر جمال الٰہی ہے اسلئے حسین جمیل آدمی کو گھورنے سے مقامات میں ترقی ہوتی ہے استغفر اللہ ایک درویش کا قصہ سنا ہے کہ ایک مقام پر ٹھیرے اُنکے ہمراہ ایک لڑکا تھا جو اُنکا محبوب تھا سردی کا زمانہ تھا لوگوں نے پوچھا کہ اسکی چارپائی کہاں بچھے گی کہا کہ ہماری چارپائی کے پاس لوگ تکو شبہ ہوا رات کو جھانک کر دیکھا تو وہ درویش رات بھر اُسکو گھورتے رہے کیا ٹھکانا ہے اس جہل کا۔

۲۸۸ء **ملفوظ**۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ رسالہ لکھ رہا ہوں جگہ جگہ یہ ثابت کیا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کسی کی محبت میں مغلوب نہ تھے جیسے عشق میں آدمی مغلوب ہو جاتا ہے حضور ایسے مغلوب نہ تھے

۲۵ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم یکشنبہ

۲۸۹ء **ملفوظ**۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ ادائے حقوق کا آجکل بہت ہی کم خیال ہے اگر خیال ہو سکتا ہے تو دینداری کو ہو سکتا ہے دینداری بھی عجیب چیز ہے ایک ایک پائی کا اہتمام

بابتہ ماہ رجب المرجب ۱۳۵۶ھ

رسالہ المبلغ ص ۱ ج ۸

Marfat.com

کرتا ہے اور بد دین تو سینکڑونکی بھی پروا نہیں کرتا

ملفوظ ۲۹۰ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آئے دن ایک نیا فتنہ ملک میں ان مدعیان عقل کی بدولت کھڑا ہوتا ہے آجکل زنانہ اسکولوں کیطرف عقلا کی توجہ مبذول ہو رہی ہے وہی قصہ ہو رہا ہے کہ اونٹ رے اونٹ تیری .... کونسی کل سیدھی سر سے پیر تک ٹیڑھی ہی ٹیڑھی ہے زنانہ اسکولوں میں بڑی خرابی ہے ایسی عورتیں کہاں ہیں جن پر اعتماد ہو کہ وہ نگرانی کریں گی مردوں سے واسطہ ہوتا ہی ہے اسلئے کہ جو عورتیں نگران ہیں اُنکا تعلق غیر مردوں سے ہوتا ہے اُنکے واسطے سے لڑکیوں کا بھی تعلق ہوتا ہے یہ بھی سخت خطرناک ہے ۔

ملفوظ ۲۹۱ - ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت آجکل جو کاغذ پر انگوٹھہ لیا جاتا ہے کیا اسکی شریعت میں کچھ اصل ہے فرمایا کہ شریعت کی یہی خوبی ہے کہ اُسمیں ان چیزونکا کوئی اعتبار نہیں ۔

ملفوظ ۲۹۲ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ان حضرات عارفین کی شان ہی جدا ہوتی ہے زمانہ غدر میں جب بعض بزرگوں پر بغاوت کا الزام لگایا گیا تو ایک بزرگ گرفتار کرلئے گئے اور اجلاس پر اُن حضرت کا بیان لیا گیا حاکم نے دریافت کیا کہ آپ لڑے فرمایا کہ میرے تو کبھی باپ دادا بھی نہیں لڑے دریافت کیا کہ تم نے گورنمنٹ کے خلاف ہتھیار اُٹھائے حضرت نے تسبیح دکھلادی کہ ہمارا ہتھیار تو یہ ہے دریافت کیا کہ تم نے فساد کیا فرمایا کہ مسلمان فساد نہیں کرسکتا اُن حضرت کو جیل میں رکھا گیا تھا اُنکی برکت سے جیلخانہ خانقاہ ہو گیا تھا یہ تو جہاں بیٹھ جائیں گے وہی رنگ پھیلائیں گے ایک اور بزرگ تین دن تک چھپے رہے پھر ظاہر ہو گئے کسی نے تحدید کی وجہ پوچھی فرمایا کہ یہ حضور کی سنت تھی حضور تین دن غار ثور میں رہے ۔

ملفوظ ۲۹۳ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ان حضرات نے نفس کے علاج کا بڑا اہتمام کیا ہے چنانچہ وہ فرماتے ہیں کہ بعض مباحات بھی چھوڑ دینا چاہئے جہاں یہ شبہ ہو کہ یہ غیر مباح کی طرف مفضی ہو جائیگا یہ نفس کا علاج ہے حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رح کو جو کہ پہلے ڈپٹی انسپکٹر تھے مدارس کی چھ ماہ کی تنخواہ نہ ملی تھی جب عذر ہو گیا تو تنخواہ کا نو سو روپیہ آیا انکار کر دیا کہ میں نے کوئی کام نہیں کیا جسکی میں تنخواہ لوں کہا گیا کہ کام سے انکار بھی تو نہیں کیا تسلیم نفس تو بحالہ رہا مگر پھر بھی آپ نے کچھ نہیں لیا ایک تو یہ رنگ تھا اب کہتے ہیں کہ بدون ٹکٹ کے سفر کرنا جائز ہے ایک صاحب سے

رسالہ المبلغ ص ۱۰ ج ۱

ماہنامہ رجب المرجب ۱۳۵۷ھ

Marfat.com

میری گفتگو ہوئی کہنے لگے کہ اگر ایسے عمل سے ہم پہ دوسروں کا حق چاہتا ہے تو کیا حرج ہے ہمارا بھی تو دوسروں کے ذمہ ہے جب قیامت میں مانگے گا کہدیں گے کہ اُس سے وصول کرلو میں نے کہا کیا واہیات ہے اگر عدالت کسی قرضخواہ کی ڈگری کردی کسی پر اور وہ یہ کہے کہ میرا دوسرے پر ہے اُس سے وصول کرلو تو کیا یہ عذر قابل قبول ہوگا جب یہاں کافی نہیں تو قیامت میں تو کیا کافی ہوگا تب اُنکی آنکھیں کھلیں اور توبہ کی۔

۲۹۴ **ملفوظ**۔ ایک صاحب نے دریافت کیا کہ حضرت آدم علیہ السلام کی قبر کہاں ہے فرمایا کہ ابوقبیس جو ایک پہاڑ ہے مکہ معظمہ میں وہاں تبلائی جاتی ہے اور حضرت حوا کی جدہ میں تبلاتے ہیں اور اُسکی وجہ تسمیہ یہ بیان کرتے ہیں کہ وہاں ہماری جدہ ہیں مگر یہ بالکل غلط ہے یہ لفظ جدہ ہے ہی نہیں بلکہ جُدہ ہے بالضم دو پہاڑیوں کے درمیان کو جو راستہ جاتا ہے اُسکو جُدہ کہتے ہیں

۲۹۵ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مشہور ہے کہ موت کا وقت بڑے خطرہ کا ہے مگر حقیقت میں مومن کیساتھ بوقت موت کے بڑی رحمت ہوتی ہے اور بڑی آسانی کیجاتی ہے وہ وقت ہی خاص رحمت کا ہوتا ہے اور ظاہر بھی ہے کہ عجز و ضعف کی حالت سے زیادہ کون وقت رحمت کا ہوگا۔

۲۹۶ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آدمی تو آدمی جانور کو ستانے سے بھی دل دکھتا ہے۔

۲۹۷ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جتنے بہادر ہیں ان میں غصہ کم ہوتا ہے بزدل کو غصہ بہت ہوتا ہے سمجھتا ہے کہ اگر اسوقت انتقام نہ لیا تو پھر کہاں موقع ملے گا بخلاف بہادر کے وہ یہ سمجھتا ہے کہ جب چاہونگا انتقام لے لونگا۔

۲۹۸ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ خوف آخرت بھی عجیب چیز ہے ایک حافظ صاحب گنگوہ میں تھے بچوں کو اُنکی تعلیم اور تربیت کی وجہ سے مارتے پھر آخرت کا خوف غالب ہوتا تو بچوں سے کہتے کہ تم بدلہ لیلو اور بچے بھی ایسے بے حیا کہ حافظ صاحب کو مارتے۔

۲۶ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ

مجلس ساڑھے سات بجے یوم دوشنبہ

۲۹۹ **ملفوظ**۔ ایک صاحب نے رنگون کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ فلاں مولوی بدعتی کو فاش شکست ہوئی

Marfat.com

اور اہل حق کی فتح عظیم ہوئی اسپر حضرت والا نے فرمایا کہ بدعتیوں میں نہ تبلیغ ہے نہ اصلاح بجز فساد کے اور اہل حق کے ستانے کے۔

۲۶ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم دوشنبہ

ملفوظ ۳۰۰ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حقیقت میں مولویوں کی برابر دوسروں کو سلیقہ ہو ہی نہیں سکتا آجکل کے تعلیم یافتہ انگریزی خواں بیچاروں کو تو اُنکے سامنے کیا سلیقہ ہوتا

ملفوظ ۳۰۱ - ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ میں زمینداری اور دوسرے نئے معاملات کے متعلق احکام جمع کرنا چاہتا تھا اور اس کے لئے بہت لوگوں سے کہا کہ سوالات جمع کر کے دو تاکہ اُن کے احکام معلوم کئے جاویں اسلئے کہ واقعات کو تو ہم جمع نہیں کر سکتے واقعات تو وہی جمع کر سکتا ہے کہ جسکو اُنکی ضرورت پیش آتی رہتی ہو مگر کسی نے بھی مدد نہ کی نہ محکمے والوں نے نہ تجار نے نہ ملازمون نے نہ زمینداروں نے پھر مزاحاً فرمایا کہ پھر آسمان داروں ہی کو جمع کرنیکی کیا ضرورت تھی باقی اُسوقت تو کچھ ہمت تھی اور اب تو اگر سوال بھی ملجائیں تب بھی جوابات کی ہمت نہیں

ملفوظ ۳۰۲ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حیوٰۃ المسلمین میں جو وقت مجھکو ہوئی وہ اُسکے مہل بنانیکی وجہ سے ہوئی ساتھ ہی یہ بھی خیال تھا کہ کوئی ضروری بات رہ بھی نہ جاوے پھر مضمون کی مقدار برابر رکھنے میں بھی کہ ہر مضمون دو ورق کا ہے دقت ہوئی فرمایا کہ میں نے یہ سوچا تھا کہ مدت دراز تک ضروری مضامین کے دو ورق مہینہ میں لکھدیا کرونگا مگر آجو دیکھتا ہوں تو تمام ضروری مضمون اسمیں آگئے آگے سلسلہ جاری رکھنے کی ضرورت نہ ہوئی میں نے کہا کہ اللہ کا شکر ہے جلدی فراغت ہو گئی۔

ملفوظ ۳۰۳ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ کثرت ازدواج کے باب میں معترضین نالائقون نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے اوپر قیاس کیا ہے اسلئے شہوت پرستی کا ناپاک اعتراض کیا حضور میں جتنی قوت تھی اُسپر نظر کر کے تو حضور نے نفس کے تقاضے کا پورا مقابلہ فرمایا کیونکہ حدیث میں آیا ہے کہ حضور میں تیس مردوں کی قوت تھی اور بعض محققین نے کہا ہے کہ مرد بھی کونسے جنت کے مرد اور جنت کے ہر مرد میں سو مردوں کی قوت ہو گی خیر اگر یہ بھی نہ سہی تو ہمیں کے مرد سہی تب بھی اس

Marfat.com

قوت کے ہوتے ہوئے تو پھر اکتفا کرنیمیں کیا ٹھکانا ہی ضبط کا اُسوقت کے قوی ایسے تھے کہ ایک صحابی کا واقعہ ہے کہ تمام شب بیوی سے مشغول رہتے اسقدر قوت ممسکہ تھی سو حضور میں ایسے تیس مردونکی قوت تھی تو اس اعتبار سے تو آپنے نکاح میں بہت تقلیل فرمائی اسیطرح معترضین کا یہ بھی غلط الزام ہے کہ حضرت عائشہ رضؓ کیساتھ آپکو متعارف عشق کا درجہ تھا آپ حضرت عائشہ رضؓ کے پاس نویں دن تشریف لاتے تھے اگر ایسے عشق کا درجہ ہوتا تو آٹھ دن کیسے صبر ہوتا پھر حضور میں ضعف بھی نہ تھا بلکہ شیخوخت میں بھی شباب کی قوت تھی نہایت صحیح قوی تھے اور یہ شبہات جو پیدا ہوئے یہ حضور کے اخلاق کریمانہ سے پیدا ہوئے مگر یہ رعایت حضور کی اپنے متعلقین کے ساتھ حاکمانہ تھی عاشقانہ نہ تھی نیز یہ بھی غور کرنیکی بات ہے کہ گھر میں حضور کا جو وقت گذرتا تھا زیادہ تر یادالٰہی اور طاعت میں گذرتا تھا شب کو بھی دنکو بھی اگر نعوذ باللہ نفس پرستی ہوتی تو زیادہ وقت اسمیں گذرتا مگر وہاں تو اصل چیز یہ عبادت ہی رچی ہوتی تھی قلب میں اسکے علاوہ اور چیزیں بقدر ضرورت تھیں۔ پھر ایسے شبہات محض کور چشمی ہے۔

ملفوظ۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا عورت چار ماہ سے زیادہ شوہر کے بدون صبر نہیں کرسکتی مگر صحیح المزاج ہونا شرط ہے ورنہ ضعف اعضا کیوجہ سے زیادہ بھی صبر کرسکتی ہے یہ تجربہ کا روں کا قول نقل کرتا ہوں پھر اسکی تائید میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قصہ بیان فرمایا کہ آپ شب کو گشت فرمارہے تھے ایک مکان میں سے کچھ اشعار پڑھنے کی آواز آئی نہایت دلکش وہ شوہر کو یاد کررہی تھی آپ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لے گئے کہ اے بیٹی میں ایک بات بضرورت دینیہ دریافت کرتا ہوں اسمیں حجاب نکرنا تبلا دینا وہ یہ کہ عورت بدون مرد کے کتنا صبر کرسکتی ہے انھوں نے نہایت جبر کرکے جواب دیا کہ چار ماہ پھر اسکے بعد تکلیف ہوتی ہے یہاں ایک بات قابل غور ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے بیٹی سے دریافت کیا بیوی سے کیوں نہ پوچھا سو وجہ اسکی یہ ہے کہ انکو یہ خیال ہوا کہ شاید اسمیں اپنی غرض سمجھکر نہ بتلاویں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اسی وقت تمام امرا اور سپاہی اور لشکرونکو حکم دیا کہ کوئی سپاہی یا افسر چار ماہ سے زائد باہر نہ روکا جاوے۔ گھر آنے کے لئے اسکو رخصت دیدی جایا کرے۔

ملفوظ۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ جماع سے مقصود حبل ہے جس سے نسل کا

Marfat.com

بقار رہتا ہے شہوت رانی مقصود نہیں

ملفوظ ۳۰۶ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ صبح دو شخص سائل عرب کے آئے تھے تھوڑے بہت پہ اکتفا نہ کرتے تھے ارب ہی کی تلاش تھی میں نے کچھ خدمت کرنا چاہی قبول نہیں کیا حالانکہ جب یہ لوگ پھرنے والے ہیں تو آنہ دو آنہ دس جگہ سے لیسکتے ہیں جسکا مجموعہ مقدار کثیر ہو سکتا ہے مگر یہ ایک ہی جگہ سے لینا چاہتے ہیں سو یہ مشکل ہے گو ایسے مدکار روپیہ میرے پاس آتا ہے مگر وہ زیادہ مقداریں نہیں ہوتا پھر یہ کہ ضرورت مند زیادہ ہوتے ہیں انکو تھوڑا تھوڑا پہونچا دیتا ہوں اور اسمیں بھی اول انکو جنکی یہ شان ہے کہ لا یسئلون الناس الحافا یعنی کسی سے نہیں کہہ سکتے مگر اہل غرض سمجھتے نہیں جنکی خدمت نہ کیجاوے وہ مجھکو روکھا سمجھتے ہیں میں انکو عقل سے موکھا سمجھتا ہوں

ملفوظ ۳۰۷ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اللہ کا فضل ہے کہ ہم مالی تحریک میں کسی کو تنگ نہیں کرتے اور الحمد للہ نہ کسی کیطرف نظر ہے اور اسی میں مدرسہ کا کام بھی چل رہا ہے اپنی ذات کا بھی غریب مسکینوں کا بھی۔

۲۷ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم سہ شنبہ

ملفوظ ۳۰۸ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک مولوی صاحب معافی کیلئے آئے تھے یہ کہتے تھے کہ میں نے زمانہ خلافت میں کچھ کہا تھا معاف کر دیجئے میرا آخری وقت ہے میں نے کہا کہ میں نے تو پہلے ہی سبکو معاف کر چکا ہوں اور اب بھی معاف کرتا ہوں آپ بھی معاف فرمائیں اسپر بہت خوش ہوئے مجھکو معافی دینے میں کیا عذر تھا اسلئے کہ کسی کے برا کہنے سے میرا نقصان ہی کیا خصوصاً جبکہ ان تحریکات میں جو بعض ایسے لوگ شریک تھے جنکی نیت شرارت کی نہ تھی صرف حرارت تھی جسمیں خیسانیدہ پینے کیضرورت تھی چنانچہ فہم و انصاف کے خیسانیدہ سے وہ حرارت جاتی رہتی اور یہ اللہ کی رحمت ہے کہ میں ہر بات میں سب سے کم مگر مجھکو کسی کے سامنے جھکنا نہیں پڑا وہی آکر جھکے۔

Marfat.com

ملفوظ ۳۰۹ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک مولوی صاحب کا کہنا مجھکو تو بہت ہی پسند آیا کہ مسلمان خوف سے متاثر نہیں ہوتے مگر بعضے طمع سے متاثر ہوجاتے ہیں اب وہ طمع بہت سی قسم کی ہے مثلاً مال کی طمع جاہ اور بڑائی کی طمع اس طمع کے سبب بعضے علماء نے بھی احکام کی پروانہ کی زیادہ سبب یہی ہوتا ہے کتمان حق کا اگر علماء اپنی تھوڑی سی اصلاح کرلیں یعنی باخدا ہوجائیں تو خود اُنکا اثر لوگ قبول کرنے لگیں۔

۲۸ ذیقعدہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم چہارشنبہ

ملفوظ ۳۱۰ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ تعمیر کے کام سے مجھکو بہت تنگی ہوتی ہے اسمیں کوئی صرفہ کی انتہا ہی نہیں رہتی اندازہ کرو دس روپیہ کا اور صرف ہوجائیں دو سو ڈھائی سو گو ضرورت کیوجہ سے کرنا پڑتا ہے مگر دل گھبراتا ہے بزرگوں کو تو اس سے بڑی نفرت تھی اسمیں بڑے خرچ کیضرورت ہے مسلمانوں کے پاس اس مدمیں روپیہ صرف کرنیکو کہاں اور اگر ہو بھی تو اس زمانہ میں پیسہ کی حفاظت کی ضرورت ہے اُسکی حفاظت کرنی چاہیے اور سوچ سمجھکر صرف کرنا چاہیئے بڑا ہی نازک زمانہ ہے۔

ملفوظ ۳۱۱ - فرمایا کہ ایک خط آیا ہے جسمیں فقہا پر سب وشتم کیا ہے میں نے لکھا ہے کہ اللہ اللہ اس جہل کی بھی کوئی حد ہے معلوم ہوتا ہے کہ تمکو فہم سے عقل سے دین سے خدا کی خشیت سے ذرا بھی لگاؤ نہیں تم سے کون خطاب کرے تمکو چاہیئے کہ عار استکبار کو دل سے نکالکر کسی عالم سے فقہاء کی عبارت کے مطلب کو سمجھو ورنہ ضلوا فاضلوا کے مصداق ہوجاؤگے اور ایسے بدفہم شخص کو فتویٰ دینا بھی حرام ہے۔

ملفوظ ۳۱۲ - ایک صاحب نے مہمانوں کے متعلق سوال کیا کہ ہمارے بزرگ مہمانوں کا انتظام کرتے تھے اور یہاں مہمانوں کو خود اپنا انتظام کرنا پڑتا ہے آخر کیا فرق ہے جواب میں فرمایا کہ یہ کیا تھوڑا فرق ہے بہت بڑا فرق ہے کہ وہ قوی الطبیعت تھے اور میں ضعیف الطبیعت ہوں اُن حضرات کے یہاں مہمانوں کا یہ معمول نہ تھا جو میرے یہاں ہے اُنکے یہاں اہتمام ہوتا تھا میں اسقدر ضعیف طبیعت کا ہوں کہ میں کوئی اہتمام نہیں کرسکتا یہاں تو بس یہ ہے کہ آؤ کھاؤ جاؤ ہمکو نذرانہ دینے کی ضرورت

Marfat.com

نہیں ایک وجہ یہ کہ اس زمانہ کے عوام میں اور اس زمانہ کے عوام میں بھی بڑا فرق ہے اسی واسطے ایسے امور انتظامی سب بدل گئے ایک اور بھی فرق سمجھ میں آیا وہ یہ کہ یہ حضرات سب کام اپنے ہاتھ سے نہ کرتے تھے اوروں سے بھی کام لیتے تھے میں خود اپنے ہاتھ سے کام کرتا ہوں اسلئے میں کسی اور کام کے لئے فارغ نہیں ہو سکتا خصوص کھانے پینے کے انتظام میں

ملفوظ ۳۱۳ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ پہلے میرے خطوط میں بڑے بڑے مضامین ہوتے تھے اس زمانہ میں ایک صاحب کا خط آیا تھا انمیں سو سوالات تھے میں نے سب کا جواب لکھا مگر اب تجربہ سے معلوم ہوا کہ حمایت کرنے سے لوگ حدود میں نہیں رہتے اسلئے اب طرز بدل دیا آج ہی ایک صاحب کا خط آیا ہے انمیں سات سوالات ہیں اور اسپر بھی یہ لکھا ہے کہ یہ امراض کا بیان اجمالی ہے میں نے جواب میں لکھا ہے کہ امراض کا بیان تو اجمالی ہو سکتا ہے مگر علاج کا بیان اجمالی نہیں ہو سکتا اور تفصیلی کا وقت نہیں لہذا ایک لفافہ میں ایک ہی مرض کو ظاہر کر کے علاج پوچھا جائے۔

ملفوظ ۳۱۴ - فرمایا کہ ایک خط آیا ہے لکھا ہے کہ حضرت کی دست بوسی کو بہت دل چاہتا ہے میں نے لکھا ہے کہ مجھ سے بھی پوچھا کہ میرا دل بھی چاہتا ہے یا نہیں۔ تکلفات کا یہی جواب ہے۔ ۱۶

ملفوظ ۳۱۵ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ یہ بہت ہی برا معلوم ہوتا ہے کہ لوگوں کو مریدی کی ترغیب دے دے کر بھیجا جاوے بڑی ہی غیرت کی بات ہے مجھکو تو اگر شبہ بھی ہو جاتا ہے کہ یہ کسی کا ترغیب دیا ہوا آیا ہے اسکو جمنے نہیں دیتا اب تو یہ آفت ہو گئی ہے کہ یہ باتیں مشائخ کو ناگوار نہیں ہوتیں اچھی خاص ایجنسی ہو رہی ہے معتقد لوگ دوسروں کو پھانس پھانس کر لاتے ہیں اور وہ دھڑا دھڑ مرید کرتے ہیں کیا خرافات ہے طالب کو مطلوب مطلوب کو طالب بنا رکھا ہے اور اصل یہ ہے کہ اپنی اپنی رائے ہے ہم کیوں کسی کے مقلد بنیں ہم تو جو اپنے جی میں آئیگا وہ کرینگے پھر مریدی میں کیا رکھا ہے اگر کوئی چیز اہتمام کی ہے وہ شریعت مقدسہ ہے اور ایسی مریدی سے طالبوں کا کوئی بھی تو نفع نہیں کہ جو آیا مرید کر لیا انمیں تو مرید متبوع ہو گیا حالانکہ اسکو کام کرنیوالا ہی جانتا ہے کہ کس کے لئے کس وقت کیا ضرورت ہے جیسے روٹی پکانیوالی سمجھتی ہے کہ اب تیز آنچ کی ضرورت ہے یا نرم آنچ کی ضرورت ہے تو دوسرا انمیں کیوں دخل دے اور کیوں رائے دے میرے متعلق یوں سمجھتے ہیں کہ یہ مرید کر لینے یا مرید کو بنا لینے سے پہلوتہی کرتا ہے کسی کو کیا۔ میں نے دس دس برس

Marfat.com

بیس بیس برس بنا یا ہے اُنکو کوئی ایک ہی مہینہ بناہ کر دکھا دے مگر جسمیں گنجایش ہی نہ ہو اول ہی سے
انکو جواب مل جاتا ہے پھر وہ بعد میں ایسے ہی ثابت ہوتے ہیں اور میں دعوی سے تو نہیں کہتا مگر
واقعہ ہے اور اسکے خلاف کا وقوع شاذ و نادر ہی ہوتا ہے وہ یہ کہ یہاں جو کسوٹی پر پرکھا جاتا ہے اسکی
ایک تمثیل یاد آگئی گو ظاہراً ایسا کہنا تو نہیں چاہئے مگر تفہیم کی ضرورت سے کہتا ہوں وہ یہ کہ حق تعالیٰ
کا جو قانون ہے کافروں کے متعلق کہ انکو جہنم میں ابدالاباد تک رکھیں گے اسپر ایک سطحی شبہ ہوتا
ہے کہ ہزار دو ہزار برس سزا دیکر چھوڑ دیں اس سزا سے تو اُنکی تمام شرارت فنا ہو جائیگی میں کہتا
ہوں کہ اگر اُنکو سزا دیکر چھوڑ دیا جائے اور اُنکو امتحان کا موقع دیا جائے تو واللہ ثم واللہ وہ پھر
ویسے ہی ثابت ہونگے جیسے پہلے تھے اسی کو فرمایا ہے ولو تریٰ اذ وقفوا علی النار فقالوا
یا لیتنا نرد ولا نکذب بآیات ربنا ونکون من المومنین بل بدا لھم ما کانوا یخفون
من قبل ولو ردوا لعادوا لما نھوا عنہ وانھم لکاذبون اسی طرح فاسد الاستعداد یا فاقد
المناسبت لوگوں کی اگر رعایت کی جاوے وہ بعد میں ایسے ہی نکلیں گے جیسے پہلے معلوم ہوتے
تھے البتہ حق تعالیٰ کا علم قطعی ہے اور مخلوق کا غیر قطعی مگر معاملہ تو اپنے ہی علم کے موافق کیا جاویگا ۱۷

ملفوظ ۳۱۶ - ایک صاحب کے سوال جواب میں فرمایا کہ تبحر فی العلوم اصل میں فرض کفایہ ہے مگر اب
ایسے حالات ہو گئے ہیں کہ تقریباً فرض عین ہے اسلئے کہ دین کی حفاظت فرض ہے اور وہ بدون
علم کے ہو نہیں سکتی اور اتباع کا مادہ اب لوگوں میں نہیں رہا ہے اسلئے خود علم کافی حاصل کرنیکی
ہر شخص کو ضرورت ہوئی اسلئے چند روز سے یہ خیال ہوا ہے کہ ایسا تبحر فی العلوم اس زمانہ میں عجب نہیں کہ
فرض عین ہو اور باوجود تبحر کے بھی ایک دوسری چیز بھی گویا فرض عین ہے یعنی صحبت اہل اللہ
کی اسلئے کہ لکھے پڑھے لوگ بھی گمراہ ہو جاتے ہیں ..... اسلئے میں ان دونوں چیزوں کو یعنی تبحر
فی العلوم اور صحبت اہل اللہ کو ایک درجہ میں فرض عین کہتا ہوں اسلئے کہ دین کی حفاظت
ان ہی دو چیزوں پر موقوف ہے خصوص دوسری چیز پر۔

ملفوظ ۳۱۷ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں تو اپنے تجربہ سے کہا کرتا ہوں کہ بڑوں سے ڈرنیکی
اتنی ضرورت نہیں جسقدر چھوٹوں سے ڈرنا چاہئے مثلاً والیسرائے سے زیادہ ڈرنیکی ضرورت
نہیں کانسٹبل سے بہت ڈرنیکی ضرورت ہے وجہ یہ کہ بڑوں کو حوصلہ ہوتا ہے چھوٹوں کو نہیں ہوتا

Marfat.com

ملفوظ ۱۳۱- ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ یہ بہبودہ ذبح الغام پر عدم ترحم کا اعتراض کرنیوالے کیا جانیں ترحم کی حقیقت کیا ہی الفاظ رحم اور ترحم کے یاد کر لئے ہیں میں تو اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہوں کہ گائے کے گوشت کھانیوالے میں ترحم ہوتا ہے اور اسکے ترک میں قساوت اور بعض لوگونکو جو مخالفین ذبح پر رقت قلب کا شبہ ہو جاتا ہے جو ترحم اور ضد قساوت سمجھا جاتا ہے سو وہ ترحم نہیں جبن اور ضعف ہے جو قساوت کے منافی نہیں بلکہ اکثر دیکھا جاتا ہے کہ جبن اور قساوت میں تلازم ہے ایک فلسفی کا قول ہے کہ شجاع میں ترحم نہ ہونا محال ہے ساری دنیا کے قوموں میں سب سے زیادہ شجاع ترک ہیں اور نہایت رحم دل اور ترکوں ہی میں کیا سب ہی مسلمانوں میں یہ صفت ہے جسکا سبب ایک تو شجاعت دوسرے سبب خدا تعالیٰ کی تعلیم اور وہ یہ ہے کہ تم احکام کے سامنے اپنی جان سے بھی محبت نہ رکھو البتہ میں بہت سے کہ وہ اللہ کی امانت ہے یہ سمجھکر اسکی حفاظت کرو اپنی سمجھکر نہیں اس حفاظت پر بھی اجر اور ثواب ہوگا اسی لئے ہمکو خودکشی سے منع فرمایا ہے گویا یہ حکم ہے کہ وہ ہماری چیز ہے اسلئے تم بلا اذن اسمیں تصرف نہ کرو اور یہی راز ہے اسکا بھی کہ دوزخ میں جانیکے کام کرنا حرام ہی کیونکہ وہ اس حکم حفاظت کیخلاف کرنا ہے پس وہاں جانے سے حفاظت کرنیکا حکم ہے اور اسکی یہی صورت ہے کہ کفر سے شرک سے اور ہر قسم کی معصیت سے اجتناب کیا جاوے غرض یہ سب فرع اسکی ہیں کہ ہماری جان ہماری مملوک نہیں حق تعالیٰ کی مملوک ہے اسپر ایک واقعہ یاد آگیا ایک تحصیلدار صاحب نے مجھسے پوچھا کہ طاعون سے بھاگنا کیوں ناجائز ہے حالانکہ وہاں رہنا عقل کے خلاف ہے اسلئے کہ جان کی ہلاکت کا اندیشہ ہے میں نے کہا کہ لڑائی سے سپاہی کا میدان جنگ چھوڑکر بھاگنا کیوں جرم ہے حالانکہ وہاں طاعون سے بھی زیادہ جان کی ہلاکت کا خوف ہے یہاں تو موت میں رہنا عقل کے خلاف اور وہاں رہنا عقل کیخلاف نہیں ایک نام کا بادشاہ تو بیس روپیہ مہینہ دیکر جان کا مالک ہو جائے اور حق تعالیٰ اسکو پیدا کرکے بھی مالک نہ ہوں یہ جواب سنکر وہ بیحد مسرور ہوئے اور بہت دعائیں دیں بس یہی مدبیہ پر جواب ہے اور سیدھا جواب جسمیں کوئی پیچ پیچ نہیں اور یہ تاشی ہے واقعات کی تجربہ سے جو بوڑھوں کو حاصل ہو جاتا ہے اسی لئے میں کہا کرتا ہوں اپنے نوجوان اہل علم سے کہ علم میں تو تم بڑھے ہوئے ہو مگر بڑھاپے میں ہم بڑھے

Marfat.com

ہوئے ہیں اور یہ سبب تو ظاہر ہے اور اصل سبب دعا و توجہ ہے بزرگوں کی چنانچہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ جنکی علمی شان یہ تھی کہ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ چار مسئلوں میں مجھکو شرح صدر ہے تقدیر۔ روح۔ وحدۃ الوجود۔ مشاجرات صحابہ۔ جو مسائل عظیمہ ہیں ایسی شان والے کو اس ناکارہ کی طرف ایسا متوجہ فرمادیا کہ حضرت اکثر تقریر فرماکر فرمادیا کرتے تھے کہ اگر کسی کی سمجھ میں نہ آیا ہو تو اشرف علی سے سمجھ لینا مگر حضرت کے اس برتاؤ کی وجہ سے بعضے سالہا سال کے رہنے والے پرانے خادموں پر یہ اثر ہوا کہ مجھسے جانے لگے اسلئے میں وہاں سے جلدی ہی چلا آیا

ملفوظ ۳۱۹۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک نکتہ عجیب ہے درود شریف کے متعلق وہ یہ کہ علماء نے لکھا ہے کہ اور عبادتیں تو کبھی قبول ہوتی ہیں کبھی نہیں اور درود شریف ہمیشہ مقبول ہی ہوتا ہے میرے خیال میں اسکا یہ راز معلوم ہوتا ہے کہ حق تعالیٰ خود حضور پر رحمت کرنا چاہتے ہیں دوسرا اسی کی درخواست کریگا تو ضرور قبول ہوگی۔

ملفوظ ۳۲۰۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعض دفعہ انعامات کے تواتر سے ڈرا کرتا ہوں کہ اللہ کی حجت تمام ہو رہی ہے دعا کیجئے کہ استدراج نہ ہو۔

ملفوظ ۳۲۱۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت علیگڑھ کالج میں لڑکے کو داخل کرتے ہوئے ڈر معلوم ہوتا ہے کہ کہیں دین نہ برباد ہو جائے فرمایا میاں ہوگا تو وہی جو اللہ کو منظور ہوگا مگر ظاہری اسباب میں یہ داخلہ بھی ایک قوی سبب بربادی کا اور ان معنی پر کالج کے داخلہ سے فالج کا داخلہ اچھا ہے اسلئے کہ اسمیں تو دین کا ضرر اور اسمیں جسم کا ضرر ان دونوں مرضوں میں حقیقی مرض وہی ہے جو کالج میں رہکر پیدا ہوتا ہے۔

یکم ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم جمعہ

ملفوظ ۱۔ ایک استفتاء آیا تھا اسکے جواب کے سلسلہ میں فرمایا کہ یہ بات قابل لحاظ ہے کہ جواب میں گو ضرورت وقت کی رعایت سہی مگر اسکے ساتھ ہی ایسا ہو کہ جس سے احکام نہ بدلیں آجکل اسکی رعایت نہیں کیجاتی میں بحمد اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہر جواب میں اسکی رعایت رکھتا ہوں فتوی کا

Marfat.com

کام بھی بڑا ہی نازک ہے اس سے میرا دل بہت ڈرتا ہے اور میں اکثر لوگوں کو اس ہی میں زیادہ بیباک دیکھتا ہوں۔

ملفوظ ۲۰ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں تو کہا کرتا ہوں کہ درسی کتابیں اگر سمجھکر پڑھ لی جائیں تو پھر کسی اشکال کے جواب میں کہیں باہر جانیکی ضرورت نہیں انمیں سب کچھ ہے یہ ایسا قلعہ ہے کہ اسمیں ہر قسم کی رسد جمع ہے کھانا پینا بھی ہتھیار بھی گولا بارود بھی اور درسی کتابیں پڑھکر بھی اگر کسی کو دوسرے علوم کی ضرورت اور محتاجی ہو تو اسکی وجہ یہ ہے کہ کتابیں سمجھکر نہیں پڑھیں جاتیں

ملفوظ ۳۰ - ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت نزہتہ الخواطر کے علاوہ اور بھی کوئی ایسی کتاب ہے جسمیں بزرگوں کے حالات ہوں فرمایا کہ میری نظر زیادہ کتابوں پر ہے نہیں ممکن ہے کہ اور بھی ایسی کتابیں ہوں حضرت والا نے دریافت فرمایا کہ اور جو ایسی کتاب کی تلاش ہے کیا یہ کافی نہیں عرض کیا کہ انگریزی والونکو اس سے دلچسپی نہیں اور اسکی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ بعض حکایات اسکی اُنکی سمجھ میں نہیں آتیں فرمایا کہ یہ احتمال تو اور کتاب میں بھی ہے اور بجائے دوسری کتاب ڈھونڈنے کی اچھی صورت تو یہ ہے کہ جو مضامین سمجھ میں نہ آویں اُنکو چھوڑ دیں صرف سمجھ میں آنے والیکو پڑھیں باقی اُنکی دلچسپی کس کس چیز میں دیکھی جاوے اور اُنکی دلچسپی کی رعایت کہاں تک کیجائے اور کہاں تک انتخاب کیا جائے اُنکو تو قرآن وحدیث سے بھی دلچسپی نہیں تو اسکا حاصل تو یہ ہوا کہ قرآن وحدیث میں بھی انتخاب کیا جائے اور اس تعلیم انگریزی کا اگر پورا اثر ہو جائے تو خدا تعالیٰ سے بھی دلچسپی نہیں رہتی سو یہ تو بہت ہی واہیات بات ہے کہ اُنکی وجہ سے ہم اپنے اصول بدلدیں اور اپنے بزرگوں کے طرز میں کتر بیونت شروع کر دیں سیدھی بات یہ ہے جو مقام یا جو حکایت سمجھ میں نہ آئے جاننے والے سے سمجھ لیں اور اگر کوئی شبہ ہے اعتراض کریں ہم اُسکا انشاء اللہ تعالیٰ جواب دیں گے جب ہمارے پاس جواب ہے تو ہم کیوں کسی کی رعایت کریں اور میں پوچھتا ہوں کہ اچھا اگر کسی کتاب کو بدل بھی دیا گیا مگر قرآن وحدیث کا کیا کیا جائیگا اگر کل کو وہ کہنے لگیں کہ فلاں حدیث یا فلاں آیت سمجھ میں نہیں آتی یا ہمیں اس سے دلچسپی نہیں تو کیا اُسمیں بھی انتخاب کیا جائیگا یہ سب خیالی اور بے اصول باتیں ہیں کبھی ایسی باتوں سے متاثر نہیں ہونا چاہیئے ہم ذمہ دار یا ٹھیکدار نہیں کہ ہر بات سمجھ ہی میں آجایا کرے اگر ہر بات

Marfat.com

سمجھ میں آجایا کرتی تو یہ اتنے باطل فرقے کیوں پیدا ہوجاتے ایک بھی نہ ہوتا اور اگر سب کی سمجھ یا دلچسپی کی رعایت کیجائے تو قیامت تک بھی کوئی اصول قرار نہیں پاسکتا۔

ملفوظ ۵۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اہل کمال کو زیب و زینت کیضرورت نہیں ہوتی انکو اتنی فرصت کہاں کہ وہ ایسی فضولیات کیطرف متوجہ ہوں میں تو جب کسی کو زیب و زینت کا اہتمام کرتا دیکھتا ہوں سمجھ جاتا ہوں کہ یہ شخص کمال سے خالی ہے اور حصول کمال کیطرف متوجہ بھی نہیں۔

ملفوظ ۶۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں جو نئے آنیوالوں کیلئے قیود لگاتا ہوں کہ مکاتبت اور اور مخاطبت کچھ نکریں اسکا منشا صرف طرفین کی راحت راسانی ہے اور مقصود اعظم یہ ہے کہ کہ خاموش رہنے سے فہم پیدا ہو وقتاً فوقتاً کی صحبت اور گفتگو سے اپنے مطلوب کی حقیقت سے باخبر ہو جائیں اسلئے کہ طریق سمجھ میں آجانیکے بعد پھر حصول میں بڑی سہولت اور آسانی ہو جاتی ہے اسکے سوا اور کوئی میرا مقصود نہیں ہوتا

ملفوظ ۷۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل آزادی اور حریت کا زمانہ ہے لوگوں کو دوسرے کی اتباع سے عار آتی ہے اور اس طریق میں یہ طرز سم قاتل ہے میں یہ چاہتا ہوں کہ اتباع کی عادت ہو اور طبیعتیں اسکی خوگر ہوں تاکہ اتباع ظاہری کی عادت سے انقیاد باطنی کا مادہ پیدا ہو جائے اب تو یہاں تک آزادی کا مرض بڑھ گیا ہے کہ کسی استاد یا شیخ یا والدین کا تو کیا اتباع کریں گے حق تعالیٰ ہی سے آزاد رہنا چاہتے ہیں نعوذ باللہ منہ استغفر اللہ

یکم ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز جمعہ

ملفوظ ۸۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اگر چار آدمی ہوں محبت کرنیوالے اور مخلصانہ تعلق رکھنے والے اور سمجھدار وہ کافی ہیں یہ بہتیرے ان چار ہزار سے جو مہمل ہوں آجکل تو رسمی پیروں کے یہاں رجسٹر بنے ہوئے ہیں کہ اتنے مرید ہیں مجھے تو کسی خاص شخص کے متعلق بھی یہ یاد نہیں رہتا کہ یہ مجھسے بیعت ہے یا نہیں ہاں جو لوگ زیادہ ملتے رہتے ہیں یا کثرت سے خط و کتابت رکھتے ہیں وہ

Marfat.com

بیشک یاد رہتے ہیں اور اصل تو یہ ہے کہ ایک ہی کی یاد بہت ہے جسکو یہ دولت حق تعالیٰ نصیب فرمادیں۔

ملفوظ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک شخص یہاں پر آئے تھے اُنہوں نے دوسرے لوگوں سے میرے متعلق کہا کہ اسمیں اخلاق محمدی نہیں مجھے معلوم ہوا میں نے ظرافت سے کہا کہ اخلاق الٰہیہ تو ہیں ایسے ایسے خوش فہم لوگ بھی یہاں موجود ہیں جو اخلاق متعارفہ کو اخلاق محمدی سمجھتے ہیں یہ سب قلت فہم کی دلیل ہے۔

ملفوظ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ شریعت مقدسہ کے حدود اسقدر پاکیزہ ہیں اور ایسے اصول ہیں کہ اگر وحی کے ذریعہ سے بھی اطلاع نہ کیجاتی تو فطرت سلیمہ بھی اسی کی مقتضی ہوتی مگر چونکہ طبائع سلیمہ بہت کم ہیں اسلئے وحی کی حاجت ہوئی اور وہ سراسر حکمت ہی حکمت ہے مگر عقول عامہ کی اُن حکمتوں تک رسائی مشکل ہے اور عمل سے پہلے محض بیان کرنیسے سمجھ میں نہیں آسکتی البتہ عمل کرکے دیکھے انشاء اللہ سمجھ میں آجائیگی کیونکہ وقوع سے اسکا مشاہدہ ہو جائیگا مگر اکثر لوگ اسکے منتظر رہتے ہیں کہ پہلے حکمت سمجھ میں آجائے تو عمل کریں اور حکمت اُنکی منتظر ہے کہ یہ شخص عمل کرے تو میں سمجھ میں آؤں پھر علاوہ حکمت کے بڑی چیز جو عمل سے میسر ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ قلب میں اُس سے اطمینان و سکون پیدا ہوتا ہے یہ سب سے بڑی حکمت ہے۔ ایک شخص ہندو جواب ایک بڑے عہدے پر مامور ہیں انھوں نے ایک بار مجھسے کہا میں حقیقت کے باب میں متردد ہوں سچی حقیقت پر قلب کو سکون و اطمینان نہیں ہوتا اپنے مذہبی طریقہ پر خدا کی یاد بھی کرتا ہوں مگر اطمینان میسر نہیں ہوتا کوئی تدبیر تبلائیے کہ جس سے اطمینان قلب میسر ہو اور حق واضح ہو جائے.....

میں نے کہا کہ کثرت سے اھدنا الصراط المستقیم پڑھا کرو اور ایک بات اور کہنے کی ہے وہ یہ ہے کہ اب تک اپنے مذہب کے طریقہ پر عمل کرکے دیکھا اور اطمینان نہیں ہوا اب ہماری شریعت کی تعلیم پر بھی عمل کرکے دیکھو اگر پھر بھی اطمینان نہ ہو ہم ذمہ دار ہیں حق سبحانہ تعالیٰ کی ذات سے قوی امید ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ اطمینان میسر ہو اور پھر ہو مولانا روم رحمہ اسی کو فرماتے ہیں ؎

پنج بنجے بے دود بے دام نیست جز بخلوت گاہ حق آرام نیست

میں تو یہ بھی کہتا ہوں کہ خواہ اعتقاد کے ساتھ نہ دیکھو بطور امتحان ہی کرکے دیکھلو تو مولانا

Marfat.com

رومیؒ اسی کو فرماتے ہیں۔ ؎

سالہا تو سنگ بودی دلخراشش　　آزمون را یک زمانے خاک باش

بہت سی چیزیں ایسی ہیں کہ بدون کھانیکے محض بتلانے سے مزہ کی حقیقت نہیں معلوم ہوتی مثال سے سمجھ لیجئے جیسے ولایتی شخص کو جس نے کبھی آم نہ کھایا ہو آم کا مزہ نہیں بتلا سکتے ہاں یہ کہہ سکتے ہیں کہ میٹھا ہے وہ اسپر کہیگا انگور جیسا میٹھا کہیں گے نہیں وہ کہے گا سیب جیسا میٹھا کہیں گے نہیں اب اُسکی سمجھ میں آنیکی صرف ایک ہی صورت ہے کہ آم اُسکے ہاتھ میں دیکر کہا جائے کہ لے کھا کر مزہ سمجھ لے ایک اردو رسالہ کی ایک حکایت یاد آئی بہت سی سہیلیاں آپسمیں جمع رہتی تھیں اور یہ وعدہ تھا کہ جسکا بیاہ پہلے ہو جائے وہ اس مزہ سے سبکو آگاہ کرے ایک سہیلی کا پہلے بیاہ ہوا شب گذر جانے پر صبح کو سب سہیلیاں جمع ہوئیں اور اُس سے مزہ کے متعلق سوال کیا اب وہ بیچاری کیا بیان کرے بیان کرنیسے اسکی حقیقت سمجھ میں آنہیں سکتی تھی تو اُس نے یہ کہا۔ ؎

بیاہ یوں ہی جب تمھارا ہوئیگا　　تب مزہ معلوم سارا ہوئیگا

دوسری حکایت ایک اندھے حافظ جی کو لڑکوں نے نکاح کی ترغیب دی کہ حافظ جی نکاح کر لو اسمیں بڑا مزہ ہے حافظ جی نے کوشش کر کے نکاح کیا اور رات کو بی بی کے بدن سے روٹی لگا لگا کر کھائی صبح کو لڑکوں سے کہا کہ سُسرو تم کہتے تھے بڑا مزہ ہے ہم نے تو روٹی لگا کر کھائی تھی ہمکو تو کچھ بھی مزہ نہ آیا لڑکوں نے کہا کہ حافظ جی مارا کرتے ہیں آئی شب تو خوب بیچاری کو زدوکوب کیا تمام محلہ میں غل مچگیا اہل محلہ نے حافظ جی کو بُرا بھلا کہا صبح کو پھر آئے کہنے لگے سُسروں نے دق کر دیا کہتے ہیں کہ بڑا مزہ ہے کیا مزہ ہے ہم نے تو مار کر بھی دیکھ لیا کچھ بھی مزہ نہ آیا بلکہ خود ہی پٹنے سے بچگئے تب لڑکوں نے مار نیکی حقیقت بتلائی کہ مار نیکے یہ معنے ہیں اور یہ مطلب ہے اب جو شب آئی اور لڑکوں کی تعلیم کے موافق عمل کیا تب حافظ جی کو حقیقت منکشف ہوئی کہ واقعی مزہ ہے صبح کو جو آئے تو مونچھ کا ایک ایک بال کھلا ہوا تھا اور خوشی میں بھرے ہوئے تھے تو حضرت کہ کے دیکھنے سے حقیقت معلوم ہوتی ہے ایک اندھے حافظ جی کی دوسری حکایت ہے ایک لڑکے نے کہا کہ حافظ جی تمہاری عورت

Marfat.com

ہے پوچھا کیا کہلائیگا کہا کہ کھیر حافظ جی نے دریافت کیا کھیر کیسی ہوتی ہے کہا کہ سفید سفید
دریافت کیا کہ سفید سفید کیسا ہوتا ہے کہا کہ جیسے بگلہ دریافت کیا کہ بگلہ کیسا ہوتا ہے لڑکے نے
اپنا ہاتھ حافظ جی کو کہنی سے پکڑا کر اور ہاتھ کے پہونچے کو جھکا کر کہا کہ ایسا ہوتا ہے حافظ جی نے
جو ہاتھ پھیر کر دیکھا تو کہنے لگے کہ نہ بھائی یہ تو بڑی ٹیڑھی کھیر ہے یہ حلق سے نیچے کسطرح اُترے
گی اب حافظ جی کو سمجھانیکی ایک ہی صورت تھی کہ کھیر کا طباق بھر کر سامنے لا رکھتا کہ یہ ہے
کھیر کھا کر دیکھ لو غرضکہ جو چیز کہ کے دیکھنے کی ہے وہ بیان میں کیسے آسکتی ہے جب کھیر کی جو کہ
حسی چیز ہے حقیقت محض تبلانیسے سمجھ میں نہ آئی تو دین جو کہ ایک معنوی چیز ہے کسطرح سمجھ
میں آسکتا ہے اُسکو بھی کہہ کے دیکھو

ملفوظ ۱۰۱ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ دین کی باتو نمیں تو کہا جاتا ہے کہ جی نہیں لگتا مزہ نہیں
آتا احکام گورنمنٹ میں بھی جو کہ نفس کے خلاف ہوں کبھی کہا ہے کہ جی نہیں لگتا مزہ نہیں آتا مثلاً
گورنمنٹ حکم دے کہ مالگذاری داخل کرو یا ٹیکس داخل کرو اُسوقت یہ کہکر الگ ہو جائیں کہ ہم
داخل نہیں کرتے ہمیں مزہ نہیں آتا یا جی نہیں لگتا ایسا کر کے دیکھیں جیل خانہ میں پہونچا دئے ۲۴
جائیں جیل خانہ میں جاکر علم آجاتا ہے لے صاحبو خدا کے ساتھ محبت نہ سہی مگر انکی حکومت
تو ہے یہی سمجھکر احکام بجالاؤ میں تو کہا کرتا ہوں کہ ایسی بیہودہ باتیں جو سوجھتی ہیں اسکا سبب ہے
کہ نہ خدا کے ساتھ محبت ہے نہ دل میں خدا کی عظمت ہے اسلئے بہانے ڈھونڈتے ہیں مثلاً
یہ کہ جی نہیں چاہتا میں کہتا ہوں کہ ماں کے پیٹ سے ہی نکلنے کو کب جی چاہتا تھا دائی نے
ٹانگے پکڑ کر زبردستی کھینچ لیا تھا سو دائی کا اتباع کیا مگر داعی کا اتباع نہیں کرتے اصل میں ان
جذبات کے پیدا کرنے کے لئے صحبت کی ضرورت ہے یہ باتیں نہ کتابوں کے دیکھنے سے حاصل
ہوتی ہیں نہ پڑھنے سے یہ تو کسی کی صحبت میں بیٹھنے سے حاصل ہو سکتی ہیں اسکی مثال ایسی
ہے جیسے ایک مینڈک گندے چھپچہ میں جسمیں گندہ کیچڑ بھرا ہوا ہے رہتا ہے اور ایک مینڈک
کسی نوئیں میں جہاں پاک پانی ہے رہتا ہے یہ کنوئیں کا رہنے والا مینڈک اُس چھپچہ کے
رہنے والے مینڈک سے کہتا ہے کہ میاں کہاں اس گندگی اور ناپاک جگہ میں رہتے ہو ہم تو
ایسی صاف اور شفاف اور پاک جگہ میں رہتے ہیں یہ گندگی کا رہنے والا مینڈک اسوجہ سے

Marfat.com

کہ اُس نے وہ صاف و شفاف پانی دیکھا ہی نہیں تکذیب کرتا ہے کہ میاں کیوں جھوٹ بولتے ہو بالکل یہی مثال ہے اسکی کہ دنیادار دیندار کی تکذیب کرتا ہے، چونکہ دین کا لطف جو عمل اور صحبت سے میسر ہوتا دیکھا نہیں اگر اُسکو صحیح نظر سے دیکھ لیتے تو دنیا کو اس وقت کے دیکھنے سے بھی زیادہ دیکھنا مضر نہوتا بلکہ مفید ہوتا اسی لئے میں نے ایک وعظ میں کہا تھا کہ تم نے آج تک یہ ہی سنا ہوگا کہ دنیا کی طرف توجہ نہ کرو یہ نہایت گندی اور ناپاک ہے مگر میں تعلیم دیتا ہوں کہ دنیا کی طرف خوب توجہ کرو تاکہ اس کمبخت گندی سڑیل کی حقیقت تو معلوم ہو جائے گی مگر یہ خوب توجہ تب ہی مفید ہو سکتی ہے جبکہ دین کو بھی دیکھ لو تاکہ موازنہ کر سکو۔ اب چونکہ موازنہ نہ کرنیسے پوری حقیقت دنیا کی بھی معلوم نہیں اسلئے دنیا کی طرف میلان ہے پس اسکی طرف جھکنے اور دین سے اعراض کا سبب اسکی حقیقت سے بے خبری ہے اور اس کے ساتھ ایک اور سبب بھی ہے کہ دنیا نقد ہے اور دین اُدھار مگر اس نقد میں وہ مزہ نہیں جو اس اُدھار میں ہے ایسے ایسے لاکھوں نقد قربان ہیں اس اُدھار پر کیونکہ وہ نقد ہے مگر نکمہ اسقدر ہے کہ کوئی عاقل اُسکو قبول نہیں کر سکتا اسی نکمہ کے متعلق امام غزالی رحمہ اللہ علیہ نے ایک عجیب بات فرمائی ہے کہ اگر دنیا میں کوئی بھی عیب نہ ہو تو یہ کیا تھوڑا عیب ہے کہ ہاتھ سے بہت جلد نکل جانیوالی ہے پھر اگر اس سے گھری محبت ہو گئی تو اس محبت کا خمیازہ مرنیکے وقت معلوم ہوگا جو وقت اسکے ہاتھ سے نکلنے کا ہے وہ خمیازہ یہ ہے کہ جو چیز محبوب ہوتی ہے اُس چیز سے جدا کرنیوالے پر طبعاً غصہ ہوتا ہے اور موت کے وقت مفارقت ہوتی ہے مال سے جاہ سے اولاد سے اور وہ مفارقت ہوتی ہے امر حق سے پس ایسے وقت اسکا دم نکلتا ہے کہ اسکو اُسوقت خدا تعالیٰ سے بغض ہوتا ہے۔ نعوذ باللہ اور سب خطرات اُسوقت ہیں جب دنیا دل میں ہو ورنہ کچھ بھی مضر نہیں حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اسی کو فرمایا کرتے تھے کہ دنیا کا ہاتھ میں ہونا مضر نہیں دل میں ہونا مضر ہے بطور مثال کے یہ پڑھا کرتے تھے۔ ؎

۱۱ آب در کشتی ہلاک کشتی است　　آب اندر زیر کشتی پشتی است

ملفوظ ۲۵ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب رائے پوری کے بھائی کا نام بھی شاہ عبدالرحیم ہی تھا میں اُن سے ملا ہوں اُنھوں نے مجھکو دعا دی تھی کہ جسم ہمیشہ امیر رہے اور دل فقیر ہیں تو بحمداللہ اسکو کھلی آنکھوں دیکھ رہا ہوں

باتہ ماہ رجب المرجب سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

ملفوظ ۱۲ - ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ایک صاحب حضرت سے ایکمرتبہ ملے ہیں وہ دوبارہ .... بھی یہاں حاضر ہونیکو کہتے تھے مجھسے دہلی ملے تھے حضرت کی نسبت کہتے تھے کہ یہ اس زمانہ کے بزرگوں میں سے نہیں ہیں پرانے بزرگوں میں سے ہیں ہر بات میں پرانے بزرگوں کی جھلک معلوم ہوتی ہے فرمایا کہ یہ انکا حسن ظن ہے اور یہ تو بہت بڑی نعمت ہے جسکو انہوں نے میری طرف نسبت کیا مجھ میں اسکی اہلیت کہاں لیکن اگر واقع میں نہیں بھی ہے تب بھی فال نیک تو ہے دعا کرتا ہوں کہ خدا پیدا کردے مولانا مظفر حسین صاحب نے ہمارے حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت بھی یہی فرمایا تھا کہ حاجی صاحب اسوقت کے بزرگوں میں سے نہیں یہ تو جنید اور بایزید کے زمانہ میں واقعی حضرت کی عجیب شان تھی۔

ملفوظ - اجمل کی بعضی بے محل یا تکلف کی تواضع پر ایک حکایت فرمائی محمدی شاہ صاحب الہ آباد میں ایک ولایتی درویش تھے انکے پاس ایک حافظ صاحب ایک ایسے شخص کیساتھ آئے جو شاہ صاحب کے شناسا تھے شاہ صاحب نے ان ہمراہی سے انکا تعارف پوچھا انہوں نے کہا کہ یہ ایک حافظ حاجی شخص ہیں آپ سے ملنے آئے ہیں حافظ جی نے تواضعاً کہا میں کیا حافظ حاجی ہوتا میں تو ایک معمولی آدمی ہوں محمدی شاہ صاحب بگڑ گئے کہنے لگے اچھا تم یہ چاہتا ہے کہ تم حاجی نہ رہے تمھارا حج حبط ہو جاوے اور تمکو قرآن یاد نہ رہے تم خدا کی ناشکری کرتا ہے بہت ہی خفا ہوئے پھر جب کبھی یہ حافظ ... صاحب ان سے ملنے جاتے تو کہتے کہ آؤ ناشکرا حافظ ناشکرا القب ہی ڈالدیا ان باتوں کو لوگ تواضع سمجھتے ہیں اگر تواضع ایسی ہی ارزاں ہے تو پھر تو اس قصہ میں بھی تواضع سمجھی جاویگی وہ یہ ہے کہ میں ایکمرتبہ الہ آباد سے کانپور کو سوار ہوا ریل میں چند نوجوان جنٹلمین اس ہی ڈبہ میں سوار تھے اور ایک منصف صاحب بھی سوار تھے یہ منصف صاحب پرانے اور سادی وضع کے آدمی تھے ان جنٹلمینوں نے ان منصف صاحب کو بنانا شروع کیا گو ابتدا بے تکلفی کی منصف صاحب کی طرف سے ہوئی غرض ان جنٹلمینوں نے کھانیکا دسترخوان کھولا اور ایک نے منصف صاحب سے کہا کہ آئیے آپ بھی کچھ گوموت کھا لیجئے دوسرے ساتھی صاحب بولے کہ کیا واہیات ہے توبہ کرو توبہ کرو کھانیکو گوموت کہتے ہو تو وہ جواب دیتے ہیں کہ اپنے کھانیکو کھانا کہنا یہ بھی تکبر ہے اس حیثیت سے کہ وہ اپنا کھانا ہے گوموت ہی کہنا تواضع ہے فرمایا کہ اس قاعدے سے تو اپنے

Marfat.com

کو نمازی کہنا اور مسلمان کہنا بھی تکبر ہوگا ..... تواضع یہ ہوگی کہ میں نمازی کیا ہوتا میں مسلمان کیا ہوتا جسکا مطلب یہ ہے کہ میں بے نمازی ہوں میں کافر ہوں یہ بھی کوئی تواضع ہے البتہ اپنی نماز اپنے ایمان پر گھمنڈ نہ کرے کیونکہ ہمکو یہ نعمتیں باوجود عدم اہلیت کے عطا ہوئیں تو نعمت کا تو اثبات کرے اور اہلیت کی نفی کرے اسکی ایسی مثال ہے کہ ایک بادشاہ ہفت اقلیم کا کسی چمار کو بیش قیمت موتی دیدے جو اسکی حیثیت سے کہیں زیادہ ہو تو اسکو لیکر وہ ناز کریگا یا کہ خوف کریگا اُسوقت اُسکی دو حیثیتیں ہوگی ایک تو شاہی عطیہ ہونیکی اور ایک اُسکو عطا ہونیکی تو کیا وہ اپنے کو موتی والا نہ کہے گا موتی والا ضرور کہے گا اگر نہ کہیگا تو عطیہ شاہی بے قدری اور حجود لازم آئیگا مگر ساتھ ہی میں یہ بھی کہے کہ بادشاہ کی بڑی عنایت ہے کہ مجھ جیسے نااہل کو اتنی بڑی قیمتی چیز عطا فرمادی اسیطرح ہم کہتے ہیں کہ ہم نماز پڑھتے ہیں اور ہم متکبر نہیں اُسکو اپنا کمال سمجھنا تکبر ہے اور خدا کا عطیہ سمجھنا تواضع لیس یہ خیال کرے کہ یہ ہماری چیزیں نہیں خدا کی چیزیں ہیں جیسے شجاعت سے حُسن ہے ان کو اپنا کمال سمجھنا اور فخر کرنا تکبر ہے ان چیزوں کو خدا کی سمجھنا اور ان پر ناز نہ کرنا یہ تواضع ہے۔

ملفوظ ۱۴۷ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو تقریر کیوقت جوش ہوتا تھا آواز بلند ہوجاتی تھی اور تقریر سے فراغت کے بعد بیحد ضعف ہوجاتا تھا مگر تقریر کے وقت یہ حالت ہوتی تھی۔ ؎

ہرچند پیر و خستہ لبس ناتواں شدم ہرگہ نظر بروئے تو کردم جواں شدم

اور کیوں نہ ہو فرماتے ہیں ؎

خود قوی تر میشود خمر کہن خاصہ آں خمرے کہ باشد من لدن

وہ جوش اور قوت اور ہی کسی چیز کی بدولت ہے یہ وہ دولت ہے کہ بادشاہوں کو بھی نصیب نہیں ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ اگر بادشاہوں کو اُس دولت کی خبر ہوجائے تو لجاد لونا بالسیوف ..... یعنی تلواریں لیکر ہمپر چڑھ آئیں کہ لاؤ ہمکو بھی دو کیا لئے بیٹھے ہو۔ مگر خبر نہ ہونا مضر نہیں البتہ انکار کرنا یہ سخت خطرناک چیز ہے امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ اس طریق کا انکار بھی نہ کرے چاہے معتقد نہ ہو بلکہ یہ طریق اسقدر باوقعت اور باعظمت ہے کہ بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی اس طریق کو مکر و ریا کیوجہ سے بھی اختیار کرے تو اسکی بھی قدر کرے اسلئے کہ اسکے

Marfat.com

دلمیں اس طریق کی عظمت ہے تب ہی تو اُسکو لیا گو مکر ہی سے سہی سو اُسکو کبھی حقیر مت سمجھو کیونکہ جس چیز کی قلب میں وقعت و عظمت نہیں ہوتی آدمی اُسکو کسی طرح بھی اختیار نہیں کرتا دیکھئے ان حضرات میں حقائق کی کسقدر دقیق رعایت ہے حکماء بھی ان حضرات کے سامنے جاہل ہیں اور جسے اختیار کرنا دلیل عظمت کی ہے اسی طرح احکام کے مصالح اور حکمتوں کا تلاش کرنا اسکی دلیل ہے کہ اسکے دلمیں احکام کی وقعت اور عظمت نہیں اگر کوئی شخص کسی کے نوکر سے اُسکے آقا کے کاموں کے مصالح پوچھے تو وہ کہیگا کہ مجھکو مصالح سے کیا غرض میں تو نوکر ہوں یا غلام ہوں حکم کی تعمیل کرنا میرا فرض منصبی ہے پھر مجھکو معلوم بھی کہاں کہ کیا مصالح ہیں کیا مجھسے آقا مشورہ لیکر کام کرتے ہیں جسکی وجہ سے مجھکو مصالح معلوم ہوں اور علاوہ اسکے مصالح کے بیان کرنمیں جیسا اسوقت اہل تقریر کی عادت ہو گئی ہے ایک بہت بڑی خرابی بھی ہے مثلاً نماز کے مصالح بیان کئے جاتے ہیں جیسا کہ بعض کوتاہ بیں بیان بھی کرتے ہیں کہ اس سے اتحاد بین الجماعۃ مقصود ہے سو اسمیں خرابی یہ ہے کہ اگر یہ مصالح کسی وقت دوسری صورت سے حاصل ہونے لگیں گے تو وہ اصل نماز ہی کو خیرباد کہکر الگ ہو جائیگا مثلاً کلب میں جمع ہونیسے یہ مصالح حاصل ہو جائیں تو وہ کلب گھر کو اللہ کے گھر پر ترجیح دیگا

ملفوظ ۱۵ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اس طریق کی حقیقت سے بے خبری کی یہ حالت ہے کہ ایک بڑے عالم تھے اور درویش بھی سمجھے جاتے تھے میں بھی اُن سے ملا ہوں شروع میں تو ہمارے بزرگوں کے معتقد تھے آخر میں آکر کسی قدر بدعت کا رنگ غالب ہو گیا تھا مگر تھے سادہ اور نیک اُنھوں نے ایک ذاکر سے پوچھا کہ کچھ ذکر و شغل کرتے ہو اُس نے کہا کہ جی ہاں دریافت کیا کہ کچھ نظر بھی آتا ہے اُنہوں نے کہا کہ نظر تو کچھ نہیں آتا کہنے لگے کہ ثواب لئے جاؤ باقی نفع مقصود تو کچھ ہے نہیں مجھکو تو یہ سنکر حیرت ہو گئی کہ عالم اور درویش ہو کر ایسی بات کہی اصل چیز تو ثواب ہی ہے جو تمام اعمال سے مقصود ہے اور ثواب کی حقیقت ہے حق تعالیٰ سے قرب اور اسکی رضا اُنہوں نے اسکی کیسی تحقیر کی اصل میں یہ فن بھی بڑا ہی نازک ہے اسمیں بہت سنبھل کر قدم رکھنے کی ضرورت ہے ورنہ آدمی ٹھوکریں ہی کھاتا رہتا ہے -

ملفوظ ۱۶ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کے عبارت

Marfat.com

میں تنگی ضرور ہے مگر کوئی مدلول شریعت کے خلاف نہیں لوگوں نے نہ سمجھنے کی وجہ سے شیخ کو بہت بدنام کیا ہے میں نے اپنے رسالہ التنبیہ الطربی میں اُنکی خاص خاص اقوال کی توجیہ کی ہے مگر مجھکو توجیہ میں خود دشواری پیش آئی ان ہی باتوں کو دیکھکر ایک غیر مقلد نے مجھکو لکھا کہ تم شر القردون کے صوفیونکی بہت حمایت کرتے ہو مجھکو یہ بدتمیزی بیحد ناگوار ہوئی یہ کیا ضرورت ہے کہ شر القردون میں ہر ہر شر ہی ہوں

۱۸ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ عوام کا عقیدہ صفات کے متعلق بہت اچھا ہے کہ وہ اجمال کی صورت میں سمجھتے ہیں کہ خدا حاضر و ناظر ہے بس اتنا کافی ہے ورنہ آگے تفصیل گڑبڑ ہی ہے

۱۸ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ پہلے جو بدعتی ہوتے تھے اللہ اللہ کرنے والے ہوتے تھے اللہ کے نام کی برکت سے اُنکو علماء سے نفرت نہ تھی اور آجکل کے بدعتی تو بکثرت فاسق و فاجر تک ہونے لگے ہیں بعض تو ایسے بددین ہیں کہ ذکر و شغل تو کیا نماز تک بھی نہیں پڑھتے حالانکہ حضرات مشائخ رحمہم اللہ کی یہ حالت نہ تھی - چنانچہ حضرت شیخ ردولوی رحمۃ اللہ علیہ نے تیس برس تک جامع مسجد میں نماز پڑھی مگر راستہ نہ معلوم ہوا مطلب یہ کہ یاد نہ رہتا تھا ایک خادم آگے آگے حق حق کہتا ہوا چلتا تھا تب آپ مسجد میں جاکر باجماعت نماز ادا کرتے تھے یہ تھے اللہ والے کہ استغراق کی یہ حالت مگر نماز باجماعت مسجد ہی میں پڑھتے رہے -

۱۹ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ تکبر ہمیشہ جہل ہوتا ہے میں نے جہل کی جگہ حمق کر دیا ہے کہ تکبر ہمیشہ حماقت سے ہوتا ہے یہ ذرا واضح لفظ ہے مراد جہل سے بھی حضرت کی یہ ہی تھی اگر کوئی برسوں تجربہ کرتا تب بھی ایسی بات نہ کہہ سکتا جو ان حضرات کو فی البدیہہ معلوم ہو جاتی ہے

۲۰ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ شیخ کی مثال طبیب کی سی ہے کہ وہ فن میں اختراع نہیں کرتا مگر فن کے اصول سے دقائق کو سمجھ لیتا ہے ان دقائق پر ایک واقعہ نقل کیا کہ ایکمرتبہ گھر میں سے آپنے میکے گئیں جاتے وقت مجھسے یہ کہا کہ مرغیاں ہیں انکو خیال کرکے صبح ہی جب نماز کو جانے لگو کھولدیا جایا کرے ایکروز کھولنا یاد نہیں رہا اُس روز صبح کو بکس میں ایک طالب کا پرچہ ملا جسمیں اپنی حالت کا اظہار کرکے جواب مانگا تھا میں نے اُس

Marfat.com

پرچہ کہ پڑھکر ہر چند کوشش کی کہ جواب لکھوں مگر کوئی جواب شافی قلب میں نہ تھا جب قطعاً شرح صدر نہ ہوا تو اب فکر ہوئی کہ اسکا سبب کیا ہے یاد آیا کہ مرغیاں بند اور محبوس ہیں اسوجہ سے قلب کو محبوس کر دیا گیا گھر پہونچا مرغیاں کھولیں پھر جو واپس آکر وہ مضمون پڑھا تو جواب میں شرح صدر ہو گیا اب یہ دقیق بات کتابوں میں کہاں لکھی ہے۔

۲۱ ملفوظ۔ ایک صاحب حضرت والا کے قریب بیٹھے ہوئے تھے وہ اُٹھکر چلے گئے کچھ دیر کے بعد ایک صاحب کو فرمایا کہ اب آپ اس جگہ پر آجائیے اُن کے اُٹھنے کیساتھ ہی اس جگہ کو پُر کرنا نہ چاہیئے تھا اسلئے کہ ممکن ہے کہ وہ پھر جلدی آجائیں اتنی تو رعایتیں کرتا ہوں پھر بھی لوگ سخت سخت کہتے ہیں معلوم نہیں نرمی کسے کہتے ہیں۔

۲۲ ملفوظ۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ صاحب یہ مسئلہ بہت ہی نازک ہے پھر فرمایا کہ ہے تو سب خدا ہی کا پیدا کیا ہوا شر بھی اور خیر بھی مگر ادب یہ ہے کہ خیر کی نسبت خدا کی طرف کرنا چاہیئے اور شر کی نسبت اپنی طرف جسکی حقیقت یہ ہے کہ دونوں میں دو نسبتیں ہیں ایک خلق کی اور ایک کسب کی تو خیر میں تو مراقبہ اُنکی طرف کی نسبت کا کرے کسب کا استحضار نکرے اور شر میں مراقبہ اپنی طرف کی نسبت کا کرے خلق کا نکرے غرض خیر میں تو نسبت خلق کو مستحضر کرو اور شر میں نسبت کسب کو مستحضر کرو

۲ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم شنبہ

۲۳ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ قوت حافظہ کم ہونیکی وجہ سے میری طبیعت کسی کام کے اُدھار کی متحمل نہیں اس ہی لئے ہاتھ کے ہاتھ کام ختم کرنیکو جی چاہتا ہے جبتک ختم نہ کرلوں میرے اوپر ایک بوجھ سا رہتا ہے

۲۴ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ انگریزی تعلیم پاکر ایک بڑی خرابی یہ ہے کہ سادی وضع میں رہ نہیں سکتے کوٹ ہو پتلون ہو بوٹ ہیٹ ہو اُسکی وجہ سے اخراجات میں بھی توسیع ہو جاتی ہے اب ان اخراجات کو پورا کرنیکے لئے بڑی ملازمت کی ضرورت ہے

Marfat.com

اور ملازمت آجکل عنقا، تو سوائے پریشانی کے نتیجہ کچھ نہیں دوسرے چھوٹی ملازمت کو اپنی شان کے بھی خلاف خیال کرتے ہیں اسوجہ سے بھی اُسکو اختیار کرنیسے عار آتی ہے تو انگریزی پڑھکر اچھی خاصی مصیبت مول لینا ہے بخلاف ملازموں کے جیسی پڑتی ہے نباہ لیتے ہیں

۲۵ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حتی الامکان سب کام اپنے ہاتھ سے کرتا ہوں یعنے کام خود کر لینے آسان ہوتے ہیں مگر بتلا کر دوسرے سے کرانا بڑا مشکل ہوتا ہے۔

۲۶ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں تو یہ چاہا کرتا ہوں کہ جس وقت کوئی آوے اُسی وقت اُسکا کام کرکے اُسکو فارغ کر دوں ایک صاحب دہلی سے آئے ہوئے ہیں عشاء کے وقت وہ مجھسے ملے میں نے اُن سے کہا کہ اگر کوئی لمبی چوڑی بات ہے تو صبح پر رکھئے اور اگر مختصر ہے تو ابھی ختم کر لیجئے اُنھوں نے کہا کہ مختصر ہے میں نے اُسی وقت سنکر جواب دیدیا یہ صاحب بیان القرآن کی تسہیل پر تقریظ لکھانا چاہتے تھے (دہلی میں مطبع مجتبائی والوں نے ایک مولوی صاحب سے تفسیر بیان القرآن کی تسہیل کرائی ہے مجھ میں نہیں آیا کہ الفاظ کی تو تسہیل ہوسکتی ہے مگر جو مضمون علمی ہیں اُنکو سہل کرنیکی کیا صورت ہے دیکھئے اگر اقلیدس کو کوئی اُردو میں لکھے تو کیا اُسکی شکلوں کو بھی جو کہ اثبات ہے خاص دعووں کا اس معنی کر سہل کر سکتا ہے کہ ہر شخص سمجھ لیا کرے) میں نے اُن صاحب سے کہا کہ اسکا جو مقدمہ لکھا گیا ہے جسمیں آپ کہتے ہیں کہ سب التزامات و رعایات ظاہر کر دی گئی ہیں اُس مقدمہ کو میرے پاس بھیجدو اور اسکے ہر نمبر کیساتھ دو دو تین تین مثالیں بھی کہ مثلاً فلاں مقام کی تسہیل میں یہ یہ رعایتیں کیگئی ہیں اُنکو دیکھکر خاص اُن مقامات پر تقریظ لکھدونگا اور اُنکی رعایت سے اتنا اور لکھدونگا کہ اُمید ہے کہ اور مقامات کی تسہیل بھی ایسی ہی ہوگی وجہ اس تقیید کی یہ ہے کہ تقریظ کی حقیقت شہادت اور بلا مشاہدہ کے شرعاً شہادت جائز نہیں یہ بڑا ظلم ہے کہ کسی خاص مقام کو دیکھکر کل کتاب کی تقریظ لکھدیتے ہیں میں تو یہ کرتا ہوں کہ اُن مقامات کی تعیین لکھدیتا ہوں کہ فلاں مقام سے فلاں مقام تک دیکھا ایسا پایا پھر اسمیں کوئی شبہ نہیں کر سکتا نہ اعتراض کر سکتا ہے کہ آپنے اسپر تقریظ لکھی ہے اور اسمیں فلاں مضمون مخدوش ہے کیونکہ ہم نے اپنے دیکھے ہوئے پر تقریظ لکھی ہے۔ اسکے بعد اگر کوئی اعتراض کرے تو جواب میں کہا جا سکتا

Marfat.com

کہ بقیہ مقامات کی نسبت امید کا لفظ تھا مگر امید غلط نکلی مزاحاً فرمایا کہ امید تھی مگر بچہ نہیں ہوا ان احتیاطوں کی وجہ سے بعض لوگوں نے یہاں کا نام رکھا ہے نرالا چنانچہ کہتے ہیں کہ بھائی وہاں کا تو دربار ہی نرالا ہے۔

ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اگر کسی بزرگ کو تعظیم سے اذیت ہوتی ہو تو اسکی ایسی تعظیم نہیں کرنا چاہئے بڑا مقصود تو بزرگوں کے متعلق یہ ہے کہ انکو اذیت نہ پہونچے ہمارے بزرگ ہمیشہ ایسی باتوں سے نفرت کرتے تھے عرفی ادب اور تعظیم کے سخت خلاف تھے اہل ادب اور تعظیم تو محبت اور اتباع کا تعلق ہے چاپلوسی سے کیا کام چلتا ہے ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت فلاں بزرگ کی صحبت میں ایک شخص رہے ہیں مگر انکی دین کی حالت بہت خراب ہے۔ فرمایا کہ محض پاس رہنے سے کیا ہوتا ہے یہ پاس رہنا تو ایسا ہے جیسے کسی کے پاس زمین رہن ہو رہنے اور رہن میں تجنیس کا ایک درجہ ہے کام جو چلتا ہے بیع سے چلتا ہے رہن سے کام نہیں چلتا۔ بیعت بیع سے مشتق ہے جسکا حاصل ہے بک جانا فنا ہو جانا دوسرے کا ہو جانا مولانا فرماتے ہیں ؎

۳۱

قال را بگذار مرد حال شو　　پیش مرد کاملے پامال شو

۲۸

ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اگر موت نہ ہوتی تو دنیا کی کدورت سے پریشان ہو کر انسان پوچھتا پھرتا کہ مرنیکی بھی کوئی تدبیر ہے اسلئے موت بھی رحمت ہے بعض لوگ تو اب بھی باوجود اس یقین کے کہ موت اپنے وقت پر یقینی ہے پھر بھی اسکی تمنا کرتے ہیں کہ ہم مر جائیں اسلئے کہ علاوہ کدورت کے انسان کی خاصیت ہے کہ ایک چیز سے گھبرا جاتا ہے۔

ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ عالم ناسوت کو کہتے ہیں ابدی اور روحوں کو کہتے ہیں محدود تو اسکا لازمی نتیجہ ہے کہ یہ دور آدمیوں کا کبھی ختم ہی نہیں ہو سکتا کبھی بے فکری ہو ہی نہیں سکتی کتنے ہی مجاہدے کرے ریاضتیں کرے اعمال صالحہ کرے کبھی اطمینان اور چین بیسر نہیں ہو سکتا ہمیشہ چکر ہی میں رہے گا۔

ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ زمانہ تحریک میں ایک استدلال یہ کیا گیا تھا کہ بدیشی کپڑا پہننا اسلئے حرام ہے کہ اسمیں سور کی چربی استعمال کیجاتی ہے میں کہتا ہوں کہ اگر اس روایت

Marfat.com

کو صحیح مان بھی لیا جاوے تو زائد سے زائد یہ لازم ہوگا کہ بدون دھوئے ہوئے مرت پہنو یہ کیسے کہدیا کہ بالکل حرام ہے۔

۳۱ ملفوظ- ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ پہلے عورتیں چکی پیستی تھیں ہوسل سے کوٹتی تھیں چرخہ چلاتی تھیں اس سے اُنکی صحت اچھی رہتی تھی اب قطعاً یہ چیزیں چھوڑ دیں گئیں تو عورتونکی صحت بھی خراب رہنے لگی میں نے ایک مواقع پر عورتوں سے کہا کہ تم تو بیکار ہو میں تھیں اپنی نسلوں کو کیوں بیکار کرتی ہو ان سے چکی پسوایا کرو جواب ملا کہ نوج میں نے کہا کہ نوج کروبہ نعوذ کی گت بنائی گئی ہے جسکو نوج کہتی ہیں۔

۳۲ ملفوظ- ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں جسوقت شروع شروع کانپور گیا تو اُسوقت عمر تقریباً بیس برس کی تھی سبزہ آغاز تھا علم نیا نیا تھا تقریر رواں تھی آواز بلند تھی بڑے بڑے بیرسٹر وعظ میں شریک ہوتے تھے ایک وعظ سنکر ایک وکیل صاحب نے کہا کہ کس ظالم نے آپکو عربی پڑھائی آپ تو انگریزی پڑھتے بڑے زبردست بیرسٹر ہوتے۔ اُن کے نزدیک یہ ہی بڑا کمال تھا۔

۳۳

۱۳ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم یکشنبہ

۳۴ ملفوظ- ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ محقق کی ہر ضروری چیز پر نظر ہوتی ہے ہمارے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے پاس ایک پندرہ کا نقش تھا اُسکے ہر چہار گوشہ پر اجب یا جبرئیل اجب یا میکائیل وغیرہ لکھا تھا جسکو باقی رکھا جاوے تو موہم شرک اور حذف کیا جاوے تو عمل ناتمام حضرت نے اسمیں اسطرح اصلاح فرمائی اجب یا رب جبرئیل اجب یا رب میکائیل جسمیں سب ضروری رعائتیں ہوگئیں ایک نقش پندرہ کا میرے پاس بھی ہے اکثر آسیب زدہ کو لکھدیتا ہوں اُسکے آخر میں شیاطین کے نام کیساتھ لکھا ہے کہ سوختہ شوند اور شریعت میں کسی کے جلانیکی اجازت نہیں میں نے اسمیں اتنا اور بڑھادیا کہ اگر نہ گریزند سوختہ شوند اب اگر وہ جلے گا اپنی مرضی سے ورنہ ہم نے تو اُسکو مہلت دیدی دیکھئے جہاد میں گو کفار کے مکانات باغات جلا دینے کا جواز ہے مگر ساتھ ہی میں یہ بھی حکم ہے کہ تین طرف آگ لگائی جائے ایک طرف راستہ

Marfat.com

چھوڑ دینے کا حکم ہے تاکہ کفار اُس راستے سے اگر نکلنا چاہیں نکل جائیں کوئی مدعی ادیان کا تو اپنے یہاں باغی کے ایسی حقوق تو نہ دلا دے اسی رعایت حقوق کی فرع ہے کہ جہاد میں بچے کو جائز نہیں کہ وہ باپ کو قتل کرے اسلام نے اُس کے حق کیسی رعایت رکھی حالانکہ عین قتال کے وقت غصہ ہوتا ہے مگر اس موقع پر حکم ہے کہ غصہ کو ضبط کرو اور باپ کو قتل نہ کرو اسلئے کہ وہ محسن ہے اُس نے پرورش کیا ہے اگر یہ بھی نہ ہو تو تمہارا وہ وجود کا سبب بنا ہے یہ رعایات اسلام کی خوبی ہے دوسرا کوئی شخص اسکی مثال نہیں پیش کر سکتا حضرت علی رضی اللہ عنہ کی زرہ چوری ہو گئی ایک روز حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک یہودی کے پاس زرہ دیکھی آپ نے اُسکو شناخت کر لیا کہ یہ زرہ میری ہے اگر چاہتے تو آپ امیر المومنین تھے اُس سے زرہ جبراً لے لیتے اس بیچارہ کا وجود ہی کیا تھا مگر آپ نے ایسا نہیں کیا باقاعدہ قاضی شریح کے یہاں دعویٰ کیا یہ قاضی بھی ظاہر ہے کہ آپ ہی کے محکوم تھے قاضی نے شہادت طلب کی کہ آپ شہادت قایم کریں کہ یہ زرہ آپکی ہے آپنے اپنے بیٹے حسنؓ کو اور ایک آزاد شدہ غلام قنبر کو شہادت کیلئے پیش کیا قاضی نے عرض کیا کہ غلام کی شہادت تو معتبر ہے مگر بیٹے کی شہادت باپ کے حق میں قبول نہیں ہمیں حضرت علی رضی اللہ عنہ اور قاضی شریح میں اختلاف تھا حضرت علی رضی اللہ عنہ بیٹے کی شہادت کو جائز سمجھتے تھے قاضی اسکے خلاف تھے جب آپ اور کوئی شہادت پیش نہ فرما سکے قاضی نے آپکے خلاف مقدمہ خارج کر دیا اور وہ زرہ یہودی کو دلوا دی آپ وہاں سے نہایت خوش خوش چلدیئے اُس یہودی نے دیکھا کہ باوجود امیر المومنین ہونیکے اور ہر قسم کی قوت کے انپر کوئی اثر مقدمہ کے ہارنیکا نہیں ہوا یہی دلیل ہے اس مذہب کے حق ہونیکی جسکا اثر قلوب میں ایسا خالص ہے وہ آگے بڑھا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ یہ زرہ آپکی ہے اور مجھے مسلمان کر لیجئے اُسی وقت اُس نے کلمہ شہادت پڑھا اور مسلمان ہو گیا پھر زرہ آپنے اسکو ہبہ کر دی دوسرا واقعہ ایک یہودی نے خلیفہ وقت ہارون رشید پر قاضی

---

۵ احقر اشرف علی نے نظر اصلاحی میں اسکی دلیل جزئی لکھنا چاہا جو کسی وقت کسی کتاب میں دیکھی تھی مگر ملی نہیں اس لئے دلیل کلی لکھی جاتی ہے جس میں وہ جزئی بھی داخل ہے فہو مانی ردالمحتار کتاب الجہاد عن شرح السیر الکبیر ان جواز التحریق والتغریق مقید بما اذا لم یمکنوا من الظفر بہم بدون ذلک بلا مشقۃ عظیمۃ فان تمکنوا بدونہا فلا یجوز لان فیہ اہلاک الظالم ونسائہم ومن عندہم من المسلمین ۱۲ ط

Marfat.com

کی عدالت میں مقدمہ دائر کیا قاضی اسوقت امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ تھے مسئلہ یہ ہے کہ اگر امیر المومنین خود عدالت میں آئیں تو قاضی کو اپنی مسند چھوڑ کر امیر المومنین کو اس جگہ بیٹھلانا چاہیئے اور امیر المومنین کے خصم کو بھی اُس ہی مسند پر بٹھلائے تاکہ دونوں میں مساوات رہے امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ نے مسند تو چھوڑ دی اور امیر المومنین کو مسند پر بٹھلایا بھی اور بیان لیا مگر اس یہودی کو مسند پر نہیں بٹھلایا اپنی برابر بٹھلایا اور امیر المومنین پر ڈگری کردی اس یہودی کو مقدمہ جیتا دیا جسوقت امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال کا وقت آیا ہے تو آپ اُسوقت رو رہے تھے کہ اے اللہ اُس یہودی کو میں نے مسند پر نہیں بٹھلایا تھا ساری عمر میں انصاف کے خلاف مجھسے یہ ہی کام ہوا ہے معاف فرما دیجئے گا اگر ایسے لوگ حکومت کریں تو کیا کوئی ظالم کسی پر ظلم کرسکتا ہے۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حکومت ہی جب ظلم کرائے تو حکام کیا کریں فرمایا کہ یہ سب تاویلیں ہیں لوگوں نے جان دینا گوارا کیا مگر انصاف کے خلاف گوارا نہیں کیا پہلے ایسے لوگ بکثرت گذرے ہیں اُنہوں نے کرکے دکھا دیا مگر ایسا کرنیمیں ضرورت ہے قوت ایمانیہ کی حضرت ابوالحسن نوری رحمۃ اللہ علیہ دجلہ کے کنارے پر گذر رہے تھے ایک کشتی کنارے آکر لگی جسمیں دس مٹکے بھی تھے آپنے دریافت کیا کہ ان مٹکوں میں کیا ہے معلوم ہوا کہ ان میں شراب ہے خلیفہ کیلئے آئے ہیں آپنے لکڑی لیکر مٹکے توڑنے شروع کردئے دس مٹکے تھے آپنے نو توڑ ڈالے ایک چھوڑ دیا اُسکی اطلاع خلیفہ کو دی گئی خلیفہ نے آپکو طلب کیا آپ تشریف لیگئے اُسکے ظلم کی یہ حالت تھی کہ لوہے کی کرسی لوہے کی میز اور لوہے کا قلمدان لوہے کی قلم لوہے کی پوشاک غرضیکہ ہر چیز آہنی اور دل بھی آہنی تھا ابوالحسن نوری رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا کہ آپنے مٹکے توڑے ہیں فرمایا ہاں میں نے توڑے ہیں کہا کیوں فرمایا کہ حق تعالیٰ فرماتے ہیں وامر بالمعروف وانہ عن المنکر کہا کہ یہ تو محتسب کیواسطے ہے فرمایا کہ میں محتسب ہوں کہا کہ سند احتساب کی کیا ہے فرمایا وہی آیت وامر بالمعروف وانہ عن المنکر کہا کہ اب کیا ہوگا فرمایا اُسی آیت میں واصبر علی ما اصابک بھی ہے میں اسکے لئے تیار ہوں جو کچھ بھی گذرے کہا کہ اچھا یہ تبلائے کہ دس مٹکے تھے نو توڑے ایک کیوں چھوڑ دیا فرمایا کہ نو مٹکوں تک تو محض اللہ کے واسطے ہاتھ چل رہا تھا دسویں پر نفس میں خیال آیا کہ ہم بھی

بابتہ ماہ رجب المرجب ۱۳۵۹ھ

رسالہ المبلغ مزاج ۸

Marfat.com

ایسے ہیں اسلئے دعواں نہیں توڑا انکیں نفس کی آمیزش ہوگئی تھی اور نفس کے واسطے ہم کوئی کام نہیں کرتے اسپر خلیفہ نے کہا کہ فی الحقیقت آپ محتسب ہیں آپ احتساب ہی کا کام ہاتھ میں لیجئے اور آپکو محتسب بنا دیا پس یہ لوگ تھے حکومت کرنیکے قابل۔

ملفوظ ۳۴ — ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ قلوب اللہ ہی کے قبضہ میں ہیں کچھ کسی کو خبر نہیں کہ کس کا قلب کیسا ہے قصبہ مارہرہ میں ایک شخص تھا جو نہایت ہی فسق و فجور میں مبتلا تھا لوگ اسکو نصیحت کرتے کہ میاں ان کاموں سے باز آ جواب میں کہتا کہ میاں ہم جانیں ہمارا خدا جانے تم کون ہوتے ہو ایک روز بدون کسی وعظ کے اور بدون کسی ترغیب و ترہیب کے اسپر ایک حالت طاری ہوئی زبان پر یہ جاری ہوا کہ میرا کیا حال ہوگا اور رونا شروع کیا کھانا پینا سب بند دو تین روز یہی حالت رہی اور اسی حالت میں مر گیا اسی خوف میں کلیجہ پھٹ گیا جو کفار کی تلوار سے مرے وہ تو سب جانتے ہیں کہ شہید ہوتا ہے مگر جو خدا کی ہیبت یا خشیت کی تلوار سے مرے وہ کیوں نہ شہید ہوگا یہ اس سے بڑا شہید ہے ایک خانصاحب کی حکایت ہے کہ جتنی بازیاں دنیا میں ہو سکتی ہیں سب انکیں تھیں عمر رسیدہ ہو گئے تھے اُن سے لوگ کہتے کہ بڑے میاں فسق و فجور کو چھوڑو قبر میں پیر لٹکائے ہوئے ہو پوچھتے پھر کیا کروں لوگ کہتے کہ نماز پڑھو روزہ رکھو پوچھتے نماز پڑھکر روزہ رکھکر کیا ہوگا کہتے کہ جنت ملے گی اسپر جواب دیتے کہ جنت کا لینا کون مشکل ہے جنت کے لینے کیلئے اتنی مشقت کی کون ضرورت ہے جنت تو بہت آسانی سے مل سکتی ہے وہ یہ کہ ایک ہاتھ ادھر مارا اور ایک اُدھر مارا بس کائی سی پھٹتی چلی گئی راستہ صاف ہو گیا سامنے جنت ہے لو جنت میں پہونچگئے اسکو کوئی نہ سمجھتا کہ یہ مجذوبوں والی بڑ ہے کیا جب مولوی امیر علی صاحب نے ہنومان گڑھی کے موقع پر جہاد کا فتویٰ دیا تو یہ خانصاحب مولوی صاحب کے پاس پہونچے کہ مولوی صاحب ہم جیسے گنہگار بھی اس کام کیلئے قبول کئے جا سکتے ہیں مولوی صاحب نے فرمایا کہ مانع کون چیز ہے غرض تلوار لیکر میدان میں پہونچ گئے اور دس بیس کو مارا اور خود بھی شہید ہو گئے پھر فرمایا کہ بحمد اللہ جان دینے والے اب بھی موجود ہیں اسوقت کوئی بہت ہی بڑی چیز ہوتی ہے آنکھوں میں یا دل میں کہ جان دینا آسان ہو جاتا ہے اور یہ حالت ہو جاتی ہے غرض برکات اب بھی ہیں اسی کی نسبت فرماتے ہیں ؎

Marfat.com

ہنوز آں ابر رحمت در فشانست خم و خمخانہ بامہر و نشانست

۳۵ **ملفوظ**- ایک صاحب نے عرض کیا کہ آجکل جو لوگ شورش میں کام کر رہے ہیں وہ گرفتاری کو اپنے لئے باعث فخر سمجھتے ہیں فرمایا کہ جی ہاں یہ سمجھنا ایسا ہے جیسے ایک سرحدی ہندوستان آیا کسی شہر میں کسی حلوائی کی دکان سے حلوا اُٹھا کر لے بھاگا اور کھا گیا اُسکو پکڑ کر پولیس میں پہونچا دیا داروغہ نے دیکھا کہ نو وارد شخص ہے اور ایک معمولی سی حرکت ہے اسکا کیا چالان کیا جاوے حکم دیا کہ اسکو ایک گدھے پر سوار کر کے لڑکوں کو کوئی چیز بجانیوالی ہاتھ میں دیکر سارے شہر کا گشت کراؤ یہ ہی سزا کافی ہے ایسا ہی کیا گیا جب یہ سرحدی وطن واپس گیا لوگوں نے دریافت کیا کہ آغا ہندوستان رفتہ بودی آں چگونہ ملک است تو یہ سرحدی کہتے ہیں کہ ہندوستان خوب ملک است حلوا خوردن مفت است سواری خر مفت است فوج طفلاں مفت است ڈم ڈم مفت است ہندوستان خوب ملک است تو جسقدر اسباب ذلت کے اُسکے واسطے جمع کئے گئے تھے اُس نے اپنے لئے اُنکو باعث فخر اور عزت کا سمجھا یہ ہی حالت آجکل کے لوگوں کی ہے کہ اسباب ذلت کو عزت اور فخر کا سبب سمجھتے ہیں خدا معلوم انکی عقلوں کو ہوا کیا ہندو بڑے ہوشیار ہیں جسوقت سے گورنمنٹ نے سختی کا اعلان کیا ہے اُسوقت سے ہندوں نے اپنی رفتار کو بدل دیا ہے بخلاف مسلمانوں کے یہ آگے بڑھے چلے جاتے ہیں کچھ خبر نہیں کہ انجام کیا ہے فرمایا کہ یہ وہ زمانہ ہے کہ بجائے ہوس ملک کے اپنے ایمان کی سلامتی کی فکر کرنا چاہئے۔

۳۶ **ملفوظ**- ایک استفتاء آیا تھا جواب تحریر فرما کر فرمایا کہ اس واقعہ میں ماں اور دادا کو حصہ ملا اور سب محروم رہے مزاحاً فرمایا کہ پہلے دادا تھے اب ترکہ ملنے کے بعد دادہ ہو گئے۔

۳۷ **ملفوظ**- ایک خط کے جواب میں تحریر فرمایا کہ فکر چھوڑئے ذکر جوڑئے سب اللہ فضل کریگا۔

۳۸ **ملفوظ**- فرمایا کہ ایک خط آیا ہے لکھا ہے کہ جھوٹ بولنے کی عادت ہے اگر جھوٹ نہ بولا جائے تو شرمندگی ہوتی ہے جواب لکھا گو کھانیوالو میں بیٹھکر کوئی گو کھانے لگے اور کہے کہ اگر نہ کھاؤں تو شرمندگی ہوتی ہے ایسے شخص کا کیا علاج۔ پھر فرمایا کہ گو کھانا قبیح حسّاً ہے اور جھوٹ بولنا قبیح شرعاً ہے دونوں میں فرق کیا ہے۔ اس فرق پر یاد آیا ایک شخص تھا عبدالرحیم یہ دہری تھا اس نے مولانا شہید صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے گفتگو میں کہا کہ داڑھی رکھنا

Marfat.com

اسلئے ضروری نہیں کہ پیدائش کیوقت یہ نہ تھی تو یہ فطرت کیخلاف ہے مولانا شہید نے جواب میں فرمایا کہ اُسوقت تو دانت بھی نہ تھے انکو بھی نکلوا دو اپنا سامنہ لیکر رہگیا مولوی عبدالحی صاحب حضرت شہید صاحبؒ کے رفیق تھے انھوں نے کہا کہ واہ مولانا کیا دندان شکن جواب دیا اس دندان شکن میں عجیب لطیفہ ہے۔

۴۰ ملفوظ ۳۹۔ فرمایا کہ ایک خط میں جو واپسی کا نہیں تھوڑا سا سادہ کاغذ ہے جی نہیں چاہتا کہ اسکو ردی میں ڈالدیا جائے دو تین تعویذوں ہی کے کام آجائے گا۔ اور جو خط واپسی کا ہوتا ہے اُسکا زائد کاغذ بھی واپس کر دیا جاتا ہے۔

۴۱ ملفوظ ۴۰۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ یہاں کے انتظام پر اعتراض کرنیوالے اپنے نزدیک متمدن ہیں اور ہم اُنکے نزدیک متبدن ہیں اشارہ ہے کہ قربی اکثر علامت ہے غباوت کی چنانچہ ہم اگر کوئی انتظام کریں اس سے لوگ ناخوش ہوتے ہیں اسکو سختی پر محمول کرتے ہیں عدالتوں میں ان لوگوں کو روزانہ دن سابقہ پڑتا ہے مگر اس ہی قسم کے قیود سے اُنپر اعتراض نہیں کرتے آخر فرق کیا ہے کچھ بھی نہیں بجز اسکے وہ گورے چمڑے والوں کی مقرر کردہ قیود ہیں اور یہ کالے چمڑے والوں کی بس گورے چمڑے کی وقعت ہے ہندوستانیوں کا نام رکھا ہے کالا آدمی۔

۴۲ ملفوظ ۴۱۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مال سے محبت ہونا طبعی بات ہے شیخ احمد دحلان نے فتوحات اسلامیہ میں لکھا ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے سامنے بعد فتح فارس جب خزائن لائے گئے تو انہوں نے جناب باری میں عرض کیا کہ اے اللہ ہم اسکی تو دعا نہیں کرتے کہ اسکی محبت ہمارے دل سے نکلجائے کیونکہ یہ تو آپکی پیدا کی ہوئی ہے کما قال تعالیٰ زین للناس حب الشہوات الخ ہاں اسکی دعا ہے کہ اس مال کی محبت آپکی محبت میں معین ہو اور اسکا معیار یہ ہے کہ اگر ایسا کوئی موقع ہو کہ مال خرچ کرنے میں اللہ و رسول کی مرضی حاصل ہوتی ہو اور صرف نہ کیا جاوے تو یہ محبت خود ذات مال سے ہے اور ناپسندیدہ ہے اور اگر صرف کیا جاوے تو اسکو ذات مال کی محبت نہ کہیں گے۔

۴۳ ملفوظ ۴۲۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ نور فہم تقویٰ سے پیدا ہوتا ہے گو زیادہ لکھا پڑھا نہ ہو ایک مرتبہ حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ پاؤں دبوا رہے تھے ایک گاؤں کا شخص آیا اُسنے

Marfat.com

کہا کہ مولوی جی بڑا جی خوش ہوتا ہوگا کہ ہم پیر دبوا رہے ہیں فرمایا کہ راحت کیوجہ سے تو خوشی ہے مگر بڑے ہونیکی وجہ سے خوشی نہیں ہوتی تو وہ گاؤں والا کیا کہتا ہے کہ مولوی جی پانو دبوانا تمھیں جائز ہے کیا کھانا ہے اس گاؤں والیکی کہاں نظر پہونچی ہے یہ دین کی برکت ہے یہ تقوی اور دین بھی عجیب برکت کی چیز ہے اس سے نور فہم پیدا ہوتا ہے لکھے پڑھے ہونیکی اسمیں قید نہیں کرامات الاولیا ایک کتاب ہے مصر کی چھپی ہوئی اسمیں ایک بزرگ شیخ قرشی کی حکایت لکھی ہے کہ وہ بزرگ مجذوم تھے اُنکی شادی نہ ہوئی تھی مرید ہی خدمت کیا کرتے تھے سچے مریدوں کو عجیب تعلق ہوتا ہے ایکدن اون بزرگ نے نکاح کی خواہش ظاہر کی ایک مرید فوراً اُٹھے اُنکی لڑکی جوان تھی گھر پہونچے اور جاکر ظاہر کیا کہ ایسی بات ہے حضرت شیخ نے یہ خواہش ظاہر کی ہے لڑکی نے کہا کہ میں موجود ہوں باپ نے کہا کہ وہ مرض جذام میں مبتلا ہیں لڑکی نے کہا کہ کوئی حرج نہیں ہیں تو خدمت کرونگی مرید نے جاکر قصہ بیان کیا کہ میری لڑکی ہے وہ آپ سے نکاح کرنے پر آمادہ ہے بزرگ نے فرمایا کہ اُس سے میری حالت بھی ظاہر کردی غرض کیا کہ اُس نے اس ہی حالت میں آمادگی کا اظہار کیا ہے فرمایا بہت اچھا غرض نکاح ہوگیا شب کو وہ لڑکی کیا دیکھتی ہے کہ ایک شخص آرہے ہیں کشیدہ قامت بڑی بڑی آنکھیں پتلے پتلے ہونٹ نہایت تندرست جوان حسین جمیل اُسکے پاس چلے آرہے ہیں فوراً گھونگٹ کرلیا اور رُخ پھیر کر کہا اے شخص تم کون ہو غیر محرم جو اس بیباکی سے میرے پاس چلے آئے انہوں نے کہا کہ میں تیرا خاوند ہوں جس سے نکاح ہوا ہے لڑکی نے کہا کہ وہ تو بیمار اور ضعیف ہیں بزرگ نے فرمایا کہ میں نے تیرے خلوص اور دین و صبر کیوجہ سے حق تعالیٰ سے دعا کی تھی اُسکی برکت سے حق تعالیٰ نے مجھکو اس تصرف کی قوت عطا فرمادی میں اب تیرے پاس عنقریب آؤنگا اس ہی حلیہ سے آؤنگا لڑکی نے کہا میں نے جو آپکی خدمت قبول کی تھی وہ حظ نفس کیواسطے نہیں کی تھی محض اللہ کے واسطے کی تھی اس صورت میں میرا حظ نفس شامل ہوجائیگا اگر تم اُس ہی حالت میں آؤ جو تمھاری اصلی حالت ہے تو میں خدمت کیلئے حاضر ہوں اور اگر اس ہیئت سے آپ آئیں تو مجھکو آزاد فرما دیجئے میں اپنا اور انتظام کرلونگی یہ ہے خلوص آجکل بڑے بڑے مقتداؤں میں بھی یہ باتیں نہیں یہ سب تقوے کی برکت ہے۔

بابت ماہ رجب المرجب ۱۳۵۲ھ

Marfat.com

ملفوظ ۴۳ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ سماوی مصائب جو انسان پر آتی ہیں یہ تو غیر اختیاری ہیں اور ارضی جسکو بر مضرتیں ہوتی ہیں یہ اکثر اپنی غفلت کے سبب سے حتی کہ زوال سلطنت بھی غفلت ہی سے مسبب ہے۔

ملفوظ ۴۴ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ یہ تجربہ کی بات ہے کہ جو آدمی بیدار مغز ہوتا ہے وہ خود تکلیف میں رہتا ہے مگر دوسروں کو اس سے راحت پہونچتی ہے اور غفلت میں رہنے والا آدمی خود آرام میں رہتا ہے اور اس سے دوسرے کو تکلیف پہونچتی ہے۔

ملفوظ ۴۵ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ قیصر کہا کرتا تھا کہ افسر تو جرمنی ہوں اور لڑنے والے ترک ہوں تو ساری دنیا کو فتح کر سکتے ہیں وجہ یہ بیان کیا کرتا تھا کہ ترک بہادر ہیں مگر غافل ہیں اور جرمنی اتنے بہادر نہیں مگر بیدار ہیں۔

ملفوظ ۴۶ - ایک صاحب کے سوال کے جواب میں جو مدرسہ میں ایک آرام کرسی کے متعلق تھا فرمایا کہ جی ہاں یہ آرام کرسی رکھی تھی اس لئے کہ کبھی اسپر لیٹ جایا کرونگا تو شاید آجایا کریگی مگر کتابیں جو یہاں پر قریب ہی رکھی ہیں ہمت نہیں ہوتی آرام کرسی پر لیٹنے کی بے ادبی معلوم ہوتی ہے اب یہ ویسے ہی رکھی ہوئی ہے۔ ۴۰

۴ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ
مجلس بعد نماز ظہر یوم دوشنبہ

ملفوظ ۴۷ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک صاحب سے کچھ غلطی ہو گئی تھی ابھی ان سے اسکے متعلق خط و کتابت ہی ہو رہی تھی معاملہ صاف نہ ہوا تھا کہ ایک رقم آپنے بطور ہدیہ بھیجی میں نے روپیہ واپس کر کے لکھدیا کہ میں کوئی رشوت کھاتا ہوں پھر لکھا ہوا آیا کہ میں نے محبت کی وجہ سے بطور ہدیہ بھیجا تھا رشوت کی نیت سے نہ بھیجا تھا میں نے لکھا کہ بطور ہدیہ ہی سہی مگر بھیجو تم بھیجا اسلئے مشابہ رشوت کے ہو گیا وہ روپیہ وصول نہ کیا اس لئے کہ اصول کیخلاف تھا آج ایک صاحب نے پانچ روپیہ بھیجے کیونکہ اصول کے ماتحت تھے وہ وصول کر لئے گئے مصلح کو ضرورت ہے ہر چہار طرف نظر رکھنے کی یہ باتیں تجربات سے تعلق رکھتی ہیں۔

Marfat.com

۴۸ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ کسی کو تکنا اچھا نہیں معلوم ہوتا اس سے طبعًا ناگواری ہوتی ہے مزاجًا فرمایا کہ پھر وہ ناگ وار (سانپ کے مشابہ) ہو جاتا ہے دوسرے آنکھیں تجسس کی سی صورت معلوم ہوتی ہے دوسرے کے راز پر مطلع ہونا ہے اسمیں لوگ بداحتیاطی سے کام لیتے ہیں ایسا نہیں کرنا چاہئے بُرا ہے

۴۹ **ملفوظ** - فرمایا کہ ایک خط آیا ہے لکھا ہے کہ میں قربانی کرنا چاہتا ہوں اُسکی تفصیل لکھی ہے کہ ایک تو حق تعالیٰ کی خوشنودی کیلئے اور ایک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف سے اور ایک آپکی طرف سے فرمایا کہ تشخیص کا عنوان اچھا نہیں ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ پارسل جو ہم نے قربانی کیلئے بکرے خریدے تھے یہانپر تو چار روپیہ میں آئے تھے اس حساب سے تین بکروں کی قیمت بارہ روپیہ ہوئی ایک روپیہ احتیاط کا تیرہ روپیہ بھیجتا ہوں اگر اجازت ہو (جواب) بکرے بکری کی قیمت بدلتی رہتی ہے کیا خبر کتنے میں آئیں اسپر فرمایا کہ میں اپنی قربانی خود کرونگا کیا معلوم ہے اسوقت لکھ رہے ہیں نیت بدل جائے یا خط ہی نہ پہونچے یا اور کوئی گڑبڑ ہو جائے ایک صاحب نے عرض کیا کہ کیا خط کے ذریعہ سے بھی وکالت ہو سکتی ہے فرمایا ہو سکتی ہے۔

۵۰ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مسلمانوں کو تو جمع غائب کا صیغہ یاد ہے یعنی جو جمع آئی غائب کر دی اور ہندوؤں کے یہاں جمع حاضر کا یہ جو کچھ جمع کر لیتے ہیں اُسمیں سے پھر صرف نہیں کرتے ایک صاحب نے ایک مہاجن کی حکایت بیان کی جسکو میں مہاجن بکسر الجیم کہا کرتا ہوں یعنی بڑا جن کہ وہ بیمار ہوا علاج نہ کرتا تھا بیحد مالدار تھا لوگوں نے بمشکل علاج پر آمادہ کیا کہا کہ اچھا تخمینہ کرا دو کہ علاج میں کسقدر صرف ہوگا طبیب کو بلایا گیا نبض دکھلائی نسخہ لکھا طبیب نے اندازسے تبلایا کہ ایسا مرض ہے اسمیں اس قسم کی دوائیں استعمال ہونگی اور اتنے زمانہ تک غرضیکہ ایک مجموعی مقدار تخمینہ تبلادی کہ یہ صرف ہوگا تو وہ کہتا ہے کہ اب یہ دیکھو کہ مرنے میں کیا صرف ہوگا حساب لگایا تو مرنے میں علاج سے کچھ کم صرف بیٹھا اُس نے کہا کہ جسمیں کم صرف ہو وہی کام ٹھیک ہے لہذا مرنا ہی بہتر ہے کیا ٹھکانا ہے انتہائی حکایت ہے اور چاہے یہ حکایت صحیح ہو یا غلط اصول تو انکے قریب ایسے ہی ہیں۔

۵۱ **ملفوظ** - ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اگر کبھی کبھی موت کا مراقبہ کیا جائے تو کیسا ہے فرمایا کہ ضرورت کیوقت ورنہ اصل چیز تو اللہ ہی کی یاد ہے اس ہی کیلئے موت کا مراقبہ بھی تجویز

(از مطبع ... طبع شد)

Marfat.com

کیا جاتا ہے حاصل یہ ہے کہ موانع ذکر مرتفع کرنیکے واسطے موت کا مراقبہ کرایا جاتا ہے اگر وہ موانع ہوں تو اب ضرورت ہے کہ موت کا مراقبہ کرے اور اگر موانع نہیں تو اللہ کی یاد میں مشغول رہے اور موت کا مراقبہ بھی غلو کی ساتھ نہیں بقدر ضرورت کافی ہے جیسے طاعون کے زمانہ میں سب کام کرتے ہیں مگر دل دنیا سے اکھڑ جاتا ہے دل برداشتہ ہو جاتے ہیں بس اتنا استحضار کافی ہے

ملفوظ ۵۲ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ منجملہ اسرار کے پانچ فن ہیں کیمیا لیمیا ہیمیا سیمیا ریمیا اسوقت یاد نہیں رہا کہ انمیں سے وہ کونسا فن ہے کہ جس سے روح کے منتقل کرنیکا تصرف حاصل ہو جاتا ہے پہلے مجھکو انکا نام یاد نہیں رہتا تھا تب میں نے ہر ایک کا اول کا حرف لیکر ایک مجموعہ بنایا ہے کلہ سر اور مجموعہ بھی موضوع ہے کیونکہ یہ سب علوم مخفی ہیں انمیں یہ بھی لطیفہ ہے۔

ملفوظ ۵۳ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ شریعت مقدسہ کی اسقدر پاکیزہ تعلیم ہے اور اسقدر جامع ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی بات میں بھی ہمیں کسی کا محتاج نہیں چھوڑا مکمل قانون ہے مگر فہم کی ضرورت ہے ورنہ محض الفاظ کا یاد کرنا کافی نہیں ایک حکایت فرمائی کہ ایک شخص میرے پاس آیا تھا اور شہوت نفس کے غلبہ کی شکایت کی کہ بدکاری کیطرف میلان کرتا ہے اور نکاح کی وسعت نہیں ایک غیر مقلد صاحب یہاں ٹھیرے ہوئے تھے اتفاق سے اسوقت وہ میرے پاس بیٹھے تھے میں ابھی کچھ نہ بولا تھا کہ وہ غیر مقلد صاحب بول پڑے کہ روزے رکھا کرو اس نے کہا کہ میں روزے بھی رکھ چکا ہوں کچھ اثر نہیں ہوا ان لوگوں کو حدیث دانی میں بڑا دعویٰ ہے مگر اسکے اس کہنے پر میاں کا ذخیرہ سب ختم ہوا آگے کوئی جواب نہ تھا انکو صرف اتنا یاد تھا کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ نکاح کی وسعت نہ ہو اور شہوت کا ہو غلبہ تو روزے رکھا کرو آگے فہم کی ضرورت تھی میں نے اس سے کہا کہ بھائی کثرت سے روزے رکھو تم نے کم رکھے ہونگے اس نے اقرار کیا کہ جی ہاں کم رکھے ہیں میں نے کہا کہ اسپر حدیث ہی میں دلالت ہے ارشاد ہے فعلیہ بالصوم اور علیہ ہے لزوم کیواسطے اور عادۃً لزوم ہوتا ہے تکرار سے اسطرح کثرت کی قید حدیث میں مذکور ہے تو محض الفاظ حدیث پڑھ لینے سے کیا ہوتا ہے جبتک فہم نہ ہو۔

ملفوظ ۵۴ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ محبت کا مادہ تو ہے میرے اندر مگر تعظیم کا مادہ نہیں زیادہ چاپلوسی کرتے ہوئے۔ ذلت معلوم ہوتی ہے۔

Marfat.com

۵ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم شنبہ

۵۵ **ملفوظ** — ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ یہ میری طبعی غیر اختیاری بات ہے کہ میں کسی کے سامنے کا بچا ہوا کھانا نہیں کھا سکتا ہاں ساتھ کھا لیتا ہوں حتی کہ اپنے بزرگوں کا جھوٹا بھی کبھی نہیں کھایا اور کچھ فرض و واجب بھی نہیں۔

۵۶ **ملفوظ** — ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مولانا محمد حسین صاحب الہ آبادی سے کسی نے پوچھا تھا کہ آپنے حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ میں کیا دیکھا کہ جسکی وجہ سے ایسا خادمانہ تعلق کر لیا فرمایا اسی نے تعلق کیا کہ وہاں کچھ نہیں دیکھا مطلب یہ تھا کہ کوئی تصنع کی بات نہیں دیکھی تھی خوب ہی جواب دیا واقعی بات تو یہ ہے کہ اپنے بزرگوں میں ایسی باتوں کا نام و شان نہ تھا بہت ہی سادہ وضع اور متبع سنت تھے دوسروں کی طرح کسی قسم کا ڈھونگ نہ تھا پس یہ ہی طرز ہے قابل پسند۔

۵۷ **ملفوظ** — ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت بجلی کے وزن کا اندازہ ایک خاص قسم کی گھڑی سے ہو جاتا ہے کہ اسقدر مہینہ بھر میں بجلی۔ فرمایا کہ آخرت میں اعمال کے وزن پر لوگ شبہ کرتے ہیں یہاں بجلی کا وزن ہوتا ہے مختصر امیٹر سے وزن حرارت کا ہوتا ہے اسپر شبہ نہیں کرتے اور یہ جواب تو اُنکی خاطر سے دیدیا ہے ورنہ وہاں تو اعمال کا وزن ہونا منصوص ہے ترازو ہوگی ڈنڈی ہوگی پلڑے ہوں گے وہ جھکیں گے اعمال کا وزن ہوگا ان لوگوں کے سمجھانیکے واسطے میں نے یہ جواب دیا ہے ورنہ نصوص کے ہوتے ہوئے اس جواب کی ضرورت نہ تھی افسوس ہمکو ایسے لوگوں سے سابقہ پڑا ہے جو محض جاہل ہیں اسلئے ایسے جوابات کی نوبت آئی البتہ اعمال کے وزن ہونیمیں تو شبہ اُسوقت ہو سکتا تھا جبکہ وہ جواہر نہوں ہم تو کہتے ہیں کہ وہاں وہ جواہر ہونگے اور جب جواہر ہونگے تو اُنکا وزن ہو جائیگا حقیقت تو یہ ہے کہ ایسے جاہلوں کا جواب اصل وہی ہے جو میں نے ایک صاحب کو علیگڈھ میں دیا تھا اُنھوں نے مجھسے سوال کیا تھا کہ یہ جو آیا ہے کہ زنا سے طاعون ہوتا ہے فعل اور جزا میں ربط کیا ہے

Marfat.com

میں نے کہا کہ اگر ربط معلوم نہ ہو تو ضرر کیا ہے بس یہ جواب کافی ہے جاہلوں کیلئے اگر جہل نہ ہوتا تو یہ سوال ہی پیدا نہ ہوتا۔ اصبغ ایک شخص تھا شام میں وہ متشابہات قرانیہ میں گفتگو کیا کرتا تھا اسکی اطلاع حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو ہوئی آپ نے حکم فرمایا کہ گرفتار کرکے ہمارے پاس بھیجدو گرفتار کرکے بھیجدیا گیا آپ نے ستوں سے بندھوا کر حکم دیا کہ اسکے دماغ پر درّے لگاؤ لگنا تھا کہ چیخ اُٹھا کہ حضرت میں توبہ کرتا ہوں کبھی قرآن کیساتھ ایسا معاملہ نہ کرونگا تمام شیاطین دماغ سے نکل گئے یہ ساری برکت نعل دار جوتے کی ہے حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے نعل دار جوتے کا نام روشن دماغ رکھا تھا واقعی روشن دماغ ہی ہے اس ہی واسطے حکومت کی ضرورت ہے۔ بریلی کے ایک شخص یہاں پر رہتے تھے ذکر و شغل کرتے تھے اور کبھی کبھی وساوس کی شکایت بھی کرتے تھے میں اُنکی تسلی کر دیتا تھا بس ایک روز جوش میں بھرے ہوئے آئے اور کہنے لگے کہ اب تو جی میں آتا ہے کہ میں عیسائی ہو جاؤں میں نے ایک دھول رسید کیا اور کہا کہ نالائق اسی وقت عیسائی ہو جا اسلام کو ایسے ننگ اسلام کی ضرورت نہیں اسلام بے نیاز ہے ایسے نالائقوں اور بدفہموں سے اسکے بعد اُنکو کبھی کسی قسم کا وسوسہ پیدا نہیں ہوا یہ دھول کی برکت تھی کہ سب دھول جھڑ گئی یہاں ایک اور ذاکر تھے اُنکو ذکر کے وقت جوش اُٹھتا اُسمیں اُٹھکر کھیلنے لگتے بہت ہی قوی آدمی تھے لوگونکو خوف ہوتا کہ کہیں کسی پر حملہ نہ کریں لوگوں نے مجھسے کہا میں نے کہا کہ آج رانکو میں نہیں رہونگا غرض اُس روز میں خانقاہ میں رہا اور اُن سے کہا کہ میرے پاس کھڑے ہو کر تہجد پڑھو اور ذکر شروع کرو تہجد پڑھکر ذکر شروع کیا تو جوش اُٹھا اور ایک طرف کو بھاگے میں نے زور سے ایک دھول رسید کی کہ کہاں جاتا ہے فوراً بیٹھ گئے پھر کبھی ذکر میں اُنکو جوش نہیں اُٹھا بہت عرصہ کے بعد کلکتہ میں ملے تھے کہتے تھے کہ پھر کبھی مجھکو ذکر میں جوش نہیں اُٹھا پھر اُٹھکر بھاگنے کے متعلق فرمایا کہ وجد اور جوش حقیقت میں مذموم نہیں مگر کمال بھی نہیں۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ اور مشائخ کے یہاں تو ذاکر کے جوش کو اچھا سمجھتے ہیں فرمایا کہ آپ بھی عجیب عقلمند ہیں کیا میری تقریر آپنے سنی نہیں میں تو پہلے ہی کہہ چکا ہوں کہ مذموم نہیں پھر اس کہنے کی کون ضرورت باقی رہی کہ اور مشائخ اچھا سمجھتے ہیں میں نے ہی بُرا کب بتلایا ہے یہ کیا ہے کہ کمال بھی نہیں

رسالہ المبلغ ص ۱۱ ج ۸

بابت ماہ شعبان المعظم سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

اگر آدمی کو بولنا نہ آئے تو کیوں بولے خاموش رہے خواہ مخواہ پریشان کیا اچھے بُرے ہونے پر گفتگو نہیں ہے گفتگو اسمیں ہے کہ کمال بھی ہے یا نہیں سو کمال نہیں بلکہ یہ ضعف قلب کی دلیل ہے کہ آدمی بے اختیار ہو جاوے سو اسقدر مغلوب ہو جانا یہ ضعف قلب سے ہوتا ہے اگر یہ کمال ہوتا تو انبیا علیہم السلام کو سب سے زیادہ مغلوب ہو جانا چاہئے تھا مگر کبھی ایسا نہیں ہوا کہ از جا رفتہ ہو گئے ہوں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حالت کمال کے خلاف ہے ہاں گریہ جاری ہو جانا یہ نقص نہیں۔ گریہ کے مضمون پر ایک صاحب نے شیعوں کی مجالس کا ذکر کیا کہ وہ رونے ہی کو ذریعہ نجات سمجھتے ہیں اور اُسکے لئے سامان مہیا کرتے ہیں فرمایا کہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ وہ رنج ہی کیا ہوا جو اتنے سامان کے بعد رونا آوے۔

ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ دو چیزوں کی حفاظت کی بڑی ضرورت ہے ایک قلب کی اور ایک دماغ کی۔

ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میرا بڑا مرض جسپر لوگ معترض بھی ہیں وہ انتظام کا ضبط ہے چاہتا ہوں کہ تمام امور کا انتظام ہو وہ امور خواہ اقوال ہوں خواہ افعال ہوں خواہ احوال ہوں حتی کہ اگر سختی بھی ہو تو اسمیں بھی انتظام ہو غرضکہ کوئی بات انتظام کیخلاف نہو۔

ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ کانپور میں ایک شخص تھے حقہ پینے کی بہت عادت تھی میں نے اُنکو منع کیا اور شاید اُنہوں نے چھوڑ بھی دیا ایک روز میرے پاس آئے اور اپنا ایک خواب بیان کیا کہ میں نے روضۂ مبارک میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو نعوذ باللہ حقہ پیتے دیکھا تم مجھکو منع کرتے تھے میں نے کہا کہ توبہ کرو استغفر اللہ نعوذ باللہ حضور حقہ پیتے ہیں حضور تو آئینہ ہیں تم نے اپنی حقیقت دیکھی۔ اس آئینہ ہونے پر ایک حکایت یاد آئی ایک شخص ایک بزرگ کی ملاقات کو حاضر ہوئے مگر بوقت ملاقات اس شخص کو اُن بزرگ کی صورت کتے کی نظر آئی اسلئے یہ شخص ملکر کچھ شگفتہ نہ ہوا جیسا کہ قاعدہ ہے کہ جب کسی کے پاس عقیدہ کیساتھ جاتا ہے تو ملکر اُسکو ایک قسم کی خوشی اور مسرت ہوتی ہے سو یہ نہ ہوا اور کیونکر ہوتا اُن بزرگ نے دریافت کیا کہ کیا بات ہے تمپر پژمردگی کیوں ہے عرض کیا کہ حضرت کتے کی

Marfat.com

بات نہیں اُسکا اظہار بہت بڑی گستاخی ہے فرمایا کہ کوئی گستاخی نہیں میں خود پوچھ رہا ہوں تم صاف کہو جو بات ہے عرض کیا کہ حضرت کی صورت مجھکو کتّے کی نظر آرہی ہے معلوم نہیں کیا معاملہ ہے فرمایا کہ بالکل صحیح ہے کوئی ڈر کی بات نہیں اور اُن بزرگ نے اس شخص کو کچھ پڑھنے کیلئے بتایا کہ ایک ہفتہ یہ پڑھو اسکے بعد ہم سے ملاقات کرو ایک ہفتہ بعد یہ شخص ملا تو دیکھا کہ اُن بزرگ کی صورت بلّی کی سی ہے اسکے بعد ایک ہفتہ اور پڑھنے کو فرمایا اسکے بعد پھر ملاقات کی تو اُس سے بھی کم اسکے بعد پھر ایک ہفتہ پڑھنے کو فرمایا جب اسکے بعد ملاقات کی تو وہ بزرگ اپنی اصلی صورت پر نظر آئے تب اُس نے دریافت کیا کہ حضرت یہ کیا معاملہ تھا فرمایا کہ یہ تم اپنی صورت اعمال کی دیکھ رہے تھے اس تعلیم اور ذکر کی برکت سے اب تمھارے اعمال کی صورت بدل گئی ہیں تمھارا محض آئینہ تھا یہ ہے حقیقت ان واقعات کی کبھی اسکے خلاف خیال نہیں کرنا چاہئے جیسا کہ اُس شخص نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حقہ پیتے دیکھا اور یہ خیال کر لیا کہ حضور بھی حقہ پیتے ہیں استغفر اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔

ملفوظ ۱۱۶ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ میں جب کسی کو کوئی خدمت کرنیسے منع کرتا ہوں تو میں اُسوقت اس اُلٹ پلٹ میں رہتا ہوں اور اسکا فیصلہ نہیں کر سکتا کہ میری اس ممانعت کا منشا کیا ہے آیا میں نے اُسکو اسقدر حقیر سمجھا کہ خدمت کی قابل بھی نہ سمجھا یا اپنے کو مخدومیت کی قابل نہیں سمجھا یا محض طبعی گرانی کے سبب ایسا کیا گیا حالانکہ بظاہر اس ممانعت کا منشا تواضع ہے مگر ساتھ ہی دوسرے احتمالات بھی ہیں غرض کسی کو نہیں چاہئے کہ وہ اپنے نفس سے بے فکر ہو جائے بعض مرتبہ وجداناً اطمینان کیساتھ معلوم ہوتا ہے کہ اسکے ساتھ ایسا برتاؤ کرنا چاہئے اور اکثر اسطرح کرنا آخر میں مفید اور مصلحت بھی ثابت ہوتا ہے مگر پھر بھی نفس پر پورا اطمینان نہیں ہوتا اسلئے احتمال خلاف پر استغفار کرتا ہوں اور یہ دعا بھی کرتا ہوں کہ اے اللہ مجھے تو علماً و عملاً کمزور اور نکما ہی سمجھکر معاف فرما دیجئے۔ اور میں تو بقسم عرض کرتا ہوں کہ اس سے بھی ڈرتا ہوں کہ میں جو دوسروں سے بہت کھود کرید کرتا ہوں اور لمبے چوڑے مواخذہ کرتا ہوں کہیں مجھسے بھی لمبا چوڑا حساب نہو بہت ہی ڈرتا ہوں پھر یہ بھی دیکھتا ہوں کہ اور مشائخ کے یہاں لوگونکی قدر و منزلت ہوتی ہے اور یہاں آکر یہ غذا

Marfat.com

ملتی ہے مجھے اسکا بھی رنج ہوتا ہے مگر یہ رنج طبعًا ہوتا ہے عقلًا نہیں ہوتا اسلئے کہ اُنکی اصلاح اور تربیت اسی کی مقتضی ہوتی ہے کہ جو مناسب ہو وہی برتاؤ کیا جاوے اور کبھی یہ بھی خیال ہوتا ہے کہ تو ہی الو کہا بنکر کیوں دنیا میں رہتا ہے تو بھی وہی کر جو سب کر رہے ہیں مگر دل کہتا ہوں کہ ایسا کرنیمیں خاص اصلاح اور تربیت کا باب جو صدیوں سے بند ہو چکا تھا پھر اُسی طرح بند پڑا رہیگا اس خیال سے اپنی بدنامی وغیرہ کی پروا نہیں کرتا اور اپنی مصلحت کو آنے والوں کی مصلحت پر مقدم رکھتا ہوں۔

۶ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم چہارشنبہ

۶۲ **ملفوظ**۔ فرمایا کہ آج ایک خط آیا ہے جسمیں اپنے خاص امور تجارت و خانگی معاملات میں مشورہ چاہا ہے۔ میں نے جواب میں لکھدیا ہے کہ مشورہ دینا اُس شخص کا کام ہے جو آپکے واقعات حالیہ سے اور اُنکی بنا پر آپکے مصالح مآلیہ سے واقف ہو اور میں واقف نہیں۔

۶۳ **ملفوظ**۔ ایک صاحب کا خط آیا تھا جسمیں حضرت والا سے بیعت اور اوراد کی درخواست تھی اُسپر حسب ذیل جواب تحریر فرمایا گیا۔ (جواب) ان دونوں کی غایت کیا ہے اور کیا وہ غایت ان دونوں پر مرتب ہو سکتی ہے۔ پھر اسپر فرمایا کہ بجائے اصلاح اعمال کے لوگ اوراد کو مقصود طریق سمجھتے ہیں کسقدر جہل عام ہو گیا ہے۔

۶۴ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل عمومًا فکر معاش میں مبتلا ہیں ایسے میں اگر حق تعالےٰ کسی کو اطمینان معاش نصیب فرماویں بڑی نعمت ہے اُسکو قدر کرنا چاہئے مگر اکثر قدر زوال پر معلوم ہوتی ہے۔ عارف نظامی فرماتے ہیں۔

خوشا روزگارے کہ دارد کسے — کہ بازار حرصش نباشد بسے

بقدر ضرورت بسارے بود — کند کارے ازمرد کارے بود

۶۵ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ڈاک بھی اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے دور بیٹھے اپنے مافی الضمیر کو کیسا ظاہر کر سکتا ہے اور جواب کیسی آسانی سے مل سکتا ہے۔

Marfat.com

۶۶ **ملفوظ** ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ لوگونکو دوزخ جنت کی حقیقت نہیں معلوم اسلئے بے فکر ہیں ورنہ سب پر یہی فکر غالب ہوجاوے ضلع بارہ بنکی میں ایک گونگا تھا اُس نے دوزخ جنت میدان محشر میزان پلصراط یہ سب خواب میں دیکھ لئے پہلے قطعًا نماز نہ پڑہتا تھا یہ خواب دیکھکر نماز شروع کردی اور اشاروں سے دوزخ جنت وغیرہ کے واقعات بیان کرتا تھا میں نے خود اُس گونگے کو دیکھا ہے اور اشاروں سے جو واقعات تبلاتا تھا اُسکا بھی مشاہدہ کیا ہے اُن اشارونکے وقت رونگٹا کھڑا ہوجاتا تھا وہ تھا بڑا ذہین ایسے کافی اشارہ کرتا تھا کہ بالکل نقشہ کھینچ دیتا تھا پھر فرمایا کہ ذہانت پر ایک قصہ یاد آیا ایک مصور نے ایک وکیل کا فوٹو لیا اور معمول عام ہے کہ تصویر لینے کے وقت بڑے بنے ٹھنے رہتے ہیں اُسی سلسلہ میں وکیل صاحب کے ہاتھ کوٹ کی جیب میں دکھلائے گئے تھے ایک گنوار کا مقدمہ تھا وہ بھی اتفاق سے ایسے وقت آگیا جبکہ وکیل صاحب کی تصویر دیکھی جارہی تھی اُس گنوار نے پوچھا کہ جی کیا دیکھ رہے ہو اس سے لوگونے کہا تیرے دیکھنے کی بات نہیں تو کیا سمجھے گا اُسپر اُس گنوار نے اصرار کیا تو اُسکو بھی دکھلادیا گیا وکیل صاحب کی تصویر کھینچی گئی ہے اُسکو دیکھ رہے ہیں اس نے دیکھکر گردن ہلائی ۸
پوچھا کہ تو کیا سمجھا کہا کہ اجی تصویر تو غلط ہے پوچھا کیوں کہا کہ انکی تصویر میں تو انکے ہاتھ اپنی جیب میں ہیں بس یہ ہی غلطی ہے اسلئے کہ انکے ہاتھ تو دوسرونکی جیب میں ہوتے ہیں تمام مجمع یہ سنکر دنگ رہ گیا واقعی کیا ٹھکانا ہے اس ذہانت کا۔ یہ گاؤں کے لوگ بڑے ہوشیار ہوتے ہیں گو الفاظ اُنکے پاس نہیں ہوتے مگر اظہار حقیقت ان ہی ٹوٹے پھوٹے الفاظ میں ایسا کردیتے ہیں کہ لکھا پڑھا نہیں کرسکتا یہ تو اگرچہ مگرچہ ہی میں رہجاتے ہیں ذہانت پر ایک اور حکایت یاد آئی رنجیت سنگھ لاہور میں جسوقت برسر اقتدار تھا اُسوقت اُس نے حکم دیا کہ ہماری تصویر لیجائے بڑے بڑے مصوّر جمع میں آگئے اسلئے کہ یہ یک چشم تھا اب اگر صحیح تصویر لیتے ہیں تو عیب ظاہر کیا جاتا ہے اور اگر صحیح نہ لیں تو تصویر ہی غلط ہوتی ہے ایک مصوّر آیا اُس نے کمال کیا کہ سامنے ایک شکارگاہ قایم کیا اور اُسمیں ایک ہرن چھوڑا اور رنجیت سنگھ کے ہاتھ میں بندوق دی گویا نشانہ لگا رہا ہے نشانہ میں ایک آنکھ بند ہوتی ہے اسطرح تصویر لی یہ ذہانت کی بات ہے۔

Marfat.com

۷ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم پنجشنبہ

ملفوظ ۶۷ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ان دنیا داروں کو خصوص مالداروں کو منہ نہیں لگانا چاہئے انمیں اکثر خرد دماغ ہوتے ہیں جی چاہتا ہے کہ کوئی انکو سب دماغ ملے تب انکا دماغ ڈھیلا ہو آجکل مدارس والے ان باتوں کا قطعاً خیال نہیں کرتے اُنہوں نے انکے دماغ زیادہ خراب کر دئے نااہلوں کی چاپلوسی اور اُنکی تعظیم و تکریم کرنا بیحد مضر ہوتا ہے میں ایکمرتبہ مدرسہ میں گیا اتفاق سے ایک مولوی صاحب ایک مالدار کو پھانس کر لائے تھے اُن مالدار کی درخواست پر مدرسہ کی جانب سے مجھسے بیان کیجئے کہا گیا میں نے منظور کر لیا ہم لوگوں کا ایک ہی بیان ہوتا ہے اُسی کے مختلف عنوان ہوتے ہیں اور وہ یہی ہے کہ اللہ سے تعلق بڑھاؤ غیر اللہ سے تعلق گھٹاؤ چنانچہ میں نے حب دنیا کے متعلق بیان کیا اُس شخص نے مستکبر کہا کہ میں ایسے مدرسہ کی امداد نہیں کر سکتا جسمیں ترک دنیا کی ترغیب دیجاتی ہو اور یہ بھی کہا کہ دیکھو مال کی مذمت کیجاتی ہے مگر مال ایسی چیز ہے کہ میں داڑھی منڈا ہوں بدافعال ہوں نہ شریعت کے موافق لباس ہے نہ اعمال ہیں محض مال میرے پاس ہے اُسکی وجہ سے بڑے بڑے علماء میری تعظیم کو کھڑے ہو جاتے ہیں دیکھئے انکی تعظیم و تکریم ایسی مضر ہوتی ہے میں کہا کرتا ہوں کہ متکبروں کی کبھی وقعت نہیں کرنا چاہئے چاہے تقہی صورت ہوں ان متکبروں کو تو ہمیشہ نیچا ہی دکھانا چاہئے اور خصوص اُنمیں جو نیچری ہیں وہ تو یہ سمجھتے ہیں کہ دین کو بھی ہم ہی سمجھے ہیں علماء نہیں سمجھے بڑے بدفہم ہیں اور اس سب کا منشا تکبر ہی ہے یہ تکبر ایسی چیز ہے کہ جس شخص میں یہ نہ ہو میں سمجھتا ہوں کہ اسمیں سب کچھ ہے اور جس میں تکبر ہو اُسمیں اگر اور سب کچھ بھی خوبیاں ہوں تو میں سمجھتا ہوں کہ اسمیں کچھ بھی نہیں اور اسمیں امیر غریب کی قید نہیں کوئی بھی ہو حدیث شریف میں آیا ہے کہ رائی برابر بھی جسمیں کبر ہوگا وہ جنت میں نہ جائیگا۔ ایک صاحب نے سوال کیا کہ کیا کبر مطلقاً مذموم ہے فرمایا کہ مطلقاً تو کوئی خلق بھی مذموم نہیں باعتبار فعل کے اُسکے انواع اور اقسام ہیں دیکھئے غصہ ہی ہے یہی غصہ سبب ہے جہاد کا اگر غصہ نہو جہاد ہی نہیں کر سکتا تو یہ درجہ غصہ کا محمود ہے

Marfat.com

اسی طرح کبر کو سمجھ لیجئے چنانچہ جہاد میں خیلاء کو حدیث میں محبوب فرمایا گیا ہے اور درحقیقت وہ کبر نہیں ہوتا صورت کبر کی ہوتی ہے۔

۱۸ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل اکثر جگہ رذائل نفس کے ازالہ کا سلسلہ ہی نہیں صرف فقہی مسائل کی تحقیق ہے اور اور باتیں بھی ہیں مگر اسکا نام و نشان بھی نہیں اس ہی وجہ سے لوگوں کو اس طریق سے اجنبیت ہو گئی ہے سمجھتے ہیں کہ اگر یہ کوئی ضروری چیز ہوتی تو اور جگہ بھی تو ہوتی اور واقعہ یہ ہے کہ اگر یہ چیز اور جگہ ہوتی تو پھر میں اسکا اہتمام نہ کرتا اسلئے کہ مقصود تو حاصل ہو رہا ہے چنانچہ جو کام اور جگہ ہو رہا ہے یعنی فقہی مسائل اُنکے متعلق یہاں پر رجوع کرنیوالوں کو کہدیتا ہوں کہ یہ فقہی مسئلہ ہے دیوبند سہارنپور وغیرہ سے معلوم کرلو وہاں یہ کام ہو رہا ہے اسیطرح اگر اصلاح اعمال کا بھی اہتمام دوسری جگہ ہوتا میں اسکو بھی اُن ہی کے حوالہ کردیتا مگر اسکا تو کہیں نام بھی نہیں یہی وجہ ہے کہ لوگوں کو وحشت ہوتی ہے کہ ساری دنیا میں جو باتیں نہیں وہ یہاں پر آکر دیکھتے ہیں۔

۱۹ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ لوگ میری کتابیں دیکھکر معتقد ہو جاتے ہیں سخت غلطی ہے یہاں آکر کہتے ہونگے کہ تصنیف میں تو چہرہ ایسا دلفریب اور یہاں دیکھو تو اور رنگ زیب اسلئے کہ میں اصلاح اور تربیت کی بنا پر روک ٹوک اور تعلیم کرتا ہوں اگر کوئی بیہودگی کرتا ہے تو مواخذہ کرتا ہوں اسوجہ سے مجھکو سخت سمجھتے ہیں لیکن اگر یہ طرز اختیار نہ کروں تو اصلاح کیسے ہو۔ آجکل اکثر طبائع شریف نہیں رہیں کہ نرمی سے اصلاح قبول کرلیں۔

۲۰ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مجھے اس سے مسرت ہے کہ سمجھدار لوگ مجھسے محبت کرتے ہیں چاہے وہ دس ہی ہیں بخلاف اسکے کہ بدفہم لوگ محبت کرتے اور ہزار ہوتے اُسکی کچھ مسرت نہیں بس یہ زیادہ لذیذ ہے کہ فہیم اور سمجھدار لوگ محبت رکھتے ہیں۔

۲۱ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل یہ بھی آنیوالوں کی قریب قریب ایک عام عادت ہو گئی ہے کہ دوسروں کو اپنے ساتھ لگا کر لاتے ہیں یہ طرز بہت بُرا ہے اور اسمیں بہت سی خرابیاں ہیں مولانا فضل الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ گنج مرادآبادی نے مولوی محمد علی صاحب سے فرمایا تھا کہ کسی کو ساتھ مت لایا کرو اس سے تکلیف ہوتی ہے حاصل یہ تھا کہ تمہارے ساتھ اور معاملہ ہے

رسالہ المبلغ مصلح ۸

بقیہ ماہ شعبان المعظم ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

اور آئیوالے کیساتھ نہ معلوم کیا برتاؤ مناسب ہے تمھارے ساتھ ہونیکی وجہ سے اُسکی رعایت کرنی پڑتی ہے کیسی اصولی بات فرمائی حالانکہ مجذوب تھے مگر نہ معلوم کس طرح یہ اصول قلب میں آتے تھے اب تجربہ کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ واقعی ایسا ہی کرنا چاہئے اسلئے کہ اسمیں دو صورتیں ہیں اگر ایسے شخص کیساتھ آئے کہ جس سے پہلے سے بے تکلفی یا مناسبت نہیں اور اس شخص نے کچھ بے عنوانی کی اور اسپر سیاست جاری کیگئی تو اُسکے ساتھ اُسکے ساتھی بھی بہت سی باتوں سے محروم جاتے ہیں جیسا کہ آج ہی کا واقعہ ہے کہ دو شخص ایک صاحب کے ہمراہ آئے تھے ان صاحب کی بعض کوتاہیوں پر جو ان سے برتاؤ کیا گیا وہ دونوں بھی کچھ نہ کہہ سکے اور اگر ایسے شخص کیساتھ آئے کہ اُس سے بے تکلفی اور مناسبت ہے اور اس وجہ سے اُنکے ساتھ بھی معاملہ خوش خلقی کا برتا گیا تو اسمیں دو خرابی ہیں ایک تو یہ کہ جسکے پاس آئے بعض اوقات باوجود خلاف مذاق ہونے اُن سے وہ برتاؤ کیا گیا تو اُسکو کلفت اور گرانی ہوئی اور ایک یہ کہ اُنکو اس برتاؤ سے اسلئے کوئی نفع نہ ہوا کہ اُنکے حالت کے مناسب یہ برتاؤ نہ تھا اسلئے کہ ہر شخص کیساتھ جدا برتاؤ ہوتا ہے جسمیں اُسکی حالت کی رعایت ہوتی ہے

ملفوظ ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل لوگ علل اور حکم کے بہت پیچھے پڑے ہوئے ہیں اور یہ نہایت خطرناک چیز ہے مثلاً کہتے ہیں کہ جماعت کی نماز سے مقصود باہمی اتحاد ہے سو اگر کسی اور ذریعہ سے یہ مقصود حاصل ہو جاوے تو لوگ نماز ہی کو خیرباد کہدیں گے کیونکہ جو مقصود تھا نماز کا وہ تو حاصل ہو گیا پھر نماز کی کیا ضرورت رہی دین کو لوگوں نے کھیل بنا رکھا ہے جو جی میں آتا ہے ہانک دیتے ہیں اُسکے انجام پر نظر نہیں کرتے یہ آجکل کے عقلا ہیں۔

ملفوظ ۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ غریب انسان کا اختیار ہی کیا کہ وہ اپنے کو کسی طرف لگائے رکھے یہ سب فضل پر موقوف ہے مگر ہاں طلب شرط ہے یہ اپنا کام کرلے آگے اُنکا کام ہے کہ وہ اسکو قبول فرمالیں ورنہ اس بیچارے کی حقیقت ہے کیا اس ہی لئے کبھی ناز نہ کرنا چاہئے کہ میں یہ کر رہا ہوں بلکہ فضل اور رحمت پر نظر رکھنا چاہئے کہ اُنہوں نے توفیق عطا فرمادی اور اپنے کام میں لگالیا بس اسی میں اسکی خیر ہے اور یہ بندہ بندہ ہے ورنہ آئندہ ہے کہ اعمال کے صدور کو اپنا کمال سمجھے اس ہی لئے کامل کی صحبت کی ضرورت ہے

Marfat.com

تاکہ وہ رہبری کرکے اس نازک راہ سے گذار دئے۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ دلائل صحیحہ سے تو مطلق اختیار ثابت ہے مگر وقوع کیوقت معلوم ہوتا ہے کہ وہ اختیار مستقل نہیں ہے۔

ملفوظ ۷۴۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ خاصان حق کی نظر میں اس دنیا ناپائدار کی کچھ بھی حقیقت نہیں حضرت ادہم کا واقعہ ہے کہ آپکے مکان میں گیارہ کوٹھڑیاں تھیں ایک گر گئی دوسری میں چلے گئے دوسری گر گئی تیسری میں چلے گئے غرضکہ اسیطرح گیارہویں میں پہونچکر انتقال ہو گیا مرمت ایک کی بھی نہیں کرائی وجہ یہ تھی کہ اسکی واقعی حقیقت انکی نظر میں تھی آجکل کے جو عقلا ہیں وہ ان ناپائدار چیزونکو مایہ فخر سمجھتے ہیں اور اپنے بڑے قیمتی وقت کو اسکے حاصل کرنیکے لئے صرف کرتے ہیں۔

۸ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم جمعہ

ملفوظ ۷۵۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ادب محض تعظیم و تکریم کا نام نہیں اصل ادب یہ ہے کہ دوسرے کو دل آزاری سے بچانا اور راحت کا اہتمام کرنا (کما فی القاموس حسن التناول فی الصراح نگاہ داشت حد ہر چیز اہ و دخل ماذکر فیہ) ایک غیر مقلد صاحب کا خط آیا تھا نہایت گستاخانہ میں نے انکو نہایت نرم جواب دیا اور اسمیں ضروری اصول کی رعایت رکھی۔ میں نے لکھا کہ اگر آپکو مجھسے استفادہ مقصود ہے تو یہ لہجہ استفادہ کا نہیں ہے اور اگر افادہ مقصود ہے میں نہایت خوشی سے اجازت دیتا ہوں کہ آپ مجھکو میری غلطیوں پر اطلاع دیں لکھا ہے کہ مجھکو استفادہ مقصود ہے افادہ وہ کرسکتا ہے جسکو مساوات کا درجہ حاصل ہو میں تو خادم ہوں جو تونکی برابر بھی درجہ نہیں رکھتا اہ مگر پھر بھی تحریر کا رنگ مناظرانہ ہے عجیب حالت ہے لوگونکی ایک ہی وقت میں ایک ہی تحریر میں دو متضاد باتیں جمع پھر اسپر دعوی علم کا میں نے لکھدیا ہے کہ یہ تو مشاہدہ ہو گیا کہ یہ لہجہ افادہ کا ہے پس اب آپ مجھکو میری غلطیوں پر اطلاع دیں میں نہایت ٹھنڈے دل سے انشاء اللہ غور کرونگا لیکن اسی کیساتھ آپکو جواب

رسالہ البلاغ ص ۱۱ ج ۸

بابتہ ماہ شعبان المعظم سنہ ۱۳۵۶ھ۔

Marfat.com

نہ دونگا اگر غلطی سمجھ میں آجائیگی تو ترجیح الراجیح میں شائع کر دونگا اسکے بعد فرمایا کہ میرے عنایت فرماؤں نے درحقیقت مجھپر بڑا احسان کیا ہے کہ میرے لئے سہولت پیدا کر دی وہ یہ کہ میں نے تصانیف کیں جنکی تصحیح کیلئے اگر میں اہتمام کرتا تو کتنا روپیہ خرچ ہوتا اب انہوں نے غور کر کے غلطیاں نکالیں اور میں نے ترجیح الراجیح میں شائع کر دیں اور کرتا رہتا ہوں تو مفت میں اتنا بڑا کام ہو گیا اور خدا نکرے مجھکو ضد تھوڑا ہی ہے یہ تو دین ہے اسمیں سب ہی مسلمانوں کی شرکت ہے سب ملکر خدمت کریں ان معترض صاحب کا ایک اخبار بھی شائع ہوتا ہے یہ صاحب اسمیں کفار کی مدح بھی لکھتے ہیں اسی بناء پر میں نے انکو لکھدیا کہ اپنا اخبار میرے پاس نہ بھیجا کریں اسمیں کفار کی مدح ہوتی ہے غضب یہ کیا ہے اس شخص نے کہ اولی الامر منکم میں کافر حکام کو داخل کیا ہے کچھ تاویل سوچ لی ہو گی اور تاویل کون بڑی مشکل چیز ہے۔ ایک مولوی صاحب فرمایا کرتے تھے کہ تاویل کا اتنا بڑا پھاٹک ہے کہ اگر دو ہاتھی اوپر نیچے کھڑے کر کے نکالدئے جائیں تو بے تکلف نکل سکتے ہیں یہ حالت ہے سمجھ اور فہم کی کہ محض دنیوی اغراض کیلئے آیات واحادیث میں بھی تحریف کرتے ہیں کتنی بڑی جہالت ہے اگر ایسے جاہل سے خطاب کیا جائے کیا امید ہے سمجھنے کی جبکہ مخاطب میں فہم بھی نہ ہو تدین بھی نہ ہو اگر ایسی فضولیات کے رد کی طرف متوجہ ہوا جائے تو ضروری کام سب چوپٹ ہو جائیں اسلئے واذا خاطبہم الجاہلون قالوا سلاماً پر عمل کیا جاتا ہے۔

۷۶ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایکمرتبہ میں دہلی گیا تھا احمد مرزا فوٹو گرافر کے دوکان پر قیام تھا ایک صاحب تصوف کے حامی مگر شریعت میں بدنظامی دوکان پر آکر کہنے لگے کہ ذرا مرزاجی کو سمجھائیے انھوں نے اسلام کو بڑا صدمہ پہونچایا کہ فوٹو سے توبہ کرلی میں نے کہا کہ معصیت کے ترک سے اسلام کو کیا صدمہ پہونچا بلکہ قوت ہوئی کہنے لگے کہ اسمیں معصیت کی کیا بات ہے میں نے کہا کہ آپ تو ایسا پوچھ رہے ہیں کہ جیسے کبھی آپکے کان میں بھی یہ بات نہ پڑی ہو کیا اسکے لئے اتنا سمجھ لینا کافی نہیں کہ نہانا عنہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور ہم غلام ہیں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسکے بعد ہمکو کس تحقیق کی ضرورت ہے اور اگر ہم اسپر بھی اپنی تحقیق پر احکام کا مدار رکھیں اور تمام احکام کے علل معلوم کیا کریں تو وہ تو اپنی تحقیقات کا اتباع ہو گا اللہ اور رسول کا تو اتباع نہ ہوا اور اگر ایسے ہی علل پر مدار ہے احکام کا تو تیلا ڈوزنا کی حرمت کی کیا علت ہے

Marfat.com

کہنے لگے یہ تو معلوم نہیں ہیں نے کہا میں بتلاتا ہوں اسمیں دو علتیں ہیں ایک خلط نسب دوسرے مردوں میں باہم تقاتل و تجاول۔ بڑے خوش ہوئے کہنے لگے بہت ٹھیک۔ میں نے کہا کہ عورت کو ایسی دوا کھلا دی جائے جس سے علوق کا احتمال ہی نہ رہے نیز زانی مرد و نمیں باہم ایسا تعلق و تعشق ہو جسمیں تجاول و تقاتل کا بھی احتمال نہ رہے تو کیا پھر زنا حلال ہو جاویگا بس دم بخود رہ گئے یہاں پر ایک ڈپٹی کلکٹر آئے تھے مجھسے کہنے لگے کہ میں آپ سے کچھ پوچھ سکتا ہوں یہ ان کا اجازت لینا برائے نام ہوتا ہے یہ بھی ایک رسم ہے کہ یہ الفاظ ضرور کہے جائیں اسلئے کہ اگر اجازت نہ ہو تو اسپر ناگواری ہوتی ہے شکایتیں کرتے ہیں ہیں اتنے ہی کہنے سے سمجھ گیا کہ کوئی ایسا ہی سوال کریں گے جس خیال کے ہیں یہ بھی ان جدید تعلیم یافتوں میں مرض ہے کہ نصوص میں عقلی شبہات نکالا کرتے ہیں شبہ کرنا ہی دلیل ہے جہل کی اسلئے کہ شبہ ناشی ہوتا ہے جہل سے اسلئے وہ جلدی ان کے ذہن میں آتا ہے کیونکہ جاہل کو جہل سے زیادہ مناسبت ہے اور جواب ناشی ہوتا ہے علم سے اسلئے وہ انکی سمجھ میں جلدی نہیں آتا کیونکہ جاہل کو علم سے زیادہ مناسبت نہیں غرض میں نے انکو اجازت دیدی اسپر انہوں نے سوال کیا کہ سود کے متعلق آپکا کیا خیال ہے میں نے کہا کہ میرا کیا خیال ہوتا آپکو معلوم ہے کہ میں مذہبی شخص ہوں قرآن و حدیث کا حکم ظاہر کر دینا میرا کام ہے فلسفی شخص نہیں ہوں نہ فلسفیات کا ذمہ دار قرآن و حدیث سے جواب دونگا میں نے جواب پر اور ان اصول موضوعہ کی بنا پر انکے سوالات کا بہت بڑا ذخیرہ تو ختم ہو گیا میں نے کہا کہ جواب سنئے وہ یہ کہ حق تعالیٰ فرماتے ہیں واحل اللہ البیع وحرم الربوا کہنے لگے حسن نظامی زہلوی تو ربوا کی یہ تفسیر کرتے ہیں میں نے کہا کہ آپ قانون کی جن دفعات کی بنا پر فیصلے دیتے ہیں آپ وہ قانون اور وہ دفعات مجھے دیجئے میں اسکی شرح کر دونگا آپ اس میری شرح کے ماتحت فیصلہ لکھا کریں پھر دیکھئے کہ گورنمنٹ کی طرف سے آپ پر کیسی لتاڑ پڑتی ہے اور جواب طلب ہوتا ہے اس جواب طلب ہونے پر اگر آپ گورنمنٹ سے کہیں کہ فلاں شخص نے قانون کی یہی شرح لکھی ہے اور وہ شخص عربی فارسی اردو سب جانتا ہے اس سے میں نے یہ فیصلہ لکھا ہے تو یہی جواب ملیگا کہ زبان دانی اور چیز ہے قانون دانی اور چیز ہے طالب علم ہوتا اور چیز ہے قانون داں ہوتا اور چیز ہے بس یہی جواب اس تفسیر کے متعلق ہمارا ہے اس شخص کی تفسیر ایسی ہی ہے کہ جیسے میں قانون کی شرح لکھوں تو حسن نظامی ہوتا اردو داں ہوتا اخبار

Marfat.com

نویس ہونا اور بات ہے مفسّر ہونا اور چیز ہے کہنے لگے مگر ترقی بدون سود کے نہیں ہوتی میں نے کہا کہ اگر ترقی ایسی ہی مقصود بالذات ہے چاہے وہ مقصود چوری سے حاصل ہو چاہے ڈکیتی سے حاصل ہو تو اختیار ہے ان ذرائع سے ترقی کرو مگر احکام میں کیوں کتر بیونت کرتے ہو اور شریعت مقدسہ میں کیوں تحریف کرتے ہو اُسکی صورت یہ ہے کہ سود کو حرام سمجھ کر لیا کرو ترقی ہو گی کیونکہ ترقی کو اس سے کیا غرض کہ کیا حلال ہے کیا حرام ہے اور اُسکو اس نیت کی کیا خبر کہ کس نیت سے لیتا ہے تو ترقی تو حرام سمجھتے ہوئے بھی ہو رہیگی سو ترقی کی یہ صورت ہے یہ سنکر بڑے خوش ہوئے اور ساتھیوں سے کہنے لگے کہ یہ ہے بڑا فلسفہ میں نے یہ بھی کہا کہ حرام سمجھکر لینے میں محض جرم ہوگا مگر بغاوت نہیں ہو گی اور یہ بہ نسبت بغاوت کے کہ اُسکو حلال سمجھکر لینے حرام سمجھکر لینے میں کم پڑو گے باقی میرا یہ کہنا کہ حرام سمجھکر لو یہ خود بتلا رہا ہے کہ میں نے لینے سے منع کیا ہے نہ یہ کہ اجازت دی ہے مگر اس سمجھنے کیلئے بھی عقل اور فہم کی ضرورت ہے اور یہ لوگ پہلے ہی سے اس سے کورے ہوتے ہیں اگر یہ کم فہمی نہ ہو تو یہ شبہات ہی کیوں پیدا ہوں یہ میں نے اسلئے کہدیا کہ کبھی میرے کلام سے اجازت سمجھ لیتے حقیقت یہ ہے کہ ان اختراعی مصالح سے لوگوں کے دین کا ناس کیا ہے حالانکہ سالن جب ہی مزیدار ہوتا ہے کہ مصالح کو خوب میں دیا جائے غرض مصالح شریعت مقدسہ پر مقدم نہیں ہیں بلکہ شریعت مصالح پر مقدم ہے حضرت مجدد صاحب فرماتے ہیں کہ شرائع میں حکمت اور مصلحت ڈھونڈنا مراد ف ہے انکار نبوت کا کیونکہ اگر نبوت کے قائل ہیں تو نبی کا حکم سنکر بھر ماننے اور عمل کرنے میں آخر انتظار کس چیز کا ہے اور کیوں ہے۔

ملفوظ ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعض حرکات سے نفرت تو نہیں ہوتی ہاں انقباض ہوتا ہے ایک صاحب کے جواب میں فرمایا کہ انقباض اور چیز ہے نفرت اور چیز ہے ایسے ہی امراء سے انقباض ہوتا ہے نفرت نہیں ہوتی میں جب کسی امیر کے پاس بیٹھتا ہوں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جیسے کسی کو پنجرے میں بند کر دیا ہو اور آجکل کے امراء تو اکثر متکبر ہوتے ہیں اور اہل دین کو نظر حقارت سے دیکھتے ہیں میں تو ہمیشہ علماء کو خصوص اہل مدارس کو مشورہ دیتا ہوں کہ ان سے چندہ نہ مانگو مگر یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ مدرسہ کا کام بدون چندہ چل نہیں سکتا میں کہتا ہوں کوئی خاص حد مدرسہ کی واجب یا فرض ہے اس مقدار تک تو مدرسہ ہے ورنہ نہیں جب یہ نہیں تو قلیل

Marfat.com

آمدنی میں مدرسہ مختصر رکھو دوسرے جلسے مدرسہ آپکے نزدیک ضروری چیز ہے ایسے ہی دین
کی وقعت اور عظمت کی حفاظت بھی تو اس سے زیادہ ضروری ہونا چاہئے پھر مدرسہ کا کام
تو غرباء سے بھی چل سکتا ہے چندہ غریبوں سے کرلو امیروں سے ہرگز نہ کرو مگر مصیبت تو یہ ہے
کہ امیرانہ پیمانہ پر غریبوں کے چندہ سے کیسے کام چلے مگر اسکی بھی ایک صورت ہے وہ یہ کہ
غرباء کی زیادہ تعداد سے وصول کرے مثلاً ایک امیر سو روپیہ تنہا دیتا ہے وہ سو روپیہ
سو غرباء سے لیلو نہ ہو سکے دو سو سے وصول کرلو باقی یہ خیال کہ کام نہ چلیگا محض خیال ہی خیال
ہے خلوص کا کام نہیں رکا کرتا مگر ہر حال میں متکبر امراء کو تو منہ ہی نہ لگانا چاہئے مجھکو تو علماء کے
اس متعارف طرز سے دلی نفرت ہے مگر آج کل مدارس میں منجملہ اور کمالات کے ایک یہ بات بھی
کمال میں داخل ہے کہ کسی مالدار دنیا دار کو مسخر کرکے لایا جائے اسکا بھی نتیجہ سن لیجئے آنولہ کے
ایک تاجر رئیس ایک مولوی صاحب مدرسہ دیوبند میں بھالنکر لائے اتفاق سے اُنکے
زمانہ قیام میں بھی دیوبند گیا ہوا تھا اُنھوں نے مہتمم صاحب کے واسطہ سے میرا بیان سننے کی
۱۶ خواہش کی مہتمم صاحب کے اصرار پر میں نے وعظ کہنا منظور کرلیا ہم لوگوں کا بیان ایک ہی ہوتا
ہے ایک ہی سبق یاد ہے کہ اللہ سے تعلق پیدا کرو دنیا سے تعلق گھٹاؤ یہ وعظ اُن رئیس صاحب
نے سنکر کہا کہ میں ایسے مدرسہ کی خدمت نہیں کرنا چاہتا جسمیں دنیا کے چھوڑ دینے کی تعلیم
دیجاتی ہو باوجود اسکے کہ میں نے یہ بھی بیان کر دیا تھا کہ کسب دنیا مذموم نہیں ہے حبِّ
دنیا مذموم ہے کیونکہ کسب دنیا اور چیز ہے حب دنیا اور چیز ہے مگر اس تفصیل پہ بھی خوش
نہ ہوئے اور یہ کہا کہ مال دنیا کی مذمت کیجاتی ہے حالانکہ مال وہ چیز ہے کہ ہم داڑھی منڈے ہیں
فاسق فاجر ہیں مگر اسی مال کی بدولت بڑے بڑے علماء ہمارا احترام کرتے ہیں تعظیم کو کھڑے
ہو جاتے ہیں اسقدر خبر دماغ آدمی تھے میں تو اسی وجہ سے متکبرین کو منہ نہیں لگاتا کہ یہ
دین اور اہل دین کو حقیر اور ذلیل سمجھتے ہیں انکو یہ دکھلاتا ہوں کہ تم اگر خبر دماغ ہو تو ملا نو نہیں
بھی اسپ دماغ ہیں اور اکثر یہ مالدار ہوتے بھی ہیں بے عقل اور انکا بے عقل ہونا خود ان کا
اقراری ہے چنانچہ کہتے ہیں کہ سو روپیہ میں ایک بوتل کا نشہ ہوتا ہے سو اگر کسی کے پاس

---

۱۶ - یہ واقعہ مختصراً ملفوظ ۶۷ مجلس صبح ۷ ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۰ھ میں مذکور ہوا ہے ۱۲ منہ

بابتہ ماہ شعبان المعظم سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

ہزار روپیہ ہے تو اُسکو دس بوتلوں کا نشہ ہوا اتنے نشہ میں پھر عقل کا کیا کام اس اقراری لقب پر ایک اور قصہ یاد آیا ایک طالب علم کو کسی دنیا دار نے مسجد کا مینڈھا کہا تھا اُس نے کہا کہ دنیا کے کتوں سے تو پھر اچھے ہیں اس جواب میں ایک نکتہ یہ بھی ہے کہ مسجد کا مینڈھا تو ان کا دعویٰ ہے جسمیں دلیل کی ضرورت ہے اور دنیا کا کتا ہونا اقراری ہے جو خود دلیل ہے اتو ان دنیا پرستوں کی بدتمیزی یہانتک پہونچ گئی ہے کہ ایک شخص نے مجھ سے ایک ایسے امام کی نسبت جن کے اعضا قدرتی طور پر ناقص اور ضعیف تھے پوچھا تھا کہ کیا صحت امامت کیلئے امام کے ہاتھ پاؤں کا صحیح اور قوی ہونا بھی شرط ہے میں نے کہا یہ شبہ کاہے سے ہوا کہنے لگے میں یہ سمجھا کہ جیسے قربانی میں شرط ہے شاید اسمیں بھی شرط ہو یہ سوال محض تمسخر سے تھا میں نے تو ایک دنیادار سے اُسکا گھمنڈ توڑنے کے لئے کہا تھا کہ تم جو ہم مسکین طالب علموں کو اپنا محتاج سمجھتے ہو یہ محض ناحقیقت شناسی ہے حقیقت سنو کہ ایک چیز ہمارے احتیاج کی تمھارے پاس ہے یعنی مال اور ایک چیز تمھارے احتیاج کی ہماری پاس ہے یعنی دین مگر اتنا فرق ہے کہ جو چیز تمہارے پاس ہے وہ تو بقدر ضرورت بحمداللہ ہمارے پاس بھی ہے اور جو چیز ہمارے پاس ہے وہ تمھارے پاس بقدر ضرورت بھی نہیں تو ہم تو عمر بھر بھی تم سے مستغنی رہ سکتے ہیں اور تم ایک منٹ بھی ہم سے مستغنی نہیں رہ سکتے سو آپکے پاس تو آپکے اس دعویٰ کی کہ اپنے کو محتاج الیہ کہتے ہو کوئی دلیل نہیں اور ہمارے پاس ہمارے اس دعویٰ کی کہ تمکو اپنا محتاج کہیں دلیل ہے حاصل یہ کہ ہر مسلمان کو دو چیزوں کی ضرورت ہے بقدر ضرورت دنیا کی بھی اور آخرت کی بھی تو اس احتیاج باہم دگر دنیا میں تو ہم اور آپ دونوں شریک ہیں مگر اوپر کے تفاوت سے تو ہم تو تمھارے دروازہ سے ہمیشہ مستغنی رہ سکتے ہیں اور آپ ہمارے دروازہ سے ایک منٹ کے لئے بھی مستغنی نہیں ہو سکتے غرض مالداروں سے اس طرح رہنا چاہئے اور میں تو ایک اور بات کہا کرتا ہوں کہ خواہ کسی کے دل میں چاہے طمع ہی ہو مگر دین کی عزت سب خیال نے کیلئے علماء کو یہی طرز استغناء کا اختیار کرنا چاہئے گو ریا ہی سے ہو۔ ایک شخص بمبئی کے علاقہ یہاں پر لئے تھے چمڑے کی تجارت کرتے تھے انھوں نے مجھکو کچھ ہدیہ دیا اسکے بعد مجھسے ایک مسئلہ پوچھا میں نے بتلا دیا کہنے لگے کہ القاسم میں اسطرح لکھا ہے میں نے کہا کہ کیا میں دنیا

Marfat.com

بھر کا ذمہ دار ہوں اور میں نے کہا کہ اگر اسپر عقیدہ ہے تو پھر مجھسے کیوں پوچھا اور اگر عقیدہ نہیں تو میرے بتلانے پر اسے کیوں پیش کیا اور میں نے انکا وہ ہدیہ واپس کر دیا پس ہوش بجا ہو گئے انکے دماغ اسلیطرح درست ہوتے ہیں مجذوبین کو دیکھ لیجئے کہ وہ امرار کو گالیاں دیتے ہیں پتھر مارتے ہیں اور یہ ہیں کہ ہاتھ جوڑے سامنے کھڑے ہیں اور مزید بدان کوئی روپیہ پیش کر رہا ہے کوئی مٹھائی پیش کر رہا ہے وہاں یہ گت بنتی ہے اور پھر معتقد اور جو تہذیب کے سبب اُنکی رعایت کرتا ہے یہ لوگ اسکے سر پر سوار ہو جاتے ہیں بس فرق یہی ہے کہ مجذوبین کو مستغنی سمجھتے ہیں اور رعایت کرنیوالوں کو اپنا محتاج

۸۰/۷۸

ملفوظ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں تو کہا کرتا ہوں کہ عالم ہو کر کتابیں پڑھکر بھی کسی کے سامنے جاکر پامال ہو جائے کسی کی جوتیاں سیدھی کرے تب انسانیت اور آدمیت پیدا ہوتی ہے۔

ملفوظ - ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ خوش اخلاقی اور حسن معاشرت اور تعلق اور چیز ہے تملق اور چیز ہے تملق کا رنگ جدا ہوتا ہے اعتدال و حدود کے ساتھ تعلق اتنی نفرت کی چیز نہیں تملق نہایت بری چیز ہے امرار جو حقیر سمجھتے ہیں وہ صرف تملق کیوجہ سے سمجھتے ہیں اہل علم کی شان کے بالکل خلاف ہے کہ وہ امرار کے دروازوں پر جائیں آجکل دین کی تحقیر ہوتی ہے یہ تو وہ طبقہ ہے کہ پہلے زمانہ میں نقل کرنیوالے بھی اس سے پرہیز کرتے تھے عالمگیر رحمۃ اللہ علیہ جب تخت نشین ہوئے اور لوگونکو انعام تقسیم ہوا ایک بہروپیہ بھی آیا عالمگیر نے پہچان لیا اور یہ فرمایا کہ جب دھوکہ دوگے تب انعام ملے گا وہ چلا گیا مختلف وقتوں میں مختلف روپ بدلکر آیا مگر عالمگیر دھوکے میں نہ آئے اسکو معلوم ہوا کہ فلاں مہم پر بادشاہ جانیوالے ہیں کچھ مدت قبل سے رستہ کی منزل پر پہونچ گیا اور درویشانہ لباس اور صورت بناکر بیٹھ گیا شہر میں شہرت ہو گئی کہ بہت بڑے درویش آئے ہوئے ہیں لوگونکا اژدحام رہتا تھا عالمگیر جب اُس منزل پر پہونچے حسب معمول وزیر سے دریافت کیا کہ یہاں درویش یا عالم ایسے ہیں جن سے ملاقات کی جائے وزیر نے عرض کیا کہ حضور ایک بہت بڑے درویش یہاں مقیم ہیں فرمایا کہ ہم ضرور اُن سے ملاقات کریں گے یہ فرماکر اور

Marfat.com

۸ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز جمعہ

ملفوظ ۸۰ - ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ محبت عشقیہ اکثر معقل کی کمی سے ہوتی ہے

Marfat.com

جیسے ماں کو ایسی ہی محبت عقل ہی کی کمی کیوجہ سے ہوتی ہے بخلاف باپ کے کہ محبت اُسکو بھی ہوتی ہے مگر وہ عقل کیوجہ سے اُس سے مغلوب نہیں ہوتا۔

۸۱ ملفوظ - ایک صاحب کی غلطی پر مواخذہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ میں بہت تحمل کرتا ہوں مگر جب ایذا رکی برداشت نہیں ہو سکتی تب ضابطہ کی شرطیں لگاتا ہوں جسپر مجھکو بدنام کیا جاتا ہے۔

۸۲ ملفوظ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ متکبر امراء کو تو منہ ہی نہ لگانا چاہئے ان کے دماغ میں فرعونیت بھری ہوتی ہے الا ماشاء اللہ غرباء بیچارے محبت سے پیش آتے ہیں میں تو اکثر کہا کرتا ہوں کہ امراء کے پاس فلوس ہوتا ہے اور غرباء کے پاس خلوص ہوتا ہے جو امراء کے پاس کم ہوتا ہے اسپر ایک واقعہ بیان فرمایا کہ جلال آباد کے ایک رئیس خاں صاحب ملاقات کیلئے آئے اور پچیس روپیہ مجھکو دینا چاہے میں نے دس روپیہ لیلئے اور پندرہ روپے واپس کردئے اسلئے کہ اُس روز مجھکو دس ہی روپیہ کی ضرورت تھی لکڑیاں اوہار لے لی تھیں اُن خانصاحب نے اصرار بھی کیا مگر میں نے نہیں لئے بعد میں خانصاحب نے لوگوں سے بیان کیا کہ میں نے اول دس ہی روپیہ کی نیت کی تھی مگر پھر خیال ہوا کہ دس روپیہ میری شان کے بھی خلاف ہے اور اُسکی بھی اسلئے پندرہ اور ملا لئے غرض دس روپیہ خلوص کے تھے اور پندرہ ریا کے پھر فرمایا کہ ایسے پیسہ میں برکت بھی نہیں ہوتی غریبوں کو لوگ حقیر سمجھتے ہیں حالانکہ اُنکے ہر کام میں ہر بات میں سادگی اور خلوص ہوتا ہے گو فلوس نہیں ہوتا مگر باوجود قلیل ہونیکے اُسمیں برکت ہوتی ہے اسپر ایک غریب سقہ کی حکایت بیان فرمائی کہ لکھنؤ میں مولوی عبدالرزاق صاحب ایک بزرگ تھے درویش بھی تھے عالم بھی تھے اُنکی ایک سقہ نے دعوت کی جسوقت مولوی صاحب کھانا کھانے چلے راستہ میں ایک بددماغ رئیس مل گئے اور یہ معلوم کرکے کہ کہاں جارہے ہیں کہا کہ ایسی جگہ جانیسے ذلت ہوتی ہے مولوی صاحب نے لطیفہ کیا کہ اُس سقہ سے کہا بھائی ذلت کو کون گوارا کرتا ہے اسلئے میں اب دعوت میں نہیں جاتا وہ رونے لگا اور ہاتھ جوڑنے لگا مولوی صاحب نے فرمایا کہ اگر انکو بھی لے چلے تو میں چلوں وہ اُنکی خوشامد کرنے لگا اُنہوں نے بہانے کئے مگر وہ برابر خوشامد سے اصرار کرتا رہا اُن رئیس صاحب کے بعض معاصرین وہاں آگئے اُنہوں نے مجبور کیا کہ ایک غریب

Marfat.com

مسلمان خوشامد کر رہا ہے کیوں نہیں جاتے آخر گئے وہاں پہونچے تو دیکھا ایک ایک فرلانگ تک چھڑکاؤ ہو رہا ہے اور دو سو ڈھائی سو سقہ قطار باندھے ادب سے کھڑے ہیں اور فرش اور روشنی کا بھی معقول انتظام ہے غرضکہ ہر بات سے محبت اور خلوص معلوم ہوتا تھا پھر کھانے میں بھی بیحد خاطر داری اور نیازمندی کا برتاؤ ہو رہا تھا آخر اسی مجلس میں رئیس صاحب کی رائے بدل گئی کہ عزت واقعی غریبوں ہی سے ملنے میں ہے خدمت کرتے ہیں اور احسان مانتے ہیں بخلاف متکبرین امراء کے اگر کچھ کرتے بھی ہیں تو وہ بھی اس طریق سے جیسے دوسرے پر کوئی بڑا احسان کیا ہو حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ غرباء سے بہت محبت کرتے تھے جب کوئی غریب مہمان ہوتا اچھے اچھے کھانے کھلاتے اور امراء کو ساگ دال ایسی چیزیں اور پوچھنے پر بطور لطیفہ کے فرماتے کہ مہمان کو لذیذ کھانا کھلانا چاہئے اور کل جدید لذیذ کے قاعدہ سے جدید کھانا لذیذ ہوتا ہے اور غرباء کیلئے وہ جدید ہے اور امراء کیلئے یہ

ملفوظ ۸۳ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ صحابہ تو بڑی چیز ہیں وہ اگر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر فدا ہوں تو کیا عجیب ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تو وہ ذات ہے کہ جانور تک آپ پر نثار تھے حضور نے حجۃ الوداع میں ترسٹھ اونٹ اپنے دست مبارک سے ذبح کئے اور بقیہ حضرت علی رضہ سے کرا کر سو پورے فرمادئے اور ترسٹھ کے عدد میں ایک لطیفہ ہے کہ شاید یہ اشارہ ہو حضور کے سنین عمر کے عدد کی طرف تو ذبح کرنیکے وقت ہر ایک اونٹ آپ کی طرف سبقت کرتا تھا کہ پہلے حضور مجھکو ذبح کریں حدیث کے یہ الفاظ ہیں کلہن یزدلفن الیہ اور اس سے جیسی حضور کی شان مجبوبیت معلوم ہوتی اسیطرح شان سلطنت معلوم ہوتی ہے کیونکہ سوا اونٹ تو عادۃً کوئی بادشاہ بھی ذبح نہیں کرتا اور اگر کسی بادشاہ نے اسقدر اونٹ قربانی کر بھی دئے تو یہ مجبوبیت تو نصیب نہیں ہو سکتی میں آپکی اس شان مجبوبیت پر ایک شعر پڑھا کرتا ہوں ؎

ہمہ آہوان صحرا سر خود نہادہ بر کف — بامید آنکہ روزے بشکار خواہی آمد

ملفوظ ۸۴ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ پہلے بزرگ تو بادشاہوں کی بھی پروا نہیں کرتے تھے اپنے والد ماجد مرحوم سے سنا ہے کہ کوئی بادشاہ ایک درویش سے ملاقات کیلئے پہونچے خادم نے بادشاہ کو دروازہ پر روک دیا یہ خدام بھی غضب کے ہوتے ہیں انکی نظر میں سوائے اپنے شیخ کے

Marfat.com

اور کسی کی کچھ بھی وقعت نہیں ہوتی اور یہ کہا کہ بدون اجازت کے اندر جانیکی ممانعت ہے بادشاہ رک گیا مگر غصہ میں بھر گیا غرض خادم نے اطلاع کی وہاں سے داخلہ کی اجازت ہوگئی بادشاہ درویش کے پاس پہونچے بیٹھتے ہی کہا مصرع در درویش را دربان نباید۔ وہ بزرگ فرماتے ہیں۔ نباید تا سگ دنیا نیاید۔ کیسی جرأت اور ہمت کی بات ہے پھر بادشاہ کچھ نہیں بولا دم بخود رہ گیا۔

۸۵ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ احکام میں جو شبہات پیدا ہوتے ہیں بجائے جزئی جوابوں کے اسکا جو اصلی سبب ہے اُسکا علاج کرنا چاہئے اور وہ سبب خدا کی محبت اور عظمت کا نہ ہونا ہے پس اُسکا علاج یہ ہے کہ خدا سے محبت پیدا کرو اور قلب میں نکی عظمت پیدا کرو پھر اُسکے پیدا کرنیکا طریق صرف یہ ہے کہ کسی کی جوتیوں میں جاکر پڑ جائے انشاء اللہ تعالیٰ اس سے وہ عظمت و محبت پیدا ہوگی اور اُس سے تمام شبہات کا ازالہ خود بخود ہو جائیگا مولانا رومیؒ اسی کو فرماتے ہیں ؎

قال را بگذار مردِ حال شو　　پیش مردے کاملے پامال شو

پھر تو یہ حالت ہوگی ؎

ما اگر قلاش گر دیوانہ ایم　　مست آں ساقی و آں پیمانہ ایم

اوست دیوانہ کہ دیوانہ نہ شد　　مرعسس را دید و در خانہ نہ شد

غرض طریق یہ ہے نہ کہ قیل و قال اور خود تو قال و قیل بہت بعید ہے ان حضرات کی تو یہ حالت ہے کہ دوسرے کی قیل و قال کا بھی جواب نہیں دیتے ؎

یا مدعی بگو ئید اسرار عشق و مستی　　بگذار تا بمیرد در رنج خود پرستی

اور اپنے لئے وہ طریق عمل اختیار کرتے ہیں جیسی ایک حکایت ہے کہ ایک شخص بانسری بجا رہا تھا اُسکا گوز نکل گیا تو اُس نے منہ پر سے بانسری ہٹا کر اسفل کی طرف لگا دی کہ لے بی تو ہی بجا لے اگر تو ہی اچھا بجانا جانتی ہے اسمیں ایک لطیفہ بھی ہے کہ مدعی کو ایک گندی چیز سے تشبیہ دی گئی ہے

۸۶ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک شخص کہتے تھے کہ میں نے سرسید سے سنا کہ میری تصنیفات دیکھکر کوئی مسلمان عیسائی نہیں ہو سکتا ہاں دہری ہو سکتا ہے اپنی تصنیفات کی برکات کا خود ہی اقرار ہے۔

بانتہ ماہ شعبان المعظم ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

ملفوظ۱۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ انسان کی حقیقت ہی کیا ہے اور کیا اپنی کسی چیز پر یا اپنے کمال پر ناز کرسکتا ہے جب کہ حسیات تک میں غلطیاں کرتا ہے ایک مرتبہ رنگون میں تماشہ ہوا جس کمرے میں ہم لوگ ٹھیرے ہوئے تھے اسمیں ایک شیشہ قدآدم سے بھی اونچا لگا ہوا تھا عشار کی نماز پڑھکر جو میں آیا اور ساتھی بھی ہمراہ تھے تو یہ معلوم ہوا کہ اُدھر سے ایک مجمع چلا آرہا ہے ..... میں نے کہا کہ دیکھئے آرام کیوقت بھی لوگ پیچھا نہیں چھوڑتے چلے آرہے ہیں ایک ساتھی نے کہا کہ صاحب سامنے شیشہ ہے اُسمیں ہم ہی لوگوں کا عکس پڑرہا ہے اُسوقت میرا اعتراض اس کا مصداق ہوگیا۔ ؎

حملہ بر خود میکنی اے سادہ مرد ہمچو آں شیرے کہ بر خود حملہ کرد

۹ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم شنبہ

ملفوظ۱۸۸۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میرٹھ میں ایک صاحب تھے رئیس اُنھوں نے ایک عجیب اور مفید بات کہی کہ اکثر لوگ آمدنی بڑھانیکی فکر میں پڑجاتے ہیں یہ غلطی ہے اسلئے کہ آمدنی بڑھانا غیر اختیاری ہے خرچ کم کرنیکی فکر چاہئے اور یہ اختیاری ہے یہ بات مجھکو تو بہت ہی پسند آئی رئیسوں کا تو ایسی مفید باتوں کی طرف ذہن بھی نہیں جاتا وہ تو شب و روز اور ہی دُھن میں رہتے ہیں اور چونکہ اصول صحیحہ کا نہ علم نہ عمل تو بتلایئے کہ مسلمانوں کی تجارت چلے کیسے ایک عزیز تھے اُنھوں نے چاولوں کی تجارت کی جب جی چاہا گھر والوں نے چاول نکال لئے اور پلاؤ پکالیا چند روز میں سب ختم۔ ایک اور عزیز تھے گنگوہ میں اُنھوں نے کپڑے کی تجارت کی جب کبھی آتی گھر والوں کو اجازت دیجاتی کہ اپنی پسند کے کپڑے نکال لو آخر نتیجہ یہ ہوا کہ سب ختم۔ ایک آفت غیر محدود اُدھار دینے کی ہے ایک شخص مجھسے کہنے لگے کہ بدون اُدھار کے دوکان نہیں چلتی میں نے کہا کہ جی ہاں ایسی چلتی ہے کہ بالکل ہی چلدیتی ہے میرٹھ میں ایک بزاز تھا وہ اُدھار نہیں دیا کرتا تھا اور ایک عجیب بات کہا کرتا جو عنوان میں تو ایک نکتہ ہے شاعرانہ مگر مضمون بمعنی خیز ہے کوئی گاہک آیا اور اُس نے کپڑا پھڑوایا اور داموں کو کہا کہ پھر بھیجدو نگاہ وہ کپڑا اٹھاکر رکھ لیتا کہا کرتا تھا کہ

Marfat.com

ہم اور ہمارا سودا یہ دو ہوئے اور وہ اور اسکے دام یہ دو ہوئے برابر کا مقابلہ ہے اب اگر ہمنے سودا دیدیا تو وہ اور دام اور سودا تین ہوگئے اور میں بیچارہ اکیلا رہ گیا تو ایک تین کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

ملفوظ ۸۹ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ان حضرات اہل اللہ کی شان فنا ہی جدا ہوتی ہے اور اپنی جماعت کے بزرگوں سے ایسے گم ہو کر رہتے تھے کہ کوئی نیا شخص جانتا بھی نہ تھا کہ یہاں پر کوئی رہتا بھی ہے بس اپنے کو مٹا سا کر رکھتے تھے کیا انتہا ہے کہ حضرت مولانا دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں ایک معمولی ہندو ایک مہمان کے ساتھ ٹھہر گیا وہ دوسری جگہ مہمان تھا دوپہر کو پڑا ہوا سو رہا تھا مولانا سوتے ہوئے کے پیر دبانا شروع کر دئے مولوی محمود صاحب رامپوری مجھسے اس حکایت کو بیان کرتے تھے کہ وہ پڑا ہوا خرخر کر رہا تھا اور حضرت مولانا پیر دبا رہے تھے یہ دیکھکر دوڑے کہ حضرت میں دبا دوں لگا سختی کیساتھ انکی درخواست کو مسترد کر دیا ایک مرتبہ حضرت مولانا دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ اور میں ایک اسٹیشن پر جمع ہو گئے یہ اسٹیشن مراد آباد کا واقعہ ہے سیوہارہ والے بھی جا رہے تھے انہوں نے حضرت سے سیوہارہ اترنیکی درخواست کی جو منظور ہو گئی مجھسے بھی درخواست کی میں نے کسل طبع کا عذر کر دیا ان لوگوں نے کہا کہ ہم وعظ نہ کہلائیں گے میں نے سادگی سے کہا کہ بدون وعظ کہے ہوئے تو روٹی کھاتے ہوئے بھی شرم معلوم ہوتی ہے تو حضرت کیا فرماتے ہیں ہاں بھائی ایسے بے شرم تو ہم ہی ہیں کہ بے کام کے روٹیاں کھاتے ہیں مجھکو اسقدر شرمندگی ہوئی کہ معذرت بھی پیش نہ کر سکا یہ تو حضرت کی حالت خادموں کیساتھ تھی مگر متکبرین کی نسبت فرمایا کرتے کہ انکو کھانا بھون بھیجنا چاہئے وہاں انکا دماغ درست ہوگا اور یہ سب حضرت کی حالت تھی دوسرا کیا سمجھ سکتا ہے اور حال کی یہی شان ہے کہ جسپر گذرتا ہے وہی جانتا ہے دوسرا بیان نہیں کر سکتا خوب کہا ہے ؎

اے ترا خار سے پا نشکستہ خبر اے کہ شمشیر بلا بر سر شورید چہ رفت

میں ایک بزرگ کی حکایت بیان کر رہا تھا کہ یہ معلوم کر کے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم آٹے کو چھنواتے نہ تھے بے چھنے آٹے کی روٹی کھانے لگے جو کے چھلکے سخت ہوتے ہیں اُن سے پیٹ

Marfat.com

ہیں درد ہو گیا اب اُنکا ادب دیکھئے کہتے ہیں کہ یہ درد اس گستاخی کی سزا ہے کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سادات کا دعویٰ کیا جسوقت میں یہ حکایت بیان کر رہا تھا میرے پاس ایک غیر مقلد صاحب بیٹھے تھے کہنے لگے کہ یہ تو خلاف سنت ہے میں نے کہا کہ آپ خاموش رہیں آپ اس واقعہ کی حقیقت نہیں سمجھ سکتے جسکو خدا تعالیٰ ذوق عطا فرماویں وہی سمجھ سکتا ہے بہت سی باتیں ذوقی ہوتی ہیں اس ذوق پر ایک اور بزرگ کا مقولہ یاد آگیا وہ کہتے تھے کہ مجھکو اس پر خوف ہے کہ کہیں یہ سوال نہ ہو کہ تو اتنا متقی کیوں تھا وجہ یہ کہ بعض اوقات یہ تقوی اس حد تک پہونچ جاتا ہے جو زہد بارد کھلاتا ہے مثلاً ایک گیہوں کا دانہ راستہ میں پڑا ہوا مل جائے اُسکو لیکر پوچھتا پھرے کہ یہ کس کا ہے اسکی نسبت فقہا نے فرمایا ہے کہ یعزّر یعنی اُسکو قاضی کے یہاں حاضر کر کے سزا دلائی جائیگی معلوم ہوا کہ تقویٰ کی بھی حد ہے یہ معنی ہیں اس بزرگ کے مقولہ کے

ملفوظ ۹۰- ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ علماء سے تو کوئی غیر ضروری سوال کرے اسکا بھی جواب دیدیتے ہیں مگر صوفیا کہتے ہیں کہ ایسے وقت چپ بیٹھے رہو اسکی وجہ سے وہ بڑی رات ۲۵
ہیں ہیں۔

ملفوظ ۹۱- ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمۃ کے متعلق بچپن میں میں نے ایک بزرگ سے سنا تھا کہ اُس زمانہ میں انکا لقب تاج الاولیا تھا بہت لوگوں نے حکمت میں کلام لکھا ہے مگر اُنکو نہیں پہونچ سکا وہ بات اخلاص کی قبول کی کوئی کہاں سے لاویگا

ملفوظ ۹۲- ایک دیہاتی شخص نے آکر تعویذ مانگا فرمایا کہ صبح کیوقت تعویذ دینے کا معمول نہیں ہے بعد نماز ظہر تعویذ ملتا ہے اسوقت آجانا میں انشاء اللہ تعالیٰ تعویذ لکھدونگا اسی سلسلہ میں فرمایا کہ میں جو تعویذ دیتا ہوں اُسکی حقیقت یہ ہے کہ وقت پر مناسب اُسی حالت کے جو آیت یا حدیث یاد آجاتی ہے وہ لکھدیتا ہوں باقی مجھے تعویذ گنڈوں سے قطعاً مناسبت نہیں مگر حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تھا کہ اگر کوئی آیا کرے تو اللہ کا نام لکھکر دیدیا کرنا اور میری ناواقفی کے عذر پر یہ بھی فرمایا کہ جو سمجھ میں آجائے لکھدیا کرو اسلئے میں لکھدیتا ہوں اور بڑا تعویذ تو بزرگوں کا دعا ہوتی ہے حضرت حاجی صاحبؒ نے حکایت فرمائی

Marfat.com

تھی حضرت سید صاحبؒ کی تعویذیں ہر مرض کیلئے صرف یہ لکھا کرتے تھے۔ خداوندا اگر منظور داری۔ حاجتش را براری ایک مرتبہ حضرت گنگوہی رحمہ اللہ علیہ کے پاس ایک شخص نے آکر غالباً یہ کہا کہ حضرت میرا نکاح نہیں ہوتا آپنے تعویذ لکھکر دیا اسمیں یہ لکھا کہ اے اللہ میں کچھ جانتا نہیں اور یہ مانتا نہیں یہ تیرا غلام تو جانے اور تیرا کام بس نکاح ہو گیا۔

۹ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم شنبہ

۹۳ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مسلمانوں کی حالت روز بروز ابتر ہوتی چلی جاتی ہے ہر وقت دل کڑھتا ہے بڑی خرابی جو پیدا ہو رہی ہے وہ یہ ہے کہ دوست کو دشمن اور دشمن کو دوست خیال کر بیٹھے ہیں اگر حق کا اتباع کریں تو انشاء اللہ تعالیٰ چند روز میں کایا پلٹ ہو جائے مگر سنتا کون ہے معاملہ بالکل اسکا مصداق ہو رہا ہے

کون سنتا ہے کہانی میری اور پھر وہ بھی زبانی میری

کوٹ پتلون والوں کی سنتے ہیں ڈھیلے کرتے خلخلہ پاجامہ والوں کی کیا سنیں اور مجھ میں ذرا کدورت کا مرض ہے تو میری شکایت ہوتی ہے میں اکثر یہ پڑھ دیتا ہوں۔ ؎

دوست کرتے ہیں شکایت غیر کرتے ہیں گلہ کیا قیامت ہے مجھی کو سب برا کہنے کو ہیں

اور کبھی یہ پڑھ دیتا ہوں ؎

خود گلہ کرتا ہوں اپنا تو نہ سن غیروں کی بات ہیں یہی کہنے کو وہ بھی اور کیا کہنے کو ہیں

اور کبھی یہ پڑھ دیتا ہوں۔ ؎

ہاں وہ نہیں وفا پرست جاؤ وہ بے وفا سہی جسکو ہو جان و دل عزیز اسکی گلی میں جائے کیوں

۹۴ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ امراء کی طرف طبعاً میلان تو ہوتا ہی ہے اور یہ میلان مذموم نہیں جیسے کسی حسین کو دیکھکر میلان ہوتا ہے ہاں اسکے مقتضاء پر عمل نہ کرنا چاہئے اگر ایسا کریگا یہ مذموم ہوگا۔

۹۵ ملفوظ۔ ایک کم سن لڑکے نے آکر کہا کہ بخار کا تعویذ دیدو فرمایا کہ بیٹھ جاؤ لکھتا ہوں یہ فرماکر فرمایا کہ دیکھئے فطری چیز یہ ہے کہ اپنی حاجت صاف کہدی مگر اب لوگ فطرت کے خلاف

Marfat.com

اُسکی تعلیم دیتے ہیں کہ یہ نہ کہنا چاہیئے یہ نہ کرنا چاہیئے تکلف سکھلاتے ہیں اصل فطرت بچونکی ہے کہ وہ آکر کہدیتے ہیں کہ فلاں چیز کا تعویذ دیدو۔

ملفوظ ۹۶ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ پیوندزدہ کرتہ یا پیوندزدہ پاجامہ پہننا ذلت نہیں ذلت یہ ہے کہ کسی کے سامنے اپنی احتیاج پیش کیجاوے خصوص دنیادارونکے سامنے کیمیا گر کو دیکھ لیجئے لنگوٹا بندھا ہوتا ہے مگر بڑے بڑے دنیادار پیچھے پیچھے پھرتے ہیں تو وہ کس چیز کی قدر اور عزت ہے صرف کمال کی عزت اور قدر ہے پھر اگر دنیا کا کمال ہے کم عزت ہے اور اگر دین کا کمال ہے تو زیادہ عزت ہے ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اس زمانہ میں بقدر ضرورت پیسہ پاس رکھنا چاہیئے آجکل اُسکی بڑی ضرورت ہے یہ زہد اور تقوی کے منافی نہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سال بھر کا صرفہ اپنی بیبیونکو عطا فرمادیتے تھے افلاس بُری چیز ہے اس سے کفر تک نوبت پہونچ جاتی ہے اسلئے میں اسراف کو بخل سے زیادہ بُرا سمجھتا ہوں گو لوگ اُسکو زیادہ بُرا سمجھتے ہیں مگر وہ خود تو خوش ہے کہ ہمارے پاس ہے اور ہم نے کسی بخیل کو مرتد ہوتے نہیں دیکھا اور اسراف کرنیوالے ہزاروں مرتد ہوگئے۔

ملفوظ ۹۷ - ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ مقتدا تو کسی مذہب کے بھی مقدس نہیں بجز مسلمانوں کے۔

ملفوظ ۹۸ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بدفہمی اور کم عقلی بھی کمبخت بُری ہی چیزیں ہیں۔

ملفوظ ۹۹ - حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ میرٹھ میں مثنوی شریف پڑھاتے تھے ایک درویش بھی شریک ہوتے تھے کئی روز مثنوی شریف سنکر کہتے ہیں کہ مولانا اگر درویش بھی ہوتے تو کیا اچھا ہوتا اُنھوں نے ایک روز محبت سے کہا کہ میں آپکو توجہ دینا چاہتا ہوں ذرا بیٹھ جائیے انکی نیت یہ تھی کہ کسی کیفیت محمودہ کا مولانا پر القا کریں حضرت مولانا براہ تواضع بیٹھ گئے وہ متوجہ ہوئے تھوڑی ہی دیر میں گھبرا کر کہنے لگے کہ حضرت بڑی گستاخی ہوئی معاف فرمائیے مجھکو کیا خبر تھی آپ کتنی دور پہونچے ہیں اسی سلسلہ میں فرمایا کہ ایک صاحب سے جنھوں نے مولانا موصوف اور حضرت حاجی صاحب کا درس مثنوی سنا تھا کسی نے پوچھا کہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحبؒ اور حاجی صاحبؒ کے مثنوی پڑھانیمیں کیا فرق ہے کہا کہ حضرت حاجی

Marfat.com

صاحبؒ تو مثنوی پڑھاتے تھے اور مولانا نہ معلوم کیا پڑھاتے تھے عجیب جواب ہے دونوں پہلو نکل سکتے ہیں ایک اور درویش نے کہا ہے کہ حضرت حاجی صاحبؒ کا مثنوی پڑھانا ایسا ہے کہ یہ مکان کے اندر لیجا کر کھڑا کر دیا کہ خود دیکھ لو۔

۱۰۰ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ دنیا میں آسمان دار ہو کر رہنا چاہئے زمیندار ہو کر نہیں رہنا چاہئے ہیں تو سماع کے متعلق بھی اکثر کہا کرتا ہوں کہ پہلے اہل سماع اہل سماء تھے اور آجکل کے اہل سماع اہل ارض ہیں اسکے مصداق ولکنہ اخلد الی الارض واتبع ہواہ یہ سو اہل ارض ہونا کوئی کمال کی بات نہیں اہل سماء ہونا کمال کی بات ہے اسپر یہ شعر یاد آگیا ؎

گدائے میکدہ ام لیک وقت مستی بیں ۔ کہ ناز بر فلک و حکم بر ستارہ کنم

۱۰۱ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جب طبیعت میں سلامتی ہوتی ہے ہر چیز اسکی معتدل ہوتی ہے

۱۰۲ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ لوگ کہتے ہیں کہ رازی اور غزالی پیدا ہونا بند ہو گئے مگر بالکل غلط ہے ہمارے حضرات رازی اور غزالی سے کم نہ تھے علوم میں بھی کمال میں بھی بات یہ ہے کہ حیات میں قدر نہیں ہوتی مر جانیکے بعد رحمۃ اللہ علیہ اور پچاس برس گذر جانیکے بعد قدس سرہٗ ہو جاتے ہیں اور اس تماثل کے معلوم ہونیکا بڑا اچھا معیار ہے انکی تحقیقات کو بھی دیکھ لیا جائے اور ان حضرات کی بھی اس سے معلوم ہو جائیگا۔

۱۰ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح بعد نماز عید الاضحیٰ بروز یوم یکشنبہ

۱۰۳ ملفوظ۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت جو لوگ یہاں مسجد خانقاہ میں نماز نہیں پڑھ سکتے وہ عیدگاہ میں پڑھیں گے وہاں بعد میں ہوتی ہیں کیا وہ اُس نماز عیدگاہ کے قبل قربانی کر سکتے ہیں فرمایا ہاں کر سکتے ہیں نماز ہو جانا چاہئے جہاں تعدد ہو ایک جگہ نماز ہو جانا کافی ہے قربانی کر سکتے ہیں۔

۱۰۴ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک گستاخ ہندو نے ناری میں ایک کتاب منظوم لکھی ہے اسمیں ختنہ پر اعتراض کیا ہے کہ یہ مسلمانوں کے شعار ہیں ہے تو گویا انکے مذہب کی اسپر

Marfat.com

بنیاد ہے اور بد تہذیبی سے یہ مصرع لکھا ہے۔ یقینیم شد کہ بر کبرست بنیاد مسلمانی ایک صاحب نے نظم ہی میں اُسکی کتاب کا جواب لکھا ہے چنانچہ اس تمسخر کا یہ جواب دیا ہے کہ کوئی اپنی بنیاد کو قطع نہیں کیا کرتا بنیاد تو اُسپر تمھارے مذہب کی ہوئی کہ اسکو باقی رکھتے ہو نہایت لطیف جواب ہے۔ وہ شعر مجھکو یاد نہیں رہا مضمون یاد رہ گیا۔

۱۰۵ **ملفوظ**۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ عید الفطر کی نماز ذرا دیر سے اور عید الضحیٰ کی نماز اُس سے سویرے ہو نیمیں حکمت یہ ہے کہ اسمیں صدقہ الفطر کے تقسیم کی رعایت رکھی ہے اسلئے اسمیں گنجایش وقت کی رکھی اور اسمیں قربانی کی رعایت کی ہے کہ تعجیل مستحب ہے۔

۱۰۶ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بزرگوں نے مشتبہ مال سے بچنے کا بھی بڑا اہتمام کیا ہے حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رح کی ایک شخص نے دعوت کی کھانا مشتبہ تھا آپنے اُسکی دلجوئی کیلئے کھا تو لیا مگر گھر پر آکر قے کر کے سب نکالدیا اسمیں ایک طالب علمانہ شبہ ہو سکتا ہے وہ یہ کہ تناول کا ارتکاب تو ہو ہی چکا تھا جو مذموم ہے پھر ایسا کرنیسے کیا نفع ہوا جواب یہ ہے کہ ایک تو فعل ہو یعنی کھانا وہ تو بیشک واقع ہو چکا مگر دوسری چیز ہے جزء بدن بننا جزء بدن بننے سے جو ظلمت ہوتی اُس سے بچاؤ کیا جیسا حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بے خبری میں اجرت کہانت کا دودھ پی لیا تھا حسپر کوئی مواخذہ نہ تھا مگر پھر بھی خبر ہونیکے بعد قے کر دی اُسکا بھی یہی نفع تھا حدیث کل لحم نبت من السحت فالنار اولی بہ میں اس طرف اشارہ بھی ہو سکتا ہے باقی رہا شبہ مشتبہ کھانیکا تو وہ فتویٰ سے حرام نہ تھا دل جوئی کی مصلحت اُس میں بھی کراہت پر راجح تھی یہاں جزء بدن بننے کے متعلق ایک ضروری تنبیہ ہے کہ اگر حرام کا تناول بقصد نہ ہو تو محض جزء بدن بن جانا موجب نار نہیں پھر اشارہ کی حقیقت یہ ہو گی کہ گو یہ خود معصیت نہ ہو مگر اس سے اب مادہ پیدا ہو گا کہ وہ معصیت کی طرف داعی ہو گا سو اگر کوئی مقاوم قوی نہ ہوا تو بواسطہ صدور اختیاری کے نار کیلئے موجب ہو جائیگا۔

۱۰۷ **ملفوظ**۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ بازار میں کھانے والیکی شہادت اسوجہ سے معتبر نہیں کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں وقار نہیں سو احتمال ہو گیا کہ جھوٹ بولنے سے جو وقار کم ہو جاتا ہے شاید یہ اُسکی بھی پروانہ کرے

Marfat.com

ملفوظ ۱۰۸ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل اموال کے متعلق احتیاط لوگوں میں بہت ہی کم رہ گئی ہے خصوص اہل مدارس میں انکو مختلف مالیات سے سابقہ بھی زیادہ پڑتا ہے اسلئے یہ بہت کم احتیاط کرتے ہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی بی بی کیلئے ہرقل کی بی بی نے ایک بوتی نہایت قیمتی بھیجا حضرت عمر رض نے یہ سمجھکر کہ اگر یہ امیر المومنین کی بی بی نہ ہوتیں تب کہاں ملتا بیت المال میں داخل کر دیا۔

ملفوظ ۱۰۹ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اہل یوروپ کو لوگ بڑا عاقل سمجھتے ہیں بالکل غلط ہے مادیات میں تو بیشک دماغ کام کرتا بھی ہے باقی علوم سے کچھ بھی مناسبت نہیں۔

ملفوظ ۱۱۰ - میں نے ایک حاکم سے پوچھا تھا کہ آپ لوگوں کے دورے کے فیصلوں میں اور خاص مرکز کے فیصلوں میں کچھ فرق ہوتا ہے اُنھوں نے کہا کہ بہت بڑا فرق ہے حالانکہ دونوں مجلس حکم ہیں اور جہاں ایک مجلس حکم ہو ایک نہ ہو وہاں تو بہت ہی بڑا تفاوت ہے حتی کہ یہ مسئلہ ہے کہ قاضی مجلس قضا میں حکم کرے وہ نافذ ہے اور اگر غیر مجلس قضا میں حکم دے وہ نافذ نہیں۔

ملفوظ ۱۱۱ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعض لوگ کفار کی ایک جماعت کو بُرا کہتے ہیں اور بعض دوسری جماعت کو میں کہتا ہوں کہ دونوں بُرے ہیں فرق صرف اتنا ہے کہ ایک نجاست مرئیہ ہے ایک نجاست غیر مرئیہ اور ہیں دونوں نجاست دونوں شیطان کے۔

ملفوظ ۱۱۲ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل بے پردگی کی عام زہریلی ہوا چل گئی ہے قطعاً جھجک نہیں رہی حیا شرم نہیں رہی اور جھجھک بڑی صفت ہے میری طالب علمی کے زمانہ میں ایک طالب علم نے دیوبند میں مجھسے حکایت بیان کی تھی کہ مدراس میں ایک قاضی کا انتقال ہوا اُن کے لڑکے نے عید کی نماز پڑھائی بلا جھجک اسپر ایک دانشمند شخص نے کہا کہ یہ صحیح النسب معلوم نہیں ہوتا تحقیق سے معلوم ہوا کہ بالکل صحیح ہے جھجھک تو شرافت کے لوازم سے ہے مگر آجکل یہ جھجک لڑکوں میں تو کیا لڑکیوں اور عورتوں میں بھی نہیں رہی۔

ملفوظ ۱۱۳ - ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ جھک مارتے ہیں جو اظہار حق کو بد اخلاقی کہتے ہیں امر حق کا ظاہر کرنا بد اخلاقی نہیں بلکہ اعلیٰ درجہ کی خوش اخلاقی ہے البتہ

Marfat.com

اسکا عکس بداخلاقی کہلائیگی ارشاد ہے لایخافون فی اللہ لومۃ لائم تو کیا بداخلاقی پر روح کیگئی ہے لوگوں نے آجکل جسطرح تواضع کے معنے گھڑ رکھے ہیں اسیطرح اخلاق کے معنے بھی گھڑ رکھے ہیں تواضع کے معنی تو پان حقہ پیش کرنیکے سمجھتے ہیں اور اخلاق کے معنی یہ سمجھتے ہیں کہ کسی کو کچھ نہ کہے ہر بات میں ہاں میں ہاں ملاتا رہے

۱۱۴/ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آریہ بہ نسبت سناتن دہریوں کے زیادہ مشرک ہیں تین قدیم بالذات کے قائل ہیں خدا تعالیٰ اور مادہ اور روح میں تو انکو آریہ کہا کرتا ہوں بخلاف سناتن دہریوں کے وہ قدیم بالذات ایک ہی کو کہتے ہیں اور دوسرے بعض مخلوقات کیساتھ اُس ایک کے حلول یا اتحاد کے قائل ہیں گو یہ بھی شرک و کفر ہے -

۱۰ ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم یکشنبہ

۱۱۵/ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک مرتبہ حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب کے یہاں مجھپر ڈانٹ پڑی تھی میں رات کو پہونچا تو بہت خفا ہوئے کہ یہ وقت آنیکا ہے تمکو خدا کا خوف نہ آیا تمکو رہین نہ نگل گئی میں نے دلمیں کہا کہ جو چاہو کہہ لو ہم تو سننے ہی کے واسطے آئے ہیں اُس وقت تو اسکا استحضار تھا - ؎

تو بیک زخمے گریزانی ز عشق ٭ تو بجز نامے چہ میدانی ز عشق ٭

اللہ کا شکر ہے کہ مجھکو برا نہیں معلوم ہوا - مولانا کی باتیں عجیب ہوتی تھیں ایک شخص نے مولد کے متعلق سوال کیا فرمایا کہ میاں ہم تو ہر وقت مولد ہی میں رہتے ہیں لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ پڑھتے ہیں اگر آپکی ولادت نہ ہوتی تو یہ کلمہ کہاں نصیب ہوتا - ایک شخص نے سوال کیا کہ حضرت اور معاملات میں تو دو شاہد کافی ہیں زنا میں چار شاہدوں کی شرط کیوں ہے فرمایا کہ دو کا بھی فعل ہے اہ مگر یہ نکتہ کے درجہ میں ہے -

۱۱۶/ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ان حضرات میں تادیب کے وقت بھی کبر نہیں ہوتا حدت ہوتی ہے شدت نہیں ہوتی درستی ہوتی ہے درشتی نہیں ہوتی -

Marfat.com

۱۱۷ ملفوظ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت مولانا فضل الرحمن صاحب سے ایک شخص نے مفقود الخبر کے متعلق کہا کہ اسمیں تو بڑا حرج ہے فرمایا جی ہاں جہاد میں اس سے بھی بڑا حرج ہے گرمی کے روزوں میں بھی بڑا حرج ہے سبکو قرآن میں سے نکالدو حرج حرج لئے پھرتا ہے۔

۱۱۸ ملفوظ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت اعتقاد کا بڑا مدار حسن ظن پر ہے جسکے ساتھ حسن ظن ہوتا ہے اسکی ہر بات اچھی معلوم ہوتی ہے اور جسکے ساتھ حسن ظن نہ ہو اسکی اچھی بات بھی بری معلوم ہوتی ہے اور آجکل کے اکثر غیر مقلدوں میں تو سوء ظن کا خاص مرض ہے کسی کیساتھ بھی حسن ظن نہیں بڑے ہی جری ہوتے ہیں جو جی میں آتا ہے جسکو چاہتے ہیں جو چاہیں کہہ ڈالتے ہیں ایک سنت کی حمایت میں دوسری سنت کا ابطال کرنے لگتے ہیں اور اسکو مردہ سنت کا احیاء کہتے ہیں اسکے متعلق مولانا شاہ عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے خوب جواب دیا تھا مولانا شہید رحمۃ اللہ علیہ کو انھوں نے جہر بالتامین کی متعلق کہا تھا کہ حضرت آمین بالجہر سنت ہے اور یہ سنت مردہ ہو چکی اسلئے اسکے زندہ کرنیکی ضرورت ہے شاہ عبدالقادر صاحب نے فرمایا کہ یہ حدیث اس سنت کے باب ۳۲ میں ہے جسکے مقابل بدعت ہو اور جہاں سنت کے مقابل سنت ہو وہاں یہ نہیں اور آمین بالسر بھی سنت ہے تو اسکا وجود بھی سنت کی حیات ہے مولانا شہید نے کچھ جواب نہیں دیا واقعی عجیب جواب ہے۔ حضرت مولانا دیوبندیؒ ایک بار خورجہ تشریف لے گئے وہاں پر بھی ایک غیر مقلد نے یہ کہا تھا کہ یہ سنت مردہ ہو گئی ہے اسلئے میں جہر سے کہتا ہوں آپنے فرمایا لیکن غیر مقلدو تمہیں آمین بالسر مردہ ہو گئی وہاں آمین بالسر کہا کرو تو وہ غیر مقلد گھبرا کر کہتا ہے واہ صاحب خوب فرمایا کہ یہاں بھی پٹوں اور وہاں بھی۔

۱۱۹ ملفوظ - حضرت مولانا دیوبندیؒ کی تواضع کا ذکر تھا اس سلسلہ میں فرمایا کہ میں جب کبھی دیوبند گیا بہت کم ایسا اتفاق ہوا کہ میں حاضری میں سبقت کر سکا ہوں ورنہ خود حضرت تشریف لے آتے تھے پھر فرمایا کہ اگر طریقت میں داخل ہو کر تواضع بھی نہ ہوئی تو کچھ بھی نہ ہوا۔

۱۲۰ ملفوظ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مسلمانوں کو جو دینی دولت ملی یہ سب قرآن و حدیث کی بدولت ملی سلامت طبع سلامت فہم سلامت عقل ذہانت فقہا ہی کو دیکھ لیجئے کہ ان حضرات کا کیا رنگ ہے بڑے بڑے فلاسفر انکے سامنے گرد ہیں فقہ سے خاص طور پر سلامت فہم پیدا ہوتی ہے

رسالہ البلاغ ۱۲ ج ۱

۱۳۵۶ھ

Marfat.com

مولوی ناظر حسن وکیل تھے رامپور میں بڑے بڑے بیرسٹروں کے کان کترتے تھے وہ کہتے تھے کہ میں نے فقہ سمجھکر پڑہا ہے واقعی اگر کوئی درسی کتابیں سمجھکر پڑھ لے تو اسکا مقابلہ بڑے بڑے ڈگری یافتہ کر نہیں سکتے اس سے عقل میں خاص ترقی ہوتی ہے۔

۱۲۱ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فن طریقت کے امام تھے حضرت کی بصیرت کا کیا ٹھکانا تھا مجھکو بیعت کرنیکے وقت یہ شرط لگائی تھی کہ پڑہنے پڑہانیکے شغل کو ترک نہ کرنا اس سے اندازہ ہوتا ہے دینی ضرورت کا کس درجہ ادراک تھا اسی لئے علماء کا بیحد احترام فرماتے تھے ایک مرتبہ مولوی رحمت اللہ صاحب نے حضرتؒ پر کچھ اعتراضات کئے حضرت کو بھی طبعًا ناگواری ہوئی اور جواب دیکر یہ بھی فرمایا کہ اگر میں اپنے بچونکو بلا لونگا تو ناطقہ بند کر دیں گے اتفاق سے اُس زمانہ میں حضرت مولانا محمد قاسم صاحبؒ اور حضرت مولانا گنگوہیؒ حج کو تشریف لے گئے اور یہ واقعہ سنکر ان حضرات کو بھی ناگوار ہوا اور باہم یہ مشورہ کیا کہ ہم مولوی صاحب سے جاکر پوچھیں گے حضرت حاجی صاحب کو خبر ہوئی تو فرمایا نہ بھائی تم کچھ نہ بولنا میں اُنکا احترام کرتا ہوں ہاں جاکر مل آؤ یہ حضرات گئے اور مل کر چلے آئے۔

۳۳

۱۲۲ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا ایک مرتبہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحبؒ نے فرمایا کہ بھائی پڑہنا پڑہانا تو اور چیز ہے مگر بیعت تو ہونگے حضرت امداد ہی سے حضرت مولانا کو حضرت کے ساتھ عشق کا درجہ تھا۔

۱۲۳ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مولانا شیخ محمد صاحبؒ حضرت مولانا گنگوہیؒ کی نسبت چاہتے تھے کہ مجھسے بیعت ہوں مگر حضرت مولانا نے حاجی صاحب کو ترجیح دی اور حاضر ہوکر چالیس روز رہے اور چالیس روز تک ایک ہی جوڑا بدن پر رہا جب رخصت ہوکر چلے تو حضرت حاجی صاحب نے فرمایا جو کچھ دینا تھا میں دے چکا مولانا نے دلمیں کہا کہ کیا دیا میں تو جیسا پہلے تھا ویسا ہی اب بھی ہوں مگر حضرت نے یہی فرمایا کہ جو ہمکو دینا تھا دے چکے حضرت گنگوہیؒ فرماتے تھے کہ پندرہ برس کے بعد معلوم ہوا کہ حضرت نے کیا دیا تھا اور یہ بھی فرمایا کہ اگر یہ معلوم ہوتا کہ وہ یہ چیز ہے تو اتنی محنت کیوں کرتے یہ تو بلا محنت ہی ملجاتا ہے میں نے کہا جی ہاں اس محنت ہی کی بدولت تو پندرہ برس کے بعد یہ معلوم ہوا کہ یہ دیا تھا۔

Marfat.com

ملفوظ ۱۲۴ - اوپر ہی کے سلسلہ میں فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب نے مولانا گنگوہی کو اجازت دی تھی یوں بھی فرمادیا تھا کہ اگر کوئی بیعت ہونا چاہے تو انکار مت کرنا مولانا نے عرض کیا کہ میں بیعت کے قابل نہیں حضرت نے فرمایا کہ تم کیا جانو ہم جو کہتے ہیں وہی کرنا جب مولانا گنگوہ پہونچے گنگوہ میں ایک بی بی تھیں انھوں نے حضرت گنگوہیؒ سے بیعت کی درخواست کی حضرت نے بیعت فرمانیسے انکار کردیا اتفاق سے حضرت حاجی صاحبؒ بھی گنگوہ تشریف لے گئے اُن بی بی نے حضرت سے بیعت نہ کرنیکی شکایت کی حضرت نے مولانا سے فرمایا کہ انکو بیعت کیوں نہیں کرلیتے مولانا نے عرض کیا کہ ابتو حضرت خود تشریف رکھتے ہیں حضرت ہی بیعت فرلیں فرمایا کہ یہ کیا ضرور ہے ایک شخص کو تم سے عقیدت ہے مجھسے نہیں تم ہی کرو غرضکہ حضرتؒ نے اُن بی بی کو اپنے سامنے مولاناسے بیعت کرایا یہاں ایک مسئلہ بھی ثابت ہوا کہ مدار اس طریق میں مناسبت پر ہے سو اگر پیر سے مناسبت ہو اور پیر کے پیر سے مناسبت نہ ہو تو پیر ہی کی طرف توجہ کرے اُسکے پیر کی طرف نہ کرے گو ادب اور تعظیم اُسکی بھی ضروری ہے حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ اگر مجلس میں حضرت جُنید اور حضرت حاجی صاحبؒ دونوں ہوں تو ہم جُنید کی طرف آنکھ اُٹھاکر بھی نہ دیکھیں وہ حضرت حاجی صاحب کے پیر ہونگے ہمارا تعلق تو حضرت حاجی صاحبؒ سے ہے افسوس پھر بھی ان حضرات کو وہابی اور خشک کہتے ہیں بڑا ظلم کرتے ہیں -

ملفوظ ۱۲۵ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ان حضرات کا ذکر کرنیسے میری حالت دگرگوں ہوجاتی ہے قلب کے اندر ایک آگ سی لگ جاتی ہے علماء کا ذکر کرنیمیں ایسی حیات نہیں پیدا ہوتی جو مشائخ کے ذکر میں حیات پیدا ہوتی ہے گو عظمت علماء کی زیادہ ہے مگر وہ خاص کیفیت کہاں پھر ہمکو وہابی اور خشک اور بزرگوں کا مخالف بتاتے ہیں بڑے ہی ظالم ہیں -

ملفوظ ۱۲۶ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اگر کوئی حضرت حاجی صاحبؒ کی تمام کرامتوں کی نفی کرے ہم اُسکے ساتھ شریک ہوسکتے ہیں اسلئے کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے اصلی کمال کے سامنے یہ کرامتیں ایسی ہیں جیسے بچپن کے زمانہ میں بچے مٹی کا گھر بناکر اُسکا نام محل رکھ لیتے ہیں اگر کسی بچہ کے پاس عالیشان محل بھی ہو تو اس مٹی کے محل کے بگڑ جانیسے

Marfat.com

اُس بچہ کو اگر وہ سمجھدار ہے کچھ بھی رنج نہ ہوگا جبکہ اصل محل میں موجود ہے۔

ملفوظ ۱۲۷۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اگر معاصی سے نفرت ہو اور عاصی سے نہ ہو یہ ہو سکتا ہے کیونکہ فعل سے تو نفرت واجب ہے اور فاعل کی ذات سے ممنوع اسکو ایک مثال سے سمجھ لیجئے کہ ایک حسین نے اپنے منہ کو توے کی سیاہی مل لی یہاں حسن و قبح دونوں جمع ہیں تو اسوقت سیاہی سے تو نفرت ہوگی مگر حسین چہرہ سے نفرت نہ ہوگی ان باتوں کے حاصل ہونیکے لئے بڑی شرط صحبت ہے قیل و قال اور نری تحقیق مسائل سے کچھ نہیں ہوتا۔

ملفوظ ۱۲۸۔ ایک سلسلہ گفتگو میں بریلی کے دو شخصوں کا مکالمہ بیان فرمایا کہ ایک بدعتی مولوی نے دوسرے خوش عقیدہ عالم سے کہا کہ وہابی کے نام سے کیوں بُرا مانتے ہو وہاب تو اللہ کا نام ہے اُنھوں نے جواب دیا کہ رسن بکفر بالطاغوت میں بت کے منکر کو کافر کہا ہے تو میں آپکو کافر کہا کروں آپ بھی بُرا نہ مانیں اسلئے کہ قرآن میں اسکی مدح ہے۔

ملفوظ ۱۲۹۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اہل مدارس امراء کے دروں پہ جاتے ہیں یہ طرز نہایت ہی ناپسندیدہ ہے علماء کو اس سے اجتناب سخت ضروری ہے اسمیں دین و اہل دین سبکی تحقیر ہے خدا کی ذات پہ بھروسہ ہونا چاہئے بقول ایک بزرگ کے جن سے میں نے اپنے مدرسہ کی بے سروسامانی کا ذکر کیا تھا اُنھوں نے فرمایا تھا کہ جس قدرت نے تمام عالم دنیا کو سنبھالا رکھا ہے وہ آپکی ذراسی مدرسی کو نہ سنبھال سکے گی کیا کم ہمتی کا خیال ہے۔

۱۲ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم دوشنبہ

ملفوظ ۱۳۰۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ہر معاملہ میں فہم کی ضرورت ہے محض تعلیم کافی نہیں اگر یہ نہ ہو تو بڑی مشکل کا سامنا ہوتا ہے ایک شخص کا واقعہ ہے کہ میں نے اُس سے کہا کہ تمہیں بے فکری کا مرض زیادہ ہے اسلئے اکثر غلطیاں ہوتی ہیں اسکی تدبیر یہ ہے کہ جو کام کیا کرو سوچ کر کیا کرو اب سنئے ایک اسٹیشن پہ پہونچے بیوی کو اور اسباب کو ریل میں

Marfat.com

سوار کرادیا اور بھنے ہوئے چنے ایک پیسہ کے خریدنے کا ارادہ کیا اُدھر تو ریل سیٹی دے رہی ہے چلنے کو تیار ہے اور آپ مراقبہ میں ہیں کہ یہ چنے ضرورت میں خرید رہا ہوں یا بلا ضرورت محض حظ نفس کیلئے ریل چھوٹ گئی اور پھر جو مصیبتیں پیش آئیں ان بزرگ کو بھی اور بیوی کو بھی اُنکی داستان طویل ہے مجھکو جب یہ واقعہ معلوم ہوا میں نے کہا اُسکو بھی تو سوچنا چاہئے تھا کہ کہاں سوچنا چاہئے اور کہاں نہیں اور اگر سوچنا ضرور تھا تو ریل میں بیٹھکر مراقبہ کر لیا ہوتا اگر یہ معلوم ہوتا کہ ضرورت میں خریدے ہیں تب تو کھا لیتے اور اگر یہ معلوم ہوتا کہ بلا ضرورت خریدے ہیں تو بیوی کو یا کسی غریب کو دیدیتے خود نہ کھاتے تو نفس کا علاج اس صورت میں بھی تو ہو جاتا بدہمی سے بھی اللہ بچائے جیسے ایک نوکر نے آقا کے سامنے گھوڑے کی لید سامنے پیش کر دی تھی آقا کی کوئی چیز راستہ میں گر گئی تھی نوکر نے نہیں اُٹھائی تھی آقا نے تعلیم کیا تھا کہ جو چیز راستہ میں گرے اُٹھالو اُسپر یہ عمل ہوا کیونکہ لید بھی تو راستہ میں گری تھی تعلیم بھی جب ہی کارآمد ہوتی ہے جب خداداد فہم ہو اسوقت تعلیم معین ہو جاتی ہے

۱۳۱ ملفوظ۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اخلاق اور چیز ہے رسم اور چیز ہے بعض افعال رسمیہ کو سمجھتے ہیں کہ یہ اخلاق ہیں۔

۱۳۲ ملفوظ۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اسپر مواخذہ نہ ہوگا کہ تمہارے اندر ذائل مثلاً بخل کیوں تھا بلکہ اسکے اقتضاء پر عمل کرنے پر مواخذہ ہوگا یہی وجہ ہے کہ محققین کے نزدیک ان رذائل کے ازالہ کی ضرورت نہیں امالہ کی ضرورت ہے یعنی مصرف بدلدیا جاوے محقق بزرگوں نے اسی امالہ کیلئے یہ کوشش کی ہے کہ ان رذائل کو مضمحل کر دیا جائے کہ امالہ کیوقت مقاومت سہل ہو۔ اور یہ بھی اکثری ہے ورنہ اگر بالکل بھی سہولت نہ ہو تب بھی ضرر نہیں کیونکہ اصل مامور بہ تحصیل ہے اعمال کی اور تسہیل تبرع ہے اس باب میں میرا ایک وعظ ہے التحصیل والتسہیل یہ وعظ قابل دید ہے اسمیں الحمدللہ اس مبحث کے متعلق قریب قریب سب ضروری ضروری باتیں بیان میں آگئی ہیں یہ میں میں نہیں کہتا کہ اسمیں کوئی نقص نہیں وہ ایک پکی ہوئی روٹی ہے ممکن ہے کہ کہیں سے جل بھی گئی ہو مگر انشاء اللہ تعالیٰ زیادہ حصہ کارآمد ہے۔

۱۳۳ ملفوظ۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کے تمام مکتوبات ایک جگہ جمع ہو جائیں تو بہتر ہے

رسالہ البلاغ ص ۱۱ ج ۸

بابتہ ماہ شعبان المعظم سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

اگر مصلحت کیخلاف نہ ہو فرمایا کہ مصلحت کے تو خلاف نہیں مگر انکاموں کیلئے ضرورت ہے روپیہ کی اور روپیہ اتنا ہے نہیں اور مانگنے سے غیرت آتی ہے اور میں تو حق تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتا ہوں کہ جسقدر کام یہاں پر بدون مانگے ہو رہا ہے دوسری جگہ مانگنے پر بھی نہیں ہوتا یہ اُنکا فضل ہے۔

۱۳۴ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں ایک زمانہ میں سہارنپور سے ہاضم بوتلیں منگایا کرتا تھا ایک شخص بوتلیں لیکر آئے بکس کو بے احتیاطی سے اُٹھایا سب بوتلیں ٹوٹ گئیں میں نے کہا کہ ضمان دو مگر چونکہ تادیب مقصود تھی تعذیب مقصود نہ تھی اسلئے بعد ادائے ضمان اتنی رقم اُن کو تبرعاً دیدی۔

۱۳۵ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں ایک کالج کے نسبت فرمایا کہ کالج نہیں تالج ہے جہاں دین سلب ہو جاتا ہے

۱۳۶ ملفوظ۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ یہ بڑی مبارک حالت ہے کہ ہر حالت میں خوف رہے اندیشہ رہے یہ بڑی دولت ہے مگر قصداً خوف کا اسقدر مراقبہ نہیں کرنا چاہئے جو حد اعتدال سے بڑھ جاوے ہمیں اندیشہ ہے کہ کہیں مایوسی کی نوبت نہ آجائے پھر اُس سے تعطل تک نوبت آجاتی ہے ہر چیز کے خواص جدا جدا ہیں اور ہر چیز کی ایک حد ہے اور حدود پر رہنے کا صرف ایک ہی علاج ہے کہ کسی جاننے والے کے اپنے کو سپرد کر دے جو وہ کہے اُسکا اتباع کرے بس اسی ہی میں خیر ہے ورنہ قدم قدم پر خطرہ ہے۔

۱۳ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم دوشنبہ

۱۳۷ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ تحریکات کے زمانہ میں لوگ سمجھتے تھے کہ شرکاء زیادہ ہیں حالانکہ یہ خیال غلط تھا شریک بہت کم تھے مگر وہ زیادہ اسوجہ سے معلوم ہوتے تھے وہ شور و غل بہت کرتے پھرتے تھے اس سے اُنکی تعداد زیادہ معلوم ہوتی تھی ورنہ واقع میں تعداد زیادہ اُن ہی کی تھی جو شریک نہ تھے۔

۱۳۸ ملفوظ۔ ایک صاحب نے بطور ہدیہ حضرت والا کی خدمت میں کچھ پیش کیا حضرت والا نے لینے سے انکار فرما دیا اور فرمایا کہ اُنھوں نے کبھی نہ کوئی مسئلہ پوچھا نہ اللہ کا راستہ معلوم کیا اسلئے ان سے

Marfat.com

لیتے ہوئے جی شرماتا ہے اور یہ تو مالی خدمت ہے جسمیں کچھ خرچ بھی ہے ہیں تو ایسے شخص سے کہ جس نے مجھسے کوئی خدمت نہ لی ہو جسمانی خدمت بھی نہیں لیتا جسمیں کچھ خرچ بھی نہیں اور یہ میرے فطری امور ہیں انکے خلاف پر ہیں قادر نہیں ان باتونکو لوگ سختی سے تعبیر کرتے ہیں۔

ملفوظ ۱۳۹ ایک صاحب کی غلطی پر مواخذہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ جس شخص سے اصلاح باطن کا تعلق ہو اُسکو رائی برابر بھی مکدر کرنا ایسا ہے جیسے بڑا بھاری پہاڑ بیچ میں آگیا ہو حجاب ہو جاتا ہے اور فیض بند ہو جاتا ہے اور یہ بات وجدانی ہے اس طریق میں کدورت اور نفع دونوں جمع نہیں ہو سکتے مگر کدورت اُسی سے ہوتی ہے جس سے توقع ہوتی ہے ایک روہیلکھنڈ کے مولوی صاحب نے مجھکو ہمیشہ گالیاں دیں مگر ذرہ برابر بھی کبھی اثر نہیں ہوا نہ کوئی شکایت ہوئی شکایت بھی دوستوں ہی سے ہوا کرتی ہے دشمن کی کیا شکایت جو دوستی کا دعویٰ کرتے ہیں اُن ہی اذیت کی برداشت نہیں اور اس اذیت کا سبب کم فہمی نہیں ہوتی بلکہ بے فکری ہوتی ہے فکر سے کام لے تو کبھی دوسرے کو تکلیف نہ پہونچے حتی کہ اگر ایسے شخص سے کبھی کوئی نامناسب حرکت بھی ہو جاوے وہ بھی بہت خفیف اور کبھی اتفاقاً ہوگی اور چونکہ صاحب معاملہ کو معلوم ہوگا کہ یہ شخص فکر سے کام لیتا ہے مگر باوجود قصد اور فکر کے ایسا ہو گیا تو اسپر بھی کوئی اثر نہ ہوگا۔

ملفوظ ۱۴۰ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ سفر میں مستورات کیساتھ اُن کے محرم کا ہونا بڑی حکمت ہے محرم کے ساتھ ہونیسے خود مستورات کو بھی بڑی قوت ہوتی ہے اور دوسرے بھی قدرتی طور پر ہیبت پڑتی ہے محرم کی جو مانع فتن ہے

ملفوظ ۱۴۱ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مولانا فیض الحسن صاحب سہارنپوری بڑے ظریف تھے کسی نے اُن سے بدعتی اور وہابی کے معنے پوچھے تو عجیب تفسیر کی فرمایا کہ بدعتی کے معنے ہیں باادب بے ایمان اور وہابی کے معنے ہیں بے ادب باایمان آجکل کے بدعتی اکثر شریر ہوتے ہیں پہلے لوگوں میں یہ بات نہ تھی وجہ یہ کہ وہ اللہ اللہ کرنے والے ہوتے تھے اُسکی برکت سے اُنمیں قلت تدین تھا اور اب تو بکثرت فاسق فاجر ہوتے ہیں جنکو دین سے کوئی لگاؤ ہی نہیں ہوتا اور اسوقت یہی حالت تدین کی غیر مقلدونکی بھی ہے اور مزید براں یہ کہ تہذیب سے بھی کورے ہوتے ہیں ایک صاحب کا یہاں پر اخبار آتا تھا اُسمیں کافر حکام و رؤسا کی مدح ہوتی تھی اور ماشاء اللہ اہل حدیثا

Marfat.com

کہلاتے ہیں کفار کو اولی الامر منکم میں داخل لکھتے تھے کہاں تو یہ سوءظن کہ بزرگان سلف کو بھی
بُرا بھلا کہا جاتا ہے اور کہاں یہ حسن ظن کہ کفار کی مدح کیجاتی ہے یہ انکا دین ہے بس اغراض
نفسانی کو دین سمجھ رکھا ہے کہ ایسے لوگوں سے کچھ ملنے کی اُمید ہوگی اُنکی ہی تعریف شروع
کردی میں نے لکھدیا کہ تمھارے اخبار میں کفار کی مدح ہوتی ہے لہذا یہاں اخبار نہ بھیجا کرو
ان ہی صاحب نے تفسیر بیان القرآن کے ایک مقام پر اعتراض کیا ہے نہایت ہی بدتہذیبی
میں اسکی شکایت نہیں کرتا کہ اعتراض کیوں کیا کسی کی غلطیوں پر مطلع کرنا طاعت ہے مگر
آدمیت تو ہو مگر ایسے لوگوں کو دین تھوڑا ہی مقصود ہے اور ایسے لوگ اُن ہی سے بازآتے ہیں
جو گبند کی آواز ہیں کہ جیسی کہے ویسی سنے ہم کو غریب سمجھکر ڈانٹ لیتے ہیں اسوقت طبائع کا
یہی رنگ ہے کہ نرمی والوں کو ستاتے ہیں اور سختی والوں سے دبتے ہیں اسکی تائید میں ایک
قصہ بیان فرمایا کہ ایک مولوی صاحب تھے دہلی کے وہ بیان کرتے تھے کہ میں ایک رئیس کے
یہاں مہمان تھا شب کو بڑے استنجے کی ضرورت ہوئی اُٹھکر بیت الخلا گیا وہاں سے نکلتے ہوئے
سنتری نے ٹوکا کون اگر میں حضرات دیوبندیوں کا طرز اختیار کرتا کہ میں ہوں حقیر فقیر پر تقصیر تو
اُسوقت پٹتا پھر بعد میں خواہ کچھ ہی ہوتا اسلئے ہم نے کہا کہ ہم ہیں مولانا صاحب دہلی والے
تو کیا بکتا ہے نالائق اُس سنتری نے عرض کیا کہ حضور پہچانا نہیں تھا ہم نے کہا ہاں اندھا ہے
سارے دن تو ہم کو دیکھا پھر بھی نہیں پہچانا صبح ہونے دے تب خبر لی جائیگی بس قدموں پر
گر پڑا اور ٹھیک ہوگیا یہ تو بہادروں کا قصہ ہے مگر ہم سے تو ایسی بہادری ہو نہیں سکتی ہم تو
حقیر فقیر پر تقصیر ہی ہیں جو جسکے جی میں آتا ہے کہہ لیتا ہے ہمارے بزرگوں کا تو یہی طرز رہا ہے
کہ اپنے کو مٹائے ہوئے رہتے تھے ہمکو بھی وہی پسند ہے مولانا مظفر حسین صاحب
کاندھلوی کا ایک واقعہ یاد آیا کسی سفر میں تشریف لیجا رہے تھے ایک بوڑھے شخص کو دیکھا کہ
سر پر بہت سا بوجھ لادے جا رہا ہے فرمایا لاؤ بھائی میں لیلوں تو بوڑھا ہے تھک گیا ہوگا
اُس نے کہا بھائی تو بھی تو بوڑھا ہے مولانا نے فرمایا اول تو میں ایسا بوڑھا نہیں دوسرے
ذرا تازہ دم ہوں وہ غریب پہچانتا نہ تھا آخر بوجھ دیدیا آپ نے اسکے گاؤں تک پہونچا دیا راستہ
میں مختلف باتیں ہوئیں باتوں میں اُس شخص نے یہ بھی کہا کہ میں نے سنا ہے مولوی

Marfat.com

مظفر حسین صاحب اس طرف آئے ہوئے ہیں بھائی اگر تجکو خبر ہو مجھکو بھی خبر کر دیجو فرمایا کہ دونگا جب رخصت ہونے لگے تب فرمایا بھائی مظفر حسین میں ہی ہوں وہ بیچارہ قدموں پر گر پڑا اور بیحد نادم ہوا آپنے اسکی تسلی کی اور بات کو ختم کیا حضرت یہ سب عشق کے کرشمے ہیں کہ اس طرح مٹا دیتا ہے اور یہی حالت ہو جاتی ہے۔ ؎

این چنیں شیخ گدائے کو بکو ٭ عشق آمد لا اُبالی فا تقوا ٭

اور اسکی یہ کیفیت ہے فرماتے ہیں۔ ؎

عشق آں شعلہ است کو چوں برفروخت ٭ ہر چہ جز معشوق باقی جملہ سوخت

یہ ان کی دیوانگی وہ دیوانگی ہے جسکو مولانا فرماتے ہیں ؎

اوست دیوانہ کہ دیوانہ نہ شد ٭ مرعسس را دید و در خانہ نہ شد

ما اگر قلاش و گر دیوانہ ایم ٭ مست آں ساقی و آں پیمانہ ایم

اس مذاق کو دیوانگی کہا جاتا ہے مگر معلوم بھی ہے کہ ہزاروں ہوشیاریاں اسپر قربان ہیں
۴۰ نیز علاوہ عشق کے ایک بات یہ بھی ہے کہ اہل کمال کبھی ایسی چیزونکی طرف نظر نہیں کرتے کہ اسمیں ہماری سبکی ہوگی یا کیا ہوگا انمیں یک استغنا کی شان ہوتی ہے کمال میں یہی خاصیت ہے یہ بادشاہ کو بھی منہ نہیں لگاتے آپ دیکھ لیجئے کیمیاگر کس حالت سے رہتا ہے نہ لباس درست نہ جسم صاف مگر بڑے بڑے والیان ملک کو موقع پر گدھا تک کہدیتا ہے یہ استغنا کس چیز کی بدولت ہے صرف کمال کی بدولت خوب کہا ہے ؎

موحد چہ بر پائے ریزی زرش ٭ چہ فولاد ہندی نہی بر سرش

امید و ہراسش نباشد ز کس ٭ ہمیں است بنیاد توحید و بس

۱۴۲ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ امور اختیاریہ کا اہتمام کرو اور غیر اختیاریہ کا پیچھا چھوڑو بس یہ نصف سلوک ہے بلکہ اگر تعمق کی نظر سے دیکھا جائے تو کل ہی سلوک ہے آجکل غیر اختیاری کاموں کے پیچھے پڑنے کیوجہ سے لوگ بہت ہی زیادہ پریشان ہیں سو اسکے لئے ضرورت ہے کہ کسی کی صحبت میں رہے اسکی صحبت میں رہکر راہ معلوم ہوگا اور منزل پر پہونچ جائیگا مثلاً نماز میں ناواقفی سے جس حضور کو تم چاہتے ہو وہ نہیں ہوا اب پریشانی ہوئی

Marfat.com

دیکھنا یہ ہے کہ جس حضور کو تم چاہتے ہو وہ اختیاری ہے یا غیر اختیاری اختیار تو صرف اتنا ہے کہ نماز کی طرف قصد اور توجہ سے لگا رہنا اب اسپر قطع خواطر کا ثمرہ یہ دوسری چیز ہے، سو قصد اور توجہ تو اختیاری ہے اور ثمرہ مذکورہ غیر اختیاری پس اگر ثمرہ نہ بھی مرتب ہو تب بھی حضور میسر ہے پریشان نہیں ہونا چاہیئے اسلئے کہ غیر اختیاری چیز کبھی مقصود کے منافی نہیں ہوتی مثلاً ایک شخص عملاً سخی ہے مگر طبعاً بخیل تو طبعاً جو بخل ہے جب تک اسکے اقتضاء پر عمل نہ کریگا یہ منافی مقصود کے نہیں کمال مقصود اسکو حاصل ہے اور چند روز کی مقاومت سے وہ داعیہ الی الشر بھی مضمحل ہو جائیگا اور میں تو کہتا ہوں کہ اگر ساری عمر بھی یوں ہی گذر جائے اور وہ داعیہ مضمحل نہ ہو تب بھی نقصان کیا ہو بلکہ اس کشمکش کیوجہ سے نفع ہوا کہ اجر بڑھ گیا۔

۱۴۳ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ صوفیہ اور فقہاء یہ دونوں فرقے واقعی حکماء ہیں احکام ظاہری و باطنی کے حقائق اور معارف ان ہی حضرات کی بدولت نصیب ہوئے مگر افسوس آجکل ان حضرات کی مخالفت پر لوگ سرگرم ہیں نہایت حماقت ہے

۱۴۴ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اہل یوروپ کو علوم سے ذرہ برابر بھی مناسبت نہیں ایک یورپین سے ایک مسلمان کی پردے کے متعلق گفتگو ہوئی انگریز نے کہا کہ جسکو تم پردہ کہتا ہے یہ قید خانہ ہے انھوں نے کہا کہ یہ قید خانہ ہی کی برکت ہے کہ عفت محفوظ ہے اور آزادی کا جو نتیجہ ہے ظاہر ہے بس یہ ان کے علوم ہیں اسی سلسلہ میں ایک صاحب کے جواب میں فرمایا کہ دینی عزت تو نماز سے ہے اور دنیاوی عزت پردے سے ہے۔

۱۴۵ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ امور اختیاریہ جنکا صدور ارادہ سے ہوتا ہے اس ارادہ کا تعلق شروع میں کافی ہے اور جب تک اُن کی ضد کا صدور نہ ہو وہ آخر فعل تک حکماً ممتد رہتا ہے ہر وقت تجدید ارادہ کی ضرورت نہیں ہوتی مثلاً چلنے کیلئے ایک مرتبہ کا ارادہ کافی ہے فرض کیجئے کوئی شخص بازار جانے کیلئے چلا تو کیا ہر قدم پر چلنے کا ارادہ کریگا ہرگز نہیں بس ایک مرتبہ کا ارادہ کافی ہوتا ہے اُسی کے اثر سے برابر قدم اُٹھتا رہیگا بلکہ اگر کوئی ہر قدم پر جدید ارادہ کرے تو مسافت طے ہونا ہی مشکل ہو جاوے دیکھ لیجئے چل بھی رہے ہیں اور کسی سے بات بھی کر رہے ہیں یا کتاب یا اخبار بھی دیکھ رہے ہیں اسوقت چلنے کی طرف مطلق بھی التفات نہیں ہوتا اس سے اس سوال کا

Marfat.com

جواب نکل آیا کہ ان مجاہدات وریاضات سے جب ملکہ پیدا ہو جاتا ہے تو طبعی طور پر افعال صادر ہونے لگتے ہیں زیادہ اہتمام ومشقت کی بھی ضرورت نہیں رہتی اور اجر کامل موقوف ہے اہتمام اور مشقت پر تو ان لوگوں کو اجر کامل بھی نہ ملنا چاہئے بلفظ دیگر یوں کہنا چاہئے کہ منتہی کو مبتدی سے کم اجر ملتا ہے کیونکہ مبتدی کو مشقت ہوتی ہے منتہی کو نہیں ہوتی تقریر جواب کی ظاہر ہے کہ جب مجاہدہ ہی ارادہ سے کیا کہ بے تکلف افعال کا صدور ہونے لگے تو وہی مشقت حکماً ہر فعل کیساتھ ممتد سمجھی جاوینگی اور اجر کامل ملے گا اور اپنے کمال میں مبتدی کے اجر سے زیادہ ہوگا کیونکہ مشقت تو امر مشترک ہے ایک جگہ حسًا ایک جگہ حکماً مگر منتہی میں رسوخ خلق وتثبیت ومہارت وتشبہ بالملئکہ کی (جنکی شان میں وارد ہے یسبحون اللیل والنہار لا یفترون) فضیلت زائد ہے

۱۴۶ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل معاشرت تو اسدرجہ خراب ہوگئی ہے کہ قطعاً اسکی پرواہ نہیں کیجاتی کہ ہماری اس بات یا کام سے دوسرے کو تکلیف ہوگی یا اسکی پریشانی کا سبب ہوگا اب مہمان داری ہی کو دیکھ لیجئے گاڑیاں بھر بھر کر میزبان کے گھر پہونچ جاتے ہیں نہ یہ خبر کہ اس غیربت کے یہاں کھانیکو ہے یا نہیں خصوص کسی کی بیماری یا موت کے موقع پر تو ایسا کرنا نہایت ہی ظلم اور بے رحمی کی بات ہے گھر والے اسکی تیمارداری کو چھوڑ کر انکی تیمارداری میں لگ جاتے ہیں مردہ کے رونیکو چھوڑ کر الکا رونا شروع کر دیتے ہیں مشہور ہے کہ مہمانوں کا کھایا ہوا گھر اور چڑیوں کا چگا ہوا کھیت اور چلمونکا مارا ہوا چولہا کبھی پنپ ہی نہیں سکتے مگر مہمانوں کا کھایا ہوا گھر وہ مراد ہے کہ جس کھانیمیں تکلف دغلو ہو باقی جسمیں تکلف نہو وہ مراد نہیں سمرقند میں حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمۃ کسی کی یہاں پہونچے میزبان نے بہت تکلفات کئے جب کھانا سامنے آیا تو فرمایا کہ آہ دعوت شیراز میزبان نے اور زیادہ تکلف کیا پھر بھی یہی فرمایا اس نے اپنے دل میں کہا کہ کیا شیراز میں سونا چاندی کھاتے ہیں ایکمرتبہ یہ شخص حضرت سعدی علیہ الرحمۃ کے یہاں مہمان ہوا پہونچتے ہی ہاتھ دھلوا کر اور جو کچھ دال روٹی تھی لاکر سامنے رکھدی وہ سمجھا کہ اسوقت فرصت نہیں ملا شام کو تکلف ہوگا مگر شام کو بھی وہی پھر دوسرے دن بھی یہی آخر اس شخص نے پوچھا حضرت وہ دعوت شیراز کہاں ہے فرمایا یہی ہے وہ دعوت شیراز اس نے کہا ہمیں کیا بات ترجیح کی ہے فرمایا ترجیح یہ ہے کہ اگر تم میرے پاس چار مہینہ بھی ٹھیرے رہو تو مجھپر گرانی نہوگی اور تم چار ہی روز میں دل میں کہنے لگتے کہ خدا کرے جلدی دفع ہو کہاں بلا سر پڑی

۱۴۷ **ملفوظ** - ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ آجکل دوستی کا نام ہی نام رہگیا ہے ورنہ حقیقت تو قریب قریب مفقود کے ہے حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی مجلس میں حافظ محمد احمد صاحب اور مولوی حبیب الرحمن صاحب حاضر تھے جنکی دوستی مشہور ومعروف تھی حضرت نے انسے دریافت فرمایا کہ کبھی تم میں اور انمیں بے لطفی یا لڑائی بھی ہوتی ہے یا نہیں عرض کیا کہ حضرت کبھی کبھی ہو جاتی ہے فرمایا کہ یہ دوستی پائدار ہے درخت وہ مستحکم

Marfat.com

ہوتا ہے جیسے آندھی آچکی ہو پھر اپنی چیز کو نہ چھوڑا ہو بس دوستی بھی وہ ہی ہے کہ باہم لڑائی بھی ہو جاوے اور پھر تعلقات باقی رہیں ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ اگر ایک دوست دوسرے سے کہے کہ قرض دیدو اور وہ دریافت کرے کہ کتنا دوں تو وہ بزرگ کہتے ہیں کہ وہ دوستی کی لائق نہیں اس سے قطع تعلق کردو دوست وہ ہے کہ کچھ اسکی پاس ہو سب لاکر سامنے رکھدیدیں اسکے حقوق پھر ایک دوسری حکایت فرمائی کہ ایک دوست نے اپنے دوست کو رات کو وقت مکان پر جاکر آواز دی وہ ذرا تاخیر سے آیا اور اس حیثیت سے کہ ہتھیاروں سے مزین ایک حسین جمیل لونڈی ساتھ لئے ہوئے اور ایک غلام ایک توڑا روپیہ کا کندھے پر لادے ہوئے اسنے پوچھا یہ کیا قصہ ہے کہا کہ جب تمنے آواز دی تو مجھکو خیال ہوا کہ بیوقت دوست نے آواز دی ہے نہ معلوم کیا قصہ ہے اور مجھکو کئی احتمال ہوئے ایک یہ کہ ممکن ہے کہ کسی دشمن سے مقابلہ ہو تو ہتھیاروں سے ٹھیک ہو کر آیا اور یہ بھی ممکن ہے کہ کسی کی ٹیس کیضرورت ہو تو یہ لونڈی لایا اسکو رکھو کہ کلاح کرادونگا اور ممکن ہے کہ کسی خادم کیضرورت ہو یہ غلام موجود ہے اور ممکن ہے کہ روپیہ کیضرورت ہو روپیہ بھی حاضر ہے اس نے کہا مجھکو کسی چیز کی ضرورت نہیں محض تمھارے دیکھنے کو دل چاہتا ہے تو حضرت دوستی تو یہ ہوتی ہے محض آسمین باتیں کرلینے کا نام دوستی نہیں۔

ملفوظ ۱۴۸ — ایک صاحب کے سوال کے جواب میں ایک اخبار کے متعلق فرمایا کہ اسمیں نہ وہ اخبار آتا ہے اور نہ انکا کوئی خط ہیں نے بھیجنے سے منع کردیا ہے اسمیں صوفیہ کی مذمت ہوتی تھی اور کفار کی مدح

ملفوظ ۱۴۹ — ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اپنے محبوب کیطرف اسقدر مشغول رہنا چاہئے کہ کسی کا کیسی تصور بھی نہ آوے نہ دوست کا نہ دشمن کا چہ جائے جنگ و جدل ؎ گر ایں طرفی دوست بشناختی ۔۔ بہ پیکار دشمن نہ پرداختی ۔ دیکھئے اگر کسی کا بیٹا مرجاوے تو جبتک غم رہیگا قدم اٹھا تا مگر اٹھتا نہیں یا دل نخواستہ بات کرتا مگر بات نہیں ہوتی اسیطرح وہ شخص دنیا کی کام نہیں بتا جسے آخرت کی فکر ہو جاتی ہے ایک بزرگ کی حکایت جماعت بنوارہے تھے ہونٹ ہل رہے تھے نائی نے کہا کہ حضرت لبوں پر اُسترا ہے تھوڑی دیر کو سبر کیجئے ورنہ کٹ جائینگے فرمایا میاں کٹ بھی جانے دو اسکا نام لینا کیسے چھوڑا جاسکتا ایک اور بزرگ کی حکایت ہے کہ رات بھر گذار دیتے بیوی کہتی کہ سو جاؤ بیمار ہو جاؤگے کہتے کہ جب یہ آیت پڑھی ہے یاایہا الذین آمنوا قوا انفسکم واہلیکم نارا وقودھا الناس والحجارۃ نیند نہیں آتی کیا کروں

۱۲ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم شنبہ

ملفوظ ۱۵۰ — ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ رزق کا معاملہ بھی بڑا ہی نازک ہے آجکل مسلمان بہت پریشان ہیں خصوص بڑے لوگ زیادہ پریشان ہیں کثرت سے لوگوں کے خطوط آتے ہیں جسمیں معاش کی شکایت ہوتی ہے دیکھکر دل پگھل جاتا ہے اور بڑے آدمیوں کی اور زیادہ مشکل ہے کیونکہ یہ کچھ اور کام بھی نہیں کرسکتے چنانچہ ایک صاحب تھے بغدادی وہ یہاں پر رہے بھی ہیں سید تھے کچھ پڑھتے بھی تھے میں انکی اتنی رعایت کرتا تھا کہ انکے حجرہ میں جاکر سبق پڑھا دیتا تھا اپنے پاس نہیں بلاتا تھا سیاح بھی تھے اور بوڑھے آدمی تھے یہاں سے حیدرآباد چلے گئے تھے وہاں معاش سے

Marfat.com

بہت تنگ ہو گئے موسیٰ ندی کے طغیانی کے زمانہ میں مزدوری کرنے پر آمادہ ہو گئے مگر ان کو کوئی مزدوری تک میں بھی نہ لگاتا تھا رنگ سرخ سفید نورانی چہرہ اسلئے کوئی مزدور بھی نہ سمجھتا تھا آخر کسی دن مزدوری لگ گئی تو صبح سے شام تک کام کیا مشقت کا تحمل نہ ہو سکا بیہوش ہو کر گر پڑے مجھکو سنکر بیحد افسوس اور صدمہ ہوا کہ بندہ خدا جیسے یہاں آئے تھے یہاں ہی عمر ختم کر دیتے یہاں اسکی نوبت نہ آئی تھی۔

۱۵۱ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ انتظام بڑی برکت کی چیز ہے ہر کام میں انتظام کی ضرورت ہے اگر میں یہ خاص قواعد اور اصول منضبط نہ کرتا تو اسقدر کام نہ ہو سکتا بہت وقت فضول ہی بیکار جاتا یہ سب انتظام کی برکت ہے اور یہ سب اسلام ہی کی تعلیم ہے مسلمانوں نے اسکو چھوڑ دیا غیر قوموں نے اختیار کر لیا اسلئے راحت میں ہیں۔

۱۵۲ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ذہانت بھی عجیب چیز ہے بڑی دولت ہے مگر اسمیں برکت سبب ہی ہوتی ہے کہ یہ سمجھے کہ میں ذہین نہیں ہوں ورنہ برکت نہ ہوگی پھر ذہانت، کا یہ قصہ نقل کیا کہ ایک تبرائی شیعی کو جسوقت وہ علانیہ تبرا کر رہا تھا ایک سنی نے قتل کر دیا مقدمہ دائر ہوا تو حاکم کے سامنے شیعی وکیل نے کہا کہ ہمارے یہاں یہ مذہبی عبادت ہے مذہب میں سب کے لئے آزادی ہونا چاہئے اسلئے قاتل معذور نہیں سنی وکیل نے حاکم سے کہا کہ انکے یہاں یہ عبادت ہے اور ہمارے یہاں ایسے کا قتل کر دینا عبادت ہے یہ اپنی عبادت کریں اور ہم اپنی عبادت کریں دونوں آزاد رہیں آپ مقدمہ خارج کر دیں ہم میں خود فیصلہ ہو رہیگا۔

۱۵۳ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جو چیزیں غیر اختیاری ہیں ان پر کوئی مواخذہ نہیں اسلئے کہ انسان غیر اختیاری کا مکلف نہیں مثلاً نماز میں موضع سجود کے سوا دوسری چیزوں کے دیکھنے کی ممانعت ہے مگر ماحول میں جو چیزیں ہیں وہ بلا اختیار نظر آتی ہیں وہ مخل خشوع نہیں گو انکا انکشاف ضرور ہوتا ہے مگر بلا قصد ہوتا ہے اسلئے مضر نہیں یہی حکم ہے وساوس غیر اختیاری کا اگر دفع نہ ہو قلق نہ کرے پھر دفع کی تدبیروں کے متعلق تقریر کی اسمیں حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد نقل کیا فرماتے تھے کہ اگر وساوس کا ہجوم ہو اور کسی طرح بندہی نہ ہوں اسوقت یہ مراقبہ کرے کہ حق تعالیٰ کیا قدرت ہے کہ دلمیں کیسی کیسی چیزیں پیدا فرماوی ہیں کہ دریا کی طرح امنڈ رہی ہیں روکے نہیں رکتیں بس اس مراقبہ سے وہ سب وساوس مرآۃ جمال الٰہی ہو جائینگے واقعی عجیب بات فرمائی آلہ بُعد کو آلہ قرب بنا دیا واقعی

رسالہ البلاغ ص۱۲ ج ۸

بابتہ ماہ رمضان المبارک سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

حضرت اس فن کے امام تھے اور عجیب یہ کہ درسیات کی بھی تحصیل نہ فرمائی تھی چنانچہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ خود فرمایا کرتے تھے کہ میں ناخواندہ ہوں اور جو کچھ میں بیان کرتا ہوں وہ واردات ہیں اگر یہ کتاب و سنت کے خلاف ہوں عمل نہ کرنا اور مجھکو بھی اطلاع کر دینا میں بھی توبہ کر لونگا اگر اطلاع نہ کرو گے تو تمام بوجھ تمہیر ہوگا میں بری رہوں گا۔

ملفوظ ۱۵۴ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ان حضرات کی صحبت سے کچھ اور ہی رنگ ہو جاتا ہے مفتی الٰہی بخش صاحب کاندھلوی خاتم ثمنوی نے ایک موقع پر حضرت سید صاحب کی نسبت یہ فرمایا تھا کہ ہم تو صندوق ہیں جواہرات کے اور یہ جوہری ہیں اور یہ بھی فرماتے تھے کہ ہم نے جو قرآن شریف پڑھا تھا وہ اور طرح کا معلوم ہوتا تھا اور اب سید صاحب کی صحبت کی برکت سے اور طرح کا معلوم ہوتا ہے۔

ملفوظ ۱۵۵ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل کشف و کرامت کو بڑی چیز سمجھتے ہیں مگر حقیقی کمالات کے سامنے یہ بیچارے کیا چیز ہیں مگر عوام الناس ان کمالات کا ادراک نہیں کر سکتے چنانچہ اسی بنا پر مولانا محمد حسین صاحب الہ آبادی سے کسی نے سوال کیا تھا کہ تم نے حضرت حاجی صاحب میں ایسی کونسی چیز دیکھی جسکی وجہ سے تعلق کیا بناء سوال ان ہی رسمی کمالات کی عدم شہرت تھی مولانا نے جواب دیا کہ یہی تو دیکھا کہ کچھ نہیں دیکھا مراد رسوم کی نفی ہے اہل کمال کبھی ان رسمی چیزوں کی طرف نظر بھی نہیں کرتے بلکہ جو چیز دوسروں کے یہاں منتہائے کمال ہے وہ ان حضرات کے یہاں نقص ہے

ملفوظ ۱۵۶ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک شخص نے دیوبند میں مجھ سے سوال کیا کہ تم لوگ لکھے پڑھے اور حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ ظاہراً اتنا لکھے پڑھے بھی نہیں پھر ان کے پاس کیا چیز ہے جو تمہارے پاس نہیں ہیں نے کہا کہ حضرت میں اور ہم میں یہ فرق ہے کہ جیسے ایک شخص تو وہ ہے کہ جسکو مٹھائیوں کی فہرست یاد ہے مگر اس نے کبھی کھائی نہیں اور ایک وہ شخص ہے کہ اسکو نام تو ایک ایک مٹھائی کا بھی یاد نہیں مگر کھائی ہیں سب یہی فرق ہے ہم میں اور حاجی صاحب میں ہم اہل الفاظ ہیں اور وہ اہل معنی اور ظاہر ہے کہ اہل الفاظ محتاج ہوگا اہل معنی کا نہ کہ برعکس۔

ملفوظ ۱۵۷ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مولانا شیخ محمد صاحب نواب صدیق حسن خانصاحب کو مولوی نہیں کہتے تھے مگر فرماتے تھے کہ منشی اعلیٰ درجہ کے ہیں۔

ملفوظ ۱۵۸ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ یہ خشک لوگ بیچارے اہل معنی کی کیا قدر جانیں اس راہ ہی سے نہیں گذرے کسی نے حضرت امام احمد بن حنبل رح سے پوچھا کہ بشر حافی ایک ولی شخص ہیں آپ

Marfat.com

عالم ہو کر انکے کیوں معتقد ہیں انھوں نے فرمایا ہم کتاب کے عالم ہیں وہ صاحب کتاب کے عالم ہیں اُس سائل نے کہا میں ان سے کچھ مسئلے پوچھتا ہوں امام نے منع فرمایا مگر اس شخص نے نہ مانا اور دو مسئلے پوچھے ایک یہ کہ اگر نماز میں خطرات آنے سے سہو ہو جاوے کیا حکم ہے فرمایا کہ ایسے قلب کو سزا دینی چاہیئے کہ خدا کے سامنے کھڑا ہو کر خطرات کو جگہ دیتا ہے جس سے سہو ہوتا ہے پھر دوسرا مسئلہ پوچھا کہ زکواۃ کا کیا حکم ہے کتنے مال میں کتنی زکواۃ ہے فرمایا کہ کسکی زکواۃ ہماری یا تمھاری عرض کیا کہ حضرت دونوں فرما دیجئے فرمایا کہ تمھاری زکواۃ تو یہ ہے کہ جب نصاب کے مالک ہو جاؤ تو سال گذرنے پر چالیسواں حصہ دیدو اور ہماری زکواۃ یہ ہے کہ اتنا مال ہی نہ ہونے پاوے جسکی زکواۃ دیجائے اور اگر اتفاقاً ہو جائے تو وہ سب مال دے اور اُسی قدر اور کما کر جرمانہ میں دے سائل اسقدر متاثر ہوا کہ سوال ہی پر نادم ہوا۔

۱۵۹ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ تصوف کی کتابیں منتہی کیواسطے ہیں مبتدی کیلئے نہیں جیسے کتابیں طب کی طبیب کیلئے ہیں مریض کیلئے نہیں بس اسیطرح تصوف کی کتابیں شیوخ کیلئے ہیں عوام کیلئے نہیں آخر قرآن پاک میں حق تعالیٰ فرماتے ہیں هل یستوی الذین یعلمون والذین لا یعلمون سو دونوں ہر معاملہ میں مساوی کیسے ہو سکتے ہیں ایک جاہل غیر مقلد ایک حدیث کی کتاب دیکھ رہے تھے ..... وہ کتاب اردو میں تھی آجکل اردو میں ترجمے ہو گئے ہیں آمیں وہ حدیث تھی من ام منکم فلیخفف اور اسکا ترجمہ تھا کہ امام کو چاہیئے کہ ہلکی نماز پڑھے آپنے ہلکی کو ہل کے پڑھا جسکے معنی جنبش کے ہیں بس آپنے یہ شروع کیا کہ جب امامت کرتا تو خوب ہلا کرتا اسی طرح ایک شخص نے مسائل کی کتاب میں دیکھا کہ دو رکعت بھری اور دو خالی پڑھے تو آپنے سنتوں میں بھی دو خالی اور دو بھری پڑھنا شروع کر دیا اور سالہا سال تک اسی طرح پڑھی

۱۶۰ **ملفوظ** - ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ دین میں دنیوی مصالح سے متاثر ہونا سب کمزوری کی باتیں ہیں بڑی چیز دین ہے یہ محفوظ رہے خواہ تمام مصالح بلکہ سارا عالم فنا ہو جائے کچھ پرواہ نہیں

۱۶۱ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مجاہدات ریاضات سے رذائل دب جاتے ہیں مضمحل ہو جاتے ہیں زائل نہیں ہوتے واقع میں موجود رہتے ہیں مگر مجاہدات سے مقاومت سہل ہو جاتی ہے اور اُن پر عمر بھر کیلئے قابو ہو جاتا ہے باقی یہ شبہ کہ جب مقاومت کی سہولت سے

Marfat.com

افعال کا صدور بے تکلف ہونے لگے اور اجر کامل موقوف ہے مشقت پر تو چاہئے کہ مجاہدہ کے بعد اجر کامل نہ ملے اسکا جواب ملفوظ ۱۷۵ میں گذر چکا ہے جہاں یہ مثال ہے کہ مشی فعل اختیاری اور مسبوق بالقصد ہے مگر پھر بھی ہر قدم پر ارادہ کرنا نہیں پڑتا بس شروع میں ایک ہی مرتبہ کا ارادہ کافی ہو جاتا ہے اور اگر اس ارادہ کا استداد علمی کسی کی سمجھ میں نہ آوے تو وہ دوسرا جواب سمجھ لے کہ کبھی بلا قصد بھی تو اجر مل جاتا ہے چنانچہ حدیث میں ہے کہ کوئی شخص کھیتی کرے یا باغ لگائے اور کوئی آدمی یا جانور اس میں سے کھا جائے تو اجر ملتا ہے حالانکہ اسکا قصد نہ تھا اور اگر قصد بھی کر لیا تو کیا ہی بات ہے نور علی نور ہے جیسے ایک بزرگ ایک شخص کے مکان پر تشریف لیگئے مکان کا روشن دان دیکھکر دریافت فرمایا کہ یہ کس لئے ہے عرض کیا کہ روشنی اور ہوا کی نیت سے رکھا ہے اور فرمایا اگر یہ نیت کر لیتے کہ اذان کی آواز آیا کریگی تو روشنی اور ہوا بھی آتی اور جب تک یہ مکان قائم رہتا تمھارے نامہ اعمال میں ثواب لکھا جاتا بے قصد کے اجر ملنے کا ایک اور مادہ یاد آیا دیکھئے بیمار ہونیکا کسی کا بھی قصد نہیں ہوتا مگر بیمار کو بیماری کا برابر اجر ملتا ہے اور بیماری کے سبب جو اوراد معمولہ ناغہ ہو جاتے ہیں انکا بھی اجر اسلئے ملتا ہے کہ حالت تندرستی میں یہ قصد اور نیت تھی کہ یہ ہمیشہ کرتا رہونگا۔ بہرحال قصد سابق کا استداد اور عدم قصد دونوں مقارن اجر ہو سکتے ہیں۔

۱۶۲

ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعض لوگ ذکر و شغل کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ کچھ نفع نہیں ہوا حضرت حاجی صاحبؒ اسکے جواب میں فرمایا کرتے تھے کہ کیا یہ نفع نہیں کہ ذکر و شغل کرتے ہوا اللہ تعالیٰ کا نام لیتے ہو میاں اسی طرح کام میں لگے رہو اور یہ شعر پڑھا کرتے تھے ؎

یا بم اورا یا نیابم جستجوئے میکنم　　حاصل آید یا نیاید آرزوئے میکنم

ایک ذاکر نے حضرت سے عرض کیا کہ میں نے طائف میں چلہ کیا اور سوا لاکھ اسم ذات روزانہ پڑھا مگر نفع نہیں ہوا معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ناراض ہیں فرمایا کہ اگر میں ناراض ہوتا تو تمکو سوا لاکھ اسم ذات روزانہ کی توفیق ہی نہ ہوتی اور یہ بات جو حضرت نے فرمائی اسمیں نقشبندیت کی ایک شان ہے کیونکہ نقشبندیہ میں ناز کی شان غالب ہے اور چشتیہ میں نیاز کی اور ہمارے حضرات مرکب ہیں چشتیت اور نقشبندیت دونوں سے انمیں دونوں شانیں جمع ہیں مگر غلبہ اسی نیاز اور عشق ہی کو ہے

Marfat.com

جس کی حقیقت فنا ہے۔

۱۲ ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم سہ شنبہ

۱۶۳ ملفوظ۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ آجکل آزادی ہو گئی ہے یہ مرض نیچریوں میں ہے جو منہ میں آیا بکدیا جو جی میں آیا کر لیا حالانکہ دین بدون وحی کی اتباع کے سلامت نہیں رہ سکتا ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت فلاں صاحب کے بھی آزاد خیالات ہیں حضرت کے یہاں آکر امید ہے کہ اُن کے خیالات درست ہو جائیں اگر اجازت ہو تو اُنکو مشورہ دیا جاوے فرمایا ایسا مشورہ دینا مفید نہیں اگر دوسرے کے مشورے سے آئیں گے تو شاید نکال دئے جائیں اصلاح ہوتی ہے جبکہ خود طلب ہو بدون اپنی طلب کے اصلاح نہیں ہوا کرتی یہ مسلمہ مجربہ مسئلہ ہے آپ ہرگز مشورہ نہ دیں اگر وہ خود آنا چاہیں آئیں میں چند شرائط کیساتھ اجازت دیدونگا اسوقت امید ہے کہ شاید اصلاح ہو جائے اُنکے دماغوں میں جو فرعونیت بھری ہوئی ہے اُسکا علاج ضابطہ ۸
ہی کے برتاؤ سے ہوتا ہے میں ایکمرتبہ ضلع مرادباد کے ایک قصبہ میں مدعو کیا گیا وہانپر ایک وعظ بھی ہوا قبل وعظ ایک جنٹلمین صاحب علیگڈھ کالج کے تعلیم یافتہ تشریف لائے اور آکر فرمایا کہ میں آپ سے کچھ عرض کر سکتا ہوں میں نے کہا کہ ضرور کر سکتے ہیں کہا کہ میں نے سنا ہے کہ آپ کو علیگڈھ والوں سے نفرت ہے میں نے سوچا کہ اگر کہتا ہوں کہ ہاں تب تو تعصب کا شبہ ہوگا اور اگر کہتا ہوں کہ نہیں تو ایک طرح کی چاپلوسی ہے جو واقع کے بھی خلاف ہے حق تعالیٰ نے دلمیں ایک بات ڈالی میں نے کہا اُنکی ذات سے تو نفرت نہیں افعال سے نفرت ہے کہا کہ وہ کیا افعال ہیں میں نے کہا کہ ہر فاعل کے افعال جدا ہیں کہنے لگے مثلاً میرے کیا افعال ہیں میں نے کہا کہ بعض تو بیّن ہیں (اُنکی داڑھی منڈی ہوئی تھی) جنکے اظہار کی ضرورت نہیں کہنے لگے کہ وہ بیّن کونسے افعال ہیں میں نے کہا کہ مجمع میں ظاہر کرنا مناسب نہیں اور تنہائی میں بھی بدون باہمی مناسبت کے ظاہر کرنا نافع نہیں اور مناسبت کا طریقہ یہ ہے کہ چند روز میرے پاس رہئے تاکہ آپکو مجھپر یہ اعتماد ہو جاوے کہ یہ خیر خواہی اور ہمدردی سے کہہ رہا ہے اور مجھکو یہ اطمینان ہو جاوے کہ آپ خلوص سے پوچھ رہے

Marfat.com

ہیں سمجھ گئے پھر سوال نہیں کیا غرض ان متکبروں کی رعایت کی ضرورت نہیں تجربہ کی بات ہے کہ رعایتی گفتگو کا کوئی نتیجہ نہیں نکلتا ہر بات اصول کے ماتحت ہونا چاہئے اُن ہی اصول میں سے ایک یہ ہے کہ اول یہ دیکھ لیا جائے کہ مخالف کو اپنی رائے فاسد پر جزم ہے یا تردّد ہے اگر جزم ہے تو ہم گفتگو نہ کرینگے کہ محض فضول ہے اور اگر تردد ہے تو بیشک گفتگو کریں گے لیکن اس صورت میں بھی گفتگو سے پہلے قدرے موانست کی ضرورت ہے تاکہ باہمی اعتماد ہو ورنہ سب کیا کرایا بیکار جاویگا اسکی مثال طبیب کی سی ہے کہ ایک نسخہ لکھا اگر مریض کو اعتماد نہیں تو کہدیگا کہ ٹھیک نہیں پھر دوسرا لکھا اُسکو بھی کہدیا کہ ٹھیک نہیں تو طبیب اون کا غلام ہے کہ بیٹھا ہوا نسخے ہی لکھا کرے اور مریض رد کر دیا کرے سب سے اول ضرورت اعتماد اور موانست کی ہے بدون اسکے نفع ہو ہی نہیں سکتا پھر بعد اعتماد اسکی ضرورت ہے کہ بطور امتحان ہی نسخے کو استعمال کر کے دیکھے پھر آگے چلے اس طرح نفع ہوتا ہے اور اگر یہ نہیں تو کیوں وقت بھی بیکار کھو یا مولنا رومیؒ اسی امتحان کی ضرورت کو فرماتے ہیں ؎

سالہا تو سنگ بودی دل خراش + آزمون را یک زمانے خاک باش - یہ تو طالب میں شرطیں ہیں نیز مصلح میں بھی بڑی شرط ہے کہ حکیم ہو طالب کی حالت کے موافق علاج کرے ایک رئیس کا واقعہ ہے کہ انکو داڑھی چڑھانیکا مرض تھا تو محض اس خیال سے کہ پانچ وقت وضو میں داڑھی کھولنی چڑھانی پڑیگی نماز نہ پڑھتے تھے ایک حکیم بزرگ نے ان سے کہا کہ تم نماز پڑھا کرو خواہ بلا وضو ہی پڑھ لیا کرو یہ نماز نہ تھی تشبہ بالمصلی تھا دو چار وقت تو انھوں نے ایسے ہی پڑھی پھر خیال ہوا کہ کیا واہیات ہے کہ نماز پڑھی بھی اور بلا وضو بیٹھے وضو بھی کرنے لگے یہ ہیں حکیمانہ تدابیر۔

ملفوظ ۱۶۴۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اگر انسان انسان ہو جائے تو پھر یہ سب ہی کچھ ہے اور انسان کے معنی یہ ہیں کہ صحیح تعلق پیدا ہو جائے حق تعالیٰ کیساتھ یہی جڑ ہے سبکی

ملفوظ ۱۶۵۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ عادۃ اللہ یہی ہے کہ بدون طلب کے کچھ نہیں ہوتا اس طرف سے طلب ہو پھر اس طرف سے سب ہی کچھ ہوتا ہے اسپر میں ایک مثال دیا کرتا ہوں کہ بچے کو باپ بچاس قدم کے فاصلے پر کھڑا کر کے اُسکی طرف ہاتھ پھیلاتا ہے اُس بچہ نے ابھی کھڑا ہونا سیکھا ہے چل نہیں سکتا مگر باپ کے ہاتھ پھیلانے پر وہ اسطرف آنیکے لئے حرکت کرتا ہے مگر گر جاتا ہے اب باپ دوڑ کر آغوش میں لے لیگا جو مسافت یہ بچہ سال بھر میں بھی قطع نہ کر سکتا وہ باپ کی حرکت سے ایک منٹ میں طے ہو گئی خلاصہ یہ ہے کہ طلب شرط ہے پھر کام تو سب اُسی طرف کے چاہنے سے ہو گا اور اگر طلب نہیں تو عدم طلب پر تو یہ فرماتے ہیں کہ انلزمکموھا وانتم لھا کارھون۔

رسالہ التبلیغ ص۱۲ ج۱

بتاریخ ماہ رمضان المبارک سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

ملفوظ ۱۶۶ ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ سب کام اعتماد پر ہوتے ہیں اگر اعتماد نہ ہو تو کوئی کام بھی نہو مثلاً اگر مریض کو طبیب پر اعتماد نہ ہو کبھی کام نہیں چل سکتا اعتماد بڑی چیز ہے عدم اعتماد سے ہمیشہ پریشانی ہی رہے گی مثلاً طبیب مریض سے کہے تم صحت یاب ہو گئے یہ کہے کہ نہیں یا طبیب کہے کہ مرض باقی ہے مریض کہے کہ نہیں ایسی حالت میں سوائے پریشانی کے اور کیا ہو گا ۔

ملفوظ ۱۶۷ ۔ ملقب بہ مشی الطریق مع نفی التدقیق) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ انسان کو کام میں لگنا چاہئے اسکی ضرورت نہیں کہ نفع کا ہونا بھی اسکو معلوم ہو اسکی ایسی مثال ہے کہ بچہ کم سن ہے اور باپ اسکی طرف سے بنک میں روپیہ جمع کر دے تو وہ بچہ مالک ہو جاویگا مگر مالک ہونیکے لئے اسکا معلوم ہونا شرط نہیں جب آمدنی تقسیم ہونے لگے گی اسوقت معلوم ہو جاویگا اسیطرح عمل کا نفع یہاں اگر سمجھ میں نہیں آیا وہاں آخرت میں سمجھ لوگے یہاں تو کام میں لگے رہو نفع برابر واقع ہو رہا ہے وہاں دیکھو گے اور تم یہاں ہی نفع کو معلوم کرنا چاہتے ہو تو کیا دنیا کے نفع کیواسطے کام کر رہے ہو جو دنیا میں نفع کے طالب ہو جہاں کے لئے کام کر رہے ہو وہاں اسکا نفع دیکھنا انشاء اللہ تعالیٰ خزانہ بھر پور ملے گا یہاں کے نفع کے متلاشی تو کفار ہوتے ہیں جنکو آخرت میں کوئی امید نہیں انکی مطلوبہ اور محبوبہ محض دنیا ہی ہے انکو آخرت میں کچھ نہ ملے گا اسی لئے کفار کی کوشش دنیا کے لئے ہے اور آخرت کیلئے محض معطل اور مومن اسکے برعکس ہو لنا اسی کو فرماتے ہیں ؎

انبیاء در کار دنیا جبری اند ٭ کافران در کار عقبیٰ جبری اند

انبیاء را کار عقبیٰ اختیار ٭ کافران را کار دنیا اختیار ٭

اُنکی مرغوب آخرت ہے انکی مرغوب دنیا ہے اپنی اپنی مرغوب پر زور لگا رہے ہیں بس اپنے مقصود کیلئے کام کرتے ہو ثمرہ کو نہ دیکھو ورنہ اگر ساتھ کی ساتھ اسکو بھی دیکھو گے کہ کچھ ثمرہ مرتب ہوا یا نہیں تو بس کام ہو چکا پھر تو وہ مثال ہو گی جیسے چکی پیسنے والی ہر چکر گھمانیکے بعد یہ دیکھا کرے کہ کہ کسقدر آٹا نکلا تو بس ہو چکا کام اور پسا پسایا آٹا کام کرنیوالونکی تو شان ہی اور ہوتی ہے انکو تو والہانہ کام ہی کرنا چاہئے اسیکو فرماتے ہیں ۔ ؎

گرچہ رخنہ نیست عالم را پدید ٭ خیرہ ٹر سند وارے باید دوید

رسالہ المبلغ ص۱۲ ج ۸

بابتہ ماہ رمضان المبارک ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

یوسف علیہ السلام نے یہ نہیں دیکھا کہ دروازہ بھی کھلا ہے یا نہیں اٹھکر دوڑ پڑے اپنا کام کیا بس اُس ارادہ اور نیت کی برکت سے دروازے خود بخود کھل گئے اور آپ صاف باہر نکل آئے اسی طرح تم چلو تو جو کچھ بُرے بھلے ہو آگے تو بڑھو خریداروں میں تو نام لکھا ہی جائیگا اور وہاں خریدار نام کا بھی محروم نہیں رہتا ایک بڑھیا سوت کی انٹی لیکر یوسف علیہ السلام کو خریدنے چلی کسی نے پوچھا کہاں جارہی ہو کہا کہ یوسفؑ کو خریدنے اُس نے کہا کہ اُنکی قیمت کیلئے تو شاید عزیز مصر کا خزانہ بھی کافی نہ ہو تم کیا ایک سوت کی انٹی لیکر چلی ہو بڑھیا کہتی ہے کہ یوسفؑ کے خریداروں میں تو نام لکھا ہی جائیگا آپ ہی بتلایئے کہ کونسا زر ثمن اُسکے پاس تھا مگر نیت اور ارادہ تو تھا تو تم بھی نیت اور ارادہ کے ساتھ کام میں لگو سوال جواب میں مت پڑو زیادہ تدقیق و تعمق کی ضرورت نہیں اتباع کی ضرورت ہے افسوس ہے کہ دو وقت کھانا کھانیمیں باورچی پر تو اعتماد کریں کہ اس نے کھانیمیں زہر نہیں ملایا اور اپنے خیر خواہوں پر اعتماد نہ ہو اون سے قیل و قال کیجاوے اس تدقیق میں یہ بھی داخل ہے کہ اسکو دیکھا جاوے کہ ہمارا عمل کامل ہے یا ناقص اگر ناقص ہو تو بدل ہو کر ہمت ہار دی صاحبو معلوم بھی ہے کہ عمل میں جس کمال کے تم منتظر ہو کہ کوئی نقص نہ ہو وہ کمال تو صرف ذات پاک ہی کی ساتھ خاص ہے ورنہ اس ذات کے سامنے تو انبیاء بھی کامل نہیں اور کسی کا تو کیا منہ ہے کہ کامل ہونیکا دعوی کرے یا منتظر ہو اُنکے سامنے تو جو کامل بھی ہوگا وہ ناقص ہی ہوگا یہ ہی بڑی حسرت ہے کہ ہم ناقص ہی ہیں محروم تو نہیں اور اگر کمال کے درپے ہوگے اور وہ ممکن نہیں تو کیا نتیجہ ہوگا ..... اس آدھی روٹی سے بھی محروم ہو جاؤگے بس یہ ہوگا کمال کی ہوس کا نتیجہ پہونچنے والے پہونچ گئے یہ ابھی اسی میں ہیں کہ سڑک کیسی ہے اسمیں گڈھے ہیں یا صاف ہے سڑک پر درخت آم کے ہیں یا نیم کے ارے تجھے کیا کہیں کے ہوں تو اپنے کام میں لگ تو اپنی راہ طے کر تاکہ منزل مقصود پر پہونچے ہم تو ہر حال میں ناقص ہی رہیں گے ہمارا علم بھی ناقص عمل بھی ناقص نظر بھی ناقص ان تحقیقات میں کیا رکھا ہے اسی کو فرماتے ہیں ؎

کارکن کار بگذر از گفتار ۔ اندریں راہ کار باید کار ۔

حضرت مولانا محمد یعقوب صاحبؒ بڑے ہی حکیم تھے ایک شخص نے سوال کیا کہ حضرت

Marfat.com

معمولات پر دوام نہیں ہوتا فرمایا یہ بھی ایک قسم کا دوام ہے کہ کبھی دوام ہوا کبھی نہ ہوا اس مجموعہ پر تو دوام ہے سو انسان کیوں مایوس ہو وہ بڑے رحیم ہیں ناقص کو بھی قبول کر لیتے ہیں نانوتہ میں کسی نے ایک بنیئے کو خواب میں دیکھا کہ جنت میں پھر رہا ہے پوچھا لالہ جی تم یہاں کہاں کہا کہ مرتے وقت کلمہ پڑھ لیا تھا نجات ہو گئی ☆ یہ جو مولانا کا مقولہ دوام کے متعلق بیان کیا گیا ہے یہ معالجہ ہے تحقیق نہیں اسلئے اسپر کوئی اشکال نہیں ہو سکتا ۱۶۸

ملفوظ ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ شیخ کی اسی واسطے ضرورت ہے جیسے سر پر حاکم رہتا ہے وہ بتلاتا رہتا ہے کہ یہ کرو یہ نہ کرو شیخ کے نہ ہونے سے اسی تردد میں رہے گا کہ کیا کروں کیا نہ کروں مگر شیخ کی تقلید شرط ہے اس طریق میں بدون تقلید کے کام چل نہیں سکتا قیل و قال و فکر تحقیق سے کچھ کام نہیں چلتا تقلید محض کی ضرورت ہے اسی کی برکت سے کسی وقت تحقیق بھی نصیب ہو جاتی ہے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ کئے جاؤ سب سمجھ میں آجائیگا سب تسلی ہو جائیگی کیسی عجیب اور جامع تعلیم ہے حضرت حاجی صاحبؒ کے یہاں لمبی چوڑی تعلیم نہ ہوتی تھی مختصر اور پُر مغز تعلیم ہوتی تھی ۔ ۱۶۹

ملفوظ ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ دیہاتی لوگوں کو دیکھ لیجئے کہ ان لوگوں کی گفتگو ناقص ہوتی ہے مگر سادگی کی وجہ سے ناگوار نہیں ہوتی اسیطرح ہمارے اعمال ہماری یاد سب ناقص ہے لیکن اُسمیں اگر خلوص ہو حق تعالیٰ اپنی رحمت کاملہ سے اُسی کو قبول فرما لیتے ہیں اسی کو فرماتے ہیں ؎

این قبول ذکر تو از رحمت است ۔۔۔ چوں نماز مستحاضہ رخصت است

بس عجز اور فنا ہونا چاہئے یہ ہی سب کچھ کام بنا دیگی اسکو بھی فرماتے ہیں ؎

فہم و خاطر تیز کردن نیست راہ ۔۔۔ جز شکستہ می نگیرد فضل شاہ

ہر کجا پستی است آب آنجا رود ۔۔۔ ہر کجا مشکل جواب آنجا رود

ہر کجا دردے دوا آنجا رود ۔۔۔ ہر کجا رنجے شفا آنجا رود

اہل تحقیق یہاں تک فرماتے ہیں کہ اگر عمل کا بھی زیادہ حصہ نہ ہو مگر اُس طرف کی دھن ہی لگائے رکھو نہ معلوم کس وقت فضل ہو جائے ؎

یک چشم زدن غافل ازاں شاہ نہ باشی ۔۔۔ شاید کہ نگاہے کند آگاہ نہ باشی

رسالہ المبلغ ص ۱۲ ج ۱

بالبتہ رمضان المبارک سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

اور اگر اسمیں بھی جو کوتاہی ہو جائے تب بھی اس فکر میں نہ پڑے کہ کوتاہی کیوں ہوئی اُس کے تدارک کے لئے اللہم اغفرلی پڑھکر کام میں لگجائے اگر اسی کے افسوس میں رہا تو وقت ہی بیکار کھویا کیونکہ ماضی کی فکر بھی تو اپنی ہی یاد ہے اُنکی تو یاد نہ ہوئی اسی کو فرماتے ہیں ع ماضی و مستقبلت پردہ خداست یہ فکر تو اپنا ہی مطالعہ ہوا اپنے ہی طواف میں لگ گئے کما قال العارف الرومیؒ ؎

چوں بطوف خود بدی خود مرتدی　　چوں بخانہ آمدی ہم باخودی

۱۳ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم چہارشنبہ

۱۷۰ **ملفوظ** - ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ طالب کے دیکھنے کی بات یہ ہے کہ اُسکو کسی پر اعتماد ہے یا نہیں اگر ہے تو وہ جو تدبیر تبلائے اُسپر عمل کرے خاموش رہے دن میں جو سنا کرے راتکو دلمیں جمانے کیلئے اُسکو سوچا کرے یہ طرز تو نافع ہے اور یہ طرز مربیانہ ہے اور ایک طرز ہے مناظرانہ تو مناظرانہ میں تو مولوی صاحب (جنھوں نے سائل کو یہاں بھیجا تھا) مجھ سے زیادہ ماہر ہیں وہاں جاؤ اور اگر مربیانہ طرز سے استفادہ مقصود ہے تو جو ہم کہیں وہ کرو باقی چق چق بق بق سے کچھ حاصل نہیں

۱۷۱ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ سچ تو یہ ہے کہ اگر ہفت اقلیم کا بادشاہ بھی مسلمان ہو تو اسلام کو کیا فخر ہاں خود اُسکو فخر ہو کہ ہمیں اسلام میں قبول کر لیا گیا تو مضائقہ نہیں حبلہ بن ایہم غسانی حضرت عمرؓ کی خلافت میں مسلمان ہو گیا تھا جسکے پاس تنعم کا اتنا سامان تھا کہ ہرقل کے پاس بھی نہ تھا ایک بار طواف کر رہا تھا لنگی کا پلہ لٹک رہا تھا وہ کسی غریب آدمی کے پیر کے نیچے دب گیا جبلہ جو آگے بڑھا لنگی کھل گئی اُسکو غصہ آیا اور اسکے ایک طمانچہ مارا اوس نے حضرت عمرؓ کے اجلاس میں فریاد کی آپ نے بدلہ کا حکم دیا اُس نے مہلت مانگی اور شب کو مرتد ہو کر چلا گیا مگر حضرت عمرؓ فاروق رضی اللہ عنہ کو افسوس نہیں ہوا کیونکہ وہ حق پر تھے بلکہ ایک مدت کے بعد اُسکو افسوس ہوا اور ظاہر بھی کیا کہ کاش میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے فرمانے پر قصاص پر راضی ہو جاتا تو کیا اچھا ہوتا ایک قاصد اسلامی سے یہ بھی کہا کہ میں پھر مسلمان ہو کر آسکتا ہوں بشرطیکہ ایک تو

Marfat.com

اپنے بعد مجھکو خلافت دیدیں اور اپنی بیٹی سے شادی کر دیں قاصد اسلامی نے کہا کہ خلافت مل جانیکا تو میں وعدہ کرتا ہوں مگر بیٹی دینے کے متعلق میں کچھ نہیں کہہ سکتا البتہ پیام پہونچا دونگا جب آپ کو خبر ملی تو آپنے فرمایا کہ اسکا بھی کیوں نہ وعدہ کر لیا مگر جبوقت جواب دینے کے لئے وہاں آدمی پہونچا سامنے سے اُسکا جنازہ آرہا تھا اسلام کے فخر نہ کرنے پر ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ جسکے ہزاروں عاشق ہوں اور ایک سے ایک حسین ہو اگر ان عاشق میں سے ایک بدشکل بوڑھا نکل جائے تو کیا محبوب کو افسوس ہوگا مگر آجکل کم سمجھ لوگوں کی یہ حالت ہے کہ اگر یاوجاہت شخص کوئی مسلمان ہو جاتا ہے تو اُسکو لئے لئے پھرتے ہیں ارے کیوں اُسکا دماغ خراب کیا اُسکے مسلمان ہونے پر فخر کرنیسے تو یہ شبہ ہوتا ہے کہ مسلمان اسکے انتظار میں منہ کھولے بیٹھے تھے ورنہ اسمیں فخر کی کیا بات ہے اور ابھی تو جب تک ایک معتدبہ زمانہ نہ گذر جائے بگڑ جانیکا بھی اندیشہ ہے کیوں اسقدر اُچھلتے پھرتے ہو حق تعالیٰ ایسے ہی نازک کے باب میں فرماتے ہیں لا تفرح ان اللہ لا یحب الفرحین کیونکہ اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ مسلمان ہوئے اور پھر مرتد ہو گئے تو ایسی حالت میں تم کس خبط میں پڑے اسلام تو بزبان حال کہتا ہے ؎

ہر کہ خواہد گو بیا و ہر کہ خواہد گو برو — دار و گیر و حاجب و دربان دریں درگاہ نیست

اور ایسی ہی موقع کیلئے فرماتے ہیں ؎

منت منہ کہ خدمت سلطان ہمی کنی — منت شناس ازو کہ بخدمت بداشتت

ایک پادری کا واقعہ ہے کہ وہ میرے پاس کانپور میں مسلمان ہونے آیا اور یہ کہا کہ کچھ روپیہ جمع کر دیا جائے تاکہ میں اُس سے کوئی تجارت کر سکوں اور کسی سے اختیاج ظاہر نکرنا پڑے میں نے کہا سنئے اگر اسلام کو حق سمجھکر قبول کرتے ہو تو اُلٹا تم سے فیس لینے کا حق ہے اور اگر یہ نہیں تو ہم نے روپیہ دیکر کیوں خراب کیا بیچارا تھا مخلص گو مفلس تھا کہنے لگا کہ وہ ایک مستقل درخواست تھی شرط نہ تھی اور اسلام قبول کر لیا اور پھر روپیہ کا نام بھی نہ لیا ایسی درخواست کے جواب کا یہی طرز ہونا چاہئے۔

۱۴۲ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک شخص قادیانی ہونا چاہتا تھا یہ پہلے مسلمان تھا پھر

Marfat.com

آریہ ہوا پھر عیسائی پھر مسلمان ہوا اب قادیانی بننا چاہتا تھا مگر اُن لوگوں نے اسکو لینے سے انکار کر دیا اس خیال سے کہ اسکا کوئی اعتبار نہیں اگر یہ پھر پھر گیا تو لوگوں کو قادیانی مشن میں شبہات پیدا ہو جاوینگے دیکھئے اس سے حق و باطل کے تفاوت کا پتہ چلتا ہے اسلام میں اگر ہزار بار آئے جائے لے لیں گے اُسکو ایسی بیہودہ بدنامی کی پرواہ نہیں اسی کو فرماتے ہیں ؎ باز آ باز آ ہر آنچہ ہستی باز آ + گر کافر و گبر و بُت پرستی باز آ - ؎ ایں درگہ ما درگہ نومیدی نیست + صد بار اگر توبہ شکستی باز آ -

۱۷۳ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ فلاں بستی کا ایک شخص حج کو گیا واپسی پر وطن کے لوگوں نے وہاں کے حالات دریافت کرنا چاہا اسپر کہا کہ خلاصہ بیان کئے دیتا ہوں وہ یہ ہے کہ خدا کسی مسلمان کو وہاں نہ لیجائے کمبخت بدنصیب نے یہ خلاصہ بیان کیا اسی سلسلہ میں حج کے متعلق ایک حکایت بیان کی کہ ایک غریب اور ایک امیر میں حج کے متعلق گفتگو ہوئی امیر صاحب چونکہ بڑی خوش عیشی سے گئے تھے اور غریب بیچاروں کو ٹوٹی پھوٹی حالت میں دیکھا تھا اسکے متعلق امیر صاحب کہنے لگے کہ تم لوگ بے بلائے جاتے ہو کیونکہ تم پر حج فرض نہیں اسلئے تمھاری بے قدری ہوتی ہے اور ہم بلائے ہوئے جاتے ہیں اسلئے ہماری قدر ہوتی ہے اُس غریب نے جواب دیا کہ یہ بات نہیں جو تم کہتے ہو بلکہ وجہ یہ ہے کہ تم تو مہمان ہو اسلئے تمھارے ساتھ یہ معاملہ کیا جاتا ہے اور ہم گھر کے آدمی ہیں گھر والوں کے ساتھ اسی طرح بے تکلفی کا معاملہ کیا جاتا ہے بات تو بڑے کام کی کہی ایسا کلام اہل محبت ہی کا ہو سکتا ہے وہ ہر حالت میں خوش رہتے ہیں بخلاف غیر اہل محبت کے وہ ذرا ذرا مصائب اور تکالیف پر چیخ پکار مچا دیتے ہیں حضرت لقمان علیہ السلام کی حکایت ہے اُنکی نبوت میں علماء کا اختلاف ہے مگر ولایت متفق علیہ ہے یہ ایک کسی رئیس کے باغ میں ملازم ہو گئے ایک روز وہ رئیس اپنے باغ کی سیر کو گیا دیکھا کہ باغ میں ککڑی کے چھوٹے چھوٹے پھل لگے ہوئے ہیں حضرت لقمان سے کہا کہ ایک ککڑی توڑ لاؤ یہ توڑ لائے رئیس نے تراش کر ایک ٹکڑا اُنکو دیا جب آقا نے منہ میں رکھا تمام منہ کڑوا ہو گیا آقا نے کہا کہ بندۂ خدا اسقدر تلخ چیز کو جو مثل زہر کے معلوم ہوئی تو کہا گیا اور تیوری سے بھی ... محسوس نہ ہو سکا کہ یہ تلخ ہے حضرت لقمان نے جواب دیا کہ جس آقا کے ہاتھ سے ہزارہا قسم کی نعمتیں قسم قسم کے ذائقوں کی کھائیں ہوں اگر آج اُسکے ہاتھ سے ایک تلخ چیز کھا لی

Marfat.com

تو کیا اُسپر منہ بناتا اُسکو منہ پر لاتا اسی طرح خدا کے ساتھ جو مسلمان کا تعلق ہے اُسکی یہی شان ہونا چاہئے اور صاحب اللہ کی تو بڑی شان ہے ایک آوارہ عورت سے کسی کو تعشق ہو جائے اُسمیں گوارا ناگوار سب کچھ سہتا ہے اور زبان پر حرف شکایت نہیں لاتا۔ جان مال جاہ سب ہی کچھ فدا کر دیتا ہے یہ سب محبت کے کرشمے ہیں اسی ہی لئے کہا کرتا ہوں خصوص جدید تعلیم یافتونکو جنکو دوسری اصطلاح میں نئی روشنی والے کہا جاتا ہے کہ تمھارے تمام اعتراضات اور شبہات کا پہاڑ محض محبت حق کے نہ ہونیکی وجہ سے تمھارے سامنے ہے محبت پیدا کرو تمام شبہات اور اعتراضات خود بخود ایکدم میں کافور ہو جائیں گے رہا محبت کے پیدا کرنیکا طریق سو وہ اہل محبت کی صحبت ہے بدون اسکے کام بننا مشکل ہے اور گو ان شبہات کے ازالہ کا دوسرا طریق بھی ہے یعنی تحقیق قالی مگر اُسمیں اور محبت میں جو تفاوت ہے اُسکی ایسی مثال ہے کہ ایک جنگل میں بہت ہی کچھ جھاڑ جھنکاڑ کھڑے ہیں ایک شخص اُنکو صاف کر کے زراعت کرنا چاہتا ہے اب اُسکے صاف کرنیکی دو ہی صورتیں ہیں ایک تو یہ کہ درانتی لیکر جائے اور ایک ایک درخت خار دار کو کاٹے اسپر جو مشکلات کا سامنا ہوگا ظاہر ہے اور پھر بھی کامیابی یقینی نہیں ممکن ہے اس صاف کرنے ہی میں اتنا وقت لگ جائے کہ زراعت کی فصل ہی ختم ہو جاوے یہ حالت تو قال وقیل کی ہے اور ایک یہ صورت ہے کہ دیا سلائی لیجا کر ہوا کے رخ کھڑے ہو کر اُسکو گھسکر جھاڑ کو دکھلائے اور پھر آکر سو رہے صبح کو دیکھیگا کہ جنگل صاف ہے بلکہ وہی جلا ہوا کھاد کام دیگا یہ حالت آتش محبت کی ہے اس ہی لئے کہا کرتا ہوں کہ ان شبہات اور اعتراضات سے جو قلب لبریز ہے اُسمیں حضرت حق کی محبت کی آگ پیدا کرو اور پیدا کرنیکا طریق بھی ابھی بتلا چکا ہوں کہ اہل محبت کی صحبت ہے وہ دیا سلائی اُنکے پاس ہے اُسکے ملجانیکے بعد تمکو محض گھسکر لگا دینا ہوگا پھر اُسکے سامنے کسی خس وخاشاک کا ٹھیرنا مشکل ہوگا پھر تو یہ حالت ہوگی جیسے مولانا رومی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں ؎

عشق آں شعلہ است کو چوں برفروخت ۔۔۔ ہر چہ جز معشوق باقی جملہ سوخت

تیغ لا در قتل غیر حق براند ۔۔۔ در نگر آخر کہ بعد لا چہ ماند

ماند الا اللہ باقی جملہ رفت ۔۔۔ مرحبا اے عشق شرکت سوز رفت

رسالہ المبلغ ص۱۲ ج۸

باسبتہ ماہ رمضان المبارک سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

ملفوظ ۱۷۴۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بھائی اکبر علی مرحوم ایک زمانہ میں بسلسلہ ملازمت بریلی میں تھے وہاں پر ایک ڈپٹی کلکٹر مسلمان تھے ان ڈپٹی صاحب نے چند آریوں کی جو ایک مناظرہ کے جلسہ میں آئے تھے اظہار بے تعصبی کی غرض سے دعوت کی شہر میں شور مچگیا کہ ڈپٹی صاحب آریہ ہو گئے ایک شخص بھائی کے پاس آئے اور کہا کہ آج ایک بہت بڑا حادثہ پیش آگیا بھائی نے دریافت کیا کیا کہا کہ فلاں ڈپٹی صاحب آریہ ہو گئے بھائی نے جواب دیا کہ یہ تو کوئی حادثہ نہیں اگر یہ صحیح ہے جو تم کہہ رہے ہو تو اس سے معلوم ہوا کہ اُن کے اندر خبیث مادہ پہلے سے موجود تھا سو ایسے خبیث کا اسلام سے نکل جانا ہی اچھا ہے آپکو کیا فکر ہوئی اور آپکو دوسروں کی تو فکر ہے اپنے اسلام کی تو خبر لیجئے اُنکی داڑھی بھی کٹی تھی اور بھائی نے یہ بھی کہا کہ تم اپنے کو بڑا مسلمان سمجھتے ہو یاد رکھو اگر بریلی میں ایک بھی حقیقی مسلمان ہوتا تو آج تمام بریلی مسلمان ہوتی اسپر وہ شخص گھبرا کر کہنے لگا کہ کیا فلاں مولوی صاحب ... بھی مسلمان نہیں بھائی نے جواب دیا کہ وہ تو ایسے مسلمان ہیں کہ اگر اسوقت صحابہ میں سے کوئی آجاویں تو سب سے پہلے اُن پر جہاد کریں خیر یہ تو اُس شخص کو جواب دیا مگر فرصت کیوقت بھائی اُن ڈپٹی صاحب سے ملے اور واقعہ کی حقیقت دریافت کی اُنھوں نے کہا کہ کیا واسیات ہے محض لغویات ہے کہ میں آریہ ہو گیا ویسے ہی اخلاقاً اس دعوت کے قصہ کا تو البتہ مجھسے صدور ہو گیا پھر اُن ڈپٹی صاحب نے بھائی سے مشورہ کیا کہ اب مجھکو کیا کرنا چاہئے یہ بات تو بڑی بدنامی کا سبب بن گئی یہ خبر اور مقامات میں بھی شہرت پا ئیگی (مزاحاً حضرت والا نے فرمایا کہ بریلی سے بریلی دور دور جائیگی) بھائی نے کہا العلاج بالضد اب مولویوں کی دعوت کرو اس مشورہ سے بہت خوش ہوئے اور مولویوں کی دعوت کی اور مجمع میں کھڑے ہو کر توبہ کی تب شہر میں اسکا چرچا بند ہوا اور مسلمانوں کو اطمینان ہوا اس واقعہ سے لوگوں کا یہ مذاق بھی معلوم ہوا کہ اسلام کی قوت کا مدار لوگوں کی شخصیتوں پر سمجھتے ہیں اسی لئے ڈپٹی صاحب کے انقلاب کی کسقدر فکر ہوئی حالانکہ اسلام کی قوت کا مدار حق پر ہے نہ کہ کسی مخلوق پر اسلام کی قوت خارج سے نہیں داخل سے ہے اور عوام کا تو یہ مذاق ہے ہی غضب تو یہ ہے کہ خواص بھی اس سے خالی نہیں چنانچہ اپنے ایک معمول کے متعلق ایک مولوی صاحب کا مشورہ عرض کرتا ہوں وہ معمول یہ ہے کہ میں عورت کو اور مریض کو تو سفر میں بھی مرید کر لیتا ہوں محض اس خیال سے کہ عورت اہل الرائے

۱۷

رسالہ المبلغ ص۱۲ ج ۸

بتاریخ ماہ رمضان المبارک سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

Marfat.com

ہے جیسے ایک شخص کی بھینس چور لے گئے جاکر دیکھا کہ تو رسّا موجود تھا تو پکار کر کہتا ہے کہ لیجاؤ مگر باندھو گے کاہے میں یہ ہی حالت ان عقلا کی ہے حکومت کا مدار خاص نسل پر سمجھتے ہیں جیسے اُس شخص نے بھینس باندھنے کا مدار خاص رسّے پر سمجھا ایسے بیدار مغزوں سے تو وہ گنوار ہی اچھے جو اپنا مطلب اور مقصد تو مفید طریقہ پر نکال لیتے ہیں ایک گنوار کا قصہ ہے کہ ایک تحصیلدار کو ایک تحصیل میں کئی برس کا عرصہ تعینات ہوئے ہو گیا تھا عام برتاو اہل معاملہ سے اُنکا اچھا نہ تھا مگر حکام کو اُنھوں نے مسخر کر رکھا تھا اسلئے کسی کی شکایت کا اثر نہ ہوتا تھا اُس گنوار نے اُسکا تبادلہ کرانا چاہا صاحب کلکٹر کے بنگلے پر پہونچا..... کلکٹر نے پوچھا کیسے آئے کہا کہ ایک بات پوچھنا ہے کہ موروثی کسے کہیں ہیں صاحب نے کہا کہ اگر بارہ سال تک کسی کے قبضہ میں زمین رہے وہ موروثی ہو جاتی ہے پھر اُسکو کوئی چھوڑا نہیں سکتا کہا کہ بڑے غضب ہو گئے کلکٹر نے دریافت کیا کہ کیا بات ہے کہا کہ فلاں تحصیلدار کو تحصیل میں گیارہ سال تو ہو گئے ایک سال اور باقی ہے موروثی ہو نہیں اگر یہ بھی پورا ہو گیا تو پھر نہ تیرے باپو سے جا اور نہ میرے باپو سے جا کیسی ترکیب سے کام لیا کلکٹر سمجھ گیا اور تحصیلدار کا تبادلہ کر دیا۔

۱۷۷ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعضے لوگ دوسروں پر الزام لگاتے ہیں اپنی حالت کو نہیں دیکھتے رات دن کے معاملات میں مشاہدہ ہو رہا ہے کہ موقع کو خود ضائع کر دیتے ہیں پھر ان کے بس کا کام نہیں رہتا یہاں ہی پر قصبہ میں بازار میں چوک ہے حکام نے مسلمانوں سے کہا تھا اسکو بنوالو مگر نہ بنوایا ہندوؤں نے بنوالیا قبضہ کر لیا۔

۱۷۸ **ملفوظ**۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ کام تو کام ہی کے طریق سے ہوتا ہے نہ مشوروں سے کام نہیں چلتا جو اہل علم سیاسیات میں کھڑے ہوئے ہیں اسمیں ایک بڑا ضعف تو یہی ہے کہ عوام سے امید اطاعت نہیں دوسرے اگر یہ بھی معلوم ہو جاوے کہ اب انکا کہنا مانیں گے اور مخاطبین میں اطاعت کا مادہ ہے تب بھی اہل علم کا بہ راہ راست یہ کام نہیں بلکہ اُسوقت بھی دنیا کے جو بڑے ہیں اہل مال اہل جاہ وہی انکاموں کو انجام دیں البتہ اہل علم سے جائز ناجائز کو پوچھ لیا کریں غرض اہل علم کا جو اصلی کام ہے جائز ناجائز کا بتلانا وہ ان سے لیا جائے یہ اصولی بات ہے اور حکام کے مقابلہ میں جہاں ناکامی ہوئی ہے اسکا اصلی سبب بے اصولی ہے

Marfat.com

کام کرنا ہے امیر شاہ خانصاحب نے ایک بات بہت اچھی بیان کی کہ تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ سلطنت کا مقابلہ سلطنت ہی کر سکتی ہے امام حسین رضی اللہ عنہ کا کیسا تقدس ہے کہ حضور کے نور سے اُنکو خاص تلبّس ہے مگر یزید کے مقابلہ میں کامیابی نہیں ہوئی اسی سلسلہ میں فرمایا کہ ایک جنٹلمین صاحب یہاں پر آئے تھے مجھسے کہا کہ تم تحریکات میں شریک کیوں نہیں ہوتے میں نے کہا کہ اسمیں ایک کسر ہے کہا کیا میں نے کہا کہ اس جماعت میں کوئی امیر المومنین نہیں کہ ہم آپ ہی کو امیر المومنین بناتے ہیں میں نے کہا کہ میں بنتا ہوں مگر چند شرطیں ہیں ایک تو یہ کہ مشاہیر علماء اور لیڈر میرے امیر المومنین ہونے پر دستخط کر دیں اور ایک سب مسلمان اپنی تمام املاک میرے نام ہبہ کر دیں خواہ وہ روپیہ ہو یا زیور ہو یا باغات ہوں یا جائداد کیونکہ اخیر میں مالک اموال کا نہ ہوا تو ہر کام کیلئے چندہ مانگنا پڑیگا سو میں بھیک مانگنے والا امیر المومنین نہیں بنونگا اور بھی چند شرائط بیان کئے گئے یہ شرائط اسلئے ہیں کہ بدون قوت کے امیر المومنین محض کاغذی امیر المومنین ہوگا جسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ آج امیر المومنین ہوں کل کو اسیر الکافرین بس رہ گئے اپنا سا منہ لیکر بڑے دعوے کیساتھ تشریف لائے تھے کہ پانچ منٹ میں اپنا ہم خیال بنا لونگا

نمبر ۱۷۹

ملفوظ ۱۷۹ - ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ بعضے بزرگ بعض موقعوں پر ہندو کو بھی ذکر شغل کی تعلیم کر دیتے ہیں کہ اس سے اسلام سے قرب ہو جاویگا مگر یہ خیال محض غلط ہے بلکہ اسمیں اور بعد ہو جائیگا اسلئے کہ کیفیات کیلئے اسلام شرط نہیں وہ غیر مسلم کو بھی حاصل ہو جاتی ہیں اگر ایسا ہو گیا تو اُسکو یہ دھوکا ہو جاویگا کہ وہ کیفیات کو قرب سمجھکر قرب کے لئے اسلام کو شرط نہ سمجھے گا اچھا خاصہ الحاد راسخ ہو جائیگا جلال آباد میں ایک ہندو رئیس میرے وعظ میں شریک ہوا بعد وعظ تصوف کی تعلیم حاصل کرنا چاہی میں نے صاف کہدیا اسکے لئے پہلی شرط اسلام ہے پھر وہ اس طرف رجوع نہیں ہوا مگر آجکل ایسے بھی پیر پیدا ہو گئے ہیں کہ مسلمان ہو کر بھی وہ طریق کیلئے اسلام کو شرط نہیں سمجھتے انا للہ وانا الیہ راجعون ایسا طریق شیطانی طریق ہے جسمیں اسلام شرط نہیں اسپر بڑا فخر ہے کہ فلاں ہندو ہمارا مرید ہے اگر یہی بات ہے کہ مقبولیت کیلئے اسلام شرط نہیں تو خود پیر صاحب ہی کیوں داخل اسلام ہونے کو ضروری سمجھتے ہیں کیا عجیب فلسفہ ہے حقیقت میں نرا سفہ ہے یقیناً بدون

رسالہ المبلغ ۱۲ھ

۱۳۵۶ھ ۱۳ شہاب رمضان المبارک

اسلام قبول کئے ہرگز واصل الی المقصود نہیں ہوسکتا اور اصل غلطی یہی ہے کہ مقصود ہی کے سمجھنے میں گڑبڑ ہو رہی ہے بہت لوگوں نے محض کیفیات وکشف وکرامات ہی کو مقصود بنا رکھا ہے یہی سرے سے غلط ہے طریق تو اعمال ہیں اور مقصود رضائے حق ہے اب بتلائیے کہ اسکے لئے اسلام شرط ہے یا نہیں یہ ہے طریق کی حقیقت جو میں نے اسوقت بیان کی اسکے علاوہ سب شیطانی راہ ہے جسمیں مخلوق کو پھنسا کر گمراہ کیا جارہا ہے اور یہ طریق تو دقیق چیز ہے جسقدر غیر مسلم اقوام ہیں خواہ ہندو ہو یا عیسائی انکو ظاہری علوم سے بھی اصلا مناسبت نہیں میرا مشاہدہ ہے تجربہ ہے مختلف لوگوں سے گفتگو ہوئی سفر میں حضر میں کافر رسمی علوم سے بھی کورے ہیں قطعاً مناسبت نہیں یہ تو مسلمانوں ہی کا حصہ ہے بات یہ ہے کہ علم بدون نور فہم کے حاصل نہیں ہوسکتا اور نور فہم بدون اسلام اور تقوی کے حاصل ہونا محال ہے۔ ایک ہندو بہت بڑا سرکاری افسر ہے اُس نے ایک مسلمان کے ہاتھ میرے پاس کہلا کر بھیجا کہ میں اپنے مذہب کے طریق پر بہت کچھ پوجا پاٹ کر چکا مگر کسی طرح اطمنان میسر نہیں ہوتا مجھکو حق کی تلاش ہے میں نے کہلا بھیجا ہے کہ کثرت سے اہدنا الصراط المستقیم پڑھا کرو اور دعا کیا کرو انشاء اللہ تعالیٰ حق واضح ہو جائیگا اور ایک یہ بات کہلا کر بھیجونگا کہ جیسے تم نے اپنے مذہب کے طریق پر پوجا پاٹ کر کے دیکھا اور اطمنان میسر نہیں ہوا اسیطرح اسلامی تعلیم کے طریق پر عبادت کر کے دیکھو خواہ امتحان ہی کے طور پر سہی اگر اطمنان نہ ہو تو پھر ہم سے کہنا مولانا رومیؒ اسی کو فرماتے ہیں ؎

سالہا تو سنگ بودی دلخراش　　آزمون را یک زمانے خاک باش

گو اس صورت میں محض صورت ہی صورت ہوگی مگر اسمیں بھی برکت ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ صاحب صورت تو پھر معنی سے قریب ہے خود نام میں بھی برکت ہے دیکھئے کھٹائی میں تو یہ اثر ہو کہ نام لینے سے منہ میں پانی بھر آئے اور اللہ کے نام میں اثر نہ ہو یہ کیسے ہو سکتا ہے مولانا فرماتے ہیں ؎

از صفت ور نام چہ زاید خیال　　واں خیالت ہست دلالِ وصال

غرض کبھی صورت پر بھی اسقدر فضل ہو جاتا ہے کہ کچھ سے کچھ ہو جاتا ہے اور وہ تو حقیقی کریم ہیں مجازی کریموں کو دیکھ لیجئے اگر اُن کے پاس کنجڑا اصلی خربوزہ لیجاتا تو چار آنے ملتے لیکن

Marfat.com

اگر مٹی کا بنا کر لیجائے تو دو روپیہ مل جاتے ہیں خلاصہ یہ ہے کہ چاہے صورت ہی ہو مگر نیت عجز و نیاز ہو اُسپر بھی فضل ہوتا ہے دعوے و ناز نہو بلکہ بزرگوں نے تو یہانتک فرمایا ہے کہ متشبہ بالصوفی کی بھی قدر کرو کیونکہ اس نے طریق کو معظم تو سمجھا تب ہی تو تشبہ اختیار کیا اور یہی راز ہے تشبہ بالکفار کے مذموم ہونیکا کہ وہ علامت ہے کفر اور کفار کی عظمت کی اسلیئے حدیث میں جناب پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں من تشبہ بقوم فھو منھم کیونکہ بغیر اعتقاد عظمت کے تشبہ نہیں ہو سکتا اور کفار کی عظمت کا اعتقاد ہے حرام اسی طرح حضرات صوفیہ کا یہ فرمانا کہ متشبہ بالصوفی کی بھی قدر کرو اسکی بنا ر یہی ہے کہ اُس متشبہ کے قلب میں اس جماعت کی عظمت ہے اسلئے اُسکی بھی قدر کرو کیا ٹھکانا ہے ان حضرات کی عمیق نظر کا اسی لئے میں کہتا ہوں کہ مقبول بندوں کی وضع اختیار کرو شکل بناؤ دوسری ایک اور بات اسی وقت ذہن میں آئی کیا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جی نہیں چاہے گا کہ میری اُمت میرے طرز پر رہے اہل محبت کیلئے تو یہی کافی ہے خواہ کچھ بھی فائدہ نہوتا لیکن اگر یہ درجہ حاصل نہ ہوا اور فائدہ ہی مطلوب ہو تو اسی نیت سے اختیار کرو تب معلوم ہو کہ کیا برکت ہوتی ہے قبل عمل محض عقل سے حقیقت کا ذہن میں آنا مشکل ہے اور یہ واقعہ ہے کہ شرائع کی مصلحتیں عمل کرنیکے بعد ہی معلوم ہوتی ہیں جیسے طبیب کامل کے نسخہ کی خاصیتیں بعد استعمال ہی کے معلوم ہوتی ہیں۔

۱۸۰

ملفوظ ۱۸۰ - ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ کسی کا کوئی طرز ہو میرا تو یہ مسلک ہے کہ شریعت کو مصالح پر مقدم رکھتا ہوں میرے یہاں مصالح پیس دئے جاتے ہیں کیونکہ مصالح کو جتنا پیسا جائے سالن زیادہ لذیذ اور مزیدار ہوتا ہے حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضؓ کو دیکھئے جب حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی طرح طرح کے فتنے کھڑے ہوئے انمیں ایک جماعت مانعین زکوٰۃ کی پیدا ہو گئی کہ باوجود دعوئے اسلام کے زکوٰۃ سے انکار کرنے لگے ایسے وقت میں مانعین زکوٰۃ سے جہاد کا اعلان فرمادیا ایسے خطرناک وقت میں کسی مصالح پر بھی عمل نہ فرمایا بلکہ حضرت عمر رضؓ کے عرض کرنے پر بھی کہ اسوقت ان سے جنگ مصلحت نہیں یہی فرمایا کہ میں ضرور ان سے قتال کرونگا حتی کہ اگر کوئی بھی میرا ساتھ نہ دیگا تو میں تنہا مانعین زکوٰۃ سے جہاد کرونگا جو چیز جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں جاری تھی اُسکو بند ہوتے دیکھکر میں چین سے نہیں بیٹھ

Marfat.com

سکتا کیا ٹھکانا ہے اس قوت قلبی کا اس واقعہ کی یہ مصلحت ظاہر ہوئی کہ تمام عرب پر ہیبت چھا گئی کہ کوئی بڑی قوت ضرور انکی پشت پر ہے باوجود اسکے کہ مدینہ لشکر اسلامی سے اسوقت خالی تھا کیونکہ کچھ لشکر مرتدین کے مقابلہ کیلئے بھیجدیا گیا کچھ شام کو روانہ کردیا گیا تھا یہ ہے ان حضرات کی نوت ایمانیہ اب یہ مصلحت رعب عام کی قبل وقوع کیسے معلوم ہوتی غرض دین کے مقابلہ میں مصلحتیں کوئی چیز نہیں حقیقت میں وہ دین کی مصلحت نہیں بلکہ اپنی مصلحتیں ہیں سو یہ تو مصلحت پرستی ہوئی خدا پرستی نہوئی چھوڑو ان مصلحتوں کو ان میں کیا رکھا ہے خصوص اہل علم کو تو ہرگز اس طرف نظر نہ کرنا چاہئے انکا مذہب تو یہ ہونا چاہئے ؎

مصلحت دید من آنست کہ یاران ہمہ کار ۔۔۔ بگذارند و خم طرۂ یارے گیرند ۔

اور دنیوی مصالح تو کیا چیز ہیں انکا تتبع اور اتباع تو بالکل ہوا پرستی ہے۔ بزرگوں نے تو دینی حکم و امور میں خوض کرنے اور انکو تفحص کرنے سے منع فرمایا ہے چنانچہ مجدد صاحب فرماتے ہیں کہ شرائع میں اسرار اور مصالح کا تلاش کرنا مرادف ہے انکار نبوت کا یہ نبی کا اتباع نہیں مصالح کا اتباع ہے۔ ایک شخص نے مجھسے پوچھا کہ فلاں مسئلہ اسطرح کیوں ہے میں نے جواب دیا کہ تم تو ہم سے خدائی احکام کی حکمتیں پوچھتے ہو جہاں رسائی مشکل ہے ہم تم سے تمہارے ہی ترکیب بدنی کے متعلق پوچھتے ہیں جہاں رسائی بھی آسان ہے کہ یہ ناک سامنے ہی کیوں ہے۔ اسیطرح ایک دوسرے شخص نے لکھا کہ فلاں مسئلہ میں کیا حکمت ہے میں نے لکھا کہ اس سوال عن الحکمت ہیں کہ خود تمہارا فعل ہے کیا حکمت ہے اسیطرح ایک شخص نے لکھا کہ کافر سے سود لینا کیوں حرام ہے میں نے لکھا کہ کافر عورت سے زنا کرنا کیوں حرام ہے اسپر انھوں نے غیر جوابی خط لکھا اور لکھا کہ علماء کو اسقدر خشک نہ ہونا چاہئے اگر جوابی خط ہوتا تو میں جواب لکھتا کہ جاہلوں کو اسقدر تر نہونا چاہئے کہ جس سے بالکل ڈوب ہی جائیں ان متکبروں کے ساتھ یونہی پیش آنا چاہئے یہ سمجھتے ہیں کہ ہم خرد ماغ ہیں میں یہ چاہتا ہوں کہ انکو یہ معلوم کرادیا جائے کہ علماء بھی اسپر دماغ ہیں جزاء سیئۃ سیئۃ مثلہا۔

۱۳ ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم چہارشنبہ

Marfat.com

ملفوظ ۱۸۱ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل لوگ فضل ورحمت کے نصوص سنکر معصیت پہ دلیر ہوگئے ہیں بیشک نجات کا مدار تو فضل ہی پر ہے مگر یہ اعمال بھی تو فضل ہی ہیں بدون اعمال کے توقع رکھنا بالکل ایسا ہے جیسے یہ سنکر کہ آدم علیہ السلام مٹی سے پیدا ہوئے اور اُن سے حوّا علیہا السلام پیدا ہوئیں اور حضرت مریم علیہ السلام سے بدون شوہر عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے یہ سنکر نکاح نہ کرے اور اولاد کا متوقع رہے -

ملفوظ ۱۸۲ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ وہم خود ایک مستقل مرض ہے مومن خاں شاعر رمضان شریف میں مسجد میں تراویح پڑھتے تھے ایک ڈوم بھی نماز پڑھنے آتا تھا اُس نے خانصاحب سے کہا کہ جس سورت کا نام نہیں لیا کرتے (مراد سورہ یٰسین) وہ جس روز آوے تبلا دیجئو میں اُس روز نہ آؤنگا یہ وہم اسپر سوار تھا کہ مرنیکے وقت ہی اُسکو سناتے ہیں اور اسکے بعد مرجاتا ہے خان صاحب نے ایک روز اُس سے کہا ارے مجھکو کہنا یاد نہیں رہا دہ تو رات پڑھی گئی بس اُس نے سب سے ملنا جلنا اور خط قصور معاف کرانا شروع کر دیا دوسرے تیسرے روز مر گیا

ملفوظ ۱۸۳ - ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ آپکو بیٹھے بیٹھے کچھ زیادہ بولنے کا شوق معلوم ہوتا ہے سوال چاہے ضروری ہو یا غیر ضروری اسکی پرواہی نہیں مولوی صاحب اب تو ضرورت اسکی ہے کہ قیل وقال چھوڑ کر مولانا رومیؒ کے قول پر یا شاید اور کسی کا قول ہو عمل کرو فرماتے ہیں - ؎

جملہ اوراق وکتب در نار کن سینہ را از نورِ حق گلزار کن *

اہل علم کو دو مرحلے طے کرنے پڑتے ہیں ایک تو کتابوں کا ختم کرنا پھر دوسری معنے کر ختم کرنا یعنی بھلا دینا میں آپکو ایک نہایت مفید اور کارآمد مشورہ دیتا ہوں جو تجربہ کی بنا پر ہے وہ یہ کہ چند روز اگر آدمی خاموش رہے تو بصیرت پیدا ہو جاتی ہے بدوں چند روز خاموشی اختیار کیے بصیرت نہوگی اور اپنی اصلاح کیلئے کسی کو تجویز کرنیمیں کسی طرف اپنی رائے قائم نہیں کر سکتا اگر کی بھی تو وہ قابل اعتماد نہوگی یہ اسوقت میں نے آپکو نہایت مفید مشورہ دیا ہے بشرطیکہ آپ اسکی قدر کریں اور اسکو آپ اپنا دستور العمل بنائیں -

ملفوظ ۱۸۴ - ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ تلاوت قرآن اور کثرت نوافل

Marfat.com

سب سے افضل عبادت ہے اور یہ مقاصد ہیں ان ہی دو چیزونکی صلاحیت کیلئے طریق ہیں
ذکر و شغل کی تعلیم ہوتی ہے اور وہ سب مقدمات ہیں اور انمیں شیخ کی بھی ضرورت ہے اسلئے
کہ انمیں بعض اوقات کچھ خطرات بھی پیش آتے ہیں اور مقاصد میں کوئی خطرہ نہیں پھر یہ دونوں
ذکر اللہ پر بھی مشتمل ہیں ان دونوں کی بھی روح اعظم ذکر ہی ہے وہ خود انمیں مضمر ہے باقی مستقل
اذکار مثلاً سبحان اللہ۔ یا لا الہ الا اللہ۔ ان سب سے تلاوت قرآن و نماز افضل ہے نماز اور قرآن
کی آجکل کے اکثر مشائخ کے دلمیں وقعت و عظمت نہیں تمام زور ذکر پر دیا جاتا ہے حالانکہ انمیں
ایک اور لطیف فرق بھی ہے وہ یہ کہ جب کوئی ذکر زیادہ کرتا ہے انمیں عجب پیدا ہو جاتا ہے
اور نماز اور تلاوت قرآن سے عجب کم پیدا ہوتا ہے اسکا اصلی سبب یہ ہے کہ اکثر عوام ذکر کو خواص
کا فعل سمجھتے ہیں اور نماز و تلاوت قرآن کو عوام کا فعل سمجھتے ہیں تھوڑی سی دیر بیٹھکر ذکر کر لیا
الا اللہ الا اللہ یا اللہ اللہ بس خواص میں داخل ہو گئے۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں
فرمایا ایسی حالت میں ذکر و شغل چھوڑ دینا چاہیے مگر یہ سب امور شیخ کی تجویز پر موقوف ہیں
کہ کس وقت کیا مناسب ہے چنانچہ بعض اوقات وہ یہ مشورہ دیگا۔ کہ خاص ہیئت سے ۲۵
بیٹھکر ذکر نکیا جاوے چلتے پھرتے پڑھ لیا کرو کیونکہ اس طور سے تمکو کوئی ذاکر نہ سمجھے گا یہ گردن
جھکا کر بیٹھنا اور ادھر اُدھر گردن ہلانا اس سے لوگ ذاکر سمجھتے ہیں غرضکہ ہر حالت میں شیخ
کامل کی ضرورت ہے اپنے کو اُسکے سپرد کر دینے کے بعد مطمئن ہو جانا چاہیئے۔

ملفوظ ۱۸۵ - ایک صاحب کی غلطی پر متنبہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ طریقہ درخواست کا بتلا دیا گیا
ہے جسوقت قاعدہ اور سلیقہ سے درخواست کیجائیگی فوراً سلسلہ تعلیم جاری کر دیا جائیگا اور
اگر اس طریقہ اور قاعدہ پر کوئی اعتراض ہے جیسے بعضے بدفہم قانون سے گھبراتے ہیں تو
نماز میں بھی قاعدہ اور طریقہ ہے مثلاً وضو ہے قبلہ رُخ ہونا ہے طہارت ہے وغیرہ وغیرہ
اب اگر اسپر کوئی کہے کہ بس جی ان قیود کا مقصود تو یہ ہے کہ نماز ہی نہ پڑھو جیسے استفادہ
طریق کے قوانین کے متعلق ناواقف یہی شبہ کرتے ہیں کہ انکا حاصل تو طریق کا تنگ کرنا ہے
تو اسکا ۱۸۶ کسی کے پاس کیا علاج ہے۔

ملفوظ - ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ دین کے آسان ہونے میں

Marfat.com

کوئی شبہ نہیں اگر کسی کو شبہ ہوتا ہے حقیقت کے نہ سمجھنے سے ہوتا ہے ایک شخص نے مولانا فضل الرحمٰن صاحب گنج مرادآبادی سے عرض کیا کہ حضرت مفقود کے مسئلہ میں تو بڑا حرج ہے فرمایا کہ بڑا حرج لئے پھرتا ہے جہاد میں بھی تو جی سے جان دینی پڑتی ہے اسکو بھی قرآن شریف سے نکالدو مولانا پر جذب کا غلبہ رہتا تھا اسی رنگ کا جواب دیا جذب کے مناسب ایک واقعہ مولانا کا بیان فرمایا کہ وقار الامرا حیدرآبادی ملاقات کو آئے مولانا نے حکم دیا نکالدو صاحب زادہ نے سفارش کی فرمایا اچھا دو بجے رات تک اجازت ہے وہ بھی نہایت ہی باادب سلیم الطبع تھے دو بجے چلے گئے بعض لوگوں نے کہا بھی کہ صبح کو چلے جائیں مگر انھوں نے جواب دیا کہ خلاف ادب ہے یہاں پر قیام کرنا مولانا کا اسکے بعد ٹہرنیکا حکم نہیں یہ اُس زمانہ کے امراء کی حالت تھی خصوص حیدرآباد کے امراء نہایت ہی مخلص اور فقراء سے نہایت خوش اعتقاد تھے ہمارے ماموں صاحب کا فرمانا یاد آیا کہ فلاں مقام کے فقراء تو دوزخی ہیں اور امراء جنّتی اسلئے کہ امراء کا تعلق تو فقراء سے دین کیوجہ سے ہے اور فقراء کا تعلق امراء سے دنیا کی وجہ سے ہے انکی دنیا پرستی کی بناء پر نظام دکن کا ایک مقولہ نقل کیا کہ اُن سے کہا کہ مرید ہو جاؤ دریافت کیا کس سے کہا کہ آپکے شہر میں بہت سے مشائخ ہیں کہا کہ وہ تو خود میرے مرید ہیں کہ بارادۂ دنیا میرے پاس آتے ہیں ... میں اُنکا کیا مرید ہوتا کہی تو سمجھ اور کام کی بات ۔میں جو حیدرآباد گیا وہاں پر چند روز قیام رہا اور چند وعظ بھی ہوئے میرے چلے آنیکے بعد حفظ الایمان کی عبارت للہکر اور اُسپر ایک فتویٰ بناکر وہاں کے مشائخ کے دستخط کراکر نظام کے سامنے پیش کیا کہ آئندہ کیلئے اس شخص کا حدود ریاست میں داخلہ بند کردیا جائے اگر یہ شخص ایک دوبار آیا سب کو گمراہ کردیگا نظام نے کہا کہ جس شخص کی یہ عبارت ہے وہ زندہ ہے اس سے اسکا مفہوم دریافت کرو اور جب وہاں سے جواب آجاوے ہمکو دکھلاؤ ہم اسوقت رائے قائم کریں گے اب کون لکھتا وہ تو شرارت تھی نظام بڑے دانشمند ہیں اسی سلسلہ میں یہ بیان کیا کہ میں جب حیدرآباد تھا تو بعض احباب نے چاہا کہ نظام سے ملاقات ہو مگر میں دعاء کرتا تھا کہ سامنا نہ ہو نظام کو بھی کوئی دلچسپی نہ ہوتی اور مجھکو بھی اُلجھن ہوتی دوسرے

Marfat.com

عوام کا نقصان ہوتا اُنکو خیال ہوتا کہ یہ بھی دنیا کیلئے آیا تھا تو اب جو وعظوں سے اثر ہوتا وہ جاتا رہتا رہا کچھ وظیفہ وغیرہ اگر ہو جاتا تو غریب تو ہدایا اسلئے بند کر دیتے کہ اب پیر کو کیا پروا رہی اور وہ بھی کسی بات پر بدا عتقاد ہو کر اگر وظیفہ بند کر دیتے بس ہم تو کسی طرف کے بھی نہ رہتے اسلئے ہمارے یہی حجمان جو ہیں آٹھ آنہ چار آنہ دو آنہ والے وہی ٹھیک ہیں اور الجھن پر حضرت مولانا محمد یعقوب صاحبؒ کا مقولہ نقل کیا کہ وہ فرمایا کرتے تھے کہ امراء کے پاس جب تک بیٹھا رہتا ہوں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جیسے کسی نے قید خانہ میں بند کر دیا۔

۱۸۷ **ملفوظ**۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ امراء کے پاس بیٹھکر قلب میں دین کا اثر کمزور ہو جاتا ہے اور دنیا کا اثر قوی ہو جاتا ہے اور یہ اثر اسوجہ سے ہوتا ہے کہ اُنکے پاس تابع بنکر جاتے ہیں اور جو شخص کسی کے پاس قصد کر کے جائیگا اس پر اُسی کا اثر ہوگا چنانچہ اگر امراء قصد کر کے اہل دین کے پاس آئیں تو اُن پر دین کا اثر ہوگا اور اگر اہل دین امراء کے پاس قصد کر کے جائیں گے انپر دنیا کا اثر ہوگا غرض اثر تابع پر ہوا کرتا ہے متبوع پر اثر نہیں ہوا کرتا یہ ہی قاعدہ صحبت بد اور صحبت نیک کا ہے اگر بد آدمی نیک کی صحبت اختیار کرے یعنی تابع بنکر اُسکے پاس رہے تو اسپر اثر ہوگا اور دین پیدا ہوگا اور اگر نیک آدمی بد صحبت اختیار کرے اور تابع بنکر اسکے پاس رہے تو اسپر اثر بدی کا ہوگا۔

۱۸۸ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مرید ایسے شخص کو کرے کہ پیر کم از کم اُس کو نالائق گدھا احمق تو کہہ سکے اور ان امراء و سلاطین کو مرید کر کے ایسا نہیں کہہ سکتے اسلئے مرید کر کے انکی اصلاح کرنا بھی دشوار ہے بلکہ ان امراء کا تو پیر بننا بھی خطرہ سے خالی نہیں سلطان عبد الحمید خاں مرحوم کے پیر کا واقعہ سنا ہے کہ کسی مخبر نے سلطان کو ایک پرچہ سے جسکو اُسوقت کہ خاص کے لیٹر بکس میں ڈالا تھا خبر دی کہ پیر صاحب اسوقت سفیر روس کے پاس بیٹھے ہیں اور یہ وہ وقت تھا کہ پیر صاحب سلطان کے پاس موجود تھے اسلئے اُس واقعہ کا جھوٹ ہونا ثابت ہو گیا اور بچ گئے ورنہ بیچارونکی خیر نہ تھی البتہ بعض امراء باطناً فقیر ہوتے ہیں وہ اس سے مستثنیٰ ہیں جیسے نواب ٹونک کا واقعہ ہے یہ سید صاحبؒ سے بیعت تھے حضرت سید صاحب کی بیوی آئیں نواب صاحب نے ایک منزل پہونچکر پیرانی صاحبہ کا استقبال کیا اور ایک طرف سے کہار کو پالکی میں سے ہٹا کر خود پالکی کو کندھا دیکر لائے۔ ان ہی نواب صاحب

Marfat.com

ایک خاں صاحب پیر بھائی تھے اُنہوں نے کسی شخص کی سرکار دربار کوئی سفارش کی نواب صاحب نے سفارش قبول کرنے سے کچھ عذر کیا اُنہوں نے نواب صاحب کے ایک دھول رسید کی بیچارے کی دھول بھی اڑ گئی مگر کچھ نہیں بولے جب دربار ختم ہو چکا تو تنہائی میں پیر بھائی سے یہ بات کہی کہ ویسے تو اگر سر بازار میرے جوتے بھی لگا دو تو تمکو حق ہے مگر دربار میں ایسا کرنا مناسب نہیں اسلئے کہ خدمت خلق میرے سپرد ہے اور اُسکے لئے ہیبت کی ضرورت ہے اور ایسی بات ہیبت میں مضر ہو گی کیا ٹھکانا ہے اس کسر نفسی کا سو ایسے لوگ امراء کب ہیں یہ تو کامل مکمل فقراء ہیں - میں ایک مرتبہ بھوپال گیا ہوا تھا بیگم صاحبہ سے ملاقات کرانے کی بعض احباب نے کوشش کرنا چاہا مجھکو پسند نہ تھا مگر انکار موہم کبر تھا بس میں نے صرف ایک شرط لگائی وہ یہ کہ بیگم صاحبہ کو خود بولنے کی اجازت نہ ہو گی اپنے بیٹے کے ذریعہ سے گفتگو کریں یہ شرط ملاقات کیلئے ایسی تھی جیسے حتی یلج الجمل فی سم الخیاط اُنکی نظر میں تو یہ شرط اچھی خاصی بدتہذیبی کی دلیل تھی مگر ان امراء کی نظر میں مردود ہی رہنا چاہئے اسی میں خیر ہے -

۱۴ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم پنجشنبہ

۱۸۹ ملفوظ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ انتظام و سلیقہ کی ہر چیز میں ضرورت ہے جو شخص انتظام پر قادر نہ ہو گا وہ فسخ انتظام میں بھی گڑبڑ کر لیگا یہ تجربہ کی بات ہے ایک پھوڑ عورت کی حکایت ہے ایک روز خاوند سے کہا میاں لاؤ گلگلے پکالوں خاوند نے جواب دیا کہ تیرے بس کا کام نہیں تو رہنے ہی دے کہا کہ کیا میں بالکل ہی پھوڑ ہوں کہ کچھ کر ہی نہیں سکتی غرض اس نے آٹا اور مٹھائی لیکر پانی ڈالکر ملانا شروع کیا پانی زیادہ پڑ گیا پتلا ہو گیا آٹا کڑاہی میں پھیل گیا خاوند نے کہا کہ میں نے تو پہلے ہی کہا تھا کہ تیرے بس کا نہیں کہا کہ میں چلے پکالوں گی اُس نے کہا کہ تجھسے یہ بھی نہ ہو گا کہا واہ ایسی کیا بات ہے غرض چلے بنانے بیٹھی آٹا توے پر سے ٹپکنے لگا اسکی اطلاع خاوند کو دی اُس نے کہا کہ میں تو پہلے ہی کہہ چکا ہوں کہ تیرے بس کا کام نہیں ہے کہا کہ میں لپٹی پکالونگی اُس نے کہا کہ یہ بھی تیرے بس کا نہیں غرض ہنڈیا چڑھا کر پکانا شروع کیا

Marfat.com

ہنڈیا جل گئی اسکی اطلاع خاوند کو دی اُس نے کہا کہ میں پہلے ہی کہہ چکا ہوں کہ تیرے بس کا کچھ بھی نہیں کہا میں پھینک آؤں گی اُس نے کہا کہ تجھسے یہ بھی نہو گا غرض چھت پر جا کر راستہ میں پھینک دیا کوئی معزز آدمی جا رہا تھا ہنڈیا اُسکے سر پر پڑی اُس نے گالیاں دیں اور لٹھ لیکر چڑھ گیا تب خاوند نے کہا کہ دیکھا میں نہ کہتا تھا کہ یہ بھی تیرے بس کا نہیں پٹوانیکا انتظام کر دیا۔ دیکھئے ہر انتظام کے فسخ میں بھی بے انتظامی ظاہر ہوئی

۱۹۰ **ملفوظ**۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ خرچ کے انتظام کیلئے تھوڑے سے بخل کی ضرورت ہے گو وہ بخل لغوی ہے شرعی نہیں بدون اسکے انتظام ہونا دشوار ہے یہ تجربہ کی بات ہے اس سے حضرت حاجی صاحبؒ کے ایک قول کی تائید ہوتی ہے کہ افعال رذیلہ بھی اپنی ذات میں مذموم نہیں اُسکو اگر صحیح محل میں صرف کیا جائے تو محمود ہے مولانا ارشاد فرماتے ہیں ؎

شہوت دنیا مثال گلخن ست کہ از و حمّام تقوی روشن ست

۱۹۱ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میری طبیعت کچھ اس قسم کی واقع ہوئی ہے کہ مضمون خود تو لکھنا آسان ہے مگر دوسرے کو نہیں لکھا سکتا

۱۹۲ **ملفوظ**۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ جی ہاں حضرت مولانا محمد یعقوب صاحبؒ کتنے بڑے عالم ہیں مگر صاحب تصانیف نہیں۔ ہر صاحب کمال کا رنگ جدا ہے

۱۹۳ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں نے ایک کتاب میں لکھا دیکھا تھا کہ جنت کے درختوں کی جڑ اوپر ہو گی اور شاخیں نیچے مجھکو بڑا تعجب ہوا کہ اسکی کیا صورت ہو گی کیا یہ صورت ہو گی کہ جڑ کسی چھت میں اولٹی لگی ہو مگر یہ صورت تو بہت مستبعد ہے پھر کوئی اسکا مساعد بھی نہیں پھر یہ سمجھ میں آیا کہ کسی اونچے پشتہ پر جڑ قائم کیجائے اور اُسکے اطراف میں شاخیں نیچے کو آجائیں جیسے سنا ہے میں نے خود نہیں دیکھا کہ بعض آم بیلدار ہوتے ہیں اُنکو اونچے پر لگایا جاتا ہے اور اُنکی شاخیں نیچے پھیل جاتی ہیں شاید ایسا ہو۔

۱۹۴ **ملفوظ**۔ ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت جو لوگ اولیاء اللہ کے نام پر کسی جانور کو ذبح کرتے ہیں یا انکے مزار پر نذر و نیاز کی مٹھائی وغیرہ چڑھاتے ہیں اسمیں دو قسم کے عقائد

Marfat.com

لوگ ہیں ایک تو یہ کہ اُنکو حاجت روا سمجھکر ایسا کرتے ہیں اسکے تو شرک ہونیمیں کوئی شبہ نہیں اور ایک صورت یہ ہے کہ ذبح تو کرتے ہیں اللہ ہی کے نام پر مگر اولیاء کو ایصال ثواب کرتے ہیں اور اُنکو مقبول سمجھکر اُن سے دعاء کے طالب ہوتے ہیں اسمیں کیا حکم ہے فرمایا کہ اسکی حرمت کی کوئی دلیل نہیں مگر عوام کا کچھ اعتبار نہیں اسلئے اسمیں بھی احتیاط ضروری ہے سو یہ ایک واقعہ میں اختلاف ہے حکم میں اختلاف نہیں وہ کہتے ہیں کہ سب عوام کی نیت شرک نہیں ہوتی اور ہم کہتے ہیں قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ سبکی نیت شرک کی ہوتی ہے تو یہ ایک واقعہ میں اختلاف ہوا حکم میں اختلاف نہیں باقی غالب واقعہ یہی ہے کہ نیت عوام کی یہی ہوتی ہے کہ وہ راضی ہوکر خوش ہوکر ہماری حاجت کو پورا کردینگے بس یہی شرک ہے اور بعضے اہل کی تفسیر ذبح سے کرکے اس مذبوح بہ نیت تقرب الی غیر اللہ و علی اسم اللہ کو حلال کہتے ہیں سو یہ اُنکی غلطی ہے اور اگر اُنکی تفسیر کو مان لیا جاوے اور ما اہل لغیر اللہ میں داخل نہ مانا جاوے تب بھی وہ ذبح علی النصب میں داخل ہونا تو قطعی ہے اسلئے کہ وہ عام ہے ہر منوی لغیر اللہ کو گو مذبوح باسم اللہ ہی ہو اسلئے سب ایک ہی حکم میں داخل ہیں البتہ قرائن سے یہ عموم حیوانات کو شامل ہوگا غیر حیوان کو جیسے شیرنی وغیرہ شامل نہ ہوگا یعنی لفظاً اسکو عام نہوگا اشتراک علت سے حکم عام ہوا اور گو لفظ اہل ظاہراً اسکو بھی عام ہے مگر عموم وہی معتبر ہے جو مراد متکلم سے متجاوز نہ ہو حدیث لیس من ابر الصیام فی المسفر۔ اسکی دلیل ہے چنانچہ جمہور فقہا کا مذہب ہے کہ سفر میں روزہ افطار کرنا واجب نہیں کیونکہ قرائن سے مراد متکلم کی حدیث میں وہی صوم ہے جو سبب وجوب یعنی مشقت شدید تک مفضی ہو بہرحال اس عموم لفظی میں ایک حد ہوتی ہے یہ اور بات ہے کہ قرائن میں کلام ہو مراد آباد کے ایک وعظ میں میں نے یہ مسئلہ عموم کے محدود ہونیکا بیان کیا تھا جسمیں مولانا انور شاہ صاحب بھی شریک تھے اُنہوں نے بہت پسند کیا

ف احقر اشرف علی کہتا ہے کہ ضابط ملفوظات اس مضمون کو کافی طور پر ضبط نہیں کرسکے اسلئے میں خلاصہ لکھے دیتا ہوں خلاصہ یہ ہے کہ اہل بہ لغیر اللہ کو بعض نے خاص کیا ہے اس جانور کی ساتھ جسکو غیر اللہ کا نام لیکر ذبح کیا جاوے اور جو اللہ کا نام لیکر ذبح کیا جاوے گو اسمیں نیت تقرب الی غیر اللہ کی ہو اُسکو حلال کہا ہے اور منشا اسکا یہ ہے کہ بعض مفسرین نے

رسالہ المبلغ: ملفوظ ۸ — بابتہ ماہ رمضان المبارک سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

اہل ہیں عندالذبح کی قید لگادی ہے مگر یہ قول محض غلط ہے دوسری آیت ماذبح علی النصب میں ما عام ہے اور وہاں کوئی قید نہیں اور مذبوح بسم اللہ کو بھی شامل ہے سو اُسکی حرمت کی علت بجز نیت تقرب کے کیا ہے پس اسیطرح ما اہل بہ لغیر اللہ بھی عام ہوگا اور دونوں کے مفہوم میں اتنا فرق ہوگا کہ ما اہل اللہ بہ لغیر اللہ میں غیر اللہ کیلئے نام زد ہونا قرینہ ہوگا قصد تقرب لغیر اللہ کا اگرچہ انصاب پر ذبح نہ کیا جاوے اور ماذبح علی النصب میں ذبح علی انصاب اس مقصد کا قرینہ ہوگا اگرچہ غیر اللہ کے نام زد نہ کیا گیا ہو پس دونوں میں عموم وخصوص من وجہ ہوگا اور یہی تغائر مبنی ہوگا ایک کے دوسرے پر معطوف ہونے کا سورہ مائدہ میں۔ پس علت حرمت کی قصد مذکور ہوگا یہ تو قرآن مجید سے استدلال ہے ما اہل بہ لغیر اللہ میں عندالذبح کے قید نہ ہونیکی اور فقہا نے مذبوح لقدوم الامیر کی حرمت میں اسکی تصریح کی ہے وان ذبح علی اسم اللہ تعالیٰ کی ۱۰ اور یہ علت بیان کی ہے لانہ ما اہل بہ لغیر اللہ پس معلوم ہوا کہ عندالذبح کی اتفاقی جزئیا علی العادۃ ہے یا اس قید سے یہ مقصود ہے کہ ذبح کے وقت تک وہ نیت تقرب کی رہی ہو یعنی اگر ذبح کے قبل تو یہ کرلی تو پھر حرمت نہ رہیگی اور تفسیر احمدی میں جو بقرہ متذورہ لاولیاء کو جلال کہا ہے وہ اس تحقیق کے خلاف نہیں ہے کیونکہ منہیہ میں یہ تاویل کی ہے کہ ذبح للہ ہے اور نذر سے مقصود انکو ایصال ثواب ہے تو یہ اختلاف واقعہ کی تحقیق میں ہوا کہ اُن کے نزدیک عوام کی نیت تقرب کی نہیں نہ کہ منوی للتقرب کی حرمت میں۔ اس تاویل سے خود ظاہر ہے کہ منوی للتقرب کو وہ بھی حرام سمجھتے ہیں اور بعض نے ما اہل بہ کو ایسا عام کہا ہے کہ حیوان وغیر حیوان دونوں کو شامل ہے یعنی طعام وشیرینی بھی اسمیں داخل ہے مگر تامل وقرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں مقصود بیان کرنا احکام حیوان کا ہے رہا ما کے عام ہونیسے استدلال سو محقق یہ ہے کہ اس عموم میں ایک قید بھی ہے وہ یہ کہ مراد متکلم سے متجاوز نہ ہو اور یہاں متجاوز ہوجاویگا مگر اس سے علت لازم نہیں آتی بلکہ اشتراک علت سے حکم بھی مشترک ہوگا حیوان میں نص قطعی سے اور غیر حیوان میں قیاس ظنی سے واللہ اعلم

ملفوظ ۱۹۵ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ متصنع ہمیشہ مصیبت میں رہتا ہے چنانچہ ہر سوال کے

Marfat.com

جواب میں اُسکو تعب برداشت کرنا پڑتا ہے لاادری کہنے کی اُسکی ہمت ہی نہیں ہوتی حالانکہ لاادری میں بڑی راحت ہے

۱۹۶ ملفوظ - ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ مجذوب پر وارد اسقدر قوی ہوتا ہے کہ جو اُسکی مجنونانہ حالت بنا دیتا ہے -

۱۹۷ ملفوظ - ایک صاحب کے سوال جواب میں فرمایا کہ اگر حالت کفر میں مجنون ہو جائے تو اُس حالت کا ایمان معتبر نہیں اور اگر حالت اسلام میں مجنون ہو جائے تو اُس حالت کا کفر معتبر نہیں غرض جس حالت پر جنون ہو وہ قانون شروع سے بدل نہیں سکتا جیسے موت جس حالت پر ہو اُس ہی کے موافق حکم ہوتا ہے مثلاً جس طرح موت کے بعد ولایت سلب نہیں ہوتی اسی طرح جنون سے بھی ولایت سلب نہیں ہوتی اگر ولایت کی حالت میں جنون ہو گیا وہ ولی ہے اور اگر عامی ہونیکی حالت میں ہو گیا وہ عامی ہے اگر مسلم ہونیکی حالت میں ہو گیا وہ مسلم ہے اگر کافر ہونیکی حالت میں ہو گیا وہ کافر ہے

۱۹۸ ملفوظ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ عقل حق تعالیٰ کی ایک بڑی نعمت ہے مگر اسکے استعمال کے بھی کچھ حدود ہیں حد سے تجاوز کرنے میں بجائے نعمت کے زحمت ہو جاتی ہے اور اس عقل ہی ۲۱۲
کی بدولت مجذوب سے سالک کا مرتبہ بڑا ہے میرے سامنے ایک مرید نے اپنے بدعتی جاہل پیر سے مسئلہ پوچھا تھا کہ مجذوب افضل ہے یا سالک پیر نے جواب دیا کہ اسکا جواب اسی سے معلوم کر لو کہ شریعت نے شراب کو اسلئے حرام کر دیا ہے کہ وہ عقل کو زائل کرتی ہے تو اب عقل کے شرف کو اور سالک و مجذوب کے عاقل و غیر عاقل ہونیکو سوچ لو بیچارے پیر تھے تو بدعتی جاہل مگر بات کام کی کہی

۱۹۹ ملفوظ - کفارت کے متعلق ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ غور کرنے سے یوں معلوم ہوتا ہے کہ کفارت کی قید معلل ہے علت کیساتھ اور وہ علت عرفی عزت و ذلت ہے مثلاً شہزادہ چاہے فاروقی ہو یا صدیقی ہو یا انصاری ہو یا عثمانی ہو ان کے اسمیں تناکح عرفاً موجب استنکاف نہیں پس یہ سب باہم کفو ہوں گے انمیں اسکی بھی قید نہیں ہو گی کہ ماں عربی النسل ہو کیونکہ عزت میں یہ سب برابر سمجھے جاتے ہیں حدیث کا انکار نہیں

۲۰۰ ملفوظ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ صوفیوں کو قوالی اور ڈھولک مارنگی پر بڑا وجد ہوتا ہے جو

Marfat.com

مطابق نفسانی ہے درحقیقت وجد کے قابل تو یہ صورت ہے کہ جسوقت علوم مبارکہ کا بیان ہوتا ہے اور تحقیق ہوتی ہے اسوقت ایک عجیب لطف اور کیفیت پیدا ہو جاتی ہے اور جب علم میں یہ لطف ہے تو عمل میں کیا کچھ ہوگا اور پھر حال میں کیا ہوگا اور پھر مقام میں کیا ہوگا۔

۲۰۱ **ملفوظ** - ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ انکا منصور نام مشہور ہو گیا یہ ابن منصور ہیں نام حسین تھا حلاج لقب ہے انکا یہ پیشہ نہ تھا بلکہ ایک کرامت کی بنا پر یہ لقب ہو گیا مگر اس کی بنا پر دھنیے اپنے کو انکی طرف نسباً منسبت کرنے لگے یہ بالکل غلط ہے اور خواہ مخواہ لوگ اپنے نسب کو چھپاتے اور بدلتے پھرتے ہیں عالی نسب نہ ہونا کوئی عیب کی بات نہیں ہے اسلئے کہ اختیاری نہیں وہ حقیقۃً نقص نہیں مثلاً سقہ ہونا جولاہہ ہونا قصائی ہونا دھنیا ہونا جو چیز اختیاری نہیں اسلئے اسمیں کوئی نقص نہیں۔

۲۰۲ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعض لوگو نمیں بہت ہی سادگی ہوتی ہے یہانپر ایک عورت عابدہ زاہدہ تھیں وہ مجھسے اپنے افلاس کے واقعات بیان کرنے لگیں جسمیں کسی قدر تطویل ہو گئی پھر دفعۃً گھبرا کر کہنے لگیں کہ مولوی جی میں زیادہ کہتی بھی نہیں کبھی اللہ میاں یوں کہیں کہ میرے عیب کھولتی پھرے ہے۔ ایک اور عورت ضعیفہ نے مجھسے سوال کیا کہ مولوی جی تمہیں تو اللہ میاں کے گھر کی سب خبر رہے ہے میں یوں پوچھوں کیا اللہ میاں زندہ ہیں میں نے سوچا کہ اگر علمی مضمون بیان کیا تو یہ بیچاری کیا سمجھے گی بے علمی تو اس سوال کا سبب ہی ہے میں نے اُسکے فہم کے رعایت کرتے ہوئے کہا کہ اچھا یہ بتلا کہ مینہ کون برساتا ہے اولاد کون دیتا ہے کہا کہ اللہ میاں میں نے کہا کہ بھلا کر بھی کوئی کام کر سکتا ہے کہا کہ نہیں میں نے کہا کہ بس تو اب تم خود ہی سمجھ لو بہت خوش ہوئی اور دعائیں دیں۔ ایک عورت نے بہشت میں ایک مولوی صاحب کے وعظ میں سنا کہ ایک وقت ایسا ہوگا کہ سوائے اللہ کی ذات کے کوئی نہ ہوگا اسپر نہایت حسرت سے بولی کہ اکیلے اللہ میاں کا جی نہیں گھبرائے گا لعوذ باللہ ایسے لوگونکی باتیں ایسی ہیں کہ جیسے ایک شخص کا واقعہ حدیث میں آیا ہے کہ نہایت گنہگار تھا موت کے قریب بیٹوں کو وصیت کی کہ میرے مرجانیکے بعد مجھکو قبر میں دفن نہ کیا جاوے بلکہ میری لاش کو لکڑی جمع کر کے اسمیں جلا دیا جاوے اور جو کچھ میری لاش کی راکھ ہو اسکو نصف دریا میں چھوڑ دی جاوے

Marfat.com

اور نصف آندھی میں اُڑا دی جاوے اسکے بعد بھی اگر میں اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں آگیا تو خوب ہی عذاب دینگے اُسکے مرجانیکے بعد بیٹوں نے ایسا ہی کیا حق تعالیٰ نے حکم فرمایا سب مٹی جمع ہوگئی اُسمیں روح پھونک کر سامنے حاضر کر دیا گیا حق تعالیٰ نے سوال فرمایا کہ ایسا کیوں کیا عرض کیا کہ اے اللہ آپکے خوف سے ایسا کیا اسپر حق تعالیٰ نے مغفرت فرمادی اب دیکھنا یہ ہے کہ عقیدہ اس شخص کا قدرت کے متعلق کامل نہ تھا بلکہ ناقص تھا مگر اسپر کوئی مواخذہ نہیں فرمایا گیا کیونکہ اُسکی عقل اتنی ہی تھی اسلئے معذور قرار دیا گیا۔ ایک اور واقعہ ہے ایک گنوار نے وعظ میں سنا کہ حق تعالیٰ ہاتھ پیر منہ وغیرہ سے مبرا اور منزہ ہیں اُس نے واعظ کو جواب دیا کہ (نعوذ باللہ) تیرا خدا لطیخ شامی ہوگا ہمارے خدا کے تو ہاتھ پیر سب کچھ ہیں ہمارے تو ہاتھ پیر ہوں اُن کے نہ ہوں بس اُسکا فہم اس سے زیادہ نہ تھا اور مدار تکلیف کا عقل ہی ہے بس جتنی عقل اوتنی تکلیف ۔

ملفوظ ۲۰۶ ۔ ملقب بہ الاذہاب للاعجاب ایک سلسلہ گفتگو میں چند امور فرمائے جو علاج ہیں عجب کے ایک یہ کہ اعمال پر جنت اور لقاء حق کا ترتب یہ محض فضل ہے ورنہ خود اعمال میں یہ قوت نہیں کہ اُنپر اتنی بڑی جزاء مرتب ہو سکے پس اعمال پر کبھی ناز نہ کرے بلکہ اعمال کو ہیچ سمجھکر اُس نعمت کا مستقلاً سوال کرتا رہے اسی مراقبہ سے علاج ہو جاویگا عجب کا کہ عمل طاعات سے بڑا مقصود جنت میں داخل ہو کر رضاء حق اور دیدار حق کا حاصل کرنا ہے عشاق کا تو مذہب ہی یہ ہے کہ جنت کو وہ دوست کی ملاقات کا مقام سمجھتے ہیں اور اسی طرح دوزخ کو دوست کے فراق کی جگہ تصور کرتے ہیں اور دوسرا امر یہ فرمایا کہ استعداد کا مسئلہ بڑا اہم مسئلہ ہے قصہ آدم علیہ السلام اور انکی تعلیم اسماء میں اور فرشتوں کے عجز عن الجواب کی بنا یہی استعداد ہے ان علوم اسماء کے اخذ کرنیکی استعداد آدم علیہ السلام میں تھی ملائکہ میں نہ تھی اسلئے آدم علیہ السلام کو جو علم عطاء ہوا وہ فرشتوں کو عطا نہیں ہوا پس اس سے یہ اشکال رفع ہو گیا کہ آدم علیہ السلام کو جن علوم خاصہ کی تعلیم دی گئی اگر ملائکہ کو دی جاتی تو وہ بھی ان علوم سے متصف ہو جاتے پھر آدم علیہ السلام کا کمال کیا ہوا، وجہ دفع تقریباً اسے ظاہر ہے آدم علیہ السلام کو کوئی خفیہ تعلیم نہیں دی گئی مگر ملائکہ میں اُن علوم کی استعداد نہ تھی اسلئے اُن کی تلقی نہیں کر سکے باقی یہ سوال کہ اُن کے عجز عن الجواب کے بعد پھر قال یا آدم انبہم باسمائہم کے کیا معنی اسوقت وہ علم انکو کیسے حاصل ہو گیا اسکا جواب یہ ہے کہ وہ تعلیم محض الفاظ کی اطلاع تھی معنوی نہ تھی معنوی اطلاع صرف

Marfat.com

آدم علیہ السلام کو عطاء فرمائی گئی تھی مگر آدم علیہ السلام کے اِخبار سے ملئکہ کو یہ معلوم ہو گیا کہ انکو جو حقیقت معلوم ہے ہمکو معلوم نہیں اگر کوئی کہے کہ وہ استعداد فرشتوں کو کیوں نہ دیدی گئی جواب یہ ہے کہ وہ استعداد خواص آدم سے تھی اگر ملئکہ کو عطا ہوتی تو فرشتہ فرشتہ نہ رہتا اسی کے متعلق ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ انباء جو انہم بما ہم کا مادہ ہے مطلق اِخبار کو کہتے ہیں اور تعلیم جو علّم آدم کا مادہ ہے حقیقت کا منکشف کر دینا ہے پس انباء سے تعلیم لازم نہیں آتی غرض استعداد خاص عطا ہونا یہ بھی محض موہبت ہے کسی عمل کا ثمرہ نہیں چنانچہ حضرت آدم علیہ السلام سے کوئی عمل سابق نہیں ہوا تھا بس یہ بھی علاج ہے عجب کا تیسرا امر یہ فرمایا کہ حضرت غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے ایک مرید نے ایک واقعہ نقل کیا ہے اور عجیب واقعہ ہے یہ غالباً میں نے شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی کسی کتاب میں دیکھا ہے کہ ایکمرتبہ حضرت غوثؒ اعظم نماز تہجد کیلئے معمول کیموافق اُٹھے اور خانقاہ سے جانب صحرا الشریف لے چلے اور یہ خادم بھی ساتھ ہو لیا تھوڑی دور چلکر ایک شہر میں پہونچے یہ مرید بھی ہمراہ رہے وہاں ایک مکان میں داخل ہوئے اُس مکان میں ایک مجمع ہے وہ لوگ آپکو دیکھکر کھڑے ہو گئے آپ مسند پر بیٹھ گئے یہ مرید بھی کسی گوشہ میں جا بیٹھے قریب کوئی کوٹھڑی ہے اُسمیں سے کسی مریض کے کراہنے کی آواز آرہی ہے تھوڑی دیر کے بعد وہ آواز بند ہو گئی پھر ایسا معلوم ہوا کہ جیسے کسی کے غسل کیوقت پانی گر رہا ہے پھر وہ آواز بھی موقوف ہو گئی اور چار شخص ایک جنازہ لئے ہوئے نکلے اُنکی ساتھ ایک بوڑھے شخص بھی ہیں اور وہ جنازہ حضرت کے سامنے لاکر رکھدیا گیا آپنے نماز جنازہ پڑھائی اور ہمراہی لوگ جنازہ کو لیکر چلے گئے اور حضرت پھر اُسی طرح اپنی جگہ پر آبیٹھے مع اپنے مجمع سابق کے کچھ دیر گذری تھی ایک شخص نصرانی حاضر ہوا حضرت نے اُسکے گلے سے صلیب اُتار لی اور اُسکا زنار توڑا اور کلمہ پڑھا کر اُس مجمع سے یہ فرما کر کہ یہ ہے وہاں سے واپس تشریف لے چلے اور مکان پر تشریف لے آئے اور نماز تہجد میں مشغول ہو گئے شب گذر جانیکے بعد مرید نے صبح کیوقت حضرت سے سوال کیا کہ رات کیا معاملہ تھا حضرت نے فرمایا کہ وہ مقام شہر موصل تھا اور وہ جماعت ابدال کی تھی اور وہ بیمار بھی اسی جماعت کا ایک فرد تھا اُس

Marfat.com

جماعت نے باطنی طور پر مجھکو اطلاع دی تھی کہ یہ قریب مرگ ہیں انکی جگہ کسی کو معیّن فرمادیجئے اسلئے میں وہاں گیا تھا جب اُنکا انتقال ہوگیا میں نے جناب باری تعالیٰ سے اُنکی جگہ کسی کو مقرر کرنے کیلئے عرض کیا حکم ہوا کہ روم میں ایک نصرانی کنسیہ میں صلیب پرستی میں مشغول ہے اُسکو اُنکی جگہ کردیا جاوے میں نے عرض کیا کہ اُسکو کیسے حاضر کیا جاوے سو وہ خرق عادت کے طور پر حاضر ہوگیا اور اُسی وقت مسلمان کرکے ابدال کے رتبہ پر فائز کردیا گیا اور یہ بتلا دیا گیا کہ کوئی کسی کو حقیر نہ سمجھے اور اپنے کمال پر ناز نہ کرے سب کچھ ہمارے فضل پر موقوف ہے ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء واقعی بات ہے انسان اپنے کسی کمال یا عبادت پر کیا ناز کرے اسکی عبادت ہی کیا اور کمال ہی کیا

ملفوظ ۲۰۴ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جاہل صوفیوں کے علوم بھی عجیب وغریب ہیں جو جی میں آیا کرلیا جو منہ میں آیا بکدیا چنانچہ نفس کی نسبت اکثر کہتے ہیں کہ نفس کافر ہے مگر معلوم نہیں ہے کہ نفس کون ہے تم ہی تو ہو اگر وہ کافر ہے تو تم کون ہو کیا ہی بیہودہ باتیں واہی تباہی بکتے رہتے ہیں جنکے سر ہے نہ پیر ہے یہ علوم نہیں یہ اسرار ہیں لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ایسے ہی ایک پیر کی حکایت ہے کہ اُن کے ایک مرید نے اُن سے ایک خواب بیان کیا کہ میں نے یہ خواب دیکھا ہے کہ آپکی انگلیاں شہد میں بھری ہیں اور میری پاخانہ میں پیر صاحب نے مرید کا خواب سنکر فرمایا کہ کیوں نہ ہو تو دنیا کا کتا ہے اور ہم بزرگ اللہ والے ہیں مرید نے کہا کہ حضرت ابھی خواب پورا بیان نہیں ہوا کچھ باقی ہے وہ یہ ہے کہ یہ بھی دیکھا کہ تمہاری انگلیاں میں چاٹ رہا ہوں اور میری انگلیاں آپ چاٹ رہے ہیں یہ سنکر پیر صاحب بہت اچھلے کودے واقعی مرید نے حقیقت کا اظہار کیا خواہ خواب دیکھا ہو یا نہ دیکھا ہو وہ حقیقت یہ تھی کہ پیر کا تعلق تو مرید سے دنیا کی وجہ سے تھا جو مثل پاخانہ کے ہے اور مرید کا تعلق پیر سے دین کی وجہ سے تھا جو مثل شہد کے ہے ہمارے مولوں صاحب فرمایا کرتے تھے کہ فلاں جگہ کے امراء تو جنتی اور فقراء دوزخی ہیں مطلب یہ کہ امراء جو فقراء سے تعلق رکھتے ہیں دین کی وجہ سے اور فقراء جو امراء سے تعلق رکھتے ہیں دنیا کی وجہ سے بات تو بڑے کام کی فرمائی بس ایسے پیروں کے یہ علوم اور معارف ہیں ان جاہلوں نے حقائق اور معارف کو بالکل مستور

Marfat.com

کر دیا مگر اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اب ہمارے اکابر کی برکت سے اُنکے جہل کی حقیقت لوگوں پر منکشف ہو گئی۔

۳۰۵

ملفوظ (ملقب بشرط دخول الطریق) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ان رسم پرست اور مدعیان طریق اور گمراہوں اور ڈاکوؤں سے بجائے دینی نفع کے بہت مخلوق گمراہ ہو چکی ہے اور نفع کیا ہوتا بقول شخصے جب سقاوہ ہی میں پانی نہ ہو تو بدھنی میں کیا آوے یہ لوگ فیض فیض گاتے پھرتے ہیں ہاں مرید سے ایسے پیر کو فیض ضرور ہو جاتا ہے مطلب یہ کہ دنیا حاصل ہو جاتی ہے ان لوگوں نے بجائے مریدوں کا دین تو خراب کیا ہی تھا لوٹ لوٹ کر اُنکی دنیا بھی برباد کر دی اُنکی آمدنیوں پر قبضہ کئے ہوئے ہیں مرید خواہ بیوی کو کچھ دے یا نہ دے خواہ اُسکے بچے بھوکوں مریں مگر پیر صاحب کیلئے فرض و واجب ہے جسکے نہ کچھ حدود ہیں نہ اصول نہ حرام کی خبر نہ حلال کی نہ جائز کی تمیز نہ ناجائز کی غرض نہایت گڑبڑ مچا رکھی ہے اور یہ اندھے مرید بھی ایسی ہی جگہ خوش رہتے ہیں سیدھی سادی باتیں انکو بھی پسند نہیں بس علاج بھی ایسے بدفہموں کا یہی ہے اور بتمام خرابی رسوم کی پابندی کی ہے ہم نے تو اپنے بزرگوں کو ہمیشہ ہر معاملہ میں مصالح پر شریعت کو مقدم رکھتے دیکھا اور رسوم کی وجہ سے ہمیشہ انکو طبعی نفرت رہی ان ہی رسوم میں سے آج کل اس پیری مریدی کا سلسلہ ہے اسمیں بھی بالکل رسم کا اتباع کیا جاتا ہے چنانچہ اصل مقصد کو تو چھوڑ بیٹھے اور محض مطلق بیعت کو مقصود بنا لیا جسکا ایک نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بعض کو دیکھا کہ پہلے تو جوش کے ماتحت ہو کر مرید ہو گئے ہیں اور پھر دل ہو کر پریشان پھر رہے ہیں اسی لئے میں لوگوں کو یہ مشورہ دیا کرتا ہوں کہ بیعت میں جلدی نہ کرو حتی کہ جو شخص قرائن قویہ سے کامل بھی سمجھا جاتا ہو اس سے بھی بیعت کرنے میں جلدی نہ چاہئے کیونکہ پہلے پیر کو بھی تو کامل ہی سمجھکر بیعت کی تھی پہلے عقلاً جو نکاحوں میں کاوش کرتے تھے اس ہی لئے کہ کوئی بات بعد از نکاح عدم مناسبت کی ظاہر نہ ہو جس سے تعلقات میں بے لطفی پیدا ہو کیونکہ آخر زیست تک کا تعلق ہے سو بیعت کا قصد تو اُس سے بھی زیادہ نازک ہے اسلئے یہ ہے کہ بیعت کا تعلق تو پیچھا نہ کرے اور کام شروع کر دے اس صورت میں سہولت ہے کہ جس روز اعتقاد بدلے سلسلہ تعلیم کا ختم کر دے جسمیں ضرورت اطلاع کی بھی نہیں اس طرز میں جانبین کو کتنی راحت ہے اسی طرح شیخ کو بھی چاہئے کہ اگر مرید سے عدم مناسبت کا علم ہو جاوے اُسکو اطلاع کر دے

رسالہ تبلیغ مسائل

بابتہ ماہ رمضان المبارک ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

کہ تمکو مجھسے کوئی نفع نہ ہوگا کہیں اور جاکر تعلق پیدا کرلو اس طرز میں کوئی اُلجھن نہ ہوگی بخلاف اسکے اگر شروع ہی میں بیعت کا تعلق کرلیا اور بعد میں طرفین میں سے کسی کو عدم مناسبت محسوس ہوئی تو کلفت اور الجھن کا سبب ہوگا اور تمام تر یہ خرابی عجلت کی ہے جو جوش سے پیدا ہوتی ہے اور واقع میں اعتقاد وہی معتبر ہے جو ہوش کے ماتحت ہو اور جو جوش کے ماتحت ہو اُس کا کیا اعتبار اسی لئے میں بیعت جلدی نہیں کرتا کیونکہ اگر میں بیعت کر بھی لوں تو عدم مناسبت کی بناء پر کچھ تھوڑے دنوں کے بعد بیعت توڑنا پڑیگی اب اس احتیاط میں چاہئے میرا نقص ہو یا اُسکا یہ دوسری بات ہے اور اس عدم مناسبت کی مثال ایسی ہے کہ بعض مرتبہ میاں بیوی میں باوجود صحت مزاج کے بوجہ عدم توافق انزالین کے اولاد نہیں ہوتی اسیطرح یہاں بھی باوجود صلاحیت شیخ و طالب کے بوجہ عدم تناسب کے نفع نہیں ہوتا جب یہ حالت ہے تو پھر بیعت پر اصرار کیوں کیا جاتا ہے اگر پیری مریدی میں یہ بھی اطمینان ہو جائے کہ ہمارا کبھی اعتقاد نہ بدلیگا تب بھی آسمیں کیا حرج ہے کہ بدون بیعت ہوئے پہلے تعلیم شروع کردے پھر اُس تعلیم میں اگر دیکھے کہ نفع ہے اور روز افزوں محبت ہے جو دلیل ہے مناسبت کی بس اب لطف ہے بیعت کا ورنہ بیکار طریق کو بدنام کرنا ہے یہ ہے راز اس مشورہ کا اور ایک خرابی تعجیل میں یہ ہے کہ عقیدہ اکثر عوام کا یہ ہے کہ بدون بیعت نفع نہیں ہوتا اور بیعت ہوتے ہی ولی کامل ہو جائینگے ان وجوہ سے میں آسمیں احتیاط کرتا ہوں اسپر لوگ مجھکو وہمی کہتے ہیں مگر جب بعد میں وہ احتمالات صحیح نکلتے ہیں تو اب یہ وہم کی باتیں ہوئیں یا فہم کی اور میرے احتمالات کا باوجود ظاہراً اُنکے بعید ہونیکے صحیح نکلنا میرا کوئی کمال نہیں اللہ تعالیٰ دل میں ڈالدیتے ہیں اسلئے ایک کیساتھ کچھ معاملہ ہوتا ہے دوسرے کیساتھ دوسرا معاملہ تیسرے کیساتھ تیسرا معاملہ اور یہ فرق محض وجدانی ہے بیان میں نہیں آسکتا اس بیان میں نہ آنے پر میں ایک شعر پڑھا کرتا ہوں مجھکو تو بہت ہی پسند ہے۔ ؎

گر مصور صورت آں دلستان خواہد کشید　　لیک حیرانم کہ نازش را چساں خواہد کشید

حاصل یہ ہے کہ امور ذوقیہ بیان میں نہیں آسکتے انمیں محض دلائل ظاہرہ پر زیادہ مدار نہیں اصل مدار ذوق پر ہے خواہ وہ دلائل ہی سے پیدا ہوا ہو صحابہ کے مناظرہ کا یہی رنگ تھا جسکے

رسالہ المبلغ ص۱۲ ج ۸

بابتہ ماہ رمضان المبارک سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

متعلق ممکن ہے کہ آجکل یہ شبہ ہو کہ یہ کیسا مناظرہ نہ دلیل کا زیادہ اہتمام نہ اُسکا کافی جواب اور مناظرہ ختم دیکھئے ..... حضرت عمر فاروقؓ اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کا مناظرہ بانعین زکوہ سے قتال کے بارہ میں کس شان کا ہوا یہ اپنی کہتے رہے اور وہ اپنی مگر اسی سے حضرت عمر فاروقؓ کو شرح صدر ہو گیا۔ جمع قرآن کے مشورہ میں بھی یہی ہوا کہ ایک فرما رہے ہیں واللہ ہو خیر اور یہ ہی کہتے رہنے سے دوسری جانب شرح صدر ہو گیا ظاہراً کیا یہ کوئی مناظرہ تھا مگر درحقیقت علوم اصلی وہی تھے اصلی مناظرہ وہی تھا کہ واللہ ہو خیر کہنے ہی سے مناظرہ ختم ہو گیا یہ اثر طلب حق کی نیت کا تھا وعدہ ہے حق تعالیٰ کا والذین جاہدوا فینا لنہدینہم سبلنا مناظرے اب بھی ہوتے ہیں مگر حق واضح نہیں ہوتا اسکا اصلی سبب یہ ہی ہے کہ طلب حق کا قصد نہیں ہوتا بلکہ حق کو قلب میں آنے سے دفع کرتے ہیں آجکل کے مناظرہ کا اصل مقصد غلبہ ہوتا ہے کہ ہٹی نہ ہو سبکی نہ ہو چاہئے آخرت میں ذلت اور سبکی ہو۔ حضرت امام صاحبؒ نے اپنے صاحبزادہ کو مناظرہ سے منع فرمایا تھا صاحبزادہ نے عرض کیا کہ آپ بھی تو مناظرہ کرتے تھے امام صاحبؒ نے عجیب بات فرمائی بھائی ہمارے تمہارے مناظرہ میں فرق ہے ہم دل سے یہ چاہتے ہیں کہ خصم کے منہ سے حق بات نکلے اور ہم اُسکو قبول کر لیں اور مناظرہ بند کر دیں گو ہم ہار ہی جائیں اور تم یہ چاہتے ہو کہ خصم کے منہ سے حق بات نہ نکلے کہ ہمکو قبول کرنا پڑے اسلئے ہمکو مناظرہ جائز تھا اور تمکو ناجائز اور اسوقت تو نہ وہ صورت رہی نہ یہ صرف یہ پیش نظر ہوتا ہے کہ ہٹی نہ ہو خواہ حق کو رد ہی کرنا پڑے اور اسی نیت کی درستی کیلئے مناظرہ میں میں ایک اور شرط لگایا کرتا ہوں کہ جس سے گفتگو ہو اُس سے بے تکلفی ہو اسمیں یہ مصلحت ہے کہ بے تکلف دوست کی بات مان کر عادۃً میں نہ ہارتا ہوا شرماؤں اور نہ عجز کا اقرار کرتے شرماؤں اور ایسی بے تکلفی دوستوں میں ہوتی ہے یا اُستاد شاگرد میں ہوتی ہے باقی آجکل جو اہل باطل سے مناظرہ کرتے پھرتے ہیں اگر اہل باطل کے اسکات کی ضرورت ہو تاکہ دیکھنے والوں پر اُنکا عجز ظاہر ہو جاوے اسکو میں منع نہیں کرتا باقی قبول کی توقع سے بیکار ہے لیکن میرا جو طرز خاص اعتراض کے جواب میں ہے میں اُسکو ایک واقعہ کے پیرایہ میں بیان کرتا ہوں تحریکات کے زمانہ میں ایک مولوی صاحب سے مکاتبت ہوئی وہ یہاں پر اسی میں گفتگو کرنے کے لئے آنا چاہتے تھے میں نے اُنکو جواب لکھا جسکا حاصل یہ ہے کہ گفتگو کی

رسالہ المبلغ ص۱۲ ج ۸

بابتہ ماہ رمضان المبارک ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

کئی قسمیں ہیں ایک افادہ اور ایک استفادہ اور ایک مناظرہ - اب اگر افادہ مقصود ہے اجازت
ہے مگر میرے ذمہ اسکا جواب نہ ہوگا بس سن لونگا یہ تو آپکی طرف سے تبلیغ ہوگی جب فرض
ادا کر دیا تو جایئے اور اگر استفادہ مقصود ہے تو اسکے لئے تردد شرط ہے اور تردد آپکو ہے
نہیں اسلئے کہ آپ اپنی رائے کا اعلان کر چکے تردد کی حالت میں اعلان نہیں ہوا کرتا اور اگر
اب تردد ہو گیا تو اب اعلان کر دیجئے کہ اب مجھکو تردد ہو گیا میری رائے سابق پر عمل نہ کیا
جائے اسطرح جب جیسا پھر آیئے۔ میں تقریر کرونگا اور اگر مناظرہ مقصود ہے تو اسکے نافع ہونیکے
لئے بے تکلفی شرط ہے اور آپکی مجھسے بے تکلفی ہے نہیں ایسی حالت میں گفتگو کا نتیجہ یہ ہوگا کہ
آپکو اپنی بات کی ہٹ ہوگی مجھکو اپنی بات کی بے تکلفی نہ ہونے کی وجہ سے ایک کو دوسرے کی
بات قبول کرتے ہوئے شرم دامنگیر ہوگی کہ اگر قبول کر لیا تو ہٹی ہوگی سبکی ہوگی ایسی حالت میں
گفتگو کا کوئی نتیجہ نہ ہوگا میرا اور آپکا وقت فضول بیکار جائیگا اسکا جواب آیا کہ ہمکو اسکا جواب نہیں
آنا حاضری کی اجازت دیدیجائے۔ میں نے لکھا کہ آجایئے سو وہ تو نہیں آئے دوسرے مولوی
صاحب آئے مولوی صاحب نے مجھسے کہا کہ میں خلوت میں گفتگو کرنا چاہتا ہوں میں نے خلوت ۴۰
میں گفتگو کرنیسے انکار کر دیا اور وجہ اسکی میں نے یہ بیان کی کہ مجمع میں گفتگو کرنمیں تو آپکو خطرہ
ہے کہ حکومت کے خلاف گفتگو ہوگی مگر اس خطرہ کیلئے آپ تیار ہیں کیونکہ آپ اپنی رائے کا
اعلان کر چکے ہیں آپکو نہ جیلخانہ کا ڈر نہ مشینگنوں کا ڈر نہ توپوں اور فوجوں کا ڈر خلوت میں گفتگو
کرنمیں مجھکو خطرہ ہے کہ مجھپر شبہ ہوگا اور میں اسکے لئے تیار نہیں غرض خلوت میں گفتگو کرنمیں
آپکی کوئی مصلحت نہیں اور جلوت میں گفتگو کرنمیں میری مصلحت ہے اسلئے آپ مجمع میں گفتگو
کریں یہی مناسب ہے مولوی صاحب نے بکراہت جلوت میں گفتگو کرنیکو قبول کر لیا اور وقت
گفتگو کا بعد نماز مغرب طے ہوا میں نے ملفوظات ضبط کرنے والوں سے کہا کہ تم پنسل کاغذ
لیکر بیٹھ جانا اور مولوی صاحب جو فرمائیں اسکو ضبط کر لینا اور مصلحت اس ضبط میں یہ ہے کہ میں
مولوی صاحب کی تقریر میں بعد میں غور کر سکوں کیونکہ خدانخواستہ کوئی ضد یا ہٹ تھوڑا ہی
ہے یہ تو دین کا معاملہ ہے اور بیان کے وقت آدمی پورے طریق پر غور نہیں کر سکتا اور بعد
میں اگر غور کرے تو کل تقریر کا دماغ میں محفوظ رہنا مشکل ہے اسلئے ضبط کا انتظام کیا گیا غرضکہ

Marfat.com

بعد نماز مغرب میں معمول سے فارغ ہو کر بیٹھ گیا اور مولوی صاحب سے عرض کیا کہ میں اسوقت فارغ ہوں آپ تقریر شروع فرمادیں اُسوقت ایک مجمع خانقاہ میں موجود تھا یہ رنگ دیکھکر مولوی صاحب سمجھے کہ اس نے تو اچھا خاصہ محکمہ قایم کرلیا خاموش رہے تقریر شروع نہیں فرمائی مجھے قرائن سے محسوس ہوا کہ اسوقت انھیں گرانی ہے۔ میں نے رعایت کی اور یہ رعایت تعلق قدیم کی بناء پر تھی۔ مجھے اُنکا ادب بھی ہے اور اُنکو بھی مجھسے محبت ہے تعلقات کے حقوق کو مدنظر رکھتے ہوئے میں نے کہا کہ اسوقت ایک اور بات سمجھ میں آئی وہ یہ کہ جیسے میں نے اپنی مصلحت کیوجہ سے تقریر کے ضبط کا انتظام کیا ہے کہ کوئی بات غور کرنے سے نہ رہجائے ایسے ہی آپکی مصلحت پر بھی نظر ہے تاکہ بعد میں آپکو بھی افسوس نہ ہو کہ فلاں بات بیان سے رہ گئی اسلئے مناسب یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ اسوقت گفتگو ملتوی کیجئے اور اپنے مستقر پر واپس تشریف لیجائیے کتابیں دیکھکر علماء اور لیڈروں سے مشورہ کیجئے اُسکے بعد تقریر لکھئے وہ تقریر جامع ہوگی اور وہ تحریر بذریعہ ڈاک میرے پاس بھیجدیجئے اسمیں آپکی اور میری دونو نکی مصلحت محفوظ رہے گی آپکو ضبط تقریر کا بہترین موقع ملے گا اور مجھکو غور کرنیکا اسلئے کہ اسوقت کے ضبط کرنیمیں کوئی نہ کوئی بات رہجائیگی سب ضبط نہیں ہوگی غرض یہ صورت اُس سے بہتر ہے۔ اور میں وعدہ کرتا ہوں کہ اگر آپکی تحریر کو دل نے قبول کرلیا تو میں رجوع کرلونگا بلکہ اخباروں میں چھپوادونگا اور اگر دیکھنے اور غور کرنیکے بعد دل نے قبول نہ کیا تو خاموشی اختیار کرونگا جس سے محض آپ ہی سمجھ سکیں گے کہ قبول نہیں کیا عام لوگونکو اسکا علم بھی نہوگا میں نے یہ رعایتیں اسلئے کیں کہ میں ہمیشہ اہل علم کی عزت کو برقرار رکھنے کی تدابیر اختیار کرتا ہوں اُنکی سُبکی اور ذلت کبھی گوارا نہیں ہوتی غرض واپس تشریف لے گئے مگر اجتک بھی وہ تبلیغ نہ آئی اسکے بعد پھر میرا اشتہار دیکھ لیا کہ یہ تحریک فتنہ ہے اسلئے پھر نہ خود آئے اور نہ مکاتبت ہوئی اور اسی واقعہ میں اگر بے تکلفی ہوتی تو مناظرہ کا بھی مضائقہ نہ تھا ٹھنڈے دل سے گفتگو ہو سکتی تھی یہ اصولی بات ہے جو میں اسوقت بیان کر رہا ہوں ایک مولوی صاحب نے مجھسے اپنے ایک مناظرہ کی کتاب سے ایک دلیل بیان کی میں نے کہا کہ مولانا میں قسم دیکر پوچھتا ہوں کہ کیا اس استدلال کو آپ اپنی ضمیر سے صحیح سمجھتے ہیں کہا کہ نہیں میں نے کہا پھر کیوں ایسا استدلال کیا کہا کہ اجی مناظرہ میں یوں ہی کام چلا کرتا ہے بس آجکل یہ مناظرہ کی حقیقت ہے اسی سلسلہ میں ایک صاحب

در مطبع جمالی پرنٹنگ ورکس دہلی طبع شد

Marfat.com

سوال کے جواب میں فرمایا کہ ان اصول صحیحہ کی موافق بھی مناظرہ استاد اور شاگرد میں تو نامناسب نہیں مگر پیر مرید میں اسطرح بھی مناسب نہیں اگر شیخ کی کوئی بات سمجھ میں نہ آوے دوسرے وقت پر چھوڑ دو اُس سے معارضہ نہیں کرنا چاہئے اگر ایسا کریگا فیض نہ ہوگا مناظرہ کی طرح ایک بے اعتدالی یہ بھی ہے کہ شیخ کے متعلق اگر کوئی شبہ ہو تو اُسی سے پوچھتے ہیں ایسا نہ چاہئے اول تو شبہ ہی کو جگہ نہ دے اور جو بہت ہی غلبہ ہو تو کسی دوسرے محقق سے شبہ رفع کرلے البتہ اگر اوس سے تعلق قطع کرلے تو پھر اُس سے پوچھنے کا بھی مضائقہ نہیں غرض یہ تعلق باطنی اور قیل وقال جمع نہیں ہوسکتے اسکو ظاہری تلمذ کے تعلق پر قیاس نہ کرنا چاہئے ہمارے حضرت مولانا محمد یعقوب صاحبؒ فرمایا کرتے تھے کہ ہر طالب علمے کہ چوں وچرا نکند وہر درویشے کہ چوں وچرا کند ہر دو را در چرا گاہ باید فرستاد۔ یہ مسئلہ کہ پیر پر شبہ نکرے عوام میں بھی مشہور ہے کہتے نہیں کہ پیر کی پیری سے کام اُسکے افعال سے کیا کام ہے اسمیں ایک تفصیل ہے وہ یہ کہ یہ دیکھنا چاہئے کہ ایسی باتیں شبہ کی زیادہ ہیں یا کم اگر زیادہ ہوں تو ایسے شیخ کو چھوڑ دے تاویل بضرورت کیجاتی ہے اور یہاں ضرورت نہیں اور اگر کم ہیں تو اسوقت یہ تعلیم ہے کہ اُسکو نہ چھوڑو تاویل کرلو اور جو تاویل بھی سمجھ میں نہ آوے اُسکے درپے نہ ہو یہ کیا ضرور ہے کہ ہر بات سمجھ ہی میں آجایا کرے گو اسکی نظر میں وہ بظاہر لغزش ہی ہو تب بھی اُس سے خلاف نکرے بدگمانی نکرے اور اگر اسپر بھی دین کی ضرورت سے چھوڑے تو بدگمانی نہ ہو صرف یہ نیت ہو کہ وسوسہ میں اجتماع خاطر نہ ہوگا اور جب اجتماع نہ ہوگا تو فیض نہ ہوگا یہ ہیں آداب اس طریق کے

۲۰۶ **ملفوظ**۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ پیر کو مرید پر ایسا اعتماد نہیں ہوتا جیسا اُستاد کو شاگرد کے تعلق پر اعتماد ہوتا ہے وجہ اسکی یہ ہے کہ اُستاد سے علم حاصل ہوتا ہے اور وہ جاتا نہیں تو اُسکا فیض ہر وقت شاگرد کو نظر آتا ہے اور پیر سے تقوی حاصل ہوتا ہے اور وہ جاسکتا ہے اسلئے اُسکا فیض پیش نظر نہیں ہوتا۔

۲۰۷ **ملفوظ**۔ ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ مجدد صاحب کے وقت تک وحدۃ الشہود ظاہر نہیں ہوا تھا اُسکو ظاہر کیا مجدد صاحبؒ نے اور وحدۃ الوجود کو ظاہر کیا شیخ محی الدین ابن عربیؒ نے مجدد صاحب اُنکے اقوال کو باطل کہتے ہیں مگر خود شیخ کو مقبول مانتے ہیں اور باطل کہنے کیوجہ بظاہر یہ

Marfat.com

معلوم ہوتی ہے کہ مجدد صاحب کے سامنے شیخ کے ناتمام اقوال پیش کئے گئے

۲۰۸ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جواب تو ہر بات کا ہوتا ہے مگر قابل دیکھنے کے یہ بات ہوتی ہے کہ وہ معقول ہے یا غیر معقول ایک غیر مقلد نے میرا رسالہ التبنیہ الطربی فی تنزیہ ابن العربی دیکھکر ایک شخص سے کہا کہ اگر میرا فلاں رسالہ دیکھ لیتے تو اپنے اس رسالہ سے رجوع کر لیتے میں نے جواب دیا کہ اگر وہ میرا یہ رسالہ دیکھ لیتے تو وہ اپنے رسالہ سے رجوع کر لیتے اور یہ خاص مسائل تو سب علمی تحقیقات ہیں اور تحقیقات بھی غیر ضروری جن کا نہ جاننا ذرا بھی مضر نہیں اصل چیز عمل ہے اور اسمیں اخلال مضر بدون عمل سب بیکار ہے خواہ علم ظاہر ہو یا علم باطن اصل فضیلت عمل ہی کو ہے عمل ہی سے دین کی تکمیل ہوتی ہے - دیکھئے صحابہ کو کتابی علم کہاں تھا مگر مقبولیت اظہر من الشمس ہے وجہ کیا کہ علم سے زیادہ اُنکے پاس عمل تھا -

۲۰۹ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اس سے بڑھکر دین کی کیا خدمت ہوگی خادمین دین کو پیدا کرنا اور شریعت مقدسہ کی حفاظت کرنا سو اسکو مدارس عربیہ بحمد للہ عربی کی تعلیم دیکر اچھی طرح انجام دے رہے ہیں شریعت عربی میں ہے بدون عربی کے شریعت کا تحفظ مشکل ہے -

۲۱۰ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ علماء کو ضرورت ہے فقراء کی اور فقراء کو ضرورت ہے علماء کی خواہ مخواہ جماعت بندی کر رکھی ہے ان دونوں فرقونکی ضرورت کی ایک مثال ہے وہ یہ کہ بدون علم ظاہر کے ایسا ہے کہ جیسے حسین مگر ننگا اور بدون باطن کے ایسا ہے جیسے لکڑی کو قیمتی کپڑے پہنا دئے جائیں سو دونونکی ضرورت ہے مگر فقراء سے مراد وہ اہل فن ہیں جو بقدر ضرورت اہل علم بھی ہیں جہلا فقراء مراد نہیں -

۱۴ ذی الحجہ ۱۳۵۱ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم پنجشنبہ

۲۱۱ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ مجھکو امام صاحب کا مذہب حدیثوں میں ایسا روشن نظر آتا ہے جیسا کہ نصف النہار میں آفتاب بات یہ ہی ہے معرفت کیلئے فہم کی ضرورت ہے بدفہم لوگ شب و روز معترض رہتے ہیں بینائی

Marfat.com

تو اپنی خراب اور آفتاب پر اعتراض۔

۲۱۲ **ملفوظ**۔ ایک صاحب نے مدرسہ دیوبند کے فتنہ حاضرہ کا ذکر کیا اور اپنی رائے کا بھی اظہار کیا کہ اگر ایسا ہو جائے تو فتنہ بند ہو جائے حضرت والا نے سنکر فرمایا کہ اگر آپ یہ مشورہ کارکنان مدرسہ کو دیں تو مناسب ہے میرے سنانے سے کیا فائدہ مگر اتنا بتلائے دیتا ہوں کہ یہ مدرسہ دیوبند میں نیا فتنہ نہیں ہے اس سے پیشتر بھی متعدد بار ایسا ہو چکا ہے مگر دفع ہو گیا اور وہ فتنہ اہل قصبہ کی طرف سے تھا اہل قصبہ اپنا ایک ممبر بڑھانا چاہتے تھے اسپر میں نے حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کو لکھا کہ اگر بڑھ جائے تو ضرر ہی کیا ہے کثرت تو آپ کے خدام ہی کی ہے اور اگر ایسا نہ ہو تو مدرسہ کے ٹوٹ جانیکا اندیشہ ہے حضرت نے جواب لکھا کہ مدرسہ مقصود نہیں مقصود رضاء حق ہے اور نا اہل کا ممبر بنانا اور کام سپرد کرنا دین کے خلاف ہے سو اسپر تو مواخذہ نہ ہوگا کہ مدرسہ کیوں ٹوٹ گیا اسکے ذمہ دار اہل فتنہ ہوں گے مگر اسپر باز پرس ہو گی کہ نا اہل کو کام کیوں سپرد کیا گیا۔

۲۱۳ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل اصول اور قواعد سے لوگ بہت گھبراتے ہیں ایک منتہی ولایتی طالب علم مراد آباد سے یہاں آئے تھے انہوں نے واپس جاکر یہاں کے ضوابط کے متعلق غیر جوابی خط لکھا کہ قرون اولیٰ میں ایسے قواعد اور ضوابط نہ تھے اسلئے یہ بدعت ہیں اول تو یہ ہی صحیح نہیں کہ قواعد اور ضوابط نہ تھے ضروری قواعد ہمیشہ رہے ہیں دوسرے میں پوچھتا ہوں کہ جس مدرسہ میں ان طالب علم صاحب نے کتابیں ختم کی ہیں خود وہاں ایسے قواعد تھے کہ صبح ۶ بجے فلاں سبق اور سات بجے فلاں سبق تو انہوں نے خود علم بطریق بدعت حاصل کیا ہے کیا خرافات اعتراض ہے اسی طرح ایک شخص نے کہا تھا کہ فلاں چیز حضور کے زمانہ میں نہ تھی اسلئے بدعت ہے میں نے کہا کہ اگر یہی مدار ہے بدعت کا تو تم بھی حضور کے سامنے نہ تھے لہذا تم خود بھی بدعت ہو۔

۲۱۴ **ملفوظ**۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ لوگ مجھکو سخت بھی بتلاتے ہیں حالانکہ سختی اور مضبوطی میں بہت بڑا فرق ہے میں سخت نہیں ہوں بحمد للہ اصول صحیحہ میں مضبوط ہوں جیسے ریشم کا رسا کہ نرم تو اسقدر کہ جسطرح چاہو موڑ لو اور مضبوط اسقدر کہ اگر اس سے ہاتھی

Marfat.com

کو بھی باندھ دو تو وہ بھی کچھ نہیں بنا سکتا مضبوطی کو لوگ سختی سے تعبیر کرتے ہیں اگر اصول صحیحہ پر عمل کرے یا کہ کراوے تو انمیں سختی کی کیا بات ہے خیر یہ تو لطیفے ہیں اصل یہ ہے کہ بدون قواعد اور ضوابط کے کام نہیں ہو سکتا خصوص اس زمانہ میں جبکہ بد فہم دنیا میں بھرے پڑے ہیں اور ان لوگوں کو تو ہر دلعزیزی ہی خوش رکھ سکتا ہے مگر اس خوشی کا انجام وہ ہوگا جیسے ایک حکایت ہے کہ ایک شخص ہر دلعزیز تھے کسی دریا کے کنارے پہونچگئے دیکھا کہ ایک شخص اس کنارے بیٹھا رو رہا ہے وہ دوسرے کنارہ پہ جانا چاہتا ہے اور ایک اُس کنارے رو رہا ہے وہ اس کنارے آنا چاہتا ہے انکے دل میں آیا کہ دونوں کو پار کردوں اپنے قریب والے کو لیکر چلا جب نصف دریا میں پہونچا تو دل میں یہ خیال ہوا کہ وہ بھی رو رہا ہے اب اتنا ہی اُسکا کام کردوں .... یعنی اسکو یہیں چھوڑ کر اتنی ہی دور اسکو لانا چاہئے تاکہ اُسکی بھی دل آزاری نہو پس اسکو بیچ دریا میں چھوڑ اُسکو لینے گیا یہ یہاں پر ڈوبنے لگا جب اُسکو لیکر اسطرف چلا اسکو ڈوبتے دیکھکر اُسکو چھوڑ کر اسکی طرف چلا اسکے پاس نہ پہونچا تھا کہ یہ ڈوب کر مر گیا اب اسطرف لوٹا تو وہاں تک نہ پہونچا تھا کہ وہ بھی ختم ہوا سو ہر دلعزیزی کا یہ نتیجہ ہے مجھسے ایسی ہر دلعزیزی کی کوئی امید نہ رکھے میں ہرگز اصول صحیحہ کو نہیں چھوڑ سکتا لوگ تو یہ چاہتے ہیں کہ ہماری غلامی کیجائے مگر جب میں خود ہی دوسروں سے غلامی نہیں چاہتا پھر میں ہی انکی کیوں غلامی کروں البتہ اصول صحیحہ کے تم بھی غلام ہو اور میں بھی اُن ہی اصول میں سے میرا ایک یہ معمول بھی ہے کہ ایک خط میں صرف ایک مضمون ہو البتہ اگر اُس ایک ہی کے اگر چند اجزا ہوں تو دوسری بات ہے ورنہ اگر سب مستقل مضمون ہوں تو میں واپس کر دیتا ہوں کہ ایک خط میں ایک ہی سوال آنا چاہئے

۲۱۵ ملفوظ ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جواب میں اگر اختصار نہ ہو تو یہ کام ڈاک کا روز کے روز کیسے ختم ہو سکتا ہے میں زمانہ طالب علمی میں مدرسہ دیوبند میں فتاوی لکھا کرتا تھا ایک سوال آیا بہت طویل تھا میں نے بھی اُسپر بہت طویل جواب لکھا حالانکہ مختصر جواب بھی کافی ہو سکتا تھا اور لکھکر حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے دستخط کیلئے پیش کیا دیکھکر اور دستخط فرماکر فرمایا کہ معلوم ہوتا ہے کہ تمکو فرصت بہت ہے ہم تو جب دیکھیں گے کہ جب سامنے کاغذات کا انبار ہوگا کہ اُسوقت بھی ایسے ہی طویل مضمون لکھتے ہو یا نہیں اب حضرت کا

Marfat.com

فرمانا یاد آجاتا ہے۔

۲۱۶ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میرا ایک یہ بھی معمول ہے کہ اگر کوئی طالب علم کوئی بات پوچھتا ہے تو لکھ دیتا ہوں کہ اپنے اساتذہ سے پوچھو مگر طالب علموں کا طبقہ بڑا ہوشیار ہوتا ہے جواب میں لکھتے ہیں کہ پوچھا تھا مگر تسلی نہیں ہوئی میں لکھتا ہوں کہ اپنا شبہ اور اُنکا جواب نقل کرو اور تسلی نہ ہونے کی وجہ لکھو بس اسکے بعد اُنکا سوال ختم ہو جاتا ہے

۲۱۷ ملفوظ۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ بعض لوگ قادیانی یا شیعوں کی کتاب بھیجدیتے ہیں کہ اسکا جواب لکھدو اُنکی تو ایک سطر ہو گئی یہاں ایک پہاڑ لد گیا چونکہ میرے یہاں اصول ہیں میں لکھدیتا ہوں کہ کتاب خود دیکھکر ایک ایک شبہ کا جواب لیتے رہو خواہ کتنی ہی مدت لگے مگر اتنا کام کون کرے اس جواب سے اُنکا وضو شکست ہو جاتا ہے مگر مدرسہ والے ایسا ضابطہ کا برتاؤ نہیں کر سکتے اسلئے کہ کہیں لوگوں کو بد دلی نہ ہو جائے اور اُنکو ضرورت ہے خوش دلی کی تاکہ مدرسہ کی اعانت میں خلل نہ ہو اور اہل مدارس کو اکثر امور میں ایسی رعایتوں کی ضرورت ہوتی ہے چنانچہ چندہ لیکر شکریہ ادا کرنا یہ بھی اُسی رعایت کی ایک فرد ہے میں نے اس شکریہ کے متعلق ایک مضمون بیان کیا تھا میرٹھ میں موتمر الانصار کا جلسہ تھا وہاں چندہ کی بھی تحریک کی گئی تھی میں نے اُس تحریک کیساتھ اپنے بیان میں یہ بھی کہدیا کہ ہم چندہ والوں کا شکریہ ادا نہ کریں گے خواہ دو یا نہ دو اسلئے کہ شکریہ وہ ادا کرے جو خود منتفع ہو جب یہ نہیں تو کیا شکریہ لوگ سمجھتے تھے کہ یہ مضمون چندہ کے لئے مضر ہوا مگر بہت مفید ہوا خوب روپیہ برسا۔

۲۱۸ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ یہاں پر جو استفتاء آتے ہیں میں جواب لکھکر دستخط کو ضروری نہیں سمجھتا اسپر بعض لوگ لکھتے ہیں کہ آپنے جواب تو دیا مگر دستخط نہ کئے میں لکھتا ہوں کہ دو صورتیں ہیں یا تو میرا خط پہچانتے ہو یا نہیں اگر پہچانتے ہو تو لکھے ہوئے جواب ہی سے پہچان لو اور اگر نہیں پہچانتے تو دستخط کس طرح پہچانو گے۔

۲۱۹ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل ملانوں کو لوگ بیگاری ٹٹو سمجھتے ہیں کہ یا لان کسا سواری لی شکاری دی چلدئے اور یہاں پر یہ بات ہے نہیں اسی وجہ سے خفا ہیں سو خفا ہوا کریں میں ان متکبروں کی وجہ سے اصول صحیحہ کو نہیں چھوڑ سکتا میرا ایسے لوگوں کے لئے بھی یہ معمول ہے

Marfat.com

کہ میں واسطہ سے گفتگو کرتا ہوں اسلئے کہ واسطہ سے جو بات چیت ہوگی اُسمیں مخاطب سامنے نہ ہوگا تو طبیعت میں اُتنا تغیر نہ ہوگا جتنا کہ سامنے ہونے سے ہوتا یہ سب تجربہ کے بعد اصول قائم کئے ہیں ایک ایسے ہی شخص کی کسی غلطی پر میں نے مواخذہ کیا تھا اور وہ بھی بواسطہ اُس نے یہاں سے جاکر گھر سے خط لکھا کہ علم کا ادب تھا ورنہ میں انتقام لیتا اور اگر بلا واسطہ گفتگو ہوتی تو معلوم نہیں وہ شخص کہاں پہونچتا درحقیقت یہ کام ہی ایسا ہے اصلاح خلق کا اسکے ساتھ خوش خُلق مشہور ہو ہی نہیں سکتا مگر یہ ناگواری لوگونکی اُسی وقت تک ہے جب تک کہ بصارت نہیں بصارت ہوجانیکے بعد ہزار جان سے قربان ہونیکو تیار ہونگے اسکی تائید میں ایک واقعہ بیان فرمایا کہ یہاں ایک شخص تھے وہ آنکھیں بناتے تھے اُن سے ایک رئیس نے فرمایش کی کہ میں بھی اس علاج کو دیکھنا چاہتا ہوں چنانچہ ایک شخص آنکھیں بنوانے آیا اُنھوں نے رئیس کو مطلع کیا اُنکے سامنے سامان رکھا گیا جب اپریشن ہونے لگا مریض نے اُس معالج کو گالیاں دینا شروع کی مگر وہ اپنا کام کرتے رہے رئیس کو تعجب ہوا کہ تمکو ناگواری نہیں ہوتی وہ کہنے لگے یہ معذور ہے اور میں جانتا ہوں کہ اب تھوڑی دیر میں یہ دعائیں دیگا چنانچہ جب آپریشن ہوچکا اُسکے تھوڑی دیر بعد اُس نے دعائیں دیں خطا معاف کرائی اور فیس پیش کی یہ ہی صورت یہاں پر سمجھ لیجئے اور اگر یہ صورت نہ ہی ہو تو انتظار کسکو ہے اگر بداعتقاد ہوں تو ہوں اللہ تعالیٰ نیت خالص عطا فرمائے لوگوں کے حسن اعتقاد سوء اعتقاد سے ہوتا ہی کیا ہے لوگ تو ایسوں سے خوش ہیں جیسے آجکل کے شاہ صاحب ہوتے ہیں کسی کو بادا کہدیا کسی کو بیٹا بنا لیا بس یہ اُن سے خوش اور وہ ان سے خوش اسکی ایسی مثال ہے جیسے مرتشی اہلکار سے سب خوش ہیں اور جو رشوت نہ لے اُس سے ناخوش یوں سمجھتے ہیں کہ جب اس نے لیا ہے تو کام ضرور کرے گا چاہے نہ بھی کرے سو ہم سے تو لیا نہیں بنا جاتا چنانچہ یہاں پر جو لوگ آتے ہیں اُن سے بڑی چھان بین ہوتی ہے یہ دیکھا جاتا ہے کہ کون طالب دنیا ہے اور کون طالب دین اس چھان بین پر دہلی کا ایک واقعہ بیان فرمایا کہ مجھکو مدرسہ عبدالرب کے جلسہ میں مدعو کیا گیا ایک صاحب یہاں سے میرے ساتھ ریل میں سوار ہوئے مجھکو کچھ شبہ ہوا میں نے پوچھا تو معلوم ہوا کہ یہ بھی جلسہ میں جارہے ہیں میں نے کہا کہ آپ میرے پاس نہ بیٹھیں اُنھوں نے کہا نہیں میں اور جگہ ٹھہرونگا بلا ظاہری سبب کے یہ بات میرے

Marfat.com

دلمیں آگئی اسلئے میں نے صاف کہدیا اب دہلی پہونچے تو وہ بزرگ اسٹیشن سے میرے ساتھ گاڑی میں بیٹھکر مدرسہ آگئے دہانپر شربت وغیرہ پلایا گیا وہ بھی شریک رہے میں نے انکی اس حرکت پر صبر کیا اور یہ سمجھا کہ عام چیز ہے کوئی حرج نہیں پھر شام کو کھانے پر موجود ہو گئے۔ مولانا عبدالعلی صاحب اپنے پاس سے مہمانوں کے کھانیکا انتظام فرماتے تھے مدرسہ سے نہیں کرتے تھے اور مجھکو اسکی اطلاع بھی فرمادی تھی کیونکہ سمجھتے تھے کہ یہ شکی آدمی ہے بڑی ہی رعایت فرماتے تھے اُن صاحب کو دسترخوان پر دیکھکر بہت ناگواری ہوئی مگر مولانا کے سامنے کچھ کہنے کی ہمت نہ ہوئی آخر اُن سے کہا کہ آپ سے ایک بات کہنا ہے اور الگ لیجاکر ڈانٹا کہ یہ کیا نامعقول حرکت ہے تمکو بدون دعوت کے کھانا کب جائز ہے خاص کر تصریحًا کہدینیکے بعد جب اُنکا باپ کٹا اب فکر ہوئی کہ اگر مولانا پوچھ بیٹھے کیا کہونگا مگر مولانا کچھ بولے نہیں سمجھ گئے کہ گئے تھے دو اور واپس آیا ایک تو اسی واسطے گیا ہوگا ایسے واقعات اکثر مجھکو سفر میں پیش آتے تھے اب تو مدت سے سفر ہی بند ہو گیا سو سب قواعد ایسی ہی ضرورتوں سے تجویز کئے گئے ضرورت سب کچھ کراتی ہے جو جو ضرورتیں پیش آتی رہیں ویسے ہی ویسے قواعد وضوابط مقرر ہوتے گئے اب دو تین روز سے بعض مہمانوں کے لئے استثنا ہو رہا ہے اور یہ استثنا تو قواعد کے خلاف مگر ان لوگوں کی محبت کیوجہ سے انکو مستثنیٰ قرار دے رکھا ہے (مراد ان مہمانوں سے طلبہ مدرسہ دیوبند و مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور کے ہیں ۱۲ جامع) ان لوگوں سے تو خاص تعلق اور بے تکلفی ہے بوجہ طالب علم ہونیکے اور اس قسم کے بہت سے استثنا ہیں

ملفوظ ۲۲۰ — ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ طریق بالکل مردہ ہو چکا تھا لوگ بیحد غلطیوں میں مبتلا تھے بحمداللہ اب سو برس تک تو تجدید کی ضرورت نہیں رہی اگر پھر غلط ہو جائیگا تو پھر کوئی اللہ کا بندہ پیدا ہو جائیگا ہر صدی پر ضرورت ہوتی ہے تجدید کی اسلئے کہ مدت کے بعد نری کتابیں ہی کتابیں رہجاتی ہیں اب تو خدا کا فضل ہے کہ وضوح ہو گیا اور کتابیں فی نفسہ تو کافی ہیں مگر لوگ اُنمیں تحریفیں کر لیتے ہیں اور کتابیں تو درکنار قرآن پاک کو بدلی اور بنیات فرمایا گیا ہے مگر اُنمیں بھی دیکھ لیجئے کہ لوگ معانی اور مطالب میں کسقدر گڑبڑ مچا دیتے ہیں۔

ملفوظ ۲۲۱ — ایک نووارد صاحب نے درخواست بیعت کی کی حضرت والا نے بیعت کے متعلق

Marfat.com

اصول اور قواعد بیان کرکے فرمایا کہ اب ان اصول اور قواعد کو سن لینے کے بعد جو رائے قائم کی ہو وہ بتلا دو اسپر اُن صاحب نے عرض کیا کہ جو حضرت کی رائے ہو فرمایا کہ قواعد بتلانے کے بعد استفسار کے جواب میں یہ کہنا کہ جیسے رائے ہو نہایت بدتہذیبی ہے جسکا مطلب یہ ہے کہ یہ استفسار لغو ہے کیا کلام کا معاشرت کا کوئی ادب نہیں استفسار پر اپنی رائے کو ظاہر کرنا چاہئے دوسرے پر بوجھ ڈالنا خلاف تہذیب ہے کام تو اپنا اور بوجھ دوسرے پر یہ کیا لغو حرکت ہے مجھے کیا خبر کسی کی مصلحت کی اور جب خبر نہیں میں کیا رائے دے سکتا ہوں آدمی کو فہم سے کام لینا چاہئے دوسرے پر بوجھ ڈالنا یا ستانا یہ کونسی عقلمندی کی بات ہے لوگو نمیں فہم کا اسقدر قحط ہو گیا ہے کہ موٹی موٹی باتوں کو نہیں سمجھتے یہ کونسی باریک بات تھی جسکا جواب خود نہیں دے سکتے مجھپر بار ڈالنا چاہتے ہیں خود تجویز کرکے مجھکو بتلانا چاہئے اسپر بھی وہ صاحب خاموش رہے حضرت والا کے مکرر سہ کرر فرمانے پر بھی کوئی جواب نہیں دیا فرمایا کہ اسوقت آپ یہاں سے اُٹھ جائیے آپ کو تکلیف پر تکلیف پہونچا رہے ہیں جسوقت جواب سمجھ میں آجائے اُسوقت آئیے اور آکر مجھکو اطلاع کر دیجئے وہ صاحب مجلس اُٹھکر چلے گئے۔

۱۵ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم جمعہ

۲۲۲ **ملفوظ** - ایک صاحب کی غلطی پر تنبیہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ میں تو خود ان آنے والے حضرات کی برکت سے مستفیض ہونیکا متمنی رہتا ہوں اسلئے کہ مجھکو اپنی حالت خود معلوم ہے کبھی اسکا وسوسہ بھی نہیں ہوتا اور نہ آتا ہے کہ مجھسے انکو کوئی نفع پہونچ رہا ہے حتی کہ عین مواخذہ کی حالت میں بھی میں اپنے مخاطب کو اپنے سے افضل سمجھتا ہوں اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے۔ مگر اصلاح کی ضرورت سے تادیب کرنا پڑتی ہے۔

۲۲۳ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ہمارے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ کسی نیک عمل کر لینے کے بعد پھر جب کسی نیک عمل کی توفیق ہو تو یہ اسکی علامت ہے کہ پہلا عمل قبول فرمالیا گیا تب ہی تو پھر عمل کی توفیق نصیب ہوئی ورنہ مطرود مخذول ہوتا ہے

Marfat.com

حضرت اپنے فن کے امام تھے مجتہد تھے مجدد تھے عجیب وغریب تحقیقات ہوتی تھیں۔ ایک شخص نے حضرت سے عرض کیا کہ حضرت ذکر وشغل کرتا ہوں مگر کچھ نفع نہیں ہوتا فرمایا کہ بھائی ذکر میں مشغول ہو اللہ اللہ کرنیکی توفیق دیدی گئی یہ کیا تھوڑا نفع ہے۔

۲۲۴ ملفوظ۔ ایک مدرسہ عربیہ کا ذکر تھا اس سلسلہ میں فرمایا کہ علماء کو تو اپنے پڑھنے پڑھانے میں مشغول رہنا چاہئے دیکھئے جسقدر متمدن اور سیاسی قومیں ہیں انمیں بھی تقسیم عمل معمول ہے اگر سب ایک ہی طرف اور ایک ہی کام پر لگ جائیں تو ملک کا تمام نظام درہم برہم ہو جائے اس مدرسہ کی سرپرستی میرے سر تھوپ دی گئی تھی مگر وہاں سیاسیات کا زور ہو گیا اسلئے میں یہ چاہتا رہا کہ کسطرح اس سے سبکدوش ہو جاؤں مگر اب موقع ہاتھ لگ گیا اسلئے مستعفی ہو گیا اور یہ استعفا بعض ممبروں کی ایک تحریر کی بناء پر تھا اس تحریر کے الفاظ ایسے دل آزار اور دل شکن تھے جو تہذیب سے بھی گرے ہوئے تھے آخر تہذیب اور شائستگی بھی کوئی چیز ہے اور اصل بات تو یہ ہے کہ جس چیز کا تحمل نہ ہو اس سے علیحدہ ہونا ہی مناسب ہے مجھے ایسی چیز دل سے مناسبت بھی نہیں اسلئے ایسی چیز گراں ہوتی ہے اس تحریر کے بعد یہاں مدرسہ کے ممبران وفد کی صورت میں آئے تھے انمیں وہ صاحب بھی تھے جنکی وہ تحریر تھی میں نے ان سے صاف کہدیا کہ مجھکو اس آپکی تحریر سے رنج پہونچا اور ہے اور رہیگا آپ سے اسکی شکایت ہوئی اور ہے اور رہیگی جبتک کہ اسکا تدارک نہ ہوگا اسپر معافی چاہی میں نے کہا کہ جسدرجہ کی غلطی ہے اسی درجہ کی معذرت ہو تب اسکا تدارک ہو سکتا ہے وہ یہ کہ تحریری غلطی ہے تحریری ہی معذرت ہو اور چونکہ اس تحریر کا اعلان ہو چکا ہے لہذا معذرت کا بھی اعلان ہونا چاہئے میں نے یہ بھی کہا کہ اگر کسی سرپرست پر اعتماد نہ ہو تو ایسے شخص کو سرپرست بنایا جائے جسپر اعتماد ہو وہ کوئی بھی ہو پھر اختیار اسکے وہی ہونگے جو سابق سرپرستوں کے رہ چکے ہیں اسپر ایک صاحب بولے کہ سرپرست کے تدین پر فہم پر اعتماد ہے مگر اہل غرض سرپرست کی رائے کو بدل دیتے ہیں میں نے کہا کہ یہ شبہ تو مجلس عاملہ اور کارکنان مدرسہ پر بھی ہو سکتا ہے آخر میں میں نے کہدیا کہ میں نہ اس غلطی کے اعلان کا منتظر ہوں نہ مستدعی ہوں نہ مشتاق ہوں اگر ساری عمر بھی آپ ایسا نہ کریں تو مجھے کوئی ضرورت نہیں صرف اپنی رضا کی شرط بتلائی ہے اور حضرت واقعہ تو یہ ہے کہ اب نہ سرپرستی کا

Marfat.com

وقت ہے نہ پارسائی کا ابتہ وقت اسکا ہے کہ ایک گوشہ میں خاموش گمنام ہو کر بیٹھ جائے مولنا رومی رح فرماتے ہیں ؎

ہیچ کنجے بے دو دو بے دام نیست　　جز بخلوت گاہِ حق آرام نیست

۲۲۵ **ملفوظ**- ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل تو اکثر بدفہم بدعقل ہی لوگ عہدوں پہ ممتاز ہیں ایک شخص کہتے تھے کہ لکھنؤ میں میونسپل بورڈ کے قوانین بدلے گئے تھے انمیں قبرستان کے متعلق بھی کچھ قوانین تھے ایک شخص کا انتقال ہوا وارثوں نے قبر کی جگہ کے لئے درخواست کی تو حکم ہوتا ہے کہ تین دن قبل درخواست دینا چاہئے تھی عجیب بات ہے کہ مرا تو آج اور درخواست دیجائے تین روز قبل جنازہ کی مناسبت سے ایک قصہ بیان کیا کہ ایک گاؤں میں میں نے ایک حافظ صاحب کو امامت کے لئے بھیجدیا تھا ایک شخص کا انتقال ہوا ان سے نماز جنازہ پڑھانیکو کہا گیا اسپر حافظ صاحب نے کہا کہ مجھکو نماز جنازہ کی دعا میں کچھ شبہ ہے میں اسکو صحیح کرلوں تب پڑھاؤنگا گاؤں والوں نے نماز جنازہ کسی دوسرے شخص سے پڑھوا کر دفن کر دیا اور وہ حافظ صاحب دعا صحیح کر کے اگلے روز فرماتے ہیں کہ اب لے آؤ جنازہ میں نماز پڑھادو لگا میں نے جب یہ واقعہ سنا تو میں نے اُن حافظ صاحب کا نام حافظ جنازہ رکھدیا تھا تو بعض باتیں ایسی بے ڈھنگی ہوتی ہیں۔

۲۲۶ **ملفوظ**- ایک صاحب نے حضرت والا سے عرض کیا کہ میں نے فلاں مقام پر ایک مدرسہ کا افتتاح کیا ہے اسکے یہ انتظامات ہیں اور ایک جلسہ مدرسہ کا کیا گیا اور بڑی دیر تک اسکی تعریف کرتے رہے حضرت والا نے سنکر فرمایا کہ جتلاتے کیوں ہو کہ میں نے مدرسہ جاری کیا جلسہ کیا کچھ خبر بھی ہے اسمیں نفس کی آمیزش ہو جاتی ہے عرض کیا کہ بیان سے یہ مقصود نہیں فرمایا کہ تمکو کیا خبر اپنے مرض کی نفس وہ چیز ہے کہ اسکا کید خفی اہل نظر کو بھی بعض اوقات محسوس نہیں ہوتا ایک بزرگ کسی درویش کے مہمان ہوئے اُس درویش نے خادم سے کہا کہ اس صراحی میں سے پانی لاؤ جو ہم دوسرے حج میں لائے تھے اُن بزرگ نے فرمایا کہ بندہ خدا تو نے دونوں حجوں کا ثواب برباد کیا تو کام کر کے جتلایا نہیں کرتے اور اگر دعا مقصود تھی تو اُس تفصیل کی ضرورت نہیں بعض اوقات اپنے مرض کی خبر نہیں ہوا کرتی اور جگہ

Marfat.com

تم لوگونکو روک ٹوک نہیں کی جاتی میں کرتا ہوں اسوجہ سے بدنام ہوں دوسرے لوگ عرفی اخلاق کیوجہ سے کچھ نہیں بولتے مجھسے ایسے عرفی اخلاق اختیار نہیں کئے جاتے میں مکرر کہتا ہوں کہ یہ بھی نفس کی شرارت ہے کہ دعا کے بہانے سے اپنی روئداد سنادی حضرت نفس کے کید نہایت ہی خفی ہیں عرض کیا کہ غلطی ہوئی فرمایا کہ اتنی سختی کے بعد آپنے تسلیم کیا۔

۲۲۷ **ملفوظ**۔ ایک نووارد صاحب حاضر ہوئے اور حضرت والا سے مصافحہ کرنیکے بعد تمام مجلس سے مصافحہ شروع کردیا حضرت والا نے فرمایا کہ یہ طریقہ کس نے سکھایا ہے اگر مجلس میں پچاس آدمی ہوں تو اچھا خاصہ مشغلہ ہوجائیگا اپنے اپنے کام چھوڑکر تمھاری طرف متوجہ ہوں ایک شخص سے مصافحہ کرلیا سبکی طرف سے ہوگیا آخر سلام سب کو الگ الگ کیوں نہیں کیا معاشرت تو لوگونکی برباد ہی ہوگئی غرض ہر چیز کے اصول ہیں ادنی سی بات ہے پنکھا کھینچنا اسکے بھی آداب ہیں مثلاً اگر کوئی پنکھے کے قریب آنے لگے یا جانے لگے اُسوقت پنکھا روکدینا چاہئے ورنہ مشین ہیں اور آدمی میں فرق ہی کیا رہا ایسی باتوں پر لوگ مجھسے خفا ہیں ایک شخص نے بطور اعتراض کہا کہ آپکے مزاج میں تو انگریزوں کا سا انتظام ہے میں نے کہا کہ یوں کیوں نہیں کہتے کہ انگریزوں میں ہمارا سا انتظام ہے انگریزوں نے بھی تو اسلام ہی سے یہ سبق سیکھا ہے وہ اور کہاں سے لائے تھے۔ حیدرآباد دکن میں میں ایک بہت بڑے عہدہ دار کے ساتھ ٹکسال دیکھنے گیا ایک انگریز سیر کرانے والا تھا اُنکی خاطر سے بہت اہتمام کیساتھ اُس نے سیر کرائی جب میں رخصت ہونے لگا تو میں نے اُس انگریز سے کہا کہ تمھارے اخلاق سے بڑا جی خوش ہوا تمھارے اخلاق تو ایسے ہیں جیسے مسلمانوں کے ہوتے ہیں وہ عہدہ دار باہر آکر مجھسے کہنے لگے کہ آپ نے عجیب طرز سے شکریہ ادا کیا کہ اُسکی تعریف بھی کردی اور اُسکو گھٹا بھی دیا میں نے کہا کہ واقعہ ہے کہ یہ ہمارے گھر کی چیز ہے جو انھوں نے اختیار کرلی اسلئے انکو ہماری ساتھ تشبیہ دی جاسکتی ہے نہ کہ عکس۔

۲۲۸ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں تو دوستوں سے کہا کرتا ہوں کہ اصل چیز راحت رسانی ہے خواہ اسکا نام ادب رکھئے یا تعظیم رکھئے دیکھئے حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرا صحابہ کو اپنے لئے کھڑے ہونے سے منع فرمادیا تھا کیا صحابہ کا جی نہ چاہتا ہوگا مگر جب یہ

Marfat.com

معلوم ہوگیا کہ حضور کو اسمیں راحت ہے اسکے خلاف نہیں کرتے تھے یہ ہی اصل ادب اور تعظیم۔

۱۵ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز جمعہ

۲۲۹ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک گاؤں والے نے جو دیندار تھا اور بے تکلف حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کو پانو دبواتے ہوئے دیکھا کہنے لگا کہ مولوی جی جی تو بڑا خوش ہوتا ہوگا کہ میں پانو دبوا رہا ہوں فرمایا کہ ہاں خوش تو ہوتا ہے مگر نہ اسوجہ سے کہ میں بڑا ہوں بلکہ راحت کیوجہ سے تو وہ کہتا ہے کہ بس تو تمکو پانو دبوانے جائز نہیں کیا ٹھکانا ہے اس فہم کا۔

۲۳۰ **ملفوظ**۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ میں خود ایک زمانہ تک اس غلطی میں مبتلا رہا کہ سب کے ساتھ مساوی برتاؤ رکھنا چاہئے اب تو میں غلطی ہی کہونگا کیونکہ حدیث شریف میں ہے کہ حضور بھی سب کے ساتھ مساوات نہ فرماتے تھے خود مجالس میں بھی جیسی توجہ اور بے تکلفی حضرات شیخین کیساتھ فرمائی جاتی تھی کسی کی ساتھ بھی نہ تھی۔

۲۳۱ **ملفوظ**۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ قبض بھی تربیت میں نافع ہوتا ہے۔

۲۳۲ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اہل خدمت اکثر مجاذیب ہوتے ہیں اور ان کے اسرار اکثر سمجھ میں نہیں آتے اس قسم کے مضامین میں نے ایک وعظ میں بیان کئے ایک عالم خشک نے اعتراض کیا کہ یہ قرآن و حدیث سے ثابت نہیں کہ اہل خدمت بھی کوئی چیز ہوتے ہیں میں نے راوی سے کہا کہ اُن سے پوچھنا چاہئے کہ حضرت خضر علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعات کو کیا کہو گے گو یہ اصطلاح قرآن میں نہ آئی ہو مگر عنوانات تو مقصود نہیں ہوتے معنوں مقصود ہوتا ہے ایک صاحب کے سوال کے جواب میں واقعات خضریہ کے توجیہ میں فرمایا کہ غالباً پہلے شرائع میں کشف والہام حجت ہوگا اور ہماری شریعت میں وہ حجت نہیں پھر اگر کسی بزرگ سے کوئی امر قولی یا فعلی جو ظاہراً منکر ہو صادر ہوا سمیں دوسری تاویل کرینگے بدگمانی کرکے ان حضرات کو ملحد اور دہری کہنا بڑے ظلم اور غضب کی بات ہے پھر بطور تفریع کے فرمایا کہ ہم لوگوں کو وہابی کہتے ہیں کسی وہابی کے کلام میں تو صوفیا کی حمایت دکھلا دو۔

Marfat.com

۲۳۳ ملفوظ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ان جاہل صوفیوں کی بدولت طریق بدنام ہوگیا ورنہ طریق بالکل بے غبار اور واضح ہے اسپر ایک واقعہ بیان فرمایا کہ ایک شخص صوفی الہ آباد میں ملے صاحب تصنیف تھے انھوں نے مجھسے سماع کے متعلق سوال کیا میں نے سوچا کہ انکے سامنے فتووں سے تو کام چلتا نہیں اسلئے میں نے اُن ہی کے مذاق پر اُن سے پوچھا کہ یہ بتلایئے اس طریق کی روح کیا ہے جو حاصل ہے سلوک کا کہا کہ مجاہدہ میں نے کہا کہ مجاہدہ کی کیا حقیقت ہے کہا کہ نفس کی مخالفت میں نے کہا کہ اب یہ بتلاؤ کہ تمھارا نفس سماع کو چاہتا ہے یا نہیں کہا کہ چاہتا ہے میں نے کہا کہ ہمارا نفس بھی چاہتا ہے مگر فرق یہ ہے کہ تم نفس کا چاہا ہوا کرتے ہو اور ہم نہیں کرتے تو اس حالت میں صاحب مجاہدہ تم ہوئے یا ہم درویش تم ہوئے ہم صوفی تم ہوئے یا ہم چپ رہ گئے اور کچھ سکوت کے بعد کہا کہ آج غلطی پر تنبیہ ہوا اور سمجھ میں آگئی پھر تائب ہوگئے

۲۳۴ ملفوظ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعض لوگ مجھپر اکثر عنایت فرماتے رہتے ہیں (یعنی اعتراض) کہتے ہیں کہ یہ جو بعض دفعہ ہدایا وغیرہ لینے سے انکار کر دیتے ہیں یہ بھی ایک تدبیر ہے کہ بہت سا آئے یہ نہ لینے کی حکمت بیان کی خیر یہ تو خواہ حکمت ہو یا نہ ہو مگر اس سے ایک مسئلہ نکل آیا کہ ایک ضد کبھی دوسری ضد کا سبب بن جاتی ہے جیسے صورۃً نہ لینا اور حقیقۃً زیادہ نہ لینا اسیطرح تکبر کبھی بصورت تواضع ظاہر ہوتا ہے اور ریا کبھی بصورت خلوص ظاہر ہوتی اب اسکو سنکر بعض لوگ دوسرے وہم میں مبتلا ہوجاتے ہیں کہ انکو اپنے تمام افعال میں اُنکی ضد کا شبہ اور وسوسہ ہوجاتے ہیں یعنی اخلاص میں وسوسہ ہوتا ہے کہ شاید اسمیں خفی ریا رہو سو اُسکے متعلق میں یہ کہتا ہوں کہ ان اوہام کی طرف التفات نکرو یہ وساوس ہیں اگر آویں آنے دو انکی فکر ہی میں نہ پڑو بس انکا قصد نکرو اور انکے اقتضاء پر عمل نہ کرو انکی فکر میں پڑنا یہ بھی شیطان اور نفس کی شرارت ہے کہ اسمیں مشغول کرکے اللہ کی مشغولی سے باز رکھنا چاہتے ہیں بس کام میں لگو انشاء اللہ تعالیٰ کشتی پار لگ جائیگی۔

۱۶ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ
مجلس خاص بوقت صبح یوم شنبہ

Marfat.com

ملفوظ ۲۳۵ - ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت دعا میں جی نہیں لگتا فرمایا کہ جی نہ لگنے کی اصل وجہ یہ ہے کہ اسکا اثر فوراً نظر نہیں آتا مثلاً کوئی دعا میں روپیہ مانگے اور فوراً جیب جھن جھن ہونے لگے یا سیب مانگے اور فوراً آپڑے پھر دیکھیں ... کیسے جی نہ لگے بس جی نہ لگنا مرادف اس خیال کا ہے کہ اسکو کچھ ملے گا نہیں سو یہ خیال خود محرومی کی دلیل ہے مانگنے کے وقت تو یہ استحضار ہونا چاہئے کہ ضرور دینگے باقی دینے کی حقیقت یہ ہے کہ انکی طرف سے یہ وعدہ ہے کہ ہم سے جو کوئی خیر طلب کرتا ہے ہماری رحمت خاص اسطرف متوجہ ہو جاتی ہے تو دعا کا اثر رحمت خاصہ ہے نہ کہ خاص قبول مطلوبہ مثلاً کسی سائل نے کسی سے روپیہ مانگا اور اُس نے اشرفی دیدی جسکی وہ قیمت نہیں جانتا تو اسکو غلطی ہو گی کہ روپیہ ہی کیوں نہ ملا تو جیسے وہاں حقیقت نہ جاننے کیوجہ سے نہیں سمجھا کہ روپیہ کے بجائے اُس سے زیادہ قیمتی چیز یعنی اشرفی مل گئی ایسے ہی یہاں حقیقت نہ سمجھنے کی بدولت اپنے کو محروم سمجھتا ہے مثلاً مانگے تھے سو روپئے مگر دو نفلوں کی توفیق ہو گئی تو یہ کیا کچھ کم رحمت ہے۔ مگر یہ سمجھتا ہے کہ میری درخواست منظور نہیں ہوئی۔

ملفوظ ۲۳۶ - ایک صاحب نے عرض کیا کہ اس زمانہ میں اہل علم اور طلبہ کا کافی مجمع رہا بڑی رونق رہی فرمایا کہ یہ بھی کوئی رونق ہے کہ مجمع رہا تھا اس سے بڑھکر یہ رونق ہے کہ اب کوئی نہیں سوائے ایک کے مگر ایک بات اس جماعت کی قابل قدر ہے کہ باوجود کثرت کے کوئی بات کلفت کی پیش نہیں آئی نہایت ادب اور تہذیب سے کئی روز گذار گئے۔ مگر یہاں پر رہ کر جانیوالوں پر بعضے لوگ اعتراض کرتے ہیں کہتے ہیں کہ خشک ہو گئے کوئی کہتا ہے صوفی بن گئے غرض بیچاروں کو قسم قسم کے اعتراضات کا نشانہ بنایا جاتا ہے اسقدر اجنبیت ہو گئی ہے طریق سے۔

ملفوظ ۲۳۷ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ہر معاملہ سے یہ بات معلوم ہوتی تھی کہ حضرت یہ چاہتے ہیں کہ جو غیر ضروری بات جمعیت قلب کے خلاف ہو اسکو ترک کر دو اور ایسی چیزوں سے اکثر منع فرماتے تھے۔

ملفوظ ۲۳۸ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ محبت خاص تو عمل ہی سے معلوم ہو سکتی ہے محض

Marfat.com

زبانی جمع خرچ سے کیا ہوتا ہے یہاں کے ایک بزرگ بڑوت میں رہتے تھے محبت کے جوش میں
مولد شریف بہت کرتے تھے انھوں نے حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت
کی ارشاد فرمایا کہ ہم اُس سے زیادہ خوش نہیں جو ہماری بہت تعریف کرے ہم تو اُس سے خوش
ہوتے ہیں جو ہمارا اتباع کرے۔

۲۳۹ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی عجیب وغریب تحقیقات
اور حکمتیں ہوتی تھیں ایکمرتبہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے کیسی حکمت کی بات
فرمائی کہ جب کسی معاملہ میں تم سے کوئی قیل وقال وبحث جدال کرے تم سب رطب ویابس
۲۴۰ اسکے سپرد کرکے خاموش الگ ہوجاؤ کیسی پاکیزہ تعلیم ہے۔

ملفوظ۔ ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں تحریکات کے سست ہوجانے پر فرمایا کہ اب تو وہ قصہ بھی
ختم ہوگیا مگر حضرت مولانا دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ کو کسی نے پہچانا ہی نہیں اگر مولانا کو یہ مدعیان
اعتقاد لوگ پہچان لیتے تو سب سے پہلے یہی لوگ مولانا کے مخالف ہوتے یہ لوگ یہ سمجھے کہ
16 مولانا ہمارے جیسے ہیں مگر یہ سمجھنا ایسا ہے جیسے شیعوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی نسبت
یہ سمجھا کہ حضرت علی ہم جیسے ہیں اگر انکو یہ معلوم ہوجاتا کہ حضرت علیؓ ان جیسے نہیں تو سب سے
پہلے یہ شیعہ ہی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مخالف ہوتے۔

۲۴۱ **ملفوظ** (ملقب تدبیر الفلاح) ایک صاحب نووارد متمول نے چند ضروری باتیں مسلمانوں کی دنیوی فلاح وبہبود کے متعلق
بصورت سوال حضرت والا کی خدمت میں برائے مشورہ پیش کیں اور اسپر حضرت والا کا جواب حسب ذیل ملاحظہ ہو۔
ایک نووارد متمول صاحب کلکتہ سے دیوبند اور دیوبند سے ایک مولوی صاحب کو ہمراہ لیکر
تھانہ بھون حاضر ہوئے مولوی صاحب موصوف نے اُن صاحب کی نیابت میں حضرت
والا سے بیشتر ملاقات کی اور عرض کیا کہ یہ بہت بڑے شخص ہیں باعتبار متمول کے کلکتہ میں
مسلمانوں کے اندر ان کی ایک ممتاز ہستی ہے حضرت والا سے بعض ضروری باتوں کے متعلق بغرض
مشورہ کچھ عرض کرنا چاہتے ہیں اگر حضرت والا اجازت فرمائیں اور کوئی وقت گفتگو کا تعین
فرمادیں تو میں اُن سے کہدوں حضرت والا نے فرمایا کہ اُن سے تو جب گفتگو ہوگی اُنکو مشورہ
دیا ہی جاویگا مگر اُن سے پہلے بغرض خیر خواہی آپکو مشورہ دیتا ہوں وہ یہ کہ آپکو اُنکے ہمراہ آنیکی

Marfat.com

کون ضرورت تھی جب کلکتہ سے دیوبند تک خود آگئے تھانہ بھون آنا کون مشکل تھا میں اہل علم کے لئے ایسی باتونکو پسند نہیں کرتا یہ اہل دنیا خصوص اہل مال اہل دین اور اہل علم کو نظر تحقیر سے دیکھتے ہیں اسلئے اہل علم کو ہرگز انکی چاپلوسی نہیں کرنی چاہئے منہ بھی نہ لگانا چاہئے اب آپکی ہمراہی کے سبب مجھکو انکی بعض مراعاتیں کرنی پڑیں گی آپ ہمراہ نہ ہوتے تو جو مصلحت وقت اور ضرورت سمجھتا وہ اُنکے ساتھ برتاؤ کرتا آئندہ ایسے بات کا آپکو خیال رہنا چاہئے میں جو آپ کو مشورہ دے رہا ہوں اسمیں بڑی مصلحت اور حکمت ہے عرض کیا کہ میں بہت اچھی طرح سمجھ چکا ہوں انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ کبھی ایسا نہ ہوگا اور اس میری کم فہمی اور غلطی کو حضرت والا معاف فرمائیں۔ فرمایا کہ خدا نہ کرے کہ آپ کم فہم ہوں نہ میرا یہ مطلب ہے بلکہ بے فکری اسکا سبب ہے اگر کسی کام کرنیسے قبل اسمیں فکر اور غور کر لیا جائے تو صدور غلطیونکا تو پھر بھی ممکن ہے مگر شاذ و نادر جو النادر کالمعدوم کا مصداق ہوگا اور بدون فکر اور غور کے بکثرت صدور ہوتا ہے یہ فرماکر فرمایا کہ اُن صاحب کو اسی وقت بلا لیا جائے تاکہ معلوم ہو جاوے کہ وہ کیا بات کہنا چاہتے ہیں میں انکو اسی وقت فارغ کر دونگا تاکہ اُنکا بھی کوئی حرج نہ ہو اور میں بھی یکسو ہو جاؤں بعد فراغ اُنکو قیام کے متعلق اختیار ہوگا چاہے واپس جائیں یا رہیں میری وجہ سے نہ انکا حرج ہو اور نہ کلفت ہو غرضکہ اُن صاحب کو مجلس میں بلا لیا گیا بعد سلام اور مصافحہ کے اُن صاحب نے عرض کیا کہ میں کلکتہ سے دیوبند ہوتا ہوا حضرت والا کیخدمت میں چند ضروری باتیں بطور مشورہ عرض کرنیکی غرض سے حاضر ہوا ہوں اگر اجازت فرمائی جائے تو عرض کروں فرمایا سر آنکھوں پر شوق سے فرمائے انشاء اللہ تعالیٰ سنکر جو ذہن میں آئیگا میں بھی بے تکلف عرض کر دونگا آپ فرمائیں۔ (۱) مدرسہ دیوبند میں بقدر ضرورت تھوڑی سی انگریزی ہونی چاہئے۔

(۲) میرا خیال ہے کہ میں چند طلباء عربی کو کلکتہ لیجا کر انگریزی کی اعلیٰ تعلیم دلواؤں تاکہ دوسرے ممالک میں جاکر تبلیغ کر سکیں۔

(۳) مسلمانونکو تجارت کی سخت ضرورت ہے انکو اسکی طرف رغبت دلائی جائے۔

(۴) مسلمان دوسری قوموں سے خرید و فروخت اور لین دین چھوڑ دیں اسکی تحریک علماء کو کرنا چاہئے یہ ہیں وہ باتیں جو مجھکو حضرت والا سے عرض کرنی تھیں اب جو حضرت والا کا

Marfat.com

مشورہ ہو اُسپر عمل کر لیا جاوے۔

حضرت والا کا جواب

آپکے خیالات نیک نیتی پر مبنی ہیں آپنے مسلمانوں کی تکلیف کا احساس کیا آپکے دلمیں اُنکی طرف سے درد ہے جسکی مجھکو بھی مسرت ہوئی اسلئے کہ اہل تمول مسلمانوں کو قطعاً اس طرف التفات نہیں کہ غریب مسلمانونکی خبر گیری کریں میرے ذہن میں آپکی باتیں سنکر جو مفید اور کارآمد مشورہ آیا ہے وہ میں بے تکلف عرض کرتا ہوں اُمید ہے کہ خالی الذہن ہو کر آپ بغور سنیں گے اور جہاں جس بات پر شبہ ہو میری تقریر کے بعد اُسکو ظاہر فرمائیں گے میں پھر اُسکے متعلق عرض کرونگا تقریر کے درمیان میں بولنے سے ایک اُلجھن پیدا ہو گی۔ پہلے اور دوسرے سوال کا جواب آپکا یہ فرمانا کہ مدرسہ دیوبند میں بقدر ضرورت تھوڑی سی انگریزی ہونی چاہیئے اور طلبار عربی کو دوسری جگہ پر لیجا کر انگریزی تعلیم اس نیت سے دلوائی جائے کہ وہ دوسرے ممالک میں جاکر تبلیغ کر سکیں اسکے متعلق یہ عرض ہے کہ یہ طریق مفید ثابت نہ ہو گا بلکہ مضر ہو گا مدرسہ میں انگریزی داخل ہونے سے خلط مبحث ہو جائیگا اب جو کام مدرسہ میں ہو رہا ہے یہ بھی نہ ہو گا مدرسہ ایک معجون مرکب ہو جائیگا اسکی بہتر صورت یہ ہے کہ مدرسہ کو تو اپنی حالت پر رہنے دیجئے جو کام ہو رہا ہے ہونے دیجئے اور انگریزی کے متعلق ایک درس گاہ الگ تیار کرا دیجئے اُسکا نظم و نسق ان ہی حضرات کے ہاتھ میں رہے جو عربی کا نظم و نسق فرما رہے ہیں اور صورت اُسکی یہ ہو کہ عربی کے فارغ التحصیل طلبار انگریزی درس گاہ میں تعلیم پائیں اور جبتک طلبہ فارغ التحصیل نہ ہو جائیں اُنکو انگریزی تعلیم پانیکی اجازت نہ ہو ہاں فراغت کے بعد کوئی حرج نہیں اسلئے کہ قبل فراغ اندیشہ ہے اُس طرف کے جذبات کے غلبہ کا اور بعد فراغ یہ اندیشہ نہ رہیگا فراغ کے قبل اجازت نہ ہونیکی مصلحت یہ ہے کہ اکثر لفظ غالب آجاتا ہے اُدھار پر اور اس صورت مجوزہ میں مدرسہ کا کوئی حرج نہ ہو گا ایک یہ بات بھی ضروری ہے کہ کتابیں ختم کرنیکے بعد جبتک دو چار مرتبہ نہ پڑھا لے علم محفوظ نہیں رہ سکتا سو فارغین گھنٹونکے حساب سے دونوں کام کر سکتے ہیں یعنی فارغ التحصیل طلبہ اس صورت میں عربی بھی پڑھا سکتے ہیں اور انگریزی بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اور دوسری جگہ پہونچکر فارغ التحصیل طلبار کا بھی تعلیم انگریزی پانا مضرت سے خالی نہیں اون کا

Marfat.com

یہ رنگ رہ ہی نہیں سکتا اور نہ اُس کام کے بن سکتے ہیں جو آپکی غرض ہے اُسکا بھی صحیح طریق یہی ہے
کہ اپنے اون ہی قدیم اساتذہ کی نگرانی میں تعلیم پائیں تاکہ اُنکے جذبات پر بُرا اثر نہ پڑے یہاں سے
الگ ہوکر ان جذبات کا محفوظ رہنا مشکل ہے جسکا نتیجہ بجائے ہدایت کے گمراہی ہوگا اور انگریزی
کو خود مدرسہ میں داخل کر دینے سے عوام کے اوپر بھی بُرا اثر ہوگا وہ شروع ہی سے اپنے بچونکو
تعلیم انگریزی کیلئے بھیجنا شروع کر دینگے اُنکے پاس اس سمجھنے کا کوئی معیار ہی نہیں کہ اسکو مدرسہ
دینیہ ہی کی شاخ بنا کر رکھنا چاہیئے اور مدرسہ دینیہ ہی کے خدام اس انگریزی شاخ کے نگران رہیں
اور میری مجوزہ صورت میں ہر مصلحت محفوظ رہ سکتی ہے اور جیسے مبلغ آپ چاہتے ہیں ویسے تیار ہو سکتے
ہیں اسلئے کہ جذبات وہی دین رہیں گے غرضکہ مدرسہ دینیہ کے ماتحت انگریزی درسگاہ کو رکھنا
چاہیئے تاکہ انگریزی خانہ عربی خانہ سے زیادہ مقصود نہ ہو جاوے پھر اس اہتمام اور انگرانی کے بعد اگر
کوئی بگڑے تو بگڑے ہم تو ذمہ دار نہ ہونگے اور اسکے خلاف صورت میں ہم ذمہ دار ہونگے یہ ہے فرق
دونوں صورتوں میں اور میں اس سے آگے توسع کر کے کہتا ہوں اور آپکے درد کی قدر کرتا ہوں
اور اسکے لئے میں یہانتک تیار ہوں کہ مدرسہ دیوبند کو اسی موجودہ حالت پر رکھتے ہوئے اور
جو کام وہاں پر ہو رہا ہے اُسکا تحفظ کرتے ہوئے مشورہ دیتا ہوں آپ انگریزی تعلیم کے متعلق یہاں
تھانہ بھون میں انتظام کر دیجئے میں ہر کام اپنی نگرانی میں رکھونگا اور مدرسین کا انتخاب وغیرہ اپنی
رائے سے کرونگا طلباء کی نگرانی اور اُنکے متعلق اصول وقواعد میں خود منضبط کرونگا یہ سب سے بہتر
اور آسان صورت ہے جو میں نے بیان کی یہاں پر نہایت سہولت سے مکان کا بھی طلباء کی
سکونت اور خورونوش کا بھی انتظام ہو جائیگا جدید تعمیر کے انتظام کی فوری ضرورت نہ ہوگی اہل علم
میں سے بعض ایسے لوگ میری نظر میں ہیں جو اسکا انتظام نہایت خوش اسلوبی سے کر سکتے اور انجام
دے سکتے ہیں اور اس طریق کار میں کسی گڑبڑ کا بھی اندیشہ نہیں غرض جملہ امور متعلقہ تعلیم ونگرانی کا کافی
انتظام ہو جائیگا آپکے ذمہ محض مالی اعانت کا بار رہے گا اُسکا انتظام آپ کیجئے یہ ہمارے ذمہ
نہیں پھر دیکھئے انشاء اللہ تعالیٰ کیسے مبلغ پیدا ہوتے ہیں اس مشورہ کے سُن لینے کے بعد اگر آپکے
ذہن میں کوئی مفید مشورہ اسکے علاوہ ہو وہ فرمائے عرض کیا کہ اس جزء کے متعلق تو عرض
کر چکا کوئی گنجائش ہی حضرت نے نہیں رکھی نہایت جامع اور مختصر مشورہ میں سب ہی کچھ

Marfat.com

بیان فرمادیا اور میری جو رائے تھی اسمیں واقعی خلط مبحث کا اندیشہ تھا جو سابقہ تعلیم عربی میں بھی گڑبڑ کردیتا اور طلبہ کا باہر جاکر تعلیم پانا بھی اُس خطرہ سے خالی نہ ہوگا جو حضرت والا نے بیان فرمایا بس یہ ہی مفید مشورہ ہے جو حضرت والا نے فرمایا میں انشاء اللہ تعالیٰ اسکا انتظام کرونگا فرمایا کہ اب آپ انتظام فرمائیں یا نہ فرمائیں مجھکو انتظار نہو گا اسلئے کہ جو چیز میرے اختیار سے خارج ہے اوسکا میں کیوں انتظار کروں اور کیوں فکر کروں آپ جانیں آپنے مشورہ لیا مسلمانوں کی فلاح اور بہبود کو جی میرا بھی چاہتا ہے میں نے طریق کا بیان کردیا۔

(تیسرے اور چوتھے سوال کا جواب) اسکے متعلق یہ عرض ہے کہ اسکے لئے ایک کام کرنے والی جماعت کی ضرورت ہے جو محرک ہو اور عمل کرائے اسمیں مسائل شرعیہ اور حدود کا تحفظ کرتے ہوئے تحریک کرنا چاہئے ایسا نہ ہو جیسا کہ زمانہ تحریک خلافت میں ہر ہونگ مچا تھا کہ حلال کو حرام اور حرام کو حلال کرنیکو تیار ہو گئے تھے ایسا کرنیکی بے برکتی بھی دیکھ لی مفتیوں نے فتویٰ دیا کہ ولایتی کپڑا پہننا حرام ہے اب وہی خود اوسکو استعمال کر رہے ہیں کل تو حرام تھا آج حلال ہو گیا کیا لغو حرکت ہے ایسی گڑبڑ ہرگز منزل مقصود تک نہیں پہونچا سکتی اب رہا یہ کہ علماء اسکی تحریک کریں یہ بھی غلط اصول پر مبنی ہے صحیح طریق یہ ہے کہ ایک جماعت ہو مسلمانوں کی جو اندر خانہ مسلمانوں کو ترغیب دے اور تحریک کرے جتنی قوموں نے ان معاملات میں ترقی کی ہے اُنھوں نے اسکی صورت اختیار کی کامیابی ہوئی وعظوں اور پمفلٹ اور اشتہاروں سے کوئی نتیجہ نہیں نکلتا میں ایک مقام پر مدعو کیا گیا تھا وہاں پر مجھسے قبل وعظ فرمائش کیگئی کہ ہندوؤں کے بائیکاٹ کے متعلق کچھ بیان کیا جاوے میرا ہمیشہ بیان کے متعلق یہ معمول رہا اور ہے کہ فرمائش پر بیان نہیں کرتا بلکہ ضرورت کو محسوس کرکے وقت پر جو اللہ نے دلمیں ڈالا بیان کردیا اور وہی اکثر مفید ثابت ہوا میں نے صاف انکار کردیا کہ میں یہ بیان نہ کرونگا گو تمھارے نزدیک یہ بیان مفید اور محمود ہو مگر میں اس طرز کو مضر سمجھتا ہوں ایسے طریق سے بیان کرنیکا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ یہ تو اعلان کرکے سو جاتے ہیں اور دوسرے لوگ جاگ جاتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہوتا ہوا تا کچھ بھی نہیں اور عمل نہ کرنیکے سبب اوپر سے ذلت گلوگیر ہو جاتی ہے دوسری قومیں نظر تحقیر سے دیکھنے لگتی ہیں اسکی مفید صورت تو یہ ہے کہ ہم اپنے

بابتہ ماہ شوال المکرم سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

طریق سے دو کانیں کھلوائیں اسمیں نہ فتوے کی ضرورت نہ اعلان کی ضرورت یہ نیا طرز نکالا ہے کہ فتویٰ ہو اعلان ہو سو یہ طرز نہایت مضر اور خطرناک ہے البتہ حدود شرعیہ کی حفاظت کی ہر حال میں ضرورت ہے غرض کام اوس طریق سے ہونا چاہئے کہ جسمیں شریعت کے حدود بھی محفوظ رہیں اور کام بھی ہو جائے ایسی صورت اختیار نہ کرنا چاہئے جیسا کہ زمانہ خلافت میں کیا گیا تھا کہ میاں کام کرنیکا وقت ہے مسائل کا وقت نہیں لعنت ہے ایسے کام پر جو شریعت مقدسہ کے حدود سے تجاوز کر کے کیا جاوے اللہ جس کام سے راضی نہ ہو وہ کام مسلمان کا نہیں ہم جو مسلمانوں کے خیر خواہ ہیں وہ مسلمان ہونیکی وجہ سے ہیں حب اسلام اور شریعت کا تحفظ نہ رہا یا نہ کیا تو کیسی ہمدردی اور خیر خواہی اور کیسا درد دیوں تو فرعون نے ترقی کی شداد نے ترقی کی نمرود نے ترقی کی قارون نے ترقی کی آخر اُنکی ترقی بھی تو ترقی ہی تھی پھر قابل ملامت اور مذموم کیوں ہوئی اس ہی لئے کہ وہ حدود سے تجاوز کر کے ترقی کی گئی تھی۔ جسکو اکبر الہ آبادی نے ایک شعر میں کہا ہے ؎

نہ نماز ہے نہ روزہ نہ زکوٰۃ ہے نہ حج ہے　　تو خوشی پھر اسکی کیا ہے کوئی جنٹ کوئی جج ہے

یہ جو آجکل کے لیڈروں اور اونکے ہم خیال مولویوں نے مسلمانوں کی فلاح اور بہبود کے متعلق طرز اختیار کیا ہے کہ اُنکی ہر بات کا اشتہار اور اخبارات میں اعلان کرایا جاتا ہے یہ طرز نہایت ہی غیر مفید ہے شور غل تو تمام دنیا میں اور عمل ندارد اور سب سے بڑی بات قابل ذکر بلکہ قابل شکایت یہ ہے کہ یہ لوگ دوسروں سے تو اسلام کی عزت کے خواہان ہیں اور خود اسلام اور احکام اسلام کو پائمال کرتے ہیں۔ ایک زمانہ میں نمازوں کے وقت میں جلسے ہوتے رہے کچھ پروا نہیں رمضان المبارک میں عام شاہ راہوں پر میزوں پر کھانے چنے گئے اور کرسیوں پر بیٹھکر کھائے گئے یہ حرکات کہانتک جائز ہیں نمازوں کیلئے مسجدوں میں نہ آنا گھروں پر جا نماز بچھی ہیں پیٹکھرفکی ایک پہچان ہے کہ وہ مسجد میں آنا اور غربا کیساتھ ملکر نماز پڑھنا کسر شان سمجھتے ہیں اور پھر یہی مسلمانوں کی باگ اُنکے ہاتھ میں ہے انکی کشتی کے ناخدا بنے ہوئے ہیں شرم نہیں آتی اگر مسجد میں آئیں گے بھی تو جمعہ کے روز وہ بھی پیدل چلکر نہیں جب دیکھو فٹن میں دھمر سے ہیں اور دلمیں فتن بھرے ہیں بندہ خدا مسجدوں میں آؤ غریب مسلمانوں کی ہر حالت کو دیکھو جو کام

Marfat.com

کرنیکے مفید طریقے ہیں انمیں سے ایک بھی نہیں سب زبانی جمع خرچ جب چاہو جس چیز کی چاہو اسکیلئے لو چھو لو جب چاہو اعلان کرالو بس اسی کے مرد ہیں ایک شخص نے کہا کہ اگر سب مسلمانوں سے ایک ایک پیسہ لیا جائے تو لاکھوں اور کروڑوں کی تعداد میں روپیہ جمع ہو جائے پھر اوسکو قومی کاموں میں صرف کیا جائے دوسرے نے جواب دیا کہ اگر سورۃ بقرہ ایک منٹ میں سات مرتبہ پڑھ لو تو ہفت اقلیم کے بادشاہ ہو جاؤ۔ بس مسلمانوں سے تو یہ کاغذی حساب پوچھ لو کرنے کرانیکے نام صفر ایک بنئے کی حکایت یاد آئی کہ کنبہ کو لیکر سفر میں چلے راستہ میں ایک دریا آگیا آپنے پانی کا حساب لگایا کہیں تو ٹخنوں تک کہیں گھٹنوں تک کہیں ناف تک کہیں سینے تک کہیں گلے تک کہیں سر سے اوپر آپنے کاغذ پر اوسط لگایا تو گھٹنوں تک اوسط نکالا گاڑی ڈالدی اب لگے ڈوبنے تو بنیا کہتا ہے کہ حساب جو نکالتوں اور کنبہ ڈوبا کیوں بھائی وہ عملی حساب نہ تھا کاغذی حساب تھا اوسکا یہ نتیجہ ہوا یہ ہی حالت ان باتیں بنانیوالونکی ہے میاں صاحب عملی صورت میں تو اگر تھوڑے سے مسلمان بھی کام کرنے والے ہوں تو چند روز میں کچھ سے کچھ ہو جائے گاؤں کے اندر دس ہوں قصبہ کے اندر پچاس ہوں شہر کے اندر سو ہوں مگر مخلص کہ جان تک اڑادیں پھر دیکھو کیا ہوتا ہے سب باتونکا انتظام بسہولت ہو سکتا ہے مگر جو کام کرنیکے ہیں اونکی طرف تو کبھی التفات بھی نہیں ہوتا اور یہ بائیکاٹ وغیرہ ان سے کیا کام چلتا ہے اگر انبیاء علیہم السلام ترے بائیکاٹ سے کام لیتے تو ہرگز دین کی اشاعت نہ ہوتی کام تو کام کے طریقہ سے اور ہر موقع پر اُسکے مناسب عمل سے ہوتا ہے دیکھ لیجئے جب تک قوت جمع نہ ہوئی حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے کیسے صبر اور حلم سے کام لیا جہاد کی بھی اجازت نہ ہوئی جب قوت جمع ہو گئی جہاد بھی فرض ہو گیا اور تلوار سے کام لیا گیا پھر اتنا بڑا کام کہ اظہر من الشمس ہے یہ سب برکت مناسب طریقہ پر عمل کرنیکی تھی اس مناسب عمل پر یاد آیا کہ ایک صاحب پنجاب سے آئے تھے اُنھوں نے مجھسے پوچھا کہ آپ اس تحریک خلافت میں کیوں نہیں شریک ہوئے میں نے کہا کہ ایسے عظیم الشان مقاصد کے لئے ضرورت ہے قوت کی اور قوت موقوف ہے اتفاق پر اور اُسکے دو درجے ہیں ایک حدوث ایک بقاء سو اول تو اسوقت تک حدوث بھی نہیں ہوا لیکن اگر اسکو تسلیم بھی کر لیا جاوے تو بقاء کا کوئی سامان نہیں کہنے لگے

رسالہ المبلغ ص ج ۹

بابتہ ماہ شوال المکرم سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

بقار کیسے ہو میں نے کہا اسکے ضرورت ہے امیر المومنین کی کہ وہ اپنے قہر سے اتفاق کو باقی رکھ
سکتا ہے کیونکہ خروج عن الجماعۃ پہ سزا دے سکتا ہے اور یہاں کوئی امیر المومنین نہیں کہنے
لگے ہم آپ کو امیر بناتے ہیں میں نے کہا کہ میں بننے کو تیار ہوں مگر اُسکے کچھ شرائط ہیں ایک
یہ کہ تمام مشاہیر علماء اور لیڈروں کے دستخط میرے امیر تسلیم کر لینے پہ کرا کر لاؤ اگر ایک نے بھی
اختلاف کیا تو میں امیر نہیں بنتا اسکے بعد اگر پھر کوئی کسی قسم کی گڑبڑ کریگا اُسکو درست کر دیا جاوے
دوسری بات یہ ہے کہ میں شخصی سلطان ہونگا جمہوری نہ ہونگا دوسروں کی رائے کا منتظر نہ رہونگا
تیسرے یہ کہ ہندوستان کے سب مسلمان اپنا سرمایہ چاہے وہ کسی قسم کا ہو نقد زیور جائداد
مکانات باغات سب میرے نام ہبہ کر دیں میں بھیک مانگنے والا امیر نہ ہونگا کہ ضرورت تو ہے اسوقت
اب چندہ کرتے پھرو اتنے چندہ ہو وہاں سب کام درہم برہم اور میں یہ وعدہ کرتا ہوں کہ اس ہبہ کے
بعد جسکی جسطرح پر گذر ہو رہی ہے اُس سے بھی اچھی طرح پر گذر کا انتظام کر دونگا تکلیف کسی کو کسی قسم
کی نہ ہونے دونگا مجھسے اسکا اقرار نامہ لکھوا لیا جائے جب یہ سب ہو جائیگا اُسکے ضروری سامان مہیا کر دونگا
اور سب سے پہلے جو امیر المومنین ہو کر حکم دونگا وہ یہ ہوگا کہ دس برس تک سب تحریک اور شور و غل بند
ان دس سال میں مسلمانوں کی اصلاح کی کوشش کیجائیگی جب یہ قابل اطمینان ہو جائیں گے تب مناسب
حکم دونگا باقی جبتک قوت نہ ہو کفار سے بھی نہایت لطف اور حسن سے کام لینا چاہئے اور
اگر شرائط پورے نہیں ہو سکے اور محض کاغذی امیر المومنین بناتے ہو تو آج امیر المومنین ہونگا اور
کل کو اسیر الکافرین کہنے لگے یہ تو بہت مشکل کام ہے۔ میں نے کہا بس تو کامیابی بھی مشکل ہے بس
یہ سنکر رہ گئے بیچارے تو محض زبانی جمع خرچ سے کیا ہوتا ہے یہ جمع خرچ اور حساب تو ایسا ہی ہوگا
جیسا کہ میں بنئے کی حکایت بیان کر چکا ہوں کاغذی حساب تھا عملی نہ تھا اسکا نتیجہ تو یہی ہوتا کہ
حساب جوڑ کاتوں اور کنبہ ڈوبا کیوں لوگوں کے ان خیالات کی اس سے زیادہ وقعت نہیں جیسے
شیخ چلی کے گھڑے کے گر کر پھوٹ جانے پہ سارا گھر بار ہی برباد ہو گیا تھا کام جو کرنیکے ہیں وہ کرو
جیسا کہ میں نے بیان کیا کہ بدوں باشوکت امیر اور سردار کے کام چلنا نہایت دشوار بلکہ محال ہے اور سب سے
بڑی ضرورت تو اُسکی یہ ہے کہ بدون امیر کے حدود شریعت کا کون تحفظ کرائیگا اور عدم تحفظ حدود
شرعیہ پر اگر کامیابی ہو بھی گئی تو یہ خود ایک مسلمان کیلئے نہایت زبردست ناکامیابی ہے۔

Marfat.com

بعضے کہتے ہیں کہ یہ حجروں میں رہنے اور بیٹھنے کا وقت نہیں میدان میں آنیکا وقت ہے اگر طریقہ سے کام ہو تو میدان میں آنا بھی کوئی مشکل کام نہیں مگر بے طریقہ کام کرنے سے حجرہ بھی ہاتھ سے جاویگا اور میدان بھی نہ اِدھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے پھر اُون نو وارد صاحب کی طرف مخاطب ہو کر حضرت والا نے فرمایا کہ جو میں نے عرض کیا آپ کی سمجھ میں آیا عرض کیا کہ جو حضرت فرما رہے ہیں میں بغور سُن رہا ہوں اور سمجھ رہا ہوں مگر یہ کام بھی حضرت ہی کے کرنیکا ہے فرمایا مجھے انکار کب ہے میں تو مسلمانوں کا ایک ادنیٰ خادم ہوں مگر جماعت بنانا اپکا کام ہے ایسی جماعت آپ پیدا کریں جو دل سے اور خلوص نیت سے لوگوں کو عملی صورت پر آمادہ کریں احکام ہم سے پوچھئے مشورہ لیجئے جو طریقہ ہے کام کرنیکا اوسطرح کیجئے - بہرحال صورت یہ ہے کہ آپ ایسی جماعت پیدا کریں اور ہم سے مشورہ لیں یہ ہے طریقہ کام کرنیکا اور یہ طریقہ آسان بھی ہے اسپر عمل کیجئے انشاء اللہ تعالےٰ بہت جلد کامیابی ہو گی - ایک بات یہ ضروری ہے کہ عمل کرنیکی صورت میں کسی پر جبر نہ کیا جاوے جیسے آجکل بعضوں نے وتیرہ اختیار کیا ہے کہ جو شخص اُنکی ساتھ شرکت نکرے اوسکو تکلیفیں پہونچاتے ہیں جبر سے قلوب میں بددلی ہوتی ہے جو کام خوشی سے ہوتا ہے اوسمیں مداومت ہوتی ہے آپ اس مجموعی طریق کو عملی جامہ پہنائیں یہ سب مضمون تجربہ کی بناء پر میں نے بیان کیا ہے - میری تو دل سے تمنا ہے کہ دین کیساتھ مسلمانوں کی دنیا کی بھی فلاح ہو مگر طریقہ کیساتھ یوں ہی اٹرنگ بٹرنگ کرنیسے کام نہیں چلا کرتا نہ اوسمیں برکت ہوتی ہے میرا تجربہ ہے کہ آجکل مسلمانوں کا کام جوش کے ماتحت ہوتا ہے اسی لئے اوسمیں استقلال نہیں ہوتا اگر ہوش کے ماتحت ہو تو دنیا کی تمام قومیں بیٹھی دیکھا کریں - ایک یہ بات بھی قابل لحاظ ہے کہ جو شخص جس کام کا اہل ہے وہی کام اوس سے لیا جائے اسمیں گڑبڑ نہ کیجائے اسکے خلاف کرنا اصول کے خلاف کرنا ہے جو بظاہر سبب ہوتا ہے عدم کامیابی کا یعنی جو کام لیڈروں کا ہے وہ کریں جو کام علماء کا ہے وہ کریں جو کام عوام کا ہے وہ کریں پھر عوام میں بھی دو طبقے ہیں ایک اہل مال ایک اہل جان اہل مال کا جو کام ہے وہ کریں اہل جان کا جو کام ہے وہ کریں تقسیم عمل سے بڑی سہولتیں پیدا ہوتی ہیں علماء سے دوسرے کام کی توقع ایسی ہے جیسے کوئی شخص حکیم محمود خان کے پاس جاکر ٹوٹے ہوئے جوتہ کے سینے کی ترکیب اون سے پوچھے ۴۴

Marfat.com

وہ کہیں گے کہ دہلیز پر باہر چمار بیٹھا ہے یہ کام اوس کے سپرد کرو ہمارا یہ کام نہیں یا حکیم صاحب سے
کوئی کہے کہ طبی کانفرس میں جوتے گانٹھنے کے منافع بیان کرو یہ سخت توہین ہوگی حکیم محمود خاں کی
اور فن طب کی بھی ایسے ہی یہاں سمجھ لو علماء سے مسائل پوچھو دنیا کے حصول کی تدابیر نہیں کیا معلوم
خوب سمجھ لیجئے پھر ایک اور بات بھی قابل لحاظ ہے وہ یہ کہ دنیا کی ترقی اور اسکے حصول کے بھی تو
کچھ شرائط اور حدود ہوں گے یہ تو نہیں کہ اسکے لئے جو جی میں آیا کر لیا جو جی میں آیا کہدیا جب دنیا کی
ترقی کی بھی ایک حد ہے تو اُس سے آگے بڑھنا وبال جان بلکہ مفر ایمان ہوگا میں نے لکھنؤ میں
ایک وعظ میں بیان کیا تھا اوس وعظ میں نو تعلیم یافتہ طبقہ کے لوگ زیادہ تھے بڑے بڑے
بیرسٹر اور وکلاء کا مجمع تھا میں نے کہا تھا کہ ترقی ترقی گاتے پھرتے ہو آخر اوسکے کچھ حدود بھی ہیں اگر
ہر ترقی مطلوب ہے تو انسان کے بدن پر کبھی ورم آجاتا ہے جس سے اوسکے جسم میں ترقی ہو جاتی
ہے تو پھر اوسکے ازالہ کی تدابیر طبیب یا ڈاکٹر سے کیوں پوچھتے ہو اور اوسکو مذموم کیوں سمجھتے ہو
اگر حدود سے گذر کر ترقی کی جاوے تو وہ ایسی ہوگی جیسے فرعون نے ترقی کی تھی تو ایسی ترقی سے ایک
مسلمان ایمان والے کو کیا فائدہ ایسی ترقی مسلمانوں کی ترقی کہلانیکی قابل کب ہوگی یقیناً کفار ۲۵
کی ترقی کہلائیگی اور اوسکے حصول کی فکر بھی بے ضرورت ہی ہوگی اسلئے کہ کفار کی ترقی تو ہو ہی
رہی ہے پھر مسلمانوں کے لئے ایسی ترقی میں کونسی خوبی ہوگی انکی خوبی تو اُسی ترقی میں ہے کہ حدود
کا تحفظ ہو اور پھر ترقی ہو یہ ہے خوبی کی بات اور ایسی ترقی غیر ممکن نہیں محال نہیں سلف کے
کارنامے تمھارے سامنے ہیں کہ شرق سے غرب تک اور جنوب سے شمال تک اعلاء کلمۃ الحق کر گئے
انکی کامیابی اور ترقی میں جو بڑی بات ہے وہ یہ ہے کہ حدود کا تحفظ رکھا اور اوسکے ماتحت کامیابی
اور ترقی کی۔ نکاح کا نتیجہ جب ہی برآمد ہو سکتا ہے کہ میاں بھی صحیح المزاج ہو اور بیوی میں بھی کوئی
نقص نہ ہو تب ہی اولاد پیدا ہوگی اسیطرح اگر علماء بھی متدین اہل تقوی و اہل فتوی ہوں اور
عوام بھی اونکے مطیع و فرمانبردار ہوں اس صورت میں انشاء اللہ تعالیٰ نتیجہ بہتر سے بہتر برآمد ہوگا
غرض کام کے انجام دینے کیلئے ایک مخلص جماعت چاہئے جسکا شب و روز یہی کام ہو پھر اس
جماعت میں دو قسم کے لوگوں کی ضرورت ہے ایک وہ لوگ جو دنیا کی وجاہت رکھتے ہوں
دوسرے وہ جو دین کی وجاہت رکھتے ہوں اگر دنیا کے متعلق کوئی شبہ ہو تو پہلا طبقہ جواب

بابتہ ماہ شوال المکرم سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

دیگا اور اگر دین کے متعلق کوئی شبہ ہو تو دوسرا طبقہ... جواب دیگا۔ رہا میری شرکت کے متعلق سو یہ عرض ہے کہ غیب کی خبر نہ مجھکو نہ آپکو اسلئے پہلے سے کیسے جازم فیصلہ کر لوں بس یعلقاً اتنا ہی کہہ سکتا ہوں کہ اگر شریعت کے موافق طریق کار ہو میں شریک ہوں مجھکو انکار نہیں اصرار نہیں ضد نہیں جو بات تھی میں نے صاف صاف ظاہر کر دی تاکہ کسی قسم کی آپکو اُلجھن نہ ہو دیکھو کہ نہ ہو۔ نہایت احسن طریق سے کام شروع کیا جائے اور اگر اسمیں کوئی مخالفت کرے اُسکی ساتھ نرمی سے کام لیا جائے جبر اور تشدد کو پاس نہ آنے دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ رفتہ رفتہ سب شریک ہو جائیں گے سب سے اوّل ضرورت خلوص کی ہے پھر فلوس والے خود بخود آ شریک ہونگے آپ دیکھیں کہ شیعوں کا مذہب نہایت لچر ہے مگر ظاہراً دن کے نرم ہونیکی وجہ سے بہت لوگ اُس طرف مائل ہیں۔ نرمی وہ چیز ہے کہ حضرت شاہ عبدالقادر صاحب دہلوی نے وعظ میں دیکھا کہ ایک شخص ٹخنے سے نیچے پاجامہ پہنے ہوئے ہے آپنے ختم وعظ پر فرمایا کہ میاں ذرا تم ٹھیرے رہنا تم سے کچھ کلام ہے سب لوگ چلے گئے وہ شخص ٹھیرا رہا تنہائی میں اُس سے کہا کہ ذرا دیکھنا میرا وہم ہے یا سچ مچ کہ کچھ میں ہی غلطی پر ہوں میرا پاجامہ ٹخنے سے نیچا ہو جاتا ہے چونکہ اسپر ایسی ایسی وعید ہے اسلئے دیکھکر بتلا دو تاکہ زیادہ احتیاط کروں اور یہ کہکر کھڑے ہو گئے کہ بھائی اچھی طرح دیکھ لو.... اُس شخص نے نہایت مجوبانہ لہجہ میں عرض کیا کہ حضرت خدا نکرے آپکا تو کیوں ہوتا البتہ میرا ہی پاجامہ ٹخنے سے نیچے ہے میں توبہ کرتا ہوں۔ مولانا محمد قاسم صاحبؒ کا ایک واقعہ ہے کہ ایک خان مولانا کے بڑے دوست تھے مگر لباس انکا خلاف شریعت تھا اور وہ جمعہ کے روز مولانا ہی کے پاس آکر غسل کرتے کپڑے بدلتے اور جمعہ پڑھتے اور انداز سے یہ معلوم تھا کہ پکے آدمی ہیں کہنے سے نہ مانیں گے مولانا نے ایک جمعہ کو اُن سے فرمایا کہ میاں آج دو جوڑے لیتے آئیے ہم بھی آج تمھاری وضع کا لباس پہنیں گے وہ صاحب بیحد متاثر ہوئے اور عرض کیا کہ خدا نہ کرے آپ مجھ خبیث کی وضع پر رہیں آپ ہی مجھکو ایک جوڑہ دیجئے میں اُسکو پہنوں گا اور ہمیشہ کیلئے اُس لباس سے توبہ کر لی۔ حق تعالیٰ نے نرمی میں خاصہ رکھا ہے جذب کا۔ پس آپ ان اصول پر کام شروع کریں اگر شریعت کیموافق تحریک نافذ ہو گی میں دل و جان سے شریک ہوں پھر فرمایا کہ تجارت کے متعلق ایک

بابتہ ماہ شوال المکرم سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

اور بات کام کی یاد آئی وہ یہ کہ امراء کو یہ رائے دیجائے کہ گراں قیمت کی چیزیں خرید کر غربا کو سستی دیں تاکہ تجارت میں مسلمان دوسری قوموں کا مقابلہ کرسکیں یہ دوسری قومیں مسلمانوں کو اپنی چالوں اور تدابیر سے تجارت میں چلنے نہیں دیتے۔ اور اسکی چند روز ضرورت ہوگی پھر کام چل نکلنے پہ کچھ ضرورت نہ ہوگی وجہ یہ کہ لوگ بھی اصول تجارت سے واقف ہو جائیں گے اور ان تدابیر سے یہ مقصود نہیں کہ سب مسلمان اہل ثروت ہوں امیر ہوں بلکہ مقصود یہ ہے کہ انکی حوائج ضروریہ چلتی رہیں اور کم ازکم ہم دوسری قوموں سے مستغنی ہو جائیں یہ ہیں چند باتیں جو تجربات کی بنا پر میں نے آپکے سامنے بیان کردیں۔ مجھکو مسلمانوں کی طرف سے جو زیادہ قلق ہے وہ اسوجہ سے ہے کہ انکی بالکل ایسی مثال ہے جیسے ایک مریض کسی طبیب کے پاس جائے مگر وہ طبیب خود ہی بیمار ہو وہ کیا خاک علاج کریگا تو حضرت ہمارے طبیب ہی بیمار ہیں کیا علاج کرینگے رہنما ہی غلط راستہ پر ہیں کیا رہبری کرینگے۔ الا ماشاء اللہ

ملفوظ ۲۴۲۔ ایک صاحب نے ایک بڑے غیر مسلم حاکم کا مقولہ نقل کیا کہ حضرت چھوٹے قصبہ میں رہتے ہیں دہلی جیسی جگہ میں کیوں قیام نہیں فرماتے تاکہ زیادہ لوگوں کو نفع ہو فرمایا کہ چھوٹی جگہ میں رہکر کام زیادہ کرسکتا ہے کیونکہ وقت فراغ کا زیادہ ملتا ہے اور بڑی جگہ میں رہکر چھوٹا کام بھی نہیں کرسکتا اور نہ ہو سکتا ہے کیونکہ زیادہ وقت وارد وصادر کی دلجوئی ہی میں گذرتا ہے اور اسوقت تک جو کچھ کام ہوا یہ سب اسی جگہ کی برکت ہے جسکی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ یہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی جگہ ہے اور حضرت ہی کے فرمانیکی وجہ سے کانپور سے یہاں آکر قیام کیا اور انکے علاوہ سب سے بڑی بات جس سے برکت بڑھتی ہے یہ ہے کہ کام میں خلوص ہو یعنی جو کام ہم کریں اسمیں یہ نیت ہو کہ اللہ راضی ہو پھر برکت ہی برکت ہے اور کام میں جو بے برکتی ہوتی ہے وہ نیت کی خرابی اور عدم خلوص کی سبب ہوتی ہے۔

ملفوظ ۲۴۳۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اصول اسلامیہ کی خاصیت کی بالکل ایسی مثال ہے کہ جیسے گل بنفشہ میں برکت ہے زکام کے دفع کی خواہ مسلمان پیئے یا کافر پیئے اسیطرح جو شخص اصول صحیحہ پر عمل کرتا ہے چاہے مسلمان ہو یا کافر وہ راحت پاتا ہے اصول صحیحہ میں فطرۃً یہ خاصیت ہے کہ وہ پریشانی اور کلفتوں کو دور کرتی ہیں اسمیں مسلم غیر مسلم کی کچھ قید نہیں

Marfat.com

جیسے شاہ راہ یعنی سڑک شاہی سے جو گذرے گا وہ راحت سے سفر کریگا درختوں کا سایہ اوسکو ملے گا اب چاہے مسافر مسلم ہو یا غیر مسلم ہو شیخ سید مغل پٹھان ہو یا بھنگی اور چمار ہو اسمیں کسی کی کوئی قید نہیں البتہ آخرت میں ترتب آثار کیلئے اسلام بھی شرط ہے۔

۱۶ ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم شنبہ

۲۴۴ **ملفوظ**۔ ایک صاحب کے خط کے جواب میں حضرت والا نے تحریر فرمایا کہ کئی مہینے تک خط کا نہ بھیجنا یہ دلیل ہے ضعف طلب کی اور یہ بھی تحریر فرمایا کہ یہ بھی راز ہے میرے یہاں تاخیر بیعت کا اسپر فرمایا کہ آجکل بیعت بھی منجملہ اسباب افتخار کے ہوگئی ہے طلب نہیں ہے میں ضابطہ کے تعلق کو تعلق نہیں سمجھتا خلوص کے تعلق کو تعلق سمجھتا ہوں اور خلوص بھی وہ جسمیں فلوس کو بھی دخل نہ ہو اور یہ بھی تجربہ کی بات ہے کہ یہ پیری مریدی کا تعلق اوس سے قبول کرنا چاہئے جسپر حکومت کر سکے نیز مرید ہونیکی قابل وہ شخص ہے کہ جسکو پہلے سے محبت ہو خلوص ہو اسمیں بڑی مصلحتیں اور راحتیں ہیں۔

۲۴۵ **ملفوظ**۔ آج ... صبح کی مجلس ملفوظ ۲۴۱ میں جو ایک نووارد متمول صاحب سے گفتگو نقل کیگئی ہے اُنکے متعلق حضرت والا نے فرمایا کہ صبح اُنکی گفتگو سے معلوم ہوتا تھا کہ اُنکی دو قسم کے لوگوں سے گفتگو ہوئی ایک تو وہ جو اُنکے بالکل ہم خیال ہیں اُنھوں نے ہمہ تن موافقت کی اور ایک وہ جنھوں نے بالکل مخالفت کی میں نے یہ کیا کہ اصل مقصد میں موافقت اور طریق کار میں اختلاف کیا اور میرا اختلاف بالکل اصول صحیحہ پر منطبق تھا الحمد للہ میرے اندر بے پروائی نہیں ہاں میں تابع بننا نہیں چاہتا تابع تو شریعت ہی کے رہنا چاہئے اب اگر کوئی کام شریعت کے موافق ہے تو مجھے شرکت سے خدمت سے انکار نہیں اگر خلاف شریعت ہے تو میں شرکت سے معذور ہوں میں ہمیشہ اسکا خیال رکھتا ہوں جہاں کسی نے مولویوں کے ذمہ کام ڈالا میں نے فوراً اوسکو بھی ایک کام بتلا دیا بس اس سے اُنکی سب فضولیات ختم ہو جاتی ہیں یہ دنیادار باتیں ہی باتیں بناتے ہیں جب کام سر پڑتا ہے تو محض ناکارہ ثابت ہوتے ہیں انکی رگ میں ہی پہچانتا ہوں اب یہ گئے ہیں مگر جو کچھ کرینگے دیکھ لیجئے اور سن لیجئے وجہ یہ کہ

Marfat.com

اوسمیں طریق کار میں نے ایسا بیان کردیا کہ جسمیں انکو خود بھی کچھ کرنا پڑ لگا اور یہی میٹھی کھیر ہے۔

ملفوظ ۲۴۶۔ فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا ہے ایک باطنی حالت کے متعلق لکھا ہے کہ اُسکو بقا نہیں۔ میں نے لکھا ہے کہ بقا ہے مگر اُس حالت کا غلبہ نہیں رہتا اور وہ دائم رہ بھی نہیں سکتا۔ اگر انسان چاہے کہ ایک سی حالت ہمیشہ رہے یہ ہو ہی نہیں سکتا حالات کے تغیر تبدل میں حکمتیں ہوتی ہیں۔

ملفوظ ۲۴۷۔ ایک صاحب کا خط آیا لکھا تھا کہ بہت عرصہ سے نہ حاضری ہوئی اور نہ خط بھیج سکا حضرت والا نے جواب میں تحریر فرمایا کہ اس سے میرا کوئی ضرر نہیں بالکل بے فکر رہو۔

ملفوظ ۲۴۸۔ ایک صاحب کا خط آیا اُسکو اسطرح بند کیا تھا کہ کھولتے ہوئے پھٹ گیا اُسپر حضرت والا نے جواب تحریر فرمایا کہ اس حالت میں یا تو تمکو بند کرنیکی تمیز نہیں یا مجھکو کھولنے کی تمیز نہیں اور بدتمیز نہ مرید ہونیکی لائق ہے اور نہ پیر بننے کی لائق اسواسطے اس قصہ کو ختم کرو اور اگر تمنے بند نہیں کیا کسی اور نے بند کیا تو آئندہ بھی ایسے ہی بدتمیز آدمی سے بند کرایا کروگے تو یہ تکلیف کون برداشت کریگا۔ جواب آیا کہ خط کے اوپر گوند دوسرے شخص نے لگایا تھا حضرت والا کا جواب گیا کہ تم نے خود کیوں نہیں لگایا کیا اپنے کو اتنا بڑا آدمی سمجھتے ہو کہ ایسے معمولی کام بھی دوسروں سے لیتے ہو تو متکبر آدمی بھی مرید ہونیکی لائق نہیں۔

ملفوظ ۲۴۹۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں کسی کے چہرہ پر نظر نہیں کرتا طبعاً حجاب معلوم ہوتا ہے

ملفوظ ۲۵۰۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ جو شخص فضولیات میں مبتلا ہوگا وہ کبھی ضروریات کی طرف متوجہ نہیں ہوسکتا یہ تجربہ کی بات ہے۔

ملفوظ ۲۵۱۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل عموماً مشائخ کے دربار میں اسپر نظر رہتی ہے کہ کون خدمت زیادہ کرتا ہے اور کون کم اسوجہ سے لوگ اسکا خاص اہتمام کرتے ہیں الحمدللہ مجھکو اسکی طرف التفات بھی نہیں ہوتا بلکہ بعضی خدمت سے اور تکلیف ہوتی ہے کیونکہ بعض کو تو خدمت کا سلیقہ نہیں ہوتا اور بعض کو اگر ہوتا بھی ہے تو نیت اچھی نہیں ہوتی کچھ اغراض پیش نظر ہوتے ہیں خدمت کرنیکے بعد اوس غرض کو پیش کرتے ہیں بُرا معلوم ہوتا ہے یہ تو اچھی خاصی رشوت ہوئی کہ خدمت سے مخدوم نرم ہوجائیگا پھر ہم جو کہیں گے وہ کریگا گویا

Marfat.com

کہ تابع اور غلام بنانا چاہتے ہیں۔ اسکا اصلی سبب یہ ہے کہ ان اہل دنیا کی نظروں میں دین اور اہل دین کی عظمت نہیں آخر ذلیل سمجھنے کا سبب کیا وجہ کیا ہمارا ایسا کون کام ہے جو بدون انکے اٹکا پڑا ہے اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ وہ ہی اپنی حاجت آآکر پیش کرتے ہیں ہم نے تو کبھی کوئی حاجت انکے سامنے پیش نہیں کی اسلئے جی چاہتا ہے کہ انکو حقیقت معلوم کرا دینا چاہئے کہ جسسے تم ملانوں کو کچھ نہیں سمجھتے ملانے بھی تمکو کچھ نہیں سمجھتے

ملفوظ ۲۵۲۔ فرمایا میں متکبروں کی ساتھ الحمدللہ ایسا برتاؤ کرتا ہوں جسکو دیکھکر وہ یہ کہنے لگتے ہیں کہ ہمیں معلوم نہ تھا کہ علماء میں بھی ایسے ایسے حضرات موجود ہیں یعنی جواونکو موند نہیں لگاتے اور بھیر سے متعلق تو اُنکا خیال ہی خیال ہے مگر یہ واقعہ ہے کہ اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اہل علم میں بڑے بڑے حضرات ہیں باقی ہم لوگ تو کس شمار میں ہیں اب رہ گیا حصول دنیا سو اسپر حضرت مولانا محمد قاسم رحمۃ اللہ کا فرمانا یاد آگیا کہ دنیا ہمیں بھی ملتی ہے اور امراء کو بھی مگر اتنا فرق ہے کہ ہمکو عزت کیساتھ ملتی ہے اور انکو ذلت کیساتھ مگر اس استغناء کا حاصل اپنی عزت کا حفاظت ہے نہ کہ امراء کی تحقیر یہ بھی بُرا ہے کہ دلمیں تو اہل دنیا کی عظمت و احترام ہے کیونکہ کسی کی تحقیر بھی بہت بری سی بات ہے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ متواضع امراء کیساتھ سختی کرنا یہ بھی تکبر ہے۔

ملفوظ ۲۵۳۔ ایک مسئلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعض لوگ ایسے گندے مذاق کے بھی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جسقدر اونکے قلب میں عظمت ہے حق سبحانہ تعالیٰ کی اوسقدر نہیں اور جسقدر فقراء کی عظمت ہے اوسقدر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نہیں اور فقراء میں بھی ایسوں کی جو خلاف شریعت رہتے ہیں مراد جیسے بھنگڑ واہی تباہی فقیر۔

ملفوظ ۲۵۴۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ الحمدللہ اب کسی چیز کی اومنگ نہیں رہی اتو یہ جی چاہتا ہے کہ فراغ کیساتھ خالص تعلق مع اللہ میسر ہو جائے گو ابھی وہ نصیب نہیں ہوا مگر جی چاہتا ہے کہ نصیب ہو جائے۔

Marfat.com

۲۱ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم پنجشنبہ

۲۵۵ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اگر میں اوقات منضبط نہ کرتا تو کوئی کام نہیں کر سکتا تھا اس انتظام اور اوقات کی پابندی کی بدولت اتنا کام ہوا انتظام میں حق تعالیٰ نے ایک خاص برکت رکھی ہے مگر اسی انتظام اور اوقات کی پابندی کی بناء پر لوگ مجھکو بدنام کرتے ہیں اسکا نام لوگوں نے خشکی بے مروتی رکھا ہے میں خشکی کے مقابلہ میں کہا کرتا ہوں کہ اتنی تری بھی نہیں چاہئے کہ جسمیں ڈوب ہی جاوے۔

۲۵۶ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں نے جو مجموعہ خطب لکھا ہے اسمیں ایک خطبہ ہے محاسبہ و مراقبہ کا اسمیں مجھکو دو مشکلیں پیش آئیں ایک تو قید تساوی خطب کی التزام کیساتھ ضبط مضمون کی کہ مضمون بہت طویل تھا جیسا احیاء کے کتاب المحاسبہ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے اور ایک رعایت قوانی کی خدا تعالیٰ کا فضل ہوا کہ خواب میں کسی نے اوسکی عبارت بتلادی جس سے دونوں مشکلیں حل ہوگئیں صبح کو اٹھا تو کل حصہ تو محفوظ نہ تھا مگر اکثر حصہ متخیلہ میں باقی تھا سو اُس خطبہ کو الہامی نہ کہئے مگر منامی تو کہئے اسلئے کہ الہام تو بزرگوں کو ہوا کرتا ہے عوام کو تو خواب میں بتلا دیا جاتا ہے۔

۲۵۷ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ تحریکات کے زمانہ میں لوگوں نے مجھپر بلا وجہ طرح طرح کے بہتان باندھے بس ایسی باتوں سے اللہ تعالیٰ کی نعمت کا مشاہدہ ہوتا ہے یعنی آخیر میں اون ہی کی گردن جھکی میری گردن نہیں جھکی وہی میرے دروازہ پر معذرت کے لئے آئے مجھے کسی کے دروازہ پر جانا نہیں پڑا اور میرا نقصان ہی کیا ہوا بلکہ نفع ہی ہوا کہ کنکریوں کے بدلے جواہرات عطا فرمائے گئے یعنی ہر شئے کا نعم البدل عطا ہوا جسمیں بڑی نعمت یہ ملی کہ مخلوق سے دلچسپی کم ہوگئی اسپر حیدرآباد والے ماموں صاحب کا قول یاد آیا فرماتے تھے کہ تارک الدنیا ہونا تو بڑا مشکل ہے مگر جب بندہ پر خدا کا فضل ہوتا ہے تو وہ متروک الدنیا بنا دیا جاتا ہے ماموں صاحب سے میرا باعتبار مسلک کے گو اختلاف تھا مگر اونکی باتیں بڑی ذہانت کی ہوتی تھیں اور مزاج میں ظرافت بھی بہت تھی روڑکی میں ایکمرتبہ دو واعظ دو مولوی صاحبان میں معانقہ ہوا دونوں کے پیٹ بڑے تھے گلے سے پہلے پیٹ مل گئے ماموں صاحب نے فرمایا کہ مولانا یہ معانقہ تو نہیں

بابتہ ماہ شوال المکرم سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

ہوا مباطنہ ہوگیا اور آنمیں ترک کی بھی خاص شان تھی ایک بار جبکہ ماموں صاحب کا حیدرآباد دکن میں قیام تھا نواب محبوب علی خاں صاحب نے ایک تاریخ مقرر کی کہ آج ہم سب مزارات کی زیارت کریں گے چنانچہ جس مزار پر گئے وہاں کے خدام نے پرجوش استقبال کیا مگر ماموں صاحب کے شیخ مزار سردار بیگ صاحب کے مزار پر جو آئے تو یہاں ماموں صاحب پہلے سے مزار پر حاضر تھے مگر انکو دیکھکر صرف کھڑے ہوگئے اور سلام و مصافحہ کرلیا نذر بھی قبول نہیں کی جب وہاں سے رخصت ہوئے مصاحبین کو خیال ہوا کہ شاید نواب صاحب نے برا مانا ہوگا اسلئے تاویل کی کہ حضور یہ کچھ معذور سے ہیں انکی بات کا کچھ خیال نہ فرمائیے نواب صاحب نے نہایت ناخوش ہوکر فرمایا کہ افسوس ایسے شخص کو پاگل اور دیوانہ کہتے ہو الحمدللہ کہ میرے شہر میں ایک ایسا شخص ہے کہ جسکے دلمیں حب دنیا نہیں اور اسکے بعد ماموں صاحب کے پاس فرمان اور سواری بھیجی کہ اوسوقت مجھکو سیری نہیں ہوئی یہاں تشریف لائیں تو عنایت ہو ماموں صاحب نے کہا کہ حضور اگر مجھکو اپنی قلمرو سے نکالنا ہے تو دق کرکے کیوں نکالتے ہیں صاف کہدیں میں کہیں نکل جاؤنگا آخر نواب صاحب خاموش ہوگئے باقی مجھکو جو ماموں صاحب سے لگاؤ نہ تھا اُسکا سبب اُنکا مسائل میں لغزش کرنا تھا پھر اوسکو زبان سے بھی ظاہر کرتے تھے بولتے بہت تھے اسمیں ایسی باتیں کہہ جاتے تھے میں نے ادب کی ساتھ ان سے اختلاف کو ظاہر بھی کہدیا تھا اسلئے مجھسے بہت ناخوش ہوگئے تھے اور میں اسلئے خوش تھا کہ پیچھا چھوٹا میں نے ملنا بھی چھوڑدیا تھا محض اس خیال سے کہ اگر ایسے منکرات پر سکوت کرونگا تو بے غیرتی ہے اگر بولوں گا تو گستاخی ہے۔

۲۷۸ ملفوظ۔ ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں آجکل کے مدعیان قرآن دانی کے متعلق فرمایا کہ یہ تو ان نااہلوں کا محض دعویٰ ہی دعویٰ ہے کہ ہم قرآن کو سمجھتے ہیں اور تفسیر کرسکتے ہیں اسکے لئے ذوق سلیم اور فہم سلیم کیضرورت ہے اور وہ پیدا ہوتا ہے تقوے سے اور بدون تقویٰ کے نور فہم کہاں نصیب گو نظر بھی وسیع ہو اس وسعت نظر اور عمق فہم پر میرے ایک دوست نے عجیب بات کہی تھی کہ متبحر کی دو قسمیں ہیں ایک کدو متبحر ایک مچھلی متبحر۔ کدو تو دریا کے تمام سطح پر پھر جاتا ہے مگر اُسکو یہ خبر نہیں کہ دریا کے اندر کیا ہے اور ایک مچھلی ہے کہ عمق میں پہونچی ہے

بابتہ ماہ شوال المکرم سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

گو تمام دریا پر نہ تیرے سو یہ آجکل کے مدعی کدو بتر ہیں اوپر اوپر پھرتے ہیں اندر کی خاک بھی خبر نہیں
جیسے ایک انگریز نے دعویٰ کیا تھا کہ ہم اردو جانتا ہے اور میر کے اس شعر کی شرح کی تھی شعر یہ ہے ؎

ہم ہوئے تم ہوئے کہ میر ہوئے　　اوسکی زلفوں کے سب اسیر ہوئے

شرح یہ کی کہ ہم اور تم اور انڈیا کا بڑا بڑا آدمی (یہ میر کا ترجمہ ہوا) سب اوسکے بالوں میں پھنس کر
جیل کھانے چلا گیا ایک سرحدی نے دعویٰ کیا تھا کہ ہم اردو سمجھتا ہے ہندوستانی نے کہا
چھبیلی رنگیلی رسیلی فہمیدی سرحدی نے کہا بلے فہمیدم ہندوستانی نے کہا چہ فہمیدی تو وہ
سرحدی کہتا ہے کہ شش گرہ بہ رنگین رسن گرفت بس یہی حال ان مدعیوں کا۔ خوب سمجھ لو کہ
قرآن مجید جیسا لفظاً معجز ہے اسی طرح معنیً بھی معجز ہے بدون نقل صحیح کے محض عقل کی وہاں
تک رسائی نہیں ہو سکتی اور لفظی اعجاز کی سب سے واضح اور کلی دلیل یہ ہے کہ اہل زبان نے
اسکو خدا کا کلام تسلیم کیا اور یہ کہا کہ ماہذا قول البشر باقی تفصلات وجزئیات بھی مویدات ہیں چنانچہ
ایک تائیدی دلیل یہ ہے کہ حق سبحانہ تعالیٰ فرماتے ہیں اتدعون بعلًا وتذرون احسن الخالقین
اگر یہ انسان کا کلام ہوتا تو بجائے تذرون کے یوں ہوتا کہ تدعون احسن الخالقین ہوتا کیونکہ ۳۱۳
تدعون کے معنی بھی چھوڑ دینے کے ہیں اور تذرون کے بھی وہی معنی ہیں اور تدعون میں
صنعت ہے تو بشر صنعت کو ترجیح دیتا اسی کو فرماتے ہیں۔ بعض مصنفین نے قران کی بعض
آیات کی تفسیر کو نجوم کے اصول پر مبنی کیا ہے خدا کا شکر ہے کہ تفسیر بیان القرآن ایسی سب
باتوں سے پاک ہے۔

ملفوظ ۲۵۹۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل کے جاہل صوفیوں نے حقائق کو تو بالکل ہی مستور
کر دیا ایک بھیانک صورت میں طریق کو لوگوں کے سامنے پیش کیا ہے مگر اب تو بحمد اللہ تعالیٰ
صدیوں کیلئے طریق بے غبار ہو گیا کافی خدمت طریق کی ہو چکی اور ان جاہلوں کے مکر و فریب
سے لوگ بخوبی واقف ہو چکے اگر تھوڑا سا بھی کسی کو حق تعالیٰ نے فہم سلیم عطا فرمایا ہو وہ
انکے جال میں نہیں پھنس سکتا باقی بد فہموں کا کسی کے پاس بھی علاج نہیں۔

ملفوظ ۲۶۰۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حکماء کہتے ہیں کہ جانوروں میں عقل نہیں اور تعجب
تو یہ ہے کہ یہ متکلمین بھی انکے ساتھ ہو گئے لیکن واقعات و مشاہدات اسکی تغلیط کرتے

Marfat.com

ہیں ان صاحبوں کی بڑی دلیل اسپر جانوروں کا مکلف نہ ہونا ہے لیکن یہ مکلف نہ ہونا ایسا ہے جیسا نابالغ لڑکا مکلف نہیں ہوتا حالانکہ اُنمیں عقل ہوتی ہے مگر اتنی نہیں ہوتی جس سے مکلف ہو جس کا حاصل یہ ہے کہ نابالغ میں عقل کافی نہیں ہوتی ایسے ہی جانوروں میں عقل ہے مگر کافی نہیں۔ اسلئے مکلف نہیں تو مکلف نہ ہونا دلیل نہیں ہوئی عدم عقل کی۔

۱۳ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم پنجشنبہ

۲۶۱ **ملفوظ**۔ ایک صاحب کی غلطی پر مواخذہ فرماتے ہوئے اونکے ناواقفی قواعد کے عذر کرنیکے جواب میں فرمایا کہ میں اسکو تسلیم کرتا ہوں کہ بدون کسی جگہ جائے ہوئے اطلاع کئے ہوئے کسی جگہ کے معمولات کی کیا خبر کہ وہانکے کیا اصول ہیں کیا قواعد ہیں مگر اتنی عقل تو ہونا چاہئے کہ جہاں جائے وہانکے رہنے والوں سے معلوم کرلے یہ تو کوئی ایسی باریک اور غامض بات نہیں جو سمجھ میں نہ آسکے ایسی موٹی بات اور اُنمیں یہ گڑبڑ تو پھر ایسے شخص سے آئندہ ہی کیا اُمید ہوسکتی ہے میں کہا کرتا ہوں کہ ایسی باتوں کو نہ سمجھنا بے عقلی یا بدفہمی کے سبب سے نہیں ہوتا بلکہ زیادہ بے فکری سبب ہوتا ہے جو کہ اختیاری ہے بس یہ ہے وجہ میرے مواخذہ کی میں جب کسی غلطی کے صدور پر کسی سے سوال کرتا ہوں کہ یہ بتلاؤ کہ اس غلطی کا سبب بدفہمی ہے یا بے فکری تو اکثر لوگ یہ سمجھکر کہ اگر بے فکری کو سبب بتلاتے ہیں تو وہ چونکہ اختیاری ہے مواخذہ سخت ہوگا بس جان بچانیکے لئے کہدیتے ہیں کہ بدفہمی میں اسپر کہتا ہوں کہ بے فکری اگر سبب ہوتی تو چونکہ وہ اختیاری تھی اُسکے انسداد کی ترقع قریب ہوتی اب چونکہ بدفہمی سبب ہے اور وہ غیر اختیاری ہے اسلئے امید انسداد کی قریب نہیں لہذا تم سے موافقت مشکل ہے تمہاری خدمت سے معذور ہوں۔

۲۶۲ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ توکل تو بڑی ہی چیز ہے جسکو حق تعالیٰ نصیب فرمادیں بڑی دولت اور بڑی ہی نعمت ہے باقی ہم جیسوں کو تو اگر توکل کرنے والے کی نقل ہی نصیب ہوجائے یہ بھی سب کچھ ہے اسپر بھی فضل ہوجاتا ہے دیکھ لیجئے کہ روساء کے یہاں نقل پر بھی انعام

بابتہ ماہ شوال المکرم سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

ملتا ہے بلکہ بعض دفعہ زیادہ ملتا ہے اصلی خربوزہ تربوز آم کہیں لیجائے تو بازار کی قیمت تو چار آنہ ملے گی اور اگر نقلی لیجائے تو الغام پانچ دس روپیہ ملجاتے ہیں تو اسی طرح ہمارا توکل تو کیا مگر نقل بھی ہوجاوے تو یہ بھی انشاء اللہ تعالیٰ قابل الغام ہے اور دوسرے اعمال کو بھی اسیطرح سمجھ لیجئے۔

۲۶۳ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ان تعدوا نعمۃ اللہ لا تحصوھا کا ہر وقت مشاہدہ ہوتا ہے ہزاروں واقعات ایسے ہیں کہ جس چیز کو جسطرح چاہا اللہ تعالیٰ اسی طرح پورا فرمادیتے ہیں۔

۲۶۴ **ملفوظ**۔ ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ تبادلہ خیالات نہایت مہمل لفظ ہے پھر معنوی دلالت بھی اسمیں کافی نہیں مشورہ اچھا لفظ ہے یہ تبادلہ لفظ بھی تو غلط ہے تبادل البتہ صحیح لفظ ہے تبادلہ عربی میں کوئی لفظ ہی نہیں۔

۲۶۵ **ملفوظ**۔ ایک خط کے جواب میں تحریر فرمایا کہ اگر اس خط بیعت کا مضمون نہ ہوتا تو بڑا اچھا خط تھا ضرور جواب دیتا۔ (نوٹ) اسمیں بیعت پر بے اصول اصرار تھا جس سے طبیعت کو تکدر ہوگیا)

۲۲ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم جمعہ

۲۶۶ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ وہ شخص معزز ہے کہ گو کپڑے پہنے ژولیدہ مگر سوال نہ کرے بخلاف اسکے جو عبا و قبا پہنکر سوال کرے وہ معزز نہیں۔ ایک سب جج صاحب کسی مقام پر بدل کر گئے پرانی وضع کے آدمی تھے چوغہ و عمامہ زیب تن تھا محض براہ اخلاق ایک رئیس سے ملنے گئے اُس نے دور سے دیکھکر یہ سمجھا کہ یہ کوئی چندہ مانگنے والے ہیں گھر میں گھس گئے پھر اس اطلاع پر کہ سب جج ہیں تب باہر آئے یہ حالت ہوگئی ہے ان مانگنے والوں کی بدولت مجھکو ایسی باتوں سے طبعی نفرت ہے جس کام کے لئے چندہ کی ضرورت ہے صرف اوس کام کی عام اطلاع کردینا کافی ہے اسپر اگر کوئی اعانت اور امداد کرے قبول کرے ورنہ خیر علماء کو تو ان امراء کے دروازوں پر جاکر اُن سے سوال کرنا نہایت ہی ناپسندیدہ بات ہے اگر علماء ہفتہ روز بطور امتحان ہی

Marfat.com

ایسا کرکے دیکھیں تو یہ امر اخود انکے دروازوں پر آئیں اور قدموں میں سر رکھنے کو تیار ہو جائیں۔

ملفوظ ۲۶۷ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اس طریق میں اتباع اور اعتماد پر مدار ہے طبیب کے معالجہ میں بھی یہ ہی بات ہے اگر طبیب پر اعتماد اور اسکی تجویز کا اتباع نہ ہو مریض اچھا ہو چکا اعتماد میں تو یہ سمجھے کہ قلندر ہر چہ گوید دیدہ گوید

ملفوظ ۲۶۸ - ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ کسی سے تعلق رکھنا اور چیز ہے اور تملق کرنا اور چیز یہ خلط مبحث کیسا میں تعلق تو سب سے رکھتا ہوں تملق کسی سے نہیں کرتا مجھکو جب اسکا تصور ہوتا ہے کہ کسی سے تملق نہیں نہایت لذیذ معلوم ہوتا ہے چاہے اسپر کوئی متکبر ہی سمجھے۔

ملفوظ ۲۶۹ - فرمایا کہ میرا معمول ہے کہ میں تعویذ پر ایک سادہ کاغذ لگا دیتا ہوں تاکہ لینے والے کو بے وضو مس کرنا جائز رہے۔

ملفوظ ۲۷۰ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ انسان ناز کس بات پر کرے اسکی ہستی اور وجود ہی کیا ہے ایک عالم کی حکایت لکھی ہے کہ میں نے ایک چیز ایسی یاد کی کہ کوئی یاد نہیں کر سکتا اور ایک ایسی چیز بھولا کہ کوئی بھول نہیں سکتا۔ یاد تو یہ کہ قرآن شریف تین دن میں یاد کر لیا۔ اور بھول یہ کہ داڑھی چار انگل سے زائد ہو گئی مٹھی میں بھی پکڑ کر کاٹنی چاہی خیال نہ رہا اور پہ کیجانب سے کاٹ گیا بالکل صاف ہو گئی۔ حق سبحانہ تعالیٰ انسان کا عجز دیکھا دیتے ہیں اسکو مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ؎

گر خدا خواہد نگفتندا ز بطر ، پس خدا بنمود شاں عجز بشر

بندوں کی غلطی ظاہر کر دیتے ہیں تاکہ انکیں دعوی نہ پیدا ہو جائے یہ ہی بڑی رحمت ہے حق تعالیٰ بندوں پر ماں باپ سے بھی زیادہ شفیق ہیں چنانچہ میں نے ایک روایت دیکھی ہے کہ جب بندہ نافرمانی کرتا ہے تو آسمان کہتا ہے کہ میں اسپر ٹوٹ پڑوں زمین کہتی ہے کہ میں اسکو نگل جاؤں مطلب یہ کہ اسکو فنا کر دیں حق تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اگر تم اسکو بناتے اور پھر ایسی درخواست کرتے تب جانتے اپنی بنائی ہوئی چیزوں سے محبت ہوتی ہے کہیں اختیاراً کہیں اضطراراً وہاں اضطرار تو ہے نہیں صرف اختیار ہے حضرت نوح علیہ السلام کی دعا سے جب قوم

بابتہ ماہ شوال المکرم سنہ ۱۳۵۱ھ

Marfat.com

غرق ہوگئی حکم ہوا مٹی کے برتن بناؤ کئی سال تک برتن بنوائے گئے اور پھر حکم دیا کہ توڑ دو دیکھنے بھی نہ پائے تھے کہ توڑ دئے ارشاد ہوا کہ کچھ رنج ہوا عرض کیا کہ بہت رنج ہوا ارشاد ہوا دیکھو اپنی بنائی ہوئی چیز سے ایسی محبت ہوتی ہے مگر ہم نے تمہارے کہنے سے اپنی مصنوعات کو ہلاک کر دیا۔

۲۷۱ ملفوظ۔ ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ جب دنیا کے علاج میں یہ مراقبہ نہایت مفید ہے کہ قبر میں اس طرح کفن گل گیا اعضا منتشر ہو گئے۔ موت سے لوگ گھبراتے ہیں مگر مومن کیلئے موت بڑی مسرت کی چیز ہے یہی وہ پل ہے جس سے گذر کر محبوب تک رسائی ہو گی باقی رہی تکلیف ایسی ہے جیسے بچے کو آپریشن کرایا جاتا ہے وہ اُس پر روتا چلاتا ہے مگر مربی خوش ہیں کہ یہ اب اچھا ہو جاویگا اسی کو فرماتے ہیں ؎

طفل میگرید زدندانش اطبا خندہ ام، مادر مشفق ازاں غم شاد کام،

۲۷۲ ملفوظ۔ ایک صاحب سے سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جوش کو بہادری نہیں کہتے ہوش کی حالت میں جو کام قوت و استقلال سے کیا جائے بہادری اسکو کہتے ہیں اور جوش کی کیفیت تو اکثر عورتوں میں بھی ہوتی ہے اکثر واقعات کنوؤں میں ڈوب جانیکے انھیں کے ہوتے ہیں مگر کوئی بھی اسکو بہادری سے تعبیر نہیں کرتا بلکہ بزدلی پر دال ہے تو محض جان کھو دینا یا دیدینا بہادری نہیں بہادری اور ہی چیز کو کہتے ہیں آج کل بعض مسلمان بھی اہل باطل کی پیروی میں اپنی فلاح سمجھتے ہیں مگر اہل باطل میں قوت کہاں محض ایک جوش ہوتا ہے جو بہت جلد زائل ہو جاتا ہے

۲۷۳ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں تو آنے والے حضرات کیخدمت کو اپنا ذریعہ نجات سمجھتا ہوں مگر آنے والوں پر نظر نہیں مزاحاً فرمایا کہ آنے والوں کو کیا دیکھتا روپیہ والوں کو دیکھتا ہوں یعنی اہل صدق کو۔

۲۲ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ

مجلس بعد نماز جمعہ

بابتہ ماہ شوال المکرم ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

ملفوظ ۲۷۴ — ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ کسقدر بدفہمی کی بات ہے کہ اتباع کوئی چیز ہی نہیں رہی یہ چاہتے ہیں کہ حاکم ہمارا اتباع کریں اب یہ ہی سوراج سوراج ہانک رہے ہیں جب یہ حاکم بنیں گے تو انکے ساتھ بھی یہ ہی برتاؤ ہوگا جو یہ کر رہے ہیں تب حقیقت معلوم ہوگی جتنی باتیں کر رہے نہایت ناعاقبت اندیشی کی ہیں بہت بری ذہنیت پیدا ہوگئی ہے یہی حالت حکام باطنی یعنی مشائخ کیساتھ ہوگئی ہے کہ انکو اپنا متبع بنانا چاہتے ہیں سو یہ خود علامت ہے ضعف اعتقاد کی اسی سلسلہ میں ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ شیخ زادہ کی قوم اگر کسی سے معتقد ہو جائیں تو بغالب ظن وہ واقعی بزرگ ہے اسلئے کہ خواہ کوئی کتنا ہی بڑا مولوی ہو جاوے یا شیخ ہو جاوے انکا معتقد ہونا بڑا مشکل ہے یہ تو واقعی بزرگوں کے بھی کم ہی معتقد ہوتے ہیں مزاحاً فرمایا کہ یہ تو خود شیخ زادہ ہیں بلکہ شیخ سے بھی زیادہ ہیں اسلئے یہ بڑی مشکل سے کسی کے معتقد ہوتے ہیں اور اگر ہو جاتے ہیں تو بھرپور طور سے ہوتے ہیں کیونکہ سمجھکر ہوتے ہیں حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کتنے بڑے درجہ کے ہیں مگر گنگوہ کے لوگ زیادہ معتقد نہ تھے نہ شیخزادہ نہ پیرزادے اور یہ پیرزادوں کی قوم تو عجیب ہی ہیں چنانچہ آجکل کے پیر جیبوں سے عجیب عجیب باتیں تراش رکھی ہیں کبھی مرغ حلال کرنے کیلئے کہتے ہیں کہ تعویذ مرغ کے خون سے لکھا جاتا ہے میں کہا کرتا ہوں کہ انکو مرغ نہ دے بلکہ انکے سامنے مرغ ذبح کرکے اور ایک ٹھیکری میں خون دیکر کہدیا جاوے کہ یہ ہے مرغ کا خون اس سے تعویذ لکھدیجئے مگر پھر شاید وہ یہ کہنے لگیں کہ مرغ کا گوشت کھاکر تعویذ لکھا جائیگا تب اثر ہوگا اسکا جواب تو میرے پاس بھی نہیں یہ لوگ اگر یہ ترکیبیں نہ کریں تو بیچارے اور کیا کریں انکو اور کچھ آتا بھی تو نہیں اسلئے قابل رحم بھی ہیں۔

ملفوظ ۲۷۵ — فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا ہے انمیں لکھا ہے کہ مجھکو اپنی اہلیہ سے بیحد محبت ہے اسقدر محبت مذموم تو نہیں میں نے لکھدیا کہ اس سے زیادہ بھی مذموم نہیں مگر ایک شرط سے۔ میں نے اس شرط کے متعلق بھی اس سے دریافت کیا ہے کہ اگر کسی موقع پر اسکی رعایت کرنے میں دین کا ضرر ہو تو اسوقت آپ کسکو ترجیح دیں گے دین کو یا اہلیہ کو۔ اسپر فرمایا کہ نہ معلوم بیچاری بیوی ہی کو کیوں تختۂ مشق بنایا جاتا ہے اگر بیوی کے متعلق یہ شبہ ہے کہ وہ غیر اللہ

بتاریخ ماہ شوال المکرم سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

تو یہ خود بھی تو عین اللہ نہیں غیر اللہ ہی ہیں کہ جو محبت اہلیہ سے ہے اگر وہی محبت اپنی ذات سے ہو تو وہاں پر بھی تو یہ ہی شبہ ہونا چاہیئے مگر اسکا کبھی سوال نہیں کیا خیر جو سوال کیا یہ بھی غنیمت ہے اس سے دین کی فکر کا تو پتہ چلا اور فکر دین وہ چیز ہے کہ یہ جب ہوتی ہے تو مصلح کا بھی جی چاہتا ہے کہ یہ بھی بتا دو یہ بھی سکھا دو اور اگر طلب اور فکر نہیں تو پھر مرو اور پڑو گڈھے میں

۲۷۶ **ملفوظ** ۱- ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میرا معمول ہے کہ بدون اپنے ذاتی علم کے سنی سنائی باتوں پر کسی کے مضمون کی تصدیق نہیں کرتا اسلئے کہ یہ شہادت ہے اور اسمیں شرعاً مشاہدہ شرط ہے

۲۷۷ **ملفوظ**۔ فرمایا کہ ایک خط آیا ہے پتہ پر لکھا ہے خانگاہ امدادیہ مگر صحیح اور اصل لفظ ہے خانقاہ اُسکا معرب ہے۔ خانگاہ جہاں پر بہت سے خانے اور حجرے بنے ہوں

۲۷۸ **ملفوظ**۔ ایک لوواروصاحب کی غلطی پر مواخذہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ یہ تو کوئی ایسی بات نہ تھی جسمیں تعلیم کی ضرورت ہوتی یہ تو فطری چیز ہے فطریات میں کسی کی تعلیم کی کیا ضرورت کیا یہ امر فطری نہیں کہ آدمی جس کام کو اوسے صاف کہدے پھر جو اب ملے اُسپر عمل کرے مگر لوگ ایسا نہیں کرتے پھر چاہتے ہیں کہ اسکی اصلاح نہ کی جاوے رعایت کی جاوے حالانکہ اصلاح کردینا ہی رعایت ہے، اور اسی قاعدے کیموافق میں ہمیشہ آنیوالونکی رعایت کرتا ہوں اور انکی دینی مصلحت کو کہ اصلاح ہے مقدم رکھتا ہوں اپنی دنیوی مصلحت پر کہ نیکنامی ہے اور اُسکے خلاف کو خیانت سمجھتا ہوں کیونکہ اگر میں آنیوالونکی وہ رعایت کروں جسکو یہ رعایت سمجھتے ہیں تو پھر تربیت اور اصلاح کی کیا صورت ہوا اور یہ اونکی رعایت تھوڑا ہی ہوگی بلکہ یہ تو میری اپنی رعایت ہوگی کہ کوئی برا نہ مانے بدنام نہ کرے اب یہ اسکو اپنی بدفہمی کیوجہ سے نہ سمجھیں تو میرے پاس اسکا کوئی علاج نہیں میں تو پوچھ کرتا ہوں آنیوالونکی مصلحت کی وجہ سے کہ ان میں آدمیت پیدا ہوجاوے پھر اسکو اگر یہ اپنا نقصان سمجھیں سمجھا کریں یہ ایسا ہے جیسے کوئی شخص وقف علی الاولاد کرے تو اس سے اپنی اولاد کو نفع پہونچانا مقصود تھا لیکن اگر اسپر کوئی نقصان لازم آجاوے مثلاً اولاد اوسکو اپنے اغراض کیلئے فروخت نہیں کرسکتی تو آجاسکتا یا اولاد اسکو نقصان سمجھے سمجھا کرے باپ کی جوتی سے اور میں تو صاف پکار کر کہتا ہوں کہ اگر میرا یہ طرز کسی کو ناپسند ہو وہ میرے پاس نہ آوے میں کسی کو بلا نے کب جاتا ہوں کسی کو

رسالہ التبلیغ صلح ۹

بتاریخ ۱۰ شوال المکرم سنہ ۱۳۵۷ھ

Marfat.com

سو وقعہ غرض ہو آؤ ورنہ کہیں اور جاؤ کسی نے خوب ہی کہا ہے ؎

در کوئے نیک نامی مارا گذر نہ دادند — گر تو نمے پسندی تغییر کن قضا را

اور میں تو ایسے موقع پر یہ پڑھ دیتا ہوں ؎

ہاں وہ نہیں وفا پرست جاؤ وہ بیوفا سہی — جسکو ہو جان و دل عزیز اسکی گلی میں جائے کیوں

لوگ چاہتے ہیں کہ جسطرح سے پرانا ڈھرا چلا آرہا ہے ویسے ہی یہانپر بھی ہو صدیوں کے بعد تو باب تربیت حق تعالیٰ کے فضل سے کھلا ہے یہ نامعقول پھر اوسکو بند ہوا دیکھنا چاہتے ہیں سو میں تو انشاء اللہ تعالیٰ اپنے طرز کو کسی کی خوشی کیوجہ سے بدل نہیں سکتا اور اگر بالفرض ایسا کروں بھی تب بھی کسی نہ کسی کے تو پھر بھی خلاف ہو ہی گا تو اس صورت میں ساری دنیا کو کہانتک راضی رکھ سکتا ہوں۔

(ملفوظ ۲۷۹ ملقب بہ تکمیل الفقہ) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ لوگوں کے دین کو کچھ انگریزی نے کچھ افلاس نے کچھ بدفہمی نے تینوں نے ملکر خراب و برباد کر دیا آجکل تو انگریزیت کا غلبہ بعض جگہ عورتوں پر بھی ہو چلا ہے یہانتک نوبت آگئی ہے کہ ایک بہت بڑے دیندار خاندان کے رئیس کی بیوی کا میرے پاس خط آیا تھا اپنے نام کے ساتھ لکھا تھا کہ فلاں لیڈی میں نے لکھا کہ اگر اپنے نام کیساتھ یہ لکھا جاتا کہ فلاں بیگم تو یہ اچھا تھا بس یہ عزت بڑھی کہ آدمی سے لینڈی بن گئیں میرا ایک یہ بھی معمول ہے کہ جب کسی عورت کا خط آتا ہے تو لکھدیتا ہوں کہ اپنے خاوند کے دستخط کرا کر بھیجو اسمیں بھیجنے والیکی دینی مصلحت بھی ہے اور دنیوی بھی تاکہ کہیں بے محل خط نہ لکھ سکیں اور یہ سمجھیں کہ بدون خاوند کی اجازت کے خط و کتابت کرنا جائز نہیں اُدھر خاوند کو اطمینان رہے کہ بدون میری اجازت کے یہ ایسا نہیں کرتی غرض اسمیں بڑی مصلحت ہے اور جگہ ان باتوں کا خیال بھی نہیں کیا جاتا ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ بے پردگی کی وبا بھی عام ہو چلی ہے تمام غیر محرم گھر میں آتے ہیں جن سے پردہ فرض ہے اسکی پرواہ بھی نہیں کیجاتی جو مفاسد انکے باہر پھرنے سے پیدا ہوتے وہ اس صورت میں گھروں کے اندر پیدا ہو جاتے ہیں ایسا پردہ حقیقت میں پردہ نہیں ہے محض عرفی پردہ ہے ایک صاحب نے بطور اشکال کے مجھسے کہا تھا کہ پردہ کے اندر بھی تو خرابیاں پیدا ہوتی ہیں میں نے کہا

Marfat.com

کہ پردہ کے اندر قیامت تک خرابی اور مفاسد پیدا نہیں ہو سکتے جب مفاسد ہونگے بے پردگی ہی سے ہونگے کیونکہ ہر خرابی سے پہلے آپس کا سامنا ہی ہوگا وہ اس عرفی پردہ کو پردہ سمجھے ہوئے تھے اسوقت انکی آنکھیں کھلیں اور حقیقت کو سمجھے اور بہت سے رہ ہوئے اور یہ کہا کہ ہم بہت عرصہ سے اس شبہ میں مبتلا تھا آج حقیقت منکشف ہوئی اور یہ مرض بے پردگی کا مسلمانوں میں دوسری قوموں کی وجہ سے پیدا ہوا ہے خربوزہ کو دیکھکر خربوزہ رنگ بدلتا ہے پردے میں اصل ضرورت بدن چھپانے کی ہے جسمیں کوتاہی ہوتی ہے محض چہار دیواری میں بیٹھنے کا اور نامحرموں کے سامنے ہونے کا نام پردہ نہیں عورتیں بکثرت عفیفہ ہوتی ہیں مگر وہ بھی پردہ کے اس حکم شرعی سے مستثنیٰ نہیں نیز نفس پر کیا مجرد سماع اور کیا اطمینان جیسے سانپ کیا اطمینان حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی بیویاں تمام امت کی مائیں ہیں مگر اُن کو بھی حکم تھا کہ امتیوں سے پردہ کرو اسی طرح امتی بیٹیوں کو حکم تھا کہ اپنے روحانی باپ یعنی پیغمبر سے پردہ کرو اور اصل تو یہ ہے کہ پردہ کے لئے اسی کی ضرورت نہیں کہ قرآن وحدیث سے اسکا ثبوت ہو۔ آخر غیرت وحمیت بھی تو کوئی چیز ہے وہ فطری ہونے کے سبب کافی داعی ہے بلکہ شریعت خود بالکل فطری چیز ہے چنانچہ جسمیں احتمال بعید بھی مفاسد کا ہوتا ہے خود بخود قلب میں اس سے کھٹک پیدا ہو جاتی ہے چنانچہ جن کا مفسدہ فطرۃً بہت زیادہ بیّن تھا وہاں تشریع صریح ہی کی حاجت نہیں ہوئی دیکھئے یہ تو حکم ہے کہ شراب نہ پیو اور یہ نہیں فرمایا کہ پیشاب نہ پیو کیونکہ اسکی گندگی فطری ہے سو جس چیز کی ممانعت کی ضرورت نہ تھی اس بنا پر کہ وہ فطری ہے بعض جگہ اسمیں بھی ممانعت کر کے بندوں پر احسان فرمادیا کہ اسکے احکام پتلا دئے ورنہ فہم سلیم کے ہوتے ہوئے اسکی کچھ بھی ضرورت نہ تھی لیکن باوجود عدم ضرورت کے اگر یہ امر پیش نظر رکھا جائے کہ احکام کا تعلق مختلف طبقات سے ہے جنمیں بعضے فاسد الفطرۃ بھی ہیں تو پھر یہ شبہ بھی نہ ہوگا کہ باوجود فطری ہونیکے پھر کیوں ظاہر کیا گیا جواب ظاہر ہے کہ اس اظہار کا داعی فساد فطرت ہے باقی اور یہ مدعیان بے پردگی جو اپنی مدعا کے دلائل بیان کرتے ہیں وہ نہایت لچر اور اصول عقلیہ کے بھی خلاف ہیں آخر انکو بھی تو کسی حد کا قائل ہونا پڑیگا مطلقاً بے پردگی کے تو یہ بھی قائل نہیں تو جو مفاسد مطلقاً بے پردگی سے پیدا

Marfat.com

ہونگے اگر اس بارہ النزاع درجہ سے بھی وہی پیدا ہو جاویں تو پھر ان کے پاس کیا جواب ہے
بعض لوگوں نے یہ مسئلہ فقہیہ یاد کر رکھا ہے کہ چہرہ تو ستر نہیں مگر یہ نہ دیکھا کہ اصل مذہب
قلب کے باب میں چہرہ ہی ہے چنانچہ جو شخص چہرہ دیکھ لیتا ہے اسکو دوسرا اعضاء کے
دیکھنے کی خواہش نہیں اور جو شخص دوسرا عضو دیکھ لے مثلاً کلائی کو دیکھ لے تو چہرہ دیکھنے کی
اسکو ضرور خواہش ہوگی۔ سو ان بے غیرتوں کو شرم نہیں آتی کہ سر کھولنے کو تو جائز نہ سمجھیں
اور چہرہ کھولنے کو جائز سمجھیں حسن و جمال تو جو کچھ ہے وہ چہرہ ہی میں ہے سو اسکا پردہ تو سب سے
زیادہ ہونا چاہیے مگر نہایت مجبوری والوں کو رفع حرج کیلئے اسمیں سہولت کر دی ہے یہ نہیں
کہ بلا ضرورت حسن فروشی کرتی پھریں۔ بس شریعت نے نہ تو تنگی کی اور نہ وسعت دی ہر امر
میں اعتدال رکھا ہے اسی اعتدال کو کسی نے کہا ہے ؎

گرچہ خدا گفت کلوا واشربوا — لیک نفرمود کلوا تا کلو

غالب نے تمسخر سے کہا تھا ؎

ہم تو یہ سمجھے کہ ہوئے تم بہ دعا یاد مجھے — قرآن میں جو آیا کلوا واشربوا نہ ہوا

کسی نے خوب جواب دیا ہے ؎

تسلیم قول آپکا ہم جب کریں جناب — جب آگے واشربوا کے کلا تسرفوا نہ ہو

شریعت سراپا اعتدال و حفظ حدود ہے اس حفظ حدود پر ایک واقعہ یاد آگیا وہ یہ کہ ایک
صاحب کھتانہ بھون کے رہنے والے ولایت گئے تھے انکی توجہ سے بعض بڑے طبقہ کے
انگریزوں نے اسلام قبول کر لیا ان کے ذریعہ سے چنانچہ ایک انگریزی خاتون نے جو کسی کالج
کی پروفیسر تھی اپنے مسلمان ہو جانے کی مجھکو اطلاع دی اور اسلامی نام رکھنے کی استدعا
کی اس عورت کا نام بیاڈے ہے میں نے پہلے تجویز کیا وہ بیحد مسرور ہوئی دونوں ناموں میں
لفظی تناسب کی وجہ سے ایک دوسرے انگریز نے ان ہی صاحب کے ذریعہ سے ایک خط مجھکو
لکھوایا کہ میں کھتانہ بھون آنا چاہتا ہوں، میں اپنی بیوی کے ہندوستان دیکھنے کو بیحد ہی
چاہتا ہے آپکے یہاں پردہ ہے ہمارے یہاں پردہ نہیں تو کیا ایسی حالت میں آپ لوگ
ہمکو قید نہ تجویز کریں گے۔ اب تجکو سوچ ہوئی اگر لکھتا ہوں کہ پردہ کی ضرورت نہیں تو وہ تصور سے

Marfat.com

ثابت ہے نفی کیسے ہو سکتی ہے اور اگر پردہ کرنے کو لکھتا ہوں تو انکو وجوب عادت نہ ہونے کے وحشت ہوگی بس اسی حفظ حدود کی اصل پر یہ سمجھ میں آیا کہ اور اعضا تو مستور ہوں ہی گے صرف چہرہ کھلا ہوگا تو چہرہ چھپانے سے اصل مقصود ہے دفع فتنہ اور فاتح قوم کی ایک ہیبت ہوتی ہے مفتوح قوم پر اسلئے مفتوح قوم کی ہمت نہیں پڑتی فاتح قوم کے متعلق خیالات فاسدہ کی اسلئے ہم آپ لوگوں کی اسکی گنجایش دینگے بخلاف ہمارے کہ ہندوستان میں ہم آپ میں سب برابر ہیں ایک کا دوسرے پر کوئی ہیبت کا اثر نہیں اسلئے ہم اپنے لئے یہ گنجایش نہ دینگے اور میں نے یہ جواب اخذ کیا حجۃ اللہ البالغہ کی ایک تعلیل سے جو انھوں نے امام شافعی رح کے ایک فرع کے متعلق ذکر کی ہے وہ فرع سیدہ کا اپنے غلام سے عدم حجاب ہے حجۃ اللہ میں اسکی علت یہی ہیبت بیان فرمائی ہے مگر یہ جب ہے کہ طبیعت میں سلامتی ہو جیسے ائمہ کے زمانہ میں تھی اور امام صاحب نے اسمیں اسلئے اختلاف فرمایا کہ آئندہ طبیعتیں سلیم نہیں ہونگی۔ غرض میں نے امام شافعی کی اصل پر اسی انگریز کو جواب لکھدیا کہ تمکو اجازت ہوگی کہ پردہ نہ کریں مگر پھر وہ آئے گئے نہیں۔

۲۳ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ ہجری

مجلس خاص بوقت صبح یوم شنبہ

(ملفوظ ۲۸۰) ایک نووارد صاحب نے قبل از مجلس حضرت والا سے گفتگو کی اور اسی وقت کی گاڑی سے واپس ہوگئے اسکے بعد حضرت والا نے مجلس کی اطلاع لوگوں کو کرائی اہل مجلس کے آجانے پر فرمایا کہ آج ایک مہمان کی وجہ سے مجلس کی اطلاع میں تاخیر ہوگئی علیگڑھ سے ایک رسالہ نکلتا ہے یہ صاحب اسکے اڈیٹر ہیں یا شاید اخبار ہے اچھی طرح خیال نہیں رہا ان کے ایک سوال پر میں نے تقریر کی کہتے تھے کہ اسوقت کی تقریر سے میں بہت سے سوالوں سے بچگیا قریب قریب جو کچھ ذہن میں تھا سب کے جوابات ہوگئے اور کہنے لگے کہ اگر اجازت ہو تو یہ تقریر چھپوادوں میں نے کہا کہ پہلے لکھکر مجھکو دکھلا لیا جاوے کہنے لگے کہ انشاء اللہ غلطی نہ ہوگی میں نے کہا کہ اگر میری طرف نسبت فرمائیں تو مجھکو ضرور دکھلالیں اسلئے کہ بعض اوقات ایک لفظ کے بدل جانے سے کچھ کا کچھ ہو جاتا ہے فرمایا کہ اس سے بھی بھی خوش ہوا کہ بیچاروں نے قدر کی اور سمجھ گئے جسکی زیادہ بنا اعتماد ہے طبعی بات ہے کہ جن لوگوں پر

Marfat.com

اعتماد ہوتا ہے اُن کی ہر بات مقبول ہوتی ہے الحمد للہ ابھی تک اکثر مسلمانوں میں دین سے تعلق اور دین کے جاننے والوں پر اعتماد ہے تعلق پر یاد آیا ایک وکیل صاحب کانپور میں مجھکو بیمار سُنکر اُن کے مکان پر عیادت کیلئے گیا تھا قسم کھا کر کہنے لگے کہ اگر دوسرا کوئی میرے مکان پر آتے تو مجھکو اتنی خوشی نہ ہوتی الحمد للہ ایسے مسلمان ابھی موجود ہیں جنکو دین اور اہل دین سے تعلق ہے

(ملفوظ ۲۸۱) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کیا شاعری ناجائز ہے فرمایا کہ ناجائز تو نہیں لیکن بعض شاعروں کے اکثر مضامین خلاف شریعت ہوتے ہیں اسوجہ سے اُن کے لئے بیشک ناجائز ہے اسی طرح اگر غلو وانہماک زیادہ ہو جاوے اسکو بھی منع کیا جاویگا ایک شاعر تھے اگر نماز میں کوئی شعر یاد آجاتا تو نماز توڑ کر اُسکو لکھ لیتے کسی نے کہا کہ یہ کیا کہا کہ نماز کی تو قضا ہے مگر شعر کی قضا نہیں اکثر جاہل شعراء کے یہاں تو اشعار میں کوئی حد ہی نہیں کسی نالی کا شعر ہے (نعوذ باللہ)

بے تسکین خاطر صورت پیراہن یوسف　　محمد کو جو بھیجا حق نے سایہ رکھ لیا قد کا

یعنی جیسے یعقوب علیہ السلام نے یوسف علیہ السلام کا پیراہن رکھ لیا تھا نعوذ باللہ اسی طرح حق تعالیٰ نے حضور کا سایہ رکھ لیا تو حق تعالیٰ کو یعقوب علیہ السلام پر قیاس کیا نعوذ باللہ اب کہاں تک اِن مضامین کو جائز کہا جا سکتا ہے باقی سایہ نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اکثر حضور کے سر مبارک پر ابر کا سایہ رہتا تھا پھر سایہ کیسے ہوتا کبھی کبھی ابر نہ بھی ہوتا تھا چنانچہ حدیث شریف میں ایک صحابی کا آپ پر کپڑے کا سایہ کرنا بھی ثابت ہے اس سے معلوم ہوا کہ ابر کا سایہ بھی دائمی نہ تھا۔

(ملفوظ ۲۸۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آج کل عموماً یہ خیال ہو گیا ہے کہ صوفیہ کو عموماً اور حضرات چشتیہ کو خصوصاً بدنام کیا جاتا ہے کہ یہ بدعتی ہیں اور سنت کے مخالف ہیں اسکے متعلق مصلحت معلوم ہوتا ہے کہ ایک رسالہ لکھا جائے اور اُن حضرات کے اقوال و اعمال جمع کئے جائیں جن سے معلوم ہو کہ وہ کسقدر اتباع سنت کا کرتے تھے اسکا نام یہ ذہن میں آیا ہے السنۃ الجلیہ فی الچشتیہ العلیہ (چنانچہ اب بفضلہ تعالیٰ شائع بھی ہو گیا) ۔ ان حضرات کی آجتک کسی نے کافی نصرت نہیں کی جی چاہتا ہے نصرت کو البتہ احیاناً ان حضرات کے اقوال و اعمال سے اہتمام ہو جاتا ہے جسکی وجہ یہ ہے کہ ان حضرات پر اُس طرف کا غلبہ تھا صاحب حال تھے اسلئے معذور ہیں ایک ہی چیز دل میں سمائی ہوئی اور بسی ہوئی تھی اور سب سے ذہول تھا اور وہ چیز محبت اور یاد

Marfat.com

حق ہے اور حقیقت میں یہی ایک چیز یاد رکھنے کی ہے اسکو نہ بھلاوے باقی اور کسی چیز کے یاد رکھنے کی ضرورت نہیں۔

میری اس نصرت پر ایک صاحب محترر ضمناً لکھتے ہیں کہ تم صوفیوں کی بہت حمایت کرتے ہو مگر الحمد للہ میں بیجا حمایت تھوڑا ہی کرتا ہوں اور میں بھی تو جواب میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ تم صوفیوں کی مخالفت کرتے ہو بلکہ میں نے تو بہت سے خیالات کی اصلاح کر دی ہے چنانچہ آجکل لوگوں میں عموماً پیر کا بڑا مرتبہ سمجھا جا رہا تھا حتی کہ باپ اور استاد سے بھی بڑا مگر میرے یہاں یہ تحقیق ہے کہ اول مرتبہ باپ کا پھر استاد کا پھر پیر کا پھر اسپر کہتے ہیں کہ تم صوفیوں کی حمایت کرتے ہو۔

(ملفوظ ۲۴۳) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اب تو میں داڑھی کو بھی نہیں دیکھتا ہوں کہ ایمان بھی ہے یا نہیں اب تو ایمان ہی کے لالے پڑ گئے ہیں تو اسی کو غنیمت سمجھتا ہوں کہ ایمان ہی سالم رہے۔

(ملفوظ ۲۴۴) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ بچا حمایت کا الحمد اللہ میرے اندر مادہ ہی نہیں شریعت میری فطرت ہے اسی لئے جہلا صوفیہ پر دونکہ بھی زد و شورت کرتا ہوں چنانچہ بعضوں کی یہ حالت ہے کہ انھوں نے بالکل شریعت کے مقابلہ میں ایک مخرج طریق اختیار کر رکھا ہے ان کے یہاں کوئی چیز ایسی نہیں جسمیں کچھ نہ کچھ جہل شامل نہ کر دیا گیا ہو حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ایک جاہل صوفی کا قول اسکی توجیہ میں بیان کیا کہ حضرت غوث اعظم کا لقب دستگیر کیوں ہے سو توجیہ یہ کی کہ ایک مرتبہ اللہ میاں اور غوث پاک ہاتھ میں ہاتھ ڈالے جا رہے تھے اللہ میاں کا پیر پھسلا تو غوث پاک نے تھام لیا اسوقت اللہ میاں نے فرمایا کہ دستگیر اسقدر ثقیل پڑھا ہوا ہے اور اب تو جہل کیساتھ شرارت بھی ہو گئی ہے پہلے یہ عیب نہ تھا اکثر اللہ کے لڑنے والے ہوتے تھے مگر ایسے نہ تھے اور اب تو شریعت میں بیت خراب ہے۔ شرارت پر یاد آیا ایک صاحب کہتے تھے کہ کاٹھیاواڑ میں میرے متعلق یہ مشہور کر رکھا ہے کہ وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے سے منع کرتا ہے لاحول ولا قوۃ الا باللہ ایسا اسکا کیا علاج غیر عوام تو عوام ہی ہیں ان کی کیا شکایت ان کے لکھے پڑھے ان سے زیادہ بگڑے ہوئے ہیں جیسے ایک بزرگ کا قول کہ جاہلوں سے عوام اچھے

Marfat.com

فاسق ہیں اور خواص کافر کیونکہ عوام کو تو کچھ خبر نہیں اور خواص جانکر سب کچھ کرتے ہیں اسی بنا پر ایک تجربہ کار صاحب کہا کرتے تھے کہ حیدرآباد دکن کے امرار تو جنتی اور مشائخ دوزخی ہیں اسلئے کہ امرار تو مشائخ کیساتھ دین کی وجہ سے تعلق رکھتے ہیں اور مشائخ امراء کیساتھ دنیا کی وجہ سے ایسے ہی ایک مرید نے پیر سے کہا تھا کہ میں نے ایک خواب دیکھا ہے وہ یہ کہ میری انگلیاں تو پاخانہ میں بھری ہیں اور آپ کی شہد میں پیر بولے کہ ٹھیک ہے ہم ایسے ہی ہیں اور تو دنیا کا کتا مرید نے کہا کہ ابھی خواب پورا تو ہو جانے دیجئے جیسی تعبیر دیجئے یہ بھی دیکھا کہ میں آپ کی انگلیاں چاٹ رہا ہوں اور آپ میری پیر بہت بگڑے واقعی صحیح ترجمانی کی حقیقت یہی ہے کہ مرید بیچارہ تو پیر سے دین حاصل کرنا چاہتا ہے اور پیر مرید سے دنیا۔

۲۸۵ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک صاحب نے مشورہ دیا ہے کہ فلاں مضمون کا ایک رسالہ لکھکر چھپوا کر اشتہار دینا چاہیئے اور اس مشورہ میں کوئی کام اپنے ذمہ نہیں رکھا ان بیوقوفوں کو شرم نہیں آتی حامی دین بنتے ہیں رسالہ بھی ہم ہی لکھیں چھپوائیں بھی ہم ہی اشتہار بھی ہم ہی دیں ان سے کوئی پوچھے کہ آپ بھی کچھ کریں گے

۲۸۶ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جس تنگی کا انجام فراخی ہو وہ تنگی محمود ہے۔

۲۸۷ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ عوام بیچاروں کو محض اغراض کے لئے پھنسایا جاتا ہے بہکایا جاتا ہے فتن کی تحریکات دین کے برباد کرنیکا ذریعہ بن گئیں لوگوں کے دین کے اللہ ہی محافظ ہیں میرا تو مسلک یہ ہے کہ جو کام آسانی سے ہو سکے کر لو ورنہ چھوڑ دو انسان غیر اختیاری کا مکلف بھی تو نہیں پھر کیوں خلجان میں پڑے۔

۲۸۸ (ملفوظ) ایک صاحب نے ایک شبہ پیش کرنا چاہا حضرت والا نے فرمایا کہ شبہات کا ازالہ محض قیل و قال سے نہیں ہوا کرتا کام کرنے سے اکثر شبہات کا خود بخود سدباب ہو جاتا ہے پہلے کام میں لگ جاؤ اور اصلاح کا ارادہ کرو پھر اگر کوئی شبہ ہو پیش کرو کام کرنے سے قبل سوچ سوچ کر باتیں کرنا محض وقت کو بیکار کھونا ہے مجھکو حضرت استاذی مولانا محمد یعقوب صاحب رح کا جواب بیحد پسند آیا ہے دوران درس میں ایک طالب علم نے ایک حدیث پر شبہ کیا تھا اسکا جواب مولانا نے دیا تھا وہ حدیث یہ ہے کہ جو اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نماز

Marfat.com

اس طرح پڑھے کہ لا یحدث فیھا نفسہ یعنی ان رکعات میں اپنے دل سے باتیں نکرے یعنی حدیث النفس کے طریق پر جیسے ہم لوگ اِدھر اُدھر کی باتیں سوچا کرتے ہیں اُس سے وہ نماز بالکل خالی ہو۔ باقی بے سوچے اگر وساوس آویں کوئی حرج نہیں خود نہ سوچے حاصل یہ ہے کہ خطرات احادیث اور تقاریر دونوں اسکی طرف سے نہ ہوں تو جو شخص ایسی دو رکعت پڑھیگا غفرلہ ماتقدم من ذنبہ یعنی اُسکے تمام گذشتہ گناہ معاف کردیے جائیں گے۔ ایک طالبعلم نے عرض کیا کہ حضرت کیا ایسی نماز ممکن ہے کہ جسمیں خیالات یا وساوس نہ آویں اوّل تو اُس طالب علم نے سوال ہی غلط کیا حدیث تو یہ ہے لا یحدث فیھا نفسہ نہ کہ لا تتحدث فیھا نفسہ مگر مولانا نے اس سے تعرض نہیں فرمایا بلکہ عجیب ہی جواب دیا وہ یہ کہ میاں کبھی ایسی نماز پڑھنے کا تم نے ارادہ بھی کیا تھا جسمیں ناکامیابی رہی ہو کبھی پڑھکر بھی دیکھی تھی اگر پڑھکر دیکھتے اور ناکامی رہتی تب پوچھتے بھی اچھے معلوم ہوتے کبھی ارادہ کیا نہیں پہلے ہی حدیث پر شبہ کر بیٹھے شرم نہیں آتی تحمل کرکے دیکھا ہوتا اسپر بھی ناکامی رہتی تب ہی اعتراض کیا ہوتا یہ ہے جواب اور میں ایک کلی طریق پر کہتا ہوں کہ حکومت کے قانون میں کبھی وسوسہ نہیں ہوتا اسلئے کہ وہاں ہیبت ہے اسی طرح محبوب کی باتوں میں کبھی وسوسہ نہیں ہوتا اسلئے کہ وہاں محبت ہے بس وسوسہ کا تختہ دشمن صرف دین ہی کو بنایا جاتا ہے کیونکہ وہاں نہ ہیبت ہے نہ محبت ہے بس یہ دو چیزیں پیدا کرلو یہی دو چیزیں ہیں وساوس کے روکنے والی غرض جو عملی کام ہیں اُن پر اگر شبہ ہو وہ عمل کرنیسے زائل ہو سکتا ہے نری علمی تحقیقات سے کام نہیں چل سکتا بس اسکا ایک ہی علاج ہے کہ حق سبحانہ تعالیٰ سے ہیبت یا محبت پیدا کرو اور اُس ہیبت و محبت کے پیدا کرنیکا سہل طریق یہ ہے کہ اہل خشیت و اہل محبت کی صحبت اختیار کرو پھر نری صحبت سے بھی کچھ نہیں ہوتا بلکہ اپنے کو اُسکے سپرد کردو۔ اسی کو مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ؎

قال را بگذار مرد حال شو — پیش مردے کاملے پامال شو

۳۸۹ (ملفوظ) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ جی ہاں بعض اشیاء کی خاصیت عمل کرنے کے بعد ظاہر ہوتی ہے چنانچہ شریعت کے اکثر احکام ایسے ہی ہیں کہ اُن کے انوار

رسالہ المبلغ ص۳۲ ج۹ — بیاض مولانا ذوالفقار صاحب ۱۳۵۲ھ

Marfat.com

عمل کرنے کے بعد معلوم ہوتے ہیں جیسے طبیب کے نسخہ لکھنے کے وقت اسکی حکمت اور اسرار نہیں معلوم ہوتے بلکہ استعمال کے بعد اسکا نفع معلوم ہوتا ہے۔

(ملفوظ ۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جاہ کا مرض بھی عام ہو گیا ہے رات دن لوگ اسی کی فکر میں ہیں کہ کوئی بزرگ کہے ان باتوں میں کیا رکھا ہے کام میں لگو خدا سے صحیح تعلق پیدا کرنے کی فکر کرو میں تو کہا کرتا ہوں کہ ایک خدا کو اختیار کر لو لوگوں نے پچاس خدا اختیار کر رکھے ہیں کہیں نفس کہیں برادری کہیں قوم کہیں جاہ کہیں عزت کہیں روپیہ کہیں کچھ کہیں کچھ سو سبکو راضی نہیں کر سکتے ایک کو ہر طرح پر راضی رکھ سکتے ہو میں ایک کو لیا ہوا اسی کو فرماتے ہیں ؎

رصلح کن با مرد مان آنگہ یاران ہمہ کنند ۔۔۔ بگذارند و تنہم نمرہ یار ست گیرند

اور مسلمان کی تو حق تعالیٰ کے ساتھ یہ شان ہونی چاہئے ؎

ہمہ شہر پر ز خوبان منم و خیال ماہے ۔۔۔ چہ کنم کہ چشم بدبیں نکند بکس نگاہے

اور یہ نہ ہونا چاہئے ؎

دلارامے کہ داری دل در و بند ۔۔۔ وگر چشم از ہمہ عالم فرو بند

غرض نہ کسی کی طرح سے اسکا کچھ بڑھتا ہے نہ کسی کی برائی سے کچھ گھٹتا ہے پھر ان فضولیات میں پڑ کر کیوں آدمی اپنا وقت برباد کرے۔

فرمایا کہ واقعہ ہے کہ تحریک خلافت کے زمانہ میں لوگوں نے مجھ پر کسقدر سب و شتم کیا میرا کیا بگڑ گیا بلکہ ہر طرح کا نفع ہی ہوا اور اسی لئے میں نے لوگوں کے معافی چاہنے سے قبل ہی سبکو معاف کر دیا تھا اور اللہ تعالیٰ سے یہ عرض کر دیا کہ میری وجہ سے مواخذہ کسی پر نہ ہو اسلئے کہ اگر ایک مسلمان کو لکھ بیعت پہونچے تو میرا کیا نفع اور معاف کرنے میں تو امید نفع کی بھی ہے کہ میں اپنا حق لوگوں کو معاف کر دوں شاید اللہ تعالیٰ مجھے معافی فرما دیں اس زمانہ میں عجب ایک ہڑبونگ مچا رکھا تھا قسم قسم کی دھمکیاں دیجاتی تھیں سمجھتے تھے کہ دھمکیوں سے اپنا مسلک بدلدیگا۔ جیسے شوہر ہیں ویسا ہی دوسروں کو سمجھتے ہیں اپنے اوپر دوسروں کو قیاس کرتے ہیں اسی زمانہ میں ایک سہارنپوری صاحب ریل سے اتر آئے تھے وہ ان مسائل کے متعلق خلوت میں کچھ بات کرنا چاہتے تھے میں نے کہا کہ میں خلوت میں گفتگو نہ کرونگا کیونکہ اسمیں میرے لئے خطرہ ہے کہ

یا بتاریخ ۱۵ ذیقعدہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

مشتبہ ہوجاؤنگا اور میں اس خطرہ کے لئے تیار نہیں ورجلوت میں آپ کیلئے خطرہ ہے مگر آپ اُس خطرہ کے لئے تیار ہوچکے ہیں پھر کوئی گفتگو نہیں کی۔ ایک مولوی صاحب پانی پت میں فرمانے لگے تمکو واقعات معلوم نہیں ورنہ ہماری موافقت کرتے۔ میں نے کہا آپکو تو معلوم ہیں آپ مجکو خط وکتابت سے مطلع کردیں کہنے لگے خط وکتابت میں خطرہ ہے میں نے کہا کہ آپ تو اس خطرہ کے لئے تیار ہوچکے ہیں۔ کہنے لگے تمھارے لئے خطرہ ہے میں نے کہا کہ میری فکر نہ کیجے جب کوئی گڑبڑ ہوگی میں کہدونگا کہ کسی دشمن نے مجھکو لکھدیا میں کیا جانوں۔ غرض آپ بے فکر ہوکر خط وکتابت کیجئے بس رہ گئے

(ملفوظ ۲۹۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ زمیندار بہت پریشان ہیں مگر جو آسمان دار ہیں وہ اس زمانہ میں بھی مطمئن ہیں اس ہی لئے میں کہا کرتا ہوں کہ آدمی کو آسمان دار ہونا چاہئے۔

(ملفوظ ۲۹۲) ایک صاحب نے عرض کیا کہ آجکل یورپ میں اسکی کوشش کررہے ہیں کہ مریخ ستارہ تک پہونچیں اور وہاں کے حالات معلوم کریں فرمایا کہ میں نے بھی ایک اخبار میں دیکھا تھا میں نے تو دیکھکر یہ کہا تھا کہ جس روز ایسا ہوگیا انشاء اللہ تعالیٰ دو رکعت نماز نفل شکر ادا کرونگا کیونکہ آخر یہ بھی تو اُن ہی طبقات کو طے کرکے مریخ تک پہونچیں گے جنکو حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کیلئے مانع معراج جسمانی کہتے ہیں تعجب ہے کہ اُنکی کوئی تکذیب نہیں کرتا اور شریعت کی تکذیب کرنیکو تیار ہیں۔ ہوائی جہاز کے ذکر پر فرمایا کہ اب حضرت سلیمان علیہ السلام کے تخت پر اعتراض کا منہ نہیں رہا۔ اس بدفہمی کا کچھ علاج ہے کہ جو یہ کریں وہ ہوجائے اور خدا جو چاہے وہ نہ ہو کسقدر ظلم عظیم ہے اور اگر نظر عمیق سے دیکھا جائے تو یہ تمام صنعتیں بھی حق تعالیٰ کی ہی قدرت کے کرشمے ہیں اسلئے کہ جن دماغوں کی یہ ایجادیں ہیں وہ دماغ بھی تو اُن کے ہی بنائے ہوئے ہیں مگر باوجود دعوے عقل کے اتنا نہیں سمجھتے ہیں تو کہا کرتا ہوں کہ یہ لوگ عاقل نہیں آکل ہیں عقل کی ایک بات بھی نہیں ہر وقت اکل کی فکر ہے۔ ان مادیات میں پڑکر خدا کو آخرت کو سبکو بھلا دیا فرعون ہوگئے بلکہ اُس سے بھی زیادہ کیونکہ وہ فرعون بے سامان تھا یہ فرعون باسامان ہیں اُسکے پاس اسقدر تکبر کے سامان کہاں تھے جو انکے پاس ہیں اور عجب نہیں اُس جہاز پر بھی تباہی آوے جس سے مریخ تک پہونچنا چاہتے ہیں جیسے ایٹم بم پر آئی تھی ان چیزوں کی وجہ سے تکبر پیدا ہوجاتا ہے کہ ہم غالب ہیں یہ خیال خدا کے نزدیک نہایت مبغوض اور ناپسندیدہ ہے اکثر ساتھ کے ساتھ توڑ دیتے ہیں ایک صاحب نے عرض کیا کہ اپنی ایجاد اور صنعتوں

Marfat.com

اور کارپیگری پر نازاں ہیں حضرت والا نے مزاحًا فرمایا کہ وہاں گری کہاں چھلکے ہی چھلکے ہیں۔

(ملفوظ ۲۹۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ تحریک خلافت کے زمانہ میں مجھپر عنایت فرماؤں نے بیحد عنایت فرمائی اسکے بعد اُن ہی لوگوں کی درخواست معافی کے خطوط بھی بکثرت آئے ہیں ہنے لکھدیا معافی تو میرے یہاں بہت ارزاں ہے اسلئے کہ میں بھی خطاوار ہوں اللہ کا بھی بندوں کا بھی میرا بھی جی اپنی معافی ٹوچاہتا ہے اسلئے میرے یہاں معافی ارزاں ہے لیکن خصوصی تعلقات بہت گراں ہیں وہ نہ ہونگے اور تعلقات اور چیز ہیں اور معافی اور چیز معافی کی حقیقت تو یہ ہے کہ صاحب حق انتقام نہ لے نہ دنیا میں نہ آخرت میں دنیا میں تو یہ کہ نہ غیبت کرے نہ بدخواہی کرے نہ اُسکے نقصان سے خوش ہو اور آخرت میں یہ کہ اُسکی عقوبت پر راضی ہو اور تعلقات اسکے علاوہ دوسری چیز ہے

۲۵ ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۰ ہجری

مجلس بعد نماز ظہر یوم دوشنبہ

(ملفوظ ۲۹۴) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ایک مقام ہے وہاں پر سال بھر میں ایک دن ایک مہینہ کا اور ایک رات ایک مہینہ کی ہوتی ہے وہاں پر اوقات نماز کے متعلق کیا حکم ہے نماز کس طرح پڑھی جائیگی فرمایا کہ بعض علماء نے اسکا جواب دیا ہے کہ وقت کا اندازہ کرکے اور حساب لگاکر نمازیں ادا کریں۔ ان علماء نے یہ حکم اس سے سمجھا ہے کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب دجّال آئیگا تو ایکدن سال بھر کا ہوگا اسکے متعلق حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وقت کا اندازہ کرکے نماز ادا کرو اور بعض علماء نے اس مقام پر اُس دن میں پانچ ہی نمازوں کا حکم دیا ہے اور یوم دجّال پر قیاس کا جواب دیا ہے کہ وہ عارضی بات ہے اور یہاں پر دوام ہے لہذا قیاس مع الفارق ہے پھر فرمایا کہ لوگ ان اختلافات سے گھبراتے ہیں اور علماء پر اعتراض کرتے ہیں۔ بیان کیا مگر یہ گھبراہٹ کی چیز نہیں معلوم بھی ہے کہ اختلاف کا ہونا دلیل ہے اہتمام تحقیق کی اور اختلاف کا نہ ہونا دلیل ہے عدم اہتمام تحقیق کی اور بجز اسلام کے اور کسی مذہب میں یہ تحقیق نہیں علماء اسلام نے ہر بات پر بحث کرکے حقیقت کو اپنی قدرت کی حد تک صاف کردیا ہے دوسرے مذاہب میں ہے ہی کیا جسکی تحقیق کریں اور پھر تحقیق سے اختلاف ہو ایک مثال عرض کرتا ہوں دو وکیل کے پاس مقدمہ

Marfat.com

لیجائیے اگر اُن میں شان تحقیق ہوگی ضرور اختلاف ہوگا وہ طبیب حاذق کے پاس مریض کو لیجائیے اگر ان میں شان تحقیق ہوگی ضرور اختلاف ہوگا بعض بدعقل ہر اختلاف کو مذموم سمجھتے ہیں جو بات خوبی کی ہے وہ بدفہموں کے نزدیک نقص کی ہے۔ جناب رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم نے بہت احکام میں قواعد بیان کردئے جزئی احکام نہیں بتلائے تو ظاہر ہے کہ ایسی صورت میں ضرور اختلاف ہوگا جیسے پارلیمنٹ میں زید عمر کے متعلق الگ الگ احکام نہیں تجویز کئے جاتے کلیات تجویز کردئے جاتے ہیں اُن ہی کے انطباق کے متعلق ماتحت عدالتوں میں اور وکلاء میں اختلاف ہوجاتا ہے۔

(ملفوظ ۲۹۵) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ یہ مسئلہ تدبیر اور تقدیر کا ایسا ہے کہ اہل علم کو بھی اسمیں زائد از ضرورت کلام کرنے کی اجازت نہیں مگر اُس سے جو اصل مقصود ہے یعنی تفویض وہ البتہ دستور العمل بنانے کی قابل ہے اسی کو ایک بزرگ نے سوال وجواب کی صورت میں لکھا ہے سوال یہ ہے کہ جب تقدیر کے سامنے تدبیر کوئی چیز نہیں تو تدبیر کو مشروع کیوں فرمایا گیا جواب یہ دیا کہ اسی واسطے مشروع فرمایا گیا کہ یہ تدبیر کریگا اور تقدیر اُسکو توڑیگی پھر کریگا پھر توڑے گی اس اعتقاد کو پختہ کرنیکے لئے کہ تقدیر کے مقابلہ میں تدبیر کوئی چیز نہیں تدبیر کو مشروع کیا گیا یہی حاصل ہے تفویض کا عجیب لطیف جواب ہے اور میں کہتا ہوں کہ اس سے جو بعض نے دعا کو بھی بیکار سمجھ لیا یہ محض غلط ہے۔ یہ کیسے معلوم ہوا کہ دعا بیکار ہے صرف اس وجہ سے بیکار سمجھ لیا کہ جو مانگا تھا وہ نہیں ملا سو یہ مقدمہ ہی غلط ہے یہ کیا ضرور ہے کہ جو مانگے وہی ملجاوے مانگنے والا اپنے حوصلہ اور ضرورت کے موافق سوال کرتا ہے مگر دینے والا اپنی مصلحت وحکمت کے موافق دیتا ہے خواہ وہی چیز دیدے یا اُسکا نعم البدل دیکھو بعض اوقات بچہ پیسہ مانگتا ہے باپ انتہائی شفقت کی بنا پر اُسکو روپیہ نکالکر دیدیتا ہے مگر اسپر کوئی عاقل نہیں کہہ سکتا کہ یہ بچہ اپنے مقصد میں ناکام رہا۔ یہی کہا جائیگا کہ یہ اعلیٰ درجہ کا کامیاب ہے مگر وہ بچہ اپنی کم عقلی اور روپیہ کی حقیقت سے بے خبر ہونیکی وجہ سے اُس روپیہ سے خوش نہیں ہوا اسلئے اُسکے لینے سے اعراض ہے روتا ہے چلاتا ہے اینٹھتا ہے اور پیسہ ہی طلب کرتا ہے تو کیا اُسکا ایسا کرنا کم عقلی پر دال نہ ہوگا اسی طرح یہاں پر سمجھ لیجئے کہ مثلاً دنیا کی کوئی حاجت خدا تعالیٰ

Marfat.com

کے سامنے پیش کی اُسکی دعا کی یا اُسکے حصول کیلئے ظاہری تدبیر کی کہ وہ بھی عمل دعا ہے
حق سبحانہٗ تعالیٰ نے بجائے اُس حاجت کے اُس سے بہتر چیز عطا فرمائی جسکو یہ نہیں سمجھا کہ
یہ عطیہ اُس سوال پر ہوا ہے یا کسی سماوی وارضی آنے والی بلا کو روکدیا گیا یہ بھی تو کامیابی
ہی ہے یا کسی نیک عمل کی توفیق عطا فرمادی جو سب سے اعلیٰ درجہ کی کامیابی ہے اگر ناکامی
کے یہ معنی ہیں اور اسکو ناکامی سمجھتے ہو تو فی الحقیقت یہ سمجھنا البتہ ناکامی کیا بلکہ کم نصیبی
بدبختی کم عقلی کم فہمی ہے بعض لوگ چند روز دعا کرکے چھوڑ بیٹھتے ہیں کہ ثمرہ تو مرتب ہوتا ہی
نہیں کیا دعا کریں میں کہتا ہوں کہ اچھا پھر اور کونسا در تلاش کیا ہے جہاں ثمرہ مرتب ہوگا
اسکی بالکل ایسی مثال ہے کہ ایک شخص کے پاس صندوق کی کنجی ہے اُس سے کہتے ہیں کہ قفل
کھولدے وہ کسی مصلحت سے نہیں کھولتا پھر دوبارہ کہتے ہیں وہ تب بھی نہیں کھولتا مگر یاد رکھو
صندوق جب ہی کھلیگا اُسی کے کھولنے سے کھلیگا اسلئے کہ اُس قفل کی کنجی اسی کے پاس ہے
بس دعا کی مثال ایسی ہی ہے حق سبحانہٗ تعالیٰ ہی کے ہاتھ میں سب کچھ ہے اُن ہی کی عطا
سے مقصد میں کامیاب ہوسکتے ہو بدون اُنکی عنایت اور رحمت کاملہ کے دوسری کوئی سبیل
کامیابی کی ہے ہی نہیں مگر صرف اتنی بات ہے کہ بعض مرتبہ نہ کھلنا ہی مصلحت ہوتا ہے تو اس
سے مایوس نہ ہونا چاہیئے دوسری مثال مثلاً ریل کا پھاٹک گاڑی آنے کے وقت بند ہوجاتا ہے
کسی نے یہ کہدیا کہ آٹھ بجکر دس منٹ پر کھلنے کا معمول ہے یہ دوسری طرف جانے کیلئے اُس کے
انتظار میں ہے مگر جب وہ وقت آیا کسی مصلحت سے نہیں کھلا تو کیا وہ اسکا کوئی نوکر ہے ممکن ہے
کہ ابھی تک ریل نہ آئی ہو اسلئے پھاٹک بند ہے سو ایسے میں اگر موٹر والا آجائے اور کہے کہ کھولدو
سو بعض مرتبہ چوکیدار رعایت کرکے کھولدیتا ہے اور اُسی وقت اوپر سے ریل آجاتی ہے تب
معلوم ہوتا ہے کہ نہ کھولنا ہی حکمت تھا کھولنا غضب ہوگیا۔

۲۹۶ (**ملفوظ**) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بر ہو بحر ہو حضر ہو سفر ہو پہاڑوں بیابان ہوں موت
کیلئے سب یکسان ہے مگر اسکے نہ علم میں ہے نہ قدرت میں ہو بعض لوگ جو زندگی ہی میں اپنے لئے
قبر وغیرہ کا اہتمام کرلیتے ہیں محض لغو ہے کیا خبر کہ کہاں موت واقع ہو اور کس طرح ہو موت کیلئے
اس فضول اہتمام کی ضرورت نہیں البتہ بعد الموت کے جو واقعات پیش آئیں گے اُسکا لئے ہر وقت

Marfat.com

تیار رہنے اور اہتمام کرنے کی ضرورت ہے اسی طرح بعض لوگ اُن رسمی اہتمام کرنے والوں کے مقابلہ میں جو موت سے اسقدر خائف ہیں کہ اسکا نام لینا تک گوارا نہیں کرتے یہ بھی مہمل بات ہے وہ تو ناگزیر ہے شاہی زمانہ میں قلعہ کے ایک دروازہ کا نام خضر دروازہ رکھا گیا تھا جس سے جنازہ گذارتا تھا گویا نام سے بھی وحشت تھی اسی طرح ایک ضعیف العمر عورت جسکے نہ منہ میں دانت تھے نہ ماتھے پر آنکھ تھی کمر میں خم تھا اُسکو کسی لڑکی نے کہدیا کہ بڑھیا خدا کرے تو مرجا تو اسکی شکایت اپنی ایک ہم عمر بڑھیا سے کی مگر الفاظ یہ تھے کہ فلانی یوں کہتی ہے کہ بڑھیا تو یوں ہو جا (مراد مرجانا ہے) بڑھیا نے موت کا نام نہیں لیا اسقدر وحشت مگر یہ ایسی وحشت کی چیز نہیں ہوتی کے لئے تو عقلاً محبوب چیز ہے اسلئے کہ اسکے وقوع کے بعد ہی محبوب تک رسائی ہوتی ہے تو مثل پل کے ہے کہ اس پار سے اُس پار تک پہونچاتا ہے اسی لئے کہا گیا ہے الموت جسر یوصل الحبیب الی الحبیب تو اتنی وحشت محض بے معنی ہے اس وحشت کا جواب ایک دریا کے سفر کرنے والے ملازم نے خوب دیا اُس سے کسی نے دریافت کیا کہ تمھارا دادا کہاں مرا کہا دریا میں پوچھا باپ کہاں مرا کہا دریا میں کہ تم پھر بھی دریا سے نہیں ڈرتے ہر وقت دریا میں رہتے ہو اُس نے دریافت کیا کہ تمھارا دادا اور باپ کہاں مرے کہا کہ گھر میں کہا کہ بڑے نڈر ہو پھر بھی تم اُس گھر میں رہتے ہو۔

(ملفوظ ۲۹۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جب تک کسی فن میں مہارت نہ ہو نری کتابیں کام نہیں دیسکتیں مثلاً نری کتاب دیکھکر مسئلہ نہیں لے سکتا سو نری کتاب دیکھکر مسئلہ کیسے معلوم کر سکتا ہے اسلئے ضرورت ہے کہ پہلے اُستاد سے فن کو حاصل کرے پڑھئی کا فن ان علوم کے سامنے کوئی مشکل چیز نہیں مگر بدون سیکھے ہوئے بسولہ بھی ہاتھ میں نہیں لے سکتا اگر لیگا اپنے ہی مار لیگا تلوار ہے یوں ہی تھوڑا ہی کاٹ دیتی ہے اُسکا خاص ہاتھ ہے اور وہ بھی محض دیکھنے سے نہیں آسکتا سیکھنے سے آسکتا ہے تو ہر چیز میں ضرورت ہے اُستاد کی نری کتاب سے کام لینے کے متعلق واقعہ سن لیجئے ایک شخص بہانپور آئے تھے میرے پیچھے ظہر کی نماز پڑھی دو رکعت پر سلام پھیر دیا میں نے پوچھا تو کہتے ہیں کہ مسافر کے واسطے قصر ہے یہ بھی بیچاروں کو خبر نہ تھی کہ مقیم امام کے پیچھے نماز پوری پڑھنی چاہئے۔ ایک میرے دور کے عزیز ہیں بوڑھے ہو گئے ہیں چار سنتوں میں ہمیشہ دو رکعت بھری اور دو خالی پڑھتے رہے بتلانے پر کہا کہ مجکو معلوم نہ تھا اسی طرح ایک

رسالہ المبلغ ع ۲ ج ۹ ۔ ۔ ۔

شخص نے مغرب کی نماز دو رکعت پڑھیں اسلئے کہ مسافر تھے۔

۲۶ ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۰ ہجری،

بوقت صبح یوم سہ شنبہ،

(ملفوظ ۲۹۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل طریق سے بے خبری کا سبب جہل ہے۔ مسائل بدون علم کے معلوم نہیں ہو سکتے مگر اسکا اہتمام بلکہ ضرورت کا اعتقاد بھی آج کل مفقود ہے۔

(ملفوظ ۲۹۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آخرت کا شوق عادۃً بدون دنیا کی نفرت کے نہیں ہو سکتا اور دنیا سے نفرت بدون ناگوار حوادث کے نہیں ہوتی یہ حق تعالیٰ کی رحمت ہے کہ ایسے اسباب پیدا فرما دیتے ہیں کہ آدمی کو خود بخود دنیا سے نفرت ہو جاتی ہے اس ہی لئے میں کہا کرتا ہوں کہ یہ تحریک حاضر جسمیں مجکو برا بھلا کہا گیا میرے نقصان کا سبب نہیں ہوئی بلکہ نفع کا سبب ہوئی جہار طرف سے نظر ہٹ کر ایک ہی طرف ہو گئی اس ہی لئے میں ان لوگوں کو اپنا محسن سمجھتا ہوں جنھوں نے مجھپر سب و شتم کیا یہ دولت اُن ہی کی بدولت نصیب ہوئی یہ ہی وجہ ہے کہ میں سبکو دل سے معاف کر چکا کنکریوں کے بدلے مجھکو جواہرات عطا فرما گئے حق تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر و احسان ہے کہ مجھ جیسے ناکارہ کوتاہ عمل پر اپنا فضل فرمایا۔

۲۶ ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۰ ہجری

مجلس بعد نماز ظہر یوم شنبہ

(ملفوظ ۳۰۰) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ روایت کے اس معاملہ میں میں بہت محتاط ہوں میں تو واقعات میں علماء تک کی روایت کا بھی اعتبار نہیں کرتا میرا اعتقاد یہ ہے کہ یہ فتویٰ تو صحیح دیں گے مگر واقعات میں اکثر انکا بھی معمول احتیاط کا نہیں اسپر چاہے کوئی برا مانے یا بھلا جو بات تھی صاف عرض کر دی۔

(ملفوظ ۳۰۱) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ یہ جو علی الاطلاق مشہور ہے کہ ہر معاملہ میں دو شہادت کافی ہیں فی نفسہ تو صحیح ہے مگر اسکا اطلاق غلط ہے خود شہادت کے

Marfat.com

شہادت ہونے میں یہ شرط ہے کہ مدعی قاضی کے یہاں دعویٰ کرے اور قاضی مدعیٰ علیہ کو طلب کرے اُسوقت جو شہادت برسر اجلاس ہوگی وہ معتبر ہوگی اور بدون اسکے دو تو کیا اگر دس آدمی بھی کہا کریں تو حجت شرعیہ نہیں حتی کہ وہ شہادت بھی معتبر نہیں جو حاکم وقت یعنی قاضی کے مکان پر بغیر اجلاس پر نہ ہو غرض شہادت عدالتی معتبر ہے خانگی شہادت حجت نہیں۔ .....

..... البتہ دیانات میں معتبر ہے مگر احکام قضا میں معتبر نہیں کہ علی الاطلاق حجیت کا اعتقاد غلط ہے اسی طرح دعوی میں شرط ہے۔ مدعی ذاتی علم کی بناء پر دعویٰ کرے محض سنی ہوئی روایت پر دعویٰ نہیں کرسکتا اگر ایسا کرے گا مسموع نہ ہوگا حتی کہ سنی ہوئی روایت پر دعویٰ کرنے میں قاضی مدعا علیہ کو طلب بھی نہ کریگا۔

(ملفوظ ۳۰۲) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ مسلمانوں کی کمزوری کا سبب اُنکی بدنظمی ہے اگر ان میں نظم ہو پھر دیکھو کیا ہوتا ہے دوسری قوموں میں نظم ہے وہ اسکی بدولت کامیاب نظر آتی ہیں بحمداللہ اب بھی مسلمان اسقدر کمزور نہیں مگر ساری کمی نظم کی ہے بدون انتظام کے کچھ نہیں ہوسکتا اگر نظم ہو تو ساری قومیں انکو بیٹھی دیکھا کریں۔

(ملفوظ ۳۰۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اہل باطل اور اہل حق کے مذاق طبعی میں بھی زمین آسمان کا فرق ہے ایک صاحب کانپور سے میرے پاس آئے تھے یہ وہ صاحب تھے جو مجھکو اور ہماری ساری جماعت کو گالیاں دیا کرتے کانپور کے بلوہ میں وہ بھی ماخوذ تھے مجھسے سفارش کرانا چاہتے تھے میں نے سفارش لکھدی میرے ایک دوست وہاں پر تحقیقات کیلئے مقرر تھے اُن کو لکھدیا کہ واقعہ کی حقیقت کو معلوم کرنیکے بعد جو عقلاً و نقلاً مصلحت ہو وہ کریں مطلب یہ تھا کہ بدون تحقیق زیادتی نہ ہو اسوقت یہ خیال پیش نظر ہوگیا کہ بے بس ہیں بے چارہ ہیں اور ایسے وقت اکثر یہ ہی خیال آجاتا ہے۔ بس یہ فرق ہے اہل باطل اور اہل حق میں کہ اہل باطل کو تو ایسے موقع پر انتقام کا انتظار رہتا ہے اور اہل حق ڈرتے ہیں کہ یہ وقت انتقام کا نہیں اہل حق قدرت کے وقت تو نرم ہوتے ہیں اور عدم قدرت کے وقت غصہ آتا ہے اور اہل باطل اسکے عکس ہیں۔

(ملفوظ ۳۰۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ تمدن کی ترقی سے عالم میں فساد ہوگیا تمدن سے تشویش بڑھ گئی۔

Marfat.com

(ملفوظ ۳۰۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بیعت میں اگر ضرورت کا درجہ سمجھے تو ٹھیک نہیں البتہ مصلحت کا درجہ سمجھنا ٹھیک ہے وہ بھی جب کام کیا جاوے ورنہ بدون کام کے مطلق بیعت کو آخرت میں نجات کا ذریعہ سمجھنا محض جہل ہے۔

(ملفوظ ۳۰۶) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ معاصی سے تو نفرت ہونا چاہئے مگر عاصی سے نفرت نہ ہونا چاہئے حاصل یہ کہ فعل سے نفرت ہو فاعل سے نفرت نہ ہو جیسے حسین اپنے منہ کو کالا کالا مل لے تو کالک کو تو برا سمجھیں گے مگر اسکو گوارا ہی سمجھیں گے۔ اسی طرح مومن میں برائی عارضی ہے اسلئے اسکو حقیر نہ سمجھیں ہاں برے فعل کو برا سمجھیں۔

(ملفوظ ۳۰۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ انتظام کی ہر چیز میں ضرورت ہے میں درس کیوقت مدرسین کے پاس ایسے شخص کو انہیں بیٹھنے دیتا جو شریک درس نہ ہو میں جسوقت کانپور میں مدرس تھا میرا یہی معمول تھا اسمیں خرابی یہ ہے کہ استاد کو تو یہ فکر کہ کوئی بات تقریر میں کتاب کے خلاف نہ ہو جاوے اور شاگرد کو یہ فکر کہ کوئی سوال ایسا نہ ہو کہ جس سے ہم بد استعداد خیال کئے جائیں تو دونوں مشوش ہو جاتے ہیں آجکل مدارس میں قطعاً اسکا انتظام نہیں کیا جاتا یونہی وقت خراب کیا جاتا ہے۔ 16

(ملفوظ ۳۰۸) ایک نووارد صاحب نے حاضر ہو کر کسی معاملہ میں حضرت والا سے سفارش کی درخواست کی حضرت والا نے فرمایا کہ سفارش کے متعلق ایک تمہید سنو خضر علیہ السلام کے پاس جانے کا موسیٰ علیہ السلام کو حق تعالیٰ کا حکم ہوا کہ جا کر علوم سیکھو آپ خضر علیہ السلام کے پاس تشریف لیگئے انھوں نے پوچھا کون فرمایا موسیٰ کون موسیٰ فرمایا بنی اسرائیل کا موسیٰ پوچھا کیسے آئے فرمایا ھل اتبعک علیٰ ان تعلمن مما علمت رشدا یعنی میں علوم سیکھنے کے لئے تمہارے ساتھ رہنا چاہتا ہوں اتنے بڑے نبی الوالعزم اور خضر سے فرماتے ہیں ھل اتبعک میں تمہارے ساتھ رہوں تاکہ مجھکو کچھ علوم سکھا دیجئے یقینی بات ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کے علوم کے سامنے خضر علیہ السلام کے علوم کیا چیز تھے مگر خیر جو کچھ بھی تھے ان کے سیکھنے کی درخواست کی خیر یہ تو قصہ ہے مگر اسمیں دیکھنا یہ ہے اور کتنی عجیب بات ہے کہ اس گفتگو میں یہ نہیں فرمایا کہ میں خدا کا بھیجا ہوا ہوں یہ فرماتے تو اعلیٰ درجہ کی سفارش ہوتی سو اس سے یہ معلوم ہو گیا کہ

Marfat.com

آجکل جو سفارش لکھا کر لیجاتے ہیں یا جا کر کسی کا نام لیدیتے ہیں بعض اوقات اس سے دوسرے پر بار ہوتا ہے حق یہ ہے کہ حضرات انبیاء علیہم السلام ہی حقیقی علوم کے حامل ہیں دیکھئے یہ نہیں ظاہر فرمایا کہ میں حق تعالیٰ کے ارشاد سے آیا ہوں کیونکہ یہ سُنکر کہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے پھر چون وچرا نہ کرینگے آزادی نہ رہے گی چنانچہ خضر علیہ السلام نے نہایت آزادی سے شرطیں لگائیں اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ بدون اذن کے کسی کی صحبت سے استفادہ حاصل نہیں کرنا چاہئے نیز دوسرے کے پاس جا کر یہ نہ کہے کہ میں فلاں شخص کا بھیجا ہوا ہوں۔

۳۰ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ یہ دیہاتی لوگ بعض دفعہ ایسی بات کہدیتے ہیں کہ بڑے بڑے علامہ دیکھتے ہی رہ جاتے ہیں میں نے ایک عامی شخص سے جو کسی کی ساتھ راستہ میں جا رہا تھا یہ سنا کہ بھائی جب بدی کرنے والا بدی کو نہیں چھوڑتا تو تم نیکی کو کیوں چھوڑتے ہو اسی طرح ایک شخص سے تحریک خلافت کے زمانہ میں ریل میں سنا یہ شخص دیہاتی تھا کسی سے کہہ رہا تھا کہ میاں ایک رہو اور نیک رہو پھر کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا کتنی زبردست علمی بات کو دو لفظوں میں بیان کر دیا۔

۳۱۰ (ملفوظ) ایک صاحب کی غلطی پر مواخذہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ آدمی نئی جگہ جائے تو یہ چند باتیں پہنچتے ہی کہدینی چاہئیں کون ہوں کہاں سے آیا ہوں کیوں آیا ہوں۔

۳۱۱ (ملفوظ) ایک مولوی صاحب نے استفادہ کے لئے اذن کی ضرورت پر عرض کیا کہ حضرت قبر پر جا کر فیض لیتے ہیں وہاں کسکا اذن ہوگا فرمایا کہ وہاں پر اذن کی ضرورت نہیں یہاں تو تنگی کی وجہ سے بدون اذن کے استفادہ سے منع کیا جاتا ہے وہاں پر تو عالم ملکوت ہے وہاں پر تنگی و پریشانی کچھ بھی نہیں تکلیف و راحت یہاں ہی ہے۔

۳۱۲ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت یہاں تو الحمد للہ اسپر مطلق نظر نہیں کہ کون معتقد ہے اور کون غیر معتقد خود بیعت مشکل سے کرتا ہوں آپکی اجازت مشکل سے دیتا ہوں پھر یہاں آکر بولنے کی اجازت نہیں پوچھ دینے کی اجازت نہیں غرض جسقدر ذریعے معتقد ہونیکے ہوتے ہیں سب مفقود ہیں یہاں پر تو جو بہت ہی بیحیا ہوگا وہی ٹھیر سکتا ہے ورنہ اگر ذرا بھی غیرت ہوگی ہرگز نہیں ٹھہر سکتا کون ذلت گوارا کرے۔

۳۱۳ (ملفوظ) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اگر کسی کے ہوش حواس درست ہیں اور پھر شریعت

Marfat.com

کے خلاف ہے تو وہ دجّال ہے اور اگر ہوش وحواس درست نہیں تو مجنون ہے بس یہی معیار ہے۔

(ملفوظ ۳۱۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ سلطان کو چاہیئے کہ ہمیشہ وزراء سے رائے لیتا رہے بدون رائے لئے بہت سی باتیں نظر سے غائب رہتی ہیں اور یہ مشورہ اور رائے تو مطلوب ہے مگر یہ مخترعہ متعارفہ جمہوریت محض گھڑا ہوا ڈھکوسلا ہے خصوص ایسی جمہوری سلطنت جو مسلم اور کافر ارکان سے مرکب ہو وہ تو غیر مسلم ہی سلطنت ہوگی ایسی سلطنت اسلامی سلطنت نہ کہلائیگی۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ اگر سلطان کے مشورہ لینے کیوقت اہل شوریٰ میں اختلاف رائے ہوجائے تو اسکے متعلق کیا حکم ہے سلطان کی رائے سے اختلاف کرنا مذموم تو نہیں فرمایا کہ جو اختلاف حکمت اور مصلحت اور تدبیر وخیر خواہی پر مبنی ہو وہ مذموم نہیں مگر اسکی بھی ایک حد ہے یعنی یہ اختلاف اُسی وقت تک جائز ہے جب تک مشورہ کا درجہ رہے مگر بعد نفاذ اختلاف کرنا یا خلاف کرنا یہ مذموم ہے نفاذ کے بعد تو اطاعت ہی واجب ہے۔

پھر سلطنت کی اہلیت کا اور انتظام کا ذکر چلا تو فرمایا کہ سلطنت تو بڑی چیز ہے ہم لوگوں سے گھروں کا انتظام تو ہو ہی نہیں سکتا میں اپنے گھر میں جس جگہ جو چیز رکھی ہوتی ہے استعمال کے بعد جہاں سے اُٹھاتا ہوں بالالتزام وہیں رکھدیتا ہوں مثلاً مکس دیا سلائی کا یا جانماز یا لوٹا میں نے تو اسپر ایک رسالہ لکھدیا ہے آداب المعاشرت اُسمیں ایسے انتظامی معاملات کو لکھدیا ہے اُسکو دیکھ لیا جائے اس التزام میں یہ نفع ہے کہ کسی کو رائی برابر بھی تردّد نہ ہو کہ یہ چیز اس طرح رکھی تھی اب اُسکے خلاف رکھی ہے اور انتظام تو سچ یہ ہے کہ مسلمان ہی کا حق ہے ظاہر ہے کہ جسکے پاس قرآن وحدیث وفقہ ہو وہ انتظام کرسکتا ہے یا کافر جاہل انتظام کرسکتا ہے یقیناً قرآن وحدیث جاننے والا صحیح انتظام کرسکتا ہے قرآن پاک میں اور حدیث میں جابجا انتظامات کی تعلیم ہے مگر اس انتظام سے مراد فضولیات کا نہیں ضروریات کا انتظام ہے اسی سلسلہ میں ایک صاحب کے جواب میں فرمایا کہ سلام کا بھی خاص انتظام اور ادب ہے یعنی ایسا سنبھالکر کرو جو کسی پر بار اور توحش نہ ہو چنانچہ فقہاء نے سب مواقع اور احکام منضبط فرمادئے ہیں غرضکہ ہر بات اور کام مسلمان کا ایسا ہونا چاہیئے کہ جس سے دوسرے پر بار یا تنگی نہ ہو۔

۲۷ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ ہجری

مجلس بعد نماز ظہر یوم چہارشنبہ

(ملفوظ ۳۱۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک مولوی صاحب جو انتقال کرگئے ہیں اتحاد ہندو مسلم کی

Marfat.com

تحریک میں بہت ہی سرگرم تھے جب برادران وطن نے پریشان کیا اور انکے جذبات کو اسلام اور مسلمانوں کے خلاف دیکھا اور حقیقت منکشف ہوئی تب انسے جدائی اختیار کی اور ایک رسالہ لکھا اسمیں یہ شعر بھی تھا جو اس حالت کا گویا پورا مصداق تھا ؎

اُس نقش پا کے سجدے نے کیا کیا کیا ذلیل ہم کوچۂ رقیب میں بھی سر کے بل گئے

۳۱۶ (**ملفوظ**) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جمہوری سلطنت بھی کوئی سلطنت ہے محض بچوں کا کھیل ہے شطرنج کا سا نظام ہے حکومت تو شخصی ہی ہے اسی کی ہیبت اور رعب بھی ہوتا ہے۔

۳۱۷ (**ملفوظ**) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ دعا سبکی قبول ہوتی ہے اسمیں مسلم اور غیر مسلم کی کچھ قید نہیں انسان کی بھی قید نہیں حتی کہ جانوروں تک کی دعا قبول ہوتی ہے ایک نبی دعا کیلئے چلے بارش نہ ہوتی تھی دیکھا کہ ایک چیونٹی ہاتھ اٹھائے دعا کر رہی ہے سامتھیوں سے فرمایا چلو بھائی رب ضرورت نہیں رہی دعا کی اسکی دعا قبول ہو چکی اور شیطان کو دیکھئے کٹ رہا ہے پٹ رہا ہے جوتیاں پڑ رہی ہیں لعنت کا طوق گلے میں ڈالا جا رہا ہے اسوقت دعا کی اور دعا بھی اپنی جو کسی کی ہمت نہیں ہو سکتی کہ قیامت تک زندہ رہوں اور اسپر وہاں سے حکم ہوتا ہے کہ سب قبول کیا ٹھکانا ہے اس وسعت رحمت کا ناواقفوں میں یہ مسئلہ مشہور ہے کہ کافر کی دعا قبول نہیں ہوتی مگر کونسی دعا اور کہانکی دعا کچھ معلوم بھی ہے آخرت میں بیشک کافروں کی دعا نجات کیلئے قبول نہ ہوگی وما دعاء الکافرین الا فی ضلال کے یہی معنی ہیں اس ہی لئے میں کہا کرتا ہوں کہ قرآن شریف کا ترجمہ خود نہ دیکھیں کسی عالم سے پڑھنا چاہیئے سبقاً سبقاً اور عالم بھی حافظ ہو تاکہ اوپر نیچے کی آیت کو دیکھ کر سمجھ سکے مطلب یہ کہ سیاق وسباق معلوم کر سکے۔

۳۱۸ (**ملفوظ**) ایک نووارد صاحب نے عرض کیا کہ حضرت والا کوئی ایسا وظیفہ بتلا دیں جس سے دین کے سب کام آسان ہو جائیں فرمایا کہ میں تو امراض کا علاج کرنے والا ہوں وظیفہ بتلانے والے اور بہت پیر ہیں وظائف اُن سے پوچھو یہاں پر تو چولھے میں کھوٹ ہیں خرابیاں ہیں جس سے گناہ صادر ہوتے ہیں انکا علاج ہوتا ہے اللہ اور رسول کے احکام کا اتباع کرایا جاتا ہے۔

۳۱۹ (**ملفوظ**) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ سوال کرنا یعنی بھیک مانگنا ہر شخص کو جائز نہیں اور فقہاء نے یہ بھی لکھا ہے کہ جسے سوال جائز نہیں اُسے دینا بھی جائز نہیں یہ گناہ کی اعانت ہے

رسالہ البلغ ص۲ ج ۹

بایتہ ماہ ذیقعدہ ۵۶ھ

Marfat.com

اسلئے گناہ ہے ہاں کسی پر اسقدر بار پڑ گیا ہو قرض تاکہ وہ کما کر نہیں دیسکتا اسکی اعانت جائز ہے

۲۸ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ ہجری

بوقت صبح یوم پنجشنبہ

۳۲۰ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک واقعہ تاریخ میں لکھا ہے ابن بطوطہ کا قول ہے یہ سیاح ہیں کہتے ہیں کہ ہمارے زمانہ کے مشائخ کا یہ معمول اور انتظام ہے کہ خانقاہ کے صدر دروازہ پر کچھ لوگ واردین کی جانچ پڑتال کیلئے رہتے ہیں ہر طالب خود مشائخ تک نہیں پہونچ سکتا پہلے لوگ جانچ کر لیتے ہیں تب مشائخ تک کوئی پہونچ سکتا ہے اب اگر کوئی ایسا کر لے تو اسقدر بدنام ہو کہ الامان الحفیظ اسکی وجہ یہی معلوم ہوتی ہے کہ اسوقت کے لوگ اسقدر کم فہم نہ تھے اور ان کے قلوب میں دین اور اہل دین کی عظمت تھی اور آجکل اسکی کمی ہے خود مشائخ کو اپنا مطیع بنانا چاہتے ہیں۔

۲۹ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ ہجری

مجلس بعد نماز جمعہ

۳۲۱ (ملفوظ) ایک نووارد صاحب کی غلطی پر مواخذہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ آخر آئے تھے کسواسطے جب بولتے ہی نہیں بندہ خدا کیا گھر سے قسم کھا کر چلے تھے کہ جا کر سوائے سنانے کے اور کوئی کام نہ کرونگا جہالت پر متنبہ کرتا ہوں بدتمیزی بدتہذیبی پر روکتا ہوں تو کیا یہ جرم ہے جسکے عوض میں مجکو ستایا جاتا ہے آپکی اس حرکت کی (وہ حرکت کوئی سوال پر تلبیس تھا جسکو پوچھنے پر بھی صاف نہ کیا تھا) ایسی مثال ہے جیسے کوئی کسی مولوی سے پوچھے کہ میں حج کر آؤں وہ کہدیں کہ کر آؤ مگر انھوں نے یہ معلوم نہیں کیا کہ روپیہ کہاں سے آئیگا (مثلاً) تو یہ شخص جا کر ڈکیتی ڈالے اسلئے کہ حج بدون روپیہ کے نہیں ہو سکتا اور روپیہ بدون ڈکیتی کے نہیں ملسکتا بس ڈکیتی جائز ہو جائیگی دھوکہ دینا چاہتے ہیں اور پیروں کے یہاں کون کھود کرید کرتا ہے ان کو غرض ہی کیا پڑی ہے بلکہ کھود کرید ان کی غرض کے خلاف ہے وہ تو اسپر خوش ہیں ہاتھ چوم لئے پیر چوم لئے مجھ ہی بدبخت کی عادت ہے کہ کھود کرید کرتا ہوں جسکا داعی محض مصلحت ہے مخاطب کی کیا کہوں کس طرح دل چیر کر

بابتہ ماہ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

دکھلادوں دونوں طرح رنج ہوتا ہے نہ کہوں تب بھی کیونکہ مخاطب کی مصلحت فوت ہوتی ہے اور کہوں تب بھی کیونکہ مخاطب کو بھی تکلیف ہوتی ہے اور مجکو بھی لیکن اگر کہا جاویگا تو کہنے کی طرح ہی کہا جاویگا یہ تو ممکن نہیں کہ ہاتھ جوڑکر پیر پکڑکر عرض کروں سو یوں تو نہیں کہا جاتا پھر اس سے بھی دل دکھتا ہے کہ ایک شخص اتنی دور سے آیا اور ویسے ہی چلا گیا اسکی غلطی بھی نہ بتلائی گئی غرض ہر طرح پہونچ ہی ہوتا ہے اور یہ وجہ ہے میرے بدنام ہونیکی کہ اگر متنبہ کرتا ہوں تو بے لطفی کی نوبت پہونچتی ہے اور نہیں کرتا تو جس غرض سے آئے تھے وہ حاصل نہیں ہوتی۔

(ملفوظ ۳۲۲) فرمایا کہ ایک خط آیا ہے لکھا ہے کہ پیر کا انتقال ہوگیا اب یہ بتلادو کہ میرا حصہ کہاں ہے تاکہ وہاں پہونچکر حاصل کروں۔ میں نے لکھدیا ہے کہ یہ صاحب کشف کا کام ہے اور میں صاحب کشف نہیں۔ اسپر فرمایا کہ ایسے بالکل طالب رہ گئے۔

(ملفوظ ۳۲۳) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اسوقت جو مسلمان کمزور نظر آتے ہیں اور دب گئے ہیں اسکا ایک قوی سبب افلاس بھی ہے جس نے سب کے سامنے جھکا دیا اور پہلے بزرگوں پر قیاس نہیں کرنا چاہیئے اُن میں قوت ایمانیہ تھی وہ افلاس سے پریشان نہ ہوتے تھے اور اسوقت دین کی قوت تو مسلمانوں میں ہے نہیں اگر مال کی بھی نہ ہو تو سوائے ذلت کے اور کیا ہوگا ابتو یہ ہورہا ہے کہ حکام مسلمانوں کو الگ دبا رہے ہیں برادران وطن الگ اور یہ افلاس مسلمانوں کا زیادہ تر فضول خرچی کے سبب سے ہے ایک دانشمند شخص خوب کہتے تھے کہ آمدنی تو اختیار میں نہیں مگر لوگ اسکی کوشش کرتے ہیں اور جو چیز اختیار میں ہے یعنی خرچ اسکے گھٹانے کی فکر نہیں واقعی خوب کام کی بات کہی۔

(ملفوظ ۳۲۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل تو مشائخ کے یہاں ایسی باتیں پایہ ناز ہورہی ہیں جیسے ایک پیر کے مرید نے کہا کہ حضرت کچھ نہیں کھاتے ایک شخص نے دریافت کیا کہ آخر کچھ کھاتے بھی ہیں کہا کہ صرف آدھ پاؤ بالائی اور ایک چھٹانک مغز بادام اور ایک پیالی چائے اور تھوڑا سا دودھ اس شخص نے کہا واقعی حضرت کچھ نہیں کھاتے صرف اتنی اور کسر ہے کہ بچے اور مجھے نہیں کھایا کیا لغو باتیں ہیں۔

(ملفوظ ۳۲۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں ہر کام ہر بات میں احتیاط کا پہلو اختیار کرتا ہوں مجھکو

Marfat.com

اسپر وہمی کہا جاتا ہے ایک مرتبہ حضرت مولانا گنگوہی رح سے میری شکایت کی گئی کہ یہ جلسہ میں آکر مدرسہ کی رقم سے کھانا نہیں کھاتا حضرت مولانا نے مجھسے سوال کیا میں نے صاف عرض کر دیا کہ مجھکو اسکے جواز میں شبہ ہے پھر حضرت نے کچھ نہیں فرمایا ایک شخص نے میرا وعظ سُنکر سو روپیہ چندہ بلقان میں دئے اور انجمن ہلال احمر میں داخل کئے اور احمق نے مجھپر تقاضا کیا کہ قسطنطنیہ سے اسکی مستقل رسید منگا کر دو ورنہ میرا روپیہ واپس دو میں نے قطع شغب کیلئے اپنے پاس سے روپیہ دیدیا ایک مولوی صاحب نے یہ سنکر مجھسے فرمایا کہ اپنے پاس سے کیوں دئے تمھاری معرفت جو چندہ بلقان جمع ہوتا اسمیں سے سو روپیہ رکھ لیتے ہوتے اور تاویل یہ کی کہ خاص اُسکی دی ہوئی رقم تو واپس کر دینا جائز ہی تھا اور وہ رقم اور دوسرے چندہ کی رقمیں سب ایک ہی حکم میں ہیں کیا ٹھکانا ہے اس بداحتیاطی کا نفسانی غرض کا جب غلبہ ہوتا ہے ایسی ہی باتیں سوجھتی ہیں میں تو اکثر کہا کرتا ہوں کہ اموال کے باب میں اکثر اہل علم کو بھی احتیاط نہیں الا ماشاء اللہ اور عوام کو تو کیا ہوتی۔

۳۲۶ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اگر دین کیلئے جان مال گھر سب خرچ ہو جائے کوئی مضائقہ نہیں لیکن جی یہ چاہتا ہے کہ طریقہ کے ساتھ ہو باقی یوں ہی گڑبڑ میں تو ایک پیسہ بھی جاتے ہوئے دل دکھتا ہے۔

۳۲۷ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں تو کہا کرتا ہوں کہ مسلمان چاہے مالدار نہ ہو مگر دیندار ہو اور غیرت دار ہو۔

۳۲۸ (ملفوظ) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اولاد اگر خود مالدار ہو اُس کا نفقہ واجب نہیں مگر بیوی کا نفقہ ہر حال میں خاوند کے ذمہ فرض ہے۔

۳۲۹ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ محقق آدمی جو جامع شرائط اجتہاد کا نہ ہو غیر مقلد نہیں ہو سکتا کیونکہ وہ اپنی تحقیق سے فاقد شرائط ہونا دیکھے گا۔

۳۰ ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۰ ہجری
مجلس خاص بوقت صبح یوم شنبہ

۳۳۰ (ملفوظ ملقب بہ ذم التحریف للدین الحنیف) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میری زندگی کا مدار تو استحضار ثواب پر ہے ورنہ اسقدر طبیعت کمزور واقع ہوئی ہے کہ اگر ثواب کا استحضار نہ ہو تو میں بعض حوادث کا تحمل

سلفہ ۲ ۹

بابتہ ماہ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۶ ہجری

Marfat.com

ہرگز نہیں کرسکتا تھا۔ بس یہ اعتقاد میری زندگی ہے کہ جہاں کوئی تکلیف پہونچی فوراً یہ خیال ہوتا ہے کہ اسمیں ثواب ہے اس سے وہ کلفت جاتی رہتی ہے اگر ثواب کا اعتقاد نہ ہوتا تو میں تو ختم ہی ہوجاتا یہ امید ثواب ایسی قوت کی چیز ہے کہ بڑی سے بڑی کلفت اور رنج کو سہل کردیتی ہے اور افسوس ہے کہ اسی کو آجکل معمولی چیز خیال کر رکھا ہے اور سمجھتے ہیں کہ یہ کوئی چیز نہیں نعوذ باللہ استغفراللہ میں کہتا ہوں کہ جسقدر مسلمانوں کے پاس سامان ہے قوت کا اون سب میں یہ ایک نہایت زبردست چیز ہے نئے تعلیم یافتہ اسپر ہنستے ہیں کہ ثواب کو لئے بیٹھے ہیں پرانے خیال کے ہیں بلکہ علما تک نے بھی اسکی ترغیب چھوڑدی وعظوں میں ثواب وعذاب کا ذکر ہی جاتا رہا حالانکہ قرآن وحدیث میں زیادہ یہی بھرا ہوا ہے کہ اگر یہ کروگے ثواب ملیگا نہ کروگے عذاب ہوگا مسلمان کے پاس اسکا کیا جواب ہے یہ خیال پھیلایا ہے آجکل کے نیچریوں نے نہایت ہی بدعقیدہ لوگ ہیں اور اکثر لیڈر اس ہی خیال کے ہیں خدا سے نڈر ہیں آجکل کے لیڈر بیدار مغز اور روشن دماغ کہلاتے ہیں نہ معلوم ان کے دماغوں میں گیس کے ہنڈے روشن ہیں یا بجلی سما گئی ہے حالانکہ یہ باتیں سب ظلمانی ہیں اور انکو زیادہ تر خراب کیا ہے حب جاہ نے پورانے طریقوں کو ذلت سمجھتے ہیں حالانکہ ہماری عظمت اور عزت اسی میں ہے کہ ہم اپنے سلف کے طریقہ پر رہیں اُن کے قدم بہ قدم چلیں ہماری صورت ہماری سیرت ہمارا لباس ہمارا اٹھنا ہمارا بیٹھنا ہمارا کھانا ہمارا پینا سب اُسی طرز پر ہو ہم بھی دین پر عمل کریں اور دوسروں سے بھی عمل کرائیں غرض اُسی پرانے طرز کو اختیار کریں دیکھئے بوڑھے آدمی کی عظمت اور عزت اسی میں ہے کہ اپنے بڑھاپے کو چھپائے نہیں اگر چھپائیگا پوڈر ملکر یا خضاب کرکے تو ایک روز حقیقت کھلے ہی گی تو پھر جیسی ذلت کا سامنا ہوگا اظہر من الشمس ہے یہ نامعقول قوم کے رہبر اور پیشوا بننے کو تیار ہوئے ہیں اور حالت یہ ہے کہ صورت سے بھی مسلمان کہلانیکی قابل نہیں اور داڑھی کے تو اسقدر دشمن ہیں کہ جسکا حد وحساب نہیں زیادہ افسوس یہ ہے کہ اعتقاد میں بھی تو اس حرکت کے استحسان کا درجہ ہے اسکو معیوب نہیں سمجھتے زیادہ شکایت تو یہی ہے کہ یہ طرز ان لوگوں نے اختیار کیا اور پھر اسکو تاویل سے اچھا ثابت کرنیکی کوشش کرتے ہیں حالانکہ داڑھی منڈانا تو خاص جہاد کے موقع پر بھی جائز نہیں اور یہ محض جاہلانہ خیال ہے کہ داڑھی کے ہوتے ہوئے دشمن پر ہیبت نہ ہوگی رعب نہ ہوگا بلکہ جہاد میں بھی داڑھی والے ہی کا رعب اور ہیبت ہوتی ہے کہنے کی تو بات

Marfat.com

نہ بھی کہتے ہوئے شرم بھی آتی ہے مگر ضرورت کہتا ہوں کہ آپکے ملک میں آپ ہی کے دوش
بدوش ایک قوم ہے سکھوں کی اُسکو دیکھ لیجئے کیا وہ پولیس میں نہیں فوج میں نہیں وہ جنگ پر
نہیں جاتے مگر دیکھ لیجئے کہ اُن کے داڑھی ہوتی ہے یا نہیں انکا ذکر اسلئے کیا کہ آخر کسیطرح ان بیغیرتوں
کو غیرت بھی دلاؤں اور سن لیجئے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ بادشاہ کیلئے قانوناً حکم ہے داڑھی رکھنے کا
اسی طرح اگر عورت حکمراں ہو تو اُسکو چوٹی کٹانے کی ممانعت ہے یہ اُس قوم کا فتویٰ ہے جنکے
یہ کور باطن مقلد ہیں خود انگلستان اور یورپ میں اسی قانون کا بادشاہوں کیلئے نفاذ ہے
سو اگر یہ ذلت کی چیز سمجھی جاتی تو وہ اسکو کب گوارا کرتے پھر وہ بھی بادشاہ کیلئے ان باتوں کو
سوچکر کچھ تو شرم آنا چاہیئے اسکے بعد ہم مشتاق ہیں کہ یورپ کے فتوی سن لینے کے بعد ہمارے
لیڈر صاحبان اور اُن کے ہم خیال اسکے متعلق کیا فرماتے ہیں اسلئے کہ اگر عزت کی بات داڑھی منڈانا
ہے تو بادشاہ کیلئے بہت زیادہ ضرورت ہے عزت کی اسکا کیا جواب دیتے ہیں یہ تو جدید روشنی
والوں کی حالت ہے اب قدیم روشنی والوں کو لیجئے جو دین کے مدعی ہیں اُنکی یہ حالت ہے کہ ایک
۴۴ صاحب نے مجھسے بیان کیا تھا کہ ایکمرتبہ حیدرآباد دکن میں ایک شخص وہابیت کے الزام میں پکڑا گیا
اور دلیل یہ بیان کیگئی کہ تمکو جب دیکھو مسجد سے نکلتے ہوئے جب دیکھو قرآن پڑھتے ہوئے جب دیکھو
نماز پڑھتے ہوئے ایک اور اُن کے خیر خواہ شخص نے کہا کہ نہیں یہ وہابی نہیں میں نے انکو فلاں ندی
کے پُل سے میں دیکھا تھا فلاں جگہ قوالی میں دیکھا فلاں قبر کو سجدہ کرتے دیکھا تب بیچارے چھوٹے
گئے اور جان بچی اسکا حاصل تو یہ ہوا کہ اگر کسی میں خدا کی یاد ہے اور فرمانبرداری ہے تو مجرم قابل سزا
بدعقیدہ اور اگر خدا کی نافرمانی اور معصیتوں کا ذخیرہ ہے تو خوش عقیدہ اور قابل مدح اور پکے سُنی اور
حنفی انا للہ وانا الیہ راجعون مگر اب بحمد اللہ یہ رنگ نہیں رہا حیدرآباد میں بمبئی کے متعلق ایک
صاحب نے روایت کی تھی کہ وہابی کی پہچان یہ ہے کہ ٹخنوں سے اونچا پاجامہ ہو گھٹنوں سے نیچا
کرتہ ہو پیشانی پر سجدہ کا نشان ہو ارکان نماز کی ادائیگی میں تعجیل نہ کرتا ہو بلکہ اطمینان سے نماز کو ادا
کرتا ہو یہ وہابی کی پہچان ہے سو اگر یہی باتیں ہیں تو اسکا تو کسی کے پاس بھی کوئی علاج نہیں۔

۳۳۱/۳۳۱ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بدون اُستاد کے کوئی کام بھی نہیں آسکتا ایک ادنیٰ سی
بات ہے قلم بنانا مگر وہ بھی بدون استاد کے نہیں بنا سکتا یعنی جب تک کسی اُستاد سے بنانا نہ

رسالہ البلاغ ۲ ج ۹ بابتہ ماہ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

سیکھے نہیں بنا سکتا میں ہی ہوں حالانکہ لوہے کے قلم سے لکھکر میرا جی خوش نہیں ہوتا سادہ قلم سے لکھتا ہوں تو جی خوش ہوتا ہے مگر قلم خود نہیں بنا سکتا جب ضرورت ہوتی ہے دوسرے سے بنواتا ہوں تو جب ادنیٰ چیزوں میں اُستاد کی ضرورت ہے تو مسائل بدون اُستاد کے اور اہل علم سے سیکھے ہوئے اور پڑھے ہوئے کیسے سمجھ میں آسکتے ہیں اور اسی طرح بدون شیخ کامل کے اصلاح باطن کس طرح ہو سکتی ہے علم میں ضرورت ہے اُستاد کی عمل میں ضرورت ہے شیخ کامل کی محض کتابیں دیکھکر کام نہیں چلا سکتا جیسے مریض کہ طب کی کتاب دیکھکر اپنا علاج نہیں کر سکتا۔

۳۳۲ (**ملفوظ** بلقب تنبیہ الاحزاب علی ضرورۃ الحجاب) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ بے پردگی اعلیٰ درجہ کی بے حیائی اور بے غیرتی ہے نصوص اور مسائل کے خلاف ہونیکے علاوہ بے پردگی خود ایک غیرت کی چیز ہے جو کہ فطری ہے ان بے حسوں میں غیرت بھی تو نہیں رہی مجھکو تو مسلمانوں کی اس حالت پر بیحد صدمہ اور رنج ہے کیا کروں اگر میرے ہاتھ میں حکومت ہو تو ایکدن میں انکو درست کردوں حضرت عمر فاروق رضؓ کے زمانہ میں ایک شخص ضبیع نام مدینہ

۲۵ میں وارد ہوا اور قرآن شریف کے متشابہات میں سوال وجواب کرنا شروع کیا آپنے حاضر ہونے کا حکم دیا اور سر پر قمچیاں مارنا شروع کیں بس دماغ درست ہو گیا پھر اسکو وطن واپس کر دیا اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضؓ کو جو کہ عامل تھے لکھدیا کہ لوگوں میں اعلان کردو کہ اسکے پاس کوئی نہ بیٹھے (کذا فی روح المعانی) ہمارے حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ نعل دار جوتا روشن دماغ ہے واقعی صحیح ہے اور یہ فرمایا کرتے تھے کہ جہاں چار کتابیں آسمان سے نازل ہوئی ہیں توریت زبور انجیل قرآن اگر ان سے عملی فیصلہ نہ ہو تو اسکے لئے ایک پانچویں چیز بھی حق تعالیٰ نے نازل فرمائی ہے وہ اس آیت میں مذکور ہے وانزلنا الحدید فیہ باس شدید یعنی لوہے کو بھی نازل فرمایا ہے مراد اس سے سیف ہے اس سے عملی فیصلہ ہو جاتا ہے اسلام میں آجکل یہ ہی تو نہیں رہی اسی کی ساری خرابی ہے آزادی کا زمانہ ہے جو جسکے جی میں آتا ہے کہتا ہے جو منہ میں آتا ہے بکتا ہے اس آزادی سے یہانتک نوبت آگئی ہے کہ عام پبلیٹ فارموں پر بے پردگی کے متعلق لیکچر دیے جاتے ہیں قرآن وحدیث میں تحریف کیجاتی ہے اور ان تازہ تحریکات کی بدولت اور زیادہ گمراہی کا دروازہ کھل گیا لوگ دلیر ہو گئے اور ان آزاد لوگوں کو زیادہ جرارت مولویوں کی شرکت سے

Marfat.com

پیدا ہوئی اگر یہ جماعت الگ رہتی تو انکو اتنا حوصلہ نہ ہوتا اسلئے کہ مولویوں کی شرکت کی وجہ سے عوام ان قصوں میں شریک ہو گئے اور ان بد دینوں کو اُن کے گمراہ کرنیکا موقع ہاتھ لگ گیا اور جن لوگوں نے خدا ترسی کی وجہ سے اور اسوجہ سے کہ دین محفوظ رہے ان تحریکات سے علیحدگی کی انپر قسم قسم کے الزام اور بہتان باندھے گئے بدنام کیا گیا کہ یہ اسلام اور مسلمانوں کے دشمن ہیں سی آئی ڈی کے محکمہ سے تنخواہ پانے والے ہیں اور نہ معلوم کیا کیا کہا گیا مگر اسکا نتیجہ بہت جلد برآمد ہوا کہ برادرانِ وطن نے شدھی کا حربہ اور جابجا مسلمانوں کو قتل اور مسجدوں کو شہید کرنا شروع کیا تب حقیقت منکشف ہوئی کہ واقعی ہم کہاں اور کس طرف جا رہے تھے یہ اسکا نتیجہ ملا کہ خدا کے دشمنوں کیساتھ سازش کی توحید اور رسالت کے منکروں کو مسلمانوں کے مجمع میں مذکر بنایا مساجد کے ممبروں پر انکو بٹھایا یہ میں عقلا یہ ہیں بیدار مغز یہ ہیں روشن دماغ جنکے دماغوں میں گیس کے ہنڈے اور بجلیاں روشن ہیں ارے کہیں بجلیاں کام دینے والی چیزیں ہیں خدا کی تجلیاں اگر اس سے دماغ روشن ہو تو پھر دیکھو کہ خدا کی اعانت خدا کی امداد خدا کی رحمت خدا کی نصرت تمھارے سر و نپر کس طرح سے سایہ افگن ہو اور اسوقت تمام عالم کی غیر مسلم اقوام بھی ملکر تمھارا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں کیوں گداگری کرتے پھرتے ہو تمھارے گھر کے اندر خود خزانہ دفن ہے اگر تمکو خبر نہیں تو جنکو خبر ہے اُن سے دریافت کرو اُسکے حصول کا طریقہ معلوم کرو اُنکی جوتیاں سیدھی کرو اُنکی ناز برداری کرو پھر دیکھو کہ کیا کچھ ملتا ہے کور باطن دوسری قوموں کی ترقی اور دولت کو دیکھکر رال ٹپکاتے پھرتے ہیں تمکو تو خود ایک اتنی زبردست دولت سے نوازا گیا ہے کہ وہ دولت اور کسی کو حاصل ہی نہیں اور اُس دولت کے سامنے تمام ترقیاں اور دولتیں گرد ہیں وہ دولت کیا ہے دولت ایمان۔ جسکے حصول کا طریقہ یہ ہے کہ چند روز کسی کی صحبت میں رہو اور اپنے خناس کو دماغ سے نکالدو تب دیکھو ابھی تک تو بتوں ہی کی پرستش میں گذاری ہے ذرا خدا کی پرستش کر کے بھی دیکھ لو اگر اعتقاد سے نہیں تو بطور امتحان ہی سہی اسیکو فرماتے ہیں

سالہا تو سنگ بودی دل خراش — آزمون را یک زمانے خاک باش
در بہاراں کے شود سرسبز سنگ — خاک شو تا گل بروید رنگ رنگ

میں بقسم عرض کرتا ہوں کہ اسکے بعد پھر تم ہی تم نظر آؤ گے۔ میں یہ کہہ رہا تھا کہ ساری خرابی آزادی کے سبب سے ایک صاحب کا واقعہ یاد آیا کہ وہ پردہ کے خلاف لیکچر دے رہے تھے ایک شخص نے درمیان

Marfat.com

لیکچر میں کہا کہ آپ پہلے اپنی بیوی کو پردہ سے نکالئے گھر گئے اور اپنی بیوی کو بے پردگی پر راضی کرکے نکال لائے مگر کپڑے وہی ہندوستانی کلبدن کا پاجامہ وغیرہ اتفاق سے ایکمرتبہ انکو سفر پیش آیا تو ریل کے اندر فسٹ کلاس کے درجہ میں سفر کیا اسلئے کہ بڑے آدمی تھے ایک اسٹیشن پر کسی چیز کی ضرورت ہوئی خاوند صاحب تو وہ چیز لینے گئے اور وہاں پر ایک انگریز کوئی بڑا افسر اسدرجہ میں آکر بیٹھا اس نے اس عورت کو دیکھکر کہا کہ تم رنڈی ہے تم کیوں اسدرجہ میں بیٹھی ہوئی کسی دوسری جگہ جاؤ اس عورت نے کہا کہ میں رنڈی نہیں ہوں گھرستن ہوں اسپر جھگڑا ہو ہی رہا تھا کہ خاوند صاحب تشریف لے آئے انھوں نے بھی اُس انگریز سے کہا کہ یہ ہماری منکوحہ ہے اس نے کہا کہ ہمکو ہندوستان میں اتنا زمانہ گذر گیا ہمنے کبھی کسی شریف عورت کی صورت نہیں دیکھی تم جھوٹ بولتے ہو یہ رنڈی ہے اور تم اسکے آشنا ہو یہ صاحب اسٹیشن ماسٹر کو بلا کر لائے اُس نے تصدیق کی کہ میں انکو جانتا ہوں یہ انکی بیوی ہیں پھر اُس نے کوئی مزاحمت تو نہیں کی مگر نفرت ظاہر کرکے خود دوسرے ڈبہ میں جا بیٹھا اب غور کیجئے ایک انگریز بے دین بے قید بے باک مگر اسکو اسقدر غیرت آئی کہ ہندوستانی شریف عورت اسطرح کیوں بے محابا پھرتی ہے اپنی عورت کیلئے تو اس بیحجابی کو گوارا کرلیا مگر ہندوستانی عورت کیلئے گوارا نہیں کیا جہانتک تتبع کیا گیا پردہ کے مخالف یا تو رذیل ہیں یا بدمعاش رذیل تو اسوجہ سے کہ جیسے کسی کبڑے سے پوچھا تھا کہ تم اپنا اچھا ہونا چاہتے ہو یا اوروں کا کبڑا ہونا۔ اس نے کہا کہ اوروں کا کبڑا ہونا تاکہ جس طرح وہ مجھکو ہنستے ہیں میں بھی اُنکو ہنسوں اور بدمعاش اسوجہ سے کہ اپنی خواہشات کو پورا کریں ایک صاحب کا دوسرا واقعہ ہے منصوری پہاڑ پر اپنی بیوی کو ساتھ لئے جا رہے تھے چند بدمعاشوں نے ملکر یہ حرکت کی کہ دو نے تو اسکے خاوند کو پکڑ لیا اور بقیہ اسکو لیگئے اور زبردستی منہ کالا کیا پھر اُن دونے بھی کیا۔ یہ نتائج ہیں بے پردگی کے اسکے بعد اس شخص کو ہوش آیا اور اپنی بیوی کو پردہ کرایا تجربہ سے قبل تو احکام کی ان لوگوں کے قلوب میں وقعت اور عظمت ہوتی ہی نہیں ایسے کو ڈھنڈتے ہیں

۳۰ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ ہجری

مجلس بعد نماز ظہر یوم شنبہ

(ملفوظ ۳۳۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل چندہ کے بارے میں بہت ہی کم احتیاط ہے حتی کہ قریب

Marfat.com

قریب تمام مدارس میں بھی اس باب میں احتیاط سے کام نہیں لیا جاتا میں اس معاملہ میں سخت ہوں اور زیادہ بے احتیاطی یہ ہے کہ جو فرداً فرداً چندہ کی تحریک کیجاتی ہے اس سے دوسرے پر بار ہوتا ہے گرانی ہوتی ہے نیز نہ دینے پر بخل بھی ثابت ہوتا ہے جسکا حامل ایک مسلمان کو متہم کرنا ہے اور یہ کسی طرح جائز نہیں میں جو تحریک عام اور تحریک خاص میں امتیاز کرتا ہوں اسکی وجہ یہی ہے کہ ایک مسلمان کے بار نہ ہو گرانی نہ ہو اور وہ بدنام نہ ہو دعوت عام اور چیز ہے اور انفرادی صورت میں کسی سے سوال کرنا اور چیز ہے مجھکو تجربہ ہے لوگوں کی حالت معلوم ہے اس تحریک خاص کا اثر ظہور بخل قرآن مجید میں بھی مذکور ہے ان یسئلکموھا فیحفکم تبخلوا الایہ کیونکہ احفاء والحاف خطاب خاص ہی میں ہو سکتا ہے اور اسکے بعد خطاب عام کا اس عنوان سے ذکر ہے ھا انتم ھؤلاء تدعون لتنفقوا فی سبیل اللہ یہ دعوت خطاب عام ہے اور اسی فرق کی وجہ سے احفاء پر جو بخل ہوا اسمیں نکیر نہیں فرمایا گیا کہ معذور ہے اور دعوت پر جو بخل ہوا اسپر نکیر فرمایا گیا فمنکم من یبخل ومن یبخل فانما یبخل عن نفسہ الایہ میں نے میرٹھ کے ایک وعظ میں اس فرق کو بیان کیا تھا حضرت مولانا خلیل احمد صاحب رح بھی اس بیان میں شریک تھے وعظ کے بعد خوش ہو کر فرمایا کہ آج آیت کے معنی معلوم ہوئے یہ انکی تواضع و محبت تھی مولانا خلیل احمد صاحب رح میرے متعلق فرمایا کرتے تھے کہ میں اسکو اسوقت سے جانتا ہوں کہ یہ مجھکو نہ جانتا تھا مجھسے بڑی محبت فرماتے تھے اور حضرت میرے پاس سے ہی گیا بس یہی ایک چیز ہے یعنی اللہ والوں کی محبت مولانا نہایت سادہ تھے کوئی بناوٹ نہ تھی۔

(ملفوظ ۳۳۴) فرمایا کہ ایک شخص کا خط آیا تھا لکھا تھا کہ ایک لڑکے کی طرف میلان ہو گیا ہے ہر وقت شب و روز اسکا دل میں خیال رہتا ہے ایسے چند ماہ کے بعد ہوش آیا ہے آپکو لکھتا ہوں دعا بھی فرماویں کہ اس بلا سے نجات ہو اور اصلاح بھی فرماویں میں نے جواب میں لکھدیا تھا کہ التکشف جلد اول کے صفحہ ۶۶ پر اسکا علاج مذکور ہے اسکو دیکھیں اور عمل کریں آج پھر خط آیا ہے لکھا ہے کہ میں نے اسکو دیکھکر عمل کیا اللہ کا شکر ہے کہ مرض کا علاج ہو گیا ایسی وقت بھی اسکا خیال نہیں آتا میں نے جو ایسا لکھدیا ہے کہ بیمار کیا ہو۔ اسپر فرمایا کہ اگر کوئی خود اپنا علاج بتا دے تو اللہ تعالیٰ مدد فرماتے ہیں التکشف میں جو اسکے متعلق تدبیریں لکھی ہیں تو بیشک اللہ اس سے بہت لوگوں کو نفع ہوا

Marfat.com

(ملفوظ) ایک سلسلۂ گفتگو میں فرمایا لوگوں کی بے استقلالی کی حالت دیکھکر کیا کسی کام کرنے کو جی چاہے اور کیا ہمت بڑھے معترض لوگ کہتے تو ہیں کہ یہ کسی کام میں شرکت نہیں کرتا اگر یہ شرکت کرے تو سب کام ہو جائیں مگر ان باتوں کو تو میں ہی سمجھتا ہوں مجھکو لوگوں کی حالت کا تجربہ ہے میں اپنے تجربات کو دوسروں کے کہنے سے کیسے فراموش کر دوں مثال میں ایک واقعہ پیش کرتا ہوں یہاں پر ایک چندہ ہوا تھا احباب خاص میں وہ بھی میں نے کیا خود احباب نے کر لیا مگر میں نے منع نہیں کیا اس درجہ کی شرکت بھی تھی آمیں ایک حصہ چند آدمیوں نے ملکر اپنے ذمہ لیا تھا رمضان المبارک سے قبل کا واقعہ ہے آجتک بھی ایک پیسہ نہیں آیا یہ حالت ہے ایک خط اطلاع کی گیا اسکا بھی جواب نہیں اور تماشہ یہ ہے کہ یہ سب لوگ بیعت کا تعلق رکھنے والے ہیں جنکی یہ حالت اسکے مصداق ہے ؎

گر جاں طلبی مضائقہ نیست ۔ ور زر طلبی سخن دریں ست ۔

کسی طریقت کا قول ہے محبت کریں پاکیزہ لینے دینے کے متعلق نہ کریں ہاں واقعات سے مجھکو اجکل کے چندہ سے بیحد نفرت ہے لوگ بڑے فخر سے کہتے ہیں کہ ہمنے لاکھوں وصول کیا اور اس پر کیا وصول کیا بھیک مانگتے ہیں کونسی عزت ہے آمیں تو ذلت ہی ذلت ہے اور اگر جبر سے یا اثر سے کام لیا تو یہ دکھتی ہوئی آمیں بھی کونسی عزت ہے اور اگر دکھتی ہیں عزت ہے تو پھر کھلم کھلا دکھتی ہی کیوں عزت کا کام تو کرنا چاہئے ۔ ایک بہت بڑے علامہ سے میری گفتگو ہوئی تحریک خاص پر کہ یہ مال ۔ میں نہیں پوچھا کہ کیا دلیل ہے میں نے حدیث پڑھی الا بحل مال امرئ مسلم الا بطیب نفس منہ یعنی کسی مسلمان آدمی کا مال بدون اسکی خوشدلی کے حلال نہیں تو کہتے ہیں ہاں یہ تو ٹھیک ہے مگر اسدرجہ کا حرام نہیں ہے میں نے دل میں کہا کہ کل کو یہ کہیگا کہ گو ناں حرام ہے مگر اسدرجہ کی حرام نہیں یہ تو گدائی کی تسلیم پھر گفتگو تھی اور اگر کسی کا یہ مقولہ ہو کہ لوگ ہمارے مرید ہیں ہر مرید کو گدائی نہیں ہوتی سوا اسکا اندازہ ایک حدیث سے ہو سکتا ہے حضور صلے اللہ علیہ وسلم از راہ مظہر انتہا فرماتے ہیں کہ تجھکو اپنے بعد تمہارا بیحد خیال ہے کہ کون تمہاری قدر سمجھیگا کون کریگا تو کہتا ہے کہ صحابہ کے متعلق حضور کا یہ خیال اسکے بعد کسی پیر یا شیخ کو اپنے مرید پر کس طرح اعتماد ہو سکتا ہے کہ تحریک خاص پر گدائی نہ ہوگی کیا منہ ہے کسی کا جبکہ حضور کا یہ خیال ہے کہ ہزاروں میں تم ہی ایسے ہو

Marfat.com

ہوں گے جو خدمت کر سکیں گے باوجود اسکے کہ صحابہ جان نثار تھے قربان جائیے حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے کیسی پاکیزہ تعلیم فرما گئے۔

(ملفوظ ۳۳۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل لوگوں کو دین سے نوحش ہے اسکا سبب جہل و کسل ہے اگر علم صحیح کر طلب صادق ہو تو دین میں کوئی دشواری اور تنگی پیش نہیں آسکتی مجھے تو اس باب میں اسقدر شرح صدر ہے کہ میں اسپر قسم کھا سکتا ہوں کہ جتنی دشواریاں دین میں نظر آرہی ہیں اگر ارادہ کرو اور عمل شروع کر دو تو میں شرح عرض کرتا ہوں اور خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ سب دشواریاں ہٹتی چلی جائیں۔ میں ایک مثال دیا کرتا ہوں کہ جنگل میں دیکھا ہوگا یا کسی پختہ سڑک پر کہ راستہ کے دونوں طرف درخت ہوتے ہیں اور دور سے نظر کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آگے چلکر دونوں طرف کے درخت آپس میں ملے ہوئے ہیں اور راستہ بند ہے اب یہ اسکو دیکھکر ہراس زدہ کھڑا ہے کوئی مبصر آیا اس نے دریافت کیا کہ کیوں ہراساں ہے کہتا ہے کہ راستہ آگے بند ہے منزل مقصود پر کیسے پہونچونگا وہ کہتا ہے کہ جہانتک راستہ کھلا ہے وہانتک تو چل اور پہونچ کر آگے دیکھنا اب وہاں پہونچکر جس راستہ کو بند سمجھتا تھا اتنا ہی اور راستہ بھی کھلا ہوا نظر آیا بیچکا ہم بن گیا جہانتک چلنا شروع نہ کیا تھا اسوقت تک راستہ بند نظر آرہا تھا اگر چلنا شروع کر دو خود بخود درخت اور پہاڑ سب ہٹتے نظر آئیں گے اور واقع میں وہ پہاڑ ہی نہیں تھے محض ہمارا خیال اور وہم تھا اسی کو فرماتے ہیں ؎

اے خیال ما ترا صد رہ و منزل نیست — چہ کنی سحر و خدعہ نمرود نیست

طالب اور ہمت پر جبکہ خدا کیساتھ ہو بڑے بڑے پہاڑ خیالی و ملمع کار ہو کر میدان بن جاتے ہیں اسی کو فرماتے ہیں ؎

گر نبیند رستہ ہمت عالم را پدید — خیرہ یوسف وار می باید دوید

تحریم الحرام ۱۳۵۱ھ

(ملفوظ ۳۳۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں ہر شخص کی ساتھ یہ چاہتا ہوں کہ بات صاف ہو معاملہ صاف ہو آپس میں غلط فہمی نہ ہو خصوص ان لوگوں سے جو محبت کا دعویٰ کرتے ہیں تعلق کا دعویٰ کرتے

بابتہ ماہ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۶ ہجری

Marfat.com

ہیں اُنکی تو اگر ذرا سی بات بھی بے ڈھنگی ہوتی ہے تو برداشت نہیں کرسکتا اور اصل بات یہ ہے کہ اصلاح موقوف ہے فہم پر اور فہم لوگوں میں ہے نہیں پھر اصلاح کس طرح ہو اگر میں انکی بیہودگیوں پر سکوت کروں تو یہ ہوسکتا ہے کیا مشکل ہے بلکہ اسمیں مجھے راحت بھی ہے مگر میں ایسے سکوت کو خیانت سمجھتا ہوں جیسے مریض طبیب کے پاس جائے اور طبیب اُس مریض کے مرض پر اطلاع نہ دے اُسکے مرض کو چھپائے کیا یہ خیانت نہیں۔ اور تف ہے ایسے چھپانے پر اور ایسی خوش اخلاقی پر جو آجکل کے رسمی پیروں کے یہاں مروج ہے اب تو خلاصہ اس تعلق کا یہ رہ گیا ہے کہ مرید نے ہاتھ پانوں چومنے کیلئے نذرانہ پیش کردیا آگے نہ مرید کو اصلاح کی ضرورت نہ پیر کو احتساب کی ضرورت شمع کی طرح پیر صاحب بیچ میں بیٹھے ہیں اور پروانے (یعنی مرید) چہار طرف جمع ہیں سو مجھکو تو یہ طرز کسی درجہ میں بھی پسند نہیں لیکن اگر اسکے مقابلہ میں کسی کو ہمارا طرز بھی پسند نہ ہو تو ہم یہ کہتے ہیں کہ یہاں مت آؤ اور اگر آگئے ہو اور دھوکہ ہوگیا ہے تو اب چلے جاؤ بلانے کون جاتا ہے اور اگر باوجود ہمارے اس طرز کے بھی ہمکو کوئی پیٹے تو پھر اُس طرز کے حقوق ادا کرو۔ بقول عارف شیرازی رح ؎

یا ممکن با پیلبانان دوستی، یا بسا کن خانہ بر انداز پیل،
یا مکش بر چہرہ نیل عاشقی یا فرو شو جامۂ تقوی بنیل

اور یہ حقوق وہ ہوں گے جنکو ہم حقوق سمجھتے ہیں وہ نہیں جنکو تم حقوق سمجھتے ہو اور اگر کسی سے نہیں ہوسکتا تو ہمسے تعلق مت رکھو لوگ تو یہ چاہتے ہیں کہ بلی کے گوہ کی طرح ان کے نقائص کو دبائے رہو سو اگر ایسا کیا گیا تو پھر اصلاح کس طرح ہوگی اور مجھسے یہ توقع رکھنا کہ میں دوسرے کی حالت کو چھپاؤں مشکل ہے جبکہ میں اُسکا اخفا کرنا خیانت سمجھتا ہوں پھر یہ بات بھی تو قابل غور ہے کہ خود میری حالت کھلی ہوئی ہے بری یا بھلی میں خود اُسکو نہیں چھپاتا اگر اس حالت میں ہیں کسی کو پسند نہ ہوں تجھسے تعلق پیدا کریں ورنہ اور کہیں جائیں بقول غالب ؎

ہاں وہ نہیں وفا پرست جاؤ وہ بیوفا سہی جسکو ہو جان و دل عزیز اُسکی گلی میں جائے کیوں

میرے طرز کو تشدد کہا جاتا ہے حضرت شیخ اکبر رح نے تو یہانتک لکھا ہے کہ مریدوں کو آپ میں زیادہ سختی دینا چاہیے کیا یہ بھی تشدد ہے اور واقعی شیخ نے یہ بڑے کام کی بات فرمائی اسلئے کہ دیکھا جاتا ہے کہ آپسمیں بیٹھکر کہیں شاعری ہو رہی ہے لطیفے ہو رہے ہیں بے سمجھے نکات و اسرار بیان ہو رہے ہیں

Marfat.com

غرض یونہی وقت فضول برباد کیا جاتا ہے نہ ذکر ہے نہ شغل ہے نہ فکر ہے نہ تلاوت ہے نہ نوافل ہیں بس مجالس ہی مجالس رہ جاتی ہیں۔ اور حضرت شیخ اکبر تو یہانتک فرماتے ہیں کہ اگر کوئی مرید شیخ سے کسی تعلیم کی بھی حالت پوچھے اسکو ٹکا سا جواب ایک بزرگ کا واقعہ ہے کہ جب کوئی طالب کچھ بیعت کا سوال کرتا تو آپ کہا کرتے کہ کھانا کھا چکنے کے بعد جو کھانا بچا ہے اسمیں روٹی سالن تمہارے بچا یا نہیں اگر تمہارا سب نہ ہوتا تو بیعت سے عذر فرما دیتے کہ تمہاری طبیعت میں انتظام نہیں ہمارے یہاں تمہارا نباہ نہ ہوگا اور بزرگوں نے ہمیشہ طالبوں کے بڑے بڑے سخت امتحانات لئے ہیں میرے یہاں تو پھر بھی بہت سہولت ہے باقی میرا اصلی مذاق یہی ہے کہ قبل از بیعت ہونیکے تو اسکی دوستی کے حقوق کو پورے طور سے ملحوظ رکھتا ہوں مگر بعد بیعت ہونیکے پھر دوستی کے علاقہ کو نالپسند کرتا ہوں اسوقت صرف پیر اور طبیب کے علاقہ کی ضرورت ہے مگر لوگوں کو نکو خبر نہیں اس طریق کی اور اسکے آداب کی اور عوام تو بیچارے کس شمار میں ہیں اکثر علماء تک کو خبر نہیں اور واللہ میں تو بہت رعایتیں کرتا ہوں مگر اسی کے ساتھ یہ بھی ہے کہ میں غلامی بھی نہیں کرتا ایک مولوی صاحب ہیں انکو میری سیاست کے وقت لوگوں پر بہت رحم آتا تھا میں نے انکو رسالہ آداب الشیخ دیا کہ اسکو بغور دیکھئے یہ رسالہ شیخ اکبر کے ایک رسالہ کا ترجمہ ہے اصل رسالہ عربی میں تھا اسکا سیرے ایک دوست نے اردو میں ترجمہ کر دیا ہے انھوں نے دیکھا کہنے لگے کہ یہ تو آپ سے بھی بہت آگے بڑھے ہوئے ہیں اسکے بعد انکا تشدد کا گمان رفع ہوا۔ ۳۴

(ملفوظ ۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں اسپر قسم کھا کر کہہ سکتا ہوں کہ فہم کی کمی سے غلطیاں بہت کم ہوتی ہیں زیادہ فکر کی کمی سے ہوتی ہیں اور فکر ہوتے ہوئے اگر فہم میں کمی بھی ہو اس سے غلطیاں عمدہ میں بھی کم ہوتی ہیں اور کبھی کبھی کم ہوتی ہیں مگر فکر و غور سے کام نہیں لیتے اس سبب سے غلطیاں زیادہ ہوتی ہیں اگر فکر ہو تو خود سمجھ میں نہ آئے پر دوسرے سے پوچھے گا کہانتک غلطی ہوگی چونکہ فکر اور توجہ سے کام نہیں لیتے اسلئے سمجھ زیادہ غصہ آتا ہے اور فکر کی کمی کا سبب طلب کی کمی ہے چنانچہ خدا کی اتنی بھی طلب نہیں کہ جتنی کسی رنڈی پر یا لڑکے پر عاشق ہو جانے پر اسکی طلب ہے پھر شیخ کی تعلیم کا کیا خاک اثر ہو۔ خدا سے صحیح اور قوی تعلق پیدا کرنا چاہیئے اور وہ بدون اسکے کہ فکر کی ساتھ اعمال میں احوال میں باطناً بھی ظاہراً بھی سنت کا پورا اتباع ہو ہو نہیں سکتا۔

رسالہ المبلغ ص ۲ ج ۹ — بابتہ ماہ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

(**ملفوظ**) ایک نووارد صاحب نے پانچ روپیہ بطور ہدیہ حضرت والا کی خدمت میں پیش کئے معمول کے خلاف ہونیکی بنا پر حضرت والا نے قبول فرمانے سے انکار فرمادیا تھوڑی دیر میں اُن صاحب سے ایک غلطی ہوئی اُسپر تنبیہ فرماتے ہوئے حضرت والا نے فرمایا کہ اسوقت میرے پانچ روپیہ کا تو نقصان ہوا لیکن اگر میں وصول کرلیتا تو اسوقت آپکی اصلاح کے متعلق صاف صاف نہ کہہ سکتا لے لینے کے بعد خیال تو ہوتا ہی ہے کہ یہ میرے محسن ہیں انکی رعایت کرنا چاہیئے۔ یہ نہ لینے ہی کی برکت ہے کہ صاف صاف کہدیا اور اگر نہ کہتا تو ان کے دین کا نقصان تھا اور اب تو اپنا دنیا کا نقصان کیا بلا سے پانچ روپیہ نہ ملے مگر ایک مسلمان کو ہمیشہ کیلئے جہل سے نجات ملگئی۔

(**ملفوظ**) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بزرگوں کی ہر بات پر برکت ہوتی ہے پانی پت میں ایک بزرگ تھے عادۃً تو صاحب سماع نہیں تھے مگر اس سے پرہیز بھی نہ تھا کسی مجلس میں اتفاق سے شریک ہوگئے ایک بار اتفاق ہی سے ایک مجلس میں شریک تھے قوال یہ کہہ رہا تھا۔ ایسا ٹونا کردے ری ایسا ٹونا کردے یعنی ایسا سحر کردے اُسی وقت میں ایک عورت اپنے خاوند کی شکایت لیکر آئی کہ مجھکو بہت ستاتا ہے ناراض رہتا ہے اون بزرگ نے خادم سے کہا کہ یہ ہی لکھکر دیدو کہ ایسا ٹونا کردے ری خادم ۳۳
نے یہ ہی لکھکر اس عورت کو دیدیا خدا کی قدرت خاوند مسخر و مطیع ہوگیا۔

(**ملفوظ**) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں نے ایک وعظ میں کہا تھا کہ میں انگریزی پڑھنے کو منع نہیں کرتا اگر ضرورت ہے پڑھو اور نہ میں یہ کہتا ہوں کہ عربی پڑھکر سب علامہ بنجائیں ہاں دین کی حفاظت کی ہر مسلمان کے لئے ضرورت ہے سو اسکی ایک صورت بیان کرتا ہوں کہ انگریزی پڑھکر بھی حفاظت ممکن ہو وہ صورت یہ ہے کہ تعطیلات کے زمانہ میں نصف حصہ لہو لعب میں صرف کرو اور کم از کم نصف حصہ اہل اللہ کی صحبت میں صرف کرو یہ صحبت بڑی چیز ہے تو اس صورت میں دین محفوظ رہیگا ورنہ نری انگریزی کا نتیجہ یہ ہوتا ہے جیسے دیوبند کا ایک قصہ ہے وہاں کے رہنے والے ایک ڈپٹی صاحب تھے اُن کے باپ پرانی وضع کے سادہ مزاج گاڑھا پوش تھے بیٹے سے اُن کی نوکری پر ملنے گئے اُن کے دوست احباب نے پوچھا کہ آپکی تعریف باپ کہتے ہوئے ہمارا آئی کہتے ہیں کہ یہ ہمارے پڑوسی ہیں اُن بڑے میاں نے کہا کہ یہ جھوٹا ہے میں اسکی ماں کا پڑوسی ہوں وہ میری بغل میں رہا کرتی ہے لوگ سمجھ گئے کہ بڑے میاں ڈپٹی صاحب کے باپ ہیں ایک اور واقعہ ہے ایک صاحب ولایت پاس کرکے آئے

Marfat.com

باپ سے ملے تو مصافحہ کرتے وقت پوچھا کہ ول بڈہا تم اچھا ہے ادب کا تو نام نہیں رہتا فرمایا کہ ادب پر یاد آیا دہلی میں حکیم عبدالمجید خاں صاحب جانتے ہیں کس درجہ کے تھے فن میں بھی غزلیں بھی۔ میں نے اُن سے نفیسی کے کچھ سبق پڑھے بھی ہیں اس معنی کر میرے اُستاد بھی تھے اُن کے ایک مصاحب بیان کرتے تھے کہ ایک بار اُنھوں نے یہاں آنیکا ارادہ ظاہر کیا تو ان ہی صاحب سے جو کہ تھانہ بھون کے رہنے والے تھے پوچھا کہ وہاں جانے کے کیا شرائط اور ملنے کے کیا اوقات ہیں اُنھوں نے کہا کہ آپکو اس تحقیق کی کیا ضرورت آپ تو اُن کے اُستاد ہیں تو حکیم صاحب نے یہ فرمایا کہ میں جس حیثیت سے جاؤں ہوں اُسی طرح جاؤنگا اسمیں اُستادی شاگردی کو کوئی دخل نہیں یہ ہے ادب آج شاگرد اتنا ادب نہیں کرتے اُستاد کا جتنا پہلے استاد کرتے تھے اپنے شاگردوں کا ایک اور واقعہ یاد آیا خورجہ کے رہنے والے مظفرنگر میں ایک ڈپٹی صاحب تھے جو صاحب نسبت صاحب طریقت بھی تھے ایکمرتبہ وہ ہماری حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے ملے تھے وہ معمر شخص تھے اور حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی عمر اُسوقت بہت تھوڑی تھی مگر حضرت کی شہرت ہو چکی تھی بہت لوگ معتقد بھی تھے اُن ڈپٹی صاحب نے ایک بیاض لکھی ہے بیاض دلکشا اُسکا نام ہے اسمیں حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ کی صحبت کی برکت کی نسبت لکھا ہے ؎

آنہن کہ پارس آشنا شد ۔۔۔ فی الحال بصورت طلا شد

محض ایک ہی ملاقات معلوم ہوتی ہے اور خود بھی صاحب نسبت تھے اور معمر اور معزز مگر ایک ہی ملاقات کا یہ اثر ہوا کیسی عقیدت کا اظہار فرمایا یہ ہے ادب۔

۱۰ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس بعد نماز جمعہ

(ملفوظ ۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ شاہجہاں نے تخت طاؤس بنوایا تھا وہ تخت اسوقت یورپ میں ہے بہت قیمتی تخت ہے کئی لاکھ روپیہ اسپر صرف ہوا تھا جسوقت یہ تخت بنکر تیار ہوا اور شاہجہاں اُس تخت پر بیٹھے ہیں تو اُن کے وزیر سعداللہ خاں پانی پت کے رہنے والے اپنی آستین میں ایک چھرا رکھکر دربار میں حاضر ہوئے شاہجہاں نے تخت پر اول دو رکعت نفل شکرانہ ادا کیا اور عرض

Marfat.com

کیا کہ اے اللہ فرعون کو تخت آپنے عطار فرمایا تو اس نے خدائی کا دعوی کیا اور مجھکو عطار فرمایا تو میں آپکی بندگی ادا کر رہا ہوں یہ مجھپر آپکا فضل اور رحمت ہے پھر سعد اللہ خاں سے چھڑا لانے کی مصلحت پوچھی یہ سنکر سعد اللہ خاں نے عرض کیا کہ مصلحت یہ تھی کہ اگر آج تخت پر بیٹھکر کوئی کبر کا کلمہ آپکے منہ سے نکلتا جس سے آگے کفر کا اندیشہ ہوتا تو کلمہ کفر نکلنے سے پہلے آپکا کام تمام کر دیتا اسلئے کہ میں نے آپکا نمک کھایا تھا اسکو حلال کرتا گو اسکے عوض میں میں دوزخ ہی میں چلا جاتا مگر آپ کو کفریات سے متلبس نہ ہونے دیتا اسپر شاہجہاں بہت خوش ہوئے اور سعد اللہ خاں کی بڑی عزت اور قدر کی۔

(ملفوظ) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت آجکل سائل سوال کرتے پھرتے ہیں بظاہر نہایت تندرست ہٹے کٹے ہوتے ہیں انکو کچھ دینا جائز ہے یا نہیں فرمایا نہیں آجکل تو لوگوں نے مانگنے کا پیشہ بنا لیا ہے اسپر استطراداً ایک سائل کا قصہ بیان فرمایا کہ مجھسے ایک صاحب نے بروایت محسن الملک کے بیان کیا کہ سید احمد خاں اپنی کوٹھی میں بیٹھے تھے اسمیں شیشے کے کیواڑ تھے ایک شخص آئینوں میں سے نظر آیا نہایت بوسیدہ اور میلے کپڑے پہنے ہوئے کوٹھی سے باہر آکر بیٹھا یہ شیشہ کے کیواڑوں میں سے دیکھ رہے تھے محسن الملک بھی سید احمد خاں کے پاس بیٹھے ہوئے تھے سر سید نے اُن سے کہا کہ دیکھو یہ ایک مکار سائل ہے اور اب اپنا لباس تصنع کا بدلیگا اور پھر آکر سوال کریگا مگر میں اسکو ایک کوڑی نہ دونگا ایسا ہی ہوا اُس نے اپنی گٹھڑی میں سے چوغہ عمامہ تسبیح نکالی اور بن ٹھنکر کوٹھی پر آیا اور دستک دی کیواڑ کھولدئے گئے اُس نے اندر داخل ہوکر سلام کیا اُسوقت سید احمد خاں لیٹے ہوئے تھے نہایت بے رخی سے جواب دیا اور بیٹھنے کو بھی نہیں اُس نے ایک کرسی پر بیٹھکر کہا کہ مجھکو فلاں ضرورت ہے اعانت چاہتا ہوں سر سید اسی طرح بے التفاتی کیساتھ لیٹے رہے دوران گفتگو میں اُسکے منہ سے یہ بھی نکلا کہ میں شاہ غلام علی صاحب کا دیکھنے والا ہوں اُسکا یہ کہنا تھا کہ سید احمد خاں نہایت اضطراب کے ساتھ اٹھکر سیدھے بیٹھ گئے وہ کچھ حالات شاہ صاحب کے بیان کرتا رہا اور سر سید بہت توجہ سے سنتے رہے پھر اُسکے لئے نہایت ادب و احترام کے ساتھ کھانا منگایا اور کھانے کے بعد پچاس روپیہ پیش کئے جب وہ چلا گیا تو محسن الملک نے پوچھا کہ یہ کیا خبط تھا خود ہی تو کہہ رہے تھے کہ یہ شخص مکار سائل ہے پیشہ ور ہے اسکو ایک کوڑی نہ دونگا یا ایسے معتقد ہوئے جیسے اُس نے جادو کر دیا ہو آخر آپ کو یہ سوجھی کیا تھی سید احمد خاں نے کہا کہ تمکو خبر نہیں اس شخص نے کس کا نام لیا اگر یہ اسوقت جان بھی طلب کرتا

Marfat.com

تو میں عذر نہ کرتا حضرت شاہ صاحب کی اسقدر عظمت تھی نام سنکر از خود رفتگی کی کیفیت طاری ہوگئی۔

(ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میرے دل میں کسی کی طرف سے ذرہ برابر الحمدللہ بغض یا خلش نہیں نہ قلب میں غل (بالکسر) نہ زبان پر غُل (بالضم) اور الحمدللہ دوسرے بھی میری ساتھ ایسی ہی ہیں اہل وطن کو اکثر دیکھا ہے کہ مخالف ہوتے ہیں مگر بحمداللہ میرے ساتھ میرے اہل وطن کو نہ مخالفت ہے نہ تعظیم ہے ہاں محبت سبکو ہے حتیٰ کہ ہنود کو بھی بھنگی چماروں تک کو بھی محبت ہے بعض لوگ ان ہی اہل وطن میں ایسے بھی ہیں جو تحریکات کے زمانہ سے اختلاف رکھتے ہیں مگر ہمیشہ سے جب ملتے ہیں جھککر سلام کرتے ہیں میں، خدا کا شکر ادا کرتا ہوں کہ یہ آپکا فضل ہے رحمت ہے ورنہ مجھمیں ایسا کونسا سُرخاب کا پر ہے۔

(ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل جسکا نام اخلاق ہے اچھی خاصی دوکانداری ہے مجھکو ایسے اخلاق متعارفہ سے نفرت ہے اسی لئے بدنام بھی ہوں مثلاً یہ تعویذ گنڈوں ہی کا سلسلہ ہے اگر ان لوگوں کے ساتھ ڈھیلاپن برتا جاتا تو اچھا خاصہ میلا لگ جاتا پھر کوئی کام بھی نہ ہوسکتا مزاحاً فرمایا کہ سب کام میلا ہوجاتا اور خصوص عورتوں کا تو ہر وقت ہجوم رہتا اور عورتوں یا لڑکوں کا ہجوم فتنہ ہے اسمیں بڑے مفسدے ہیں میری تو اس باب میں یہ رائے ہے کہ ایسے اسباب اختیار کرے کہ نہ ڈھیلا بنے (بیاے مجہول) اور نہ ڈھیلا بنے (بیاے معروف)۔

(ملفوظ) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ حضرت مولانا دیوبندیؒ کی بھی اخیر میں یہی رائے ہوگئی تھی کہ بعض کیلئے تشدد کی ضرورت ہے چنانچہ ایک معتبر شخص مجھسے حضرت کا ارشاد نقل کرتے تھے کہ متکبرین کو تھانہ بھون بھیجنا چاہیے یہ وہاں ہی درست ہوسکتے ہیں متکبر آدمی کو تھانہ بھون بھیجنے سے مراد میری پاس بھیجنا تھا باوجود اسکے کہ حضرت اسقدر وسیع الاخلاق تھے جسکی نظیر مشکل ہے مگر متکبرین کے متعلق حضرت کی بھی یہی رائے تھی۔ حضرت کے اخلاق پر یاد آیا یہ حکایت مجھسے مولوی محمود صاحب رامپوری نے بیان کی کہ رامپور سے میں اور ایک ہندو دیوبند ایک عدالتی ضرورت سے آئے میں نے حضرت کے یہاں قیام کیا۔ اس ہندو نے مجھسے کہا کہ میاں ایک چارپائی کی جگہ مجھکو بھی دیدو تو میں بھی یہاں ہی پڑ رہوں تاکہ تحصیل میں ساتھ جانا آسان ہو میں نے اسکو بھی ایک چارپائی بتلادی گرمی کی دوپہر کا وقت تھا وہ اسپر پڑکر سو گیا اور ایک چارپائی پر

Marfat.com

میں لیٹ گیا تھوڑی دیر میں کیا دیکھتا ہوں کہ حضرت زنانہ مکان سے دبے دبے پانو تشریف لائے اور اُس ہندو کی چارپائی کی پٹی پہ بیٹھکر اُسکے پانو دبانا شروع کر دئے میں دیکھکر برداشت نہ کرسکا اُٹھا اور پاس جاکر عرض کیا کہ حضرت تکلیف نہ فرمائیں میں دبا دونگا فرمایا کہ یہ میرا حق ہے میرا مہمان ہے تمکو حق نہیں جاؤ تم اپنی جگہ لیٹو کہیں اس قیل وقال سے اس بیچارے کی آنکھ نہ کھلجائے اور پھر اسکو تکلیف ہو غرض حضرت پانو دباتے رہے اور اُسکو کچھ خبر نہیں پڑا ہوا خرخر کر رہا تھا فرمایا کہ اسمیں اتنا مقدر تھا تو حضرت کے اخلاق کی نظیر ملنا مشکل ہے مگر متکبرین کے متعلق حضرت کی بھی یہ ہی رائے تھی کہ انکو تھانہ بھون بھیجا جائے وہاں انکے مزاج درست ہوں گے اور کمال اخلاقی کے ساتھ حضرت کا یہ دوسرا کمال تھا کہ دونوں شانیں جمع تھیں ایک وقت گھر پر کا ضعیف کا حق ادا ہو رہا ہے اور ایک وقت جب وہ کافر میدان میں آوے تو سیف کا حق ادا ہو رہا ہے جبکہ اُسکا ظلم وحیف ظاہر ہو۔

(**ملفوظ** ۱۱) فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا ہے لکھا ہے کہ قلب میں وسواس آتے ہیں اسکے واسطے کوئی ورد بتلادو یہ صاحب ایک بہت بڑے شیخ سے مرید ہیں لیکن آجتک یہ خبر نہیں کہ ورد سے بھی کہیں وسوسوں کا علاج ہوتا ہے اسلئے میں کہا کرتا ہوں کہ فقط بیعت سے کچھ کام نہیں چلتا تعلیم وتنظیم کی ضرورت ہے اسپر مجھکو بدنام کیا جاتا ہے کہ سخت ہے بس یہ سختی ہے کہ میں نا واقفوں کو واقف بناتا ہوں کیا یہ بھی جرم ہے ایک قصبہ ہے تیتروں وہاں سے بہت سی عورتیں بیعت ہونے آئیں ایک چھکڑا بھرا ہوا تھا فرمایا کہ چھکڑا کیا بھرا ہوا تھا اسمیں ایک جھگڑا بھرا ہوا تھا میں نے بیعت کرنے سے اس بنا پر انکار کر دیا کہ تم اپنے اپنے خاوندوں سے پوچھکر نہیں آئی ہو میں بیعت نہ کرونگا میں نے بعد میں سنا کہ اُن عورتوں نے یہ کہا کہ یہ مولوی اچھا نہیں گنگوہ والا مولوی اچھا تھا ترت (یعنی فوراً) مرید کرلے تھا میں نے کہا کہ بالکل سچی بات ہے دونوں جزو صحیح ہیں حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کا اچھا ہونا اور میرا بُرا ہونا مگر بلانے کون گیا تھا کہ تم یہاں پر آؤ اور آکر مرید ہو سب خفا ہوکر چلی گئیں۔

(**ملفوظ** ۱۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ رائے دینا بہت آسان ہے مگر جب کچھ کام کرنا پڑتا ہے تو سب کام سے منہ چھپاتے ہیں یہ مرض اکثر پنچریوں میں ہے یہ جب کوئی رائے دیتے ہیں ہیں قبول کرکے

Marfat.com

طریقہ عمل ایسا بتلا دیتا ہوں کہ ان کو بھی اسمیں کچھ کرنا پڑے اور وہ آسان ہی ہوتا ہے مگر سب ختم ہو جاتے ہیں

(ملفوظ ۱۳) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ بزرگوں کی عظمت قلب میں ہو تو اس سے نور ہوتا ہے ایمان قوی ہوتا ہے دین میں رسوخ ہوتا ہے۔

(ملفوظ ۱۴) ایک صاحب کے جواب میں فرمایا کہ سماع کے متعلق حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبندی رح نے فرمایا ہے نہ انکار میکنم و نہ این کار میکنم اور قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ بھی منکر نہیں تارک ہیں۔

(ملفوظ ۱۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ چشتی بیچارے تو نہ کسی کے بدنام کرنے کی پروا کرتے ہیں اور نہ کسی کے نیک نام کرنے کی پروا کرتے ہیں انکا مذہب تو یہ ہے ؎

گرچہ بدنامی ست نزد عاقلاں ۔۔۔ ما نمی خواہیم ننگ و نام را

عاشق بدنام کو پروائے ننگ و نام کیا ۔۔۔ اور جو خود ناکام ہو اسکو کسی سے کام کیا

(ملفوظ ۱۶) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ علوم کا تو میں نقشبندیوں کا معتقد ہوں انمیں بڑے بڑے علماء گذرے ہیں اور چشتیوں میں اسقدر علماء نہیں گذرے مگر جانباز چشتیوں میں زیادہ ہیں یہ بات دوسروں میں اس درجہ کی نہیں۔

(ملفوظ ۱۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جسمیں مکر و فریب نہ ہو سچا ہو یہ ادا مجھکو بہت پسند ہے یہ ادا جسمیں بھی ہو وہ مجھکو محبوب ہے۔

(ملفوظ ۱۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں پریشانی سے بچاوے دنیا کی وہ پریشانی چاہے قلت مال سے ہو یا فقدان تندرستی سے ہو یا اولاد کی نافرمانی سے ہو۔ اور آخرت کی پریشانی ظاہر ہے کہ صرف معصیت سے ہے اللہ تعالیٰ سب سے بچاوے۔

(ملفوظ ۱۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ یہ حکایت معتبر ذریعہ سے معلوم ہوئی کہ حضرت مولانا دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ جسوقت بالٹا میں تشریف فرما تھے ایک روز بیٹھے ہوئے رو رہے تھے ساتھیوں نے پوچھا کہ کیا حضرت گھبراتے ہیں۔ یہ لوگ سمجھے کہ گھر بار یاد آرہا ہوگا یا جان جانیکا خوف ہوگا فرمایا کہ میں اسوجہ سے نہیں رو رہا ہوں جو تم سمجھے ہو بلکہ اسوجہ سے رو رہا ہوں کہ ہم جو کچھ کر رہے ہیں یہ مقبول بھی ہے یا نہیں۔

Marfat.com

(ملفوظ ۲۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جب بندہ نافرمانی کرتا ہے تو آسمان کہتا ہے کہ میں اسپر گرجاؤں زمین کہتی ہے کہ میں اسکو نگلجاؤں فرشتے کہتے ہیں کہ ہم اسکو ہلاک کردیں حق تعالیٰ فرماتے ہیں کہ تم نے اسکو بنایا نہیں اسوجہ سے ایسا کہتے ہو میں نے بنایا ہے اسکی قدر میں جانتا ہوں کسقدر رحمت ہے اور اپنے بندوں سے کسقدر محبت ہے۔ میں نے تو ایکمرتبہ اس سے استنباط کرکے دوستوں سے کہا بھی تھا کہ عند اللہ اپنے محبوب ہونیکا مراقبہ کیا کرو اس سے بڑا نفع ہوگا کیونکہ اسکی خاصیت ہے کہ اللہ تعالیٰ کی محبت تمہارے دل میں پیدا ہوجائیگی پھر یہی مراقبہ میں نے ایک کتاب میں بھی دیکھا ایک بزرگ نے بھی یہی لکھا ہے اسوقت دیکھکر بڑا ہی خوش ہوا کہ جو چیز قلب میں آتی ہے الحمد للہ اسکی تائید بزرگوں سے بھی نکل آتی ہے میں اتنی قید اس مراقبہ میں اور لگایا کرتا ہوں کہ صاحب مراقبہ شریف طبیعت کا ہو ورنہ بڑا اثر قبول کریگا کہ عجب واد لال اور تعطل پیدا ہوجائیگا۔

(ملفوظ ۲۱) فرمایا کہ ایک عجیب بات ہے بہت عرصہ تک میں اسکو سوچتا رہا کہ یہ کیا بات ہے وہ یہ کہ اگر کسی بزرگ کے انتقال کو سنتا ہوں تو اُن کے متعلق احتمال مواخذہ کا قلب پر استحضار ہوتا ہے اور اگر کسی گنہگار کے انتقال کو سنتا ہوں تو اسکی نسبت معاملہ رحمت کا قلب پر استحضار ہوتا ہے بڑے ہی سوچ میں تھا کہ یہ کیا قصہ ہے ایکروز سمجھ میں آیا کہ وہاں رحمت کا استحضار تو پہلے ہی سے ہے دوسرے احتمال کا استحضار ہونا چاہیئے تاکہ جمع بین الخوف والرجا رہو اور یہاں احتمال مواخذہ کا استحضار پہلے ہی سے ہے احتمال رحمت کا استحضار ہونا چاہیئے۔

(ملفوظ ۲۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل لوگ یہ چاہتے ہیں کہ لیکچروں یا وعظوں سے مسلمانوں کی حالت سنبھال لیں فی نفسہ اچھی بات ہے مگر بدون عملی جامہ پہنائے نرے وعظوں اور لیکچروں سے کفایت نہیں ہوسکتی اسکی طرف کسی کو بھی التفات نہیں محض زبانی عملدرآمد ہے۔

(ملفوظ ۲۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ علوم میں ساری دنیا مسلمانوں کی محتاج ہے اور ہمیشہ سے رہی دوسری قوموں کا عدم مناسبت علمی کے سلسلہ میں ایک واقعہ بیان فرمایا کہ مولوی نورالحسن صاحب کاندہلوی کی ایک انگریز سے ملاقات ہوئی یہ ملاقات ایک سررشتہ دار صاحب نے اُس انگریز کی تمناؤں کے بعد کرائی تھی اُس انگریز نے سوال کیا گنگ مولوی صاحب نے سوال کو مہمل سمجھکر جواب میں بطور تمسخر کہدیا سنگ بس قافیہ ملا دیا جن صاحب نے مولوی صاحب کی انگریز سے ملاقات کرانیکی کوشش کی تھی

رسالہ المبلغ ص۲ ج۹ بابتہ ماہ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

اُن سے مولوی صاحب نے کہا کہ یہ کیا واہیات آدمی ہے کیا لغو حرکت کی وہ کہنے لگے کہ وہ انگریز مجھسے کہتا تھا کہ مولوی صاحب بہت بڑا عالم ہے میں نے پوچھا تھا کہ دریائے گنگا کہاں سے نکلا ہے انھوں نے کہا کہ پہاڑوں سے بس یہ علوم ہیں دوسری قوموں کے اور خیر یہ تو محض مہمل بات تھی جو تحقیقات اُن کے یہاں مایۂ ناز ہیں وہ بھی اسلامی علوم کے سامنے محض لچر ہیں اسکا مشاہدہ ہے۔

۷ محرم الحرام سنہ ۱۳۵۱ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم شنبہ

(ملفوظ ۲۴) ایک صاحب کی غلطی پر حضرت والا نے تنبیہ فرماتے ہوئے جواب طلب فرمایا کہ اس غلطی کا جواب دو وہ صاحب خاموش رہے اسپر فرمایا کہ جواب نہ دینا بھی بہت ہی ایذا رسانی کی بات ہے ایک خیر خواہ بصورت سوال دوسرے کو اُسکے جہل سے نکالنا چاہتا ہے اور وہ اُسمیں جواب سے اُسکی امداد نہیں کرتا آدمی پوچھنے پر جواب دے جواب نہ دینے کا مرض بھی عام ہوگیا ہے اسپر بھی وہ صاحب کچھ نہیں بولے خاموش رہے حضرت والا نے فرمایا کہ ارے میاں جب تم نہ بولنے کی قسم کھا کر آئے تھے تو یہ بتلاؤ کہ دوسرا اصلاح کس طرح کرے اپنا تو حساب لگا لیا کہ جاؤنگا یہ کہونگا یہ ہوگا وہ ہوگا مگر دوسرے کی بات کا تو جواب دیدو یا تمھارے نزدیک دوسرے کا سوال لغو ہے بیکار ہے۔ عرض کیا کہ غلطی ہوئی فرمایا کہ بندہ خدا اتنا دق کرکے کہا پہلے سے یہی کہدیا ہوتا خدا معلوم لوگوں کا فہم کہاں گیا بہانے جتنے آتے ہیں منتخب ہوکر ایسے ہی آتے ہیں۔ ۴۰

(ملفوظ ۲۵) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ بعض لوگوں کا تو یہ خیال ہے کہ گائے کا گوشت کھانے سے قساوت پیدا ہوتی ہے اور میں یہ کہتا ہوں کہ قساوت کا علاج ہی گائے کے گوشت کھانے میں ہے چنانچہ مشاہدہ ہے کہ جو قومیں گائے کا گوشت نہیں کھاتیں وہ بے رحم ہیں، اور جو کھاتے ہیں وہ رحم دل ہیں۔

(ملفوظ ۲۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک معزز ہندو نے ایک شخص کے ہاتھ کہلا کر بھیجا تھا کہ میں اپنے مذہب کی تعلیم پر پوجا پاٹ کرتا ہوں مگر قلب کو اطمینان نہیں ہوتا تذبذب ہی رہتا ہے دعا کردیجئے کہ حق واضح ہوجائے اور کوئی چیز پڑھنے کو بتلا دیجئے میں نے کہلا بھیجا کہ اھدنا الصراط المستقیم۔

Marfat.com

کثرت سے پڑھو، دو ایک بات اور کہلا کر بھیجنے کا ارادہ ہے وہ یہ کہ وہاں تو پوجا پاٹ کر کے امتحان کیا اطمنان حاصل نہیں ہوتا اور یہاں بدون عمل کے امتحان کرنا چاہتے ہو اُس پوجا پاٹ کے بجائے یہاں تلاوت قرآن نماز وغیرہ کر کے دیکھو اگر پھر بھی اطمنان نہ ہو تو پھر اطلاع کرو اور انشاء اللہ تعالیٰ ممکن نہیں کہ اطمنان نہ ہو اسی کو سولانا فرماتے ہیں ؎

ہیچ کنجے بے دو و بے دام نیست — جز بخلوت گاہِ حق آرام نیست

وہاں تو عمل اور یہاں محض زبانی اسکا کیا اثر ہو۔

تمہید

رسالہ سلطان العلوم دیوبند بابتہ جمادی الاولیٰ ۱۳۵۶ھ میں زیر عنوان اسلام اور ترقی ایک مضمون حضرت حکیم الامۃ دام ظلہم کا نظر سے گذرا۔ جو حضرت دام ظلہم کے مختلف مواعظ سے ایک مسلسل صورت میں مرتب کیا گیا ہے چونکہ مضمون نہایت نافع ہے اور اسکے قبل ہیئت اجتماعیہ سے شائع نہیں ہوا تھا اسلئے اسکو رسالہ ہذا میں درج کیا جاتا ہے تاکہ ناظرین بھی اس سے منتفع ہو سکیں۔ فقط مدیر

اسلام اور ترقی

لوگ کہتے ہیں کہ علماء اسلام ترقی سے روکتے ہیں۔ میں کہتا ہوں یہ الزام صحیح نہیں بلکہ عام طور پر لوگ تو عقلی طریقہ سے ترقی کو ضروری ثابت کرتے ہیں۔ اور میں اسے شرعی فرض کہتا ہوں۔ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ۔ یعنی ہر قوم کیلئے قبلہ کی ایک جہت مقرر ہے جسکی طرف وہ منہ کرتی ہے تو تم ایک دوسرے سے بھلائیوں میں آگے بڑھو۔ ہم کو تو استباق یعنی ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کا حکم ہے اور یہی ترقی ہے تو ترقی کی ضرورت قرآن شریف سے ثابت ہے بلکہ استبقوا امر کا لفظ ہے جو فرض ہونے کا تقاضا کرتا ہے تو یہ کہا جائے گا کہ اسلام میں ترقی کرنا فرض ہے۔ اب کسکی مجال ہے کہ ترقی سے روک سکے۔ لہذا علماء پر یہ الزام بالکل تہمت ہے۔ قرآنی فرض کو کوئی کیسے روک سکتا ہے۔ بس فرق اسقدر ہے کہ اور لوگ تو یہ کہتے ہیں کہ دوسری قوموں کے قدم بقدم چل کر ترقی کرو۔ اور علماء یہ کہتے ہیں کہ جس طرح قرآن کہے اسطرح ترقی کرو۔ (العبرۃ بذبح البقرۃ صـ۴۵)

اور مطبع جمال پریس ٹھٹھہ کراس دہلی طبع ہوا)

Marfat.com

غیر قوموں کی تقلید مسلمانوں کو مفید نہیں میں یہ نہیں کہتا کہ جو تدبیریں یورپ اور غیر قوموں نے اختیار کی ہیں انکا دنیوی کامیابی میں کوئی اثر ہی نہیں۔ ہاں یہ ضرور کہوں گا کہ مسلمانوں کو ان تدبیروں سے فائدہ حاصل نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ مسلمانوں کے لئے ان تدبیروں کے اثر کرنیمیں ایک رکاوٹ ہے اور وہ رکاوٹ انکا گناہ اور خدا تعالیٰ کی نافرمانی کرنا ہے اور یہ رکاوٹ کافروں میں نہیں ہے کیونکہ ان پر جزئی عملوں کی ذمہ داری نہیں ان پر تو ایمان لانیکی ذمہ داری ہے۔ اور ایمان نہ لانے پر اور کفر کرنے ہی پر ایسا سخت عذاب ہوگا جس سے بڑھکر کوئی عذاب نہیں باقی عملوں کی ان سے پوچھ نہ ہوگی نہ ان کی سزا ملے گی۔ اور مسلمانوں سے الحمدللہ کفر کا عذاب ہٹا ہوا ہے ان سے تو عملوں پر پوچھ ہوگی۔ اور جب یہ ایسے طریقے اختیار کرتے ہیں جو خدا تعالیٰ کے حکم کے خلاف ہیں تو انکو کامیابی ہوا نہیں کرتی اللہ تعالیٰ ان تدبیروں میں سے اثر کو دور کر دیتے ہیں تاکہ اس مخالفت کی سزا دنیا ہی میں بھگت لیں اور ہر قوم کی ترقی اور کامیابی کا طریقہ الگ ہے یہ ضروری نہیں کہ جو طریقہ ایک قوم کو فائدہ دے وہ سب کو ہی فائدہ دے۔

اور اگر ہم مان بھی لیں کہ یہ تدبیریں ہمیں بھی فائدہ دیں گی تب بھی خداوندی احکام کی پیروی فرض ہے اور ان ناجائز تدبیروں کا اختیار کرنا ہرگز روا نہ ہوگا۔

دیکھئے شراب اور جوئے اور سود میں بھی نفع ہے خود ارشاد عزوجل ہے قُلْ فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ (کہدیجئے شراب اور جوئے میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کو کچھ فائدے بھی ہیں) لیکن ایسے فائدے کو لیکر کیا کریں جسمیں خدا تعالیٰ کا غضب بھی ملا ہوا ہے۔ لوگ تدبیر تو کرتے ہیں شریعت کے خلاف اور پھر چاہتے ہیں یہ کہ علماء ساتھ دیں (المرابطہ صـ۴۸)۔ اور وہ فائدہ ہی کہاں ہوا جسمیں خدا تعالیٰ کا غضب نازل ہوا اور دین و دنیا دونو کی تباہی ہو۔ اسلئے مسلمانوں میں ان تدبیروں سے ترقی نہیں ہو سکتی بلکہ اور تنزل ہوگا اور ہوتا جا رہا ہے (مسہل)

ترقی کی قسمیں ترقی اچھی باتوں میں بھی ہوتی اور بری میں بھی مگر بھلائیوں میں تو ترقی کوشش کر کے حاصل کرنیکے قابل ہے اور برائیوں میں نہیں۔ ورنہ ایک ڈاکو کو بھی یہ کہنے کا حق ہے کہ مجھے ڈاکہ سے کیوں منع کیا جاتا ہے میں تو ترقی کرنا چاہتا ہوں۔ بلکہ اسی طرح ہر دھوکہ باز کو، چور کو، گرہ کٹ کو، کفن چور کو، رشوت لینے والے کو، سود خوار کو، سٹہ باز کو۔ غرض ہر بدمعاش کو یہ کہنے کا حق حاصل ہوگا۔

Marfat.com

اسلئے بھلائی میں تو ترقی ترقی ہے - اور برائی میں ترقی بُری ہے تو اب جس ترقی کو اور لوگ کہتے ہیں یا وہ اُس کا بھلا ہونا ثابت کر دیں یا جس ترقی کو علماء اسلام کہتے ہیں ہم اُسکا بھلا ہونا ثابت کر دیں - خود ترقی کرنا تو ضروری اور فرض ہے مگر ان طریقوں نے ترقی کو برائی میں ترقی کرنا بنا دیا ہے (العبرۃ ص۴۵ جو درحقیقت بجائے ترقی کے تنزل ہے) -

اسلاف کی ترقی اور موجودہ ترقی موجودہ ترقی کا حاصل تو حرص ہے اور شریعت نے حرص کی جڑ کاٹ دی ہے - صحابہ کرام نے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نمونہ تھے کہیں ایسے خیال کو اپنے دل میں جگہ نہیں دی - نہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی اسکی تعلیم فرمائی - نہ حضور ہی کی سیرت میں کوئی ایسا واقعہ ہے ان سب کی ترقی تو دین کی ترقی تھی - اگرچہ اسکے ساتھ ہی دنیا کی بھی وہ ترقی - ملی کہ آج لوگوں کو خواب میں بھی نصیب نہیں - لیکن مقصود صرف دینی ترقی تھی - چنانچہ انکی اس شان کو خود خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے - الذین ان مکنّٰھم فی الارض اقاموا الصلوٰۃ وآتوا الزکوٰۃ وامروا بالمعروف ونھوا عن المنکر یہ وہ لوگ ہیں اگر ہم انکو زمین پر قبضہ دیدیں تو یہ نماز ادا کرتے رہا کریں - زکواۃ دیتے رہا کریں اور بھلائیوں کا حکم اور برائیوں سے روک ٹوک کرتے رہا کریں -

مالی ترقی یہ ہے ترقی کے بعد ان کے خیالات کا نقشہ جسمیں کسی شک و شبہ کی بھی گنجائش نہیں (تجارت آخرت ص۲ تا۴) جس ترقی کو لوگ ترقی کہتے ہیں اسکے تین حصے ہیں - مال، عزت، حکومت، آجکل دوسری قوموں کے سامانِ عیش دیکھکر مسلمانوں کی رال ٹپکتی ہے - مگر یہ نہیں جانتے کہ بھلائی اور سلامتی اسی میں ہے کہ انکو دنیا زیادہ نہ ملے - اگر ہم کو زیادہ مال دیا جاتا تو رات دن دنیا ہی کی فکر میں رہتے - آخرت سے بالکل غافل ہو جاتے اسپر شاید یہ شبہ ہو کہ ہماری نیت تو یہ ہے کہ اگر خدا تعالیٰ ہم کو سامان زیادہ دیں تو خوب نیک کام کریں - اور اللہ تعالیٰ کے راستہ میں خوب خرچ کریں تو یاد رکھئے کہ اللہ تعالیٰ آپ سے زیادہ جاننے والے ہیں - آپ کو کیا خبر ہے کہ اسوقت آپ کے جو جو ارادے اور نیتیں ہیں زیادہ مال ملنے کے بعد بھی یہ باقی رہیں گی یا نہیں - اسکو تو اللہ تعالیٰ ہی جانتے ہیں - حضرات صحابہ کرام رضہ سے بڑھکر کون نیک نیت ہوگا - مگر حدیث شریف میں آتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بار صحابہؓ سے فرمایا کہ "تمہاری کیا حالت ہوگی جبکہ میرے بعد سلطنتیں اور شہر فتح ہوں گے اور تمہارے پاس زیادتی کیساتھ مال و سامان اور غلام اور نوکر ہوں گے - صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ

Marfat.com

اُسوقت ہم اللہ کی عبادت کرنیکے واسطے فارغ ہو جائیں گے۔ نتفرغ العبادۃ ونکفی المؤنۃ (ہم عبادت کیلئے فارغ ہو جائیں گے اور مشقت سے بچ جائیں گے۔

حضور نے فرمایا تمہاری یہی حالت اچھی ہے جو آجکل ہے۔ جب حضور نے صحابہ کیلئے زیادہ پسند نہیں کیا حالانکہ ان حضرات نے واقعی زیادہ سامان ہونے پر عبادت میں پہلے سے زیادہ ترقی کی ہے اور دنیا میں نہیں گھسے تو اوروں کے لئے کب پسند فرمائیں گے۔ اس لئے مسلمانوں کو دوسری قوموں کا مال دیکھکر رال نہ ٹپکانا چاہئے اولئک عجلت لھم طیباتھم فی حیوتھم الدنیا (یہ لوگ تو وہ ہیں جنکو انکی نعمتیں دنیاوی زندگی ہی میں دیدی گئی ہیں) اور آخرت میں تو کافروں کیلئے عذاب ہی ہے اور مسلمانوں کے واسطے تو راحت جنت میں ہے دنیا میں تو مسلمانوں کو اتنی ترقی چاہئے کہ پیٹ بھر کر روٹی مل جاوے، ستر ڈھانکنے کے لئے کپڑا اور رہنے کو مختصر سا مکان اور اتنا الحمد للہ بہت مسلمانوں کو حاصل ہے۔ صحابہ کو حضور کے زمانہ میں اتنا بھی حاصل نہ تھا۔ تو ہم تو گویا بادشاہ ہیں

ارشاد نبوی ہے من اصبح معافی فی جسدہ امنا فی سربہ عندہ قوت یومہ فکانما حیزت لہ الدنیا بحذافیرھا، یعنی جو شخص اس حالت میں صبح کرے کہ بدن میں صحت ہو، دل میں بے فکری ہو، ایک دن کا کھانا اس کے پاس ہو تو گویا اسکو تمام دنیا مل گئی۔

غرض حق تعالیٰ کی حکمت ہے کہ بعض لوگوں کو غریب رکھتے ہیں ان کو کیا خبر ہے کہ امیر ہونیکے بعد وہ کیسے ہو جاتے۔ ایسے لوگوں کو اللہ تعالیٰ یہ نیک نیت عطا فرما دیتے ہیں یہی اُن کے درجے بلند کرنے کے لئے کافی ہے۔

خود ارشاد ہے قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ (اچھی اچھی باتیں اور معافی دیدینا ایسے صدقے سے بہتر ہے جس کے بعد احسان جتانیکی تکلیف ہو۔ اور اللہ تعالیٰ بے نیاز ہیں بردبار ہیں جس کے پاس مال نہیں وہ نیک باتوں سے ثواب حاصل کر سکتا ہے

(مظاہر الاحوال ص۱۸)

ایک شبہ اور جواب شاید کوئی یہ کہے کہ قرآن شریف میں ہے وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ (بیشک وہ مال کی محبت میں بہت سخت ہے) كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرَا الوصیۃ الآیۃ (تم پر ضروری کی گئی ہے وصیت جب کسی کو موت آنے لگے اگر وہ مال چھوڑے) یہاں مال کو

Marfat.com

خیر فرمایا ہے۔ لہذا مال کی ترقی بھی خیر اور بھلائی میں ترقی ہوئی اور فاستبقوا الخیرات (بھلائیوں میں ایک دوسرے سے آگے بڑھو) میں یہ بھی آگئی

جواب یہ ہے کہ الخیرات میں مطلق خیر مراد ہے یعنی جو ہر طرح بھلائی ہی بھلائی ہو۔ اور مال ہر طرح بھلائی نہیں اسکی بھلائی ہونیکی بہت سی شرطیں ہیں جنکی رعایت نہیں کی جاتی۔ اس لئے مالی ترقی کو بھلائی میں ترقی نہیں کہہ سکتے اور جس درجہ میں مال بھلائی ہے اس درجہ ترقی کو ہم بھی نہیں روکتے جائز بلکہ فرض کہتے ہیں۔

حضور کا ارشاد ہے کسب الحلال فریضۃ بعد الفریضۃ (حلال مال کمانا اور فرضوں کے بعد فرض ہے)۔ (علاج الحرص ص۱۷)

عزت کی ترقی حق تعالیٰ فرماتے ہیں وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ۔ یعنی اللہ ہی کیلئے ہے عزت اور اس کے رسول کے لئے اور مسلمانوں کے لئے۔ بھلا جس شخص کا اس آیت پر ایمان ہوگا وہ عزت حاصل کرنے سے کیسے روکے گا۔ علماء صرف طریق ترقی پر اعتراض کرتے ہیں کہ کلکتہ کا ٹکٹ لیکر جاپس پشاور نہیں پہنچ سکتے جو طریقے لوگ کہتے ہیں وہ غلط ہیں صحیح طریقہ وہ ہے جو اللہ و رسول نے بتایا ہے مگر اس طریق کی تحقیق کے لئے پہلے یہ سمجھئے کہ عزت حاصل کرنیکی غرض کیا ہے اور وہ کیوں ضروری ہے لوگ جو ترقی و عزت چاہتے ہیں اسکی غرض محض بڑا بننا ہے مگر میں اسکی اصلی وجہ بیان کرتا ہوں،

اصل یہ ہے کہ عقلی طریقہ پر انسان کو دو چیزوں کی ضرورت ہے۔ نفع حاصل کرنا اور ضرر سے بچنا آدمی جو کچھ کرتا ہے اسکی وجہ یہی ہوتی ہے کہ یا نفع حاصل کرتا ہے یا ضرر سے بچتا ہے مثلاً کھانا کھاتا ہے تو اسلئے کہ بھوک کے ضرر سے بچے۔ اور قوت کا فائدہ حاصل کرے، دوا کرتا ہے تو اس لئے کہ بیماری کے ضرر سے بچے اور تندرستی کا فائدہ حاصل کرے۔ غرض جو کچھ کرتا ہے یا فائدہ حاصل کرنیکے لئے یا ضرر سے بچنے کیلئے۔

دوسری بات یہ سمجھئے کہ ضروری چیزوں کے طریقے بھی ضروری ہوتے ہیں اور اسکا طریقہ مال اور عزت کا حاصل ہونا ہے کہ مال تو فائدہ کے حاصل کرنیکے واسطے ہے اور عزت ضرر سے بچانیکے لئے۔ اور اگر عزت کبھی خطرہ کا سبب ہوتی ہے جیسے بڑے آدمیوں کے کچھ دشمن بھی ہو جاتے ہیں تو وہ عزت کی کمی اور کسی نہ کسی حد کے اندر ہونیکی وجہ سے ہوتی ہے ورنہ عزت تو بچاؤ کی ہی چیز ہے۔ اسی وجہ سے حق تعالیٰ کا کوئی کچھ نہیں کر سکتا کیونکہ غلبہ اور عزت بیحد و انتہا ہے تاہم عزت ہی ایسی چیز ہے۔

Marfat.com

جو آدمی کو بہت سی مصیبتوں اور خطروں سے بچاتی ہے۔ مثلاً اب ہم اطمینان سے بیٹھے ہیں کوئی ہمکو ذلیل نہیں کر سکتا۔ بیگار میں نہیں پکڑ سکتا۔ غرض عزت کی غرض ضرر سے بچنا ہے۔

اِس تقریر سے معلوم ہو گیا ہو گا کہ عزت اور مال دونوں پسندیدہ اور حاصل کرنیکے قابل ہیں بشرطیکہ طریقہ سے ہوں شریعت کی حد میں رہکر ہوں اور جو لوگ مال اور عزت حاصل کرنیکی بُرائی کرتے ہیں ان کا مطلب مال کی محبت اور عزت کی محبت سے منع کرنا ہے اور محبت بھی ایسی جو حق تعالیٰ کی محبت سے بڑھی ہوئی نہ ہو کہ انکی ہوس میں اللہ تعالیٰ کے حکم کو پیٹھ پیچھے ڈال دیا جائے۔

خود ارشاد ہے قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ نِ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ۔ (فرما دیجئے اگر تمہارے باپ، بیٹے، بھائی، بیویاں، کُنبے اور وہ مال جنکو تم نے کمایا ہے اور تجارت جس کے رُک جانے سے تم ڈرتے ہو۔ اور گھر جنکو تم پسند کرتے ہو تمہارے نزدیک اللہ اور اُس کے رسول اور اسکی راہ میں جہاد سے زیادہ محبوب ہیں تو تم انتظار کرو کہ اللہ تعالیٰ اپنا حکم یعنی عذاب لائیں)۔

اس سے صاف معلوم ہوا کہ مال و عزت کی محبت اور وہ بھی اتنی بڑھی ہوئی جو اللہ تعالیٰ سے غافل کر دے اور ان کے مقابلہ میں شریعت کی پرواہ نہ رہے اور مال آبرو کی اتنی حفاظت کہ دین رہے یا جائے مگر بات نہ جائے یہ بُرا ہے اور بہت بُرا ہے۔ (العبرۃ ص۱۴)

حکومت کی ترقی | لوگ علماء کو کہتے ہیں کہ تم کو سیاسیات کی کچھ خبر نہیں ہے یہ وقت جائز و ناجائز کے سوال کا نہیں اب تو جس طرح ہو حکومت کی ترقی ہونا چاہیئے۔ یعنی ہم کو جس قدر حکومت حاصل ہے اسمیں اور ترقی کرنا چاہیئے۔ لیکن افسوس ان لوگوں کو یہ خبر نہیں ہے کہ شریعت میں خود حکومت مقصود ہی نہیں بلکہ ملانا پن چاہا جاتا ہے اور سلطنت و حکومت سے بھی مقصود ملانا پن ہی پھیلانا ہے کہ جو ایمان سے محروم ہیں ان کو ایمان کی دولت سے مالا مال کیا جائے۔ یا اپنے میں ملا کر رکھا جائے کہ وہ ایمان اور شریعت کے نور کو دیکھیں اور اپنی آنکھیں کھولیں۔ حکومت سے تو صحابہ میں بھی یہ ملاپن پسند فرمایا گیا ہے۔

ارشاد ہے۔ اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا

Marfat.com

بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ (یہ وہ لوگ ہیں کہ اگر ہم ان کو زمین پر قبضہ دیویں تو یہ نماز پڑھتے رہا کریں زکوٰۃ دیتے رہا کریں۔ اور بھلائی کا حکم اور برائی سے روک ٹوک کرتے رہا کریں (علاج الحرص ص۱۷)

حاصل یہ ہے کہ مال، عزت، حکومت تینوں کی ترقی میں خود انہی کی ترقی تو زیادہ پسند نہیں ہاں اگر دینداری کی ترقی مقصود ہو تو یہ سلف کی ترقی کے موافق ہوگی اور اسی سے تینوں ترقیاں خود بخود حاصل ہوتی چلی جائیں گی۔ لیکن اگر یہ تینوں ترقیاں شریعت کی حدیں رکھکر ہوں جن سے کسی حکم کے خلاف نہ لازم آئے تب تو بھلائی میں ترقی ہے ورنہ پھر برائی کی ترقی ہے اور بہت بری اور خالص حرص ہے تو یہ سمجھئے کہ لوگوں نے حرص کا نام ترقی رکھ لیا ہے تاکہ یہ عیب چھپا رہے اور پھر اسکی کبھی اصلاح بھی نہ ہو سکے (تسہیل)۔

غیر قوموں کی ترقی کا اصلی راز اور ترقی کے اسلامی اصول

مسلمانوں کے لیڈر بار بار اسمیں غور کرتے ہیں کہ دوسری قوموں کی ترقی کا راز کیا ہے مگر اب تک حقیقت تک کوئی نہیں پہنچا۔ کسی نے یہ کہدیا کہ یہ لوگ سود لیتے ہیں اسوجہ سے ان کو ترقی ہو رہی ہے۔ مگر یہ بالکل غلط ہے۔ کیونکہ اگر سود میں ترقی کا اثر ہوتا تو چاہیے کہ مسلمانوں میں سے جو لوگ سود کے گناہ میں مبتلا ہیں انکو بھی ترقی ہوتی۔ حالانکہ دوسری قوموں کے مقابلہ میں وہ بھی ترقی پائے ہوئے نہیں۔

بعض لوگ کہتے ہیں کہ شریعت میں چونکہ تجارت کی بعض صورتوں کو ناجائز کہا ہے۔ اس لئے مسلمان ترقی نہیں کر سکتے۔ مگر یہ بھی غلط ہے۔ کیونکہ معاملوں میں شریعت کی حدوں کے پابند کتنے تاجر ہیں۔ غالباً دو چار کے سوا کوئی نہ ملے گا تو پھر ان تاجروں کو ایسی ترقی کیوں نہیں ہوئی یہ کون سے ناجائز معاملے چھوڑ دیتے ہیں۔

حاصل یہ ہے کہ دوسری قوموں کی دنیاوی ترقی دیکھ دیکھ کر مسلمانوں کے منہ میں پانی بھر آتا ہے تو وہ انکی ہر حالت کو ترقی کا سبب سمجھنے لگتے ہیں۔ اور پھر انکو اختیار بھی کرنے لگتے ہیں۔ دوسروں کو رغبت بھی دلانے لگتے ہیں کبھی انکی سی صورت اور وضع بناتے ہیں کہ اسی سے ترقی ہوگی۔ کبھی عورتوں کے پردہ کو اٹھا دینا چاہتے ہیں کہ یہی ترقی میں رکاوٹ پیدا کرتا ہے۔ عورتیں آزاد ہوں گی تو علوم اور صنعت و حرفت سیکھیں گی خود بھی ترقی کرینگی، اولاد کو بھی ترقی کرائیں گی لیکن یہ خیال بھی غلط ہے کیونکہ مسلمانوں میں بعض قوموں کی عورتیں پردہ نشین ہیں۔ اور زیادہ تعداد ایسی غریب قوموں کی

رسالہ المبلغ ص۳ ج ۹

ابتداء ذی الحجہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

جنمیں ہمیشہ سے پردہ کا رواج نہیں۔ تو اگر بے پردگی سے ہی ترقی ہوتی ہے تو ان قوموں نے کیوں نہ کر لی (العبرۃ ص۴۴و۴۵)

تو معلوم ہوا کہ ایسی ایسی باتیں غیر قوموں کی ترقی کا سبب نہیں ورنہ اگر ان باتوں میں ترقی کا خاصہ ہوتا تو یہ جہاں پائی جاتیں وہاں ترقی بھی ہوتی مگر ایسا نہیں تو معلوم ہوا کہ ان باتو میں ترقی کا خاصہ نہیں ہے (مسہل)

غیر قوموں کی ترقی کا اصلی سبب جو باتیں ہیں وہ دوسری ہیں وہ انکی ایسی صفتیں ہیں جو انھوں نے آپ ہی کے گھر سے لیلی ہیں جیسے منتظم ہونا، مستقل مزاج ہونا، وقت کا پابند ہونا، بردبار ہونا، انجام سوچ کر کام کرنا، صرف جوش سے کام نہ کرنا ہوش سے کام لینا، آپس میں اتفاق و اتحاد کرنا۔ اور یہ سب باتیں وہ ہیں جنکی تعلیم اسلام نے دی ہے اور ان سب حکموں کا خاصہ ہے کہ ان کے اختیار کرنے سے ترقی ہوتی اور چھوڑ دینے سے ترقی والوں کی ترقی بھی خاک میں مل جاتی ہے۔ چاہے کوئی اختیار کرے اور کوئی چھوڑ دے۔

۸ اب مسلمانوں نے تو ان حکموں کو چھوڑ دیا ہے کہ نہ انمیں اتحاد و اتفاق ہے نہ رازداری کا مادہ ہے، نہ انتظام ہے، نہ وقت کی پابندی ہے، نہ انجام سوچکر کام کرتے ہیں۔ اور جو کام کرتے ہیں جوش سے کرتے ہیں ہوش سے نہیں کرتے۔ اس لئے انکی ترقی جو ہو چکی تھی وہ بھی جاتی رہی۔

اور دوسری قوموں نے انکے گھر سے چرا کر ان باتوں پر عمل شروع کر دیا تو ان حکموں کا جو خاصہ تھا یعنی ترقی وہ انمیں ظاہر ہو گیا۔ مگر یہ چوری ناتمام چوری ہے۔ جیسے چور کو گھر کی سب چیزیں معلوم نہیں ہوتیں اس کے ہاتھ وہی چیزیں لگتی ہیں جو ظاہر ہوتی ہیں دبے ہوئے خزانہ ہاتھ نہیں لگتے۔ اس لئے ان کو بھی اس پارس کی پتھری کی جو آپ کے گھر میں تھی خبر نہیں ہوئی یا ہوئی مگر انہوں نے اسے ایک بیکار پتھر سمجھکر چھوڑ دیا کہ اسکی قدر تو واقف ہی کو ہوتی ہے۔ ناواقف اسے کیا جان سکتا ہے وہ پارس کی پتھری ایمان، توحید، اعتقادِ رسالت، نماز روزہ وغیرہ ہیں افسوس آپ کو اپنے گھر کی قدر نہیں۔ اگر آج آپ میں وہ صفتیں ہوتیں جو دوسری قوموں نے آپ سے لیلی ہیں تو اس پارس کی پتھری کے ساتھ ملکر آپ کو وہ ترقی ہوتی جو غیر قوموں کے خواب میں بھی کبھی نہ آئی ہوگی۔ آپ کو وہ عروج اور بلندی حاصل ہوتی جو آپکے اسلاف کو حاصل تھی کہ ان سے کوئی آنکھ بھی نہ ملا سکتا تھا۔

Marfat.com

افسوس آج مسلمان یہ بھی نہیں سمجھتے کہ ان سب باتوں کو اور نماز روزہ کو ترقی میں دخل بھی ہے۔
اس صاف ارشاد پر نظر بھی نہیں رہی وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا۔ يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْئًا ۝ (اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں سے وعدہ فرمایا ہے جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے کہ ضرور انکو ملک میں خلیفہ و بادشاہ بنائیں گے اور انکو دین پر جس کو انکے واسطے پسند فرمایا ہے قبضہ والا بناویں گے اور خوف کے بعد امن بدل دیں گے کہ وہ میری عبادت کریں اور شرک نہ کریں۔)

کس قدر صاف طریقہ سے ان عملوں کا خاصہ بیان فرمایا ہے۔ اور پھر ترقی کا وعدہ بھی فرمایا ہے کہ جس کے خلاف ہونیکا احتمال بھی نہیں۔ کیا اس سے بڑھکر کوئی تدبیر ترقی کی ہو سکتی ہے کہ جس کے ناکام ہونیکا وہم بھی نہ ہو اس میں سو فی صدی کامیابی ہی کامیابی ہے۔ خدا تعالیٰ کا وعدہ ہے اسکے خلاف نہیں ہوگا۔ اس لئے اس تدبیر میں کامیابی بالکل یقینی ہے (مسہل)

۹ افسوس جس خزانہ کو چور نے ناواقف ہو کر بیکار سمجھکر چھوڑ دیا تھا آج اسکی قدر و قیمت سے خود گھر والے بھی واقف نہیں ہیں۔ اور کس قدر بے قدری کر رکھی ہے کہ بعض کا کلمہ بھی درست نہیں یا نماز ہی غائب یا نماز بھی ہے تو سجدہ رکوع یا قومہ غائب۔ یہ سب بے قدری اس واسطے ہے کہ نماز صرف ثواب کا کام سمجھ رکھا ہے اسکے دنیا کے فائدے ان کو معلوم نہیں بلکہ بعض جاہل تو نماز روزہ کو اور ترقی سے روکنے والا سمجھتے ہیں۔

اگر ان کو حقیقت معلوم ہو جاتی اور یہ خبر ہو جاتی کہ ان عملوں کو ترقی میں اور حکومت ملنے میں بڑا دخل ہے تو پھر دیکھئے کہ مسلمان کس ذوق و شوق سے جوق جوق نماز روزہ وغیرہ سب عملوں کو بجالاتے۔ گو اس نیت سے عمل کرنا اچھا نہیں خلوص کے خلاف ہے۔ عمل مقصود خدا تعالیٰ کی رضامندی ہونی چاہئے۔ یہ دنیا کے فائدے تو خود بخود حاصل ہو جاتے ہیں۔ غرض ترقی کے اسباب آپ کے گھر میں موجود ہیں۔ اور آپ ہی کے گھر سے دوسروں نے چرائے ہیں اسلامی تعلیمات جو نہایت زریں تعلیمات ہیں افسوس ہم مسلمانوں نے ان سب کو چھوڑ رکھا ہے پھر ترقی کیسے ہو سکتی ہے (البقرۃ بذیل البقرۃ ۵۲ ۶۲ تا ۵۲)

(احقر تسہیل کنندہ عرض کرتا ہے کہ ایک کاشتکار کی ترقی کاشت کی ترقی سے ہوتی ہے۔ ملازم کی ترقی

Marfat.com

ملازمت کی ترقی سے ہوتی ہے، تاجر کی ترقی تجارت کی ترقی سے صنعت وحرفت والے کی ترقی صنعت وحرفت کی ترقی سے ہوتی ہے۔ غرض ہر کام والیکی ترقی اسکے کام ہی کے ذریعہ سے ہوتی ہے۔ اور جس قدر زیادہ ترقی اس کام میں ہوگی اسی قدر وہ بھی ترقی والا اہل کمال اور ساری دنیا میں عزت والا ہوگا تو پھر کیا مسلمان کی ترقی اسی سے نہ ہوگی کہ اسکے اسلام میں ترقی ہو۔ اور اسلامیت میں اعتقادات معاملات، اخلاق سب میں کمال درجہ کی ترقی ہو۔ بس ایک ہی اصول ہے ترقی کا۔ اَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ کُنْتُمْ مُؤْمِنِیْنَ۔ (تم ہی عالی اور ترقی والے ہو اگر پورے مسلمان بن جاؤ) مسلمانوں کو دوسروں میں عزت حاصل کرنیکا طریقہ انکی ایک صفت کو ارشاد فرمایا ہے۔ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِیْنَ (مسلمان مسلمانوں میں ذلیل اور کافروں پر غلبہ وعزت والے ہیں) تو جس قدر مسلمانوں کے ساتھ آپ اپنے آپ کو ذلیل رکھیں گے اسی قدر دوسروں کی نظر میں عزت ہوگی یہ ایک زریں اصول ہے چند ہی روز عمل کر کے نتیجہ دیکھ لیا جائے کہ اسی سے کسقدر ترقی حاصل ہوتی ہے۔ حضرات صحابہ وتابعین اور اسلاف کو جسقدر ترقی حاصل ہوئی اس سے دنیا واقف ہے۔ تو کیا ان حضرات نے سودی کاروبار کئے تھے، کیا ناجائز خرید وفروخت کی تھی، کیا پردہ اٹھا یا تھا، یا اور کوئی تدبیر جو آجکل کی غیر قوموں میں رواج پا رہی ہیں انمیں سے کوئی تدبیر کی تھی؟ ظاہر ہے کہ انمیں سے کوئی نہ تھی وہاں فقط وہی ایک تدبیر تھی جو قرآن شریف نے بتائی ہے۔ یعنی کمال ایمان، عقائد، اعمال، معاملات، اخلاق سب میں شریعت غرا کی کامل فرمانبرداری ہر مسلمان کیلئے ضروری اور ذلیل بنجانا جسمیں ایثار، اتفاق واتحاد، بردباری، انتظام، استقلال سب کچھ آگیا ہے۔ بس یہی وہ نسخہ ہے جس سے مسلمانوں نے ہمیشہ اور وہم وخیال سے زیادہ ترقیاں کی ہیں۔ یہ ہمیشہ کا تجربہ کیا ہوا دیکھا اور برتا ہوا نسخہ ہے۔ اور پھر اسپر خدا تعالیٰ کا وعدہ بھی ترقی کا ہے۔

افسوس اس اکسیری نسخہ کو چھوڑ کر دربدر بھیک مانگی جا رہی ہے۔ اور ناموافق مزاج نسخے استعمال کر کے نقصان اٹھایا جا رہا ہے۔

کاش قوم کا درد رکھنے والے بزرگ ہر ہر جگہ اسکی انجمنیں اور کمیٹیاں قائم کریں کہ لوگوں کو ایمان کامل کی طرف لایا جاوے اذلۃ علی المومنین اعزۃ علی الکافرین کا درس دیا جاوے۔ پھر ترقی مال وعزت کی بلکہ حکومت تک آگے رکھی ہوئی ہے۔ فقط (واللہ اعلم بالصواب)

رسالہ المبلغ ص۳ ج ۹

بابتہ ماہ ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

ملفوظ ۲۶ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ عرب کی اصلاح پڑے سے بڑا عاقل بھی سو ڈیڑھ سو برس سے کم مدت میں نہ کر سکتا ایسی جہالت تھی مگر حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے چند روز میں کایا پلٹ کر دی واقعی خدا کی امداد خدا کا فضل تھا - اور زیادہ جلد اثر ہونیکا ظاہری سبب یہ ہے کہ حضور کے کسی فعل سے یہ متوہم نہیں ہو سکتا تھا کہ آپنے کوئی پالیسی کی ہو ورنہ دوسرا آدمی کتنا ہی صاف ہو لیکن کہیں نہ کہیں کسی نہ کسی بات کو ضرور مخفی کرتا ہے مگر حضور کی جو حالت تھی اور جو واقعات تھے حتی کہ جنکا تعلق ازواج مطہرات سے تھا وہ بھی کسی پر مخفی نہ تھے حضور نے کبھی اسکی پروا نہیں کی آپکی جو حالت تھی بالکل کھلی ہوئی تھی کسی حالت سے کسی کو دھوکہ نہیں ہو سکتا تھا اور یہی وجہ ہے کہ جو بھی اس حالت کو دیکھکر ایمان لائے وہ دل سے لائے اور نہایت مضبوط اور جان نثار ثابت ہوئے -

ملفوظ ۲۷ - ایک صاحب کی غلطی پر متنبہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ میں جب کسی کی کوتاہی یا غلطی پر متنبہ کرتا ہوں خود مجھپر اسوقت ایک خوف کا غلبہ ہوتا ہے اور جہاں کسی نے معذرت پیش کی میں فوراً نرم ہو جاتا ہوں اسلئے کہ مجھکو بھی تو خوف ہے کہ اگر کہیں حق تعالیٰ مجھسے اسی طرح مواخذہ فرمائیں اور معذرت قبول نہ ہو تو کیا جواب دے سکتا ہوں جب ..... اللہ تعالیٰ کے یہاں توبہ قبول ہے تو بندوں کی کیا حقیقت اور کیا ہستی -

ملفوظ ۲۸ - ایک صاحب کی غلطی پر مواخذہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہی نے اپنی رحمت سے ہمت دی ہے کہ باوجود اتنی لمبی چوڑی اذیتوں کے پھر ..... تحمل کی توفیق ہوتی ہے بدون توفیق کوئی کر نہیں سکتا اور زیادہ اذیت بے سمجھے بیعت پر اصرار کرنے سے ہوتی ہے سو اول تو خود بیعت ہی ضروری چیز نہیں خواہ مخواہ لوگ اسمیں الجھتے ہیں اور نہ یہاں کے قیام میں مجھکو مکاتبت مخاطبت کی فرصت ضرورت تو اسکی ہے کہ یہاں پر چند روز بیٹھکر باتیں سنیں اور چلے جائیں چاہے اعتقاد لیکر جائیں اور چاہے بداعتقادی لیکر جو رائی قایم ہو اسپر عمل کریں لوگ اسکو ٹالنا سمجھتے ہیں یہ بھی بدفہمی کی بات ہے نئے آدمی کو جسقدر نفع یہاں پر خاموش بیٹھنے میں ہو سکتا ہے مکاتبت مخاطبت سے وہ نفع قیامت تک بھی نہیں ہو سکتا اور اگر خاموش بیٹھنے سے نفع نہ ہو تو اسی سے قابلیت اسکی معلوم ہو جائیگی تو ایسے شخص سے تعلق رکھنا ہی بیکار اسلئے کہ جسمیں اسقدر بے حسی ہو اسکو کیا نفع پہونچ سکتا ہے اسی لئے یہاں نئے آنیوالے

Marfat.com

سے یہ شرط کر لی جاتی ہے کہ اگر مخاطبت مکالمت نہ کرو اور خاموش مجلس میں بیٹھے رہو تو آنیکی اجازت ہے اگر کسی کو یہ طرز پسند نہ ہو یہاں نہ آئے کہیں اور تعلق پیدا کرے اگر بولنا چاندی ہے تو سکوت سونا ہے ہمارے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا فیصلہ اس بارہ میں یہ ہے کہ شیخ کو زبان ہونا چاہئے یعنی اثبات کا ناطق ہو اور مرید کو کان ہونا چاہئے یعنی انصات واستماع پر عامل ہو شیخ کو یہ خطاب فرماتے ہیں ؎

بنمائے رخ کہ خلقے والہ شدند و حیران — بکشائے لب کہ فریاد از مردوزن برآید

اور مرید کو یہ خطاب فرمایا جاتا ہے ؎

چند گوئی خواجہ نظم و نثر فاش — یک دو روزے امتحان کن گنگ باش

پہلے زمانہ میں مجاہدے چار تھے قلت الکلام قلت المنام قلت الطعام قلت الاختلاط مع الانام مگر اسوقت محققین نے دو کو حذف کر دیا ہے یعنی قلت الطعام اور قلت المنام اسلئے کہ قویٰ ضعیف ہیں ان دو مجاہدہ کے جو ثمرات ہیں یعنی انکسار قوت بہیمیہ وہ اسوقت تو بلا مجاہدہ ہی حاصل ہیں مگر دو کو باقی رکھا ہے یعنی قلت الکلام اور قلت الاختلاط مع الانام غرض قیل وقال سے سالک کو بڑا ہی ضرر ہوتا ہے خصوص مبتدی کو اگر قلت کلام کی ساتھ ایک تو گناہوں کو چھوڑ دے دوسرے تخلیہ اختیار کرے انشاء اللہ تعالیٰ تصفیہ قلب سیر ہو جائیگا اور فساوت جاتی رہیگی اگر اسمیں شبہ ہو اسطرح امتحان کر لے کہ ایک ہفتہ تنہائی میں بیٹھکر دیکھے پھر لوگوں سے ملکر دیکھے معلوم ہو جائیگا کہ بولنا کوئی نافع چیز ہے یا سکوت غرض مبتدی کیلئے بہت ہی ضروری ہے کہ خاموش رہے۔

ملفوظ ۲۹ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعض لوگ اسکی شکایت کرتے ہیں کہ ہم گئے تھے ہماری طرف توجہ نہیں کی عجیب بات ہے میں جو اسوقت یعنی صبح بیٹھتا ہوں جو کہ خلوت کے کاموں کا وقت ہے مگر عام منظر پر جو بیٹھتا ہوں تو ان آنے والوں ہی کی وجہ سے کہ کسی کی ضرورت میں حرج نہ ہو اور اُن ہی لوگوں کی وجہ سے جو یہ کہتے ہیں کہ ہماری طرف توجہ نہیں کرتا انکے آنیکے وقت اپنا کام چھوڑ دیتا ہوں بعض وقت کام کی وجہ سے بات کہنیکو جی نہیں چاہتا مگر کرتا ہوں سو اسقدر تو رعایت مگر اسپر بھی الزام دیا جاتا ہے اور بدنام کیا جاتا ہے اور توجہ کسکو کہتے ہیں

Marfat.com

کیا گردیں لیکر بیٹھنے کو توجہ کہتے ہیں بات کرنیکو توجہ نہیں کہتے۔

ملفوظ ۳۰۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جس سے اصلاحی تعلق ہو اگر اُسپر کوئی شبہ ہو تو اسکے متعلق خود اس سے تسلی کرنا نہ چاہئے نہ اُسکے متعلقین سے اس سے اُسکو طبعاً انقباض ہوگا اور انقباض کی حالت میں کوئی نفع نہیں ہوگا نیز جواب میں اسلئے پس وپیش کریگا کہ مبادا ایک گونہ خود غرضی کا شائبہ ہے اور اسکے متعلقین سے اسلئے کہ اُنکو اس سے رنج ہو جائیگا یہ طریق بہت ہی نازک ہے اسکے ہر قدم پہ سخت احتیاط کی ضرورت ہے

۷ رمحرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم شنبہ

ملفوظ ۳۱۔ ایک شخص نے آکر مصافحہ کیا اور کچھ ایسے عنوان کے ساتھ کہ جسمیں ادب کا لحاظ نہ تھا اسپر فرمایا کہ اعتدال بالکل گم ہو گیا اگر ادب کریں گے تو حد عبادت تک پہونچ جائیں گے اور بے تکلفی اختیار کرینگے تو بہودگی اور بدتمیزی کے درجہ تک پہونچ جائیں گے آدمیت اور سلیقہ کا نام ونشان باقی نہیں رہا۔

ملفوظ ۳۲۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل ہر حکم کی حکمتیں اور اسرار معلوم کرنے کا مرض عام ہو گیا ہے اور یہ سبق زیادہ تر نیچریوں سے لوگوں نے حاصل کیا ہے اس سے بچنا چاہئے۔ حضرت مجدد صاحبؒ کا قول ہے کہ احکام میں حکمتوں کا اور اسرار کا تلاش کرنا مراد نہ ہے انکار نبوت کا یہ نبی کا اتباع نہیں بلکہ حکمت کا اتباع ہے جب نبی کو نبی مان لیا پھر لِمَ۔ کَیْف۔ کیسا سچ تو یہ ہے کہ پورے حقوق جبھی ادا ہوتے ہیں جب عشقی تعلق ہو۔ بدون اسکے خطرہ ہی رہتا ہے گو خطرہ کا مقابلہ اختیاری ہے۔

ملفوظ ۳۳۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں جو ہر بات کی چھان بین کرتا ہوں اور کھود کرید کرتا ہوں اُسکو لوگ بداخلاقی سے تعبیر کرتے ہیں حالانکہ میری اس بداخلاقی کا منشاء خوش اخلاقی ہے میں چاہتا یہ ہوں کہ لوگوں کے اخلاق درست ہوں اسکے لئے انتظام کرتا ہوں اُس کو بداخلاقی سمجھا جاتا ہے حالانکہ کسی کی درستی کرنا عین شفقت و خوش اخلاقی ہے۔ آجکل تو یہ

Marfat.com

حالت ہے کہ عوام کو دیکھئے خواص کو دیکھئے انگریزی دانوں کو دیکھئے عربی خوانوں کو دیکھئے سبکی ایک حالت ہے ان ماشاء اللہ ان سبکی موذی حرکات کا منشا بے فکری ہے فکر سے کام نہیں لیتے اگر فکر سے کام لیں تو دوسرے کو تکلیف یا اذیت نہ پہونچے دوسروں کو وہی اذیت سے بچا سکتا ہے اور وہی دوسروں کو پکار کہہ سکتا ہے جو اپنے اوپر بوجھ اُٹھائے اور خود تکلیف برداشت کرے میں بحمد اللہ خود بوجھ اُٹھاتا ہوں اور دوسروں کو پکار رکھتا ہوں۔

۳۴ ملفوظ۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ میں اکثر اخباروں کو نہایت ذلیل صحیفے سمجھتا ہوں انکی بدولت لوگوں کے دین کو بڑا نقصان پہونچا آجکل لوگ اخبار میں اپنا نام آجانیکو باعث فخر خیال کرتے ہیں اور مجھے اس سے نفرت ہے۔

۸ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم یکشنبہ

۳۵ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میرے دل میں کوئی کدورت نہیں رہتی جہاں کسی نے معذرت کی میں بالکل پگھل جاتا ہوں اور جو شخص حق کی طرف رجوع کرتا ہے پھر میں اس سے زیادہ کنج وکاوہ نہیں کرتا اور اس سلسلہ کو بہت جلد ختم کر دیتا ہوں اور جو کچھ پوچھ پاچھ کرتا بھی ہوں وہ محض اسکے دیکھنے کو کہ یہ سمجھ بھی گیا اپنی غلطی کو یا نہیں سو اسمیں بھی مخاطب ہی کی مصلحت ہوتی ہے میری کوئی مصلحت نہیں ہوتی۔

۳۶ ملفوظ۔ فرمایا کہ میں جاہ کے اثر سے کسی سے کام نہیں لیتا خواہ اُسکی ساتھ کتنی ہی خصوصیت ہو یوں اپنی محبت سے کوئی کام کر دے یہ دوسری بات ہے۔

۳۷ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک مولوی صاحب کسی کوتاہی کی معذرت کو آئے تھے اُن سے جو دس برس پہلے بات کہی گئی تھی اب اُسکو کرنے پر آمادہ ہوئے میں نے وہی شرط اب بھی لگائی کہ معافی کا اعلان کرو بذریعہ اشتہار اب آمادہ ہوئے ہیں لفظ آمادہ پر مزاحاً فرمایا کہ پہلے نہ بنے ہوئے تھے اب مادہ ہوئے ہیں اسی رعونت کو توڑنا چاہتا تھا۔

۳۸ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مسلمانوں میں سخاوت اور رحم کی صفت بہت زیادہ ہے

Marfat.com

نیز ان کے دلو میں خدا کی محبت بھی سب محبتوں پر غالب ہے کتنا ہی فاسق فاجر مسلمان ہو مگر جب موقع آتا ہے اُس محبت میں خدا کی راہ میں جان دینے کو تیار ہو جاتا ہے۔

۳۹ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اسلام اور احکام اسلام دونوں چیز فطری ہیں البتہ فطرت سلیم ہونا چاہئے ایک ریاست میں ایک ہندو راجہ نے اذان کہنے پر فیصلہ کیا تھا ہندو اذان دینے سے مسلمانوں کو روکتے تھے راجہ نے ہندوؤں سے دریافت کیا کہ مسلمانوں کی اذان دینے سے تمھارا کیا حرج ہے عرض کیا کہ اذان سے ہمارے دیوتا بھاگتے ہیں راجہ نے وزیر کی طرف مخاطب ہو کر کہا کہ تمکو معلوم ہے کہ ایک گھوڑا تھا ہمارے یہاں وہ توپ کی آواز سے چونکتا تھا ہم نے اُسکو میدان میں بند ہوا کرا اور اُسکے پاس توپ لگا کر گولے چلوائے تو اُسکی بدک نکل گئی تھی اسی طرح اگر دیوتا اذان سے بھاگتے ہیں تو اُسکی بھی یہی ایک صورت ہے کہ اذان کہلوائی جائے تاکہ اُنکی بدک نکلے اسلئے کہ کسی موقع پر اگر دیوتاؤں کی امداد کی ضرورت ہوئی اور مسلمانوں نے پڑھ دی اذان تو وہ سب بھاگ جائیں گے اُسوقت ہمکو شکست ہوگی یہ فیصلہ دیا راجہ نے واقع میں اسلام کی طرف فطری کشش ہے اگر کوئی مانع نہ ہو تو کافر بھی اسکو ہی قبول کرے پہلے ہندو اسقدر متشدد نہ تھے یہ ان آریوں نے عداوت کا بیج بویا ہے یہ آریہ جماعت مذہبی جماعت نہیں ہے بلکہ سیاسی جماعت ہے یہ ہندوؤں کے نیچری ہیں

۴۰ **ملفوظ**۔ ایک صاحب کی غلطی پر تنبیہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ میں تو خادم ہوں اگر کوئی ڈھنگ سے خدمت لینا چاہے مجھے خدمت سے عذر نہیں لائق مخدوم کا خادم بن سکتا ہوں نالائق مخدوم کا خادم نہیں بن سکتا مخدوم کا خادم ہوں مجذوم کا خادم نہیں اگر کوئی مجھسے سلیقہ سے خدمت لے انشاء اللہ تعالیٰ مجھکو وفادار کارگذار خادم پائیگا اور اگر کوئی بے طریقہ بدسلیقہ بے اصول ہو تو اُسکی ایسی تیسی کہ وہ خدمت لے سکے یہ میرے کہنے کی تو بات نہیں مگر دیکھنے والے بتا سکتے ہیں کہ کیا کسی وقت مجھکو فرصت ہوتی ہے ہر وقت کام میں لگا رہتا ہوں تو جو شخص اسقدر خدمت میں مشغول ہو کیا وہ خدمت سے گھبرائیگا پھر اُس خدمت کا نفع عاجل تو دوسرے ہی کو پہونچتا ہے باقی مجھکو اگر کچھ اجر ملتا ہے تو وہ نفع آجل ہے مگر محتمل ہے نہ معلوم مقبول بھی ہے یا نہیں بہر حال اُسکا نفع یقینی اور میرا محتمل غرض میرا خادم ہونا ظاہر ہے مگر جب کوئی ستائے میں اُسکا خادم

Marfat.com

نہیں بن سکتا اصول صحیحہ کا تابع ہو کر تو خدمت آسان بے اصول خدمت مشکل ہے کس کسکی ایسی خدمت کرے اور کس کسکو خوش رکھے یہ ہیں وہ باتیں جنکی بنا پر مجھکو بدنام کیا جاتا ہے۔

ملفوظ ۱۴ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل اسکی شکایت عام ہے کہ مسلمانوں میں فضول خرچی کا مادہ بہت زیادہ ہے اسکا اصلی سبب بدانتظامی ہے انتظام ضروری چیز ہے اور تجربہ ہے کہ بدون تھوڑے سے بخل کے انتظام مشکل ہے اور فضول خرچی بند نہیں ہو سکتی اسلئے کسی قدر بخل کی بھی ضرورت ہے اور یہ درجہ بخل کا چونکہ ضرورت کا ہے اسلئے مذموم نہیں غرض وہ بخل لغوی ہے شرعی نہیں اور انتظام کا ایک گر ہے اگر اسکو اپنے اصول میں داخل کرے تو بہت نافع ہے وہ گر یہ ہے کہ سوچ کر خرچ کرے اور سوچنے کا بھی ایک طریقہ ہے وہ یہ ہے کہ تین مرتبہ سوچے اور درمیان میں آدھ آدھ گھنٹہ کا فصل ہو چند روز تک تو گرانی ہوگی مگر پھر عادت ہو جائیگی مگر غلو اسمیں بھی ممنوع ہے اگر ہر شئے اپنے درجہ پر رہے تب ممنوع نہیں اور اس بخل کے مشورہ کی ایک مثال ہے حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مثال بیان فرمائی ہے عجیب مثال ہے اکثر ایسا کرتے ہیں کہ کاغذ کو موڑ کر لپیٹ دیتے ہیں اسمیں خم پڑ جاتا ہے اور جب سیدھا کرنا چاہتے ہیں تو اسکا عکس کرتے ہیں یعنی اسکو اولٹا موڑتے ہیں تاکہ اسکا بل اور خم نکلکر سیدھا ہو جائے اگر بدول دوسری طرف موڑے سیدھا کرنا چاہیں سیدھا نہیں ہوتا اسی طرح اگر کسی میں اسراف کا مرض ہو تو وہاں صورت بخل کا حکم کرنا چاہئے اور بخل کا مرض ہو تو صورت اسراف کا مگر یہ تجویز تجربہ کار ہی کر سکتا ہے وہی مرض کو سمجھتا ہے

ایک بزرگ کے پاس ایک شخص مرید ہونے آیا آپنے دریافت فرمایا کہ کچھ مال بھی تیرے پاس ہے عرض کیا ہے دریافت فرمایا کہ کسقدر عرض کیا کہ سو درہم فرمایا کہ انکو خیرات کر کے آؤ جب مرید کریں گے عرض کیا بہت اچھا پھر دریافت فرمایا کہ کسطرح خیرات کرو گے عرض کیا کہ اللہ کے واسطے کسی کو دیدونگا فرمایا نہیں دریا میں پھینک کر آؤ عرض کیا بہت اچھا دریافت فرمایا کسطرح پھینکو گے عرض کیا کہ دریا پر لیجاکر ایکدم دریا کے اندر پھینکدونگا فرمایا اسطرح نہیں بلکہ ایک درہم ہر روز جاکر پھینکو مطلب یہ تھا کہ نفس پر روزانہ اژدہا چلے وہ بزرگ شیخ تھے سمجھتے تھے کہ اسمیں جب مال کا مرض ہے اور محبت ایک ہی چیز کی قلب میں رہ سکتی ہے اسلئے شیخ قلب کے خالی کرنیکی فکر کرتا ہے اور اسکے موقع محل کو وہی سمجھتا ہے اسلئے اسکی تجویز میں چون وچرا جائز نہیں

۱۴

Marfat.com

کیونکہ وہ اپنی طرف سے نہیں کہتا بلکہ وہ وہی کہتا ہے جو اُسکے دلمیں ڈالا جاتا ہے بعضے طالب علم زبیں پھینکنے پر شبہ کرتے ہیں کہ یہ تو اضاعت ہوئی مال کی جواب یہ ہے کہ اضاعت وہ ہے جسمیں کوئی مصلحت نہ ہو یہاں نفس کے ایک خاص درجہ کے علاج کی مصلحت تھی جو شیخ کے اجتہاد میں دوسری صورت سے حاصل نہیں ہو سکتی تھی اور معالجہ کا زیادہ مدار اجتہاد پر ہے لہٰذا شبہ کی کوئی وجہ نہیں۔

۸ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم یکشنبہ

۴۲ ملفوظ۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کی طبیعت کا ناساز ہونا ایک اخبار نے چھاپا ہے فرمایا کہ کس نے یہ حرکت کی ہے خواہ مخواہ اہل تعلق کو پریشانی میں ڈالنا ہے میں اسکو پسند نہیں کرتا میں تو اخبار دیکھتا ہی نہیں کیسے متعلق مضمون کا چھپنا اُسکی نہایت ذلت سمجھتا ہوں اخبار نہایت نفرت کی چیز ہے اکثر اسمیں صدق خالص کا احتمال بھی نہیں اور اخبار تو اخبار ایسے تذکرہ کو تو میں خطوط میں بھی پسند نہیں کرتا اگر خود کوئی خیریت دریافت کرے تو خیر علالت کی خبر کا بھی مضائقہ نہیں مگر از خود دوسروں کو اطلاع دینا نہایت نامناسب بات ہے لوگوں کو نہ معلوم ایسی باتوں میں کیا مزہ آتا ہے یہ بھی کوئی مشغلہ کی چیز ہے دوسرے حالت میں طبعی طور پر تغیر تبدل ہوتا رہتا ہے بس اگر ایک حالت کی مثلاً ناسازی کی تو عام خبر ہو گئی اور دوسری حالت یعنی صحت کی خبر نہ ہوئی تو اس سے محبت رکھنے والوں کو ظاہر ہے کہ پریشانی ہوگی اسمیں ایک بات خلاف مذاق یہ ہے کہ کسی کی حیات کا یا کسی کے مرض کا یا کسی کی موت کا ایک ہنگامہ بنانا نہایت لغو حرکت ہے اہل ذوق تو خود گھر والوں کے لئے ایسے مشغلہ کو پسند نہیں کرتے میرے نانا صاحب صاحب حال تھے جب بیمار ہوئے اور حالت زیادہ نازک ہوئی تو بیوی بچوں کو الگ الگ بلا کر سب کو رخصت کیا پھر چادر سے منہ ڈھانک کر لیٹ گئے گھر والے رونے لگے چادر کھول کر فرمایا ارے ظالمو مرنے بھی نہیں دیتے۔

۴۳ ملفوظ۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ کیفیت کے غلبہ کے وقت بیوی بچوں سے

Marfat.com

بھی قدرے بے التفاتی ہوجاتی ہے اسپر ایک واقعہ بیان فرمایا کہ حافظ غلام مرتضیٰ صاحب مجذوب پانی پتی جنھوں نے بطور پیشین گوئی میرا نام رکھا تھا نانا صاحب سے اُنکی خاص بے تکلفی تھی نانا صاحب پر اُسوقت غلبہ تھا ابتدا میں اکثر ایسا غلبہ ہوتا ہے تعلقات سے وحشت ہوتی ہے بیوی بچوں سے بھی قدرے بے التفاتی تھی حافظ صاحب تھانہ بھون تشریف لائے تو نانا صاحب کے گھر والوں نے نانا صاحب کی شکایت بے التفاتی کی کی حافظ صاحب نے اُس غلبہ کیفیت کو اپنے تصرف سے سلب کر لیا نانا صاحب پر اسقدر قلق طاری ہوا حافظ صاحب کے پیچھے اینٹ لیکر دوڑے بھاگے ارے ڈاکو یہ کیا کر چلا مگر حافظ صاحب نے پیچھا پھیر کر بھی نہ دیکھا چل ہی دیئے پھر جب نانا صاحب کی وفات کا وقت آیا ہے تو حافظ صاحب اوس روز پھر تشریف لے آئے اور اُسوقت اُس کیفیت کو واپس کر دیا یہ تصرف تھا حافظ صاحب کا اُسوقت نانا صاحب پر بیحد مسرت کے آثار نمایاں تھے اور بڑے جوش کی باتیں کرتے تھے اسی سلسلہ میں فرمایا کہ موت کے وقت مناسب ہے کہ ایک دو عاقل میت کے پاس ہوں زیادہ بھیڑ کی ضرورت نہیں وہ ذکر اللہ میں مشغول ہونیکا وقت ہے نہ کہ دنیوی خرافات کا اب تو یہ حالت ہے کہ بچوں کو لاکر کھڑا کیا جاتا ہے کہ انکے واسطے کیا کر چلا بیوی آکر کہتی ہے مجھکو کس پر چھوڑ چلا یہ وقت ایسی باتوں کا نہیں نہ معلوم اسپر کیا گذر رہی ہے تمکو اپنی پڑی ہے ایسے موقع پر ایک دو عاقل کے پاس ہونیکی ضرورت ہے کہ وہ اُسکو ذکر اللہ میں مشغول رکھیں بس۔

۴۴ ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں جو کچھ تنبیہ کرتا ہوں یا کھود کرید کرتا ہوں صرف اسواسطے کہ مخاطب کو جہل سے نجات ہو اور مقصود سے قرب ہو لوگ اکثر بیعت کو یا تعارف ذکر و شغل کو یا جوش خروش کو مقصود سمجھتے ہیں جو سخت دھوکہ ہے حقیقت پر پردہ پڑا ہوا ہے حق تعالیٰ کی رضا اور انکی یاد یہ دو چیزیں ظاہر میں پھیکی پھیکی ہیں مگر حقیقت یہ ہے کہ یہی مقصود بالذات ہیں گو انکی ساتھ شورش نہ ہو جوش خروش نہ ہو۔

۴۵ ملفوظ۔ فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا ہے لکھا ہے کہ فلاں شخص سے آپکی باتیں سنکر دلکو بیحد اطمینان ہوتا ہے (جواب یہ دیا گیا) سنی سنائی روایت کا کوئی اعتبار نہیں۔ اسپر یہ بھی فرمایا

Marfat.com

کہ تصانیف دیکھکر یا وعظ سنکر یا زبانی تعریف سنکر اکثر دھوکہ ہوجاتا ہے اس سے ایک خاص نقشہ ذہن میں ایسا جما لیتے ہیں جیسے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا نقشہ رافضیوں کے ذہن میں ہے لیکن اگر لوگ اُنکی اصلی حقیقت کو دیکھ لیں تو سب سے پہلے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے یہ شیعی ہی دشمن ہوں دیکھکر یوں کہیں کہ یہ کیسے حضرت علی رضؓ ہیں یہ تو حضرت ابوبکرؓ ہیں یہ تو عمرؓ ہیں یہ تو عثمانؓ ہیں جیسے کسی جاہل نے ایک مسجد کی محراب میں لکھا دیکھا تھا ؎

چراغ و مسجد و محراب و ممبر، ابوبکر و عمر عثمان و حیدر،

وہ جاہل چھُری لیکر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نام پر چڑھ گیا کہ ہم تو تمہاری وجہ سے لڑتے مرتے پھرتے ہیں اور تمکو جب دیکھتے ہیں ان ہی کے پاس بیٹھا دیکھتے ہیں ان سے جدا ہی نہیں ہوتے یہ کہکر حضرت علی رضی اللہ کا نام چھُری سے چھیل ڈالا۔ جہل ایسی چیز ہے غرض خیالات کا کیا اعتبار حقائق کو دیکھنا چاہئے

۴۶ **ملفوظ**۔ ایک صاحب کی غلطی پر مواخذہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ اگر کسی معاملہ پر گفتگو ہو اور اوسکے چند اجزا جدا جدا ہوں تو خلط نہ کرنا چاہئے اول ایک بات ہو وہ صاف ہوجائے تب دوسری بات ہو یہ ہے ادب گفتگو کا پہلی بات نفیاً یا اثباتاً عدماً یا وجوداً جسطرح بھی طے ہوجائے پھر دوسری بات شروع کرنا چاہئے۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کی تو ہر بات صاف اور بے غبار ہوتی ہے ذرا اُلجھن نہیں ہوتی فرمایا کہ تفصیلی تعلیم جسکی آپ قدر کرتے ہیں میری بدنامی کا سبب ہے میں طالبین کے لئے یہ چاہتا ہوں کہ انکو اپنا مقصود معلوم ہو جہل سے نجات ہو حقائق منکشف ہوں مگر یہ معاملہ بھی ہر شخص کی ساتھ نہیں صرف اُسی کے ساتھ ہے جو اپنے کو میرے سپرد کرتا ہے اور تعلیم چاہتا ہے اور محبت کا دعویٰ کرتا ہے میں اُسکو چھوٹی سے چھوٹی بات پر متنبہ کرتا ہوں اسلئے کہ یہ اپنے مقصود کو سمجھ لے۔

۴۷ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ شیخ کامل کی حالت مشابہ عوام کے ہوتی ہے وہ سب میں ملا جُلا رہتا ہے اُسکی کوئی خاص امتیازی شان نہیں ہوتی اور یہ ہی حالت حضرات انبیاء علیہم السلام کی تھی اور اس ہی حالت کو دیکھکر لوگوں نے کہا ان انتم الا بشر مثلنا انبیاء علیہم السلام نے اسکی نفی نہیں کی بلکہ اثبات میں جواب فرمایا ان نحن الا بشر مثلکم بیشک ہم

Marfat.com

بشر ہیں ہمیں اس سے انکار نہیں مگر اسکی ساتھ ہی یہ فرمایا کہ ولکن اللہ یمن علی من یشاء من عبادہ البتہ اولیاء متوسطین میں امتیازی شان ہوتی ہے جسکو عوام بھی امتیازی شان سمجھتے ہیں مگر انبیاء اور اولیاء کاملین بالکل مشابہ عوام کے اپنی حالت رکھتے ہیں اونکی تو لبس یہ شان ہوتی ہے۔ ؎

دلفریبان نباتی ہمہ زیور بستند، دلبرماست کہ باحسن خداداد آمد

غرض شیخ کامل اپنی شان میں مشابہ ہوتا ہے انبیاء علیہم السلام کے جہاں اور کمالات اُسپر مشکوۃ نبوت سے فائض ہوتے ہیں اُسپر یہ بھی انبیاء ہی کا فیض ہوتا ہے کہ اُسکا چلنا پھرنا اُٹھنا بیٹھنا کھانا پینا نشست برخاست رفتار گفتار سب سنت ہی کے تابع ہوتا ہے۔

۴۸

ملفوظ۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ شیخ تو وہ ہے جسکا فیض سارے عالم کو محیط ہو جب تک جسم میں قوت ہو جسم سے ہی ورنہ پھر قلب سے اور توجہ سے ایک شخص مجھسے کہتے تھے کہ فلاں شیخ چالیس برس تک خانقاہ سے نہیں نکلے میں نے کہا واقعی عفیف عورت ہیں کسی نامحرم کے سامنے نہیں آئے یہ شیخ ہیں شیخ تو وہ ہے کہ اپنے فیض سے تمام عالم کو محیط ہو نہ کہ کسی کوٹھڑی کا مقید ہو جاوے۔

ملفوظ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اعمال مقصودہ کی اتباع پر جو روحانی کیفیات ہوتی ہیں وہ اسقدر لطیف ہوتی ہیں کہ اونکا ادراک ہر شخص نہیں کر سکتا اسلئے اکثر کیفیات نفسانیہ کے طالب رہتے ہیں کیفیات روحانیہ کی قدر نہیں کرتے ایسے شخص کی بالکل ایسی مثال ہے جیسے دیوبند میں ایک رئیس کے یہاں شادی تھی اُنمیں کچھ پنکاری چمار بھی بلائے گئے تھے اور انکو علاوہ اور کھانوں کے فیرنی کی رکابیاں بھی دیدی گئیں تھیں تو انکو چکھ کر ایک چمار کیا کہتا ہے کہ سمجھ میں نہیں آیا یہ تھوک ملکے ہے (کیا ہے) یہ قدر کی فیرنی کی ایسے ہی ان کیفیات کی قدر جو کہ اعمال مقصودہ سے ہوتی ہیں ان ناواقفوں کے نزدیک ایسی ہی ہے جیسے چمار نے فیرنی کی قدر کی تھی البتہ اگر ایک سیر بھر گڑ کا ڈلا اُسکو دیدیا جاتا تو خوش ہو جاتا اسی طرح کیفیات روحانیہ کو ناواقف لوگ کیفیات ہی نہیں سمجھتے حالانکہ اصلی کیفیات یہی ہیں دیکھئے اسکے متعلق میں عرض کرتا ہوں ایک شخص نماز پڑھتا ہے اور کوئی شخص اُس سے

Marfat.com

یہ کہیے کہ مثلاً عصر کی نماز چھوڑ دے اور ایک لاکھ روپیہ لیلے مگر وہ نماز نہیں چھوڑیگا اور ایک لاکھ روپیہ نہ دے گا بلکہ یہ کہے گا کہ اگر ہفت اقلیم کی سلطنت بھی دو تب بھی نماز نہ چھوڑونگا یا ایک شخص ہے کہ حق تعالیٰ کی راہ میں جان دینی پڑجائے وہ اُس سے دریغ نہیں کرتا اگر یہ کیفیات نہیں تو اور کیا ہیں کہ جسکے سامنے جان و مال کی کوئی حقیقت نہیں سمجھتا یہ تقاضا یہ پختگی یہ عزم کس چیز کا اثر ہے حتی کہ ساری دنیا بھی اگر اُسکے خلاف پر مجبور کرے وہ مجبور نہیں ہوتا اُس حالت میں اُسکو ایک حظ ہوتا ہے لذت ہوتی ہے ہفت اقلیم کی سلطنت اس کے سامنے گرد ہوتی ہے یہ سب کیفیت ہی کے تو کرشمے ہیں اور یہ نعمت بعض احکام کے اعتبار سے ہر ادنیٰ سے آدمی مسلمان میں موجود ہے اسکی قدر کرنی چاہیئے یہ ہی حالت ہر حکم میں ہو جاوے یہی کمال مقصود ہے جو کاملین کو عطا ہوتا ہے

ملفوظ۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت یہ کیفیت مفہوم ہو کہ یہ کیفیت نفسانی ہے اور یہ روحانی فرمایا کہ جس کیفیت میں مادہ شریک ہو وہ نفسانی ہے اور جسمیں مادہ شریک نہ ہو وہ روحانی ہے اور اسکا پورا پتہ تو مرنے ہی کے بعد چلے گا جب مادہ سے تجرد ہو جائیگا باقی اور یہ محض تبرع ہے کہ یہاں بھی کسی پر ظاہر کر دیا جاتا ہے لیکن ظہور کا منتظر نہ رہے اصل چیز تو اعمال ہیں اُسکے اہتمام میں مشغول رہنا چاہیئے کیفیات کے پیچھے ہی نہ پڑنا چاہیئے لوگ آجکل اس غلطی میں مبتلا ہیں کہ اعمال کی روح کیفیات کو سمجھتے ہیں حالانکہ روح اعمال کی کیفیات نہیں بلکہ روح اعمال کی اخلاص ہے خصوص کیفیات نفسانیہ تو کسی درجہ میں مقصود ہی نہیں بلکہ بعض حالتوں میں مضر ہو جاتی ہیں اور کیفیات روحانیہ کو بھی التفات تو نہ ہونا چاہیئے مگر وہ مضر کسی حال میں نہیں اسکو ایک مثال سے سمجھ لیجئے کہ ڈاکخانہ کے ذریعہ سے ایک پارسل آیا اُسکو کھولا گیا تو اسمیں سے ایک بم کا گولا نکلا اور ایک دم پھٹ گیا تمام جسم کو زخمی کر دیا ہاتھ جل گیا منہ جھلس گیا اور ایک پارسل آیا جسمیں سے سیب انگور انار امرود نکلے تو پہلی صورت تو کیفیت نفسانیہ کی حالت ہے اور دوسری صورت روحانی کیفیت ہے اور یہ حضرات دعوی کی حدود کے باہر ہوئے ہیں انا الحق وغیرہ یہ سب کیفیات نفسانی ہی سے تو ہوئے ہیں یہی وجہ ہے کہ کاملین کو ایسی حالت پیش نہیں آئی حضرت شیخ عبد الحق ردولوی رحمۃ اللہ علیہ نے جامع مسجد میں تیس یا چالیس برس تک نماز پڑھی اور استغراق کی یہ کیفیت تھی کہ اتنے زمانہ تک راستہ جامع مسجد کا

Marfat.com

نہ معلوم ہوا اختیار خادم کی حق حق کی آواز پر تشریف لیجاتے تھے مگر نماز کسی وقت کی قضا نہیں ہوئی ان ہی بزرگ کا مقولہ ہے منصور بچہ بود کہ از یک قطرہ بفریاد آمد ایں جا مردانند کہ دریا ہا فرو برند آروغ نہ زنند پس انا الحق نتیجہ تھا کیفیات نفسانیہ کے غلبہ کا اور یہ مقولہ نتیجہ تھا کیفیات روحانیہ کے غلبہ کا اور اس جوش خروش سے رونق تو ہو جاتی ہے خانقاہ کی کوئی ہو حق کر رہا ہے اور کوئی رو رہا ہے اور کوئی چلا رہا ہے کوئی ٹوٹ رہا ہے کوئی پھاند رہا ہے کوئی اُمنڈ رہا ہے کوئی اُبل رہا ہے مگر ایسی خانقاہ محاتین کی ہو گی عقلا کی نہیں ہو گی حضرات صحابہ کی طرح رہنا چاہئے یہ ہی شان محبوبیت کی ہے مگر آجکل ہو حق کا کرنا ہی بڑا بھاری کمال سمجھا جاتا ہے۔

ملفوظ ۱۱ - ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ درویشی کا رنگ ڈھیلا ہے بیا ہی معروف اور مولویت کا رنگ ڈھیلا ہے بیا محجول اسلئے لوگ مولویوں سے گھبراتے ہیں اور درویشوں کو چمٹتے ہیں۔

۹ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم دوشنبہ

ملفوظ ۱۲ - ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کا ایک وعظ ہے تقویم النزلغ اسکو جو تسہیل المواعظ کے سلسلہ میں سہل کیا گیا ہے تو اُسمیں تقویم النزلغ کا ترجمہ مترجم نے کیا ہے کجی کی درستی ایک شخص نے وعظ منگایا اُسپر بہت بُرا بھلا لکھا کہ تم لوگوں کو دھوکہ دیتے ہو ہے وعظ اور لکھا ہے کجی کی درستی اسمیں کجی کے نسخے کہاں ہیں (خدا کے بندہ نے بجائے قلب کی کجی کے عضو کی کجی کو سمجھ لیا) یہ سنکر حضرت والا نے تبسم فرماتے ہوئے کئی واقعے کم فہموں کے بیان فرمائے کہ حق السماع میری ایک کتاب ہے ایک پیرزادے بیان کرتے تھے کہ گنگوہ میں عرس کے موقع پر وہی پیرزادے مختلف کتابیں فروخت کر رہے تھے اُسمیں یہ رسالہ بھی تھا ایک شخص نے رسالہ کی لوح دیکھکر پوچھا کہ یہ کس کی تصنیف سے ہے اُس نے میرا نام لیا تو وہ شخص بہت خوش ہوا کہ سماع کو اُس نے بھی حق کہا ہے اور اسکی قیمت دریافت کی اُس نے قیمت بتلادی شاید ایک ہی دو جلد باقی تھی فوراً خرید لی اس خیال سے کہ کوئی اور

Marfat.com

نہ خریدے اور پھر نہ ملے خرید کر جو دیکھا تو اسمیں سماع کی حقیقت کو ظاہر کیا گیا ہے بہت خفا ہوا کہ لوگوں کو دھوکہ دیا جاتا ہے ایسا نام رکھا ہے کہ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ سماع کو حق کہا ہے اور لکھا ہے اُسکے خلاف اُس بھلے مانس سے کوئی پوچھتا کہ حق السماع کے نام سے سماع کا حق ہونا کیسے لازم آیا ایک اور شخص نے لکھا تھا کہ تم نام رکھنے میں بہت دھوکہ دیتے ہو تم نے نام تو رکھا ہے اصلاح الرسوم اور اسمیں ہے رسوم کا ابطال میں نے کہا کہ مرض کی اصلاح تو اُسکے ازالہ ہی سے ہو سکتی ہے اسی طرح بہشتی زیور میں ایک نسخہ ہے نمک سلیمانی کا اسمیں مزید آسانی اور سہولت کیلئے نمک کا وزن عبارت میں لکھدیا گیا ہے کہ نمک سرسٹھ ۶۷ تولہ تو میرے پاس چند خطوط اس مضمون کے آئے کہ ایک تو تم نے نمک کا وزن نہیں لکھا اور دوسرے سرسٹھ کیا دوا ہے بہت تلاش کی کہیں نہیں ملتی۔ ایک مضمون میں لفظ حضرت سلمہ لکھا تھا تو ایک لکھے پڑھے صاحب پوچھتے ہیں کہ یہ حضرت سلمہ کون ہیں جن سے یہ روایت ہے یہ آفت ہے اس بدفہمی کا کیا علاج اسی سلسلہ میں فرمایا کہ ایک صاحب مجھسے فرمانے لگے کہ آپکے وعظوں میں بعض مضامین سخت بہت ہیں اگر انکو سہل کر دیا جائے تو مناسب ہے میں نے کہا کہ کیا اُسمیں ایسے مضامین بھی ہیں جو آپکے نزدیک سہل ہیں اور گاؤں والوں کے نزدیک سخت ہیں کہنے لگے ہاں میں نے کہا تو اُنکو آپ اول سہل کر دیجئے کیونکہ اُنکو تو آپ سمجھ چکے ہیں سہل کرنا آسان ہوگا مگر اس تسہیل کا امتحان کرا دیجئے وہ امتحان یہ ہے کہ گاؤں والے سنکر یہ کہدیں کہ ہم سمجھ گئے تو اس سے تسہیل کا طریقہ مجھکو معلوم ہو جاویگا پھر جو مضامین آپکے نزدیک سخت ہیں اُسی طریقہ سے میں اُنکو سہل کر دونگا بس کھوئے گئے مشورہ دیدینا کون مشکل ہے زبان ہی تو ہلانا پڑتی ہے مگر جب کرنیکا نام آتا ہے تو پھر سب ترکی تمام ہو جاتی ہے یہ بھی آجکل لوگوں میں ایک مرض پیدا ہو گیا ہے اور یہ سابق بھی لوگوں نے نیچریوں سے حاصل کیا ہے سمجھتے سمجھاتے خاک نہیں مگر ہر معاملہ میں رائے دینے کو تیار ان لوگونکی سمجھ کی وہ حالت ہے جیسے ایک شخص نے شیخ سعدی علیہ الرحمۃ کے ایک شعر کو سمجھا تھا قصہ یہ ہوا کہ کسی کے ایک دوست کی کسی شخص سے لڑائی ہو رہی تھی وہ دوست بھی ہاتھ پاؤں چلا رہے تھے مگر ان بزرگ نے جاکر دوست کے دونوں ہاتھ پکڑ لیے

Marfat.com

دوست بیچارے کی خوب مرمت ہوئی یعنی خوب پٹائی ہوئی لوگوں نے پوچھا کہ یہ کیا حرکت تھی کہا کہ میں نے حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمۃ کے فرمان پر عمل کیا ہے وہ فرماتے ہیں ؎

دوست آن باشد کہ گیرد دست دوست در پریشاں حالی و درماندگی

ایک عالم غیر مقلد کی حکایت بیان کرتے تھے کہ کسی کتاب میں ایک حدیث کا اردو ترجمہ دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو شخص امامت کرے وہ ہلکی نماز پڑھے تو آپ جب امامت کرتے تو نماز میں کھڑے ہوئے ہلا کرتے ایک شخص نے بعد نماز کے دریافت کیا کہ نماز میں یہ حرکت کیسی کہتا ہے کہ حدیث میں آیا ہے کہ ہلکے نماز پڑھو انہوں نے کہا کہ بھائی ہم نے تو ایسی حدیث نہ سنی نہ پڑھی لاؤ ہمکو بھی دکھلاؤ وہ کونسی حدیث ہے اور کونسی کتاب میں ہے آجکل بڑی بڑی کتابوں کے ترجمے اردو میں ہو ہی گئے ہیں ایک کتاب اٹھا کر لایا اور لا کر سامنے رکھدی اُس شخص نے کتاب دیکھکر کہا کہ میاں اسمیں تو یہ حدیث ہے کہ من ام منکم فلیخفف یعنی امام کو چاہئے کہ وہ خفیف یعنی ہلکی نماز پڑھے تاکہ مقتدیوں کو گرانی نہ ہو آپ نے ہلکی بجائے معروف کو ہلکے بجائے مجہول یعنی حرکت سمجھا تب میاں کو اپنی غلطی کا علم ہوا یہ حالت ہے آجکل کے جو دو ہی صدی کے مجتہدونکی اسپر دعوی ہے حدیث دانی کا حق تعالیٰ فقہا کو جزاء خیر عطا فرمائیں وہ ہمکو گمراہی سے بچا کر راہ پر لگا گئے جزاہم اللہ تعالیٰ فاحسن الجزاء۔

ملفوظ ۵۳ — ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ جی ہاں یہ خود بینی اور خود رائی بڑی ہی مذموم چیز ہے حق تعالیٰ ہر مسلمان کو اس سے محفوظ رکھیں ایک غیر مقلد نے حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رح کی تقریر سنکر کہا کہ آپ مجتہد ہو کر تعجب ہے کہ تقلید کرتے ہیں مولانا نے فرمایا کہ مجھکو اس سے زیادہ اسپر تعجب ہے کہ آپ غیر مجتہد ہو کر تقلید نہیں کرتے اور میں کہتا ہوں کہ ان بزرگ نے اس سے تقلید کی ضرورت سمجھ لی ہوتی کہ جب اتنا بڑا شخص مقلد ہے تو ہم کس شمار میں ہیں حضرت جسقدر علم بڑھتا جاتا ہے تقلید کی ضرورت زیادہ محسوس ہوتی جاتی ہے اسلئے کہ اسکے سامنے ایسے واقع بہت آتے ہیں جہاں اپنی رائے کام نہیں دیتی امام محمد امام ابو یوسف مجتہد مطلق ہیں مگر اصول میں وہ بھی امام صاحب کی تقلید کرتے ہیں فروع میں تقلید نہیں کرتے وہ بھی ضرورت سمجھتے ہیں تقلید کی تقلید سے کوئی بچ نہیں سکتا۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ تقلید

رسالہ المبلغ ص۳ ج۹ — بابتہ ماہ ذی الحجہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

کی حقیقت کیا ہے اور تقلید کسکو کہتے ہیں فرمایا تقلید کہتے ہیں اُسکی کا قول ماننا بلا دلیل عرض کیا کہ کیا اللہ اور رسول کے قول کو ماننا بھی تقلید کہلائیگا فرمایا کہ اللہ اور رسول کا حکم ماننا تقلید نہ کہلائیگا وہ اتباع کہلاتا ہے ۔

ملفوظ ۵۴ ۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک بہت بڑے عالم مناظر بھی ہیں وہ میری نسبت کہتے تھے کہ مجھسے بڑا مناظر میں نے نہیں دیکھا اور یہ بھی کہتے تھے کہ جیا ہے خصم عناد کی وجہ سے ساکت نہ ہو مگر تقریر ایسی ہوتی ہے کہ اوس سے ٹھکانیکی بات نکل آتی ہے اور حق واضح ہو جاتا ہے میں نے جواب میں کہا کہ تم نے یہ بات سمجھی ہوگی مجھے تو واقعی یہ بھی معلوم نہیں کہ مجکو مناظرہ سے کچھ مناسبت بھی ہے البتہ شروع طالب علمی کے زمانہ میں تو مجھکو اس سے بہت زیادہ دلچسپی تھی مگر اب تو نفرت ہے ایک مرتبہ طالب علمی ہی کے زمانہ میں ایک عیسائی مناظر انگریز دیوبند آیا اور دیوبند کے اسٹیشن کے قریب ایک باغ ہے وہاں اوسکا قیام ہوا اور میں خبر پاکر مناظرہ کے لئے وہاں پہونچا اور مناظرہ شروع ہوا اسی اثنار میں حضرت مولانا دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ کو علم ہوا خیال ہوا کہ یہ نا تجربہ کار ہے اور عیسائی کہنہ مشق اسلئے مناظرہ کی دوران میں تشریف لے آئے اسوقت عیسائی مناظر تقریر کر رہا تھا میرے جواب دینے کی نوبت نہ آئی تھی مولانا نے مجھسے فرمایا کہ میں گفتگو کرونگا میں الگ ہوگیا وہ عیسائی مناظر یہ کہہ رہا تھا کہ عیسیٰ علیہ السلام کلمۃ اللہ تھے مولانا نے کھڑے ہوکر فرمایا کہ کلمہ کسے کہتے ہیں اور اسکی کتنی قسمیں ہیں اور عیسیٰ علیہ السلام کونسی قسم میں داخل تھے بس اُسکے ہوش حواس گم ہوگئے بار بار یہی کہتا جاتا تھا کہ کلمہ کلمہ تھے مولانا فرماتے کونسا کلمہ کلمہ تو بہت قسم کا ہوتا ہے تم کلمہ کی تعریف اقسام بیان کرو اور یہ بتاؤ کہ عیسیٰ علیہ السلام کس قسم کے کلمہ ہیں جب نہیں بتلا سکا تو اُسکی ٹیم نے خیمہ میں دیکھا کہ یہ جواب نہیں دیسکتا تو ایک پرچہ لکھکر مناظرہ بند کر دیا یہ عورتوں کے تابع ہوتے ہی ہیں مناظرہ چھوڑ کر چلدیا ۔ مزاحاً فرمایا کہ یہ لوگ مادیات ہی میں چلتے ہیں نہ یات میں خاک بھی نہیں چلتے ۔ دوسرا واقعہ دیوبند ہی میں مدرسہ کے قریب ایک عیسائی آکر بیان کرنے لگا میں خبر سنکر مناظرہ کے لئے تیار ہوگیا اُسنے انجیل ہاتھ میں لیکر مجھسے سوال کیا کہ یہ کیا ہے اُسکا مطلب یہ تھا کہ یہ کہیگا کہ انجیل ہے پھر وہ کہتا کہ قرآن مجید بھی انجیل کو آسمانی کتاب

۲۵

Marfat.com

کہتا ہے پھر میں اُسکا محرف ہونا ثابت کرتا ایک بکھیڑا تھا ایک صاحب آگئے تھے حکیم مشتاق احمد وہ کہنے لگے کہ ایسے جاہلوں سے تم کیوں مناظرہ کرتے ہو ان سے جاہل ہی نبٹتے ہیں اور وہ صاحب خود مناظرہ کو تیار ہو گئے وہ انجیل ہاتھ میں لئے ہوئے تھا ہی اون سے بھی یہ ہی سوال کیا کہ یہ کیا ہے اونھوں نے کہا کہ یہ ہے کدو بیحد جہلا یا کہ تم گستاخی کرتا ہے تم توہین کرتا ہے اونھوں نے کہا کہ ہمیں گستاخی اور توہین کی کیا بات ہی ہم اپنی علم سے یہی کہتے ہیں کہ یہ کدو ہے (غالباً مقصود یہ ہوگا کہ جب منسوخ ہونیکے علاوہ ممسوخ ہے تو معطل ہے مثل کدو کے) خیر یہ تو ایک لطیفہ تھا باقی تتبع سے محقق ہو چکا ہے کہ علوم حقیقیہ مسلمانوں ہی کا حق ہے۔ دوسروں کو اُن سے مس بھی نہیں ہوتا مزاحاً فرمایا ہاں مِس سے مَس ہوتا ہے۔

ملفوظ ۵۵۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میرا ایک یہ بھی معمول ہے کہ اگر متعدد مہمان ہوں اور انمیں پہلے سے کوئی تعلق نہ ہو تو اُنکو ایک جگہ جمع کر کے کھانا نہیں کھلاتا اگر خود بھی ساتھ کھاتا ہوں تب جمع کر لیتا ہوں کیونکہ اُسوقت میں خود اُن سب کے لئے واسطہ ہو جاتا ہوں اور مجھسے سب کو واسطہ ہوتا ہے یہ بات کبھی نہ سنی ہوگی مہمانوں کے باب میں اسقدر رعایتیں کرتا ہوں اور پھر سخت مشہور ہوں یہ معمول اسلئے ہے کہ کھانیمیں مختلف لوگونکے جمع ہونیسے آپس میں بے تکلفی نہ ہونے کی وجہ سے انقباض ہوتا ہے دل کھولکر فراغت سے کھانا نہیں کھایا جاتا مختلف طبائع مختلف رنگ کی ہوتی ہیں بعض طبیعتیں ایسی ہوتی ہیں کہ جب تک بے تکلفی نہ ہو کھانیمیں حجاب ہوتا ہے۔

ملفوظ ۵۶۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ صوفیہ کے کشفیات ہیں اور احکام وحی میں بسبب نہیں اسی طرح نصوص اعتقادیہ میں اور اُنکی جو رائے سے تفسیر کیگئی ہے انمیں کوئی بسبب نہیں وہ نصوص جس حالت پر ہیں اُنکو ایسے ہی رہنے دینا چاہئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے فرماتے ہیں ابھموا ما ابھم اللہ یعنی جس چیز کو خدا تعالیٰ نے مبہم رکھا ہے تم بھی مبہم رکھو بڑی حکمت کی بات بیان فرمائی۔

ملفوظ ۵۷۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ کھانیکے وقت اگر کھانیوالے سے ایسی بات کیجاوے

Marfat.com

جسمیں قوت فکریہ صرف نہ ہو تو مضائقہ نہیں یہ کھانیکے آداب میں سے ہے اور جسمیں قوت فکریہ صرف ہو ایسی گفتگو نہ کرنا چاہئے ورنہ کھانیکا لطف جاتا رہتا ہے برباد ہو جاتا ہے۔

ملفوظ ۵۸ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعض لوگ اپنے کو ایسا بڑا سمجھتے ہیں کہ دوسروں کی بالکل رعایت نہیں کرتے جس سے دوسروں کو ایذا پہونچتی ہے اور اسمیں بڑے بڑے لوگوں کو ابتلا ہے اس سے بہت ہی بچنا چاہئے۔

ملفوظ ۵۹ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل اخلاق نام ہے صرف نرمی سے بولنے کا چاہے کتنی ہی سخت بات ہو اور ایذا رساں ہو مگر لہجہ نرم ہو ہمارے ضلع کے ایک کلکٹر کی حکایت ہے کسی پر ناراض ہو کر بہت نرمی اور تہذیب سے حکم دیتا کہ آپکا کان پکڑ کر باہر نکالدو لہجہ ..... نہایت نرمی کا ہوتا تھا تو بہت خلیق مشہور تھا کیا واہیات ہے بلکہ اس سے تو اور زیادہ تکلیف ہوتی ہے کہ بات نرم ہو مگر معاملہ سخت ہو کیونکہ نرم آدمی سے سختی کا صدور خلاف توقع ہونیکے سبب زیادہ رنج کا سبب ہوگا اسی سلسلہ میں فرمایا کہ نرم گفتگو کو جو اخلاق سمجھا جاتا ہے اس پر ایک قصہ یاد آیا ایک شخص نے انتقال کے وقت اپنے بیٹے کو جو کہ احمق تھا وصیت کی کہ میرے مرنے کے بعد جو عزیز اور احباب آئیں اُن سے نرم اور میٹھی بات کرنا بھاری لباس سے ملنا اونچی جگہ بٹھلانا بڑھیا کھانا کھلانا اُس شخص کا انتقال ہو گیا ایک شخص بیچارے اونکے دوستوں میں تھے دوست کے انتقال کی خبر پاکر تعزیت کو آئے اُنہوں نے آکر گھر میں اطلاع کرائی صاحبزادے نے نوکروں کو حکم دیا کہ مہمان کو مچان پر بٹھلا دو۔ گھر میں سے آئے تو بڑے بڑے قالین اور دریان بدن پر لپیٹے ہوئے انہوں نے حسب رواج دریافت کیا کہ والد مرحوم کیا بیمار ہوئے تھے جواب میں کہتے ہیں روٹی پھر کوئی بات پوچھی کہتے ہیں گڑ پھر کھانا لایا گیا مہمان نے کہا کہا کہ گوشت گلا نہیں تو بہت خفا ہوئے اور بولے آپکی خاطر پچاس روپیہ کا کتا کاٹ دیا اور آپکو پسند نہیں آیا مہمان نے کھانا تو چھوڑ دیا اور پریشان ہو کر پوچھا کہ یہ کیا حرکتیں ہیں کہا کہ جب والد صاحب کا انتقال ہو رہا تھا مجھکو چند وصیتیں کیں تھیں ایک تو یہ کہ میرے مرنیکے بعد اگر کوئی آئے تو بھاری لباس سے ملنا تو اس سے بھاری لباس میرے پاس اور کوئی نہ تھا اور ایک یہ کہ نرم اور میٹھی

Marfat.com

بات کہنا تو روئی اور گڑ سے زیادہ نرم اور میٹھی اور کوئی چیز نہیں ایک یہ کہ اونچی جگہ بیٹھنا جہان سے زیادہ اونچی جگہ اور کوئی نہیں ایک یہ کہ بڑھیا کھانا کہلانا تو یہ پچاس روپیہ کا کٹتا تھا جسکا گوشت آپکے سامنے ہے اس سے زیادہ قیمتی بڑھیا اور کوئی جانور بکرا وغیرہ میرے یہاں نہ تھا وہ بیچارے لاحول پڑھکر بھاگے بس لوگ ایسے اخلاق کے طالب ہیں ان اخلاق میں سے ایک تواضع بھی ہے اسکا بھی یہی حشر کیا گیا ہے میرے ابتدائی کتابوں کے استاد مولانا فتح محمد صاحبؒ کا واقعہ ہے ایک لڑکا تھا شادی وہ مولانا سے کریما پڑھتا تھا اسکا سبق بھی دلاگر تواضع کنی اختیار۔ مولانا کی عادت تھی جب تک لڑکا پچھلا سبق نہ سنا لیتا آگے نہیں بڑھاتے تھے۔ مولانا نے پچھلا سبق سنتے ہوئے پوچھا تواضع کسکو کہتے ہیں کہا کہ تواضع یہی ہے کہ کسی کو حقہ دیدیا پان دیدیا مولانا نے خوب مرمت کی بھاگ نکلا پھر پڑھنے نہیں آیا اور جنگل کے کام میں لگ گیا ایک عرصہ کے بعد مولانا جنگل کی طرف تشریف لے گئے وہی شادی ہل چلا رہا ہے مولانا نے دریافت فرمایا کہ ارے شادی تواضع بھی یاد ہے عرض کیا ہاں حضرت ساری عمر یاد رہیگی یہ ہل اسی تواضع نے پکڑوا دیا ہے تو آجکل تواضع اسیکو سمجھتے ہیں جسکو شادی نے بیان کیا تھا اور عوام تو عوام خواص بھی اخلاق کی یہی حقیقت سمجھ رہے ہیں۔

ملفوظ ۶۴۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اسپر کسی دلیل کے قایم کرنیکی ضرورت نہیں فطرت خود بتلا رہی ہے کہ کوئی پیدا کرنے والا ضرور موجود ہے میں نے ایک دہری ملحد کا قول دیکھا ہے جو بعد میں صانع کا قایل ہو گیا تھا کہ میں جس زمانہ میں صانع کے انکار پر لیکچر دیا کرتا تھا تو میرا ضمیر میری تکذیب کرتا تھا فرمایا کہ صانع کی دلیل تو خود صانع ہی ہے بقول مولانا رح ؎

آفتاب آمد دلیل آفتاب ۔۔۔ گر دلیلت باید از وے رو متاب

اور عمیق نظر سے دیکھا جاوے تو حق سبحانہ تعالیٰ کے وجود پر دلیل ہو بھی کیسے سکتی ہے از اسکا یہ ہے کہ دلیل ہمیشہ مدلول سے زیادہ واضح ہونا چاہیئے ورنہ وہ دلیل ہی نہو گی اور خدا تعالیٰ کا وجود خود سب سے زیادہ واضح و ظاہر ہے پھر اسکی کوئی دلیل کیسے ہو سکتی ہے۔ اور جو دلائل سمجھے جاتے ہیں وہ محض صورۃ دلیل ہیں ہمارے ماموں صاحب فرمایا کرتے تھے ؎

شد ہفت پردہ بر چشم این ہفت پردہ چشم ۔۔۔ بے پردہ ورنہ ماہے چو آفتاب دارم

رسالہ المبلغ ص ۹

ماخذہ ۱۵ ذی ۱۳۵۶ھ

اسی لئے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے جواب میں لن ترانی فرمایا گیا لن اُری نہیں فرمایا یعنی میں تو دیکھنے کی قابل ہوں لیکن تم میں دیکھنے کی قوت نہیں اسلئے تم نہیں دیکھ سکتے اور جو لوگ دہریت چھوڑ کر صانع کے قائل ہوئے ہیں اُنکا قول دوسرے دہریوں پر زیادہ حجت ہے کیونکہ اُن پر دونوں حالتیں گذر چکی ہیں ایک مولوی صاحب نے ایک دہری کا واقعہ بیان کیا وہ اکثر ایسے لوگوں کی کتابیں دیکھتے رہتے ہیں وہ کہتے تھے کہ ایک دہری نے خود اپنا واقعہ لکھا ہے کہ میں اپنے اندر تصرف کر کے اپنے وجود کے علاوہ سب چیزوں سے خالی ہو گیا پھر مزید تصرف کر کے اپنے وجود سے بھی خالی ہو گیا مگر پھر بھی ایک چیز مجکو اپنے اندر محسوس ہوتی تھی اُس سے بھی خالی ہونیکی بیحد کوشش کی کہ وہ بھی نکلجائے مگر کامیاب نہ ہوا تب معلوم ہوا کہ جو چیز نفی کرنے پر بھی نہیں نکلتی وہی حق سبحانہ تعالیٰ کی ہستی ہے یہ دیکھکر خدا کے وجود کا قائل ہو گیا اس اصل پر ایک شبہ کا جواب بھی ہو گیا وہ شبہ یہ ہے کہ الست بربکم قالوا بلیٰ میں جو وعدہ لیا گیا ہے تاکہ قیامت میں حجت رہے وہ ہمیں یاد ہی نہیں پھر ہمپر حجت کیسے ہو گی جواب یہ ہے کہ یاد ہونیکی لئے یہ ضرور نہیں کہ اُسکی تمام خصوصیات بھی یاد ہوں بلکہ صرف اُسکا اثر یعنی مقصود کا ذہن میں ہونا کافی ہے مثلاً بچپن میں پڑھا تھا آمدن کے معنی آنا لیکن اُسکی خصوصیات بالکل یاد نہیں مگر باوجود اسکے ایسا یقین ہے کہ کسی طرح زائل نہیں ہو سکتا تو کیا اسکو یاد نہ کہیں گے اسیطرح یوم میثاق کی خصوصیات یاد نہ ہونا مضر نہیں جو اُسکا اثر ہے توحید وہ فطرت میں اسقدر مرکوز ہے کہ اُسکی نفی عادۃً محال ہے اسلئے وہ یاد میں داخل ہے اور حجت ہے۔

۹ محرم الحرام ۱۳۵۶ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم دوشنبہ

۶۱ **ملفوظ** - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی کبھی طالب علمی کے زمانہ میں گفتگو ہو جاتی تھی تمام مدرسہ سننے کے لئے جمع ہو جاتا تھا بڑا لطف ہوتا تھا دونوں اعلیٰ درجہ کے ذہین تھے

رسالہ المبلغ ص۳۰ ج۹

Marfat.com

جسوقت ایک صاحب کی تقریر ختم ہوتی تھی تو سننے والے سمجھتے تھے کہ اب اسکا کوئی جواب نہیں ہوسکتا اور جب دوسرے صاحب کی تقریر ہوتی اور وہ ختم فرماتے تو سمجھتے کہ اسکا کوئی جواب نہیں ہوسکتا یہ تو طالب علمی کے زمانہ کے واقعات ہیں ایک واقعہ مقتدا ہونے کے زمانہ کا عجیب سنا ہے کہ ایک مرتبہ دونوں حضرات سفر حج میں تھے جہاز میں ایک مسئلہ پر گفتگو ہوگئی اور طے نہ ہوا تو حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ بس اب گفتگو بند کی جائے حضرت حاجی کے خدمتمیں تو چل ہی رہے ہیں وہاں پیش کر دیں گے وہاں فیصلہ ہو جائیگا حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے غلبہ صفائی سے فرمایا کہ حضرت فن تصوف کے امام ہیں اور یہ طالب علمی بحث ہے اسکا حضرت کیا فیصلہ فرمائے حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے غلبہ عشق سے فرمایا کہ اگر اسکا فیصلہ ہی حضرت نہیں فرما سکتے تو ہم نے ناحق حضرت کا دامن پکڑا یہ حالت تھی عشق کی غرض حاضری ہوئی اور مسئلہ قصداً تو پیش کیا نہیں گیا مگر ایک سلسلہ میں حضرت نے اُسکی خود ہی تقریر فرمائی اور نہایت سہولت و تحقیق سے فیصلہ فرما دیا حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو تو بیحد مسرت ہوئی اور حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کو بیحد حیرت ہوئی کہ حضرت نے اس فن کو حل نہیں کیا اور عجیب طریق سے فیصلہ فرمایا کہ بڑے سے بڑا ملتجر بھی ایسا فیصلہ نہ کر سکتا تھا۔ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ہمیشہ سے عجیب شان رہی پرانے بزرگو سے معلوم ہوا کہ نوعمری ہی کے زمانہ سے عام مقبولیت تھی نہ مشائخ نے کبھی اُن پر اعتراض کیا اور نہ علماء نے شروع ہی سے اثر عام مقبولیت کا تھا حضرت حاجی صاحب کا نوعمری کے زمانہ کا ایک واقعہ حضرت مولانا گنگوہی بیان فرماتے تھے ایک بار دہلی میں مولانا مملوک العلی صاحب سے ملنے کو تشریف لائے ہم مولانا سے سبق پڑھ رہے تھے مولانا نے درس بند فرما دیا اور استقبال فرمایا اور فرمایا بھائی حاجی صاحب آگئے اب سبق نہ ہوگا فرمانے تھے کہ ہم نے دل میں کہا یہ حاجی کون ہیں اچھے آئے درس ہی بند کرا دیا یہ معلوم نہ تھا کہ ساری عمر کیلئے اس عرفی سبق کو بند کرا دیں گے ایک واقعہ حضرت کے متعلق اور یاد آیا والد صاحب حج کو تشریف لے گئے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت کی

Marfat.com

درخواست کی حضرت سنکر خاموش ہو گئے ایک روز بہت سے لوگ بیعت ہو رہے تھے حضرت نے فرمایا کہ میاں عبدالحق تم بھی آجاؤ حضرت حاجی صاحب کی تو یہ سادگی کہ خود فرما رہے ہیں اور والد صاحب کی سادگی ملاحظہ ہو کہ عرض کرتے ہیں کہ حضرت میں تو بیٹھائی لاکہ مرید ہونگا اسپر بھی حضرت خاموش ہو گئے اور کچھ نہیں فرمایا دوسرے وقت والد صاحب بیٹھائی لاکہ مرید ہو گئے بات یہ ہے کہ ان حضرات میں تو دونوں جانب خلوص تھا یہ اُسکے آثار اور لوگوں میں دونوں طرف عدم خلوص اسلئے کاوش کی حاجت ہو گئی۔

ملفوظ ۶۲۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اگر فطرت سلیم ہو تو ایک حکم بھی شریعت کا خلاف فطرت نہیں۔

ملفوظ ۶۳۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ ایک تو ہوتا ہے اکرام اور ایک ہوتی ہے تعظیم صورت دونوں کی ایک ہے مگر نیت کی وجہ سے دونوں میں حقیقت کا فرق ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے مکان پر تشریف لیجاتے تو حضرت فاطمہ کھڑی ہو جاتیں اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضور کے مکان پر آتیں تو حضور کھڑے ہو جاتے ان دونوں میں وہی اکرام اور تعظیم کا فرق ہے گو صورت ایک ہے غرض اکرام جسکا حاصل تو خاطر داری و رعایت ہے اور چیز ہے اور تعظیم اور چیز ہے صورت ایک ہونیکی وجہ سے لوگ دھوکہ کھا جاتے ہیں وہ خاطر داری کو بھی تعظیم ہی سمجھتے ہیں اور ترک تعظیم کو ترک اکرام۔

ملفوظ ۶۴۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں ایک مرتبہ طواف کر رہا تھا جب میں فارغ ہوا تو ایک دوست کے پاس جا بیٹھا ایک صاحب ضعیف العمر آئے اور کہا کہ کئی مرتبہ تم سے ملنے کو جی چاہا مگر اتفاق سے ملاقات نہ ہو سکی اور ایک بات یہی کہنی ہے وہ یہ کہ تم عمامہ کیوں نہیں باندھتے میں نے کہا کہ کیا فرض ہے واجب ہے کہا کہ سنت ہے میں نے کہا کہ سنت مؤکدہ ہے یا مستحب کہا کہ اس سے کیا بحث میں نے کہا کہ بحث اسلئے ہے کہ ہر ایک کے احکام جدا ہیں مگر اسپر بھی وہ اپنی ہی ہانکتے رہے کہ تم سنت کے خلاف کرتے ہو پھر تو میں بھی نفس کی شوخی سے اس تلاش میں لگا کہ انہیں بھی کوئی بات سنت کے خلاف ہے تو وہ پاجامہ پہن رہے تھے میں نے کہا کہ یہ پاجامہ جو آپ پہن رہے ہیں سنت کے خلاف ہے لنگی باندھنا چاہیئے کہنے لگے کہ بوڑھا آدمی

Marfat.com

ہوں اس لئے گنگی کھل جانیکا اندیشہ ہے میں نے کہا کہ میں جوان آدمی ہوں عمامہ کی گرمی سے دماغ میں گرمی ہوجانیکا اندیشہ ہے بس اُسنے کچھ جواب تو بن نہ پڑا لگے کوسنے کہ خدا کرے تمھارے دماغ میں خوب گرمی ہوجاوے مجکو بھی غصہ آگیا میں نے کہا تم بازار میں ننگے ہوجاؤ اُن دوستنے دونوں کو روکا یہ حقیقت ہے آجکل کے مناظرہ کی عمامہ کو آجکل بعضے لوگ فرض وواجب سمجھتے ہیں خصوص سرحدی لوگ اور یہ رومال جو سر کو باندھ لیتے ہیں اور عمامہ کا قائم مقام سمجھتے ہیں یہ تو ایسا ہے جیسے لنگوٹی باندھکر اُسکو پاجامہ کا قائم مقام سمجھنا یہ سر کی لنگوٹی ہوئی عمامہ سے اسکو کیا تعلق ہے۔

ملفوظ ۹۵ — ایک استفتاء بصورت پیکٹ آیا اُسپر دو پیسہ کا ٹکٹ تھا اور واپسی کے لئے بھی دو پیسہ کا ٹکٹ ہمراہ تھا اسپر فرمایا کہ خود تو لوگ ناجائز حرکت کرتے ہی ہیں دوسروں کو بھی مجبور کرتے ہیں کہ تم بھی ایسا ہی کرو چاہے دوسرے کی وضع اور مذاق کے خلاف ہی ہو یا اُسکی شرعی تحقیق ہی کے خلاف ہو حضرت والا نے اُس استفتاء کو امانت میں رکھکر فرمایا کہ انکو پوچھنے پر متنبہ کرونگا کہ تم نے یہ حرکت کی سے اُنمیں تو کارڈ بھی نہیں پہونچ سکتا ہے پھر اسپر فرمایا کہ میرے ایک متقی ذی علم انگریزی داں ضلع الہ آباد کے رہنے والے دوست ہیں وہ سفر کے ارادہ سے چلے اسٹیشن پہ پہونچکر اسباب کے زائد ہونیکا خیال ہوا مگر وقت کی تنگی سے وزن نہیں کرا سکے جب منزل مقصود کے اسٹیشن پر اوترے وہاں بابو سے کہا کہ اسباب وزن کر لیا جاوے بابو نے انکار کیا کہ ہمیں فرصت نہیں یہ اسٹیشن ماسٹر کے پاس گئے اُس سے کہا وہ پہلا بابو بھی آگیا اور دونوں اسکے باہم گفتگو کرنے لگے انہوں نے اصرار کیا اسپر دوسرے بابو سے اور انکو وضع سے ملا سمجھکر کہ یہ انگریزی نہیں جانتے ہوں گے کہا کہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ شخص شراب پیئے ہوئے ہے ہم اسباب وزن کرنے سے انکار کرتے ہیں اور یہ اصرار کرتے ہیں مطلب یہ تھا کہ یہ بات عقل کے خلاف ہے اور شراب سے عقل مفقود ہوجاتی ہے اُنہوں نے جواب دیا میں نے شراب نہیں پی میرا مذہبی حکم یہی ہے کہ کسی کا حق نہ رکھا جائے تب وہ لوگ بہت شرمندہ ہوئے مگر اسباب پھر بھی وزن نہ کیا آخر اُنہوں نے گھر آکر خود اسباب کو وزن کرکے اُسقدر محصول کا ٹکٹ لیکر چاک کر دیا۔ میں ایک مرتبہ سہارنپور سے کانپور

رسالہ المبلغ ص۳ ج۹

بابتہ ماہ ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com

جارہا تھا میرے پاس گئے بھی تھے جو معاف اسباب سے زائد تھے میں نے بابو سے کہا کہ اسباب کو وزن کرلیا جائے بابو نے کہا کہ آپ اسباب لیجائیں کوئی نہیں پوچھے گا میں نے کہا کہ اگر کسی نے پوچھا تو کیا جواب دیا جاویگا کہا کہ ہم گارڈ سے کہدیں گے میں نے کہا کہ یہ گارڈ کہاں تک جائیگا کہا کہ یہ گارڈ غازی آباد تک جائیگا میں نے کہا کہ غازی آباد سے آگے کیا ہوگا کہا کہ وہ دوسرے گارڈ سے کہدیگا وہ کانپور سے بھی آگے جائیگا میں نے کہا کہ پھر کانپور سے آگے کیا ہوگا کہا کہ آگے تو جانا ہی نہیں میں نے بتلایا کہ آگے بھی جانا ہے ہمارے مذہب نے ایک اور زندگی کی بھی خبر دی ہے یعنی آخرت وہاں بازپرس ہوگی یہ سنکر بابو بیحد متاثر ہوا بڑا اثر ہوا اور اسباب کو وزن کیا اور ایک روپیہ محصول لیکر بلٹی دیدی۔

۶۶ **ملفوظ**۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اچھے کپڑے پہننا اور خوش لباس رہنا کیا شریعت میں ناپسندیدہ ہے فرمایا کون منع کرتا ہے شریعت نے تنگی نہیں کی اگر ریا و فخر کیلئے نہ ہو تو آسایش کی اجازت دی ہے بلکہ آسایش سے آگے بڑھکر آرایش کی بھی ممانعت نہیں کی اگر ریا اور فخر کا مرض نکلجائے تو اسکی اجازت ہے کہ راحت کا بلکہ تجمل کا بھی سامان کریں ہاں یہ شرط ہے کہ جاہ کیلئے نہ کیا جائے خوش لباسی پہ یاد آیا یہاں پر ایک حافظ صاحب تھے نابینا اونکا رنگ نہایت سیاہ تھا جیسے الٹا توا ایک بار بہت سفید کپڑے پہنے جارہے تھے مامور صاحب بڑے ظریف تھے دیکھکر فرمانے لگے کہ دیکھو رات کو بھی دن لگے ہر شخص پہ کپڑا زیب بھی تو نہیں دیتا بلکہ بیچارے کپڑے کی بھی درگت بن جاتی ہے۔

۶۷ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ پہلے عام لوگوں کے قلوب میں بھی دین کی عظمت تھی اب تو خواص میں بھی اُسکی کمی ہوگئی ہے اور یہ سب خرابیاں اسکی ہی بدولت ہورہی ہیں۔

۱۰ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم سہ شنبہ

۶۸ **ملفوظ**۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعض لوگوں کو بڑے بڑے شستہ الفاظ بولنے کا شوق

Marfat.com

ہوتا ہے مگر بوجہ علم نہ ہونیکے موقع اور محل کی تمیز نہیں ہوتی اسپر فرمایا کہ ایک صاحب ہیں یہاں کے رہنے والے اُنکو پر شوکت الفاظ بولنے کا بہت شوق ہے ایک جگہ بسبیل گفتگو کہنے لگے کہ فلاں معاملہ میں میں بھی ثالث بالخیر تھا ایک صاحب علم نے فرمایا کہ صاحبزادے سوچ سمجھکر بولا کرتے ہیں ثالث بالخیر اصطلاح میں ولدالزنا کو کہتے ہیں - ایک دوسرے صاحب کا واقعہ ہے ایک جگہ تعزیت میں گئے کسی کے بیٹے کا انتقال ہوگیا تھا اور لوگ بھی تعزیت کے لئے آئے ہوئے تھے اُنمیں سے کسی صاحب نے تعزیت فرماتے ہوئے کہا کہ حق تعالیٰ آپکو اسکا نعم البدل عطا فرمائیں یہ صاحب بھی سن رہے تھے بس انکے ایک بات ہاتھ آگئی کہ جہاں تعزیت میں جایا کرتے ہیں یہ بھی کہا کرتے ہیں ایک جگہ اتفاق سے ایک صاحب کے باپ کا انتقال ہوگیا تھا یہ تعزیت کے لئے پہونچے کہتے ہیں حق تعالیٰ آپکو اس کا نعم البدل عطا فرمائیں اسکے یہ معنی ہوئے کہ آپکی امّا دوسرا خصم کرے کسقدر اُس شخص کو ناگوار ہوا ہوگا ایک ہندو رئیس کے باپ کا انتقال ہوا ایک دوسرے ہندو صاحب تعزیت کو گئے جاکر تعزیت کی اور اُنمیں یہ الفاظ کہے کہ خدا کرے آپ اپنے والد صاحب کے قدم بقدم ہوں اور ضرور ہونگے کیونکہ عاقبت گرگ زادہ گرگ شود -

۱۶۹ ملفوظ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آج ایسے کام کرنیکی ہمت نہیں ہوتی جسمیں دوسرے کی شرکت کی ضرورت ہو آجکل تجربہ سے معلوم ہوا کہ وہ کام ہوتا ہی نہیں جسمیں مختلف طبائع کے لوگ جمع کئے جائیں -

۱۷۰ ملفوظ - ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اگر ایک شخص سیاست کا ماہر ہے مگر ہے کافر اگر اُنمیں اُسکی اقتدا کرلی جائے کیا حرج ہے - فرمایا کہ اسکی بالکل ایسی مثال ہے کہ اگر کافر نماز خوب جانتا ہو اور مسلمان نہ جانتا ہو تو کیا اُس کافر کی اقتدا جائز ہے شبہ کا منشا یہ ہے کہ سیاست کو لوگ دین نہیں سمجھتے خود یہی سخت غلطی اور جہل اعظم ہے سیاست بھی تو دین ہی ہے اسکے معنی تو یہ ہوئے کہ اسلام نے سیاست کی تعلیم نہیں کی سو یہ کتنی بڑی تحریف ہے پھر دین میں کافر کی اقتدا کرنا کیا معنی نیز کیا اسمیں اسلام اور مسلمانوں کی اہانت نہیں ہے اور کیا کوئی شخص کہیں یہ بات دکھلا سکتا ہے کہ اسطرح سے اسلام اور

Marfat.com

مسلمانوں کی ہانت کرانا اور انکو ذلیل کرانا جائز ہے اور کیا مسلمانوں میں ایسا کوئی نہیں کہ وہ سیاست جانتا ہو البتہ طریقہ سے انکی ساتھ ملکہ کام کر سکتے ہیں کہ کافر تابع ہوں اور مسلمان متبوع اور یہاں بالکل عکس ہے کہ مسلمان تابع اور کافر متبوع اور مجکو عوام کی اور لیڈروں کی شکایت نہیں وہ تو جہل میں مبتلا ہیں ہی شکایت تو علماء کی ہے کہ وہ اس غلطی میں پھنس گئے حق تعالیٰ ہدایت فرمائیں اور جہل سے محفوظ رکھے مجھکو ایسی باتیں سنکر بیحد قلق اور صدمہ ہوتا ہے جب لکھے پڑھوں کی نسبت سنتا ہوں کہ وہ ایسی خرافات کے حامی اور دلدادہ ہیں انا للہ وانا الیہ راجعون عجیب بات ہے کہ خسران کا کھلی آنکھوں مشاہدہ کر رہے ہیں مگر جس بات کی بچ ہو گئی اُس سے نہیں ہٹتے اور ایسے ایسے لچر استدلالات اور تاویلات کرتے ہیں جو اہل علم کی شان کے بالکل خلاف ہے۔

ملفوظ ۱۱ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ تصنیف کا کام بھی بہت ہی مشکل کام ہے آجکل ہر شخص مصنف بنا ہوا ہے کوئی معیار ہی نہیں رہا قلم ہاتھ میں لیا اور جو جی میں آیا لکھ مارا نہ اصول کی خبر ہے نہ فروع کی میں آجکل ایک ایسی ہی بے اصول کتاب دیکھ رہا ہوں ایک مشہور مصنف کی تصنیف ہے مگر محض ملمع آجکل بڑا کمال یہ ہے کہ الفاظ زوردار ہوں چاہے مدلول صحیح ہو یا غلط اس سے کوئی بحث نہیں جن باتوں کو اس کتاب میں ثابت کیا ہے معلوم ہوتا ہے کہ سوچ سوچکر یہ تلبیس باتیں بنائیں ہیں استدلال کی دو صورتیں ہیں ایک صورت تو یہ ہے کہ آزادی سے دلائل پہلے ذہن میں آئیں اور نتیجہ اُن کے تابع ہو اور ایک صورت یہ ہے کہ دلائل پہلے سے ذہن میں نہیں پہلے ہی سے ایک بات کو ثابت کرنا ہے اور اُسکے لئے سوچ سوچکر دلائل کو ذہن میں لایا جاتا ہے ان دونوں صورتوں میں بڑا فرق ہے پہلی صورت میں ایک خاص قوت ہوتی ہے گو اُسمیں اجتہادی غلطی ہی ہو گئی ہو اور دوسری صورت میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ شخص محض باتیں بنا رہا ہے اور یہ فرق معلوم ہو جانا موقوف ہے ذوق صحیح پر بعضی بات وجدان سے معلوم ہوتی ہے بیان کرنے پر قدرت نہیں ہوتی۔

ملفوظ ۱۲ (ملقب بہ آداب المصلح) ایک نو وارد صاحب نے جو اصلاح کی غرض سے آئے تھے

Marfat.com

اور جنکا کھٹسانہ بجھون کی حاضری کا پہلا ہی موقع تھا حضرت والا سے ایک فقہی مسئلہ
پوچھا اسپر حضرت والا نے فرمایا کہ آجکل مصلح باطن سے مسائل فقہی پوچھنے والونکو
باطنی نفع نہیں ہوتا تجربہ سے اسکی وجہ یہ ہے کہ یہ لوگ بس ان ہی تحقیقات میں رہ
جاتے ہیں اصلاح کے متعلق اہتمام کی نوبت ہی نہیں آتی میں خیر خواہی سے عرض کرتا
ہوں کہ ان مسائل کی تحقیق کے لئے تو اور بہت جگہ ہیں اور وہاں یہاں سے اچھا یہ
کام ہو رہا ہے دیوبند ہے سہارنپور ہے اور کیا آپنے یہ سفر مسائل فقہی پوچھنے کے لئے
کیا تھا عرض کیا نہیں پھر کیوں بیٹھے بیٹھے جوش اٹھا خاموش نہیں رہا جاتا کیا
خاموشی سے پیٹ میں درد ہوتا ہے کیا خاموش رہنا جرم ہے یا اس سے شان میں بٹا
لگتا ہے یوں کہئے کہ بک بک کرنیکی باتیں بنانیکی عادتیں پڑی ہوئی ہیں اور یہ بتلائیے
کہ اگر آپنے یہاں پر آپنیکی اجازت لی تھی تو کیا اسمیں مکاتبت و مخاطبت کی بھی اجازت
لی ہے عرض کیا کہ اسکی اجازت نہیں لی فرمایا پھر کیوں مخالفت کی جب شروع ہی
میں مخالفت کرنا شروع کر دی تو آئندہ کا تو اللہ ہی حافظ ہے اس بدفہمی کا کوئی علاج
ہے ایک صریح بات اور اسپر عمل نہیں اس ہی ضرورت سے میں اسی قسم کی شرطیں
لگاتا ہوں سمجھتا ہوں کہ فہم کا قحط ہے مگر پھر بھی اپنا ہنر ظاہر کئے بغیر نہیں رہتے اگر
ایسا ہی فقہی مسائل کی تحقیق کرنا ہے اور فن کو مدون کرنا ہے (کیونکہ اکثر سوالات
غیر ضروری ہوتے ہیں) تو میں کہہ چکا ہوں کہ یہ کام اور جگہ یہاں سے اچھا ہو رہا ہے مثلاً
دیوبند ہے سہارنپور ہے وہاں جائے بلکہ میں خود بھی مسائل فقیہ وہیں سے پوچھ
پوچھکر کام کرتا ہوں۔ سنار کے یہاں کوئی لوہا نہیں لیجاتا اور لوہار کے یہاں سونا
چاندی نہیں لیجاتا اگرچہ وہ دونوں ہی کام جانتا ہو مگر پھر بھی کام وہی لیا جاتا ہے
جسکو وہ عادۃً کر رہا ہے افسوس طریق مٹ ہی گیا یہ طریق کے آداب میں سے ہے
کہ مصلح سے دوسرا کام نہ لیا جاوے اب یہ کہا جائیگا کہ صاحب ایک مسئلہ پوچھا تھا
دین کی بات تھی اسپر اسقدر گرفت اگر مسئلہ پوچھنا دین ہے تو جو میں بتلا رہا ہوں یہ
بھی دین ہی ہے دوسرے آپنے اسلئے سفر نہیں کیا اور جس غرض سے سفر کیا ہے اُسکا

Marfat.com

نام ونشان بھی نہیں اُسکا کوئی ذکر ہی نہیں رہا دوسروں پر قیاس کرنا کہ فلاں صاحب نے
پوچھا تھا اُسکا جواب دیا گیا اسکا جواب یہ ہے کہ جن لوگوں سے پہلے سے بے تکلفی ہے
اور وہ مقصود غیر مقصود میں تمیز کرتے ہیں وہ مستثنیٰ ہیں حتی کہ وہ اگر دنیا کی بات بھی پوچھ
لیں کوئی حرج نہیں پھر بڑی بات یہ ہے کہ یہ کام تو اور جگہ یہاں سے اچھا ہو رہا ہے
اور جو کام یہاں پر ہو رہا ہے یہ ایسا ہے کہ کہیں بھی نہیں ہو رہا نہ اچھا نہ بُرا مگر کس
سے کہئے وہی مثل ہو رہی ہے کہ اندھے کے آگے روئے اور اپنی آنکھیں کھوئے والحمد للہ میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ مسائل فقہی اس طریق سے اعظم ہیں مگر اعظم ہونا اور چیز
ہے اور کسی عارض سے اہم ہونا اور چیز ہے۔ مسائل فقہی اعظم ضرور ہیں مگر وہ دوسری
جگہ سے حاصل ہو سکتے ہیں اور جو کام یہاں ہو رہا ہے وہ اور کہیں ہو ہی نہیں رہا اس
عارض کے سبب یہ اہم ہے میں نے اسلئے اہم کو اختیار کر رکھا ہے بچے کو کہتے ہیں کہ قاعدہ
بغدادی پڑھ حالانکہ قرآن شریف اعظم ہے مگر اسکو ضرورت اہم کی ہے اور اسکو قاعدہ
میں لگا کر قرآن ہی کی تلاوت کے لئے تیار کیا جا رہا ہے اسی طرح طریق میں لگا کر احکام
فقہیہ کی تکمیل کے لئے تیار کیا رہا ہے اور اسکی اہمیت یہاں تک ہے کہ اکابر کی وصیت
ہے کہ شیخ کو کسی کا نہ کلام پہونچائے نہ سلام پہونچائے نہ کسی کا ہدیہ پہونچائے جیسا
آجکل دستور ہے کہ کسی آتے جاتے کے ہاتھ کوئی چیز بھیجدی روپیہ بھیجدیا تو ایسا نہیں
کرنا چاہئے علاوہ مصالح کے خود غیرت عشقی کا بھی اقتضا ہے عشاق کی یہ ہی شان ہوتی
ہے کہ اپنے محبوب کو دوسری طرف متوجہ نہ کرے یہاں تک لکھا ہے کہ مرید شیخ سے درسی
کتاب کا سبق نہ پڑھے اور نہ پیر اپنے مرید کے خانگی معاملات میں دخل دے غریبوں کو
کچھ خبر تو ہے نہیں مرید ہونے آجاتے ہیں اگر متنبہ کرتا ہوں اور طریق بتلاتا ہوں اس
غرض سے کہ راہ پر پڑیں مقصود معلوم ہو کیونکہ طریق مفقود ہو رہا ہے اسلئے اسکے آداب
بھی معلوم نہیں تو سخت اور بدخلق اور خدا جانے کیا کیا کہتے ہیں اجی اگر طبیب شفیق
ہے اور ہمدرد خیر خواہ ہے تو چاہے منہ بناؤ یا روؤ چلاؤ وہ تو مرض کی تشخیص کر کے
اگر کڑوی دوا مفید ہوگی تو شاہترہ چرائتہ حنظل ہی تجویز کریگا اگر سودفعہ غرض

Marfat.com

پڑسے بیوہ رنہ جاؤ چلتے بنو اور..... حوسیب کا مربا ورق نقرہ لپیٹ کر دے اُسکو مربی
بناؤ یہاں تو خود طالب کو بجائے سیب کے چھیل چھالکر کاٹ چھانٹ کر اُسکا مربہ بنایا جاتا
ہے اور یہ جو لکھا ہے کہ مرید شیخ سے سبق نہ پڑھے وجہ اُسکی یہ ہے کہ سبق میں قیل و قال
ہوتا ہے جس سے مبادا شیخ کو انقباض ہو جائے اور فیض باطنی سے محروم ہو جائے
اور یہ جو لکھا گیا ہے کہ شیخ مرید کے خانگی معاملات میں دخل نہ دے اسمیں یہ راز ہے کہ شیخ کو
اصل واقعات سے تو بے خبری ہوتی ہے محض ظاہری روئداد پر فیصلہ کریگا جو ممکن
ہے کہ واقعات کے یا مرید کی مصلحت کے خلاف ہو اور اس سے اُسکو شیخ سے کبیدگی
پیدا ہو جائے اس صورت میں بھی باطنی نفع نہ ہوگا البتہ جس صورت میں یہ علت نہ ہو وہ
اس سے مستثنےٰ ہے مثلاً ایک شخص بیوی کا نان نفقہ نہیں دیتا شیخ کہے کہ نفقہ دو یہ
خانگی معاملات میں دخل دینا نہ سمجھا جائیگا کیونکہ اسمیں دوسرا احتمال ہی نہیں طاعت
خالصہ کا حکم ہے مطلب یہ کہ فصل قضایا میں یا اُن مباحات میں جسمیں شرعاً دونوں جانب
کی گنجایش ہو دخل نہ دے جیسے رشتہ وغیرہ آجکل جو اکثر ایسا کرتے ہیں کہ ایک مرید کی لڑکی ہے دوسرا
لڑکا ہے کہتے ہیں کہ ہم فلاں کے لڑکے سے تمہاری لڑکی کا رشتہ کرتے ہیں یا نکاح
کرتے ہیں مشائخ نے اسکو منع فرمایا ہے یا اسی طرح کوئی نزاعی معاملہ ہے شیخ سے
اسکا فیصلہ کوئی کرانے لگے اسمیں بھی ممکن ہے کہ ایک کے خلاف ہو تو اُسکو برا ہوگا
اور وہ نفع باطن سے محروم ہو جائیگا۔ اور ان باتوں میں دخل دینا تو بڑی چیز ہے
کہ اسمیں دنیا کا رنگ ہے تعلیم جو کہ دین محض ہے اوس میں بھی اسقدر احتیاط ہے کہ
ہر شخص کی باطنی مصلحت اور اُسکی حالت کے مطابق دیجاتی ہے اُسکا بھی معین ضابطہ
نہیں۔ ۔ ۔ ۔

ملفوظ ۔ ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت اکثر جگہ کئی کئی مرتبہ گذرنیکا اتفاق ہوتا ہے
مگر پھر بھی راستہ یاد نہیں ہوتا بھول جاتا ہوں فرمایا کہ یہ بات تو میرے اندر بھی
ہے میاں راستی یاد رہے راستہ یاد رہے یا نہ رہے اسمیں کیا رکھا ہے ایک صاحب
نے عرض کیا کہ حضرت کے لطائف بھی بڑے معنی خیز اور نصیحت آمیز ہوتے ہیں

Marfat.com

ایک مولوی صاحب مجھسے فرماتے تھے کہ اگر حضرت والا کے لطائف ہی کا مجموعہ جمع کرلیا جائے تو اسی میں سب کچھ ہے مثلاً ایک صاحب سے تحریکات کے متعلق سلسلہ گفتگو میں آپ نے فرمایا تھا کہ اگر محض کاغذی امیر المومنین بن جاؤں تو نتیجہ یہ ہو کہ آج امیر المومنین ہوں اور کل کو اسیر الکافرین بن جاؤں اسپر حضرت والا نے فرمایا کہ ایک واقعہ بیان کرتے تھے کہ خورجہ میں ایک مولوی صاحب کو یہ ہی الفاظ پہونچائے گئے تو سنکر اون پر ایک وجد کی سی کیفیت طاری ہوگئی اور ایک گھنٹہ تک اسکی شرح بیان کرتے رہے کہ بدوں کامل قدرت کے اگر آج امیر المومنین ہوگئے تو کل کو اسیر الکافرین ہوجائیں گے میں نے یہ واقعہ سنا کر کہا کہ اس سے تو مجھکو بھی اشتیاق ہوگیا سننے کا وہ شرح کیا ہوگی جو ایک گھنٹہ تک بیان کی گئی میں نے تو محض ایک لطیفہ کے طریق پر یا شاعری کے انداز پر بیان کر دیا تھا ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت والا نے ایک ایسے ہی موقع پر یہ بھی تو فرمایا تھا کہ آج سردار ہیں اور کل سردار ہیں فرمایا کہ یہ بھی اسی کا ترجمہ ہے۔

۱۰ محرم الحرام سنہ ۱۳۵۱ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم سہ شنبہ

ملفوظ ۴۷۔ ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک صاحب نے سیرت نبویہ لکھی ہے اسمیں لکھا ہے کہ انبیاء علیہم السلام کی کامیابی کا بڑا راز یہ ہے کہ انمیں استقلال تھا اور اسکی زندہ نظیر گاندھی موجود ہے استغفر اللہ نعوذ باللہ سیرت نبوی پر کتاب اور ایک مکذب توحید و رسالت سے تشبیہ کیا آفت ہے نہ معلوم کتنے مسلمانوں نے دیکھا ہوگا اور گمراہی میں پھنسے ہونگے میرے پاس بھی وہ کتاب بھیجی گئی تھی میں نے واپس کر دیا لکھدیا کہ میں ایسی کتاب کو اپنے پاس رکھنا نہیں چاہتا ہوں کہ جسمیں روح سیرت یعنی نبوت کے مکذب کی مدح ہو۔ اسکا جواب آیا کہ یہ زمانہ جاہلیت ہیں مجھسے ایسی حرکت صادر ہوئی اب یہاں آتے جاتے ہیں اپنے پہلے زمانہ کو جاہلیت سے تعبیر کیا یہ سب جدید تعلیم یا

Marfat.com

صحبت کا اثر ہے اسپر کہتے ہیں کہ یہ لوگ اسکو نئی روشنی کہتے ہیں جسمیں ہزاروں ظلمتیں بھری ہیں۔

ملفوظ ۵۶ - ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل ہر طبقہ میں ایک عجب ہر بونگ مچا ہوا ہے ردولی میں عین مسجد کے اندر سماع ہوتا ہے اُسکی اصل یہ سنی ہے کہ حضرت شیخ عبد الحق رح کو ایکمرتبہ اتفاقاً عین حالت سماع میں وجد کا غلبہ ہوگیا اور وہ اُس حالت میں اُٹھکر مسجد کے اندر چلے گئے تھے اور ساتھ ساتھ قوال بھی چلے گئے مگر وہ تو مغلوب تھے اور یہ لوگ محض نقل کرتے ہیں اب اُسی ترتیب سے مجلس ہوتی ہے یعنی سماع شروع ہوتا ہے مسجد کے باہر اور درمیان میں اُٹھکر مسجد میں جاتے ہیں اور ڈھولک سارنگی مسجد میں بجتی ہے ان نقالوں سے کوئی یہ بھی پوچھے کہ کیا حضرت شیخ بھی ڈھولک سارنگی سے سماع سنتے تھے یہ خوب تحقیق ہوگیا ہے کہ حضرات اہل سماع نے معازف مزامیر کبھی نہیں سنے اسی طرح ایک مسجد میں سماع ہو رہا تھا ڈھولک سارنگی بج رہی تھی نماز کا وقت آگیا باجہ والے نماز کو مسجد میں گئے تو آلات کو بھی مسجد میں لے گئے ایک صاحب نے اعتراض کیا میاں مسجد میں آلات معصیت ان اہل سماع میں ایک مولوی صاحب بھی تھے وہ جواب میں کیا کہتے ہیں کہ اب بھی تو آلات زنا لئے ہوئے مسجد میں آئے ہیں کیا بیہودہ جواب ہے جس چیز کو اُنہوں نے آلہ معصیت کہا ہے وہ آلہ معصیت کہاں ہے آلہ معصیت تو وہ ہے جو وضع کیا جاوے معصیت کے واسطے اور یہ معصیت کیلئے وضع نہیں کیا گیا یہ تو ایک حلال ضرورت کیلئے وضع کیا گیا ہے۔ یوں کوئی سور استعمال سے معصیت کا ذریعہ بنا لے تو اس سے وہ آلہ معصیت تھوڑا ہی ہوگیا آلات بخلاف غناء کے کہ وہ تو موضوع ہی ہوئے ہیں معصیت کے لئے دوسرا فرق یہ ہے کہ اسمیں تو ضرورت ہے اسکو جدا کیسے کر سکتا ہے تیسرے اپنے معدن میں ہے معدن میں ہونا ایسا موثر ہے کہ جو چیز اپنے معدن میں ہے اُسپر نجاست کا حکم نہیں کیا جاتا مثلاً پیشاب پاخانہ ہے کس کے اندر نہیں مگر اُسپر نجاست کا حکم نہیں اسلئے کہ وہ اپنے معدن میں ہے

ملفوظ ۵۷ - ایک استفتاء کا جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ میں سب علوم سے زیادہ آسان

Marfat.com

تصوف کو سمجھتا ہوں اور سب سے زیادہ مشکل فقہ ہے۔

(ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بفضلہ تعالیٰ دین کا بعض کام جو یہاں پر ہوا ہے وہ بڑی جگہوں میں بھی نہیں ہوا امام صاحب کے مذہب کی تائید میں حدیثیں جمع کی گئیں اس سلسلہ کا نام اعلاء السنن ہے ان احادیث پر نظر نہ ہونے سے غیر مقلدوں کو تو شبہ تھا ہی مگر بعض حنفیوں کو بھی شبہ ہو گیا تھا کہ امام صاحب کا مذہب قرآن و حدیث کے مطابق نہیں الحمد للہ کہ کتاب مذکور کے تدوین سے یہ ظاہر کر دیا گیا کہ کوئی مسئلہ بھی امام صاحب کا قرآن و حدیث کے خلاف نہیں گو اسمیں بہت وقت اور بہت کچھ روپیہ صرف ہوا مگر حق تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ انھوں نے اپنے فضل و کرم سے اس کام کو انجام کو پہونچا دیا۔ الحمد للہ۔

(ملفوظ ۴۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ طریق میں اصل چیز تو یہ ہے کہ قلب کا حق تعالیٰ کے ساتھ صحیح تعلق ہو جاوے باقی اور سب چیزیں اسکے تابع ہیں اور یہ پیدا ہوتا ہے اسوقت جب شیخ کامل کی تعلیم پر بے چون و چرا عمل کرے شیخ اسی چیز کے پیدا کرنے کی لئے جسکے لئے جو مناسب سمجھتا ہے تعلیم کرتا ہے اقویا کیلئے اور تجویز ہوتی ہے ضعفاء کیلئے اور جیسا جسکے لئے تجویز کر دے اسکو چاہئے کہ وہ اسی میں اپنی مصلحت سمجھے اصل چیز تو وہی ہے کہ جسکو میں ابھی کہہ چکا ہوں کہ قلب کا صحیح تعلق حق تعالیٰ کے ساتھ ہو جاوے بس یہی اصل طریق ہے باقی سب کچھ اسی کے پیدا کرنے کی تدابیر ہیں۔

۱۱ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم چہارشنبہ

(ملفوظ ۴۹) ایک مولوی صاحب نے سوال کیا کہ حضرت اگر ہندو مسلمان باہم حاکم محکوم نہ ہوں بلکہ باہم مساوات ہو تو اسوقت بلکر ہندوؤں کے ساتھ کام کر سکتے ہیں فرمایا کہ قواعد سے تو گنجایش معلوم ہوتی ہے مگر اسوقت تجربہ کی بنا پر دیکھا جاویگا اس اشتراک میں نفع کسکا ہوگا اور ضرر کسکا سو تجربہ بھی کہہ رہا ہے کہ اگر صرف ہندو مسلمانوں کے ہاتھ میں حکومت آجائے اور تیسری قوم کے بے دخل ہو جانے میں کامیابی بھی ہو جائے تب بھی وہ حکومت ہندوؤں کی ہوگی مسلمانوں کی نہ ہوگی ایک تو ترکیب کی خاصیت سے دوسرے

(در مطبع حمایت پرنٹنگ ورکس دہلی طبع شد)

Marfat.com

اُنکی اکثریت کی وجہ سے نیز سے اُنکی طبائع کی حالت پر نظر کرکے اور عقلی طور پر بھی مقصود حکومت عادلہ آمنہ ہے اور ہندو مسلمانوں کے اشتراک میں یہ احتمال ہی نہیں کہ عدل ہو امن ہو جیسا کہ ہندو نکی کارگذاریوں سے اسوقت تک ظاہر ہے کہ وہ مسلمانوں کو ہندوستان سے مٹانا چاہتے ہیں یہ اپنی اس دلی مذاق سے باز نہ آئیں گے اسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ فساد اور خونریزی ہوگی اور جو مقصود ہے حکومت سے وہ حاصل نہ ہوگا اسی بنا پر میں نے تحریکات کے زمانہ میں ایک مولوی صاحب سے کہا تھا کہ اول تو کامیابی موہوم اور اگر ہوئی بھی تو وہ ہندوؤں کی ہوگی اور اگر مسلمانوں کو بھی ہوئی تو تم جیسے مسلمانوں کی نہ ہوگی غور کرو کہ وہ کامیاب کس قسم کے مسلمان ہوں گے بددین ملحد فرعون ہامان پھر دیکھنا تمہاری کیا گت بنتی ہے۔

۱۳ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم چہارشنبہ

(ملفوظ ۸۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ کسی کا ظاہری تقویٰ طہارت دیکھکر دھوکہ نہیں کھانا چاہئے جب تک اس سے معاملہ نہ پڑا ہو بدون اسکے کیا خبر ہے کہ کیا حالت ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے اجلاس میں ایک مقدمہ پیش کیا گیا اس مقدمہ میں ایک شاہد کے متعلق حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حاضرین سے سوال کیا کہ کوئی اسکو جانتا ہے ایک شخص نے عرض کیا میں جانتا ہوں یہ کیسے دریافت فرمایا کہ کبھی سفر میں تمہارا اسکا ساتھ ہوا ہے کہا نہیں فرمایا کبھی اس سے دادوستد کا معاملہ ہوا ہے عرض کیا نہیں فرمایا کہ کبھی اسکے پڑوس میں رہے ہو کہا نہیں فرمایا کہ بس معلوم ہوتا ہے کہ تم نے اسکو مسجد سے نکلتے دیکھ لیا ہوگا عرض کیا جی ہاں فرمایا تو تم نہیں جانتے۔

(ملفوظ ۸۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ متبعین بال اکثر ظاہری متقی ہوتے ہیں اسلئے کہ معصیت میں روپیہ صرف ہوتا ہے اور یہ اُن سے ہو نہیں سکتا۔

(ملفوظ ۸۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ لڑکی کا معاملہ بڑا نازک ہے بڑے بڑے عالی دماغ اور آزاد لوگ اس معاملہ میں مغلوب ہو جاتے ہیں محض اپنی لڑکی کے خیال کی وجہ سے بعض اوقات ذلت گوارا کرنی پڑتی ہے یہ ایسا نازک تعلق ہے کہ کچھ بنائے نہیں بنتا پہلے بزرگ جو غیر خاندان میں تعلق نہیں کرتے تھے

Marfat.com

اسکا نشار کبر نہ تھا بلکہ واقعات کی بنا پر ایسا کرتے تھے اسمیں بڑی مصلحت تھی کہ غیروں کا حال زیادہ نہیں معلوم ہوتا اب تجربہ سے معلوم ہوتا ہے کہ بالکل صحیح رائے تھی۔

(ملفوظ ۸۳) فرمایا کہ ایک مہتمم مدرسہ کا خط آیا ہے لکھا ہے کہ خرچ مدرسہ کا بڑھا ہوا ہے اور آمدنی ہے نہیں سخت پریشانی ہے فرمایا کہ میں تو ہمیشہ کہا کرتا ہوں کہ اسکی وحی تو ہوئی نہیں کہ فلاں خاص پیمانہ پر ہو تو مدرسہ کھلائیگا ورنہ نہیں ارے بھائی کام کم کردو خرچ خود کم ہو جائیگا اور اگر بالکل ہی آمدنی نہ ہو مدرسہ بند کردو کوئی فرض نہیں واجب نہیں اور ظاہر ہے کہ آمدنی کا ہونا تو اختیاری بات نہیں مگر خرچ کا کم کر دینا اختیاری بات ہے ایک بار میں تھے میرٹھ میں انھوں نے بڑے کام کی بات کہی تھی کہ لوگ عموماً آمدنی کے بڑھانیکی فکر کرتے ہیں جو غیر اختیاری ہے خرچ کے گھٹانیکی فکر نہیں کرتے جو اختیاری ہے واقعی بڑے کام کی بات کہی اکثر دنیا داروں کو تو ایسی حکمت کی باتیں سوجھتی بھی کم ہیں انکو تو اپنے تنعم اور عیش ہی سے فرصت نہیں ملتی۔

(ملفوظ ۸۴) فرمایا کہ ایک بڑے تماشہ کا خط آیا ہے لکھا ہے کہ ایک گائے قربانی کیلئے خریدی تھی اسمیں آٹھ حصہ دار ہو گئے تھے جب ذبح کر چکے تب معلوم ہوا کہ آٹھ حصہ دار ہیں تو کیا اگر اب ایک کو الگ کر دیں تو قربانی صحیح ہو جاوے گی یا نہیں اسپر فرمایا کہ اس الگ کر دینے پر یاد آیا کہ ایک شخص نماز میں ایک ٹانگ الگ اٹھائے ہوئے نماز پڑھ رہا تھا جب نماز ختم کر چکا کسی نے پوچھا کہ میاں یہ ٹانگ الگ کئے ہوئے نماز کیوں پڑھ رہے تھے کہتا ہے کہ اس ٹانگ میں نجاست لگی تھی اور نماز کا وقت تھا تنگ دھوسکا نہیں اسوجہ سے اسکو نماز سے الگ کر دیا قربانی کے بعد ان کا آٹھویں حصہ دار کو الگ کر دینا بھی ایسا ہی ہوگا۔ لوگوں میں فہم اور عقل کا تو بالکل نام و نشان نہیں رہا۔

۱۲ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم پنجشنبہ

(ملفوظ ۸۵) ایک نو وارد صاحب نے حضرت والا سے بیعت کی درخواست کی مگر حضرت والا کے دریافت فرمانے پر بھی نہ اپنا پورا تعارف کرایا نہ ضروری سوالات کا جواب دیا اسپر حضرت والا نے مواخذہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ جس چیز کو انسان سمجھے گا نہیں اسکی طلب ہی کیا خاک کریگا سب سے پہلے

Marfat.com

.... طریق کی حقیقت کو سمجھ لینے کی ضرورت ہے تب آگے بڑھے میرے یہاں مرید ہونے میں اسواسطے دیر لگتی ہے کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ پہلے مطلوب کی حقیقت سے باخبر ہو جائے حقیقت سمجھ لینے کے بعد پھر مریدی کا مضائقہ نہیں مگر لوگ اسکو ٹالتا سمجھتے ہیں اور بدون کسی چیز کے سمجھے ہوئے اور حقیقت معلوم کئے ہوئے آگے میں قدم رکھنا نہایت غلطی ہے محض مرید ہونا کافی نہیں بلکہ اسکی تو ضرورت ہی نہیں اصل ضرورت تو کام کرنے کی ہے اور وہ بلا مرید ہوئے بھی ہو سکتا ہے اور آگے میں وہی نفع ہوتا ہے جو مرید ہو جانے کے بعد کام کرنے سے ہوتا ہے معلوم نہیں لوگ بیعت پر اسقدر اصرار کیوں کرتے ہیں یہ تو محض رسم ہی رسم ہے اصل چیز کام کرنا ہے اور اگر محض برکت سمجھتے ہیں تو قرآن پاک کی تلاوت میں نفلیں پڑھنے میں اس سے زیادہ برکت ہے اسکو اختیار کریں یہاں یہ تو کام کرنے والوں کی کھپت ہے ویسے ہی جمع کر کے فوج تھوڑا ہی بھرتی کرنا ہے یا محض نام کرنا مقصود ہی مقصود ہے کہ ہمارے اسقدر مرید ہیں اور اگر کسی کو محض یہی مقصود ہے تو ایسے پیر بھی بہت ہیں ان کے یہاں رجسٹر بنے ہوئے ہیں مریدوں کے نام مع نشان درج کئے دیتے ہیں وہاں جاؤ وہاں پر کسی قسم کی روک ٹوک بھی نہیں خواہ مرید کے کیسے ہی افعال ہوں صرف اسکی ضرورت ہے کہ شماہی یا سالانہ فیس ادا کردو اور جب تک پیر کے پاس رہو دونوں وقت لنگر میں کھانا کھاؤ اور یہ لنگر بازی بھی ایسی ہی جگہ ہوتی ہے جہاں اس قسم کی رسمی آمدنی ہو ہم بیچارے غریب آدمی ہمارے یہاں ایسی رسمی آمدنی کہاں ہے کو تو اگر کوئی دیتا بھی ہے تو آنکھیں سوئی نکالی جاتی ہیں کوئی ہفتہ اس سے خالی جاتا ہوگا کہ ایک دو منی آرڈر واپس نہ ہوتا ہو میں اپنے آپ کو مستغنی نہیں کہتا مگر یہاں اتنا ضرور ہے کہ بے طریقہ اور بے اصول اگر کوئی دیتا ہے لیتے ہوئے غیرت آتی ہے اگر کسی کو دیتا ہو طریقہ سے دے لینے سے انکار نہیں یہ ہیں وہ باتیں جنکی وجہ سے میں سخت مشہور ہوں اور بدنام ہوں خیر بدنام کیا کریں میری جوتی سے کیا ہیں نہیں سمجھتا کہ اس طرز معمول میں میری آمدنی کا نقصان ہے میں کوئی دیوانہ تھوڑا ہی ہوں کہ میں اپنا نقصان چاہوں مگر لعنت ہے اس نفع پر کہ طالب تو جہل میں مبتلا رہے اور میں رقمیں اینٹھا کروں میں کہتا ہوں اس طرز سے میرے دو نقصان ہیں ایک مال کا اور ایک جاہ کا مال کا تو یہ نقصان کہ وہ لوگ پھر نہ دیں گے اور جاہ کا یہ نقصان کہ لوگ غیر معتقد ہو جائیں گے مگر بلا سے غیر معتقد ہو جائیں میں اپنے طرز کو نہیں بدل سکتا

Marfat.com

اور متعارف اخلاق مجھسے نہیں اختیار کئے جاتے اگر یہ طرز کسی کو ناپسند ہے یہاں نہ آئے اور اگر آتا ہے تو جس طرح ہم کہیں گے چلنا پڑیگا اتباع کرنا پڑیگا لوگ چاہتے ہیں کہ مرید کرکے یونہی آزاد چھوڑ دو جیسے ہندو سانڈ چھوڑ دیتے ہیں میں بداخلاق ہوں مگر دوسروں کے اخلاق کو درست کردیتا ہوں پھر اسکی رفتار سے گفتار سے نشست برخاست سے ہاتھ سے پاؤں سے زبان سے کسی کو تکلیف نہیں پہونچ سکتی ایک پکے اور سچے مسلمان کی جو شان ہوتی ہے الحمدللہ وہ اسکے اندر پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہوں مگر آجکل لوگوں نے بزرگی کا انحصار صرف تسبیح میں نفلوں میں ٹخنوں سے اونچے پاجامہ میں گھٹنوں سے نیچے کرتہ میں کر رکھا ہے خواہ باطن کتنا ہی گندہ ہو جسکو ایک بزرگ فرماتے ہیں ؎

سبحہ بر کف توبہ بر لب دل پر از ذوق گناہ
معصیت را خندہ می آید بر استغفار ما

اور دوسرے بزرگ فرماتے ہیں ؎

از برون چوں گور کافر پر حلل
واندروں قہر خدائے عزوجل

از برون طعنہ زنی بر بایزید
وز درونت ننگ می دارد یزید

حضرت اصلاح تو اصلاح ہی کے طریقہ سے ہوتی ہے اب لوگ یہ چاہتے ہیں کہ جو حساب ہم گھر سے لگا کر چلے ہیں اسمیں فرق نہ آئے اسکا تو صاف مطلب یہ ہوا کہ دوسرا ہمارے تابع رہے ہمکو کسی کا اتباع نہ کرنا پڑے تو پھر گھر سے تشریف لانیکی تکلیف ہی کیوں گوارا فرمائی گھر پر رہتے آزاد رہتے کوئی بلانے تو نہ گیا تھا کیا مرید ہونا کوئی پالا چھوتا ہے نام ہو جائیگا کہ ہم بھی مرید ہو گئے اس سلسلہ میں بکثرت لوگ آتے بھی ہیں خطوط بھی آتے ہیں مگر سب کے سب اس جہل عظیم میں مبتلا ہیں کہ مرید کرلو اور بیعت بات یہ ہے کہ اگر میں مقصود کا طریقہ بتلاتا ہوں تو اسمیں بھی باتیں بتا کر اونچ نیچ لگا کر پھر بیعت میں وہی بیعت ارشاد کوئی فرض ہے واجب ہے جو اسقدر اصرار ہے اسی وجہ سے میں نے یہ قید لگائی ہے کہ اگر یہاں آؤ تو مکاتبت مخاطبت کبھی نہ کرو بلکہ خاموش بیٹھے باتیں سنا کرو تاکہ طریق کی حقیقت تو تمکو معلوم ہو جائے مگر بعضے ایسے ذہین ہیں کہ خاموش بیٹھے رہنے کی شرط پر آتے ہیں مگر پھر گڑبڑ کرتے ہیں میں تو کہا کرتا ہوں کہ یا تو لوگوں میں فہم کا قحط ہے یا مجھکو عقل کا مرض مگر بہرحال میں قحط زدہ اور مریضہ زدہ میں مناسبت نہیں ہو سکتی لہذا ایسوں سے کہدیتا ہوں کہ کہیں

Marfat.com

اور حاکم تعلق پیدا کرلو تجھسے تمکو مناسبت نہیں اور یہ طریق ایسا نازک ہے کہ بلا مناسبت نفع نہیں ہوسکتا ایسی کھلی حقیقت پر بھی اگر کوئی برا بھلا کہے تو کہا کرے مجھسے کسی کی غلامی نہیں ہوتی اگر کسی کو مجھسے تعلق رکھنا ہے تو اسکو اسکا مصداق بننا چاہیئے ۵

یا ممکن با پیلپایاں دوستی — یا بنا کن خانہ بر انداز پیل
یا مکش پر چہرہ نیل عاشقی — یا فرد شو جامۂ تقویٰ بہ نیل

(ملفوظ ۸۶) ایک صاحب نے پرچہ کے ذریعہ سے حضرت والا سے درخواست کی میرا جی چاہتا ہے پانچ روپیہ پیش کرنے کو ان صاحب نے بھی بذریعہ خط حاضری کی اجازت چاہی تھی اور اس ہی شرط پر اجازت ملی تھی کہ یہاں آکر مجلس میں خاموش بیٹھے رہو مکاتبت مخاطبت نہ کرو اور اُنکی تعلیم حضرت والا کے ایک اجازت یافتہ صاحب کے سپرد تھی اسپر حضرت والا نے مواخذہ فرمایا کہ مکاتبت مخاطبت کی اجازت نہ تھی تو کیا یہ پرچہ لکھنا مکاتبت مخاطبت میں داخل نہیں ہے اور کیا یہ صریح امر کی مخالفت نہیں ہے عرض کیا کہ میں یہ سمجھا تھا کہ اصلاح کے متعلق مکاتبت مخاطبت کی اجازت نہیں۔ فرمایا کہ یہ تمنے کیسے سمجھ لیا اور یہ اجتہاد کیسے کرلیا نیز اصلاح تو دین ہے اور روپیہ دینا دنیا تو جب دین ہی کیلئے اجازت نہ تھی مکاتبت مخاطبت کی تو دنیا کیلئے تو کیسے ہوسکتی ہے کیا مجھکو آپنے بے حس بے غیرت بے شرم بے حیا سمجھا ہے دوسری تکلیف مجھکو یہ ہوئی کہ میں نے تو آپ کو مکاتبت مخاطبت کی بھی اجازت نہ دی اور آپ مجھکو روپیہ دیں تو کیا مجھکو غیرت نہ آئیگی کہ ایک شخص میرے ساتھ تو ایسا برتاؤ کر رہا ہے اور میں اُسکے ساتھ ایسا برتاؤ کر رہا ہوں تیرے محسن کا خواہ مخواہ قلب پر اثر ہوتا ہے تو میں آزادی سے تمھاری اصلاح نہیں کرسکتا اسوقت تمنے مجھکو سخت تکلیف پہونچائی بیحد دل دکھایا یہ تمھارے نفس کا کید ہے تم یہ سمجھے کہ روپیہ لیکر نرم ہوجائیگا مراعات کریگا اور یہ حقیقت بھی ہے کہ محسن کے ساتھ دل چاہتا ہے کہ ہماری طرف سے بھی کوئی ایسی بات ہو کہ جس سے اُس کا دل خوش ہو غرض تم نے کئی طرح کی تکلیف دی ایسی حالت میں تمھارا روپیہ لینا کیا بے غیرتی اور بے حیائی نہیں ہے۔

(ملفوظ ۸۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مسلمانوں کا اصلی کام نہ زراعت ہے نہ تجارت ہے انکا کام تو شمشیر رانی اور شمشیر زنی ہے اور تجارت وغیرہ کے ... کام تو ہندوؤں کے ہیں۔ ایک صاحب نے

Marfat.com

بیان کیا کہ مسلمان ڈنڈی نہیں اٹھا سکتے انکا کام حکومت تھا اگر کہیں مقابلہ کا مقابلہ ہو یا پولیس اور فوج میں بھرتی کی ضرورت ہو یہ کام انکا ہے اور ڈنڈی اٹھانیکا کام ہندوؤں کا فرمایا کہ اسکا ایک راز ہے ..... وہ یہ کہ فطری مناسبت اسی چیز سے ہوتی ہے جو آبا و اجداد کا پیشہ ہو چنانچہ مسلمانوں میں بھی بعض ایسی نومسلم قومیں ہیں جنکا آبائی پیشہ تجارت ہے اُن کو اصول تجارت خود یاد ہیں اور قریب قریب تمام قوم متمول ہے۔

(ملفوظ ۸۸) ایک طالب علم نے عرض کیا کہ حضرت مجھکو مہتمم مدرسہ دیوبند نے ایک غلطی پر مدرسہ سے خارج کر دیا حضرت والا ایک سفارشی خط تحریر فرما دیں کہ وہ مجھکو مدرسہ میں داخل فرمالیں فرمایا کہ مجھکو واقعہ کا علم نہیں کہ وہ غلطی کیا ہے جسکی وجہ سے تمکو مدرسہ سے نکالا گیا دوسرے یہ بتاؤ کہ مدرسہ کے قواعد کے ماتحت تمکو نکالا گیا یا نہیں عرض کیا کہ نکالا تو قواعد ہی کے ماتحت فرمایا کہ تو آپ سفارش کا مطلب یہ ہوگا کہ قواعد کوئی چیز نہیں جسکو جی چاہا خارج کر دیا جسکو جی چاہا داخل کر لیا اور بڑی بات تو یہ ہے کہ واقعہ معلوم نہ ہونے کی وجہ سے یہ معلوم نہیں کہ وہ غلطی تقبیل ہے یا تقبیل نہیں آیا وہ کسی کیلئے مضر ہے یا مضر نہیں نیز آئندہ احتمال اس غلطی ہونیکا ہے یا نہیں اسکو تو مہتمم مدرسہ ہی سمجھ سکتے ہیں تم ایک عرصہ مدرسہ میں رہ چکے ہو وہ تمھاری حالت سے بخوبی واقف ہیں سفارش کس بنا اور کس اطمینان پر کروں دوسرے یہ کہ میں سفارش کے باب میں بہت محتاط ہوں اگر کوئی کام واجب ہو تب تو سفارش مطلقاً جائز ہے باقی مباح میں بھی آج کل میں سفارش کو جائز نہیں سمجھتا آج کل کا رنگ دیکھکر میں مباح میں سفارش کرنے کو جبر سمجھتا ہوں مخاطب پر ایک قسم کا بار ڈالنا ہے جو شرعاً بھی جائز نہیں البتہ اگر ایسی سفارش ہو کہ یہ یقین ہو کہ مخاطب بالکل آزاد رہیگا چاہے عمل کرے یا نہ کرے یہ سفارش بیشک جائز ہے اور یہ سفارش حقیقت میں مشورہ کی ایک فرع ہے باقی جس سفارش میں یہ احتمال بھی ہو کہ مخاطب خلاف نہ کر سکیگا ایسی سفارش کرنا گویا کہ تنگ کرنا ہے اسکو میں شرعاً جائز نہیں سمجھتا پھر اُن طالب علم کی طرف حضرت والا نے متوجہ ہو کر نہایت شفقت آمیز لہجہ میں فرمایا کہ میں ایک بات بتلاتا ہوں محض تمھاری ہمدردی اور خیر خواہی کی بنا پر وہ یہ کہ سفارش کا تو اکثر اثر بھی اچھا نہیں ہوتا سب سے بہتر یہ ہے کہ تم خود جاکر ہاتھ پانو جوڑ کر معافی چاہو اس سے ..... اکثر اوقات اچھا اثر ہوتا ہے دل پگھل جاتا ہے اور سفارش

Marfat.com

پر اگر داخل ہو بھی گئے اور پھر کوئی نہ کوئی بات ہو گئی تو سفارش کرنیوالے پر بھی الزام کہ صاحب ایسے شخص کی سفارش کی پھر کہاں سے سفارش لاؤ گے اور یہ ایسی چیز ہے کہ ہر وقت اپنے پاس ہے فوراً معافی چاہ لی جاوے یہی کرو انشاء اللہ تعالیٰ اثر اچھا ہوگا اور میں دعا بھی کرتا ہوں۔

۱۳ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس بعد نماز جمعہ

(ملفوظ ۸۹) ایک صاحب نے اپنے لڑکے سے کہا جسکی عمر تقریباً سات یا آٹھ سال کی تھی کہ حضرت کو سلام کرو فرمایا کہ انکا یہی سلام ہے جسمیں یہ خوش رہیں فرمایا کہ سلام پر یاد آیا حضرت مرزا صاحب مظہر جان جاناں رحمہ اللہ نے اپنے ایک مرید سے فرمایا کہ ہم تمھارے لڑکوں کو دیکھنا چاہتے ہیں مخلص نے یہ خیال کیا کہ حضرت ہیں نازک مزاج اور لڑکے ہوتے ہیں شوخ اور شریر ایسا نہ ہو کہ بے ڈھنگا پن کریں اور حضرت کے مزاج کے خلاف ہو اس سے حضرت کو تکلیف پہونچے کوئی بہانہ کر کے ٹالدیا حضرت نے پھر دریافت فرمایا کہ میاں تم اپنے لڑکوں کو نہیں لائے انھوں نے پھر ٹالدیا حضرت نے پھر دریافت فرمایا اب یہ سمجھے کہ بدون لڑکوں کے لائے پیچھا نہ چھوٹے گا آخر لائے اور لانے سے پہلے ان کو تعلیم دی کہ دیکھو نیچی نظر کئے بیٹھے رہنا جو بات حضرت پوچھیں مختصر جواب دینا کوئی حرکت خلاف متانت نہ کرنا اب آئے تو حضرت نے ان سے خوش مزاجی کی باتیں شروع کیں اب وہ لڑکے ہیں کہ سیدھا کئے بیٹھے ہیں کچھ حرکت نہیں کرتے حضرت نے بہت کوشش کی کہ یہ کھلیں مگر ان میں کوئی تغیر نہیں ہوا حضرت نے فرمایا کہ میاں تم اپنے لڑکوں کو نہیں لائے عرض کیا کہ حضرت یہ حاضر تو ہیں فرمایا کہ یہ لڑکے ہیں یہ تو تمھارے بھی باوا ہیں لڑکے تو ایسے ہوتے ہیں کہ کوئی ہمارا عمامہ اوتارلیجاتا کوئی کوٹ میں چڑھ بیٹھتا کوئی کندھے پر سوار ہو جاتا واقعی یہ حضرات بڑے حکیم اور عادل ہوتے ہیں اسقدر تو نازک مزاج مگر بچوں سے وہی چاہتے تھے جو اکا زیور ہے شوخی شرارت کیونکہ انکی تو یہی باتیں محبوب معلوم ہوتی ہیں۔ ۸

(ملفوظ ۹۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اگر مرید کو شیخ سے سچی محبت ہو تو کبھی اسکے سامنے اپنی غلطی کی تاویلیں نہیں کر سکتا محبت کا یہی اقتضاء ہے کہ وہ محبوب سے کبھی اینچ پینچ نہیں کرتا اینچ پینچ کرنا

Marfat.com

خود علامت ہے عدم محبت کی۔ غزوۂ تبوک میں جس نے جانبوجھ کر شرکت نہ ہو سکی تھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے تو سناٹا چھا گیا لوگوں نے تاویلیں کیں کسی نے کہا کہ بیوی بیمار تھی کسی نے کہا کہ کھیتی پک رہی تھی مگر کعب ابن مالک جس وقت حضور کے سامنے آئے کچھ بھی تاویل نہیں کی اور عرض کیا یا رسول اللہ اگر میں کسی اور بادشاہ کے سامنے ہوتا تو ایسی بات بناتا کہ فوراً مجرم ثابت نہ ہوتا مگر سچی بات یہ ہے کہ کوئی عذر نہ تھا محض سستی تھی حضور نے فرمایا کہ انھوں نے سچ بولا ہے حکم فرمایا کہ کوئی مسلمان ان سے نہ بولے اور دو صحابی اور بھی تھے اُنکا بھی یہی معاملہ ہوا ایک صاحب نے حضرت والا سے عرض کیا کہ جب حضرت کعب ابن مالک سے سچ بولدیا تھا پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو اُن سے بولنے کو کیوں منع فرمادیا۔ فرمایا کہ حضور اپنی طرف سے تھوڑا ہی کچھ کہہ رہے تھے جو وحی سے حکم ہوتا تھا فرمادیتے تھے نیز بڑے طور پر پاک کس طرح ہوتے بعض رحم تو آپریشن ہی سے صاف ہوتا ہے غرض پچاس دن تک اسی حالت میں رہے ایک مسلمان بھی ان سے نہیں بولا بڑا طویل قصہ ہے اُسمیں یہ بھی ہے کہ کعب ابن مالک فرماتے ہیں کہ مجھکو اُس زمانہ میں بڑی فکر یہ تھی کہ اگر میں حضور کے سامنے مرگیا اسی حالت میں تو حضور میرے جنازہ کی نماز نہ پڑھیں گے اور اگر حضور کی میرے سامنے وفات ہوگئی تو پھر مجھسے عمر بھر کوئی مسلمان نہ بولیگا میں ساری عمر یوں ہی رہا یہ یقین کے ساتھ اتنا جانتے تھے کہ صحابہ اسقدر جان نثار ہیں کہ حضور کی وفات کے بعد بھی حضور کے حکم کے خلاف نہ کریں گے اور آجکل یہ رنگ ہے کہ لوگ اپنے مشائخ کے سامنے تاویلیں کرتے ہیں جھوٹ بولتے ہیں میرے سامنے اپنی غلطی کی کوئی تاویل کرتا ہے میں تو کہدیتا ہوں کہ جب تم میں یہ امراض نہیں تو پھر آئے کیوں اور اصل سبب ان تاویلات کا یہ ہوتا ہے کہ یہ سمجھتے ہیں کہ اگر اس کے سامنے بات کھل گئی یا امراض ظاہر ہوگئے تو اسکی نظر میں ہماری حقارت اور ذلت ہوگی استغفر اللہ کیا ایسا شخص کسی کو ذلیل سمجھیگا جو خود ہی اپنے کو سب سے بدتر اور ذلیل سمجھتا ہے اور جسکو معزز سمجھتا ہو ضرور اُسکے سامنے معزز بننا چاہتے ہو۔

(ملفوظ ۹۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اللہ والوں نے اسکا بڑا خیال رکھا ہے کہ ایسی جگہ رہیں کہ جہاں اُن کو کوئی پہچانے نہیں حیدرآباد کے ایک بزرگ تھے اجمیر میں ناشناسائی کی حالت میں رہا کرتے مجاہدات میں لگے رہے اور بارہ برس تک پاخانہ کیا یا کسی کو بھی پتہ نہ چلا عشق بھی عجیب چیز ہے کیا

Marfat.com

کیا کچھ نہیں کرا دیتا ؎

این جنیں شیخے گدائے کو بہ کو عشق آمد لا ابالی فانقوا

اس عشق اور محبت کا ایک اور واقعہ یاد آیا کہ ایک قاری صاحب ریاست رامپور میں انھوں نے حج کا ارادہ کیا خرچ پاس نہ تھا سفر شروع کیا دن کو روزہ رکھتے پیدل چلتے اور شام جہاں ہو جاتی ٹھیر جاتے کچھ چنے ساتھ لے لئے تھے دن کو روزہ رکھتے شام کو ایک مٹھی چنوں سے افطار فرما لیتے غرض اسی طرح بمبئی پہونچ گئے کوئی جہاز تیار ہوا کپتان جہاز سے ملے کہ ہم جدہ جانا چاہتے ہیں اور خرچ ہمارے پاس ہے نہیں ہمکو کوئی نوکری جہاز میں دیدو اس نے نورانی صورت دیکھکر سمجھا کہ انکو ایسی نوکری بتاؤں جسکو یہ قبول ہی نہ کر سکیں کہا کہ بھنگی کی جگہ خالی ہے انھوں نے کہا کہ مجھے منظور ہے اس نے دیکھا کہ یہ تو اسپر آمادہ ہیں تو اور بات گھڑی کہ محض بھنگی ہی کا کام نہیں اسکے ساتھ لوچھنی بھی اٹھانا پڑتا ہے انھوں نے کہا کہ وہ بھی منظور ہے اس نے کہا کہ اچھا بوجھ اٹھانے میں امتحان دو ایک پورا تھا جسمیں اڑھائی تین من وزن تھا کہا کہ اسکو اٹھاؤ انھوں نے اس پورے کے پاس پہونچکر حق تعالیٰ سے دعا کی کہ یہانتک تو میرا کام تھا اب آگے آپکا کام ہے تجھمیں قوت دیدیجئے بس بسم اللہ کہکر پورے کو سر سے اونچا اٹھا لیا تب تو کپتان جہاز مجبور ہوا انھوں نے بھنگی کا کام شروع کر دیا شب کے وقت قاری صاحب حسب معمول تہجد پڑھتے ایک روز جہاز کے کنارے پر کھڑے تہجد پڑھ رہے تھے اور اسمیں جہر کے ساتھ تلاوت قرآن کر رہے تھے کہ اتفاق سے وہ انگریز کپتان جہاز اس طرف آنکلا قرآن شریف بہت ہی عمدہ پڑھتے تھے انگریز کو سنکر بہت اچھا معلوم ہوا قاری صاحب نے جب سلام پھیر دیا تو اس نے پوچھا کہ تم کیا پڑھتے تھے کہا کہ قرآن پوچھا کہ قرآن کسکو کہتے ہیں کہا کہ ایک کتاب ہے خدا کا کلام ہے اس نے کہا کہ ہمکو بھی سکھا دو انھوں نے کہا کہ ہر شخص نہیں سیکھ سکتا اسکے لئے پاک ہونے کی ضرورت ہے اسپر کہا کہ ہم غسل کر لیں گے انھوں نے کہا کہ ظاہری غسل سے کچھ نہیں ہوتا باطنی غسل کی ضرورت ہے کہنے لگا کہ باطنی غسل کیسے ہوتا ہے فرمایا لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنے سے ہوتا ہے یہ سنکر کہنے لگا ہمکو سکھلا دو انھوں نے سکھلا دیا وہ اسکو یاد کرتا پھرتا تھا دوسرے انگریزوں نے اسکی میم سے کہدیا میم نے پوچھا کیا تم مسلمان ہو گئے کہا نہیں پھر اس نے قاری صاحب سے کہا کہ کیا ہم کلمہ پڑھنے سے مسلمان ہو گئے انھوں نے

Marfat.com

فرمایا آج کیا مدت ہوئی اول تو وہ کچھ گھبرایا اسکے بعد کہا کہ اچھا ہم مسلمان ہی ہوتے ہیں اور ہیم سے کہدیا کہ اگر ہمارا ساتھ دینا ہے تم بھی مسلمان ہوجاؤ اس نے انکار کیا آخر جدہ پہونچکر اپنے نائب کو جاج دیکر خود قاری صاحب کے ساتھ ہولیا اور خادموں میں داخل ہوکر حج کو چلا گیا۔ تو حضرت یہ عشق وہ چیز ہے کہ اسمیں آدمی آبرو مال جان سب کچھ دے بیٹھتا ہے کچھ بھی پروا نہیں کرتا ہم میں اسی کی کمی ہے ورنہ جسکے اندر یہ حالت پیدا ہوجائے اسپر خدا کا بڑا فضل ہے۔

(ملفوظ ۹۲) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ آجکل جہاں جہاں اس جدید تعلیم کا اثر ہوگیا ہے وہاں عورتوں کی حالت بھی بدلنے لگی ہے مگر بحمداللہ ان قصبات میں ابھی تک اکثر حیا شرم والی ہیں بلکہ باہر پھرنے والی بھی اکثر عفیفہ ہوتی ہیں واقعی اس نواح کی عورتیں حوریں ہیں جنکی شان میں آیا ہے فیہن قاصرات الطرف کہ وہ ایسی ہونگی کہ شوہروں کے سوا کسی مرد کی طرف نگاہ نہ اٹھائی ہوگی یہاں کی عورتیں بھی ایسی عفیفہ ہیں ان میں کافی حیا اور شرم ہے۔

(ملفوظ ۹۳) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت عقیقہ میں جو لڑکے اور لڑکی کیلئے جانور کی عدد کی قید ہے تو کیا یہ بھی قید ہے کہ لڑکی کیلئے مؤنث ہو اور لڑکے کیلئے مذکر ہو فرمایا کہ یہ قید نہیں اور عدد کی قید بھی مستحب ہے واجب نہیں۔

(ملفوظ ۹۴) ایک صاحب کے جواب میں فرمایا کہ میں تو مولویوں پر اعتراض کرنے والوں میں بھی ایک خوبی ثابت کیا کرتا ہوں اور کہا کرتا ہوں کہ مولویوں کو یہ لوگ مقدس سمجھتے ہیں جب ہی تو مقدس کے خلاف شور واویلا مچاتے ہیں اور مولویوں کا بھی اسمیں نفع ہے اسلئے اعتراض ہونا ہی اچھا ہے اسی اعتراض کی وجہ سے مولوی لوگ بچیں گے گو معترضین کی نیت یہ نہیں بلکہ ان کے نزدیک تو خود آجکل مولوی ہونا جرم ہے انکو مولویوں سے عناد ہے ان سے عداوت کرتے ہیں ڈھونڈ ڈھونڈ کر عیوب بتلاتے ہیں۔

(ملفوظ ۹۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بزرگوں کے خادم واقعی خادم ہوتے ہیں اور امراء کے خادم خادم نہیں ہوتے محض اجیر اور خود غرض ہوتے ہیں بزرگوں کے خادم خواہ بیوقوفی سے کچھ گڑبڑ کریں مگر نیت فاسد نہیں ہوتی جو خدمت کرتے ہیں محبت سے کرتے ہیں۔

(ملفوظ ۹۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بزرگی کی دو قسمیں ہیں ایک وہ جو بزرگوں کی صحبت سے حاصل ہوتی ہے اور ایک وہ جو کتاب بینی سے مکتسب ہوتی ہے اس دوسری قسم میں اسکی کوئی بات ٹھکانے کی نہیں ہوتی۔

Marfat.com

کوئی خاص رنگ پیدا نہیں ہوتا یہ لوگ ہر بات میں نظر کرکے آگے بڑھ جاتے ہیں۔

(ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک انگریز جج تھا وہ انگریزی قانون اور اسلامی قانون کا موازنہ کیا کرتا تھا اسکے یہاں ایک مقدمہ آیا ایک شخص نے بیوی کو قتل کیا تھا اور اسکے ایک سات سال کی بچی تھی ورثا مقتول کا قصاص لینا نہیں چاہتے تھے اور قانون سے یہ معافی جائز نہ تھی مگر مصلحت ضروری تھی اسپر اس جج نے کہا کہ یہاں اسلامی قانون کی ضرورت ہے یعنی معافی جائز ہونا چاہیئے زندہ یاں تو یوں گئی اور باپ یوں گیا تو اب اسکی پرورش کون کرے گا مگر چونکہ قانون حکومت اسکی خلاف تھا اس نے روئداد بدلدی اور اسکو رہا کردیا اسی موازنہ کے مناسب ایک اور انگریز کا قول یاد آیا اس کے پاس ایک صاحب سرشتہ دار تھے ان سے اس انگریز نے کہا تھا کہ ہماری جماعت میں بڑے بڑے اور متعدد بیدار مغز کام کرتے ہیں اور تقریباً ڈیڑھ سو برس حکومت کرتے ہو گئے مگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ تیرہ برس میں انتظام کی جس تک پہونچے ہماری جماعت نہیں پہونچی انھوں نے کہا کہ اب تو آپ قائل ہوں گے کہ ان کے ساتھ یہ تائید غیبی تھی اس نے کہا کہ یہ تو آپکا عقیدہ ہے مگر ہمارے نزدیک اسکی وجہ یہ ہے کہ وہ قائل اعلیٰ درجہ کے تھے انھوں نے کہا ہمارے یہاں عقل کے ایسے ہی درجہ کا نام تائید ہوتا ہے اسی عقل کے متعلق سفیر اسلامی نے ہرقل کے دربار میں جب اس نے حضرت عمر رضی کی حالت کے متعلق پوچھا دو چھوٹے چھوٹے جملے حضرت عمر رضی کی تعریف میں کہے تھے لا یخدع فرکہ لا یخدع اس سے ہرقل جو کچھ سمجھا وہ بھی قائل تعریف ہے چنانچہ اس نے اہل دربار سے کہا تم کچھ سمجھے لا یخدع خلیفہ کے دین کے کامل ہونے کی دلیل ہے اور لا یخدع اس کے فراست اور عقل کے کامل ہونے کی دلیل ہے اور جس شخص میں دین اور عقل جمع ہو گئے وہ سارے عالم پر غالب آکر رہیگا۔

(ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعض چیزیں ایسی ہیں کہ جو بیان میں نہیں آسکتیں محض وجدانی اور ذوقی ہوتی ہیں اور اس طریق میں زیادہ چیزیں ایسی ہی ہیں جنکے بیان پر قدرت نہیں ہی شان ان حضرات کے کمالات کی ہے کہ نہ انکی تعبیر ہو سکتی ہے نہ نقل آپ کو فرماتے ہیں ؎

نہ ہر کہ چہرہ برافروخت دلبری داند
نہ ہر کہ آئینہ دارد سکندری داند

ہزار نکتہ باریکتر ز مو اینجاست
نہ ہر کہ سر بتراشد قلندری داند

Marfat.com

اور فرماتے ہیں ؎

شاہد آں نیست کہ موئے و میانے دارد　　بندۂ طلعت آں باش کہ آنے دارد

اور فرماتے ہیں ؎

گر مصور صورتِ آں دلستاں خواہد کشید　　لیک حیرانم کہ نازش را چساں خواہد کشید

اور وہ ایک کیفیت ہے وہ مقال میں کس طرح آوے گی وہ تو حال ہے۔

(ملفوظ ۹۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ صحابہ کا تو کمال ہے ہی مگر اصل کمال تو حضور کا ہے کہ آپکی تھوڑی سی صحبت سے صحابہ کیا سے کیا ہو گئے اور ان کمالات کے ہوتے ہوئے آپکی شان امیت ایسی ہے جیسے کسی ایسے حسین کی شان کہ اُسکے بدن پر تکلف کے کپڑے نہ بناؤ سنگار پر لڑائی کی کیفیت ہو ؎

دلفریبان نباتی ہمہ زیور بستند　　دلبرِ ماست کہ با حسن خداداد آمد

(ملفوظ ۱۰۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ فطری چیزوں میں دخل دینا حماقت اور کم عقلی ہے امریکہ میں عورتوں نے سر منڈانا شروع کیا تو اُن کے داڑھی نکلنا شروع ہو گئی تب ڈاکٹروں نے کہا کہ بڑی غلطی ہوئی واقعی عورتوں کے سر پر بال رہنے میں یہ حکمت ہے کہ اس طرف کے بخارات اس طرف کو نکلتے رہیں وقوع ضرر کے بعد یہ حکمت سمجھ میں آئی ویسے کون ماننے والا تھا۔

(ملفوظ ۱۰۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل کی متانت اکثر کبر سے ناشی ہوتی ہے اسی معنی کے اعتبار سے مامون صاحب فرمایا کرتے تھے کہ شوخ آدمی کی روح زندہ ہوتی ہے اور نفس مردہ اور متین آدمی کا نفس زندہ ہوتا ہے اور روح مردہ ہنسنا بولنا بے تکلف رہنا یہ روح کے زندہ ہونے کی دلیل مگر اس میں بھی اعتدال کی ضرورت ہے چنانچہ کتابوں میں لکھا ہے کہ زیادہ ہنسی یا زیادہ مزاح سے اس سے وقار جاتا رہتا ہے یعنی اُسکا ضروری درجہ جو کہ مصالح کے لئے مطلوب ہے اور وہ خداداد ہوتا اسلئے اُسکی حفاظت ضروری ہے لیکن اسکی حفاظت کسی خاص اہتمام و تکلف سے نہ ہو نہ اور زیادہ باتیں کرنے سے مراد فضول گوئی ہے اُس سے ظلمت پیدا ہوتی ہے قلب سے نور اور بشاشت جاتی رہتی ہے

(ملفوظ ۱۰۲) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ مجھکو بچپن سے نقشبندیوں کی طرف زیادہ کشش نہیں ..... زیادہ کشش چشتیوں کی طرف رہی گو اُن سے افعال میں کچھ کوتاہی ہی کیوں نہ

Marfat.com

ہوجاوے اسکی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ ان میں انکسار اور خاکساری کی ایک خاص شان ہوتی ہے اور نقشبندیوں میں ایک مخدومیت کا رنگ ہوتا ہے گو وہ بھی اپنی جگہ محمود ہے۔

۱۴ محرم الحرام سنہ ۱۳۵۱ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم شنبہ

(ملفوظ ۱۰۳) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ طواف میں عورتیں مردوں کے ساتھ ہوتی ہیں شاید اسمیں ضرورت کی وجہ سے گنجایش ہو پھر بڑی جگہ ہے غالباً ہر شخص کو خداوند جل جلالہ کے خوف کا استحضار بھی ہوتا ہے پھر کوئی نامناسب بات کبھی کبھی سننے میں نہیں آئی۔

(ملفوظ ۱۰۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ پچھلے وعظ دیکھکر مجھے تعجب ہوتا ہے کہ اسقدر آمد کیسے ہوتی تھی اور گو ہوتی اب بھی ہے بحمداللہ میں کیوں ناشکری کروں مگر پہلے سے تفاوت ہے لیکن بڑا فرق یہ ہوا کہ اب تطویل کلام سے طبیعت میں انقباض ہوتا ہے تطویل سے نفرت ہوگئی ہے جی چاہتا ہے کہ ضروری ضروری بات ہو زائد کلام سے دلچسپی نہیں میں تو اسکو حالت کی ترقی سمجھتا ہوں واللہ اعلم۔

(ملفوظ ۱۰۵) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کیا معصیت کیساتھ دعویٰ محبت صحیح ہوسکتا ہے فرمایا کہ قلب کا میلان تو ہر مسلمان میں حق تعالیٰ کی طرف ضرور ہے اور طبعی ہے اسلئے مطلق محبت کا دعویٰ صحیح بھی ہے کسی خواہش کی رغبت سے کسی مصلحت سے کسی حالت کے غلبہ سے نافرمانی بھی ہوجاتی ہے البتہ حب کامل کے ساتھ معصیت جمع نہیں ہوتی اور اگر غلبہ ہو طاعت کو اور نادراً کبھی معصیت بھی ہوجائے تو وہ کمال محبت کے بھی منافی نہیں۔

(ملفوظ ۱۰۶) ایک صاحب نے عرض کیا کہ کیا تعلق مع اللہ اور تعلق خلق جمع ہوسکتے ہیں فرمایا کہ جمع ہوسکتے ہیں حق تعالیٰ کے ساتھ اور قسم کا تعلق ہوتا ہے اور مخلوق کے ساتھ اور قسم کا جیسے کسی کے دو مختلف رشتہ کے دو قرابت دار ہیں ایک سے اور قسم کا تعلق ہے دوسرے سے اور قسم کا تعلق البتہ تعارض کے وقت دیکھا جاوے کسکو ترجیح دیتا ہے اصل اور قوی تعلق اس سے سمجھے گا ایسا تعلق دو سے نہیں ہوسکتا۔

(ملفوظ ۱۰۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں حضرت حاجی صاحب کے پاس سے تازہ آیا ہوا تھا طبیعت میں

Marfat.com

شورش بہت تھی جی چاہتا تھا کہ جو کچھ ہونا ہو ایکدم ہو جائے ایک بار اسی غلبہ میں چند مقدمات ذہن میں جمع ہو کر ایک سوال پیدا ہوا ایک مقدمہ تھا کہ کامل درجہ کی نہ سہی مگر پھر بھی اپنی استعداد کیموافق طالب میں طلب بھی ہے دوسرا یہ کہ اُس طلب کا اُن کو علم بھی ہے تیسرے یہ کہ وہ قادر بھی ہیں چوتھا یہ کہ وہ رحیم بھی ہیں مگر باوجود ان وداعی کے اجتماع کے پھر وصول الی المقصود میں دیر کیوں ہوتی ہے جب اشکال زیادہ پڑھا میں نے مثنوی کھولی تو اسمیں یہ اشعار نکلے ؎ چارہ می جوید پئے من درد تو (اسمیں طلب کا ذکر ہے) میشنودم دوش آہ سرد تو (اسمیں علم کا اثبات ہے) می توانم ہم کہ بے ایں انتظار + رہ نمایم وادہم راہ گذار (اسمیں قدرت کا ذکر ہے) تا ازیں طوفان دوران وارہی + بر سر گنج وصالم پانہی (اسمیں لطف ورحمت کا بیان ہے ان سب مقدمات کے بعد یہ شعر ہے ؎ لیک شیرینی ولذات مقر + ہست بر اندازۂ رنج سفر - انگہ از فرزند وخویشاں برخوری + کز غریبی رنج ومحنت ہا بری اس شعر میں ایک پانچویں چیز نکلی جو میرے ذہن میں نہ تھی اور وہ حکمت ہے جسمیں جواب ہو گیا اشکال کا یعنی ان وداعی کے ہوتے ہوئے دیر کی وجہ حکمت ہے۔

۱۰۸ (ملفوظ) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ محبت زیادہ سبب ہوتی ہے رعب کا کہیں یہ ناراض نہ ہو جائے اگر محبت نہ ہو اور خوف محض ہو تو وہ رعب نہیں ہوتا بلکہ وحشت ہوتی ہے رعب محبوب ہی کا زیادہ ہوتا ہے۔

۱۰۹ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ہمارے سلسلہ کی مقبولیت اور نافعیت الحمدللہ کھلی ہوئی ہے حضرت میانجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اسی کے متعلق فرمایا کرتے تھے کہ ہماری روشنی ہمارے بعد دیکھنا اب وہ روشنی کھلی آنکھوں نظر آرہی ہے۔

ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت میانجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی تو بعض کرامتیں بھی عجیب وغریب سنی ہیں فرمایا کہ جی ہاں ایکمرتبہ کسی کے کھیت میں آگ لگ گئی کھیت والے نے آکر شکایت کی آپنے سر سے ٹوپی اتار کر دیدی کہ جلدی سے جاکر آگ میں ڈالدو وہ لیجاکر ڈالدی گئی آگ فوراً بجھ گئی۔ ایکمرتبہ بیوی صاحبہ نے کہا کہ لوگ کہتے ہیں ولی ہیں بزرگ ہیں ہاں ہونگے مگر ہماری تکلیف میں تو کام نہ آئے انکی آنکھوں کی روشنی جاتی رہی تھی نابینا ہو گئی تھیں حضرت میانجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ یہ سُنکر چلدئے کوئی جواب نہیں دیا یہ قضاء حاجت کیلئے چلیں کسی دیوار میں بڑے زور سے ٹکر لگی بیہوش

Marfat.com

ہوکر گر گئیں اور اسقدر پسینہ آیا کہ کپڑے تک تر ہوگئے اور آنکھوں سے بھی پسینہ نکلا ہوش آیا تو لڑکی سے کہا کہ مجھکو تو دیوار پر کوئی بھیڑ چیڑ یا نظر آرہی ہے نظر خود کر آئی آنکھوں سے جو پسینہ نکلا وہ روئی کا گالا تھا اس کے نکلنے سے آنکھ صاف ہوگئی۔

۱۴ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم شنبہ

(۱) (بطور طلب مشورہ بحقوق الانفاق) ایک نووارد صاحب نے حضرت والا کی خدمت میں ایک پرچہ پیش کیا جو کسی دوسرے صاحب نے ان کے ہاتھ بھیجا تھا ملاحظہ فرما کر فرمایا کہ اسمیں تو کوئی ایسی بات نہیں لکھی جس کیلئے آدمی کے بھیجنے کی اور اتنا خرچ کرنے کی زحمت گوارا کی خیر اگر آپ کو معلوم ہو تو آپ ہی کوئی بات بتلائیں اسمیں تو بالکل گول مول بات لکھی ہے وہ صاحب خاموش رہے کوئی جواب نہیں دیا اسپر حضرت والا نے فرمایا کہ وہ کاتب صاحب سامنے نہیں خط کا مضمون کافی نہیں آپ بولتے نہیں اب کام کیسے چلے فرمایا کہ بعضے لوگ ذرا سی بات پر پیسہ کو نہایت بے دردی سے صرف کرتے ہیں خدا کی نعمت کی قدر نہیں کرتے بھلا آدمی کے بھیجنے کی کون ضرورت تھی ایک کارڈ سے جو کام ہو سکتا تھا اسکے لئے اتنا صرف اگر موقع محل اور ضرورت میں ہزار بھی صرف ہو جائیں تو دلکو قلق نہیں ہوتا فرمایا کہ کبھی ایسا ہوا ہے کہ مثلاً دو نو گھروں میں ضرورت کے موقع پر ایک ایک ہزار روپیہ دینے کا ارادہ کر لیا تو قلب میں تقاضہ پیدا ہوتا ہے کہ جلد سے جلد یہ کام کر دینا چاہیے مال کی نسبت صرف کرنے سے مانع نہیں ہوتی اور بے موقع اور بلا ضرورت ایک پیسہ صرف کرنیکو بھی جی نہیں چاہتا ایک روز ایسا ہوا کہ ایک پیسہ گم ہو گیا دیر تک اسکو تلاش کیا نہیں ملا پھر نیاز سے کہا کہ تم بھی ڈھونڈنا اب اسکو چاہے کوئی بخل ہی سے تعبیر کرے جب تک مل نہ گیا چین نہیں آئی کیونکہ وہ گم ہو جاتا کسی مد میں شمار نہ تھا فضول جانیکا قلق تھا اور اگر باوجود تلاش کے بھی نہ ملتا تو اسکا بھی ایک مد نچھاور کھلا ہے وہ یہ کہ نہ ملنے پر صبر کا ثواب ملیگا بہر حال کچھ تو ملا قلب کو سمجھانے کیلئے یہ بھی ایک خاص مد ہے کہ اگر وہ نہیں ملا تو ثواب تو ملا ایک ریاست نے ایک شخص کو محض اجرائن سیاہ پر چہ پر مہر لگوانے کے واسطے بھیجا گیا سو جو کام ایک روپیہ میں ہو سکتا تھا ڈاک کے ذریعہ سے اسمیں

Marfat.com

اتنا صرف کیا فائدہ ایک شخص مجھسے بیان کرتے تھے کہ فلاں نواب صاحب کا ایک چھوٹا سا لڑکا بیمار ہوگیا تھا تو اسکی تیمارداری میں روزانہ چار سو پانچسو روپیہ صرف ہوتا تھا یعنی ڈاکٹروں میں طبیبوں میں جھاڑ پھونک والوں میں شاید اتنا وزن لڑکے میں بھی نہ ہوگا جتنے وزن کی چاندی صرف ہوگئی ہوگی اس سے میرا مطلب یہ نہیں کہ صرف نہ کیا جائے یا پیسہ اولاد سے زیادہ عزیز ہے مطلب یہ ہے کہ جیسے اولاد خدا کی نعمت ہے پیسہ بھی اسکی ہی نعمت ہے اسکو بھی طریقہ ہی سے صرف کرنا چاہیئے اور اس موقع پر بہت سا فضول بھی صرف ہو رہا تھا اُن نواب صاحب نے یہاں آدمی بھیجا دعا کیلئے اور دس روپیہ بھیجے کہ ختم میں دعا کرادی جائے میں نے مزاحاً کہا کہ وہاں پر تو اسقدر صرف کر رہے ہیں اور یہاں پر دس روپیہ بھیجے کم از کم پچاس تو بھیجے ہوتے اور یہ کہکر میں نے دو روپیہ رکھ لئے اور آٹھ واپس کر دئے اور لکھدیا کہ دو روپیہ میں ایک مہینہ تک دعا ہوتی ہے اللہ تعالیٰ سے امید ہے کہ اس مدت میں اسکو آرام ہو جائیگا۔ ایکمرتبہ میں بمبئی گیا چھوٹے گھر میں سے حج کو جا رہی تھیں اُن کو جہاز میں سوار کرنے گیا تھا وہاں پر حکیم محمد سعید صاحب نے ہم لوگوں کیلئے ایک مکان کرایہ پر لیا تھا بڑا مکان تھا کرایہ وہاں عموماً بہت زیادہ ہوتا ہے نالیاں تین سو روپیہ میں لیا گیا تھا حکیم صاحب کے یہاں سے کھانا وہاں ہی آجاتا تھا اسمیں غسلخانہ کے نام سے ایک حصہ تھا مگر چونکہ وہ مکان نیا بنا تھا اسمیں غسل وغیرہ کرنا شروع نہ ہوا تھا کھانا جو آتا تھا اُس غسلخانہ میں رکھ لیا جاتا تھا اور کھانا خرچ سے بہت زائد آتا تھا اور کھا کر بچ جاتا تھا تو کھانا لانے والے یہ نوکر یہ حرکت کرتے کہ بچا ہوا کھانا اُس غسلخانہ کی کھڑکی سے باہر نالی میں پھینکدیتے اُس نالی میں گندہ پانی بہتا تھا پھر علاوہ رزق کے احترام کے وہ کھانا صورۃً بھی نہایت عمدہ ہوتا تھا پلاؤ زردہ قورمہ متنجن مگر وہ نامعقول اسکے نہ معنی کا ادب کرتے نہ صورت کا احترام مجھکو ایک روز معلوم ہوا کہ کھانا اسطرح پھینکدیا جاتا ہے مجھکو اسقدر رنج اور صدمہ ہوا کہ میں بیان نہیں کر سکتا میں نے اُن لوگوں کو ڈانٹا کہ خدا کی نعمت کی یہ بے قدری کرتے ہو اور پھر میں نے حکیم صاحب سے شکایت کی کہنے لگے کہ یہ ایسے ہی نالائق ہیں ممکن ہے کہ بعد میں زیادہ ڈانٹ ڈپٹ کی ہو پھر بعد میں مجھے ہیں آیا وہاں کی فضا اور ماحول میں یہ اثر ہے کہ نعمت کی قدر نہیں کیجاتی اور یہ ملازم گو بمبئی کے رہنے والے نہ تھے ہندوستانی ہی تھے مگر وہاں کے برتاؤ کو دیکھتے دیکھتے انمیں بھی بے حسی پیدا ہوگئی اتفاق سے وہاں پر لوگوں کی

Marfat.com

درخواست پر ایک بیان ہوا میں نے سوچا کہ اگر اختلافی مسائل کا بیان کرتا ہوں تو فتنہ کا اندیشہ ہے یہ وہاں پر بڑی آفت ہے قتل تک کی سازشیں شروع ہو جاتی ہیں اور اگر نماز روزہ کا بیان کرتا ہوں تو اسکو سب جانتے ہیں اسلئے چنداں نفع نہیں ایسا بیان ہو کہ یہ جانتے بھی نہ ہوں اور اس میں نزاع بھی نہ ہو اسلئے میں نے نعمت الٰہیہ کی قدر کے متعلق اس آیت کا بیان کیا وضرب اللہ مثلاً قریۃً کانت اٰمنۃً مطمئنۃً یاتیھا رزقھا رغدا من کل مکان فکفرت بانعم اللہ فاذاقھا اللہ لباس الجوع والخوف بما کانوا یصنعون۔ کہ تم خدا کی نعمت کی قدر نہیں کرتے۔ اب اس بے قدری کا نتیجہ چند ہی روز میں برآمد ہوا واقف لوگوں سے معلوم ہوا کہ جنکی کئی کئی کروڑ کی حیثیت تھی اب وہ سڑکوں پر رات بسر کرتے ہیں خدا کی نعمت کی بے قدری کرنا بڑی خطرناک بات ہے۔ میں ایکمرتبہ ریل میں سفر کر رہا تھا ہمراہیوں میں خواجہ صاحب بھی تھے اور ایک اور صاحب رئیس تھے قنوج کے جو بہت دیندار آدمی تھے کھانا ساتھ تھا جب کھانا شروع کیا اتفاق سے ایک بوٹی اُن کے ہاتھ سے چھوٹ کر نیچے کے تختے پر گر گئی اُن صاحب نے یہ کیا کہ اسکو جوتہ سے تختے کے نیچے کو سرکا دیا مجھکو انکی یہ حرکت بیحد ناگوار ہوئی اب سوچا کہ اگر کچھ کہتا ہوں تو نیک آدمی اور رئیس پھر لوڑے ہے بھی انکو کیا کہوں مگر تنبیہ ضروری تھی یہ سمجھ میں آیا کہ انکو عملی تبلیغ کرنا چاہئے میں نے خواجہ صاحب سے کہا کہ یہ خدا کی نعمت ہے اسکو اٹھا کر اور دھو کر مجھکو دیدی جائے میں اسکو کھاؤنگا خواجہ صاحب بیحد بے نفس آدمی ہیں انھوں نے کہا کہ اگر کوئی اور کھالے تو کیا اسکو اجازت ہو سکتی ہے میں نے کہا کہ اجازت ہے بشرطیکہ طبیعت گوارا کرے مقصود تو خدا کی نعمت کا احترام ہے خواجہ صاحب نے اٹھا کر دھو کر صاف کر کے اُس بوٹی کو کھالیا وہ صاحب اُس وقت تو کچھ نہیں بولے مگر میری غیبت میں کہا کہ اگر مجھ پر جوتے مار لئے جاتے تو مجھکو اسقدر شرمندگی نہ ہوتی جتنی اس صورت میں ہوئی ہے آئندہ ایسی حرکت کبھی نہیں ہو سکتی میں گھر جاتا ہوں اور کہیں پر روٹی کا ٹکڑا یا اناج کا دانہ کہیں پڑا دیکھتا ہوں کانپ جاتا ہوں فوراً اس کو اُٹھاتا ہوں اور احترام سے اُسکو حفاظت کی جگہ رکھ دیتا ہوں بعض مرتبہ چنے وغیرہ گھونگنی کھا کا اتفاق ہوتا ہے اور اچٹ کر کوئی دانہ گر جاتا ہے اگر شب کا وقت ہوتا ہے تو اسکو لالٹین سے ڈھونڈتا ہوں جب تک پا نہیں جاتا اور اسکو صاف کر کے کھا نہیں لیتا قلب کو چین نہیں آتا۔

رسالہ المبلغ ص۴۷ ج ۹ — بابتہ ماہ محرم الحرام ۱۳۵۷ھ

Marfat.com

حدیث شریف میں آیا ہے حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا کہ یا عائشہ اکرمی الخبز الخ یعنی اے عائشہ رزق کا احترام کرنا چاہیئے یہ جس گھر سے نکلجاتا ہے پھر واپس نہیں آتا۔ یہ بڑے خوف اور عبرت کا مقام ہے یعنی رزق کا گھر سے نکلجانا اسکو ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ پھر کیا نوبت ہوتی ہے اگر آئیگا بھی تو شاید کسی آئندہ نسل میں آئیگا اسکو میسر ہونا مشکل ہے غالب یہی ہے حق تعالیٰ کی نعمتوں کی بے قدری کرنا اور اُنکا قلب میں احترام نہ ہونا صاف کفران نعمت ہے وہ عطا فرمائیں اور یہ قدر نکرے اسکا جو کچھ انجام ہوگا ظاہر ہے۔ ایک صحابی ہیں حضرت حذیفہ رض وہ فارس کے کسی مقام پر بطور دورہ حکام کے تشریف لیگئے بڑے بڑے رئیس کفار ملاقات کیلئے آئے آپ اُسوقت کھانا کھا رہے تھے اور وہ تمام کفار بھی پاس بیٹھے ہوئے تھے آپ کے ہاتھ سے لقمہ چھوٹ گیا آپ نے اٹھا کر صاف کر کے کھالیا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جہاں آپ بیٹھے ہوئے کھانا کھا رہے تھے وہ کوئی خاص اور ممتاز جگہ نہ تھی یعنی وہاں پر قالین گدے نہ تھے ورنہ لقمے کو لگتا ہی کیا زمین میں بیٹھے ہوئے کھا رہے تھے جبھی تو صاف کرنے کی نوبت آئی مٹی میں ملوث ہوگیا ہوگا ایک خادم نے چپکے سے عرض کیا کہ حضرت اسوقت یہاں پر بڑے بڑے دنیادار کفار کا مجمع ہے اور یہ ایسی بات کو تحقیر کی نظر سے دیکھتے ہیں انھوں نے تو پست آواز سے کہا تھا مگر انھوں نے بلند آواز سے فرمایا کہ کیا میں ان احمقوں کی وجہ سے اپنے خلیل اور اپنے محبوب جناب محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے طریقہ کو چھوڑ دونگا۔ کیا ٹھکانا ہے ان حضرات کے ایمان کا ایمان قلب میں رچا ہوا تھا جو بات آجکل ریاضتوں مجاہدوں مراقبوں مکاشفوں سے پیدا کیجاتی ہے وہ ان حضرات کو ویسے ہی حاصل تھی حاصل یہ ہے کہ خدا کی نعمتوں کی قدر کرنا چاہیئے اسراف سے بچنا بھی اسی قدر میں داخل ہے اور اسراف کا سہل علاج یہ ہے کہ جب خرچ کرو سوچ کر خرچ کرو کہ ضرورت ہے یا نہیں موقع اور محل ہے یا نہیں لو یہی مرت اُڑا دو اسکے متعلق تو نص ہے فضول مال اڑانے والوں کی نسبت حق تعالیٰ فرماتے ہیں ولا تبذر تبذیرا ان المبذرین کانوا خوان الشیاطین فضول مال اُڑانے والوں کو شیطان کا بھائی فرمایا اس سے بڑھکر کیا وعید ہوسکتی ہے ایک مقام پر فرماتے ہیں

ان اللہ لا یحب المسرفین۔ غرض جہاں صرف ہو حدود کے اندر ہو

رسالہ المبلغ ص۴ ج ۹

بابتہ ماہ محرم الحرام ۱۳۵۷ھ

Marfat.com

۱۶ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم دوشنبہ

(ملفوظ ۱۱۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ تحریکات حاضرہ کے دور میں عجیب عجیب الزامات اور بہتان میرے سر تھوپے گئے بعض لوگ کہتے تھے کہ ان کو حس نہیں اسلئے خاموش بیٹھے ہیں میں کہتا ہوں کہ بیٹھنے کا سبب بے حسی نہیں بلکہ حس ہی سبب ہے وہ یہ کہ جو تمکو معلوم ہے ہمکو بھی معلوم ہے اور تمسے زائد ہمکو ایک اور بات معلوم ہے جسکی وجہ سے ہم خاموش ہیں وہ یہ کہ بدون قوت کے مقابلہ کرنیمیں ہم فنا ہو جائیں گے مٹ جائیں گے کیونکہ ان تحریکات کی کامیابی کا نتیجہ ظاہراً ہندوؤں کا غلبہ ہے اور ہندو انگریزوں سے زیادہ دشمن ہیں ہر شخص شب و روز اسکا مشاہدہ کرتا ہے دیکھ لیا جائے تمام دفاتر اور محکموں میں مسلمانوں کے ساتھ کیا برتاؤ کیا جا رہا ہے اگر اور واقعات اور مشاہدات کو بھی نظر انداز کیا جائے تو اسکا کسی کے پاس کیا جواب ہے۔

(ملفوظ ۱۱۲) ایک صاحب کی غلطی پر مواخذہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ میرا مقصود مواخذہ یا مکوہ کرید کرنیسے تنگ کرنا نہیں ہوتا مقصود یہ ہوتا ہے کہ جو منتشار ہے اس غلطی کا اس شخص کو اسکا علم ہو جائے تاکہ جہل سے نجات ہو مگر اس نجات کو لوگ چاہتے ہی نہیں اب بتلائیے کہ اصلاح کسطرح ہو اگر غلطی پر آگاہ نہ کیا جائے تو جہل میں مبتلا رہیگا تو آنے سے فائدہ ہی کیا ہوا بس لوگ تو یہ چاہتے ہیں کہ بات گول مول رہے اور معاف ہو جائے اچھا اگر میں نے معاف بھی کر دیا اور گول مول بھی رکھا مگر تمکو کیا نفع ہوا جو مرض ہے وہ تو زائل نہ ہوا اسی لئے اس پیری مریدی کے جھگڑے سے میرا دل کھٹا ہو گیا اسکی بالکل ایسی مثال ہے کہ مریض نے بدپرہیزی کی اور طبیب سے کہا کہ معاف کر دیجئے اس نے کہدیا کہ اچھا معاف ہے نتیجہ کیا ہوا علاج تو مرض کا نہ ہوا مادہ فاسد تو بدستور رہا پھر اس حالت میں طبیب سے تعلق رکھنا ہی بیکار ہے آدمی اپنے گھر بیٹھا رہے کیوں خود پریشان ہو اور کیوں دوسرے کو پریشان کرے مادہ فاسد تو اپریشن ہی سے نکل سکتا ہے کبھی ڈاکٹر نے بھی کہا ہے کہ معاف کر دیجئے ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ حضرت عوام بیچارونکی آپ کیا شکایت کرتے ہیں اہل علم اس بلا میں مبتلا ہیں کہ غلطی کا تدارک نہیں کرتے ایک صاحب کو جو صاحب علم بھی ہیں اور غلطی کے اقراری بھی تھے تحریکات کے زمانہ میں میں نے ایک غلطی پر کہا کہ تم اس کا

Marfat.com

اس طرح تدارک کرو کہ اپنی غلطی کا بذریعہ اشتہار اعلان کرو کہا کہ یہ تو نہیں ہو سکتا میں نے کہا کہ میں ایسے شخص سے کوئی تعلق رکھنا نہیں چاہتا کہ اعتراف کے بعد بھی اظہار حق سے عار کرتا ہو اب دس برس کے بعد وہی صاحب اپنے نفس کو پامال کرنیکے لئے آمادہ ہو گئے اور اعلان کیا میں صاف ہو گیا مجھکو تو یہ ہی دیکھنا مقصود تھا صاحب اس طریق میں پہلا قدم اپنے کو فنا کر دینا ہے اگر یہ بھی حاصل نہ ہوا تو وہ شخص بالکل محروم ہے۔ یہ طریق ایسا نازک ہے کہ بعض اوقات اس میں کسی تشخیص کے بعد بھی سمجھنا مشکل ہوتا ہے میں نے ایک شخص سے کہا تھا کہ تم میں کبر کا مرض ہے صاف انکار کیا کہ مجھمیں کبر ہرگز نہیں بلکہ برا مانا کہ یہ مرض میرے اندر کیسے تشخیص کیا پانچ برس کے بعد خود اقرار کیا کہ آپکی وہ تشخیص میرے متعلق صحیح تھی اب معلوم ہوا کہ میرے اندر کبر کا مرض ہے میں نے کہا کہ بندہ خدا اگر جبھی مان لیتا تو ابتک علاج بھی ہو جاتا پانچ برس کی مدت بہت ہوتی ہے یہ سب ضائع گئی اسی واسطے میں کہا کرتا ہوں کہ اس طریق میں طالب کا فرض تقلید محض ہے یعنی جو مربی کہے اسکو بچوں وچرا مان لے قیل وقال سے اسمیں کام نہیں چلتا اسکا انجام محرومی ہے ایک مثال سے سمجھ لیجئے اگر طبیب کسی شخص سے یہ کہے کہ تیرے اندر دق کے آثار ہیں تو اگر وہ تشخیص غلط بھی ہو تب بھی احتمال ہی کے درجہ میں سہی علاج کر لینے میں کیا حرج ہے اس تقلید کا ایک محل، مثال کے طور پر عرض کرتا ہوں کہ لوگوں کی یہ حالت ہے کہ اگر میں کسی سے یہ کہوں کہ تمام شب جاگو اور بیٹھکر مجکو پنکھا جھلو اس ریاضت کیلئے تیار ہو جائیں گے اور سمجھیں گے کہ اب قطب بنا دیں گے اتنا بڑا کام ہمسے لیا ہے اور اگر یوں کہوں کہ خوب آرام کرو تمام شب سوؤ خوب کھاؤ پیو مگر فلاں گناہ چھوڑ دو اسپر برا مانیں گے اور اتباع نہ کریں گے اور اس کو محض معمولی بات سمجھیں گے یہ حالت ہے عقل اور فہم کی۔

(ملفوظ ۱۱۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ یہاں تو جو کچھ ہے بزرگوں ہی کی جوتیوں کا صدقہ ہے انہیں حضرات کی توجہ اور دعاؤں کی برکت ہے عمل وغیرہ جیسے ہیں وہ مجھکو خود معلوم ہے توجہ کا ایک قصہ عرض کرتا ہوں میں ایکمرتبہ گنگوہ گیا بعض لوگوں کے اصرار سے وعظ ہوا میں حضرت مولانا سے وعظ کو چھپاتا تھا کہ حضرت کی اطلاع میں وعظ کہنا گستاخی ہے یہ وعظ ایک مسجد میں تھا حضرت کو کسی ذریعہ سے اطلاع ہو گئی اسوقت جو شخص آتا فرماتے کہ دیکھو وہاں جاؤ آج حقانی وعظ ہو رہا ہے اسقدر حضرت کو شفقت تھی۔

Marfat.com

(ملفوظ ۱۱۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک انگریز مصنف کا قول ہے کہ کسی اُمتی کو اپنے نبی سے اتنی محبت نہیں جسقدر مسلمانوں کو اپنے رسول سے محبت ہے واقعی بدون محبت کے کچھ نہیں ہوتا بڑی چیز محبت ہے گو ظاہراً ادب اور تعظیم بھی زیادہ نہ ہو مگر محبت ہو اس سے سب کچھ حاصل ہو جاتا ہے وجہ یہ ہے کہ محبت میں محب اپنے محبوب کے خلاف نہیں کر سکتا اور ظاہر ہے کہ اتباع کتنی بڑی چیز ہے آجکل لوگ ادب و تعظیم کو بڑی چیز خیال کرتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت ہی کے تو کرشمے ہیں کہ حضور کی شان میں گستاخی کرنے والوں کو جو قتل کیا ہے وہ محبین ہی نے کیا کسی خشک مولوی صاحب نے نہیں کیا زیادہ جاہلوں ہی نے کیا ہے جنکے دل میں کامل محبت تھی اور دیکھا تو یہی گیا ہے کہ مسلمان اگر فاسق فاجر بھی ہے اُسکے دل میں بھی حضور کی محبت رچی ہوئی ہے ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کوئی شخص تنخواہ دیکر بھی اسدرجہ کا جان نثار نہیں بنا سکتا فرمایا کہ تنخواہ کیا چیز ہے حضور نے تو وہ چیز دی ہے جو دوسرا دے ہی نہیں سکتا آپ ہی کی بدولت ایمان ملا جنت ملی اور حضور کی محبت کی زیادہ وجہ یہ ہے کہ خود حضور ہی کو امت سے بہت زیادہ محبت تھی یہی ترتیب محبت کی شیخ اور طالب میں ہے۔ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ اگر کسی کو شیخ سے محبت ہو وہ ناز نہ کرے کہ یہ ہمارا کمال ہے نہیں بلکہ اول شیخ ہی کو تمسے محبت ہوتی ہے البتہ لون محبت جدا جدا ہے جسکو مولانا رومی نے ایک خاص عنوان سے ظاہر فرمایا ہے ؎

عشق معشوقان نہان ست از دلیر، عشق عاشق بادو صد طبل و نفیر،

ایک بزرگ کا واقعہ ہے کہ اپنے ایک مرید سے دریافت فرمایا کہ ہمیں تمسے محبت ہے یا تمکو ہمسے محبت ہے عرض کیا کہ حضرت مجھکو زیادہ محبت ہے۔ بزرگ خاموش ہو گئے مگر اُسکی طرف سے توجہ ہٹالی ایک خاص گرویدگی تھی اور ہر وقت پاس رہتا تھا اب یہ ہوا کہ آنے کی بھی توفیق نہ رہی پھر اُن بزرگ نے توجہ کی تو وہ آگئے دریافت فرمایا کہ بولو تمکو زیادہ محبت تھی یا ہمکو بہت شرمندہ ہوا سو اگر کسی کی طرف اللہ کا مقبول بندہ متوجہ ہو جائے بڑی نعمت ہی بڑی دولت ہے کیونکہ اُن کو کسی کی خوشامد کرنا نہیں اُسکو کسی کی ضرورت نہیں پھر بھی اگر توجہ کریں تو حق تعالیٰ کا فضل ہی سمجھنا چاہیئے اپنا کمال ہرگز نہ سمجھے۔

رسالہ المبلغ ص۴۰ ج ۹

بابتہ ماہ محرم الحرام سنہ ۱۳۵۷ھ

Marfat.com

۱۷ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم شنبہ

(ملفوظ ۱۱۴) ایک صاحب نے عرض کیا کہ کیا فلاں مولوی صاحب کو لکھدیا جائے اگر آنا چاہیں تو اجازت ہے اور یہ بات میں لکھدوں گا کہ آپکو آنیکی اجازت ہے فرمایا کہ اس سے انکو میری نسبت یہ شبہ ہوگا کہ وہ انکا آنا چاہتا ہوگا حالانکہ میں بالکل خالی الذہن ہوں محبوبہ نہ اسمیں موافقت ہے نہ مخالفت بلکہ میرا مذاق تو یہ ہے کہ جسقدر کم تعلقات ہوں میں ہلکا پھلکا رہتا ہوں معتقدین کی کثرت کوئی امر مطلوب نہیں خود طالبین کا نفع ہے اگر وہ اپنا نفع سمجھیں تعلقات رکھیں مجھے کوئی ضرورت نہیں نہ اسمیں میرا کوئی نفع اس حالت میں تمھارا مشورہ دینا اسکو موہم ہوگا کہ اس نے یعنی میں نے کہا ہوگا پھر ایسی صورت میں مجھکو یہ شبہ رہیگا کہ نہ معلوم انکا تعلق خلوص سے ہوا یا نہیں ہاں یہ ضرور ہے کہ انھوں نے جو اپنی غلطیوں کا اعلان کیا ہے اس اعلان سے مظنون یہی ہے کہ خلوص ہے مگر یقین کا درجہ بھی نہیں اسلئے کہ جب پہلے عدم اعلان لوگوں کے کہنے سے ہوا تھا ممکن ہے اب اعلان کسی کے کہنے سے کر دیا ہو دوسرے مجھے یہ بھی اندازہ نہیں کہ وہ آئندہ بھی خلوص سے تعلق رکھیں گے یا نہیں اسکو تو ان سے گفتگو کرنے والے ہی سمجھ سکتے ہیں میرا تو کسی حالت میں بھی ضرر نہیں آخر دس برس تک انھوں نے اپنی غلطی سے رجوع نہیں کیا میرا کیا ضرر ہوا اب رجوع کرنیکا اعلان شائع کر دیا تو مجھکو کونسا نفع ہوگیا میں نے ابتداء ہی میں جب انھوں نے اعلان سے عذر کیا تھا پوچھا تھا کہ کیا عار اور استکبار اس اعلان سے مانع ہے انھوں نے کہا کہ جی ہاں تو ظاہراً ایسے شخص سے آئندہ کیا توقع ہوسکتی ہے مگر میں باوجود اسکے بھی بدظنی نہیں کرتا ہر زمانہ انسان پر یکساں نہیں ہوتا ممکن ہے کہ اب جو وہ کر رہے ہیں خلوص پر مبنی ہو مگر مجھکو کسی حال میں نہ اس سے بحث کہ وہ تعلق رکھیں نہ اسکا خیال کہ وہ تعلق نہ رکھیں جسمیں وہ اپنا نفع دیکھیں کریں میں بالکل اس معاملہ میں خالی الذہن ہوں نہ مجھکو انتظار نہ مجھکو ضرورت اور آپ کیوں دوسروں کے معاملات میں ٹانگ پھنسانا چاہتے ہیں کوئی کچھ کرے یا نہ کرے آپ اپنے کام میں مشغول رہیں دوسروں کی تو انسان جب فکر کرے جب اپنے سے فراغت کر چکا ہو۔

(ملفوظ ۱۱۵) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ یہ تو میں نہیں کہہ سکتا کہ یہ طریق مجھکو ملہم ہوگیا ہے

Marfat.com

یہ تو بڑا دعویٰ ہے مگر ہاں یہ ضرور ہے کہ اجمالاً تو حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ارشادات سے اور تفصیل اسکی حق تعالیٰ نے محض موہبت سے قلب میں وارد فرمادی ہے اسکو چاہے الہام سے تعبیر کرلیا جائے اختیار ہے خدا کا فضل ہے انعام ہے احسان ہے جو چیز عطاء فرمائی گئی ہے میں اسکی نفی کرکے کیوں کفران نعمت کروں یہ طریق مردہ ہوچکا تھا مفقود ہوچکا تھا حق تعالیٰ نے اس کے احیاء کی توفیق عطا فرمادی یہی وجہ ہے کہ ناواقفی سے لوگوں کو وحشت ہے قدیم طریق سلف کا گم ہوچکا تھا یہاں وہی طریق ہے جو سلف کا تھا مگر اسکے مفقود ہوجانے کی وجہ سے لوگوں کو نیا معلوم ہوتا ہے حالانکہ ہے پرانا۔

(ملفوظ ۱۱۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مجھکو مشائخ طریق میں سے کسی سے بھی بدگمانی نہیں کسی کا کسی درجہ میں بھی وحشت ناک قول ہو یا وحشت ناک فعل ہو مگر الحمد للہ میرے ذہن میں اسکی توجیہ ایسی آجاتی ہے کہ ذرہ برابر بدگمانی میرے قلب میں پیدا نہیں ہوتی۔

۲۴ ۱۷ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم شنبہ

(ملفوظ ۱۱۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ فلاں صوفی صاحب ایک بی بی کے متعلق فرماتے تھے کہ صاحب نسبت ہیں میں نے کہا کہ خدا معلوم ہیں بھی یا نہیں مگر اس شہادت سے اتنا ضرور ثابت ہوا نیک ہیں مولانا شیخ محمد صاحب فرمایا کرتے تھے کہ جسکی نبوت میں اختلاف ہو اسکی ولایت تو یقینی ہے اور جسکے کفر میں اختلاف ہو اسکا فسق یقینی ہے اسی طرح جسکے صاحب نسبت ہونے کا شبہ ہو صلح ہونا یقینی ہے

(ملفوظ ۱۱۸) ایک دیہاتی شخص نے عرض کیا کہ حضرت ایک تعویذ دیدو میرا بھائی مجھسے ناراض ہوکر جدا ہوگیا ہے وہ مجھسے محبت کرنے لگے فرمایا کہ الگ ہوگیا ہے ہوجانے دو تمھارا کیا ضرر ہے آجکل تو ایک جگہ رہنا فساد کی بات ہے الگ ہی الگ رہنا مصلحت ہے اس سے محبت بنی رہتی ہے اور ساتھ رہنے میں محبت جاتی رہتی ہے یہ الگ ہوجانا تو شکایت کرنے کی بات نہیں بلکہ خود الگ کردینا چاہئے تھا پھر اسمیں تعویذ سے کیا کام چلیگا ایسی باتوں کیلئے تعویذ نہیں ہوتا تم اپنا کھاؤ کماؤ وہ اپنا کیوں دوسروں کے غم میں پڑے مسلمان کا تو یہ مذہب ہونا چاہئے ۞

Marfat.com

بہشت آنجا کہ آزارے نباشد — کسے را با کسے کارے نباشد

(ملفوظ ۱۱۹) ایک شخص نے تعویذ کی درخواست کی کہ حضرت جی ایک عورت کو تکلیف ہے تعویذ دیدو یہ کہکر خاموش ہوگیا (اور تکلیف کا نام نہیں لیا) حضرت والا نے فرمایا کہ تو اب بتکر آیا ہے ادھوری بات کہکر خاموش ہوگیا پوری بات کہو جب تک پوری بات نہ کہیگا جواب کیا دیا جائے عرض کیا کہ ادھا اثر ہے فرمایا اسپر تو ہے یا نہیں مگر تو بھی اسی ہی مرض میں مبتلا ہے پہلے ہی پوری بات کیوں نہیں کہی تھی جا اب تو دل ہرا کر دیا پھر تھوڑی دیر میں آکر پوری بات کہنا تعویذ ملجاویگا وہ شخص اُٹھکر چلا گیا۔ فرمایا کہ تعویذ وغیرہ میں زیادہ تر عامل کے خیال کا اثر ہوتا ہے اگر اسکو مکدر کر دیا جائے تو پھر اسمیں اثر نہیں ہوتا ہر فن کے کچھ خاص احکام ہیں فن عملیات کا یہی حکم ہے اسلئے ضرورت ہے کہ عامل کو مکدر نہ کرے اور یہ جو میں کہہ دیتا ہوں کہ پھر آکر پوری بات کہو اسمیں علاوہ اس حکم مذکور کے یہ بھی مصلحت ہے کہ اسکو اپنی غلطی معلوم ہوجائے اور یاد رہے اور آئندہ پھر ایسی حرکت نہ کرے بس یہی وہ باتیں ہیں جنپر مجھکو بدنام کیا جاتا ہے۔

۲۵ (ملفوظ ۱۲۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ جو مجھسے دین کا تعلق رکھنا چاہتا ہے میں اُسکو اپنے طرز پر لانا چاہتا ہوں اور وہ طرز بالکل سیدھا سادا ہے لوگ اُسپر نہیں آنا چاہتے سو میں اسکا کیا علاج کروں۔

(ملفوظ ۱۲۱) ایک سائل نے آکر کچھ خرچ کا سوال کیا فرمایا کہ اگر آنہ دو آنہ لینا منظور ہو تو میں خدمت کر سکتا ہوں اس سے زائد کا خیال ہو تو میں اُس سے معذور ہوں عرض کیا کہ اور حاضرین سے امداد کرا دیجئے فرمایا کہ یہ میرے معمول کے خلاف ہے اول تو میرے پاس بیٹھنے والے اکثر مسافر ہیں کسی کو کیا خبر کہ انمیں مالی حالت کے اعتبار سے کون کس حالت میں ہے اور اگر خبر بھی ہو تب بھی یہ طریق نہایت ناپسندیدہ ہے نہ معلوم کوئی دل سے دینا چاہتا ہے یا نہیں اب اگر کہا گیا تو دو حال سے خالی نہیں یا تو دیگا یا نہیں دیگا اگر دیا تو جبر کی صورت ہے نہ دیا تو رسوائی سی معلوم ہوتی ہے ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ ان مسافر سائلوں کی بھی کچھ خطا نہیں مشائخ ایسا کر گئے ہیں کہ خود تو کچھ دیتے نہیں اور دین بھی کہاں سے اپنے ہی لینے سے فرصت نہیں ہر وقت اپنے کی فکر میں رہتے ہیں ہاں اپنے متعلقین سے فرمائش کر دیتے ہیں کہ انکی خدمت کرو یہاں معاملہ اسکے عکس ہے میں خود تو خدمت کر دیتا ہوں مگر اہل تعلق سے کبھی فرمائش نہیں کرتا پھر یہ کہ سائل تو روزانہ ہی آتے رہتے ہیں اگر روزانہ ایسی فرمائشیں

Marfat.com

کیجاویں تو اسکا انجام یہ ہوگا کہ وہ لوگ تنگ ہونگے بعض مشائخ کی شکایت خود ان کے مریدین نے مجھکو لکھی کہ روزانہ فرمائشیں کرتے ہیں ہم تنگ آگئے کیا کرنا چاہیئے پھر اُس سائل کی طرف متوجہ ہوکر فرمایا کہ جو میں کہہ چکا ہوں اگر وہ قبول اور منظور ہو تو میں پیش کروں اسپر وہ سائل خاموش رہا فرمایا کہ مجھکو فرصت یہ ہی ایک کام نہیں اور بھی کام ہیں ہاں نہ کا جواب دو تاکہ میں اپنے کام میں لگوں عرض کیا کہ آپ کو اختیار ہے فرمایا کہ صاف بات اب بھی نہیں کہی مجھپر ہی بوجھ رکھدیا خدا معلوم یہ مرض کمبخت کہاں سے لوگوں کو چمٹ گیا ہے بدون اینچ پینچ کے بات ہی نہیں کرتے فرمایا کہ اختیار ہے بیٹھے رہو جب تک صاف بات نہ کہوگے ادہر سے بھی اب کوئی بات نہ ہوگی عرض کیا کہ مجھے منظور ہے فرمایا کہ اتنا دق کرکے کہا پہلے کیا کسی نے جھینک دیا تھا حضرت والا نے چار آنہ پیسہ دئے وہ سائل لیکر چلدیا اسپر فرمایا کہ اب خوش ہوگا کیونکہ دو آنہ سے زیادہ کی توقع نہ تھی اب ملے چار آنے اسمیں یہ ہی مصلحت ہوتی ہے کہ زائد از امید پر زیادہ مسرت ہوتی ہے اگر پہلے ہی چار آنہ کہتا تو چار آنہ پر بھی خوش نہ ہوتا اب خوش گیا۔ ایک شخص ہیں جو میرے دوست ہیں اُنپر قرض ہوگیا تھا تقریباً ڈہائی ہزار روپیہ انھوں نے مجھسے کسی کو سفارش لکھنے کو کہا میں نے کہا کہ خطاب خاص تو میرے معمول اور مسلک کے خلاف ہے اگر تم کہو تو خطاب عام کی صورت میں کچھ لکھدوں انھوں نے اسکو منظور کرلیا میں نے ایک عام خطاب کی صورت میں لکھدیا وہ یہاں سے اول میرٹھ پہونچے اور ایک رئیس سے ملے اُنھوں نے رقم کی مقدار کو دیکھکر کہا کہ میاں اتنی بڑی رقم کہیں اس طرح پر ادا ہوسکتی ہے اور کون اتنی بڑی رقم دیسکتا ہے انکو اُسوقت ایک طیش آیا اور قسم کھاکر یہ کہا کہ اب میں کبھی جب تک ایک ہی آدمی ساری رقم نہ دے گا کسی سے کچھ نہ لونگا یہ کہکر اٹھکر چلدئے پھر اُن رئیس نے انکو کچھ دینا بھی چاہا مگر انھوں نے نہیں لیا اور وہاں سے دہلی پہونچے ایک صاحب خیر سے ملے اسکے متعلق کچھ گفتگو ہو رہی تھی اُن کے یہاں ایک بمبئی کے سیٹھ مہمان تھے اُن کے کانوں میں کچھ الفاظ پہونچگئے ان سیٹھ نے دریافت کیا کہ کیا معاملہ ہے میزبان نے کہا کہ یہ صورت ہے اور فلاں شخص کی تصدیق ہے اُس سیٹھ نے ڈہائی ہزار کے نوٹ نکالکر ان کے حوالے کئے یہ بھی معلوم ہوا کہ وہ سیٹھ اپنے بزرگوں کے مسلک اور مشرب کے بھی نہ تھے وہ دوستانہ تیسرے چوتھے ہی روز یہاں تیر آگئے میں سمجھا کہ ناکامیاب آئے مگر انھوں نے کہا کہ میں کامیاب آیا میں اُن کے اس کہنے کو

Marfat.com

بھی غلط ہی سمجھتا رہا پھر انھوں نے بالتفصیل واقعہ سنایا تب یقین ہوا دیکھئے خدا تعالیٰ نے کسی طرح بے گمان ساماں کر دیا جب انکی یہ رحمت ہے تو پھر خدا ہی سے مانگنا چاہئے جو مانگنے پر خوش ہوتے ہیں اور دیتے ہیں اور نہ مانگنے پر ناراض ہوتے ہیں جو شخص ایسے کریم کو چھوڑ کر لئیم کی خوشامد کرے اُس سے زیادہ بیوقوف کون ہوگا۔ اسی سلسلہ میں فرمایا کہ مولانا رحمۃ اللہ صاحب مہاجر مکی میں توکل اور زہد کی شان بہت بڑی ہوئی تھی سلطان عبدالحمید خانصاحب نے خود بلایا تنخواہ مقرر کرنا چاہی انکار کر دیا مدرسہ کیلئے کچھ مقرر کرنا چاہا صاف انکار کر دیا مولوی صاحب مجھسے خود فرماتے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں اسقدر قوت دی ہے کہ اگر ہفت اقلیم کے بادشاہ جمع ہو کر مجھسے خشونت کی ساتھ گفتگو کریں تب بھی میرے دلپر رائی کے دانہ کی برابر بھی اثر نہ ہوگا حالانکہ محض ظاہری عالم تھے مگر قلب میں اسقدر قوت تھی کہ کسی کا اثر نہ پڑتا تھا یہ سب خداداد عطائیں ہوتی ہیں۔

۱۸ محرم الحرام سنہ ۱۳۵۱ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم چہارشنبہ

۱۲۲ (ملفوظ ملقب بہ ادب[ع] المعذور) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مشائخ کے کلام میں جو کہیں دلیل صحیح کے ساتھ تعارض ہوتا ہے اُسکی توجیہ میں بڑی مشکل پڑتی ہے آجکل ایک رسالہ شروع کر رکھا ہے وہ رسالہ مشائخ چشتیہ کے نصرت میں لکھ رہا ہوں یہ حضرات بہت بدنام ہیں کہ انکے افعال سنت کے خلاف ہیں نام بھی اُس رسالہ کا میں نے تجویز کر دیا ہے السنۃ الجلیہ فی الچشتیہ العلیہ یہ محض شاعری ہی نہیں بلکہ حقیقت بھی ہے اسلئے کہ چشتیہ کے یہاں سنت کا بہت زیادہ اہتمام ہے اور اصل مذہب ان حضرات کا سنت ہی ہے مگر بعض جگہ غلبہ کی حالت کی وجہ سے معذور ہیں آخر جب کوئی مضطر ہو تو کیا کرے باقی اصل مذہب ان حضرات کا کتاب وسنت ہی ہے مگر عذر میں کیا الزام ہے معترضین انکو خواہ مخواہ بدنام کرتے ہیں۔ البتہ ایک بات ظاہراً کھٹکتی ہے کہ ان کے جو اشغال ہیں اُن کو بعض مصنفین صوفیہ نے کتاب وسنت کی طرف مستند کر دیا ہے حالانکہ یہ ایک طب ہے جو تدبیر کا درجہ ہے جیسے مسہل ہے اسمیں اطباء مریض سے کہتے ہیں کہ دوسری طرف مشغول نہ ہونا چلنا پھرنا نہیں بولنا نہیں

ع بدو معنی کہ خود معذور چہ ادب ست + و بر دیگراں برائے معذور چہ ادب ست ۱۲

Marfat.com

دیکھئے یہ بھی خلوت ہے یہ بھی یکسوئی ہے اسی طرح ریاضات تصوف کا بھی ایک فن ہے جسکا درجہ محض تدابیر کا ہے اسکو کتاب وسنت کی طرف مستند کر دینا بیشک کھٹکتا ہے ان مصنفین سے غلطی یہ ہوئی ہے کہ اسکو مقاصد میں سے سمجھ لیا اگر مقاصد میں داخل نہ کرتے تو لوگوں کو دلائل کی ضرورت نہ ہوتی بلکہ یہ ہی سمجھتے کہ یہ تدابیر ہیں دلائل کی تلاش مقاصد سمجھنے کی بنا پر ہوئی ورنہ بعد تحقیق کوئی اشکال نہیں تو بعض مصنفین کے اس فعل کو دیکھکر تمام سلسلہ پر اعتراض کرنا نہایت بے انصافی ہے اسی واسطے مجھکو بعض نقشبندیوں کی شکایت سے جو بیحد غلو کرتے ہیں چشتیوں پر اعتراض کرتے ہیں اور اعتراض بھی حد سے گذرے ہوئے جن کے نہ اصول ہیں نہ حدود بڑا ہی افسوس ہے آخر کیوں دوسروں کو اسقدر حقیر سمجھتے ہیں اُن کے تمام طریق پر الزام رکھتے ہیں کیا یہ کوئی تحقیق کی شان ہے یہ تو اچھا ناصہ عناد ہے ورنہ جیسے چشتیہ بیچارے کسی کو کچھ نہیں کہتے اور نہ کسی سے تعرض کرتے ہیں دوسروں کو بھی چاہئے کہ ان کے پیچھے نہ پڑیں یہ ہی چیز مجھکو داعی ہوئی رسالہ لکھنے کیلئے میں تو انشاء اللہ تعالیٰ اہل حق کی نصرت ہی کروں گا گو اسمیں مجھکو تعب زیادہ ہو رہا ہے میں نے خود رسالہ میں چشتیہ کے مشرب کی حقیقت لکھی ہے کہ انکی مشرب کی حقیقت حنفیہ کے مذہب جیسی ہے کہ سب ظاہر میں زیادہ کتاب وسنت کے مطابق اُن کے افعال اور اقوال ہیں مگر سب میں زیادہ ہی بدنام ہیں کہ یہ سنت کے خلاف ہیں اسی طرح چشتیہ بدنام ہیں کہ ان کے یہاں خلاف سنت کی تعلیم ہے یہ اعتراض کرنا حقیقت سے بے خبری ہے باقی اضطراری حالت میں اگر کبھی لغزش ہوئی ہے اسپر تنبیہ ہونے کے بعد نادم ہوئے اور توبہ کی اور اسمیں انکا وہی طریقہ رہا جیسا ایک شیخ سے منقول ہے کہ انکے مریدوں نے کہا کہ حضرت آپ خاص حالت میں یہ کلمہ غیر مشروعہ کہتے تھے فرمایا کہ اگر ایکے کہوں تو مجھکو قتل کر دینا مریدین رسما شیخ کے استقبال کو گئے شیخ کے استقبال کو گئے شیخ پر بھر غلبہ ہوا اور وہی کلمہ کہنا شروع کیا مریدوں نے خنجروں سے اُن پر حملہ کیا مگر جو شخص جس جگہ شیخ کے مارنا چاہتا تھا خود اُس نے اسی جگہ چھری لگتی تھی اس طرح سے تمام مجلس زخمی ہو گئی جب شیخ کو ہوش آیا تو مریدین نے عرض کیا کہ واہ حضرت اچھی تدبیر بتلائی اور تمام قصہ سنایا۔ فرمایا بس تو معلوم ہم میں نہیں کہتا تھا ورنہ میں سزا کا مستحق ہوتا اس سے استدلال کیا اپنی معذور ہونے پر بہر حال شریعت کا مقابلہ نہیں کیا سزا کے لئے تیار ہو گئے یہ تو قدما کی حکایت ہے باقی اسی زمانہ کا واقعہ عرض کرتا ہوں۔ تاموں صاحب میں ایک

رسالہ المبلغ ص ۲۰ ج ۹

بابتہ ماہ محرم الحرام سنہ ۱۳۵۰ھ

Marfat.com

خاص شورش تھی بعض طریقے ان کے ہمارے بزرگوں کے مسلک کے خلاف تھے میں نے انکو خیر خواہی وہمدردی سے ایک خط لکھا اور آخر میں لکھا کہ میں آپ کے لئے دعا کرتا ہوں کہ حق تعالیٰ آپ کو طریقہ سنت پر قایم فرمائیں جواب لکھا کہ بیٹا تم جوان صالح ہو مقبول الدعا رہو میرے لئے ایسی دعا نہ کرنا میری تو ساری عمر کا ذخیرہ یہی ہاتھ سے نکلا جاتا ہے میں تو یہ دعا کرتا ہوں کہ میں جس چیز میں ہوں یہی ختم ہو جاؤں تمہارا طریق تمکو مبارک ہو اور میرا طریق مجھکو مبارک ہو غرض میری ساتھ ردوقدح نہیں کیا دیکھئے یہ تو حالت اختلاف کی اور اسپر یہ جواب۔

(ملفوظ ۱۲۳) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ سب کچھ سہی مگر یہ شورش اور غلبہ کی حالت کمال نہیں کمال وہی ہے جو حضرات انبیاء علیہم السلام کی حالت تھی کہ قلب میں بلکہ رگ رگ میں تو آگ بھری ہوئی ہے اور ظاہر اسکون ہے اسی طرح قصہ میں ایک آگ ہے جو سامنے پڑتا ہے وہ بھی جلنے لگتا ہے ان کی یہ شان ہے ؎

عشق آں شعلہ است کو چوں برفروخت ہر چہ جز معشوق باقی جملہ سوخت

تو ایسے جلے بھنوں کے پیچھے پڑنے سے کیا فائدہ بات یہ ہے کہ یہ بیچارے بولتے نہیں کسی سے اسلئے ان ہی پر سبکی مشق ہوتی ہے۔

۱۸ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم چہارشنبہ

(ملفوظ ۱۲۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل کے کامل ایسے ہیں کہ باوجود ناقص ہونے کے اپنے نقص پر پردہ ڈالتے ہیں گو اخیر میں انہی کے اقوال و افعال سے نقص ظاہر ہوتا ہے جیسے ایک شخص سے کسی نے کہا کہ خط لکھدو کہا کہ میری آنکھ میں درد ہے اس نے کہا کہ لکھنے کی آنکھ سے کیا تعلق کہا کہ میرا لکھا ہوا میں ہی پڑھ سکتا ہوں دوسرا نہیں پڑھ سکتا مگر یہ نہیں کہا کہ مجھکو لکھنا نہیں آتا گو اخیر میں ظاہر ہو گیا اس بدخطی پر ایک قصہ یاد آیا کہ ایک عالم متقدمین سے ہیں بہت بڑے شخص ہیں انکا قلم نہایت بدخط تھا ایک روز بازار گئے تو اپنے سے بھی بڑے خط کی ایک کتاب نظر پڑی اسکو گراں قیمت پر خرید لائے تعین کے جواب کے واسطے کہ لوگوں کو دکھاؤں گا کہ مجھ سے بھی زیادہ بدخط تو

بابتہ ماہ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

Marfat.com

ہوسے ہیں مگر گھر پہونچکر معلوم ہوا کہ وہ بھی میرا ہی ابتدار کا خط ہے مگر سادگی دیکھئے کہ خود ہی اپنے اس قسم کے کچے چٹھے کھول رہے ہیں۔ آج کل کے مدعیوں کی طرح اپنے نقص کو چھپایا نہیں۔

(ملفوظ ۱۲۵) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت یورپ میں بوجہ دہریت کے خودکشی کا بازار گرم ہے اسلئے کہ جب اسباب کے اعتبار سے کسی کام سے مایوس ہوتے ہیں تو بوجہ مسبب کے قابل نہ ہونے کے آگے تو کوئی چیز دل کی تھامنے والی ہے ہی نہیں فرمایا کہ حقیقت میں بدون دین کے راحت نہیں حتی کہ راحت کے سامان میں بھی راحت نہیں یہی خودکشی کرنے والے چونکہ آخرت کے قائل نہیں اس لئے کچھ خبر نہیں کہ خودکشی کا نتیجہ کیا ہوگا اگر دین ہوتا تو مصیبت میں بھی دیکھتے کہ شریعت میں ہر چھوٹی سے چھوٹی مصیبت پر اجر کا وعدہ ہے تو پریشان نہ ہوتے ایسی مثال ہوتی کہ اگر کسی کا ایک روپیہ کھویا جائے اور ایک شخص کہے کہ گھبراؤ مت ایک گنی دونگا تو اسوقت کچھ عجب نہیں کہ اس کھوئے جانیکو غنیمت سمجھے بلکہ یہ تمنا کرے کہ ہر روز کھویا جایا کرے کہ کوئی بلا کرے ایک رئیس تھے میرٹھ میں اپنے نوکر کے ایک چپت مار دیا مگر تھے رحم دل اسلئے اسکے بعد اسکو ایک روپیہ دیا پھر پوچھا کہ کیا حال ہے کہا کہ حضور کی جان و مال کو دعا کر رہا ہوں اور یہ چاہتا ہوں کہ ایک چپت ہر روز مار دیا کریں تو تیس روپیہ مہینہ میں ملجایا کریں۔ غرض جب تکلیف کا عوض ملتا ہے تو اسکی تمنا ہوتی ہے اسی طرح دیندار آدمی آخرت کے عوض کے اعتقاد سے مصیبت کو بھی خیر سمجھتا ہے۔

(ملفوظ ۱۲۶) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ زہد یہ نہیں کہ حلال کو عملاً حرام کرلو مثلاً خربوزہ حلال ہے مگر زہد کے سبب نہ کھاتا ہو یہ زہد نہیں بلکہ زہد یہ ہے کہ جو چیز اپنے ہاتھ میں ہو اسپر اتنا بھروسہ نہ ہو جتنا بھروسہ اسپر ہو جو خدا کے ہاتھ میں ہے یہ حقیقت ہے زہد کی اور یہ مضمون حدیث مرفوع کا ہے جسکو ترمذی نے روایت کیا ہے۔

۱۹ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ
مجلس بعد نماز ظہر یوم پنجشنبہ

(ملفوظ ۱۲۷) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت کیا لڑکے کے بالغ ہونے کے بعد بھی ختنہ کرانا چاہیے یا نہیں فرمایا کہ اگر وہ برداشت کر سکے یعنی گھبرائے نہیں تڑپے نہیں تو ختنہ کرانا چاہیے۔

Marfat.com

عرض کیا کہ اُس لڑکے پر تو نہ کرانے میں گناہ نہیں فرمایا اگر برداشت کرسکتا ہے اور نہیں کرتا تو گناہ ہوگا ورنہ گناہ نہیں۔

(ملفوظ ۱۲۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں نے حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک ملفوظ دیکھا ہے جو عطر ہے تمام طریق کا میں اسکو اسلئے بیان کرتا ہوں کہ اُس میں بہت کام لیں وہ فرماتے ہیں کہ آدمی تین چیزیں اختیار کرلے بس کافی ہیں ایک خوف دوسری رجا تیسری محبت یہ سب سنت کا رنگ ہے خوف سے تو یہ ہوگا کہ گناہ نہ ہونگے اور رجا سے یہ ہوگا کہ طاعت کی رغبت ہوگی اور محبت سے یہ ہوگا کہ تکلیف برداشت کریگا جو امور غیر اختیاریہ ہیں جیسے حوادث ومصائب وہ تو محبت کی وجہ سے برداشت کریگا اور جو امور اختیاریہ ہیں جیسے طاعات یا معصیت اُن میں خوف اور رجا سے کام ہوجائیگا اگر آدمی کچھ بھی نہ کرے یہ تین باتیں اختیار کرلے بس کافی ہیں خواجہ صاحب نے کیا اچھی بات فرمائی آخر بڑے ہیں کسی وجہ سے تو بڑے ہیں۔ بس یہی باتیں ہیں بڑے ہونے کی میرا اس ملفوظ سے آج بڑا ہی جی خوش ہوا کیونکہ ایک ضرورت ہے گناہ سے بچنے کی اُسکے لئے خوف ہے ایک ضرورت ہے طاعات کی اُسکے لئے رجا ہے اور ایک ضرورت ہے معصیت اور تکلیف کے وقت ثابت قدم رہنے کی اُسکے لئے محبت ہے مجھے تو یہ ملفوظ دیکھکر یہ معلوم ہوا کہ جیسے بڑی دولت نصیب ہوگئی۔

(ملفوظ ۱۲۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ چشتیوں میں ایک خاص رنگ ہے تعلق مع اللہ اور قطع تعلق عن غیر اللہ میں اس رنگ کے غلبہ میں اُنکو دوسروں پر تو ترجیح دیتا ہوں

(ملفوظ ۱۳۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اگر صحیح طریقہ سے کام کرنا چاہیں افراط تفریط نکریں تو میں سچ عرض کرتا ہوں کہ دین میں بہت آسانی ہے اب تو جو اڈا الکر بالکل الگ ہوگئے یہ چاہتے ہیں کہ کچھ بھی نہ کرنا پڑے خود بخود سب کام ہوجائیں دنیا کی چھوٹی سے چھوٹی چیز تو بدوں مشقت کے حاصل ہوتی نہیں دین کیسے حاصل ہوجائے آدمی کچھ تو کرے کچھ نہ کچھ تو ہی رہتا ہے۔

(ملفوظ ۱۳۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل بدل کا نام ونشان نہیں رہا اسکو تو دین کی فہرست سے خارج ہی سمجھ رکھا ہے الحمد للہ میں ہمیشہ اسکا خیال رکھتا ہوں بھائی مرحوم کے یہاں حاجی عبد الرحیم ملازم تھے بڑے گھر میں سے مجھسے اُنکی کچھ شکایت کی میں نے اُن کو بلا کر دیکھا اُنھوں نے نقی کی

Marfat.com

گھر میں سے کہا کہ شرعی ثبوت لاؤ وہ تو انکار کرتے ہیں وہ ثبوت پیش نہیں کر سکیں تب میں نے کہا کہ بدون ثبوت شرعی کے کسی پر الزام نہیں لگانا چاہیے انھوں نے توبہ کی ایسے موقع پر بڑی مشکل ہوتی ہے جہاں دونوں طرف تعلق ہو مگر شریعت کے اصول پر عمل کرنے کی صورت میں کچھ بھی مشکل یا دشواری نہیں ہوتی اور گو دو شخصوں سے جو تعلق ہوتا ہے آپس میں فرق ضرور ہوتا ہے مگر عدل کے وقت دونوں میں مساوات ہونا چاہیئے میں نے خاص یہ صفت یعنی شکایت سے متاثر نہ ہونا دو بزرگوں میں ایک خاص شان کی دیکھی ہے یوں تو سب ہی بزرگوں میں اچھی صفات ہوتی ہیں مگر پھر بھی تفاوت ضرور ہوتا ہے ایک حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ میں اور ایک حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ میں سو حضرت مولانا تو شکایت سنتے ہی نہ تھے فرما دیتے کہ میں سننا نہیں چاہتا اور حضرت حاجی صاحب سنکر فرما دیتے کہ سب جھوٹ ہے وہ شخص ایسا نہیں حضرت حاجی صاحب کی اس عادت کی دلیل قرآن میں ہے وہ یہ کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر منافقین نے تہمت لگائی حق تعالیٰ اس باب میں فرماتے ہیں لولا

۳۲ جاؤا علیہ باربعۃ شہداء فاذ لم یاتوا بالشہداء فاولئک عند اللہ ہم الکاذبون اور عند اللہ سے مراد ہے فی دین اللہ فی قانون اللہ آگے ارشاد ہے ولولا اذ سمعتموہ قلتم ما یکون لنا ان نتکلم بہذا سبحانک ہذا بہتان عظیم۔ اس سے صاف معلوم ہوا کہ حسن ظن کیلئے دلیل کی ضرورت نہیں سوء ظن کی دلیل کا نہ ہونا یہی کافی دلیل ہے حسن ظن کی پس حضرت حاجی صاحب پر یہ شبہ نہیں ہو سکتا کہ بلا دلیل شاکی کو کیسے کاذب فرما دیا البتہ باوجود غلط سمجھنے کے اگر کسی دوسری بنا پر عمل کیا جاوے تو دوسری بات ہے جیسا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے سعد بن ابی وقاص کے متعلق شکایت کو جھوٹ سمجھا مگر انتظامی مصلحت کی بنا پر انکو معزول کر دیا۔

(ملفوظ ۱۳۲) ایک نووارد ناشناسا صاحب آئے انھوں نے حضرت والا کی خدمت میں کھجوریں پیش کر کے عرض کیا کہ یہ مدینہ طیبہ کی ہیں حضرت والا نے فرمایا کہ ایک کھجور لے سکتا ہوں بالکل نہ لینے کو مدینہ کی بے ادبی سمجھتا ہوں آپنے ہدیہ دینے میں غلطی کی جس سے بے کلفتی نہ ہوئی اس سے ہدیہ لیا نہیں کرتا آپکو دینا نہ چاہیے تھا اب مجکو دونوں پہلوؤں کے جمع کرنے میں تنگی ہوئی پھر فرمایا کہ

Marfat.com

بعض مرتبہ آدمی دوپاٹ کے بیچ میں آجاتا ہے اسی پر بعض نے گھبرا کر کہدیا ؎

درمیان قعر دریا تختہ بندم کردۂ باز می گوئی کہ دامن تر مکن ہشیار باش

مگر ایسے موقع پر وہ شخص نہیں گھبرائیگا جو جامع بین الاضداد ہوگا بحمداللہ کوئی ایسا موقع پیش نہیں آتا جسپر مجکو گھبراہٹ ہوا سکے قبل بھی ایسا ہی) واقعہ پیش آیا کہ ایک صاحب جو میرے مخالف تھے وہ مدینہ طیبہ کی کھجوریں لائے اور بطور ہدیہ مجھکو دیں میں نے ایک کھجور لیلی اور مزاحاً کہدیا کہ ایک مدینہ کی ہے اور سب تمھاری ہیں غرض جامع بین الاضداد ہونیکی ضرورت ہے پھر کچھ دشواری پیش نہیں آتی۔

(ملفوظ ۱۳۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ الحمدللہ میرے ذہن میں کبھی یہ بات نہیں آئی کہ لوگوں کو اپنی ساتھ مربوط رکھا جائے جو اپنا طرز ہے کھلم کھلا ہے اب کیا اپنا طرز بدلیں گے اور طبعی بات کیسے بدل سکتی ہے اپنا تو یہ مشرب اور مسلک ہے ؎

ہر کہ خواہد گو بیاؤ ہر کہ خواہد گو برو دار و گیر و حاجب و دربان درین درگاہ نیست

۳۳ اور حضرت یہ مربوط رکھنا تو ایک مستقل شغل ہے کہ وہ چلا نہ جاوے وہ ناراض نہ ہو جاوے استغفراللہ پھر فطریات کے نہ بدل سکنے کے سلسلہ میں فرمایا کہ اگر کوئی فطری بات ہے تو اسکے بدلنے کی کوشش کرنا بے ادبی ہے گویا دوسری عبارت میں قدرت کا مقابلہ ہے اور قدرتی طور پر آئیں حکمتیں بھی ہیں جیسے بخل ہے طمع ہے تو ان میں جہانتک فطری درجہ ہے وہ مصالح کے سبب خود مطلوب ہے چنانچہ بدون اس فطری درجہ کے بعض ضروری انتظام نہیں ہو سکتا اسلئے ایسے درجہ کی ضرورت ہے تاکہ انتظام کر سکے البتہ جو درجہ فطرت سے زائد کسی عارض کے سبب پیدا ہو گیا ہے اسکے تبدیل بدرجۂ تعدیل کی ضرورت ہے اور اسی تفصیل کے نہ جاننے سے بعض لوگوں کو دھوکا ہو گیا ہے کہ تہذیب اخلاق کی کوشش کرنا بیکار ہے کیونکہ اخلاق فطری ہیں مگر محققین نے وہی جو ابھی بیان کیا ہے جو میں نے ابھی عرض کیا ہے جو درجہ فطری ہے وہ اعتدال کے خلاف نہیں ہے اسمیں حکمتیں ہیں کہ وہ بعض مقاصد کا معین ہے میرا بڑا جی خوش ہوا جس روز یہ بات سمجھ میں آئی۔

(ملفوظ ۱۳۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اللہ کا شکر ہے مجھکو احباب سے بیحد محبت ہے مگر جب کوئی اصول کے خلاف کرتا ہے تو یکدم قلب اس سے خالی ہو جاتا ہے۔ یہ بھی ایک بہت بڑی نعمت ہے

Marfat.com

خدا کی آنکھیں بھی میرا کوئی کمال نہیں حق تعالیٰ ہی سب انتظام فرمادیتے ہیں۔

(ملفوظ ۱۳۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ عشاق کے حالات پڑھ لیا کرے ان کے پاس بیٹھ لیا کرے اس سے ہی بہت کچھ ہو رہتا ہے بالخصوص حضرات چشتیہ سے تعلق رکھنے سے ایک خاص دولت ملتی ہے یعنی فنا کیونکہ ان کے یہاں یہی خاص چیز ہے کہ اپنے کو مٹا دو فنا کر دو بعض حضرات کے یہاں بقا مقصود ہے فنا تابع اور حضرات چشتیہ کے یہاں فنا اصل ہے بقا تابع۔ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ پر فنا کی ایک خاص شان غالب تھی چنانچہ حضرت سے کوئی عرض کرتا کہ حضرت کی وجہ سے یہ نفع ہوا وہ نفع ہوا فرماتے میاں میں نے کچھ نہیں کیا تمہارے اندر دولت تھی میرے پاس آکر میری تعلیم پر عمل کرنے سے اُسکا ظہور ہو گیا یہ شان فنا کی تھی اور یہ بھی فرماتے کہ تم یہ مت سمجھنا یہ صلاحیت طالب کی تھی۔ قاری محمد علیہ صاحب جلال آبادی کہتے تھے یہ مولانا شیخ محمد صاحب کے مرید تھے کہ مولانا مظفر حسین صاحب کاندھلوی حضرت حاجی صاحبؒ کے متعلق فرماتے تھے کہ حاجی صاحب بزرگان سلف میں سے ہیں اسوقت کے بزرگوں میں سے نہیں واقعی حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی یہی شان تھی۔

۲۰ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس بعد نماز جمعہ

(ملفوظ ۱۳۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مولانا احمد علیہ صاحب سہارنپوری ہمارے اساتذہ میں سے ہیں اُن سے کسی نے یہ اعتراض کیا کہ مولانا شہید صاحبؒ نے لکھا ہے کہ خدا اگر چاہے تو محمدؐ جیسے سیکڑوں بنا ڈالے اور محاورہ میں بنا ڈالنا تحقیر کیلئے اور تحقیر حضور کی کفر ہے مولانا احمد علیہ صاحب نے فرمایا کہ تحقیر فعل کی ہے یعنی بنانا مشکل نہیں مفعول کی نہیں تو حضور کی تحقیر نہیں وہ کور مغز کیا سمجھتا اس جواب کو اور کیا قدر کرتا کہنے لگا کہ آپ لوگ باتیں بناتے ہیں تحقیر صاف ہوئی یہ حضرات بڑے متین ہوتے ہیں مولانا خاموش ہو گئے ایک مرتبہ اتفاق سے وہی صاحب مولانا سے کہنے لگے کہ حضرت فلاں فلاں کتاب آپنے چھاپی اگر بیضاوی چھپوا ڈالتے تو اچھا ہوتا مولانا نے فرمایا کہ جناب یہ ڈالنا وہی ہے جس سے مولانا شہید صاحب پر فتویٰ دیا گیا تھا اس سے تحقیر ہوئی بیضاوی کی

Marfat.com

اور بیضاوی مشتمل ہے قرآن پر اور کل کی تحقیر مستلزم ہے جز کی تحقیر کو اور قرآن کی تحقیر کفر ہے
اب بتلایئے کیا جواب ہے اب وہ صاحب کہتے ہیں کہ حقیقت میں میرا مقصود فعل ہی کی تحقیر
تھی مفعول کی نہ تھی نہایت عجیب جواب ہے تحقیقاً نہ جواب ہے حکیماً نہ جواب ہے اسمیں مناظرانہ
طرز نہیں اور یہ طرز بہت مفید ہوتا ہے۔

(ملفوظ ۱۳۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اہل باطل ہر وقت اہل حق کی فکر میں لگے رہتے ہیں
چھیڑ چھاڑ کرنا تو اسکا ایک ادنی مشغلہ ہے ایک شخص اپنا واقعہ بیان کرتے تھے کہ میرے ایک
دوست تھے وہ قادیانی ہو گئے تھے مجھے چھیڑا کرتے تھے میں نے کہا کہ بھائی قیل وقال سے کیا
بس مختصر فیصلہ یہ ہے میں تمہارے ساتھ مرزا کے پاس چلتا ہوں اگر مجھپر اثر ہو گیا میں قادیانی ہو جاؤنگا
اور اگر نہ ہوا تو تم قادیانیت سے توبہ کر لینا یہ طے ہو گیا دونوں وہاں گئے اول جاتے ہی وہاں منشی نے
اس مرید صاحب سے پوچھا کہ تمہارا کیا نمبر ہے نمبر بتلایا تو رجسٹر دیکھکر چندہ کا تقاضا کیا اس کے بعد
مرزا سے ملے مرید صاحب نے مرزا سے تمام واقعہ باہمی معاہدہ کا ذکر کیا مرزا نے ان پر اثر ڈالنے کیلئے
بہت زور لگایا ان پر کوئی اثر نہ ہوا اللہ نے ایمان کو سلامت رکھا اور واپس آکر اُن صاحب نے
بھی توبہ کر لی یہ ایک معمولی خوش عقیدہ کے تعلق کا اثر تھا اور بزرگوں کے تعلق میں تو اور زیادہ
برکت ہوتی ہے چنانچہ ایک اور صاحب بیان کرتے تھے کہ ایک عیسائی مجھکو اپنی طرف مائل
کرتا تھا ایک روز مجھسے کہنے لگا کہ تمہارا کسی عالم یا بزرگ سے تعلق ہے کہتے تھے کہ میں نے حضرت
مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ کا نام لیا کہ اُن سے تعلق ہے فوراً اٹھکر چلدیا پھر کبھی نہیں آیا واقعی یہ حضرات
سپر اور ڈھال ہوتے ہیں ان حضرات سے صرف تعلق رکھنا بھی ایک قوی سبب فلاح اور
بہبود کا دیکھئے مولانا کا نام سنکر اسکی طمع قطع ہو گئی بعض اسیا ہیں اس برکت قطع طمع کے
..... محض معمولی امور بھی بجاتے ہیں چنانچہ میں نے اچولی کے وعظ میں کہا تھا اس وعظ
کا نام محاسن الاسلام ہے کہ گائے کا گوشت کھانا مت چھوڑنا جب تک اسکو کھاتے رہوگے
کوئی تمکو شدھی کرنے کی ہوس نہ کریگا چنانچہ اسی کے قریب ایک گاؤں والوں کو شدھی ہونے
پر رضامند کر لیا گیا تھا وہ لوگ وعظ میں بھی آئے تھے اور وعظ کے بعد آنے والوں کو گائے کے
گوشت کا پلاؤ کھلایا گیا بس اسی روز دونوں جانب سے شدھی سے مایوسی ہو گئی اور اسی لئے میں

Marfat.com

تو کہا کرتا ہوں کہ ہندوستان میں گاؤکشی شعائر اسلام سے ہے اس قصد سے اسکا گوشت کھانا موجب اجر ہے۔

(ملفوظ ۱۳۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ یہاں پر خاموش بیٹھا رہنا طالبین کو بیحد مفید ہوا ہے جو لوگ چندے خاموش بیٹھکر واپس جاتے ہیں وطن پہونچکر اُسکا نفع لکھتے ہیں اور لکھتے ہیں کہ اُسوقت تو یہ معمول تلخ معلوم ہوتا تھا مگر اسقدر نفع طویل مجاہدات سے بھی شاید نہ ہوتا جو دس دن کے اندر خاموش بیٹھنے سے ہوا بدفہم لوگ اسکو ٹالنا سمجھتے ہیں حالانکہ یہ بھی مجاہدہ کی ایک قسم ہے اور قسم بھی وہ جو سلف سے خلف تک معمول بہ ہے کیونکہ مجاہدہ کی چار قسمیں ہیں قلت الطعام قلت الکلام قلت المنام قلت الاختلاط مع الانام ان میں سے محققین نے اسوقت کی لوگوں کی قوت اور صحت کو دیکھتے ہوئے دو کو حذف کر دیا ہے قلت الطعام اور قلت المنام اور دو کو باقی رکھا ہے قلت الکلام اور قلت الاختلاط مع الانام سو کم بولنا نہایت مفید چیز ہے خصوص مبتدی کیلئے اور عام طور پر بھی کم بولنا نہایت مفید ہے زیادہ بولنا یعنی بلا ضرورت بولنا نہایت مضر چیز ہے اس سے قلب میں ظلمت پیدا ہوتی ہے اور نورانیت فنا ہوتی ہے چنانچہ بلا ضرورت اگر کوئی کسی سے اتنا بھی پوچھ لے کہ کہاں جاؤ گے اس سے بھی قلب میں ظلمت پیدا ہو جاتی ہے اور قلب مردہ ہو جاتا ہے اور اگر کسی کو حس ہی نہ ہو تو اسکا کیا علاج ہے اور ضرورت میں اگر شب و روز کلام کرے مثلاً ایک شخص ہے کنجڑا وہ بیوی بچوں کی وجہ سے تجارت کرتا ہے اور سر پر خربوزوں کا ٹوکرا لئے دن بھر آواز لگاتا ہے کہ لیلو خربوزے لیلو خربوزے اس سے ایک ذرہ برابر بھی قلب پر ظلمت نہ ہوگی غرض فضول گوئی اس طریق میں سم قاتل ہے اس سے قلب برباد ہو جاتا ہے باقی فضول کو ضروری پر قیاس کرنا مع الفارق ہے مثلاً شیخ اپنے کو قیاس کرنے لگے کیونکہ اُسکا بولنا ضرورت ہے پس یہ قیاس ایسا ہوگا جسکو فرماتے ہیں ؎

کار پاکان را قیاس از خود مگیر گرچہ باشد در نوشتن شیر و شیر

باقی فضول و ضروری کے امتیاز کیلئے خود الجھن میں پڑنے کی ضرورت نہیں اپنے کو جس کے سپرد کیا ہے وہ جو تعلیم کرے اُسپر عمل کرتا رہے کیونکہ اسکو وہی سمجھتا ہے ہر چیز کا موقع محل کیا ہے چنانچہ سکوت بھی مطلقاً فضیلت کی چیز نہیں بعض نطق سکوت سے افضل ہے بلکہ سکوت کی فضیلت

Marfat.com

تو بولنے ہی کی بدولت معلوم آئی ہے جیسے خلوت کی فضیلت کہ یہ بھی بدولت جلوت ہی کے معلوم ہوئی غرض تو موقع ہے ہر چیز کا کہیں سکوت مناسب ہے کہیں بولنا مناسب ہے کبھی خلوت کی ضرورت ہے کبھی جلوت کی ضرورت ہے اس اختلاف موقع کی ایک مثال ذکر کرتا ہوں یہ مثالیں مقصود کی توضیح کیلئے ہوتی ہیں ایک بھو کی حکایت ہے نئی نئی شادی ہو کر سسرال میں آئی مگر بولتی نہ تھی ساس نے کہا کہ بہو تو بولتی کیوں نہیں کہنے لگی میری ماں نے مجھے منع کر دیا تھا کہ ساس کے گھر بولنا مت ساس نے کہا کہ ماں تیری بیوقوف ہے ضرور بولا کر بہو نے کہا کہ تو پھر کچھ بولوں ساس نے کہا کہ ضرور بول اب بہو بولتی ہیں دیکھو کیا نور برساتی ہیں کہتی ہے کہ اماں ایک بات تم سے پوچھتی ہوں وہ یہ کہ اگر تمھارے لڑکے کا انتقال ہو جاوے اور میں بیوہ ہو جاؤں تو میری کہیں اور شادی کر دوگی یا یوں ہی بھلائے رکھو گی ساس نے کہا کہ بہو بس تو خاموش ہی رہا کر تیری ماں کا منع کرنا ہی صحیح رائے ہے۔ امام ابو یوسف رح املا لکھوایا کرتے تھے طلبہ میں سے ایک شخص بالکل نہ بولتا تھا آپ نے فرمایا کہ میاں تم کبھی نہیں بولتے کچھ پوچھتے یا پوچھتے نہیں عرض کیا کہ اب پوچھا کرونگا۔ ایک مجلس میں امام صاحب نے مسئلہ فرمایا کہ آفتاب غروب ہونے پر روزہ فوراً افطار کر لیا جائے تو وہ شخص کہتا ہے کہ میں کچھ پوچھنا چاہتا ہوں فرمایا پوچھو کہتا ہے کہ اگر کسی روز آفتاب غروب نہ ہو تو کیا کرے امام صاحب نے فرمایا کہ بس بھائی تمھارا نہ بولنا ہی مناسب ہے، حاصل یہ کہ موقع اور محل ہوتا ہے ہر چیز کا جس چیز کو مربی مناسب سمجھیگا اسی کی تعلیم کریگا۔

۱۳۹ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ یہ حق تعالیٰ کا احسان اور فضل ہے کہ ضرورت کی باتیں ذہن میں ڈالدیتے ہیں ورنہ ہر شخص کو کشف نہیں ہوتا اور مجھکو تو ہوتا بھی تو سلب کی دعا کرتا کشف میں بڑی مصیبتیں ہیں ایک تو یہ کہ ایک بات ہونے والی ہے دس روز بعد اور معلوم ہو گئی آج اب گھل رہی ہیں ایک یہ کہ ابتو سب مسلمانوں سے حسن ظن ہے اور اسوقت دوسروں کا غیب بھی منکشف ہوتا اجتنبوا کثیرا من الظن کو صاحب کشف نہیں بجا لا سکتا اور جسکو کشف نہ ہو وہ اسکو بجا لا سکتا ہے تو کشف نہ ہونے میں یہ کیا تھوڑی نعمت حاصل ہوتی ہے کہ حکم شرعی پر عامل ہونیکی توفیق ہو گئی اسی طرح الہام بھی کوئی کمال کی چیز نہیں فالھمھا فجورھا وتقوٰھا کی رو سے ہر شخص ملہم ہے ہاں بڑی چیز یہ ہے کہ اپنے کو فنا کر رہا ہو یہ ہے بڑی دولت اسکے سامنے کیا الہام اور کیا کشف اور کیا

Marfat.com

کرامت اسی کو کہتے ہیں ؎

ہو فنا ذات میں کہ تو نہ رہے ، تری ہستی کی رنگ و بو نہ رہے

اور اسی کو کہتے ہیں ؎

تو در و گم شو وصال این است بس گم شدن گم کن کمال این است بس

(ملفوظ ۱۴۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل کے مدعیان تہذیب میں تہذیب تو خاک نہیں ہاں تعذیب ہے ان تجربوں سے میں کہا کرتا ہوں کہ تم چالیس روز پاس رہو تب سوال کرنے کی قابلیت پیدا ہو اور صاحب میری تو بڑے بڑے مدعیوں سے گفتگو ہوئی سچ جانئے چار منٹ بھی نہ چلے اور بک بک کرنا یہ کوئی کمال کی بات نہیں۔

(ملفوظ ۱۴۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں نے ایک وعظ میں بیان کیا تھا کہ یہ بدعتی حضور صلے اللہ علیہ وسلم کو الٰہ مانتے ہیں مگر ناقص اور ہم عبد کہتے ہیں مگر کامل تو تم حضور کی تنقیص کرتے ہو اور ہم کمال کے قائل ہیں۔

(ملفوظ ۱۴۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ چشتیوں کے اندر نہایت مسکنت غربت انکساری شکستگی ہے مگر ان ہی میں جو اللہ کا نام لینے والے ہیں باقی جو صرف گانے بجانے کودنے ناچنے ہی کو اصل شغل سمجھتے ہیں وہ تو چشتی ہی نہیں پھر شکستگی پر ایک حکایت بیان فرمائی کہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ایک طالب علم نے دعوت کی آپنے فرمایا کہ ایک شرط سے منظور ہے کہ خود کچھ مت پکانا بلکہ گھر و تیر جو تمہاری روٹیاں مقرر ہیں وہی ہمکو بھی کھلا دینا منظور کیا یہ ہے شان مسکنت اور غربت اور انکسار اور عاجزی کی کہ اتنا بڑا شخص اور اس طرح اپنے کو مٹائے ہوئے تھا۔

(ملفوظ ۱۴۳) فرمایا کہ ایک صاحب کا خط آیا ہے ان کا لڑکا بھاگ گیا تھا لکھا ہے کہ ایک مہینہ کے بعد خود واپس آگیا اور اگر تعلیم میں مصروف ہو گیا لیکن بقدر نصاب رقم سفر میں برباد کر آیا میں نے جواب لکھا ہے کہ اس مالی خسارہ سے آپکا تو مجاہدہ ہو گیا سو اسکے ثمرہ کے مقابلہ میں نصاب کیا چیز ہے۔

(ملفوظ ۱۴۴) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ نفس اگر قید میں ہو تو اسکا کبد مضر نہیں آزاد نفس کا کبد مضر ہے۔

(ملفوظ ۱۴۵) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت جنازہ دفن کرنے کے بعد ہاتھ اٹھا کر میت کیلئے دعاء

Marfat.com

کرنا جائز ہے فرمایا کہ منقول نہیں اسلئے ترک اولیٰ ہے اور کہیں منہی عنہ بھی نہیں اگر لازم نہ سمجھے تو دعا بھی جائز ہے اور رفع یدین اُسکے آداب میں سے ہے۔

(ملفوظ ۱۴۶) ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ذلت اور تواضع کے درمیان کیسے فرق معلوم ہو کہ یہ ذلت ہے اور یہ تواضع فرمایا کہ تواضع کی حقیقت سمجھ لینے کی ضرورت ہے اسکے بعد ذلت کا درجہ خود سمجھ میں آجائیگا تواضع کی حقیقت ہے اپنے کو حالاً یا مآلاً سب سے کمتر سمجھنا مثلاً کسی کافر کی نسبت اگر یہ سمجھے کہ یہ برا ہے اس اعتبار سے کہ ہم مسلمان ہیں لیکن مآل کی کیا خبر ہے تو یہ تواضع مامور بہ ہوگئی اور یہ سمجھنا اعتقادی تواضع ہے اور عملی تواضع یہ ہے کہ بلا ضرورت کسی کی تحقیر نہ کرے یہ حقیقت ہے تواضع کی۔

(ملفوظ ۱۴۷) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت محنت مزدوری تمام پیغمبروں نے کی ہے اسکی کوئی اصل ہے فرمایا کہ یہ کلیہ تو منقول نہیں مگر اتنا ثابت ہے کہ بکریاں سب نے چرائی ہیں۔

(ملفوظ ۱۴۸) ایک شخص آکر خاموش بیٹھ گئے حضرت والا کے دریافت فرمانے پر بھی پوری بات اور اپنا تعارف نہ کرایا اسپر حضرت والا نے مواخذہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ جو شخص حاجت لیکر آوے اُسکو خود کہنا چاہئے کیا یہ میرے ذمہ ہے کہ میں پوچھا کروں کس کس سے پوچھوں میں ان چیزوں کی بھی تعلیم کرتا ہوں اسلئے بدنام ہوں لوگ تو یہ چاہتے ہیں ساری دنیا کے غلام ہو جاؤ سو مجھ سے غلام نہیں بنا جاتا اس غلامی کا نام رکھا ہے اخلاق اس رسمی اخلاق کی بدولت جہل دوسرے کا راسخ ہوتا جاتا ہے میں ایسے اخلاق قیامت تک بھی اختیار کرنیکے لئے تیار نہیں یہ تو اعلیٰ درجہ کی بداخلاقی ہے جس سے لوگوں کا دین خراب ہو اور وہ جہل میں مبتلا رہیں۔

(ملفوظ ۱۴۹) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ حدیث شریف میں جو آیا ہے فمن تشبہ بقومٍ فھو منھم اسکی حکمت یہ ہے کہ اہل باطل سے امتیاز ہو مگر تشابہ جائز ہے تشبہ جائز نہیں تشابہ وہ ہے جو فطری ہو اور تشبہ وہ ہے جو قصد سے ہو۔

۲۱ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ
مجلس بعد نماز ظہر یوم شنبہ

(ملفوظ ۱۵۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ضرورت ہے کہ مسلمانوں میں باہم تفرق نہ ہو اسکا اثر یہ ہوتا ہے

Marfat.com

کہ دوسری قوموں کو ان کو ضرر پہونچانیکی جرأت ہوتی ہے اسلئے باہمی اتحاد کی سخت ضرورت ہی مگر یہ اتحاد نہیں جو آجکل کے لیڈر اور اُن کے ہم خیال مولوی کراتے پھرتے ہیں جسمیں شریعت بھی محفوظ نہیں رہی بلکہ وہ اتحاد مقصود ہے جسکو حق تعالیٰ فرماتے ہیں واعتصموا بحبل اللہ جمیعاً ولا تفرقوا یعنی اعتصام بحبل اللہ کی ساتھ اتحاد یہی اتحاد کارآمد اور مفید ہے۔

(ملفوظ ۱۵۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مولویوں کا کام نہیں چندہ جمع کرنیکا یہ کام تو دنیا داروں ہی کے سپرد رہنا چاہئے مولویوں کو مالیات میں پڑنا ہی نہیں چاہئے اس باب میں انکا مذہب تو یہ ہی ہونا چاہئے ؎

لنگے زیرو لنگے بالا ، نے غم دزد و نے غم کالا ،

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا قصہ ہے بریلی کے ایک رئیس نے غالباً چھ ہزار روپیہ پیش کیا کہ کسی نیک کام میں لگا دیجئے فرمایا کہ لگانے کے بھی تم ہی اہل ہو تم ہی خرچ کردو اُس نے عرض کیا کہ میں کیا اہل ہوتا فرمایا میرے پاس اسکی دلیل ہے وہ یہ کہ اگر اللہ تعالیٰ مجھکو اہل سمجھتے تو مجھکو ہی دیتے تبسم فرماتے ہوئے حضرت والا نے فرمایا کہ اسکا جواب تو تھا کہ حضرت اللہ میاں دے تو رہے ہیں ۴۰

(ملفوظ ۱۵۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ خدا کے ساتھ صحیح تعلق ہونا چاہئے پھر چاہے کچھ جائے یا رہے پروا بھی نہیں کرنا چاہئے بعض لوگ کیفیات کے پیچھے پڑجاتے ہیں اُسمیں کیا رکھا ہے بعض منافع کے اعتبار سے وہ بھی خدا کی نعمت ہیں مگر مقصود نہیں اُن کی رضا کے سوا سب غیر مقصود ہے

(ملفوظ ۱۵۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ تعلق مع اللہ میں استغنا کی خاصیت ہوتی ہے جسکو بھی اللہ تعالیٰ یہ دولت عطا فرمادیں یعنی ایمان کی معرفت کی تعلق مع اللہ ہے حافظ محمد یوسف صاحب تھانوی تحصیلدار یا قلعہ دار تھے بھوپال میں اُسوقت مولوی عبد الجبار صاحب بھی وزیر تھے اُنھوں نے حافظ صاحب سے ملنے کی کوشش کی بلایا حافظ صاحب نے تین شرطیں لگائیں کہ اگر یہ منظور ہوں تو آسکتا ہوں اول تو یہ کہ میری تعظیم نہ کریں دوسرے یہ کہ میں جہاں بیٹھ جاؤں اُٹھایا نہ جائے تیسرے یہ کہ میں جسوقت واپس آنا چاہوں مجھکو روکا نہ جائے وزیر صاحب نے تینوں شرطیں منظور کرلیں پہونچے وزیر صاحب کے پاس وہ دیکھکر کھڑے ہوگئے کہا کہ دیکھئے شرط اول کی مخالفت

Marfat.com

ہورہی ہے پھر بہت ہی ادنی جگہ میں بیٹھ گئے وزیر صاحب نے کہا کہ حضرت یہاں آجایئے کہا کہ شرطانی کی مخالفت ہورہی ہے وزیر صاحب نے کہا کہ میری تمنا ہے کہ حضرت جو عہدہ منظور فرمائیں اُسکا انتظام کردوں کہا کہ اسوقت میری تنخواہ پچاس روپیہ ہے بیوی منتظم ہوتی تو پچاس روپیہ سے کم میں بھی گذر ہوسکتی تھی مگر اب پچاس روپیہ میں بحمداللہ بخوبی گذر ہوجاتا ہے سو میں چاہتا ہوں کہ اس پچاس میں تو کمی نہ ہو رہا عہدہ سو اُس کے متعلق یہ ہے کہ چاہے بھنگیوں کا جمعدار بنادیجئے ہاں پچاس روپیہ دیئے جایئے بس کافی ہے یہ کہکر اُٹھکر چلدیئے یہ اپنے باپ کے رنگ پر تھے حافظ ضامن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی بھی یہی شان تھی۔ بھوپال میں ایک فقیر آیا تھا امراء کو معتقد بناتا پھرتا تھا چونکہ حافظ صاحب بڑے آدمی تھے انکو بھی مسخر کرنے آیا مسند پر بیٹھے تھے کونے میں کھڑے ہوکر توجہ کی حافظ صاحب کو محسوس ہوگیا اُسپر اُس فقیر کی طرف متوجہ ہوکر کہا ؎

سنبھل کے رکھنا قدم دشت خارِ حیرت میں کہ اس نواح میں سودا برہنہ پا بھی ہے

یہ کہنا تھا کہ دھڑام سے زمین پر گر پڑا اور اُٹھکر ہاتھ جوڑ کر کہنے لگا کہ میں بھی حضور ہی کا شغال رنگین ہوں کہا کہ جاؤ ان باتوں میں کیا رکھا ہے اتباع سنت اختیار کرو۔ یہ حافظ صاحب حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت تھے اور حضرت ہی سے مجاز تھے۔

۱۵۴ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ کا باکمال ہونا اس سے ظاہر ہے کہ حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ جیسے شخص کا تعلق عقیدت حضرت سے تھا حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا معتقد ہونا تو اس درجہ کی حجت نہیں اسلئے کہ وہ تو خود ہی اخلاق میں اور عشق میں مغلوب تھے البتہ حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ میں ایک خاص انتظامی شان تھی جیسے انبیاء علیہم السلام کے ورثہ میں ہونا چاہیئے وہی شان تھی حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی جسکا اثر تھا لا یخافون فی اللہ لومۃ لائم حق میں ذرہ برابر کسی کی پروا نہیں کرتے تھے اگر حضرت حاجی صاحب میں ذرا بھی کمی ہوتی مولانا علی الاعلان تعلق قطع فرمادیتے۔

۱۵۵ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مولویوں کو مالیات سے بچنا چاہیے اس معاملہ میں انکو پڑنا ہی نہیں چاہیئے میں ایکمرتبہ نواب صاحب رامپور کا مدعو کیا ہوا گیا کہ گیا نواب صاحب نے بدون میری تحریک کے مدرسہ دیوبند کیلئے روپیہ دینا چاہا مجھے لیتے ہوئے بھی غیرت آئی لیکن اگر انکار کرتا ہوں تو خواہ مخواہ کا

(در مطبع جمال پرنٹنگ ورکس دہلی طبع شد)

Marfat.com

تقوی بگھارنا تھا اور اُنکی دلشکنی کا بھی خیال تھا اور مدرسہ کا بھی نقصان میں نے کہا کہ میرا سفر ہوگا اور سفر میں اتنی بڑی رقم کا پاس رکھنا خطرہ سے خالی نہیں ہر وقت یہ ہی کھٹک رہے گی کہ کہیں گم نہ ہوجائے کوئی نکال نہ لے اسلئے مناسب یہ ہے کہ آپ بھیج کر کے روانہ کردیجئے وہ سمجھ گئے کہا کہ بہت اچھا آپ مہتمم صاحب کو رقعہ تو لکھدیں میں بھیج کر دونگا میں نے کہا کہ بہت اچھا میں لکھدونگا تو مالیات میں تو مولویوں کو پڑنا ہی بُرا ہے میں اسکو پسند نہیں کرتا۔

۱۵۶ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں ایک مرتبہ گنگوہ حاضر ہوا حضرت کی شفقت کی یہ حالت تھی یہ فرمایا کہ تم جب آجاتے ہو دل تازہ ہوجاتا ہے میں نے واپسی کی اجازت چاہی کہ حضرت جاؤنگا فرمایا کہ اتنی جلدی میں نے کہا کہ کپڑے میلے ہوگئے ہیں زیادہ ٹھہرنے کے ارادہ سے نہیں آیا تھا فرمایا کہ کپڑے تو ہم دیدیں گے میں نے عرض کیا کہ حضرت اور بھی کام ہے پھر حضرت نے کچھ نہیں فرمایا حضرت کے کپڑے پہننے کو بھی جی نہیں چاہا بے ادبی معلوم ہوئی۔

۱۵۷ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مجکو توسل کی حقیقت معلوم نہ تھی سوال کرنے سے بھی مقصود حاصل نہ ہوا ایک روز دفعۃً قلب پر اسکی حقیقت وارد ہوگئی وہ یہ کہ حدیث میں ہے المرء مع من احب اس سے معلوم ہوا کہ مقبولین کی ساتھ محبت اور تعلق رکھنے سے رحمت خاص کا وعدہ ہے پس کسی صالح سے توسل کا حاصل یہ ہوا کہ اے اللہ مجکو فلاں شخص سے تلبس ہے اور اس تلبس پر آپکا رحمت خاص کا وعدہ ہے پس میں اس رحمت خاص کا سوال کرتا ہوں اور جس جگہ یہ بات سمجھ میں آئی تھی وہ جگہ بھی یاد ہے اسوقت اسقدر خوشی ہوئی تھی کہ اگر دس ہزار روپیہ بھی ملتا تو اتنی خوشی نہ ہوتی اور توسل بالاعمال کی بھی ذرا تغیر الفاظ کے ساتھ یہی حقیقت ہے کہ فلاں عمل سے آپکو محبت ہے اور اس عمل پر رحمت خاص کا وعدہ ہے اور ہمکو اس عمل سے صدور کا تلبس ہے اب ہم اس رحمت خاص کا سوال کرتے ہیں

۱۵۸ (ملفوظ) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ فطری رذائل کے ازالہ کی ضرورت نہیں اماله کی ضرورت ہے وہ چیزیں اپنی ذات میں مذموم نہیں اسلئے کہ فطری ہیں انکا فطری ہونا دیکھکر حکماء کی ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ ریاضت اور مجاہدہ سے کچھ نفع نہیں ہوتا جو چیزیں جبلی ہیں وہ بدل نہیں سکتیں اسلئے سعی اور

Marfat.com

کوشش بیکار ہے یہ حکمار سمجھے نہیں مجاہدہ سے جبلی اور فطری کا ازالہ نہیں کیا جاتا اسمیں تو حکمتیں ہیں اسلئے اسکو باقی رکھا جاتا ہے البتہ وہ کبھی اپنی اختیار سے اعتدال سے بڑھ جاتی ہیں ریاضت اور مجاہدہ سے وہ اعتدال پر آجاتا ہے۔

(ملفوظ ۱۵۹) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ غیر مقلدین کے مشرب کی حقیقت ایک خواب میں مجھپر ظاہر ہوگئی تھی جو میں نے طالب علمی میں دیکھا تھا گو خواب حجت شرعیہ نہیں لیکن اگر نصوص شرعیہ سے مؤید ہو جاوے تو سکون ضرور ہوتا ہے اسلئے کہ بروے حدیث بشرات میں سے ہے میں نے خواب یہ دیکھا کہ میں دہلی ہوں اور ایک غیر مقلد مولوی صاحب کے مکان کے دروازہ میں طلبہ جمع ہیں میں بھی ہوں اور چھاچ تقسیم ہو رہی ہے مجھکو بھی دینا چاہا مگر میں نے انکار کر دیا حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ علم دین کے صورت مثالیہ دودھ کی سی ہے اور چھاچ مشابہ ہوتی ہے دودھ کے تو خواب کے معنی یہ ہوئے کہ انکا مشرب دین کی صورت تو ہے مگر اسمیں دین کے معنی نہیں

(ملفوظ ۱۶۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اختلافی مسائل میں متاخرین نے بڑا جھگڑا پھیلا دیا دین کو اچھا خاصہ میدان جنگ بنا دیا اختلاف مذاہب کو اختلاف ملل بنا لیا یہ ابن مسعود کا قول سنا گیا ہے گو بڑا عالم نہیں مگر سمجھدار آدمی ہے یہ اختلاف تو علوم ظاہری میں ہو رہا ہے باقی علم باطن میں اختلاف سے بڑھکر خلاف کیا جاتا ہے چونکہ اکثر اس سے بے خبر ہیں اسلئے اہل خبر پر بکثرت اعتراض ہوتے ہیں خصوص جو شخص اصلاح کا کام اپنے ذمہ لیتا ہے اسکو تو نشانۂ ملامت بننے کے لئے ہر وقت تیار رہنا چاہیے کیونکہ ہر شخص اسکو برا بھلا کہتا ہے بدنام کرتا ہے چنانچہ ایک شخص نے اسکا اقرار بھی کیا تھا مجکو لکھا تھا کہ میں تمکو قانون باز بلکہ قانون ساز کہا کرتا تھا میں معافی چاہتا ہوں توبہ کرتا ہوں۔

(ملفوظ ۱۶۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بعض حضرات کی یہ عادت تھی کہ جب کوئی مرید ہونے آتا اسکو کھانا بھیجتے جب برتن واپس آتے دیکھتے اگر روٹی سالن تناسب سے بچا ہوتا تو اس سے معاملہ کی گفتگو فرماتے ورنہ شروع ہی سے جواب دیدیتے کہ ہمارا تمھارا نباہ نہ ہوگا تم میں انتظام کا مادہ نہیں۔

(ملفوظ ۱۶۲) ایک شخص نے آکر تعویذ مانگا فرمایا کہ اس باب میں لوگوں کو بہت غلو ہے ہر کام تعویذ

Marfat.com

ہی سے لینا چاہتے ہیں اگر یہی حالت رہی تو آئندہ اولاد بھی تعویذ ہی سے مانگنے لگیں گے نکاح کی بھی ضرورت نہ رہیگی فرمایا کہ ہر چیز کے لئے تعویذ مانگنے پر یاد آیا کہ حضرت شاہ عبد القادر صاحب کے پاس ایک بھنگڑ آیا کہ حضرت بھنگ نہیں بکتی ایک تعویذ دیدیجئے آپنے تعویذ لکھکر دیدیا خوب بھنگ بکنا شروع ہوگئی طلبہ نے شبہ کیا کہ حضرت نے بھنگڑ کو بھی تعویذ دیدیا یہ تو اعانت علی المعصیت ہے آپنے اُس بھنگ فروش سے فرمایا کہ بھائی ذرا وہ تعویذ لے آنا تعویذ لے آیا کھولکر طلبہ کو دکھلایا اُسمیں لکھا تھا کہ اے اللہ جن لوگوں کی قسمت میں بھنگ پینا لکھا ہے وہ تو بھنگ ضرور ہی پئیں گے تو وہ اسکی ہی دکان سے پی لیا کریں سب نے دیکھ لیا کیسا تعویذ ہے بھلا ان حضرات پر کیا اعتراض ہوسکتا ہے خوب کہا ہے ؎

در نیابد حال پختہ ہیچ خام　　پس سخن کوتاہ باید والسلام

تعویذ کے سلسلہ میں بعضی حکایات بھی بیان فرمائیں کہ حضرت سید صاحب بریلوی تعویذ میں یہ لکھدیتے تھے۔ خداوندا گر منظور داری۔ حاجتش را برآری۔ حضرت میانجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی حکایت ہے کہ آپ سے ایک بیمار لڑکی پر دم کرنے کی درخواست کیگئی آپ نے اُس کے منہ میں تھوکدیا اللہ تعالیٰ نے شفا بھی عطا فرمادی اور اُس بی بی نے خود بیان کیا کہ اُس روز سے میرا ذہن اور حافظہ اور فہم سب بڑھ گیا۔ پھر حضرت میانجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی برکات کے متعلق فرمایا کہ حضرت میانجی صاحب کہتے تھے کہ ہماری موت کے بعد دیکھنا ہماری روشنی کیسی پھیلتی ہے پھر حضرت میانجی صاحب کے اخلاق کے متعلق ایک واقعہ بیان کیا کہ ایک مولوی صاحب تھے کاندھلہ کے رہنے والے جنکی تصنیف تفسیر سورہ یوسف منظوم ہے یہ کوئی باقاعدہ مولوی تو نہ تھے مگر مشہور تھے اور ایک زمانہ میں حضرت میانجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی شان میں گستاخیاں کیا کرتے تھے پھر تنبیہ ہوا تو توبہ کی اور مرید ہوگئے حضرت نے مرید کرلیا اور برابر آتے جاتے رہے مگر ایک مدت کے بعد حضرت نے فرمایا کہ مولوی صاحب آپ اور کہیں رجوع کریں مجھسے آپکو نفع نہ ہوگا میں ہر چند آپ کی طرف متوجہ ہوتا ہوں اور نفع پہونچانا چاہتا ہوں مگر آپ کی وہ گستاخیاں یاد آکر مانع ہوجاتی ہیں وصول برکات سے۔

Marfat.com

۲۲ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم یکشنبہ

۱۶۳ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بزرگان سلف نے اتباع سنت کا بڑا اہتمام کیا ہے حضرت عثمان ہارونی رحمۃ اللہ کی حکایت ہے کہ آپنے فرمایا کہ اس خلال سے نماز نہیں پڑھی جو سنت کے موافق نہ ہے اسلئے بیس برس کی نماز لوٹائی سنت کے موافق خلال کرکے حضرت شیخ عبدالحق صاحب رحمۃ اللہ باوجود اسکے کہ اُن پر استغراق کا ایسا غلبہ تھا کہ تیس برس تک جامع مسجد میں نماز پڑھی مگر راستہ یاد نہیں ہوا پھر بھی اتباع سنت کسقدر غالب تھا کہ فرماتے ہیں کہ منصور بچہ بود کہ از یک قطرہ بفریاد آمد ایں جا مردانند کہ دریاہا فرو برند و آروغ نہ زنند۔ دیکھئے اس غلبہ حال میں بھی خلاف سنت پر نکیر فرمایا پھر ایک غلبہ حال کی حکایت بیان فرمائی کہ انکو انکے بھائی نے علم درسی پڑھانا چاہا نحو شروع کرائی اُسمیں ایک مثال آئی ضرب زید عمرا ابوجہا زید نے کیوں مارا انھوں نے کہا مارا وارا نہیں یوں ہی ایک مثال ہے کہا کہ مارا نہیں تو کذب ہے اور اگر مارا تو ظلم ہے میں ایسی کتاب نہیں پڑھونگا جسمیں پہلے ہی سے تعلیم کذب اور ظلم کی ہو۔

۱۶۴ (ملفوظ) ایک صاحب کی تحریری غلطی پر مواخذہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ اگر آپ اس طریق کا نفع چاہتے ہیں تو محو و فنا کا ثبوت دیجئے آپ تو زندگی کا ثبوت دے رہے ہیں سو اگر انقیاد نہیں ہے تو آنا بیکار اور اگر آنا چاہتے ہو تو انقیاد سے کام لو۔

۱۶۵ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آنے والے اپنی کوتاہیوں کو نہیں دیکھتے میرے مواخذہ پر نظر کرتے ہیں اور واقعہ کا یہ خلاصہ نکالتے ہیں کہ ذرا سی بات پر خفا ہو گئے یا ہم نے خدمت کی تھی بگڑ گئے کچھ معلوم بھی ہے کہ بدون گرفت اور سختی کے کج فہموں کی اصلاح غیر ممکن ہے دیکھئے جب مربی بنانا ہوتا ہے پہلے اسکو نکالے سے کوچتے ہیں تب اُسمیں شیرینی ہو سختی ہے نیز اسکو آگ پر بھی اُبالتے ہیں اسی طرح مربی کے فعل کا حاصل یہ ہوگا کہ وہ مربا بنانے سو یہاں پر جب مربا بنتے آتے ہیں تو یہ امور ضرور ہوتے ہیں غرض شیخ تربیت کیلئے جسکے لئے مناسب سمجھتا ہے تعلیم کرتا ہے پرتاؤ کرتا ہے نرمی ہو یا سختی ہو مگر یہ معاملہ اسی کے ساتھ کیا جاتا ہے جو اپنے کو سپرد کرتا ہے اور صحبت کا مدعی بنکر آتا ہے اس لئے کہ حقوق

Marfat.com

کی بھی قسمیں ہیں ایک حقوق تو عامہ مسلمانوں کے ہیں اور ایک حق اس سے آگے ہے جسکا منشا تعلق ہے خصوصیت کا اسکے اور قواعد ہیں حضرت موسیٰ علیہ السلام حضرت خضر علیہ السلام کے پاس تشریف لیگئے خضر علیہ السلام نے قوانین بتائے ساتھ رہنے کے دیکھئے موسیٰ علیہ السلام کی کسدرجہ کی ہستی مگر چونکہ خضر علیہ السلام سے ایک خاص کام لینا چاہتے تھے اسلئے انھوں نے اس انتفاع کے شرائط بیان کئے اور خصوصیت کیلئے شرائط تو ہوتے ہی ہیں اگر موسیٰ علیہ السلام اُن شرائط کو قبول نہ فرماتے تو خضر علیہ السلام ساتھ رکھنے سے یقیناً عذر فرمادیتے اسکے بعد جب شرائط میں اختلال ہوا صاف کہدیا ھٰذا فراق بینی وبینك حالانکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا کوئی فعل معصیت نہ تھا پس خضر علیہ السلام کے عذر کا یہ حاصل تھا کہ ہماری تمھاری موافقت نہ ہوگی اور یہ تفریق ایسی تھی کہ بدون کسی وجہ کے بھی جائز تھی اسلئے افتراق کیلئے معصیت شرط نہیں۔

(ملفوظ ۱۶۶) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ بعض کشف ہی ایسا ہوتا ہے کہ اسمیں بالکل احتمال غلطی کا نہیں ہوتا مگر پھر بھی شرعاً حجت نہ ہوگا اور اسکو مستبعد نہ سمجھا جاوے کہ جب اسمیں غلطی کا احتمال نہیں پھر حجت نہ ہونے کی کیا وجہ اسکی بالکل ایسی مثال ہے کہ ایک شخص رمضان کی ۲۹ تاریخ کو چاند دیکھتا ہے اور یہ دیکھنا ظاہر ہے کہ حسی طور پر ہے جسمیں کوئی اشتباہ نہیں پھر اسپر یہ بھی واجب ہوگا کہ قاضی سے جاکر ظاہر کرے کیونکہ ممکن ہے کہ اور بھی کوئی شہادت ہو گو اپنے علم میں یہ واحد ہے مگر یہ نہ سمجھے کہ واحد کی شہادت مقبول نہ ہوگی تو شہادت سے کیا فائدہ کیونکہ اگر سب دیکھنے والے اپنے کو واحد واحد سمجھکر شہادت سے تقاعد کریں تو رویت کیسے ثابت ہو غرضکہ اس نے جاکر قاضی سے کہا مگر اتفاق سے اور کوئی شہادت نہ تھی اسلئے قاضی نے کہدیا کہ حجت نہیں تو اس صورت میں باوجود اس کے کہ اس نے خود دیکھا اور بلا اشتباہ دیکھا مگر پھر بھی خود اسکے لئے بھی حجت نہیں چنانچہ یہ بھی روزہ وجوباً رکھیگا ایسے ہی اگر کسی کو کشف ہوا اور بالکل بلا تلبیس مگر پھر بھی عدم تلبیس مستلزم نہیں حجیت کو شیخ اکبر بعض کشوف میں تلبیس کی نفی فرماتے ہیں مگر غلطی سے یہ مشہور ہوگیا کہ وہ کشف بلا تلبیس کو حجت سمجھتے ہیں اُن کے قول میں کہیں تصریح نہیں کہ بعض کشف حجت ہے پس مذہب منصور سب کے نزدیک یہی ہے کہ کشف حجت نہیں۔

(ملفوظ ۱۶۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل محبت اور تعلق کا دعویٰ تو سب کرتے ہیں مگر امتحان کے

Marfat.com

وقت کورے نکلتے ہیں محبت کے حقوق میں تو یہانتک لکھا ہے کہ اگر دوست دوست سے اپنی ضرورت میں روپیہ طلب کرے اور دوست یہ پوچھے کہ کتنا تو وہ دوستی کے قابل نہیں بلکہ جو کچھ پاس ہو سب پیش کردے پھر وہ خواہ کل لیلے یا جزو لیلے۔ ایک شخص کی حکایت ایک کتاب میں مذکور ہے کہ اُن کے ایک دوست نے مکان کے دروازہ پر آکر آواز دی یہ شخص مکان سے کچھ توقف کے بعد باہر اسطرح آیا کہ ایک غلام کے سر پر روپیہ کی تھیلیاں ہیں اور خود اُس شخص کی کمر سے تلوار بندھی ہے اور ساتھ ایک عورت نہایت حسین زیور سے آراستہ ہے دوست نے دریافت کیا کہ یہ کیا قصہ ہے کہا کہ مجھکو یہ خیال ہوا کہ دوست آیا ہے نہ معلوم کیا ضرورت ہے اگر کسی دشمن کا مقابلہ ہے تو میں حاضر ہوں اسی لئے تلوار ساتھ لایا ہوں اگر روپیہ کی ضرورت ہے تو یہ تھیلی موجود ہے اگر خادم کی ضرورت ہے تو یہ غلام حاضر ہے اگر اُنس کیلئے عورت کی ضرورت ہے تو یہ کنیز ک موجود ہے یہ ہے دوستی محبت پر ایک اور قصہ یاد آگیا حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ ایک رئیس کے یہاں مہمان ہوئے وہ رئیس نہایت منتظم تھے وہ کھانوں کی ایک فہرست مرتب کرکے غلام کو دیدیتے تھے کہ یہ کھانے تیار ہونگے ایک دن امام صاحب نے غلام سے فہرست لیکر اُسمیں ایک کھانیکا اضافہ کردیا جب دسترخوان پر کھانا آیا تو رئیس نے دیکھا کہ فہرست میں جو کھانے لکھے تھے اُس سے زائد دسترخوان پر ایک کھانا موجود ہے اسکا سبب غلام سے دریافت کیا غلام نے عرض کیا کہ امام صاحب نے ایک کھانیکا اضافہ فرمادیا تھا اُس رئیس پر مہمان کا ایسا حال طاری ہوا کہ اُس غلام کو آزاد کردیا محض اس بنا پر کہ مہمان کی فرمایش پر اُس نے عمل کیا۔

(ملفوظ ۱۶۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ تحریک خلافت کے زمانہ میں میں نے فلاں صاحب سے جو یہاں خانقاہ میں مقیم تھے کہا تھا کہ تم یہاں پر رہے پڑے رہے سب کچھ ہوا اگر میں بھی تمہاری رائے میں مزاحمت نہ کرونگا مگر تمکو بھی یہاں رہکر اختلاف کرنا مناسب نہیں تو اس حالت میں یہاں پر تمہارا رہنا بھی مناسب نہیں ایک جگہ سے دو مخالف جواب لینا اس میں بڑا مفسدہ ہے باقی اگر تم اپنی رائے پر عمل کرو مگر طریقہ کے ساتھ تو مجھکو بحمداللہ ایسے اختلاف سے کبھی گرانی نہیں ہوتی گرانی ہوتی ہے خلاف سے اور یہ بھی صرف اُن کے خلاف سے جو محبت کا دعوی کرتے ہیں تعلق کو ظاہر کرتے ہیں ورنہ اوروں کی طرف سے یہ خلاف کرنا بھی گراں نہیں فلاں خاں صاحب نے مجھکو ہمیشہ گالیاں دیں کافر کہا ذرا برابر بھی مجھپر کبھی اثر نہیں ہوا اسلئے کہ وہ مخالف تھے شکایت دوستوں سے ہوا کرتی ہے دشمنوں سے کیا شکایت

Marfat.com

ایک دوسرے صاحب کا واقعہ ہے کہ انھوں نے یہاں کارڈ لکھا اور لوح پر بلا ضرورت خانقاہ امدادیہ کا نام بھی لکھدیا پھر معافی چاہی میں نے اُن سے بھی یہی کہا کہ عمل تو اسی پر کرو جو تمھاری رائے ہے اور جب تم معافی چاہتے ہو تو اسکا اعلان کردو کہ رائے تو میری وہی ہے جو لکھ چکا ہوں مگر میں نے جو لوح پر یہ لکھا ہے کہ یہ خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون کا جواب ہے اس لکھنے کی ضرورت نہ تھی جواب تو یوں اسکے بھی ہو جاتا لوگ خود سمجھ لیتے کہ فلاں فتوے کا رد ہے بس اس طرح کا اعلان کردو مگر وہ اس اعلان پر آمادہ نہ ہوئے میرا بھی دل منقبض رہا میرا خاصہ ہے کہ اگر کوئی اصول صحیحہ پر ہے تو مجھکو محبت بدرجہ عشق ہوتی ہے اور اگر اصول کے خلاف ہو تو اُس سے قلب پھر جاتا ہے مگر اب دس برس کے بعد اعلان کیا میں صاف ہو گیا کیونکہ مجھکو تو دیکھنا تھا ورنہ اعلان نہ کرنے سے میرا کوئی ضرر نہ تھا اور اب اعلان کر دیا میرا کوئی نفع نہیں ہو گیا نفع اور ضرر سب اُنہیں کا تھا اور یہ ہی میں فلاں مولوی صاحب سے چاہتا ہوں جو دار العلوم کو بدنام کر چکے ہیں اور اب معافی چاہتے ہیں اُن سے بھی اسلئے انقباض ہوا کہ وہ مجھسے ایک زمانہ میں تعلق رکھ چکے ہیں مجھسے تربیت کی خدمت لے چکے ہیں گو ممکن ہے کہ اُنکو ضرورت نہ ہو مگر خدمت لی تو سہی اُن چیزوں کا طبعی اثر ہوتا ہے پھر آپمیں تو میرا معاملہ بھی نہیں مدرسہ کا معاملہ ہے وہ ایک چیز ہے جس سے مخلوق کو نفع ہو رہا ہے ممکن ہے آپمیں کچھ کوتاہیاں ہوں اور اصلاح کی ضرورت ہو اصلاح کرو نہ کہ انہدام کرنے لگو مدرسہ کو بدنام کرنیکا جو طرز اختیار کیا گیا تھا اُسکے تدارک کے لئے اس اعلان کی ضرورت ہے کہ ہمنے جو طرز اختیار کیا تھا وہ غلط تھا گو مطالبات ہمارے اب بھی وہی ہیں اور مشورہ یہ ہے لیکن اگر ہماری رائے قبول نہ کیجاوے ہم پھر بھی مدرسہ کے خادم ہیں بتلائیے آپمیں کیا ضرر ہے میں تو سبکی مصالح کی رعایت رکھتا ہوں مگر بے اصول کام مجھسے نہیں ہو سکتے معافی بھی بے اصول نہیں ہو سکتی چاہے کسی کو گوارا ہو یا ناگوار کوئی راضی رہے یا ناراض اور کسی کی ناراضی سے ہوتا کیا ہے۔ حق تعالیٰ راضی رہیں اور کسی کی کچھ پروا نہیں کرنا چاہیئے۔ ایک اور صاحب کا واقعہ ہے جنکو محبت اور تعلق کا دعویٰ تھا مگر اُنھوں نے ایک تحریر لکھی آپمیں میرے متعلق طعن آمیز کلمات لکھے تھے وہ یہاں پر مہمان ہوئے میں نے بحمد اللہ اُن کے حقوق مہمانی کے ادا کرنے میں ذرا کوتاہی نہیں کی مگر جو شکایت اُن سے تھی وہ ایسی بھی ہے اور جب تک اُسکا تدارک نہ ہوگا رہیگی باقی مجھے تدارک کا نہ انتظار ہے نہ استدعاء اس لئے کہ یہاں تکثیر سواد کی ضرورت ہی نہیں یہی تو میرا گنوار پن ہے جسکی وجہ سے بکثرت لوگ مجھسے ۸

بابتہ ماہ صفر المظفر سنہ ۱۳۵۷ھ

Marfat.com

ناراض ہیں اسی اخیر کے واقعہ میں انھوں نے تو اپنی بھڑاس نکال لی مگر مجھکو وہ ناراضی ادائے حقوق سے مانع نہیں ہوئی ہاں انبساط نہیں ہوا اور اُنپر ظاہر بھی کر دیا کہ میں ناراض تھا اور ہوں اور رہوں گا مجھکو رنج تھا اور ہے اور رہیگا مجھکو آپ سے شکایت تھی اور ہے اور رہیگی اسکو بھی صاف کہدیا یہ اُس معاملہ کا حق تھا اسکو بھی نہیں چھپایا۔

(ملفوظ ۱۶۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ان تحریکات میں یہانکے لوگ تو اپنا دشمن سمجھتے ہی ہیں مگر بعضے عیسائی بھی اپنا دشمن سمجھتے ہیں چنانچہ کوہ منصوری پر عیسائیوں کا ایک وفد تبلیغ کیلئے امریکہ سے آیا تھا اُسمیں ایک پادری تھا میرے ایک عزیز سے اُسکی ملاقات ہوگئی اس نے میرے متعلق پوچھا کہ ان تحریکات میں اُسکا کیا خیال ہے انھوں نے کہا کہ وہ ان تحریکات کے خلاف ہے یہ سُنکر اُس پادری نے کہا کہ یہ شخص عیسائیت کا سخت دشمن معلوم ہوتا ہے اُن عزیز نے کہا کہ یہ تحریکات خود عیسائیت کے خلاف ہیں تو اگر وہ اسمیں شریک ہوتے تب تو عیسائیت کی دشمنی ہوتی اب دشمنی کے کیا معنی کہا کہ تم اس بات کو نہیں سمجھے اسوقت ہندوستان میں دو مذہب ہیں ایک ہندو اور ایک مسلمان اور دونوں میں بوجہ اختلاف مذہب کے تصادم ہے اسوجہ سے اپنے اپنے مذہب پر سختی سے جمے ہوئے ہیں مگر ان تحریکات میں دونوں بہت سے کام اپنے مذہب کے خلاف کر رہے ہیں جس سے ان پر لامذہبی کا غلبہ ہوجائیگا اور لامذہبی کے بعد عیسائیت کی قابلیت قریب ہوجاتی ہے تو تحریکات کے خلاف کرنا عیسائیت سے روکنا ہے یہ راز ہے جسکو یہ شخص سمجھا ہے اور تحریکات کا مخالف ہے اسلئے ہم کہتا ہے کہ یہ شخص عیسائیت کا سخت دشمن ہے پھر فرمایا کہ آج کل کی عیسائیت کا پہلا زینہ لامذہبیت ہے عیسائی ہوتے ہی وہ ہیں جو بدمذہب ہیں اور ان تحریکات میں مسلمانوں نے تو بلا وجہ ہی سر کٹائے نہ ہندو ہی راضی ہوئے نہ انگریز انکو تو صرف آپکی ذات کے راضی کرنے کی ضرورت ہے اگر وہ راضی ہوجائیں تو پھر کسی کی ناراضی سے کچھ ضرر نہیں اور وہ حق تعالیٰ کی ذات ہے اور اب تو مسلمان اسکے مصداق ہوگئے جیساکہ ایک صاحب سرگرم تحریکات نے اپنے ایک مضمون میں لکھا ہے ؎

اُس نقش پا کے سجدہ نے کیا کیا کیا ذلیل ہم کوچۂ رقیب میں بھی سر کے بل گئے

(ملفوظ ۱۷۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ روم میں ایک مولویہ سلسلہ ہے یہ لوگ اہل سماع ہیں یہ لوگ

Marfat.com

مولانا رومی رحؒ کے خاندان سے ہیں اور سماع آلات کے ساتھ سنتے ہیں اُنمیں نے بجاتے ہیں ایکمرتبہ ایک شخص نے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے نے۔ تا نیکی درخواست کی حضرت کو نہ سننا منظور تھا نہ اُسکی دل شکنی فرمایا کہ میں اس فن کو جانتا نہیں تو نا اہل کے سامنے پیش کرنا فن کی ناقدری کرنا ہے اور یہ بھی فرمایا کہ اگر ہمارے فلاں مولوی صاحب ہوتے تو وہ قدر کرتے حضرت کے اس ارشاد کو بعض نے تو اُن مولوی صاحب پر اعتراض سمجھا اور بعض نے یہ سمجھا کہ اُن مولوی صاحب کو سماع کی اجازت ہے۔

(ملفوظ ۱۷۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے جہاں کسی نے کسی تقریر کے اعادہ کی درخواست کی تو یہ فرماتے کہ بھائی یہاں کوئی مدرسہ نہیں ہے قیل وقال کیلئے اور کبھی یہ فرمادیتے کہ حاضرین مجلس میں سے فلاں شخص سمجھ گیا اُس سے سمجھ لینا۔

۲۲ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم یک شنبہ

(ملفوظ ۱۷۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت مرزا مظہر جان جاناں رحمۃ اللہ علیہ کی حکایت سنی ہے کہ ایک شخص نے بہت بڑی رقم آپ کے سامنے پیش کی آپنے فرمایا کہ مجھکو اسوقت حاجت نہیں عرض کیا کہ حضرت کسی مصرف خیر میں صرف فرمادیجے فرمایا کہ میں کوئی تمھارا نوکر ہوں جو تقسیم کرتا پھروں خود صرف کردو یہاں سے تقسیم کرنا شروع کردو گھر تک نہ پہونچوگے کہ کچھ بھی باقی نہیں رہیگی۔ حضرت مولانا محمد قاسم صاحبؒ کو بریلی میں ایک صاحب نے پانچ چھہ ہزار روپیہ یا اس سے زائد دینا چاہا حضرت نے انکار فرمادیا اس نے بھی وہی بات کہی کہ کسی مناسب مصرف میں صرف کردیجے آپ نے فرمایا مجھ میں اسکی بھی لیاقت نہیں اُس نے عرض کیا آپ کیا فرماتے ہیں آپ نے فرمایا میں دلیل سے کہتا ہوں وہ دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں سجل نہیں اگر مجھ میں لیاقت ہوتی تو مجھکو دیتے جب تمکو دیا تو تم ہی اسکے اہل ہو خود ہی صرف کرو عرض کیا کہ پھر کوئی مصرف ہی بتلا دیجئے حضرت کو مدارس دینیہ کے ساتھ خاص شغف تھا فرمایا اس رقم سے کوئی مدرسہ دینیہ جاری کردو وہاں ضرورت بھی تھی کوئی ایسا مدرسہ نہ تھا پھر اس واقعہ پر بطور تقریح کے یہ بھی فرمایا کہ حضرت مولویوں کو مالیات میں پڑنا نہ چاہیئے اور یہ مال ایسی

Marfat.com

چیز ہے کہ اسمیں بہت جلد بدنامی ہوجاتی ہے اور بدنام کرنے والے حقیقت پر کبھی مطلع ہونے کی کوشش نہیں کرتے بداعتقاد ہوجاتے ہیں دہلی میں ایک متمول صاحب تھے وہ میرے صرف اسوجہ سے معتقد ہوئے تھے کہ ایک شخص نے مجھکو دو یا تین روپیہ دینے چاہے میں نے نہیں لئے انکار کر دیا اس لچر بنا پر تو معتقد ہوگئے پھر بداعتقاد بھی ایسی ہی لچر بات پر ہوگئے انھوں نے ایک دنیاوی معاملہ میں مجھسے سفارش چاہی میں نے نامناسب ہونے کے سبب انکار کر دیا بس اسپر غیر معتقد ہوگئے ان لوگوں کے نہ اعتقاد کا بھروسہ اور نہ بداعتقادی کا۔

(ملفوظ ۱۷۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا معمول تھا کہ قرآن شریف کے ترجمہ کے ساتھ توریت انجیل بھی پڑھایا کرتے تھے مولانا شاہ محمد اسحاق صاحب کے زمانہ میں اسکے ثمرہ کا ظہور ہوا واقعہ یہ ہے کہ ایک پادری آیا بعض اہل بدعت کے بہکانے سے اُس نے حضرت شاہ محمد اسحاق صاحب کا نام لیکر مناظرہ کا اعلان کیا بہکانے کی وجہ یہ تھی کہ شاہ صاحب سے عداوت تھی جانتے تھے کہ شاہ صاحب کو اس سے کیا مناسبت۔ ہار جائیں گے ذلت ہوگی نفسانیت بھی کیا بری چیز ہے یہ نہ سمجھا کہ اگر ایسا ہوا تو نعوذ باللہ اسلام کی ذلت ہے شاگردوں نے یہ دیکھکر کہ مولانا کو کبھی ایسا اتفاق نہیں ہوا یہ عرض کیا کہ حضرت ہمکو مناظرہ کی اجازت دیجاوے فرمایا کہ وہ میرا نام لیکر اعلان کرے اور میں خاموش بیٹھا رہوں مجھکو غیرت آتی ہے اب شاگردوں میں بڑی کھلبلی پڑی مگر یہ کون کہہ سکتا تھا کہ آپ کو عیسائیوں کے مناظرہ سے مناسبت نہیں کیونکہ ایسے مناظروں میں عادۃً الزامی جوابوں کی ضرورت ہوتی ہے قلعہ میں مناظرہ ٹھہرا یہ غدر کے زمانہ قبل کا واقعہ ہے حضرت شاہ صاحب مناظرہ کیلئے تشریف لیگئے مناظرہ ہوا حضرت شاہ صاحب نے توریت و انجیل کے حوالہ سے جواب دینا شروع کئے پادری کو شکست ہوئی لوگوں کو بڑا تعجب ہوا لوگوں نے عرض کیا کہ حضرت آپکو ان جوابوں کی کیا خبر فرمایا کہ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا معمول تھا کہ قرآن شریف کے ترجمہ کے ساتھ توریت اور انجیل بھی پڑھایا کرتے تھے یہ قصہ بیان کرکے فرمایا کہ ضرورت کی بنا پر میری رائے ہے کہ مدارس میں تین چیزوں کی تعلیم کا اور اضافہ کر دیا جائے ایک ریلوے قانون کا دوسرے ڈاکخانہ کے قواعد کا تیسرے فوجداری کی دفعات کا تاکہ جرم کی حقیقت سے واقف ہوجائیں بعض مرتبہ جرم کی حقیقت سے بے خبر ہونے کی وجہ سے جرم کا ارتکاب ہوجاتا ہے۔

Marfat.com

(ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں تو کہا کرتا ہوں کہ اگر کسی کو دنیا ہی حاصل کرنا ہو وہ اللہ والوں کی صحبت حاصل کرے کیونکہ انکی عقل نورانی ہوتی ہے قلب صاف ہوتا ہے حقائق منکشف ہوتے ہیں گو تجربہ نہیں ہوتا مگر جن چیزوں میں عقل کی ضرورت ہے ان میں ان حضرات کو کامل دسترس ہوتی ہے۔

(ملفوظ ۱۷۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ بزرگان سلف کے حالات پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ گویا اس دنیا میں رہتے ہی نہیں تھے کسی اور ہی عالم میں رہتے تھے انکی بات چیت بھی اور رنگ کی کھانا پینا بھی اور ہی رنگ کا ہر بات ہر کام میں رنگ ہی اور تھا اور ساری عمر اسی میں ختم کر گئے کیا ٹھکانا ہے ان حضرات کے تعلق مع اللہ کا اور کسی کام کے رہے ہی نہ تھے۔

۲۳ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم دوشنبہ

(ملفوظ ۱۷۶) ایک شخص نے آکر تعویذ مانگا کہ فلاں چیز کیلئے تعویذ کی ضرورت ہے حضرت والا نے اور کام چھوڑ کر تعویذ لکھنا شروع کیا اور فرمایا کہ چونکہ اس نے آکر پوری بات کہی میں نے سب کام چھوڑ کر اسکا تعویذ لکھدیا میرے یہاں تو اگر کوئی اصول سے کام لے ایک منٹ کی بھی دیر نہیں ہوتی فوراً کام ہو جاتا ہے ایک صاحب نے عرض کیا کہ اگر ہر قسم کے تعویذ پہلے سے لکھکر رکھ لئے جائیں تو بڑی سہولت ہو فرمایا کہ یہ تو کبھی خیال نہیں آیا کہ لکھکر تعویذ رکھ لئے جائیں مگر سہولت کی ایک صورت اس سے بھی زیادہ تجویز کی تھی کہ جو شخص تعویذ لینے آئے اسکو بسم اللہ لکھکر دیدیا کرو لگا نہ لوگ سوال و جواب کی کھکھیڑ میں پڑیں گے نہ میں الجھوں گا اسکے بعد ایک روز دو شخص آئے میں نے بدون ان سے دریافت کئے بسم اللہ لکھکر تعویذ دیدیا وہ لیکر چلے گئے میں اس تجویز پر بہت خوش تھا کہ یہ اچھا طریقہ ہاتھ آیا میں مجمع میں اسکو بیان کرنے لگا ایک صاحب نے مجھسے کہا کہ کچھ خبر بھی ہے کہ کیا نتیجہ ہوا وہ آپس میں یہ کہتے جا رہے تھے کہ ہم نے کچھ کہا بھی نہیں اور انکو دلکی خبر ہو گئی میں نے کہا کہ یہ تو اس سے بھی بڑا مفسدہ ہے آخر اس تجویز کو چھوڑ دیا لوگ بھی بڑے ہی حضرت ہیں ان کا کہاں تک کوئی انتظام کرے۔

(ملفوظ ۱۷۷) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ایک شخص مجھسے کہتے تھے کہ حضرات علماء دیوبند وہابی

Marfat.com

ہیں مگر اپنے کو چھپاتے ہیں فرمایا کہ یہ تو درویشی کے لوازم سے ہے ایسا سمجھنا لغو نہیں خصوص چشتیہ کے یہاں تو شہرت کی سخت ممانعت ہے وہ اسکو حجاب سمجھتے ہیں چشتیہ میں فنا کا بہت زیادہ غلبہ ہے اپنے کو مٹائے ہوئے ہیں وہ نہ کشف کو کمال سمجھتے ہیں نہ کرامت کو نہ الہام کو اُن کے یہاں فنا ہو جانا مرٹ جانا اول قدم ہے بس اُنکی تو یہ حالت ہے ؎

عشق آں شعلہ است کو چوں برفروخت ہر چہ جز معشوق باقی جملہ سوخت
تیغ لا در قتل غیر حق براند در نگر آخر کہ بعد لا چہ ماند
ماند الا اللہ باقی جملہ رفت مرحبا اے عشق شرکت سوز تفت

(ملفوظ ۱۷۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل درویشوں کی دو قسمیں ہیں ایک محق ایک مبطل پھر محق کی دو قسمیں ہیں ایک محقق ایک غیر محقق باستثنار محققین کے کہتا ہوں کہ آج محق بھی اس کی کوشش کرتے ہیں کہ امرار سے تعلق ہو باوجودیکہ وہ اہل حق ہیں دکاندار نہیں مگر پھر بھی اسکی کوشش کرتے ہیں کہ امرار سے تعلق ہو گو انکی نیت بری نہیں مگر پھر بھی اس مذاق کا ضرر ہی زیادہ ہے اسی لئے حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ اس سے بہت سختی کے ساتھ نفرت رکھتے تھے لوگوں کو معلوم نہیں کہ ان لوگوں سے تعلق رکھنے میں گو حب دنیا بھی نہ ہو تب بھی بڑا مفسدہ ہے جسکا بکثرت مشاہدہ ہو رہا ہے اور یہ ایسی بات ہے کہ بجز اہل بصیرت کے اسکو ہر شخص نہیں سمجھ سکتا ایک صاحب کے اس سوال پر کہ اگر کسی جائز بمصلحت کیلئے تعلق کیا جاوے تو کیا حرج ہے فرمایا کہ ہر جائز چیز سے بھی تو طبائع سلیمہ کو رغبت نہیں ہوتی مثلاً اوجھڑی کا کھانا جائز ہے مگر لطیف المزاج کو اس سے طبعی نفرت ہے اکثر مدرسہ والے بھی ان ہی خیالات میں مبتلا ہیں گو ان کے مقاصد اور نیت بری نہیں مگر اسکا انجام دیکھکر مجھکو تو طبعی نفرت ہے اس طریقہ کار سے۔

(ملفوظ ۱۷۹) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ تکلف تو کسی کے ساتھ بھی نہ ہونا چاہئے باقی بڑوں کے ساتھ ..... گو تعظیم نہ ہو مگر ادب ضرور ہونا چاہئے ایسا بے تکلف ہو جانا جو بے ادبی کے رنگ پیدا کرے یہ بے تکلفی نہیں بلکہ یہ گستاخی ہے اور اتنا بے تکلف ہو جانا جو بے ادبی کے درجہ میں پہونچ جاوے کبر سے ناشی ہے اور حالاً دوسروں پر یہ ظاہر کرنا ہے کہ مجھکو اسقدر قرب حاصل ہے جو دوسروں کو نہیں اسلئے اسکا منشا کبر ہے۔

Marfat.com

(ملفوظ ۱۸۰) ایک سلسلۂ گفتگو میں فرمایا کہ ہدیہ میں یہ میرا معمول ہے کہ دو چیزوں کو دیکھتا ہوں ایک تو یہ کہ ہدیہ میں کامل شوق ہو میں ایسے شخص کی خدمت کو منظور کر لیتا ہوں اور ایک یہ کہ ایک دن کی آمدنی سے زائد نہ ہو اسمیں حکمت یہ ہے کہ بعض اوقات شوق کے غلبہ میں اپنے مصالح پر نظر نہیں رہتی مگر اپنا جی چاہتا ہے کہ جو اپنے سے محبت کرے اسکو بھی تکلیف نہ ہو اسلئے مصلحت سے زیادہ مقدار میں لینا اچھا نہیں معلوم ہوتا۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ ہدیہ دینے کے وقت ہیئت اور صورت ایسی ہونا چاہئے کہ لینے والیکو اسمیں ذلت کا شبہ نہ ہو اور یہ تو ہدیہ ہے جس میں آداب کی ضرورت ظاہر ہے میرا تو یہ مذاق ہے کہ جو میرے تنخواہ دار ملازم ہیں اُن کے سامنے بھی تنخواہ کا روپیہ کبھی پھینکتا نہیں اکرام کے ساتھ سامنے رکھدیتا ہوں اسلئے کہ نوکری کی حقیقت ہے منافع بدنیہ کا معاوضہ اعیان مالیہ سے اور جہاں دونوں جانب اعیان مالیہ ہوں جیسے تجارت وہاں کوئی شخص متاع کی قیمت بصورت امانت ادا نہیں کرتا اور منافع بدنیہ زیادہ بڑھے ہوئے ہیں منافع مالیہ سے سو جب تجارت میں تاجر کی امانت نہیں کیجاتی تو ہمکو کیا حق ہے نوکر کی امانت کا۔

(ملفوظ ۱۸۱ ملقب بہ ادب السیاستہ) ایک صاحب کی غلطی پر حضرت والا مواخذہ فرما رہے تھے اُن سے جواب طلب ہو رہا تھا وہ صاحب خاموش تھے ایک صاحب نے جو کہ مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے اُن صاحب سے خطاب کیا کہ آپ جواب دیدیجئے اسپر حضرت والا نے اُن سے فرمایا کہ بس آپ دخل نہ دیجئے آپ کو میں نے وکیل نہیں بنایا آپ کیوں دخل در معقولات دیتے ہیں اس طرز میں بڑے مفسدے ہیں ایک مفسدہ تو یہ ہے کہ ایک غریب پر چہار طرف سے ہنگامہ برپا ہو جاتا ہے جس سے اسکی دلشکنی ہوتی ہے دوسرے یہ کہ مخاطب کو مجھسے تو محبت ہے اسلئے اسکو میری ہر بات گوارا ہوگی اور تمسے محبت نہیں اسلئے اُسکو ناگواری ہوگی اور ایک تیسری بات ان دونوں سے باریک ہے جسپر بدون غور کے نظر پہونچنا مشکل ہے وہ یہ کہ میری اسمیں اہانت ہے کہ تو کافی نہیں ہمارے جوڑ لگانیکی ضرورت ہے اور اُن ناصح صاحب سے یہ بھی فرمایا کہ آپکو بیٹھے بٹھلائے کیوں جوش اٹھا آدمی کو پہلے اپنی فکر چاہئے یہ سب فضول باتیں بے فکری سے ہوتی ہیں معلوم ہوتا ہے کہ آپ اس طریق کی حقیقت سے بالکل بے خبر ہیں اس طریق میں پہلا قدم اپنے کو مٹانا فنا کرنا ہے پیچھے آنے والوں کو تو ایسا رہنا چاہئے کہ دوسرا سمجھ ہی نہ سکے کہ کوئی پیچھے رہتا بھی ہے عرض کیا کہ معاف کیجئے غلطی ہوئی آئندہ

رسالہ التبلیغ نمبر ۶

بابتہ ماہ صفر المظفر ۱۳۵۷ھ

Marfat.com

انشاء اللہ تعالیٰ کبھی ایسی غلطی نہ ہوگی فرمایا کہ معافی تو میں کوئی انتقام تھوڑا ہی لے رہا ہوں معاف ہے مگر کیا غلطی پر متنبہ بھی نہ کروں ہمیشہ اسکا خیال رکھئے کہ جہانپر آدمی جائے اول وہاں کے اصول اور قواعد اور آداب معلوم کرلے ۔ ہر جگہ کے جدا اصول اور قواعد ہوتے ہیں دوسرے آدمی کو نئی جگہ میں بولتے ہوئے ویسے بھی تو حجاب ہوتا ہے خصوصًا میرے یہاں آنیوالوں کو اور رہنے والوں کو تو اسکا مصداق بنکر آنا اور رہنا چاہئے ؎

بہشت آنجا کہ آزارے نباشد　　کسے رابا کسے کارے نباشد،

ان ہی بدتمیزیوں کی وجہ سے میں ایسے لوگوں سے جن سے بے تکلفی نہ ہو یا بے تکلفی ہو مگر اُس شخص میں سلیقہ نہ ہو کوئی خدمت نہیں لیتا اسلئے کہ اس حالت میں بجائے راحت کے تکلیف ہوتی ہے اب پنکھا ہی ہے اسکو کھینچنے میں بعض بدتمیزی کرتے ہیں مشین بنجاتے ہیں اسکا بھی خیال نہیں کرتے کہ مجلس سے کوئی اُٹھ رہا ہے اسکے سر میں لگ جاویگا کچھ پروا نہیں اور میں تو عین مواخذہ کی حالت میں بھی مخاطب کی رعایت رکھتا ہوں کہ اسکی اہانت نہ ہو ذلت نہ ہو اور اہانت تو وہ کریگا جو اپنے کو اُس سے افضل خیال کرتا ہو میں سچ عرض کرتا ہوں کہ عین مواخذہ کے وقت بھی میں اسی کو اپنے سے افضل اور بہتر سمجھتا ہوں اور اُسوقت اسکا استحضار ہوتا ہے کہ معلوم نہیں خدا تعالیٰ کے نزدیک بوجہ نیت کے اسکی بات پسند ہو اور میری ناپسند ہو اُسوقت مجھپر خوف کا غلبہ ہوتا ہے ڈرتا رہتا ہوں تو بھلا ایسا شخص کیا کسی کی دل سے اہانت کرسکتا ہے یا اسکو ذلیل سمجھ سکتا ہے ۔ اب رہا یہ شبہ کہ عتاب کی حالت میں معتوب کو ذلیل نہ سمجھے یہ دونوں چیزیں کیسے جمع ہوسکتی ہیں تو بعض اکابر نے اسکی ایک عجیب مثال فرمائی ہے کہ کسی شہزادے کے کسی جرم پر بادشاہ بھنگی کو حکم دے کہ اسکے بید لگاؤ تو عین بید لگانے کے وقت کیا بھنگی اپنے کو شہزادے سے افضل سمجھیگا ہرگز نہیں یہ ہی سمجھیگا کہ شہزادہ شہزادہ ہی ہے میں بیچارہ بھنگی میرا کیا وجود اور کہاں ہستی مگر چونکہ بادشاہ کا حکم ہے اُس فرض کو پورا کررہا ہے اور یہ خیال بھی لازم حال ہے کہ اگر حکم کے خلاف ہاتھ ہلکا بھی پڑا تو کہیں اسکی جگہ میں نہ رکھا جاؤں ان دونوں کو جمع کرنے کی مثال اس سے زیادہ واضح دوسری نہیں ہوسکتی اسی طرح واللہ کبھی وسوسہ بھی میرے قلب میں اسکی اہانت کا نہیں ہوتا اسی کو افضل سمجھتا ہوں مگر چونکہ حکم ہے اسلئے کہنے کی بات کہتا ہوں اصلاح کا کام سپرد ہوگیا ہے اسلئے ضروری بات نہ کہنے کو خیانت

رسالہ المبلغ ص ۵ ج ۹　　۱۰ صفر المظفر ۱۳۴۸ھ

Marfat.com

سمجھتا ہوں حضرت مولانا دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ کے اخلاق اظہر من الشمس ہیں مگر اخیر میں سنا ہے کہ حضرت بعض لوگوں کے متعلق یہ رائے ظاہر فرما دیتے تھے کہ ایسے متکبرین کا علاج تھانہ بھون ہو سکتا ہے۔ ہمارے مجمع میں حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب رائپوری بے انتہا خلیق تھے اُنکی اخلاق کی یہ حالت تھی کہ جو کسی نے دوا بتائی کھالی بعض دفعہ اُس سے تکلیف بھی ہو جاتی لیکن اگر وہ شخص پوچھتا ہے کہ حضرت کو دوا نے نفع دیا فرماتے بڑا فائدہ ہوا اور میری حالت یہ ہے کہ اکثر طبیب بھی آتے رہتے ہیں اگر وہ کسی موقع پر مجھ سے کسی دوا کے استعمال کو کہتے ہیں تو میرا معمول ہے کہ میں صاف کہدیتا ہوں کہ میرے معالج فلاں حکیم صاحب ہیں آپ اُنکو مشورہ دیجئے میں اُن کے کہنے سے کھالونگا آپ کے کہنے سے نہیں کھاؤنگا۔ غرض مجھ سے اُن کے اخلاق بدرجہا بڑھے ہوئے تھے لیکن باوجود اسکے اخیر میں جب حضرت مرض الموت میں مبتلا ہوئے اور اُسمیں بھی لوگوں نے چین نہیں دیا تب فرمایا کہ واقعی اشرف علی کے ضوابط اور قواعد کی سخت ضرورت ہے یہ مقولہ حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب رائپوری کا ہے۔ خود پیر و مرشد حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے اخلاق کی یہ حالت تھی کہ ایک خانصاحب آپکی خدمت میں اکثر دوپہر کے وقت آیا کرتے وہی وقت حضرت کے آرام کا ہوتا تھا مگر اُنکی وجہ سے دوپہر میں بیٹھے رہتے اور کبھی منع نہیں فرمایا ایک روز حافظ محمد حسن صاحب نے دیکھ لیا فرمایا کہ خانصاحب رات بھر تو جورو کی بغل میں پڑے سوتے رہتے ہو اور اللہ والے رات کو جاگتے ہیں یہ دوپہر کو قیلولہ کر لیتے ہیں اسمیں بھی اگر تم مخل ہوتے ہو خبردار جو کبھی دوپہر میں آئے جب خانصاحب کا آنا بند ہوا مگر حضرت نے اپنی زبان سے کبھی منع نہیں فرمایا مگر باوجود ان اخلاق کے اب حضرت کی رائے کا واقعہ سنئے واقعہ یہ ہے کہ مولوی ظفر احمد حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سے بیعت ہیں اُنھوں نے ایک روز حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا عرض کیا کہ حضرت دعا کر دیجئے کہ میں صاحب نسبت ہو جاؤں حضرت نے فرمایا کہ صاحب نسبت تو ہو مگر اصلاح کی ضرورت ہے لیکن اگر اصلاح کراؤ تو اپنے ماموں سے کرانا اس سے میں مراد ہوں تو دنیا میں رہنے والوں کی اور آخرت میں دیکھنے والوں کی سب بزرگوں کی رائے یہاں کے قواعد اور ضوابط اور اصول کے نافع ہونے پر متفق ہے۔

۱۸۲ (ملفوظ) ایک سلسلۂ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اسوقت اپنے فن کے

Marfat.com

مجتہد تھے امام تھے مجدد تھے حضرت کی بصیرت دیکھئے، اللہ اکبر ناجائز ملازمت کے چھوڑنے کی اجازت نہ دیتے تھے فرمایا کرتے تھے کہ اگر معصیت و قایہ کفر ہوئی تو ایسی معصیت کو کفر پہ ترجیح ہوگی وجہ یہ ہے کہ اب تو گناہ ہی میں مبتلا ہے اور ملازمت چھوڑ دینے کے بعد افلاس کا شکار ہوگا جس سے ضعف طبیعت کی وجہ سے بعض کیلئے اندیشہ ہے کفر کا اسلئے فرماتے تھے کہ پہلے جائز ملازمت تلاش کرلو پھر ناجائز کو چھوڑ دو معمولی علما بھی ایسی تحقیقات بیان نہیں کرسکتے حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رح نے ایکمرتبہ حضرت کو لکھا کہ اگر اجازت ہو تو ملازمت چھوڑ دوں اسوقت مولانا مطبع مجتبائی میں دس روپیہ تنخواہ پہ ملازم تھے حضرت نے کیا عجیب جواب لکھا کہ مولانا ابھی تو آپ بچے ہی رہے ہیں یہ پوچھنا دلیل ہے تردد کی اور تردد دلیل ہے خامی کی اور حالت خامی میں ملازمت کا چھوڑنا موجب پریشانی اور تشویش کا ہوگا جب مولانا کو یہ جواب فرمایا گیا تو اور تو کسکا منہ ہے قوت سے دعوے کا البتہ اقویٰ کا دوسرا حکم ہے چنانچہ خود حضرت پر بڑے سخت وقت گذرے ہیں مگر حضرت نے کبھی اسباب و تدابیر کا اہتمام نہیں فرمایا اور حضرت کی تو بڑی شان تھی حضرت کی صحبت کی برکت سے حضرت پیرانی صاحبہ کا وہی رنگ ہوگیا تھا چنانچہ اُن کا ایک واقعہ ذکر کرتا ہوں کہ حضرت کی وفات کے بعد میں نے پیرانی صاحبہ کو لکھا کہ پہلے تو ہم خدام بے فکر تھے حضرت کی وجہ سے اب حضرت کی وفات ہوگئی تو ہم خدام آپکی ضروریات کا اہتمام کرنا چاہتے ہیں اسلئے میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ آپ یہاں پر رہنا چاہتی ہیں یا مکہ ہی میں تاکہ اسی جگہ راحت کا انتظام کردیا جاوے جواب آیا کہ ہم اسوقت عدت میں ہیں جسمیں خروج جائز نہیں تو خروج کا تذکرہ بھی مناسب نہیں عجیب بات تحریر فرمائی جس سے اکابر مشائخ کی سی شان تحقیق معلوم ہوتی ہے یہ باتیں ہیں قابل وجد غرض میں عدت کے ختم ہونیکا منتظر رہا جب عدت ختم ہوگئی میں نے پھر لکھا کہ اب تو عدت ختم ہوگئی اب کیا حکم ہے اور میں نے یہ بھی عرض کیا کہ ہمیں سہولت تو آپ کے یہاں آجانے میں ہے جواب آیا کہ میں عورت ہوں اور عورت ناقص العقل ہوتی ہے میری کیا رائے تم اور مولانا رشید احمد صاحب مشورہ کرکے جو تجویز کردیں میں اُسی کی تعمیل کرونگی۔ پھر میں نے حضرت مولانا سے مشورہ کیا حضرت نے وہاں ہی کے قیام کو ترجیح دی میں نے پیرانی صاحبہ کو اطلاع کردی اور ارادہ کیا کہ وہاں رہنے کی حالت میں کچھ انتظام مالی خدمت کا کردیا جاوے مگر خدا انتظام یہ ہوگیا کہ ایک رئیس نے بقدر کفایت ماہوار مقرر کردیا اور تاحیات جاری رکھا اسلئے بیفکری ہوگئی۔

Marfat.com

۲۴ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم شنبہ،

(ملفوظ ۱۰۱۳) ایک سلسلہ گفتگو میں حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ کا ذکر فرماتے ہوئے فرمایا کہ واقعی حضرت اپنے وقت میں اس فن کے مجتہد تھے اسکی ساتھ ہی حضرت میں انتظامی شان بھی تھی خصوص شریعت کی حفاظت میں ایک مرتبہ امیر شاہ خانصاحب نے حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے ایک فتوی کے متعلق جسمیں کچھ توسع فرمایا گیا تھا حضرت کو ایک خط لکھ مارا کہ جب آپ حضرات ایسی باتوں کو جائز کہیں گے تو بدعتی نہ معلوم کہاں پہونچ جائیں گے لکھنے کو تو لکھ گئے مگر اسکے بعد تنبہ ہوا کہ ایسا لکھنا سوء ادب ہے دوسرا خط لکھا کہ ایک خط ایسی بے ادبی کا لکھ چکا ہوں اور نادم ہوں امید ہے کہ احقر کو معاف فرمائیں گے حضرت نے جواب میں تحریر فرمایا کہ امیر شاہ خانصاحب مجھے حیرت ہے کہ اظہار حق کے بعد ندامت مجکو تو جیسے پہلے خط سے خوشی ہوئی تھی دوسرے سے اتنا ہی رنج ہوا یہ تھی ان حضرات کی شان حفاظت شریعت کی۔

(ملفوظ ۱۰۱۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے ایک غیر مقلد نے بیعت کی درخواست کی اور یہ بھی شرط لگائی کہ میں غیر مقلد ہی رہونگا حضرت نے منظور فرمالیا اور کچھ اللہ کا نام بتلادیا حضرت ذکر کے عاشق تھے یہ چاہتے تھے کہ ساری دنیا ذکر اللہ میں لگ جائے چاہے کوئی غیر مقلد ہو مقلد ہو بدعتی ہو وہابی ہو مطلب یہ تھا کہ ذاکر بنیں سب سے غفلت دور ہو اسی وجہ سے حضرت نے اس غیر مقلد کو بھی بیعت کرکے کچھ تعلیم فرمادیا ایک دو روز کے بعد کسی نے حضرت کو خبر دی کہ آپ کی برکت سے اس نے غیر مقلدی سے توبہ کرلی جہر آمین اور رفع یدین سب چھوڑ دیا حضرت نے بلاکر دریافت فرمایا کہ تمنے آمین بالجہر اور رفع یدین وغیرہ چھوڑ دیا عرض کیا ہاں حضرت سب چھوڑ دیا فرمایا کہ اگر خود تمھاری تحقیق اور رائے بدلی ہے تو میں مزاحمت نہیں کرتا کیونکہ عدم جہر و عدم رفع بھی سنت ہے اور اگر میرے تعلق کی وجہ سے چھوڑا ہے اور سنت اسی عمل سابق کو سمجھتے ہو تو میں ترک سنت کا وبال اپنے ذمہ نہیں لیتا سبحان اللہ کیا شان ہے تحقیق کی عادل یہ حضرات ہیں عدل انکی گھٹی میں ڈالا جاتا ہے یہ محقق ہی کی شان ہوسکتی ہے اور غیر محقق تو قیامت تک بھی اتنی وسعت نہیں کرسکتا

Marfat.com

حضرت نہ غیر مقلد تھے نہ بدعتی تھے محقق تھے محقق کی یہی شان ہوتی ہے۔

(ملفوظ ۱۸۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ تصرف سے جو عمل میں اثر ہوتا ہے وہ مقصود نہیں اس سے طبیعت میں ایک قسم کا نشاط پیدا ہو جاتا ہے ایسے آثار کیفیات نفسانیہ ہیں جو تصرف پر مرتب ہو جاتی ہیں نفیاً بھی اثباتاً بھی سلباً بھی اور اس سے جو نشاط کی صورت پیدا ہو جاتی ہے اس سے ذرا اعمال میں سہولت ہوتی ہے ورنہ بعض اوقات تکلف کے ساتھ ادا ہوتے ہیں مگر جو تکلف سے ادا ہوں اس سے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوتی بلکہ یہ سبب زیادت اجر کا ہو جاتا ہے اسلئے کہ اسمیں نفس پر تعب زائد ہوتا ہے۔

(ملفوظ ۱۸۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اہل وطن خصوص گھر والے مشکل سے معتقد ہوتے ہیں مگر اللہ کا فضل ہے کہ گھر والے خصوص اہل وعیال مجھسے اعتقاد اور محبت رکھتے ہیں باوجود اسکے کہ میرا کچا چٹھا واقعات کا عیوب کا حالات کا انکو معلوم ہے مگر پھر بھی انکو محبت ہے یہ حق تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے مجکو آرام پہونچانا منظور ہے ظاہر ہے گھر والوں کو جتنی محبت ہوتی ہے آرام پہونچاتے ہیں۔

(ملفوظ ۱۸۷) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ کمال کا دعویٰ تو کبر سے ناشی ہوتا ہی ہے مگر بعض اوقات نفی کمال اور تواضع بھی کبر سے ناشی ہوتی ہے کہ اسکو ذریعہ بڑائی کا بناتا ہے۔

(ملفوظ ۱۸۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اس طریق میں نفع منا سبت پر موقوف ہے بدون مناسبت کے نفع نہیں ہو سکتا دو صاحب ایک مولوی صاحب کو سفارش کیلئے لیکر آئے کہ ہمکو بیعت کر لیا جائے میں نے مولوی صاحب سے کہا کہ آپ ہی بیعت کر لیں انکو آپ سے مناسبت ہے اسلئے کہ آپ بھی خادم قوم ہیں یہ بھی خادم قوم ہیں اور میں نادم قوم ہوں کہ کبھی قوم کو نفع نہیں پہونچایا اور نفع کا مدار اس طریق میں مناسبت پر ہے اور میرے طریق میں جب تک تمام تعلقات غیر ضروریہ کو قطع نہ کر دے کام نہیں چل سکتا اُن دو صاحبوں میں سے ایک نے کہا کہ یہ ہو سکتا ہے کہ ہم کچھ روز کیلئے تمام تعلقات سے یکسوئی کر لیں اسکے بعد پھر اپنے پہلے کام میں لگ جائیں میں نے کہا کہ کام کی بات پوچھی اب جواب سنئے کہ عزم تعلقات دلو بعد حین یہ بھی مانع نفع ہے کیونکہ اس صورت میں یکسوئی کب ہوئی جب یہ خیال رہا کہ پھر یہ کرنا ہے یکسوئی تو جب ہو سکتی ہے کہ عمر بھر کیلئے قطع کا ارادہ کر لے پھر خواہ شیخ اپنی رائے سے کسی تعلق کو تجویز کر دے۔

Marfat.com

(ملفوظ ۱۸۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک شخص نے لکھا تھا کہ میں نے سنا ہے کہ آپ مجدد ہیں کیا یہ صحیح ہے اب اگر کوئی اور ہوتا تو لکھتا کہ ہوں یا نہیں مگر میں نے لکھا کہ جزم کی تو کوئی دلیل نہیں اور احتمال مجھے بھی ہے جو بات تھی صاف لکھدی دوسرے کو پریشان کرنا اس سے کیا فائدہ نہ اثبات پر جزم نہ نفی پر جزم مثبت کو نفی کرنا اور منفی کو مثبت کرنا یہ بھی تو پریشان ہی کرنا ہے۔

(ملفوظ ۱۹۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل اس راہ سلوک میں راہ زن بہت پیدا ہو گئے ہیں لوگوں کو گمراہ کرتے ہیں اور جو خود گمراہ ہو وہ دوسرے کو کیا راستہ بتلائیگا ایک بدعتی دوکاندار پیر کا واقعہ ہے کہ ایک شخص پولیس میں ان کا مرید تھا وہ کسی جرم میں ماخوذ ہو کر لین حاضر ہوا اور اتفاق سے میرے ایک عزیز بھی حاضر ہو گئے اس شخص نے اپنے پیر کو خط لکھا تھا کہ یہ صورت حال ہے دعا کیجئے اور ان عزیز نے بھی ان سے اپنی لئے دعا کرنے کو لکھوا دیا پیر نے جواب میں لکھا کہ آجکل پولیس پر خدا کا غضب ہے اور اسکا انتظام میرے سپرد ہے اور ہر جمعرات کو پیران کلیر میں اولیاء اللہ کی کمیٹی ہوتی ہے اور یہ معاملات پیش ہوتے ہیں اور ظالم نے میرا نام بھی لکھا کہ وہ بھی کمیٹی میں شریک ہوتا ہے اس کمیٹی میں پیش کر دیا جاویگا اب جو حکم ہو۔ اور قرائن سے اس خرافات کے لکھنے کی یہ مصلحت تھی کہ جب مجکو یعنی اشرف علی کو بذریعہ ان عزیز کے یہ جواب معلوم ہوگا جس میں میری ولایت بھی ثابت ہوتی ہے تو میں خوش ہو کر انکو ولی کہونگا تو وہ عزیز بھی معتقد ہو جائیں گے ان عزیز نے مجھکو لکھا کہ انکی جمعرات کو وہ معاملہ پیش ہوا تھا یا نہیں اور کیا حکم ہوا میں نے ان عزیز کو ڈانٹا کہ کیا واہیات ہے اور تعجب ہے تمکو ایسی بات کا یقین آگیا اور حقیقت تو یہ ہے کہ اگر عبدیت میسر ہو جائے تو قطبیت ابدالیت سب اسپر قربان ہیں حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی عبدیت کی صفت کو رسالت پر مقدم کہا گیا ہے چنانچہ تشہد میں عبدہ ورسولہ کہا گیا ہے باقی اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ نبوت سے ولایت افضل ہو جیسا بعض کو شبہ ہو گیا ہے اور منشا اشتباہ کا یہ ہوا کہ ولایت میں توجہ الی الحق ہوتی ہے اور نبوت میں توجہ الی الخلق اور ظاہر ہے کہ اول افضل ہے ثانی سے مگر محققین نے نبوت ہی کو ولایت سے افضل کہا ہے اور اس شبہ کا جواب یہ ہے کہ نبوت میں صرف توجہ الی الخلق نہیں ہوتی بلکہ دونوں کا مجموعہ ہے جسمیں اصل مقصود توجہ الی الحق ہے اور توجہ الی الخلق تابع اور چونکہ وہ بھی مامور بہ ہے اسلئے وہ توجہ الی الخلق بھی ضرر نہیں بلکہ توجہ الی الحق ہی ہے گو لون اسکا دوسرا

رسالہ المبلغ ص ۵ ج ۹

بابتہ ماہ صفر المظفر ۵۷ھ

Marfat.com

ایک صاحب نے عرض کیا کہ جب وہ توجہ الی الخلق مضر نہیں تو پھر لیغان علی قلبی والی استغفر اللہ کیوں فرمایا۔ فرمایا کہ صورۃً تو اسطرف توجہ رہی اسکو غین فرمایا گیا اور استغفار سے اسکو صاف کیا گیا جیسے آئینہ کے اندر بھی محبوب کی صورت نظر آسکتی ہے اور کسی حکمت کی وجہ سے محبوب کا حکم ہوا کہ دو گھنٹے بھکو بلا واسطہ دیکھو اور ایک گھنٹہ آئینہ میں ہمارے عکس کو دیکھو تو واقع میں وہ بھی محبوب ہی کی روبیت ہے مگر صورۃً بواسطہ حجاب کے ہے اور انتقال امر کے وقت رؤیت بلا واسطہ سے بھی قرب میں بڑھی ہوئی ہے اسکو ایک مثال سے سمجھئے محبوب نے کہا کہ مجلس سے اٹھکر بازار سے آم لاؤ وہاں دو عاشق ہیں ایک تو نہیں گیا کہ میں قرب سے محروم ہو گیا ایک نے کہا کہ میں لاتا ہوں وہ آم لیئے چلا گیا بظاہر تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ جو نہیں گیا وہ مقرب ہے مگر واقع میں مقرب وہ ہے جو چلا گیا اسکو رضا بھی سیر ہے لقا بھی سیر ہے اور اوپر معلوم ہو چکا ہے کہ ولایت نبوت کا جزء ہے اور جزء کل سے کیسے افضل ہو سکتا ہے اور یہ بھی معلوم ہو چکا ہے کہ یہ جزو یعنی توجہ ..... الی الخلق دوسرے جزء کو مضر نہیں مگر باوجود اسکے عاشق طبعاً چاہتا ہے کہ یہ حجاب بھی نہ ہو بلکہ بعض اوقات وہ نہایت غیرت سے اپنے کو بھی حجاب سمجھکر اسکو مٹانا چاہتا ہے اسی کو کہتے ہیں ؎

غیرت از چشمم برم روئے تو دیدن نہ دہم　　گوش را نیز حدیث تو شنیدن ندہم

اسی کو حضور فرماتے ہیں کہ میرے قلب پر بھی غین یعنی حجاب ہوتا ہے اور میں اسکے لئے استغفار کرتا ہوں پس صورۃً جو کمی ہو جاتی ہے اسکا تدارک اس سے کیا جاتا ہے میں ہیں آجکل حضرات چشتیہ کے حالات دیکھ رہا ہوں انکے یہاں ایسے قصے ہی نہیں کہ نبوت افضل ہے ولایت سے یا ولایت افضل ہے نبوت سے اُن کے یہاں تو صرف یہ ہے کہ آخرت کا خوف پیدا کرو کام میں لگو عمل کرو خدا کے سامنے آو خشیت پیدا کرو محبت پیدا کرو۔ زیادہ وقت ان حضرات کا ذکر اور فکر میں گذرتا تھا یہ لوگ فانی تھے بالکل اسکے مصداق تھے ؎

عشق آں شعلہ است کو چوں برفروخت　　ہر چہ جز معشوق باقی جملہ سوخت

۱۹۱ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل شرفا بہت پریشان ہیں روزگار نہیں ملتا زیادہ تر شریفوں ہی کے ایسے خطوط آتے ہیں غریب لکھتے ہیں کہ نوکری ڈھونڈتے ہیں مگر نہیں ملتی بڑا ہی سخت ہوتا

Marfat.com

بی۔اے۔پاس ہیں ایم اے ہیں مگر نوکری نہیں ملتی اب تو یہ سوال ہونے لگا ہے کہ انگریزی پڑھکر کہاں سے کھاؤ گے پہلے یہ لوگ عربی دانوں سے پوچھتے تھے کہ عربی پڑھکر کہاں سے کھاؤ گے یہاں ایک بزرگ تھے وہ کہا کرتے تھے کہ علم دین کا تو ادنیٰ نصاب بھی معاش کے لئے کافی ہے دیکھئے کوئی شخص اذان یاد کرلے جو پانچ منٹ کا کام ہے اور کسی مسجد میں جا بیٹھے پھر سارے کنبہ کو روٹیوں کی کمی نہ ہوگی اور انگریزی میں اعلیٰ نصاب سے کم تو بالکل ہی بیکار ہے اور اب اعلیٰ اعلیٰ پاس کرنے پر بھی روٹیاں ملنی دشوار ہوگئیں۔

۲۵ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم چہارشنبہ

(ملفوظ ۱۹۲) ایک نووارد شخص نے عرض کیا کہ مولوی جی میں بہت دور سے آیا ہوں فرمایا کہ اس کہنے سے کیا غرض کیا بعید اور قریب سے آنے کے جدا جدا اثر ہوتے ہیں مجھپر تو نہیں ہوتے جو بات کہنا ہو وہ کہہ لو عرض کیا کہ میں ایک بیوہ عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہوں کوئی تعویذ دیدو یا کوئی عمل پڑھنے کو بتلادو فرمایا کہ میں اس قسم کے تعویذ گنڈے نہیں کیا کرتا بخار یا دردسر وغیرہ کا تعویذ دیدیتا ہوں۔ عرض کیا کہ میں تو بہت دور سے آیا ہوں فرمایا کہ میں پہلے ہی اس کہنے سے منع کر چکا ہوں اور تم پھر اسی کو دہرائے ہو کہے جاؤ اس کہنے کا مجھپر کوئی اثر نہیں ہوتا جب میں ایک کام کو جانتا ہی نہیں تو اسمیں بعید یا قریب کیا تیر چلائیگا۔ عرض کیا کہ ہم زمیندار لوگ ہیں ایسے ہی گنوار ہوتے ہیں فرمایا اور ہم ایسے گنواروں کو اسی طرح درست کیا کرتے ہیں تم بدتمیزی کیا کرو اور ہم درست کیا کریں اپنے اپنے کام میں لگے رہو اپنے اپنے کام کرنے پر ایک مثال یاد آئی ایک سنی نے ایک شیعی کو تبرا کہنے پر قتل کر دیا تھا مقدمہ چلا شیعی کے بیرسٹر نے حاکم سے کہا کہ ہمارے یہاں تبرا کہنا عبادت ہے اور ہر شخص کو مذہبی آزادی ہونا چاہئے پھر قتل شخص بیجا ہوا سنی کے وکیل نے کہا کہ جو تبرا کہے ہمارے یہاں اسکو قتل کر دینا عبادت ہے پس یہ بھی آزاد رہے وہ بھی آزاد رہے مقدمہ خارج کر دیجئے اس آزاد رہنے پر ایک مسئلہ یاد آگیا فقہا نے عورت کو خاوند کے مسخر کرنے کیلئے تعویذ کرانے کو حرام کہا ہے اسکی وجہ بحمداللہ میری سمجھ میں آگئی جسکا حاصل یہ ہے کہ ایسا تعویذ مراد ہے جسکا یہ اثر ہو کہ وہ اپنے

Marfat.com

نفع نقصان کو نہ سمجھ سکے اضطراری حالت پیدا ہو جائے اسکی آزادی مسلوب ہو جائے اور حقوق واجبہ میں تو سلب آزادی اور جبر کا مضائقہ نہیں مگر تبرّع میں اسکی ممانعت ہے۔

(ملفوظ ۱۹۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل بعض کا یہ خیال کہ ہم اپنے احکام دینیہ میں صنائع یا تحقیقات جدیدہ کے محتاج ہیں شیطانی دھوکہ ہے بحمداللہ ہمکو قیامت تک کیلئے کسی کا محتاج نہیں چھوڑا بلکہ بعض اوقات اُن پر مدار رکھنے میں سخت گڑبڑ ہو جاتی ہے دیکھئے ان احکام میں طلوع وغروب کے بھی مسائل ہیں یہ تحقیق جدید ہے کہ آفتاب طلوع حسی سے ذرا پہلے نہ آنے لگتا ہے اور غروب حسی کے ذرا بعد تک نظر آتا رہتا ہے سو اگر اس تحقیق پر عمل کیا جاوے تو پہلی صورت میں عین طلوع کے وقت فجر کی ادا نماز جائز ہو کیونکہ واقع میں ابھی طلوع نہیں ہوا دوسری صورت میں عین غروب کے وقت مغرب کی ادا نماز جائز ہو کیونکہ واقع میں غروب ہو چکا ہے تو شریعت نے حسی طلوع وغروب پر احکام کا مدار رکھا ہے نہ کہ حقیقی طلوع وغروب پر اسی طرح اگر صنائع جدیدہ کا احکام میں اعتبار ہو تو احکام شرعیہ میں خلل پڑ جائے مثلاً آلہ بکرۃ الصوت سے تکبیرات انتقالات سنکر رکوع وسجدہ کیا جاوے تو نماز ہی فاسد ہو جاوے

(ملفوظ ۱۹۴) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت دجّال کے ظہور کے وقت جو ایک سال کا ایک دن ہوگا کیا حقیقت میں وہ ایک دن ہوگا فرمایا کہ وہ ایکدن نہ ہوگا تین سو ساٹھ ہی دن ہوں گے مگر وہ ابصار میں تصرف کریگا اُس تصرف کی وجہ سے ایکدن معلوم ہوگا اور جہاں اُسکا تصرف نہ پہونچے گا وہاں یہ اثر نہ ہوگا یہ تحقیق مشہور نہیں مگر ایک حدیث سے مفہوم ہوتی ہے وہ حدیث یہ ہے فیفتحون قسطنطنیۃ فبینا ھم یقتسمون الغنائم اذ صاح فیھم الشیطان ان المسیح قد خلفکم فی اھلیکم فیخرجون دونک باطل فاذا جاءوا الشام خرج رواہ مسلم کذا فی المشکوٰۃ الفصل الاول من باب الملاحم دیکھئے اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ خبر غلط ہوگی مگر اُسکے غلط ہونے پر شام پہونچنے تک بھی اس سے استدلال نہ کر سکیں گے کہ دن تو طویل ہوا ہی نہیں اس سے صاف ظاہر ہے کہ یہ مستمعین بھی سمجھتے تھے کہ اُسکا تصرف عام نہ ہوگا تو ممکن ہے کہ خروج کی خبر صحیح ہو مگر ہم پر اس تصرف کا اثر نہ ہوا ہو میں نے سنا ہے کہ حضرت مولانا گنگوہی نے یہ تقریر فرمائی تھی۔

Marfat.com

(ملفوظ ۱۹۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ گو کفار کسی اپنی مصلحت سے مسلمانوں کی کچھ رعایت کریں مگر یہ یقینی بات ہے کہ وہ اسلام کو اپنے لئے مضر سمجھتے ہیں اور اسواسطے اسکے مٹانیکی فکر میں ہیں خوب سمجھتے ہیں کہ جب تک مسلمان باقی ہیں ہم چین سے سلطنت نہیں کر سکتے اور ایک یہ بات بھی سمجھتے ہیں کہ ہندوؤں کا اُن کے ساتھ اختلاف محض مطالبات سیاسی کے لئے ہے اگر وہ پورے کر دئے جاویں اختلاف ختم ہو جاویگا اور مسلمانوں کا اختلاف مذہبی ہے وہ کبھی ختم نہیں ہو سکتا اسی وجہ سے مسلمانوں کو اصلی مخالف سمجھتے ہیں۔

(ملفوظ ۱۹۶) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ دجّال خلط احکام ہی کیلئے تصرف کریگا جیسا ایک ملفوظ پہلے حضرت مولانا گنگوہی کا ارشاد اُسکے ایک خاص تصرف کے متعلق ایک حدیث سے مستنبط کیا ہوا گذرا یہ تصرف نمازوں میں خلط کی غرض سے کریگا مگر وہ تصرف محدود ہوگا جہانتک اُسکا تصرف ہوگا وہانتک اوقات میں یہ تلبیس ہوگی اور اُس سے آگے نہیں ہوگی ایک صاحب نے سوال کیا کہ جہاں عشا کا وقت واقع ہی میں نہیں آتا وہاں نماز کا کیا حکم ہے جواب میں فرمایا کہ اسمیں دو قول ہیں ایک قول یہ بھی ہے کہ جہاں وقت نہیں آتا نماز فرض نہیں ہوتی۔ ۲۴

(ملفوظ ۱۹۷) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ فلاں سیاسی کافر کمبخت بھی دجّال سے کچھ کم نہیں نہ معلوم کتنے لوگوں کے ایمان برباد کئے اور دجّال ہی کیا کریگا وہ بھی یہی کریگا۔

(ملفوظ ۱۹۸) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ میں جب دل کو ٹٹولتا ہوں کہ اگر حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ دونوں حضرات زندہ ہوتے تو اس تحریک میں کون شریک ہوتے اور کون نہ ہوتے تو دل میں سے یہ جواب ملتا ہے کہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رح تو شاید شریک ہو جاتے مگر حفاظت حدود کی ساتھ اور حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ پر نظر فرما کر ہرگز ہرگز شرکت نہ فرماتے جیسا میرا مذاق عدم شرکت ہے جسوقت حضرت مولانا دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ مالٹے سے تشریف لائے ہیں زیارت کیلئے دیوبند حاضر ہوا ایک صاحب معترضانہ مجھسے کہنے لگے کہ آپکو تو معلوم ہوگا کہ آپکے بزرگ غدر میں اُٹھے تھے میں نے کہا کہ مجھکو یہ معلوم ہے اور اسکے ساتھ ایک بات اور بھی معلوم ہے جو آپ کو معلوم نہیں یا غور نہیں کیا وہ یہ کہ وہ اسکے بعد بیٹھ بھی گئے تھے اور آخری فعل ناسخ ہوتا ہے اور سابق منسوخ تو تم

Marfat.com

منسوخ پر عمل کرو اور میں ناسخ پر عمل کرتا ہوں تو بتلاؤ اپنے بزرگوں کا تابع کون ہوا جواب نہیں دیسکے

(ملفوظ ۹۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں نے راجپور کے ایک صاحب سے جن کے خاندان کے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے خاندان سے تعلقات تھے یہ واقعہ سنا ہے کہ ایکمرتبہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحبؒ اور حضرت مولانا گنگوہی حج کو تشریف لئے جارہے تھے جہاز میں ایک مسئلہ میں گفتگو ہوگئی جب کچھ فیصلہ نہ ہوا تو حضرت مولانا محمد قاسم صاحبؒ نے فرمایا کہ اب گفتگو ختم کیجاوے اسکا فیصلہ حضرت فرمائیں گے حضرت مولانا گنگوہی رحؒ نے فرمایا کہ حضرت فن تصوف کے امام ہیں ان علوم کا فیصلہ حضرت کیسطرح فرماسکتے ہیں علمی بحث ہی یہ رائے حکیمانہ تھی حضرت مولانا گنگوہی کی حضرت مولانا محمد قاسم صاحبؒ نے فرمایا کہ اگر حضرت ان علوم کو نہیں جانتے تو ہم نے فضول ہی حضرت سے تعلق پیدا کیا ہمنے تو حضرت سے تعلق ان ہی چیزوں کے جاننے کیواسطے کیا ہے یہ رائے عاشقانہ تھی کیا ٹھکانا ہے اس عاشقانہ حالت کا غرض مکہ معظمہ پہونچکر حضرت کے سامنے مسئلہ پیش بھی نہیں ہوا مگر حضرت نے خود کسی تقریر میں پورا فیصلہ فرمادیا اور اکثر غامض مسائل کا وہاں حل ہوجاتا تھا حتی کہ بعض اوقات درسی اصطلاحی الفاظ بھی تقریر میں ہوتے تھے ۲۵
ایک دفعہ کسی کو شبہ ہوا کہ علوم تو الہامی ہوتے ہیں مگر اصطلاحات تو مکتسب ہوتی ہیں حضرت کو یہ اصطلاحات کیسے معلوم ہوئیں حضرت نے از خود فرمایا کہ الہام کبھی بواسطہ الفاظ کے ہوتا ہے اور کبھی بلاواسطہ الفاظ کے مگر باوجود اتنے بڑے انشاف کے اسپر اعتماد نہ تھا فرمایا کرتے تھے کہ الہام بھی وہی معتبر ہے جو کتاب وسنت کی موافق ہو بہرحال اس مسئلہ کا پانچ منٹ میں حضرت نے فیصلہ کردیا اسپر حضرت مولانا محمد قاسم صاحبؒ کی تو مسرت کی کوئی انتہا نہ تھی اور حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی حیرت کی کوئی انتہا نہ تھی۔

(ملفوظ ۲۰۰) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ طریق میں بعض چیزیں مقصود ہیں مگر مقصود نہیں اور یہ غیر مقصودہ بعض کیلئے خطرناک بھی ہیں خصوص علوم مکاشفہ۔

(ملفوظ ۲۰۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ متکلمین نے مسائل کلامیہ میں جتنے دعوے کئے ہیں اُن میں بعض پر جزم نہیں کرنا چاہئے مثلاً وہ کہتے ہیں کہ رؤیت بلاکیف ہوگی بلاجہت ہوگی صحابہ کا تو مذہب اسمیں یہ تھا کہ کیا خبر کیسی ہوگی واللہ اعلم ان تفصیلات کی وجہ سے بعض متدین ان متکلمین کے

Marfat.com

پیچھے نماز پڑھنے کو مکروہ کہتے ہیں جیسے بدعتی کے پیچھے مگر میری سمجھ میں الحمدللہ اسکا فیصلہ آگیا وہ یہ کہ اگر ان تفصیلات کو فرق باطلہ کے دعووں کے مقابلہ میں منع کے درجہ میں رکھا جاوے دعوٰی نہ کہا جاوے گو بصورت دعوے کے ہوں مگر مقصود دعوٰی نہ ہو تو بدعت نہیں اور واقعی دعوٰی خطرناک ہے میں تو اسی توجیہ کی بناء پر متکلمین کا بیحد معتقد ہوں انھوں نے حق کی بڑی نصرت کی ہے اور یہ نصرت بڑی عبادت ہے۔

(ملفوظ ۲۰۲) ایک شخص نے تعویذ مانگا اسکی غلطی پر تنبیہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ پوری بات کہا کرتے ہیں یہ اذیت پہونچانا کہاں سے سیکھی ہے جاؤ تم نے دل برا کر دیا اسوقت تعویذ نہ ملیگا آدھ گھنٹہ کے بعد آؤ اور آکر پوری بات کہو اسوقت کی گفتگو کے بھروسہ نہ رہتا اسوقت کی بات تو مجھے یاد نہ رہیگی۔

(ملفوظ ۲۰۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل فساد اعتقاد کا بہت غلبہ ہے تسبیح چلانے والوں کو سمجھتے ہیں کہ سب کچھ ان کے قبضہ میں ہے جہاں تعویذ دیا یا دم کر دیا بس آرام ہو گیا طبیب کے یہاں سے نسخہ لاکر کبھی نہیں سمجھتے کہ ایک ہی نسخہ سے آرام ہو جاوے وہاں تو کہتے ہیں کہ کوئی کھیل ہے کم از کم تین دن تو پی لیں پھر اطلاع دیں گے ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت بزرگوں کی حسن اعتقاد کی وجہ سے غالبًا ایسا سمجھتے ہوں گے فرمایا کہ یہ حسن اعتقاد نہیں شریعت کے خلاف ہونے سے فساد اعتقاد ہے

(ملفوظ ۲۰۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال پر فرمایا تھا (جس سے حضرت کا عشق معلوم ہوتا ہے) کہ اگر میرے پاس ایک چیز نہ ہوتی تو میں ہلاک ہو جاتا دریافت کیا گیا کہ حضرت وہ کیا چیز ہے فرمایا وہی چیز جسکی وجہ سے تم مجھکو بڑا سمجھتے ہو میں اس سے یہ سمجھا کہ اس سے مراد تعلق مع اللہ ہے۔

(ملفوظ ۲۰۵) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں آجکل ایک رسالہ لکھ رہا ہوں حضرات چشتیہ کی نصرت میں اسکی ضرورت سے بزرگان سلف کے ملفوظ کو دیکھنے کی حاجت پیش آئی بہت سے بزرگوں کی مجموعی حالت دیکھکر میں اس نتیجہ پر پہونچا کہ حضرت قطب صاحب میں بہت زیادہ شورش ہے ان کی ہر حالت میں عشق کا رنگ ہے اور سب میں زیادہ سنبھلے ہوئے حضرت سلطان جی ہیں ان کے ملفوظات میں بھی علم کا رنگ ہے۔

(ملفوظ ۲۰۶) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ مولانا اسمٰعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ جب عقلی کو افضل فرماتے

Marfat.com

ہیں اور حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ حسب عشقی کو اور حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے خوب تطبیق دی ہے مجھکو تو وجد ہو گیا کہ حیات میں تو حب عقلی افضل ہے اور مرنے کے وقت حب عشقی۔

(ملفوظ ۲۰۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اتباع سنت بڑی چیز ہے مگر اسمیں شہرت نہیں ہوتی مولانا محمد حسین صاحب الہ آبادی کا سماع میں انتقال ہوا اور مولوی محمد حسین صاحب عظیم آبادی کا جو میرے ایک دوست تھے انتقال سجدۂ تلاوت میں ہوا مگر اسکی شہرت ہو گئی اسکی شہرت نہ ہوئی پھر سماع کے متعلق کچھ بیان ہونے لگا فرمایا حضرت حاجی نے اسکا خوب اور مختصر فیصلہ کیا ہے ؎

زندہ دلاں مردہ تناں را رواست مردہ دلاں زندہ تناں را خطاست

(ملفوظ ۲۰۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ کسی کام کے شروع کرنے سے پہلے آدمی اپنے مقصود کو سمجھ لے تب آگے قدم بڑھائے میری اس تمامتر کھود کرید کا منشا یہی ہوتا ہے جسکو لوگ سخت گیری سے تعبیر کرتے ہیں مقصود نہ معلوم ہونیکی وجہ سے آدمی منزل مقصود تک نہیں پہونچتا اور ہمیشہ پریشانی یا محرومی کا شکار بنا رہتا ہے الہ آباد میں ایک درویش ملے بقدر ضرورت فن وان تھے مجھسے کہنے لگے کہ آپ چشتی ہو کر سماع کیوں نہیں سنتے میں نے کہا کہ میں ایک سوال کرتا ہوں پہلے آپ اسکا جواب دیدیں تب میں اس کا جواب دوں میں نے پوچھا کہ اس طریق کا حاصل کیا ہے کہا کہ مجاہدہ میں نے پوچھا کہ مجاہدہ کی حقیقت کیا ہے کہا کہ نفس کی مخالفت میں نے کہا کہ اب تمہارا ایمان ہے کہ سماع کو تمھارا جی چاہتا ہے کہا کہ چاہتا ہے میں نے کہا کہ ہمارا بھی چاہتا ہے مگر اتنا فرق ہے کہ تم تو نفس کے چاہنے پر عمل کرتے ہو اور ہم نہیں کرتے تو اب تمہارا مجاہدہ تمنے کیا یا ہمنے کیا صاحب مجاہدہ تم ہوئے یا ہم درویش تم ہو یا ہم کہنے لگے کہ اتنے زمانہ کے بعد آج غلطی سمجھ میں آئی اور ہمیشہ کیلئے سماع سے توبہ کر لی اور حضرت حاجی صاحب کے بذریعہ خط بیعت ہوئے یہ تسلیم فن سے واقفیت کی بدولت نصیب ہوئی دیکھئے اُن کو مقصود طریق کا معلوم تھا کسقدر جلد سمجھ گئے اور حق تعالیٰ کا فضل ہوا پھر واقفیت فن کے متعلق فرمایا کہ یہ ایسی چیز ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کے سامنے ساحرین بھی آئے اور فرعون بھی چونکہ ساحرین فن سحر سے واقف تھے اُنکو اسکی حقیقت معلوم تھی اسلئے ایمان لے آئے اور فرعون واقف نہ تھا وہ یہ سمجھا کہ یہ اس سے بھی بڑا سحر ہے ؎

ہر دو را بر سکہ بنہادہ اساس سحر را با معجزہ کردہ قیاس

بابتہ ماہ صفر المظفر سنہ ۱۳۵۱ھ

رسالہ المبلغ ص ۵ ج ۹

Marfat.com

۲۶ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس خاص بوقت صبح یوم پنجشنبہ

(ملفوظ ۲۰۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں جو اپنے تعظیم کے لئے اٹھنے کو منع کیا کرتا ہوں اسکی وجہ تواضع نہیں بلکہ میرے قلب پر دوسرے کو مقید دیکھکر گرانی ہوتی ہے اور حقیقت یہ ہے کہ میرے جو معمولات ہیں وہ نہ تو تواضع سے ناشی ہیں نہ کبر سے بلکہ طرفین کی راحت رسانی کیلئے ہیں اب دوسرا خواہ کچھ ہی سمجھا کرے۔

(ملفوظ ۲۱۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ تحریک خلافت میں جو لوگ شریک تھے سب بدنیت نہ تھے بلکہ میں تو یہ بھی کہتا ہوں کہ جو صلحا شریک تھے انکی نیت اچھی ہی تھی مگر طریق کار غلط تھا اور ایک کمی یہ تھی کہ جوش سے کام لیا گیا حالانکہ کام وہی مفید ہوتا ہے جو ہوش سے کیا جائے شریعت میں تو دشمنی تک کے بھی حدود ہیں اسلام کی ایک بہت بڑی خوبی یہ ہی ہے جو دوسرے ادیان والے نہیں دکھلا سکتے کہ وہ دشمنوں کی بھی رعایت کرتا ہے نیز ہم جیسے مخالفین کے دشمن ہیں اپنے دوست بھی ہیں اس غلو میں اپنی بھی تو مضرت ہے سو اس حالت میں اور کچھ نہیں مگر اپنی تو خیر خواہی کرنا چاہیے اور صاحب بے ڈھنگے بن سے تو جان نہیں دیجاتی یہ تو اطمینان ہو کہ جسکے لئے جان دے رہے ہیں وہ بھی راضی ہیں اور یہ جان دینا ان کے احکام اور مرضی کے خلاف نہیں ہے ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ جی ہاں آجکل آئینی جنگ بعض نتائج کے اعتبار سے ہے تو مفید مگر اس آئینی جنگ کے معنی یہ ہیں کہ خدع فریب جھوٹ اور آجکل کے کفار اس فن کے امام ہیں اسکو کوئی ان سے سیکھ لے بعض لوگ مجھسے پوچھا کرتے ہیں کہ تم جو کہتے ہو کہ انگریزوں سے معاہدہ ہے سو وہ معاہدہ کب ہوا ہے میں اسکا خاص جواب دیا کرتا تھا مگر پھر ایک صاحب نے مجھسے بیان کیا اور وہ تحریر بھی چھپی ہوئی دکھلائی وہ معاہدہ رشاہ عالم سے ہوا ہے انھوں نے خوشی سے بطور ٹھیکہ کے ملک انگریزوں کے سپرد کیا ہے اور میں پہنے یہ جواب دیا کرتا تھا کہ معاہدہ کبھی قالاً ہوتا ہے اور کبھی حالاً اور حالاً معاہدہ ہے کہ وہ ہمیں مامون اور ہم ان سے مامون۔

(ملفوظ ۲۱۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ تحریکات کی مصالح مسلم سہی مگر حدود شرعیہ کا اتباع تو ہمیں

Marfat.com

ہر وقت اور ہر حالت میں فرض ہے اور احکام شرعیہ ہر وقت اور ہر حالت میں واجب العمل ہیں مگر اس
اس تحریک میں تو بڑی ہی گڑبڑ سے کام لیا گیا میں ایکمرتبہ سفر کر رہا تھا چند ساتھی ہمراہ تھے ایک صاحب
ناشناسا ہمارے قریب آکر بیٹھ گئے ٹکٹ چیکر آیا اس نے ٹکٹ مانگے ٹکٹ ہمارے ایک ہی جگہ تھے
میں نے ساتھیوں سے کہا کہ دکھا دو اس نے سب ٹکٹ اکٹھے دیکھ لئے اور وہ صاحب جو بیٹھے
تھے انکو بھی ہمارا ساتھی سمجھکر علیحدہ ان سے ٹکٹ نہیں مانگا شمار میں غلطی ہوگئی اسکی وجہ یہ بھی ہے کہ
اکثر لوگ اعتماد کرتے ہیں کہ یہ ثقہ لوگ ہیں حالانکہ حساب سے ایک ٹکٹ کم تھا مگر وہ چلا گیا تو وہ صاحب
بولے کہ صاحب آپکی بدولت میں بھی مواخذہ سے بچگیا میں نے پوچھا یہ کیا بات کہنے لگے کہ میرے
پاس ٹکٹ نہ تھا میں نے پوچھا کیوں کہا کہ علماء کا فتویٰ ہے کہ بلا ٹکٹ سفر کرنا جائز ہے میں نے
پوچھا کہ کون علماء کہا کہ علماء تحریک نے یہ فتویٰ دیا ہے اسکو نقل کر کے حاضرین سے فرمایا کہ مسائل
سے قطع نظر کر کے ایک بات تو یہی دیکھنے کی ہے کہ ایسے کام کرنے والے کو قلب کی جمعیت میسر نہیں
ہو سکتی یہ کیا تھوڑا عذاب ہے کہ پریشان حال چور بنے بیٹھے ہیں اور جمعیت ظاہر ہے کہ بڑی دولت
ہے حضرات صوفیہ نے تو جمعیت قلب کا بڑا اہتمام کیا ہے اسی لئے اسکی بھی ضرورت ہے کہ کسی
سے عداوت پیدا نہ کرے کیونکہ عداوت میں جمعیت قلب برباد ہو جاتی ہے ہر وقت دشمن کی
طرف سے قلب پریشان اور مشوش رہیگا ایک بزرگ کے ایک مرید لوگوں سے الجھتے بہت تھے
ان بزرگ نے منع فرمایا کہ تمکو ایسی باتوں سے بہت دلچسپی ہے اسکا نتیجہ برا ہے عرض کیا کہ لوگونکو
راستی پر لانے کیلئے ایسا کرتا ہوں فرمایا کہ تمکو راستی پر لانیکا طریقہ ہی معلوم نہیں تم تو دشمن بنالیتے
ہو پھر فرمایا کہ ایسی راستی ہی چھوڑ دینا چاہیئے جس سے عداوت عامہ پیدا ہو البتہ یہ اس امر میں ہے
جو واجب نہ ہو ..... اور اگر واجب ہو اسمیں کسی کی دشمنی دوستی کی ذرا پروا نہ کرنا
چاہیئے پھر فرمایا کہ بعض طبائع فطرۃً تیز ہوتی ہیں انکو کسی کی مخالفت سے تشویش ہی نہیں ہوتی بنگلور
میں مولوی رحم الٰہی صاحب ایک مشہور بزرگ تھے اُن کا واقعہ ایک شخص بیان کرتے تھے کہ پڑوس میں
کچھ لوگ مولوی صاحب کے مخالف رہتے تھے اور اکثر بزرگوں کے تھوڑے بہت مخالف ہوتے ہی ہیں
اسمیں بھی حکمت ہو کہ ان بزرگوں میں عجب کا مرض نہ پیدا ہو جائے اسلئے جہاں معتقدین وہیں مخالفین
جہاں گل وہیں خار ان مخالفین کو شرارت سوجھی کہ مولوی صاحب کے مکان اور مسجد کے درمیان ایک

Marfat.com

تھوڑی سی جگہ خالی پڑی ہوئی تھی محض مولوی صاحب کی مخالفت اور ایذار کی غرض سے اس جگہ میں ایک طوائف کا ناچ کرایا مولوی صاحب نماز کے لئے گھر سے مسجد آئے راستہ میں یہ خرافات ہو رہی تھی مگر صبر کیا کچھ نہیں بولے مگر جب مسجد سے گھر کو واپس ہوئے اور اس جگہ پہونچے اور پھر وہی منظر دیکھا جوش آگیا بھری مجلس میں بلا کسی خوف کے جوتہ نکال کر اس عورت پر بجانا شروع کر دیا مجمع سب قریب قریب مخالفین ہی کا تھا مگر کسی کی یہ ہمت نہ ہوئی کہ اسکو کوئی چھوڑا ہی لیتا دین کی بزرگی اور ہیبت خداداد ہوتی ہے کتنا ہی کوئی مخالف ہو مگر دین کا ادب ہر شخص کے خصوصاً مسلمان کے قلب میں ضرور ہوتا ہے غرضکہ مجلس رقص درہم برہم ہو گئی ان شریر لوگوں نے اس عورت کو مشورہ دیا کہ مولوی صاحب پر دعویٰ کرو ہم گواہی دیں گے اور روپیہ بھی ہم ہی صرف کریں گے اس عورت نے جواب میں کہا کہ روپیہ تو میرے پاس بھی ہے (حضرت والا نے مزاحاً فرمایا کہ مالزادی تو ہوتی ہیں) اور میں دعویٰ بھی کر سکتی ہوں اور تم گواہی بھی دیدو گے مگر ایک چیز اس سے مانع ہے وہ یہ کہ میں خیال کرتی ہوں اس شخص کے دل میں اگر دنیا کا ذرا بھی شائبہ ہوتا تو میرے اسکا ہاتھ ہرگز اٹھ نہ سکتا مجھ سے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ شخص بالکل اللہ والا ہے تو ایسے شخص کا مقابلہ کرنا اللہ تعالیٰ کا مقابلہ کرنا ہے سو میری اتنی ہمت نہیں اور اس عورت نے اسی پر بس نہیں کیا بلکہ مولوی صاحب کے مکان پر پہونچی جا کر چاہی اور عرض کیا کہ میں اپنے پیشہ سے توبہ کرتی ہوں کسی بھلے آدمی سے میرا نکاح کرا دیجئے مولوی صاحب نے توبہ کرائی اور کسی سے نکاح کرا دیا بھلا کیا کوئی اپنے علم و عمل پر ناز کر سکتا ہے اللہ تعالیٰ جسکو جو چاہیں دیدیں دیکھئے اسکو کیا دولت فہم عطا ہوئی اگر یہ نہ معلوم ہو کہ جواب دینے والا کون ہے تو یہ معلوم ہوتا کہ کوئی دلیہ کاملہ عارفہ ہوگی جبکا یہ جواب ہے تو اس حالت میں آدمی کیا ناز کرے اپنے علم اور تقویٰ پر نہ معلوم دوسرے میں کیا چیز ہے اور خدا کے ساتھ اسکو کیا تعلق ہے کسی کو کیا خبر تھی کہ اس عورت کے اندر ایسا نور فہم ہے یہ حق تعالیٰ کو معلوم ہے کہ کون کیسا ہے کسی کو حقیر نہ سمجھنا چاہئے اسی ہی لئے میں کہا کرتا ہوں کہ مجھکو عاصی سے نفرت نہیں معاصی سے نفرت ہے اسلئے پاکباز جیسکتے ہیں عاصی کی کایا پلٹ ہو جاتی ہے تیر مولوی صاحب کے اخلاص کی بھی برکت تھی کہ حقیقت پر سے حجاب اٹھ گیا۔

ایک اور آوارہ عورت کی حکایت ہے گنگوہ میں ایک درویش باہر سے آئے وہ بدعتی تھے شہرت ہوئی ایک بازاری عورت کے آشنا نے کہا کہ ایک بزرگ آئے ہیں چلو زیارت کر آئیں اس عورت نے کہا کہ

Marfat.com

ضرور چلو غرضکہ اُن بزرگ کی جائے قیام پر دونوں پہونچے یہ مرد تو مجلس میں جا بیٹھا اور یہ عورت ایک طرف کسی آڑ کی جگہ میں بیٹھ گئی اس شخص سے اُن بزرگ نے دیکھکر پوچھا یہ کون ہے اُس آشنا نے کہا کہ ایک ایسی ہی عورت ہے زیارت کو آئی ہے مگر اپنے اس فعل کی شرمندگی کے سبب آگے آنے کی ہمت نہیں ہوتی وہ بزرگ کیا کہتے ہیں کہ بھائی شرمندگی کی کیا بات ہے سب یہی کرتا ہے وہی کرانا ہے یہ کہنا تھا کہ اُس عورت کے آگ لگ گئی اور فوراً کھڑی ہو کر اپنے آشنا سے کہا کہ بھڑوے تو کہتا تھا کہ بزرگ ہیں یہ شخص تو مسلمان بھی نہیں اور فوراً واپس ہو گئی اب دیکھیے یہ درویش بنے ہوئے تھے جن کا باطن ایمان سے بھی قریب قریب خالی تھا اور وہ فاحشہ تھی جسکا باطن عرفان سے پُر تھا تو کسی کے دل کی کسی کو کیا خبر حاصل یہ ہے کہ اپنے تقوے اور زہد پر ناز نہ کرنا چاہیے اور اُسکی بنا پر دوسروں کو نظر تحقیر سے نہ دیکھنا چاہیے اور عقائد حقہ اجمالی کے درجہ میں تو فطری ہی ہیں اور ہر شخص میں ہوتے ہیں اگر کسی عارض سے مختل نہ ہو گئے ہوں۔

۲۱۲ (ملفوظ) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ مدار اس طریق میں مناسبت پر ہے نفع بدون مناسبت کے نہیں ہو سکتا اسی واسطے جس سے مناسبت نہیں ہوتی میں صاف کہدیتا ہوں کہ تمکو یہاں پر نفع نہ ہوگا کسی دوسری جگہ جاکر تعلق پیدا کر لو اور اگر تم ایسی جگہ کا پتہ پوچھو گے نہیں دو یہ تو تعلق خاص کے شرائط ہیں باقی خدمت سے کسی کی بھی انکار نہیں کو کسی سلسلہ کا ہو چنانچہ حاجی شاہ وارث علی کے ایک مرید یہاں آئے مجھسے کہا کہ حضرت نے یعنی حاجی صاحب نے فرمایا ہے کہ وہاں جاکر مثنوی پڑھو سنو میں نے کہا کہ آجکل مثنوی ہو رہی ہے سن لیجاکر و مگر ایک ضروری بات سن لو کہ ہم لوگ حاجی صاحب کے معتقد نہیں ہم اُن کے مسلک اور طریق کو پسند نہیں کرتے کبھی کبھی ہماری مجلس میں اُنکی شکایت بھی ہوتی ہے ممکن ہے کہ تمکو برا معلوم ہو ابھی اطلاع کر دیتا ہوں کہا کہ آپ جائیں وہ جائیں مجھے اس سے کیا غرض میں تو دونوں کو اپنا بڑا اور بزرگ سمجھتا ہوں چنانچہ وہ شخص یہاں رہتے رہے آدمی سمجھدار تھے خدا معلوم کس طرح پھنس گئے ایک روز بدون اطلاع کئے ہوئے چلدیئے بے ڈھنگا پن پیر کے قیمتی کا اثر تھا۔

۲۱۳ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک انگریزی تعلیم یافتہ صاحب یہاں آئے تھے چند روز مقیم رہکر واپس ہو گئے حالت یہ تھی کہ صبح سے شام تک کبھی کپڑا لباس بدلتے تھے وطن پہونچکر یا دنیس

Marfat.com

کس مضمون کا خط لکھا میں نے اُسکا جواب دیا اور اُسمیں یہ بھی لکھا کہ آپ بہا نپر زمانہ قیام میں اس شعر کے مصداق تھے ؎

گہے در کسوت لیلےٰ فروشد گہے در صورت مجنوں برآمد

پھر خط آیا لکھا کہ واقعی یہ میری حرکت قابل نفرین تھی اب میں نے اُس طرز سے توبہ کرلی ہے۔

(ملفوظ ۲۱۴) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ رعایت مصالح کی وجہ سے حضرت شاہ عبدالعزیز صاحبؒ کا فیض عام تھا مگر تام نہ تھا اور مصلحت سوزی کی وجہ سے حضرت مولانا شہید صاحبؒ کا فیض عام نہ تھا مگر تام تھا تقویۃ الایمان کا طرز اسکا شاہد ہے گو حضرت شہیدؒ کا تقویۃ الایمان کو ایکدم شائع کرنیکا ارادہ نہ تھا سمجھتے تھے کہ بدفہم لوگ اس سے متوحش ہونگے مگر جہاد کا سفر پیش آگیا جسکا انجام معلوم نہ تھا احتمال تھا کہ اگر شہادت ہوگئی تو اسکی اشاعت رہ جائیگی، مصلحت عامہ پر اس خیال کا غلبہ ہوا اور تعجیل اشاعۃ کا داعی ہوا اور اصل بات تو یہ ہے کہ اگر مصالح کی رعایت بھی ہوتی تب بھی مخالفت ضرور ہوتی کیونکہ کج فہم ہر زمانہ میں ہوتے ہیں گو کمی بیشی کا فرق ہو اسی مصلحت کے سلسلہ میں ایک صاحب کے جواب میں فرمایا کہ مصالح کا سوال کبھی باجبری کی حالت میں ہوتا ہے مگر آجکل بعض دفعہ اس فقیری اور درویشی کے ڈھونگ سے بعض علماء خود ہی جاہلوں کے معتقد ہوجاتے ہیں انکو اس طریق کی حقیقت کی خبر ہی نہیں یہ بڑی سخت بات ہے۔ ۳۲

(ملفوظ ۲۱۵) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ میں عرفی تواضع کو پسند کرتا ہوں نہ کبر کو اسلئے واما بنعمۃ ربک فحدث کے طور پر عرض کرتا ہوں کہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے بشارت دی تھی کہ تجھکو دو چیزوں سے اللہ تعالیٰ مناسبت عطا فرمادیگا تفسیر اور تصوف احیاناً ہوتا ہے کہ حدیث اور فقہ کیلئے بھی اگر دعا کرالیتا تو اُسمیں بھی معتدبہ مناسبت ہوجاتی اب یہ جو کچھ ہے یہ سب حضرت ہی کی دعاؤں کی برکت ہے۔

(ملفوظ ۲۱۶) ایک صاحب کی غلطی پر مواخذہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ بعضے لوگ جو یہاں اجازت لیکر آتے ہیں اُس اجازت کو اپنے مقاصد فرعومہ کے حصول کا وعدہ سمجھتے ہیں میں نے اُسکا یہ علاج کیا ہے کہ آنے کے قبل ہی صاف لکھدیتا ہوں کہ یہاں آکر نہ مخاطبت کرو نہ مکاتبت نہ کسی فائدہ کا قصد

Marfat.com

صرف خالی الذہن ہوکر آزادی کے ساتھ بیٹھے رہو باتیں سنو اور اپنی حالت پر منطبق کرو خواہ فائدہ ہو یا نہ ہو تو آجاؤ لوگ ان شرطوں سے برا مانتے ہیں کہ پھر فائدہ ہی کیا ہوا میں کہتا ہوں کہ یہ طریق کا معلوم ہو جانا کیا تھوڑا نفع ہے عمل کرکے تو دیکھیں مولانا فرماتے ہیں ؎

چند گوئی خواجہ نظم و نثر فاش، چند روزے امتحاں کن گنگ باش

اسی طرح بعضے لوگ میرے مواخذوں سے برا مانتے ہیں حالانکہ مواخذہ اسلئے ہوتا ہے کہ میں چاہتا ہوں کہ جو یہاں آوے کچھ لیکے جاوے چاہے ایک ہی علم ہو مگر لوگ اسکو اخلاق کے خلاف سمجھتے ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ مشائخ اور علما کے ان عرفی اخلاق ہی نے عوام کے اخلاق کو خراب اور برباد کیا ہے ایک شخص نے میرے مواخذوں کے متعلق کہا تھا کہ منکر نکیر کے سوالوں کا جواب تو آسان مگر اسکے سوالوں کا جواب مشکل ہے میں نے سنکر کہا کہ بالکل ٹھیک ہے مگر اس کا منشا میرا کوئی فعل نہیں بلکہ تمہارا فعل ہے وہ یہ کہ وہاں تو تم سچ بولوگے یا اگر معلوم نہ ہوگا تو لاادری کہدوگے کہ یہ بھی سچ ہوگا غرض جو بات دل میں رچی ہوگی اور جمی ہوگی وہ کہدوگے اور سچ بولوگے اور یہاں پر اونچ نیچ سے کام نکالنا چاہتے ہو اور وہ چلتی نہیں اسلئے آپ ہی جواب مشکل ہو جاتا ہے تو تم نے ایک ۳۲
آسان چیز کو خود ہی مشکل بنایا اب لیجئے آسانی کی صورت بھی بتلاتا ہوں وہ یہ کہ سچ بولنے کا قصد کرلیں تو بہت سوالوں کی نوبت ہی نہ آئیگی۔

(**ملفوظ** ۲۱۷) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل یہ بھی درویشی کے لوازم سے سمجھا جاتا ہے کہ ہر بات کی برداشت کرے اور ہر شخص کی کرے مگر اصلاح تو اس صورت سے ہو نہیں سکتی البتہ برداشت کی ایک صورت ہے کہ دل میں سے اس بات کو نکالدوں کہ اصلاح نہ کرونگا پھر مجھ پر کوئی اثر نہ ہوگا تغیر تو اصلاح کی وجہ سے ہوتا ہے میں نے ایک بار اسکا بھی قصد کرلیا تھا مگر احباب سے جو مشورہ کیا تو انھوں نے کہا کہ ہم تو اصلاح ہی چاہتے ہیں تو صاحب اصلاح تو اسی طرح ہو سکتی ہے بہانہ تو اسکا مصداق بنکر آنا چاہیئے فرماتے ہیں ؎

یا مکن با پیلبانان دوستی یا بنا کن خانہ بر اندام پیل،
یا مکش بر چہرہ نیل عاشقی یا فروشو جامۂ تقوی بہ نیل،

اس برداشت اور خوش اخلاقی متعارفہ کی بدولت یہانتک نوبت پہونچ گئی جو مشاہدہ ہے

Marfat.com

ایک پیر صاحب یہاں پر آئے مجھسے ایک بڑے شخص کے متعلق کہا کہ تم سفارش کردو کہ وہ مجھکو ریاست سے چھ ہزار روپیہ قرض دلوادیں میں شرما گیا۔ میں نے پوچھا کہ یہ اتنا قرض کس طرح ہوا بہت سادگی سے کہنے لگے کہ مرید کہا گئے لنگر جاری رہا آکر مہینوں پڑے رہے اور کچھ دیکر بھی نہیں گئے میں نے پوچھا کہ پھر یہ قرض جو اسوقت لے رہے ہو کہاں سے ادا کروگے کہا کہ مریدوں سے آمدنی ہوگی اُس سے ادا کردونگا دیکھئے یہاں تک تو نوبت آگئی مگر مریدوں کے پھر بھی معتقد تھے یہ ہے کچھ اخلاق متعارفہ کی بدولت پریشانی ہوئی ہیں ایسے اخلاق قیامت تک بھی اختیار کرنیکو تیار نہیں اور امیروں سے مانگنا یہ تو اچھی خاصی دوکانداری ہے اسکو درویشی سے کیا تعلق درویشوں کی تو شان ہی جدا ہوتی ہے کہ خلاف اصول خود دینے سے بھی نہیں لیتے حضرت غوث پاک رح سے شاہ سنجر نے کہلا کر بھیجا تھا کہ میرا ارادہ ہے کہ ملک سنجر کا کچھ حصہ خانقاہ کے لئے حضرت کو پیش کردوں آپنے جواب میں لکھ بھیجا ؎

چوں چتر سنجری رخ بختم سیاہ باد — در دل اگر بود ہوس ملک سنجرم
زانگہ کہ یافتم خبر از ملک نیم شب — من ملک نیم روز بیک جو نمی خرم

اسی طرح حضرت قطب الدین بختیار کاکی نے عجیب بات فرمائی تھی شمس الدین التمش نے چند دیہات کا فرمان لکھکر اُن کی خدمت میں بھیجدیا کہ یہ آپکی خانقاہ والوں کے اخراجات کیلئے تجویز کردیا گیا ہے اُسکے جواب میں ارشاد فرمایا کہ افسوس ہم کو تو تم سے محبت ہے اور ہم سمجھتے تھے کہ تمکو ہمسے محبت ہوگی مگر ہمارا خیال غلط نکلا اگر تمکو ہمسے محبت ہوتی تو تم ہمارے لئے ایسی چیز تجویز نہ کرتے جو خدا کی مبغوض ہے یعنی دنیا۔ خیر یہ تو درویش تھے مگر اُسوقت کے سلاطین کی حالت سنئے قطب صاحب رح کا انتقال ہوا یہ وصیت فرمائی کہ میرے جنازے کی نماز وہ شخص پڑھائے جسمیں یہ تین شرطیں پائی جائیں ایک تو یہ کہ کبھی کسی غیر محرم پر نظر نہ کی ہو اور ایک عصر کی نماز کے قبل کی مستحب چار رکعتیں اُسکی ناغہ نہ ہوئی ہوں تیسری شرط یاد نہیں رہی اُسوقت جنازہ پر بڑے بڑے علماء اور مشائخ عظام کا مجمع تھا خادم نے اس وصیت کا اعلان کیا کسی نے بھی آگے بڑھکر نماز جنازہ پڑھانیکا ارادہ نہ کیا بالآخر سلطان شمس الدین نے کہا کہ آج حضرت قطب الدین صاحب نے مجھکو رسوا کیا الحمد للہ اللہ تعالیٰ نے مجھکو یہ دولت نصیب کی ہے اور نماز پڑھائی یہ اُسوقت کے سلاطین کی حالت تھی۔ پھر فرمایا

رسالہ المبلغ ص ج ۹ — بابتہ ماہ صفر المظفر ۱۳۵۷ھ

Marfat.com

کہ ان بزرگوں کے ذکر کے وقت میری حالت قابو میں نہیں رہتی مجھکو تو ان حضرات کے ساتھ عشق کا درجہ ہے اور زیادہ عشق کی بنا ریہ ہے کہ باوجود غلبہ محبت کے حدود شرعیہ کا حق ادا کرتے تھے۔

(ملفوظ ۲۱۸) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ بلا قصد اور نیت کے بھی ثواب ملتا ہے انما الاعمال بالنیات جو آیا ہے یہ اعمال نیت ہے یعنی اعمال کا ثواب تو نیت ہی پر موقوف ہے مگر غیر اعمال کا ثواب بدون نیت کے بھی مل جاتا ہے جیسے حدیث میں ہے کہ کوئی باغ لگائے یا کھیتی کرے اور اس سے بدون اس شخص کے قصد کے کوئی آدمی یا بہیمہ انتفاع حاصل کرے اور اسکو خبر بھی نہ ہو اسپر بھی ثواب ملتا ہے

(ملفوظ ۲۱۹) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت ایک صاحب نے مجھسے کہا جہاں قرآن میں اقیموا الصلوٰۃ کا حکم ہے واتوا الزکوٰۃ بھی تو ہے جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مالدار ہو اور زکوۃ دو فرمایا کہ بیہودگی ہے اسکے معنی تو یہ ہیں کہ اگر مال ہو تو زکوۃ دو اور اسکی تو ایسی مثال ہوگی کہ کوئی کہنے لگے کہ اقیموا الصلوٰۃ کا حکم ہے اور وجوب صلوٰۃ کے لئے بلوغ شرط ہے تو اسی سے ثابت کرنے لگے کہ جلد سے جلد بالغ ہو جانا چاہیئے اگر نہ ہوا تو عدم ادائے فریضہ کی وجہ سے گنہگار ہوگا۔

(ملفوظ ۲۲۰) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ میں نے تو ایک مرتبہ لکھنؤ میں بیان کے اندر کہا تھا اس میں بڑے بڑے بیرسٹر اور وکلا کا مجمع تھا کہ ہر ترقی کو تو آپ بھی محمود نہیں کہہ سکتے جیسے ورم کی ترقی ہے اسکا طبیب اور ڈاکٹر سے کیوں علاج کراتے ہو حالانکہ کچھ ترقی ہی ہوئی تنزل تو نہیں ہوا تو جو درجہ آپکے یہاں ورم (بالواو) کا ہے وہی درجہ ہمارے یہاں بعض حالات میں ورم (بالدال) کا ہے اسوقت لوگوں کو ترقی کی حقیقت معلوم ہوئی بات یہ ہے کہ ان لوگوں کو نہ تو علم دین ہے اور نہ اہل علم کی صحبت اکبر الہ آبادی نے صحبت کے باب میں خوب کہا ہے ؎

انھوں نے دین کب سیکھا ہے رہ کر شیخ کی گھر میں
پلے کالج کے چکر میں مرے صاحب کے دفتر میں

پھر فرمایا کہ لوگ کسی ترقی یافتہ کے اسباب ظاہرہ کو دیکھکر کہتے ہیں کہ فلاں نے اس صورت سے ترقی کی حالانکہ یہاں علاوہ اسباب کے ایک دوسری چیز اور ہے اور وہ ہے اصل علت ترقی کی اسکو نہیں دیکھتے

Marfat.com

اور وہ مشیت حق ہے ورنہ اسکی کیا وجہ کہ ایک شخص نے مال تجارت لاکر الماریوں میں لگا دیا اور اعلان کر دیا یہ تو اسکا اختیاری فعل تھا مگر آگے خریداروں کی رغبت یہ تو اسکے اختیار میں نہیں محض مشیت پر ہے چنانچہ دو دوکانیں پاس پاس ہوتی ہیں ایک پر خریدار آتے ہیں ایک پر نہیں آتے تو یہ کس کے قبضہ میں ہے جن اسباب سے ایک نے ترقی کی ہے امتحاناً دوسرے کو دیکھ دیکھ لو کہ وہ بھی ایسی ہی ترقی کر سکتا ہے یا نہیں۔

۲۶ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس بعد نماز ظہر یوم پنجشنبہ

۲۲۱ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں سماع کا ذکر فرماتے ہوئے فرمایا کہ اصل میں یہ مثل دوا کے معالجہ ہے بعض حالات کا اب لوگوں نے دال روٹی بنا لیا بلکہ بعض جگہ تو اور آلہ ہو گیا فسق و فجور کا میں تو کہا کرتا ہوں کہ پہلے جو اہل سماع تھے وہ اہل سما تھے اب تو اہل ارض ہیں جن پر یہ صادق آتا ہے ولکنہ اخلد الی الارض واتبع ھوٰہ۔

۲۲۲ (ملفوظ) ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ ایک انگریز مصنف نے لکھا ہے کہ ہندوستان میں اسلام تاجروں اور صوفیوں کے ذریعہ سے پھیلا ہے بزور شمشیر نہیں پھیلا حضرات صوفیہ کی طرز زندگی کو دیکھکر اور تاجروں کی تبلیغ کو سنکر لوگوں نے اسلام قبول کیا ہے۔

۲۷ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مجلس بعد نماز جمعہ

۲۲۳ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ایک بی بی نے عجیب خواب دیکھا وہ یہ کہ ایک مولوی خان صاحب مبتدع کو خواب میں دیکھا ان بی بی سے دریافت کیا کہ اسکی (یعنی میری) مجلس میں کبھی میرا بھی ذکر آیا ہے بی بی نے کہا ہمارے سامنے تو آیا نہیں خانصاحب بولے کبھی ذکر تو کرنا دیکھنا کیا کہیگا پھر خود ہی کہا میں بتلاؤں کیا کہیگا یہ کہیگا کہ بڑا ہی لچا تھا میں نے کہا کہ واقعی سچا خواب ہے میں نے اس سے زیادہ کچھ کہا ہی نہیں (یعنی شدید کلمات نہیں کہے گو اس نے ساری عمر مجھکو

Marfat.com

گالیاں دیں۔ ایک اور مولوی صاحب بدعتی کا ذکر فرمایا کہ وہ اٹاوہ میں مجھسے کہتے تھے کہ اگر تم ایسا کام کرنے لگو تو تمام ہندوستان کو میں تمہارا غلام بنادوں یہ میری ذمہ داری ہے وہ کام یہ ہے کہ میلاد میں قیام کرنے لگو میں نے کہا اگر کسی کو غلام بنانا ہی مقصود ہو کہنے لگے کہا کہ بس یہی تو افسوس کی بات ہے آپ لوگ مصالح کو سمجھتے ہی نہیں میں کہتا ہوں کہ مصالح تو ہمارے یہاں خوب پیسے جاتے ہیں تاکہ سالن مزہ دار ہو اور وہ یہ بھی کہتے تھے کہ تمکو اپنی قوت کی خبر نہیں کہ لوگوں پر کتنا اثر ہے بس ذرا سا حجاب ہے اگر وہ اٹھ جائے تو پھر تمکو معلوم ہو کہ لوگوں کے قلب پر تمہارا کتنا اثر ہے پھر فرمایا کہ یہ قوت تو ایسی ہوئی جیسے مشہور ہے کہ بھیڑیئے کو اپنی قوت کی خبر نہیں اسی سلسلہ میں اسی پہلے خاں صاحب کا ذکر فرمایا کہ ایکمرتبہ اسٹیشن بریلی پر ان خان صاحب سے مواجہہ ہوگیا معلوم نہیں اُنکو کیا دھوکا ہوا اُنھوں نے مجھکو دور سے سلام کیا کہ اتفاق سے میں نے دیکھا بھی نہیں اس لئے جواب بھی نہیں دیا پھر اُنکو کسی سے معلوم ہوا کہ یہ تو اشرف علی تھے اسقدر غصہ آیا کہ پلیٹ فارم چھوڑ کر باہر گاڑی میں جا بیٹھے پھر شہر میں اس سلام کی شہرت ہوگئی اب عوام کالانعام کوں انتظام کرے اس طرف کے لوگوں نے کہا کہ آج تو ایسے مرعوب ہوئے کہ جھککر سلام بھی کرلیا ان کے متعلق نے جواب دیا کہ پہچانا نہ تھا لوگوں نے کہا کہ جی ہاں لیجئے دودھ پیتے بچے تھے پہچانا نہ تھا غرض خاصا تماشا ہوگیا اسی سلسلہ میں ایک اور قصہ بیان فرمایا بریلی میں بدعتیوں کا ایک جلسہ ہوا اسمیں ایک صاحب نے ایاک نعبد وایاک نستعین کی تفسیر بیان کی قیامت کے روز بدعتی کے وقت خدا اور رسول دونوں مجتمع ہونگے تو ہم اسوقت خدا کی طرف منہ کرکے کہیں گے ایاک نعبد اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف منہ کرکے کہیں گے وایاک نستعین اسپر بڑی تحسین ہوئی کہ واہ واہ کیا نکتہ ہے کیوں صاحب یہ بھی کوئی نکتہ ہوا۔ رنگون میں ایک ہندوستانی بدعتی مولوی نے شجرہ میں بزرگوں کے نام کیساتھ صلے اللہ علی نبینا وعلیہ وسلم چھپوایا ہے اور کہتا ہے کہ تبعاً کہنا جائز ہے جواب میں فرمایا کہ کیا مفسدہ کے وقت بھی جائز ہے دوسرے لفظی تبعیت زیادہ مؤثر ہوگی یا معنوی تبعیت ظاہر ہے کہ اس شخص کو اصل مقصود تو بزرگان شجرہ پر صلوۃ بھیجنا ہے تو حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کا نام حیلۂ جواز کیلئے تبعاً بڑھایا گیا ہے۔

(ملفوظ ۲۲۴) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ کلکتہ میں ایک شخص ان ہی خانصاحب مذکور کا معتقد ہے

Marfat.com

میری کتابیں بہت دیکھتا ہے ایک صاحب مجھسے کہتے تھے کہ وہ شخص کہتا تھا کہ یہ کون کہتا ہے کہ اشرف علی دیوبندی ہے وہ تو ہمارے جماعت کا آدمی ہے اور اسکے ثبوت میں کچھ میری کتابوں کے مضمون بیان کئے اور معتقدانہ یہ کہتا تھا کہ ایک مسئلہ اختیاری اور غیر اختیاری کا اور اُس کے احکام اور آثار کا تو صدیوں سے گم تھا اسکو ایسا ظاہر کیا کہ کسی نے نہیں کیا اور یہ بھی کہا کہ بھلا دیوبند والے کہیں ایسی باتیں اور ایسے مضامین لکھ سکتے ہیں۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔

۲۲۵ (ملفوظ) ایک صاحب نے عرض کیا کہ حضرت نفاست وصفائی میں اور تزین میں کیا فرق ہے فرمایا کہ صفائی تو یہ ہے کہ میل کچیل نہ ہو چاہے کپڑا گھٹیا اور پھٹا ہی ہو مگر ہو صاف اور تزین میں یہ ہوتا ہے کہ کپڑا قیمتی ہو خوبصورت ہو وضع قطع بھی درست ہو غرضکہ نفاست اور تزین میں زمین آسمان کا فرق ہے سو صفائی تو ہر حال میں محمود ہے اور تزین بعض حالات میں مذموم بھی ہے اسی درجہ مذموم کی نسبت کہا گیا ہے ؎

ما قبت سازد ترا از دین بری، این تن آرائی واین تن پروری،

۲۲۶ (ملفوظ) ایک خط کے جواب کے سلسلہ میں فرمایا کہ ہر شخص کے لئے جدا علاج ہے کسی کو کم کھانا مفید ہے اور کسی کو بالکل نہ کھانا اور کسی کو خوب کھانا جسکو ضعف بڑھ جانیکا اندیشہ ہو ایک شخص تھے جو تھاول میں اُنکی تہجد کی نماز کیلئے آنکھ نہ کھلتی تھی اُنھوں نے مجھسے بیان کیا کہ جس روز ایسا ہوتا ہے صبح کو روزہ رکھ لیتا ہوں مگر اُس سے بھی کچھ نہ ہوا میں نے کہا کہ یہ تو تمھارے لئے اور زیادہ کسل کا سبب ہوگا اسلئے کہ جب روزہ سے رہوگے خوب تن کے کھاؤ گے تن کے پیو گے تو نشہ ہوکر اور کسل بڑھیگا۔ کہا کہ ہوا تو ایسا ہی میں نے کہا کہ یہ تدبیر کرو کہ عصر سے قبل کھانا کھاؤ اور ذرا کم کھاؤ اور مغرب سے پہلے پہلے پانی جسقدر پیاس ہو پی لو پھر نہ پیو یہ تدبیر کامیاب ہوگی۔

۲۲۷ (ملفوظ) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ انسان بھی عجیب چیز ہے اسکو ایک حالت پر چین نہیں پڑتا یہ ہے کہ جو میرا جی چاہے وہ ہوتا رہے۔ ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ جی ہاں باوجودیکہ ہر بات اسکے خیال کے موافق نہیں ہوتی پھر جو کچھ کرتا ہے خیال ہی کے تابع ہوکر کرتا ہے اور تمام عالم اسی خیال پر چل رہا ہے اتنی بڑی مؤثر چیز اور نظر تک نہیں آتی جیسے گھڑی کی بال کمانی کہ بالکل باریک مگر تمام پرزوں کو نچا رکھا ہے مولانا فرماتے ہیں ؎

Marfat.com

نیست وحش باشد خیال اندر جہان — تو جہانے بر خیالے بیں رواں،
گہ خیال آسیا و باغ و راغ — گہ خیال میغ و باغ و لیغ و لاغ

(ملفوظ ۲۲۸) ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ سماع کے متعلق خود علمائے ظاہر میں اختلاف ہے چنانچہ محدثین اور فقہا میں اختلاف ہے محدثین اس مسئلہ میں کسی قدر اوقات الی الصوفیہ ہیں

(ملفوظ ۲۲۹) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ پہلے بزرگوں پر کسی شیخ کا خط پڑھکر وجد کی کیفیت طاری ہوجاتی تھی آجکل جو صوفی ہیں ان میں اکثر کو ڈھونگ کی وجہ سے وجد ہوتا ہے تُن تُن پُن پُن سے وجد ہوتا ہے ایسے لوگ نقال ہیں نفسانیت سے پر ہیں بکثرت ہوا پرست امرد پرست زن پرست ہیں اہل باطل ہیں خدا سے غافل ہیں دنیا والوں سے بھی زیادہ اپنے اغراض میں بیدار ہیں راتدن ان ہی تدابیر میں لگے رہتے ہیں جس سے شوکت ہیبت عظمت ظاہر ہو۔ جو حاصل ہے حب جاہ کا۔

(ملفوظ ۲۳۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آواز بھی غضب کی چیز ہے آفت کی چیز ہے اسی وجہ سے شریعت نے بعض اصوات سے منع کیا ہے اور اس راز کو فقہا نے سمجھا ہے یہ ایک قسم کی آگ ہے تو کیا آگ میں کودنے کی شریعت اجازت دے سکتی ہے سماع آگ ہے جسکو اطمینان ہو کہ میں جلونگا اسکو بشرائط جائز ہے اور جسکو یہ اطمینان نہ ہو اسکو کسی طرح جائز نہیں یہ آواز بڑی آفت کی چیز ہے اسمیں غضب کی خاصیت ہے سنا ہے کہ دیپک ایک راگنی ہے اسکے گانے سے آگ لگجاتی ہے چراغ میں تیل بتی درست کرکے رکھوا ورگاؤ چراغ روشن ہوجاتا ہے۔

(ملفوظ ۲۳۱) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ محقق چونکہ بڑا عالم ہوتا ہے اسکی نظر وسیع ہوتی ہے اسلئے اسمیں بجز ضروری مواقع کے تشدد نہیں رہتا اکثر مواقع میں ڈھیلا ہوجاتا (بیائے معروف) ہے ڈھیلا نہیں ہوتا (بیائے مجہول) جس سے چوٹ لگجائے قاضی ضیاء الدین سنامی رحمۃ اللہ علیہ مصنف احتساب الاحتساب کا ہے اسمیں ایک واقعہ سنا ہے وہ واقعہ حضرت سلطان نظام الدین صاحب کے ساتھ ہوا ہے وہ یہ کہ قاضی ضیاء الدین صاحب سلطان جی کو سماع سے منع فرماتے تھے ایک بار سلطان جی نے غلبۂ حال میں قاضی صاحب کی حاضری کے وقت قوال کو اشارہ کیا سماع شروع ہوگیا سلطان جی کھڑے ہوگئے قاضی صاحب نے ہاتھ پکڑ کر بٹھلا دیا سلطان جی دوبارہ کھڑے ہوگئے پھر قاضی صاحب نے بٹھلا دیا سلطان جی سہ بارہ کھڑے ہوئے قاضی صاحب پھر بٹھلانا چاہتے تھے

رسالہ المبلغ ص ۵ ج ۹

بابتہ ماہ صفر المظفر ۱۳۵۰ھ

Marfat.com

اگر خود ہی ہاتھ باندھکر ادب سے کھڑے ہوئے جب وہ حالت فرو ہوئی قاضی صاحب نے فرمایا پھر آکر احتساب کرونگا بعضوں نے قاضی صاحب سے اسکا راز پوچھا فرمایا یہ جب اول بار کھڑے ہوئے انکی روح نے آسمان دنیا تک عروج کیا میں نے وہاں سے واپس لاکر بٹھلا دیا دوسری بار میں تحت العرش تک پہونچے میں وہاں سے بھی لوٹا لایا تیسری بار میں فوق العرش پر پہونچے میں نے جانا چاہا تو ملک جلال نے روکدیا کہ یہاں صرف نظام الدین کے قدم جاسکتے ہیں تم نہیں جاسکتے وہاں انوار جلال دیکھکر میں ہاتھ باندھکر کھڑا ہوگیا ان بدعتی کے سامنے تھوڑا ہی کھڑا ہوا دیکھئے شریعت ایسی اہتمام کی چیز ہے اور بعض [illegible] کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے فعل سے ثابت کرکے [illegible] زیادہ سے زیادہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ حضور سے کان میں کوئی شعر پڑھا ہوا یا آہستہ بسبیل مذاکرت سن لیا ہو سو محض اس سے سنیت کا ثبوت نہیں ہو سکتا میرا اس استدلال کی حقیقت میں ایک وعظ ہے انعام للطالب آئیں یہ مضمون نہایت مبسوط ہے جسکا خلاصہ یہ ہے کہ آپکا ہر فعل سنت نہیں بلکہ سنت وہی ہے جو حضور کی عادت غالبہ ہو نیز غالی صوفیہ بھی اس بات کو نہیں کہہ سکتے کہ حضور اس مروج صورت کی اجازت فرماتے پس ہیئت مروجہ کو منقول پر قیاس کرنا ایسا ہے جیسے تم حضور باندھتے تھے اسپر کوئی دھوتی کو قیاس کرلے اور یہ کہے کہ دونوں میں ذرا ہی سا تو فرق ہے ایسے تغیر سے کیا ہوتا ہے دھوتی میں ایک پائنچہ پیچھے اڑس لیا جاتا ہے اسکو تو فقہا ہی سمجھ سکتے ہیں کہ کون فرق مؤثر ہے اور کون نہیں۔

(ملفوظ ۲۳۲) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ علماء کی شان تو سیاست اصلاحی میں سلاطین کی سی ہونا چاہئے یعنی کوتاہی پر محاسبہ معاقبہ ہوا کرے ڈھیلے ہونے سے عوام کی جرأت بڑھ گئی بلکہ مشائخ کی بھی یہی شان ہونا ضروری ہے اسلئے کہ خدمت اصلاح انکے بھی تو سپرد ہے مگر آجکل یہ ہم کون کہے آپ خود اکثر مصلحین کی نسبت اچھی نہیں کہتے دنیا حب دنیا غالب ہے اللہ تعالیٰ رحم کرے

(ملفوظ ۲۳۳) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ آجکل لوگ بیعت کو اسقدر ضروری سمجھتے ہیں کہ اگر ان سے پوچھا جائے کہ آیا بیعت ہونا چاہتے ہو بدون تعلیم یا تعلیم چاہتے ہو بدون بیعت کے تو یہی کہیں گے کہ بیعت ہونا چاہتے ہیں اور یہ خیال ایک غلطی پر مبنی ہے جسکی اصلاح نہایت ضروری ہے وہ یہ سمجھتے ہیں کہ بدون بیعت کے تعلیم کا اثر نہ ہوگا اور نہ کوئی نفع ہوگا میں اسی جہل سے نکالنے کیلئے بیعت سے تعلیم کی شرط لگاتا ہوں تاکہ عقیدہ صحیح ہوجاوے اور جہل کی ظلمات ہٹے اور یہی مشائخ کے یہاں تو بدون بیعت کے تعلیم ہی نہیں دیتے وہ اس خیال میں مبتلا ہیں کہ اگر ہمیں بیعت نہ کیا تو گیا گیا ورنہ نہ معلوم کل کو اسکا کیا خیال بدلجائے بحمداللہ میری یہاں یہ بات نہیں کل کو تو کیا خیال بدلتا وہ ابھی سن لے ہمارا کیا ضرر اگر سنو تو ترتیب جی چاہے اور اپنا نفع سمجھو تو تعلیم پر عمل کرے ورنہ جہاں چاہے جائے ایسے بیزبانوں کی ساتھ بھی یہ تاؤ ضروری ہے

+ حضرت والا کی ان ارشادات پر تصنیف کا ختم ہوا +

Marfat.com

حصہ سوم

قال اللہ تعالیٰ وقولوا للناس حسنا الآیۃ

چوں نص مزبور مخبر ست از مطلوبیت کلمات حسنہ تکلماً بالمطابقۃ

واستماعاً واشاعۃ بالالتزام وکراسۃ

الافاضات الیومیہ

من

الفادات القومیہ

کہ حصہ ایست از ملفوظات سراج الملۃ حکیم الامۃ مولانا مولوی شاہ محمد اشرف علی صاحب

تھانوی دام ظلہم مصداقے بود از ہمچنیں کلمات حسنہ بنا علیہ

لاحقر شبیر علی از مطبع اشرف المطابع تھانہ بھون باہتمام اشاعت کرد

رسالہ المبلغ عشر ج ۸

بابتہ ماہ ربیع الثانی سنہ ۱۳۵۶ھ

Marfat.com